# جامع الاحادیث

مجددِ اعظم امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہٗ

تقدیم، ترتیب، تخریج، ترجمہ

مولانا محمد حنیف خاں رضوی بریلوی

شبیر برادرز

لقد من اللہ علی المؤمنین اذ بعث فیھم رسولا من انفسھم یتلوا علیھم اٰیٰتہ ویزکیھم ویعلمھم الکتب والحکمۃ

امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ کی تقریبا تین سو تصانیف سے ماخوذ (۳۰۰۰) احادیث و آثار
(۶۰۰) مباحث تفسیریہ اور (۱۱۰۰) افادات رضویہ پر مشتمل علوم و معارف کا گنج گرانمایہ

## المختارات الرضویۃ من الاحادیث النبویۃ والآثار المرویۃ

المعروف بہ

# جامع الاحادیث مکمل

مع افادات

مجدد اعظم امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ

## جلد نہم

تقدیم، ترتیب، تخریج، ترجمہ

مولانا محمد حنیف خاں رضوی بریلوی
صدر المدرسین جامعہ نوریہ رضویہ بریلی شریف

ناشر

شبیر برادرز

۴۰۔ اردو بازار۔ زبیدہ سنٹر ○ لاہور

پاکستان میں اس کتاب کی اشاعت کے جملہ حقوق بحق **شبیر برادرز** محفوظ ہیں
بارشاد عالیہ۔ شیخ الحدیث حضرت علامہ **محمد عبدالحکیم شرف قادری** مدظلہ

نام کتاب =•=•= المحتارات الرضویة من الاحادیث النبویة والآثار المرویة (جلد نہم)
عرفی نام =•=•= جامع الاحادیث (مکمل)
افادات =•=•= امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ العزیز
ترتیب وتخریج =•=•= مولانا محمد حنیف رضوی (صدر المدرسین جامعہ نوریہ بریلی شریف)
پروف ریڈنگ =•=•= مولانا عبدالسلام رضوی (استاذ جامعہ نوریہ بریلی شریف)
کمپوزرز =•=•= مولوی محمد زاہد علی بریلوی۔ مولوی محمد فضل حق بستوی، محمد عبدالوحید
محمد منیف رضا، محمد عفیف رضا، محمد نظیف رضا
باہتمام =•=•= شبیر برادرز اُردو بازار لاہور (پاکستان)
تعداد =•=•= ۶۰۰
سن اشاعت =•=•= ۲۰۰۵ء
سن اشاعت ثانی =•=•= ۱۴۲۴ھ/۲۰۰۳ء
قیمت =•=•= 2300 روپے (مکمل 10 جلدیں)
قیمت =•=•= 200 روپے (7 تا 10 فی جلد)

ملنے کے پتے

**ادارہ تحقیقات رضا انٹرنیشنل** رضا چوک ریگل (صدر) کراچی

**ادارہ پیغام القرآن** زبیدہ سنٹر 40 اُردو بازار لاہور

**مکتبہ اشرفیہ** مریدکے (ضلع شیخوپورہ)
**احمد بک کارپوریشن** کمیٹی چوک راولپنڈی
**مکتبہ ضیائیہ** بوہڑ بازار راولپنڈی
**مکتبہ قادریہ عطاریہ** موتی بازار راولپنڈی
**مکتبہ غوثیہ ہول سیل** پرانی سبزی منڈی کراچی
**ضیاء القرآن پبلی کیشنز** لاہور/کراچی
**مکتبہ رضویہ** آرام باغ روڈ کراچی
**مکتبہ رحیمیہ** گوالی لین اُردو بازار کراچی

Marfat.com

# سورۃ المائدہ

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

(۱) یا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوٓا اَوْفُوا بِالْعُقُوْدِ ط اُحِلَّتْ لَکُمْ بَھِیْمَۃُ الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا یُتْلٰی عَلَیْکُمْ غَیْرَ مُحِلِّی الصَّیْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ط اِنَّ اللّٰہَ یَحْکُمُ مَا یُرِیْدُ. ☆

اے ایمان والو اپنے قول پورے کرو تمہارے لئے حلال ہوئے بے زبان مویشی مگر وہ جو آگے سنایا جائے گا تم کو لیکن شکار حلال نہ سمجھو جب تم احرام میں ہو بیشک اللہ حکم فرماتا ہے جو چاہے۔

(۱) امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(اس آیت سے ثابت کہ) معاہدہ میں غدر کسی کے ساتھ جائز نہیں۔ (فتاوی رضویہ ۲۵۲/۸)

(۲) یا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ اللّٰہِ وَلَا الشَّھْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْھَدْیَ وَلَا الْقَلَآئِدَ وَلَآ آٰمِّیْنَ الْبَیْتَ الْحَرَامَ یَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّھِمْ وَرِضْوَانًا ط وَاِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ط وَلَا یَجْرِمَنَّکُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْکُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا م وَتَعَاوَنُوْا عَلَی الْبِرِّ وَالتَّقْوٰی ص وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَی الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ص وَاتَّقُوا اللّٰہَ ط اِنَّ اللّٰہَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ. ☆

اے ایمان والو حلال نہ ٹھہرالو اللہ کے نشان اور نہ ادب والے مہینے اور نہ حرم کو بھیجی ہوئی قربانیاں اور نہ جن کے گلے میں علامتیں آویزاں اور نہ ان کا مال و آبرو جو عزت والے گھر کا قصد کرکے آئیں اپنے رب کا فضل اور اس کی خوشی چاہتے اور جب احرام سے نکلو تو شکار کر سکتے ہو اور تمہیں کسی قوم کی عداوت کہ انہوں نے تم کو مسجد حرام سے روکا تھا زیادتی کرنے پر نہ

Marfat.com

ابھارے اور نیکی اور پرہیزگاری پر ایک دوسرے کی مدد کرو اور گناہ اور زیادتی پر باہم مدد نہ دو اور اللہ سے ڈرتے رہو بیشک اللہ کا عذاب سخت ہے۔

## ﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

جسے کھانے یا دوا کے لئے کسی جانور کی حاجت ہو وہ اگر بقدر حاجت ایک دو جانور مار لائے تو یہ کسی کھیل یا تفریح کا فعل نہ ہوگا، اس آیت میں اسی کا ذکر ہے۔ اور کھیل کے لئے بے زبان جانوروں کی جان ہلاک کرنا ظلم و بے دردی ہے۔

(فتاوی رضویہ قدیم ۱۳۸/۲/۹)

(۳) حُرِّمَتۡ عَلَيۡكُمُ الۡمَيۡتَةُ وَالدَّمُ وَلَحۡمُ الۡخِنۡزِيۡرِ وَمَاۤ اُهِلَّ لِغَيۡرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالۡمُنۡخَنِقَةُ وَالۡمَوۡقُوۡذَةُ وَالۡمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيۡحَةُ وَمَاۤ اَكَلَ السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيۡتُمۡ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَاَنۡ تَسۡتَقۡسِمُوۡا بِالۡاَزۡلَامِ ؕ ذٰلِكُمۡ فِسۡقٌ ؕ اَلۡيَوۡمَ يَئِسَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡ دِيۡنِكُمۡ فَلَا تَخۡشَوۡهُمۡ وَاخۡشَوۡنِ ؕ اَلۡيَوۡمَ اَكۡمَلۡتُ لَكُمۡ دِيۡنَكُمۡ وَاَتۡمَمۡتُ عَلَيۡكُمۡ نِعۡمَتِىۡ وَرَضِيۡتُ لَكُمُ الۡاِسۡلَامَ دِيۡنًا ؕ فَمَنِ اضۡطُرَّ فِىۡ مَخۡمَصَةٍ غَيۡرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثۡمٍ ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ۞

تم پر حرام ہے مردار اور خون اور سور کا گوشت اور وہ جس کے ذبح میں غیر خدا کا نام پکارا گیا اور وہ جو گلا گھونٹنے سے مرے اور بے دھار کی چیز سے مارا ہوا جو گر کر مرا اور جسے کسی جانور نے سینگ مارا اور جسے کوئی درندہ کھا گیا مگر جنہیں تم ذبح کر لو اور جو کسی تھان پر ذبح کیا گیا ہے اور پانسے ڈال کر بانٹا کرنا یہ گناہ کا کام آج تمہارے دین کی طرف سے کافروں کی آس ٹوٹ گئی تو ان سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لئے اسلام کو دین پسند کیا تو جو بھوک پیاس کی شدت میں ناچار ہو یوں کہ گناہ کی طرف نہ جھکے تو بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

## ﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اللہ عزوجل نے شریعت غرا بیضاء زہرا عامہ تامہ کاملہ شاملہ، اتاری اور بحمدہ تعالیٰ ہمارے لئے ہمارا دین کامل فرما دیا اور اس کے کرم نے اپنے حبیب اکرم روح پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صدقے میں اپنی نعمت ہم پر تمام فرما دی۔

Marfat.com

قال اللہ تعالیٰ: الیوم اکملت لکم دینکم و اتممت علیکم نعمتی و رضیت لکم الاسلام دینا۔

آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لئے دین اسلام پسند فرمایا۔ الحمد للہ رب العالمین و صلی اللہ تعالیٰ علی من بہ انعم علینا فی الدنیا و الدین و بہ ینعم انشاء اللہ تعالیٰ فی الآخرۃ الی ابدالآبادین۔

الحمد للہ ہماری شریعت مطہرہ کا کوئی حکم قرآن عظیم سے باہر نہیں، امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

حسبنا کتاب اللہ۔ ہمیں قرآن عظیم بس ہے۔

مگر قرآن عظیم کا پورا سمجھنا، ہر جزئیہ کا صریح حکم اس سے نکال لینا عام کو نامقدور ہے۔ اسلئے قرآن کریم نے دو مبارک قانون ہمیں عطا فرمائے۔

(فتاوی رضویہ قدیم ۱۲/۵۵)

(۴) یَسْئَلُوْنَکَ مَاذَآ اُحِلَّ لَھُمْ ط قُلْ اُحِلَّ لَکُمُ الطَّیِّبٰتُ وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُکَلِّبِیْنَ تُعَلِّمُوْنَھُنَّ مِمَّا عَلَّمَکُمُ اللّٰہُ ز فَکُلُوْا مِمَّآ اَمْسَکْنَ عَلَیْکُمْ وَاذْکُرُوا اسْمَ اللّٰہِ عَلَیْہِ ص وَاتَّقُوا اللّٰہَ ط اِنَّ اللّٰہَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ ☆

اے محبوب تم سے پوچھتے ہیں کہ ان کے لئے کیا حلال ہوا تم فرمادو کہ حلال کی گئیں تمہارے لئے پاک چیزیں اور جو شکاری جانور تم نے سدھا لیے انہیں شکار دوڑاتے جو علم تمہیں خدا نے دیا اس سے انہیں سکھاتے تو کھاؤ اس میں سے جو مار کر تمہارے لئے رہنے دیں اور اس پر اللہ کا نام لو اور اللہ سے ڈرتے رہو بے شک اللہ کو حساب کرتے دیر نہیں لگتی۔

## ﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

شکرا، باز، پالنا درست ہے، اور ایسے جانوروں سے شکار کرانا اور اس کا کھانا بھی درست ہے۔ لقولہ تعالیٰ: وما علمتم من الجوارح الآیہ (المائدۃ۔ ۴)

مگر یہ ضروری ہے کہ شکار غذا، دوا یا کسی نفع صحیح کی غرض سے ہو، محض تفریح ولھو ولعب نہ ہو ورنہ حرام ہے۔ یہ گنہگار ہوگا اگرچہ انکا مارا ہوا جانور جب کہ وہ تعلیم پا گئے ہوں اور بسم اللہ کہہ

Marfat.com

کر چھوڑا ہو حلال ہو جائے گا۔

بیان حرمۃ الارسال بنیتہ لھو لا ینافی کونہ ذکوۃ شرعیۃ لکن سمی اللہ تعالیٰ و ضرب الغنم من قفاہ حرام الفعل و حلال الاکل اھ۔

بٹیر بازی، مرغ بازی اور اس طرح ہر جانور کا لڑانا، جیسے لوگ میں ڈھے لڑاتے ہیں لعل لڑاتے ہیں، یہاں تک کہ حرام جانوروں مثلا ہاتھیوں ریچھوں کا لڑانا بھی مطلقا حرام ہے۔ کہ بلاوجہ بے زبانوں کو ایذا ہے۔ (فتاوی رضویہ قدیم ۹/۱۹۵)

٤٣٢٩۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: نہی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عن التحریش بین البھائم۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جانوروں کو باہم لڑانے سے منع فرمایا۔

(فتاوی رضویہ حصہ اول ۹/۱۹۵)

٤٣٣٠۔ **عن** أبی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: العجماء جبار۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جانور کوئی ذمہ نہیں رکھتے بلکہ وہ مجبور ہیں۔

(فتاوی رضویہ ۷/۲۷۴)

٤٣٣١۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: لعن اللہ من مثل بالحیوان۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس پر اللہ کی لعنت جو کسی جاندار کو مثلہ کرے۔

---

٤٣٣٠۔ السنن لابی داؤد، باب فی التحریش بین البھائم، ١/٣٤٦

الجامع للترمذی، باب ما جاء فی التحریش بین البھائم، ١/٢٠٤

٤٣٣١۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب فی الرکاز الخمس، ١/٢٠٣

Marfat.com

(حاشیہ مسند امام احمد ص ۳)

(۵) اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ؕ وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ ۪ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ز وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ اِذَاۤ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ وَلَا مُتَّخِذِيْۤ اَخْدَانٍ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ز وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ☆

آج تمہارے لئے پاک چیزیں حلال ہوئیں اور کتابیوں کا کھانا تمہارے لئے حلال ہے اور تمہارا کھانا ان کے لئے حلال ہے اور پارسا عورتیں مسلمان اور پارسا عورتیں ان میں سے جن کو تم سے پہلے کتاب ملی جب تم ان کے مہر دو قید میں لاتے ہوئے نہ مستی نکالتے اور نہ آشنا بناتے اور جو مسلمان سے کافر ہو اس کا کیا دھرا سب اکارت گیا اور وہ آخرت میں زیاں کار ہے۔

## (۵) امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

طہارت شرط ذبح نہیں۔ جب کے ہاتھ کا ذبیحہ بھی درست ہے، بلکہ وہ جنکا غسل فی الواقع کبھی نہیں اترتا یعنی کافران کتابی، ان کے ہاتھ کا ذبیحہ بھی حلال ہے جیسا کہ (اس آیت میں" وطعام الذین اوتو الکتب حل لکم ط" اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

اور کفار کا کبھی غسل نہ اترنا اس لئے کہ غسل کا ایک فرض منہ دہن کے پرزہ پرزہ کا حلق تک دھل جانا ہے۔ دوسرا فرض ناک کے دونوں نتھنوں میں پورے نرم بانسے تک پانی چڑھانا، اول اگرچہ ان سے ادا ہو جاتا ہو جب کہ بے تمیزی سے منہ بھر کر پانی پئیں مگر دوم کے لئے پانی سونگھ کر چڑھانا درکار ہے جسے وہ قطعاً نہیں کرتے، بلکہ آج لاکھوں جاہل مسلمان اس سے غافل ہیں جس کے سبب ان کا غسل نادرست اور نمازیں باطل ہیں، نہ کہ کفار۔

امام ابن امیر الحاج حلیہ میں فرماتے ہیں:

محیط میں ہے۔ امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے سیر کبیر میں تصریح فرمائی ہے کہ کافر جب اسلام قبول کرے تو اسے غسل جنابت کرنا چاہئے، کیونکہ مشرکین جنابت کا غسل نہیں کرتے اور نہ ہی غسل کا طریقہ جانتے ہیں۔ انتہی

اور ذخیرہ میں ہے۔

Marfat.com

کہ بعض مشرک غسل جنابت کا علم نہیں رکھتے، اور بعض جیسے کفار قریش جانتے ہیں، کیونکہ وہ حضرت اسماعیل علیہ السلام سے نسلا بعد نسل ایسا کرتے آئے ہیں۔ لیکن وہ اس کا طریقہ نہیں جانتے ہیں۔ وہ نہ کلی کرتے ہیں اور نہ ناک میں پانی چڑھاتے ہیں حالانکہ یہ دونوں باتیں فرض ہیں۔ کیا تم نہیں دیکھتے کہ کلی کرنے اور ناک میں چڑھانے کی فرضیت اہل علم پر مخفی ہے، تو کفار پر اس کے پوشیدہ رہنے کا کیا حال ہوگا۔ لہذا کفار کا وہی حال ہے جس کی طرف انہوں نے (امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے) کتاب (سیر کبیر میں ارشاد فرمایا کہ) یا تو وہ غسل جنابت کرتے ہی نہیں یا غسل تو کرتے ہیں لیکن اس کا طریقہ نہیں جانتے ہیں۔ جو بھی بات ہو بہر حال اسلام لانے کے بعد ان کو غسل کرنے کا حکم دیا جائے گا۔ کیونکہ جنابت واقع ہے۔ اس سے ظاہر ہوا کہ بعض مشائخ کا یہ کہنا کہ اسلام لانے کے بعد غسل کرنا مستحب ہے اس شخص کے بارے میں ہے جو جنبی نہ ہو۔ مثلا بلوغ سے پہلے اسلام لے آیا (مختصرا)

ہاں یہ اور بات ہے کہ بحال جنابت بلا ضرورت ذبح نہ چاہئے۔ کہ ذبح عبادت الہی ہے جس سے خاص اس کی تعظیم چاہی جاتی ہے، پھر اس میں تسمیہ وذکر الہی ہے تو بعد طہارت اولی ہے اگر چہ ممانعت اب بھی نہیں۔ درمختار میں ہے:

لا یکرہ النظر الی القرآن لجنب کما لا تکرہ ادعیۃ ای تحریما فالوضو لمطلق الذکر مندوب و ترکہ خلاف الاولی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

جنبی کے لئے دعائیں پڑھنے کی طرح قرآن پاک کا دیکھنا مکروہ نہیں، اور اس سے مکروہ تحریمی مراد ہے ورنہ مطلقا ذکر کے لئے وضو کرنا مستحب ہے اور اس کا چھوڑنا خلاف اولی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔

(فتاوی رضویہ جدید ۴/۳۲۵ تا ۳۲۶)

مسلمان مرد کافرہ کتابیہ سے نکاح کرسکتا ہے۔

(فتاوی رضویہ قدیم ۵/۲۳۱)

(۶) یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَیْدِیَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَیْنِؕ وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْاؕ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ

Marfat.com

مِنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ؕ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ☆

اے ایمان والو جب نماز کو کھڑے ہونا چاہو تو اپنا منہ دھوؤ اور کہنیوں تک ہاتھ اور سروں کا مسح کرو اور گٹوں تک پاؤں دھوؤ اور اگر تمہیں نہانے کی حاجت ہو تو خوب ستھرے ہولو اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا تم قضائے حاجت سے آئے یا تم نے عورت سے صحبت کی ان صورتوں میں پانی نہ پایا تو پاک مٹی سے تیمم کرو تو اپنے منہ اور ہاتھوں کا اس سے مسح کرو اللہ نہیں چاہتا کہ تم پر کچھ تنگی رکھے ہاں یہ چاہتا ہے کہ تمہیں خوب ستھرا کر دے اور اپنی نعمت تم پر پوری کر دے کہ کہیں تم احسان مانو۔

## ﴿۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(اس آیت میں وضو کے فرائض کا ذکر ہے۔ان کی تفصیل اس طرح بیان فرمائی۔مرتب)

مجتہد جس شئی کی طلب جزمی حتمی اذعان کرے اگر وہ اذعان بدرجہ یقین معتبر فی اصول الدین ہو اور اس تقدیر پر مسئلہ نہ ہوگا مگر مجمع علیہ ائمہ دین، تو وہ فرض اعتقادی ہے جس کا منکر عند الفقہاء مطلقا کافر ہے۔اور متکلمین کے نزدیک (منکر اس وقت کافر ہے۔۱۲ق)

جب مسئلہ ضروریات دین سے ہو اور یہی عند المحققین احوط واسد (زیادہ احتیاط والا اور زیادہ درست۔۱۲ق) اور ہمارے اساتذہ کرام کا معول ومعتمد (وثوق اور اعتماد والا۔۱۲ق) ہے ورنہ (یعنی اگر اس مسئلہ پر تمام ائمہ کا اتفاق نہیں ہے۔۱۲ق) تو واجب اعتقادی ہے۔پھر اگر مجتہد کو بنظر دلائل شرعیہ جو اس پر ظاہر ہوئے اس کی طلب جزمی میں اصلا شبہ نہیں۔بایں وجہ کہ اس کی نظر میں اس شئی کا وجود شرط صحت وبراءت ذمہ بمعنی علوم بقائے اشتغال قطعی ہے۔یعنی اگروہ کسی عمل میں فرض ہو تو بے اس کے وہ عمل باطل محض ہو اور مستقل مطلوب ہے تو بے اس کے برأت ذمہ نہ ہونے پر اسے جزم ہو تو فرض عملی ہے۔اور اگر خود اس کی رائے میں بھی طلب جزمی نہیں تو واجب عملی۔کہ بغیر اس کے حکم صحت حاصل اور برأت ذمہ محتمل۔و قد علم بذلک حد کل واحد منہا۔اس تقریر سے ہر ایک کی تعریف معلوم ہوگئی۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱/۱۸۰تا۱۸۵)

Marfat.com

یہاں سے ظاہر ہوا کہ فرض اعتقادی سب سے اعظم واعلی اور دونوں قسم واجب اعتقادی کا مبائن ہے۔ اور فرض عملی واجب اعتقادی سے خاص مطلقا کہ ہر فرض عملی واجب اعتقادی ہے ولا عکس۔ اور واجب عملی ہر دو قسم فرض کا مبائن اور واجب اعتقادی سے خاص مطلقا ہے کہ ہر واجب عملی واجب اعتقادی ہے۔ ولا عکس۔

ثم اقول: یہ اس تقریر پر ہے کہ قسم عملی بشرط لا ہوں۔ کما ھو المتعارف عند علمائنا۔ اور لا بشرط لیں تو فرض عملی فرض اعتقادی سے عام مطلقا اور واجب اعتقادی سے عام من وجہ ہے، کہ فرض اعتقادی فرض علمی ہے نہ واجب اعتقادی۔ اور واجب عملی بالمعنی الاول میں دونوں مجتمع ہیں اور واجب عملی بالمعنی الثانی واجب اعتقادی کا مساوی کہ اعتقاد وجوب موجب وجوب عمل، اور ایجاب عمل بے اعتقاد وجوب نامحتمل۔ کلام آتی میں معنی اول مراد ہوں گے کہ وہی شائع بین العلماء ہیں وباللہ التوفیق۔

وضو میں فرض اعتقادی یعنی ارکان اعتقادیہ چار ہیں۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱/۱۹۸ تا ۱۹۹)

اول منہ دھونا یعنی علاوہ مستثنیات کے کہ طول میں شروع سطح پیشانی سے نیچے کے دانت جمنے کی جگہ تک، اور عرض میں ایک کان سے دوسرے کان تک۔ اس میں دس استثناء ہیں۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱/۱۹۹)

(۱) آنکھ کے ڈھیلے۔

(۲) پپوٹوں کی اندرونی سطح کہ ان دونوں مواضع کا دھونا باجماع معتد بہ اصلا فرض کیا مستحب بھی نہیں۔

(۳) آنکھیں خوب زور سے بند کرنے سے جو حصہ بند ہو جاتا ہے کہ نرم بند کرے تو ظاہر رہتا ہے اتنا حصہ دھلنا مختلف فیہ ہے۔

(۴) دونوں لب کہ بعض نے کہا وہ تابع دہن ہیں اور وضو میں دہن کا دھونا صرف سنت ہے۔

(۵۔۶۔۷) ابروؤں اور مونچھوں اور بچی کے نیچے کی کھال کہ بعض نے کہا اگرچہ بال چھدرے ہوں۔

Marfat.com

(۸) گھنی داڑھی کے نیچے کی کھال اس کا دھونا اصلاضروری ہے۔

(۹) داڑھی مطلقا اس کے باب میں نوقول ہیں۔

(۱۰) کنپٹیاں کہ جب داڑھی کے بال ہوں تو امام ابو یوسف سے ایک روایت آئی کہ انکا دھونا ضروری نہیں۔

**دوم** ۔ دونوں ہاتھ ناخنوں سے کہنیوں تک دھونا۔ اس میں تین استثناء ہیں۔

(۱) خود کہنیاں دھونا۔ امام زفر رحمۃ اللہ کے نزدیک ضروری نہیں۔

(۲) جس چیز کی آدمی کو عموما یا خصوصا ضرورت پڑتی رہتی ہے اور اس کے ملاحظہ و احتیاط میں حرج ہے۔ اس کا ناخنوں کے اندر یا اوپر یا اور کہیں لگا رہ جانا اگر چہ جرم دار ہو۔ (جسم رکھتی ہو۔۱۲م) اگر چہ پانی اس کے نیچے نہ پہونچ سکے، جیسے پکانے، گوندھنے والوں کے لئے آٹا، رنگریز کے لئے رنگ کا جرم، عورت کے لئے مہندی کا جرم، کاتب کے لئے روشنائی، مزدور کے لئے گارامٹی، عام لوگوں کے لئے کوئے یا پلک میں سرمہ کا جرم، بدن کا میل، مٹی، غبار، مکھی مچھر کی بیٹ وغیرہا کہ ان کا رہ جانا فرض اعتقادی کی ادائگی کو مانع نہیں۔

(۳) مالکیہ کے نزدیک مرد کے لئے چاندی کی انگوٹھی بقدر جائز کہ ان کے مذہب میں دو درھم شرعی ہے، اور عورت کے لئے سونے چاندی کے مطلقا گہنے، چھلے، انگوٹھیاں، علی بند، حسین بند، آرسی، پہنچیاں، کنگن، چھن بتانے، چوہے دتیاں، یونہی چوڑیاں اگر چہ کانچ یا لاکھ وغیرہ کی ہوں اور ریشم کے لچھے۔ غرض جتنے گہنے سنگار میں شرعا جائز ہیں کسی قدر رتنگ اور پھنسے ہوئے ہوں کہ پانی بہنے کو روکیں ان کے مذہب میں سب معاف ہیں۔ ہاں لوہے تانبے رانگ وغیرہا کے مکروہ گہنے یا مرد کے لئے سونے کی انگوٹھی شرعا جائز نہیں۔ ان میں وہ بھی اجازت نہیں مانتے ہیں۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱/۲۰۶۔۲۰۷)

**سوم** ۔ سر کا مسح یعنی اس کے لئے کسی جز، کھال یا بال یا نائب شرعی پر نم پہونچ جانا، فرض اعتقادی اسی قدر ہے۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱/۲۰۸)

**چہارم** ۔ پاؤں کہ بشرائط شرعیہ موزہ شرعی کے اندر نہ ہو، انہیں ناخون سے پنڈلی اور پاؤں کے جوڑ تک جو وسط قدم میں چہار طرف جداگانہ تحریر سے ممتاز ہے، جہاں عربی نعال کا

دوال باندھا جاتا ہے اور نیچے کرٹوں اور ایڑیوں سب پر پانی پہنچنا۔ فرض اعتقادی اسی قدر ہے ۔اور موزے بشرائط ہوں تو مدت معلوم تک مسح کافی ،اور یہاں بھی ہاتھوں کی طرح تین استثناء ہیں۔

(١) گٹوں سے تحریر مذکور تک کہ اس قدر کا دھونا بروایت ھشام ضروری نہیں ۔اور نفس کعبین مثل مرفقین امام زفر کے نزدیک خارج ہیں۔　　(فتاوی رضویہ جدید١/٢١٠)

(٢) عورتوں کے لئے چھلے وغیرہ جائز گہنیوں کے نیچے کے کہ مالکیہ عفو کرتے ہیں۔

(فتاوی رضویہ جدید١/٢١١)

(٣) میل ،مکھی مچھر کی بیٹ سے سارے ہی بدن میں معاف ہیں اور مہندی مٹی گارا جس طرح ہاتھوں میں گزرا۔　　(فتاوی رضویہ جدید١/٢١١)

اقول: میں نے پاؤں دھونے کے بیان میں میزان الشریعہ کی رعایت کی ہے اور وہ فرماتے ہیں: ائمہ اس بات پر متفق ہیں کہ اگر آدمی نے موزے نہ پہنے ہوں اور قدرت بھی رکھتا ہو تو وضو میں پاؤں کا دھونا فرض ہے۔

امام احمد ،اوزاعی ،ثوری اور ابن جریر سے مروی ہے کہ پورے پاؤں پر مسح کرنا جائز ہے۔اور ان کے نزدیک انسان کو اختیار ہے کہ پاؤں دھوئے یا مسح کرے۔ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرمایا کرتے تھے کہ پاؤں پر مسح کرنا فرض ہے نہ کہ دھونا۔ اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے کہ یہ حکایات کہاں تک صحیح ہیں۔

البحر الرائق میں ہے

کہ پاؤں کے دھونے پر اجماع منعقد ہو چکا ہے اور روافض کے اختلاف کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔

اسی طرح امام نووی نے فرمایا کہ اس پر صحابہ اور فقہاء کا اجماع ہے۔

امام سعید بن منصور اپنی سنن میں عبد الرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابہ کرام کا پاؤں کے دھونے پر اجماع ہے۔ہاں امام ابن ماجہ وغیرہ عبد اللہ بن محمد عقیل کے واسطے سے راوی ہیں ،اور ان میں بہت اختلافات ہیں۔حافظ ابن حجر نے تقریب میں فرمایا: وہ حدیث کی روایت میں سچے ہیں اور نرم ہیں۔اور کہا جاتا ہے کہ آخر

میں یادداشت میں تبدیلی آگئی تھی۔ راوی مذکور حضرت ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی ہیں وہ فرماتے ہیں: کہ ابن عباس نے میرے پاس آکر اس حدیث کے بارے میں پوچھا جس کی وہ روایت کرتی تھیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وضو کیا اور دونوں پاؤں دھوئے، ابن عباس نے کہا: کہ لوگ دھونے کے علاوہ کسی کو مانتے ہی نہیں ہیں حالانکہ میں اللہ تعالیٰ کی کتاب میں صرف مسح پاتا ہوں۔

اقول: ہمارے لئے خود انکا یہ ارشاد کافی دلیل ہے کہ لوگ (یعنی صحابہ کرام) دھونے کے علاوہ کسی چیز کونہیں مانتے اور حق جماعت ہی کے ساتھ ہوتا ہے۔

قول مذکور کے مخالف قول ان سے ثابت ہے۔ سعید ابن منصور، ابن ابی شیبہ، عبدالرزاق، عبد بن حمید، امام طبرانی معجم کبیر میں، ابن جریر، ابن منذر، ابن ابی حاتم، اور نحاس حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ہیں کہ انہوں نے ''وارجلکم'' کو زبر کے ساتھ پڑھا ہے، گویا ابن عباس نے فرمایا کہ پاؤں دھونے کی طرف رجوع کیا ہے۔ ابن جریر حضرت عطا سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے کسی کو پاؤں پر مسح کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔ یہ ابن عباس کے خاص ترین شاگرد ہیں انہوں نے جو کہا وہ آپ نے سن لیا۔ لازمی بات ہے کہ ابن عباس نے مسح کے قول سے رجوع کرلیا، جیسے انہوں نے متعہ کے قول سے رجوع فرمایا، اور یہ آیت تلاوت فرمائی: مگر اپنی بیویوں اور مملوکہ کنیزوں پر۔ اور انہوں نے فرمایا: کہ ان دنوں کے علاوہ ہر فرج حرام ہے۔ اس طرح ان تمام حضرات سے رجوع ثابت ہے جن سے مسح کا قول نقل کیا گیا ہے اور وہ مختصر سا گروہ ہے۔ تو پاؤں کے دھونے پر اجماع کے منعقد ہونے میں کوئی شک نہیں ہے جیسے کہ جلیل القدر کبیر الشان تابعی حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلی رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ واللہ الھادی۔ اور اللہ ہی حدایت دینے والا ہے۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱/۲۱۱ تا ۲۱۳)

فرض عملی ہر مذہب میں جدا ہوتے ہیں۔ ہمارے مذہب صحیح معتمد مفتی بہ پر وضو میں فرض عملی بمعنی مذکور اعنی ارکان عملیہ کہ یہاں وہی واجب اعتقادی ہیں بارہ ہیں جن میں اکثر کا استخراج متامل پر ہمارے بیان سابق سے دشوار نہیں مگر مفتی بہ کی غیر ماخوذ سے تمیز صریح اور اپنے کم علم عوام بھائیوں کی تفہیم کے لئے صاف تصریح بہتر ہے۔

Marfat.com

(۱) دونوں لب حق یہ ہے کہ ان کا دھونا فرض ہے یہاں تک کہ اگر لب خوب زور سے بند کر لئے کہ ان کی کچھ تحریر جو عادی طور پر بند رکھنے میں بھی کھلی رہتی ہے اب چھپ گئی اور اس پر پانی نہ بہا، نہ کلی کی، وضوء نہ ہوگا۔ ہاں عادی طور پر خاموش بیٹھنے کی حالت میں لبوں کا جتنا حصہ باہم چھپ جاتا ہے تو وہ ان دونوں کا تابع ہے کہ وضو میں اس کا دھونا فرض نہیں۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱/۲۱۳۔۲۱۴)

(۲۔۳۔۴) بھوؤں، موچھوں، بچی کے نیچے کی کھال جب کہ بال چھدرے ہوں کھال نظر آتی ہو وضو میں بھی دھونا فرض ہے۔ ہاں اگر گھنے ہوں کہ کھال بالکل نہ دکھائی دے تو وضو میں ضروری نہیں اور غسل میں ضروری ہے۔

(۵) داڑھی چھدری ہو تو اس کے نیچے کی کھال دھلنا فرض، اور گھنی داڑھی ہو تو جس قدر بال دائرہ رخ میں داخل ہیں ان سب کا دھونا فرض ہے، یہی صحیح ومعتمد ہے۔ ہاں جو بال نیچے چھوٹے ہوتے ہیں ان کا مسح سنت ہے اور دھونا مستحب ہے، اور نیچے ہونے کے یہ معنی کہ داڑھی کو ہاتھ سے ذقن (ٹھوڑی) کی طرف دبائیں تو جتنے بال منہ کے دائرہ سے نکل گئے ان کو دھونا ضروری نہیں باقی کا ضروری ہے، ہاں خاص جڑیں ان کا بھی وضو میں دھونا نی ضروری نہیں کہ ان کا دھونا بعینہ کھال کا دھونا ہوگا اور گھنی داڑھی میں اس کا دھونا ساقط ہو چکا ہے۔

درمختار میں ہے۔

مذہب صحیح مفتی بہ اور جس کی طرف رجوع کیا گیا ہے کے مطابق تمام داڑھی کا دھونا فرض عملی ہے۔ (بدائع)

پھر اس میں اختلاف نہیں کہ لٹکنے والے بالوں کا دھونا اور ان پر مسح کرنا واجب نہیں بلکہ سنت ہے۔ اور وہ ہلکی داڑھی جس کے نیچے جلد دکھائی دیتی ہو اس کے نیچے کا حصہ دھونا واجب ہے۔

اسی میں ہے۔

آنکھوں، ناک، اور منہ کے اندرونی حصوں، ابروؤں، داڑھی اور موچھوں کی جڑوں کا دھونا واجب نہیں ہے۔

ردالمحتار میں ہے۔

Marfat.com

آنکھوں کا دھونا واجب نہیں، یہ اس صورت پر محمول ہے کہ ابرو گھنے ہوں۔ اگر جلد ظاہر ہو تو اس کا دھونا واجب ہے جیسا کہ برہان کے حوالے سے آئے گا۔ اسی طرح داڑھی اور مونچھوں کے بارے میں کہا جائے (کہ وہ گھنی ہوں تو جلد کا دھونا واجب نہیں) ۱۲ق) حلبی نے شارح ہدایہ عصام الدین سے اسی طرح نقل کیا ہے۔

مصنف نے کہا کہ کسی کا اختلاف نہیں ہے۔ یعنی تمام روایات کے مطابق اہل مذہب میں اختلاف نہیں۔ یہ قول اس تفصیل کے مخالف نہیں جو ہم اس سے پہلے بیان کر چکے ہیں، کیوں کہ وہ غیر احناف کا اختلاف گزرا ہے۔

اسی میں ہے۔

مصنف نے کہا کہ مسترسل یعنی چہرے کے دائرے سے باہر ہوں۔ ابن حجر نے شرح منہاج میں اسی کی تفسیر یہ کی کہ اگر ان بالوں کو نیچے کی جانب پھیلا دیا جائے تو چہرے کے دائرے سے باہر ہوں۔

مصنف نے کہا۔ بل یسن۔ یعنی مسح مسنون ہے کیونکہ ضمیر راجع کرنے کے لئے مسح اقرب ہے اور منیہ کی عبارت اس بارے میں واضح۔

(۶) کنپٹیاں، کان اور رخسار کے بیچ میں جو حصہ ہے اس کا دھونا فرض ہے، جتنا حصہ داڑھی اور کان کے بیچ میں ہے وہ مطلقا اور جتنا بالوں کے نیچے ہے اگر بال چھدرے ہوں تو وہ بھی۔ ہاں گھنے ہوں تو اس کا فرض بالوں کی طرف منتقل ہو جائے گا۔ وفیہ تقدم ما یکفی لافادتہ۔ (اس سے پہلے گزر چکا ہے جو اس کا فائدہ دینے کے لئے کافی ہے۔ ۱۲ق)

(۷) دونوں کہنیاں تمام و کمال۔

(۸) انگوٹھی چھلے وغیرہا جائز و ناجائز ہر قسم کے گہنے مرد و عورت سب کے لیے جب تک تنگ ہوں کہ بے اتارے ان کے نیچے پانی نہ بہے گا اتار کر دھونا فرض ہے ورنہ ہلا ہلا کر پانی ڈالنا کہ ان کے نیچے بہ جائے مطلقا ضروری ہے۔

درمختار میں ہے۔

اگر اس کی انگوٹھی تنگ ہے تو اس کا اتار کر دھونا واجب ہے۔ ۱۲

(۹) مسح کی نم سر کی کھال یا خاص سر پر جو بال ہیں (نہ وہ کہ سر سے نیچے لٹکتے ہیں) ان

Marfat.com

پر پہنچانا فرض ہے۔ عمامے دوپٹے وغیرہ پر مسح ہرگز کافی نہیں مگر جب کہ کپڑا اتنا باریک اور نم اتنی کثیر ہو کہ کپڑے سے پھوٹ کر سر یا بالوں کی مقدار شرعی پر پہنچ جائے۔

بحر میں ہے۔

معراج الدرایہ میں ہے کہ اگر عورت نے اپنے دوپٹے پر مسح کیا اور تری اس کے سر تک پہنچ گئی یہاں تک کہ سر کا چوتھائی حصہ تر ہو گیا تو جائز ہے۔ ہمارے شیخ نے کہا کہ اگر دوپٹا نیا ہو تو جائز ہے کیونکہ نئے دوپٹے کے سوراخ استعمال سے بند نہیں ہوتے تو ان میں سے تری داخل ہو جاتی ہے، اور اگر نیا نہ ہو تو جائز نہیں کیوں کہ اس کے سوارخ بند ہو چکے ہیں۔ (بحر)

ہمارے مشائخ رحمہم اللہ تعالی کی عادت ہے کہ امور کو ان کے احوال پر محمول کرتے ہیں جن کا گمان غالب ہوتا ہے، مثلا جنبی پانی پئے تو اس کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اگر وہ جاہل ہے تو جانوروں کی طرح منہ لگا کر پئے گا لہذا کلی کرنے سے کفایت کر جائے گا، اور عالم ہو تو چوس کر پئے گا لہذا کفایت نہیں کرے گا۔ اسی طرح کتے نے کپڑے کے اوپر سے کاٹا اگر خوشی سے ہے تو کپڑا پلید ہو جائے گا۔ کیونکہ اس کا تھوک بہے گا، اور اگر حالت غضب میں ہے تو پلید نہ ہو گا۔ کیونکہ اس کا تھوک خشک ہو جائے گا۔ اسی طرح زندہ چوہیا کنویں میں گر گئی، اگر وہ بلی سے ڈر کر بھاگ رہی تھی تو کنواں پلید ہو جائے گا۔ کیونکہ اس کا پیشاب خطا ہو رہا ہو گا ورنہ نہیں۔ اس کی بے شمار مثالیں ہیں۔ جسے بنیاد کا پتہ ہو گا وہ مقصود کو بھی پہچان لیگا، اور بنیاد یہ ہے کہ مقدار فرض تک تری پہنچ جائے۔ اگر یقین ہو جائے کہ تری پہنچ گئی ہے تو کافی ہے اگر چہ کپڑا پرانا ہو۔ اور اگر تری پہنچنے کا یقین نہ ہو تو کافی نہیں ہے اگر چہ کپڑا نیا ہو۔ جیسا کہ مخفی نہیں ہے۔

(۱۰) نم کم از کم چوتھائی سر کو استیعاب کر لے۔

(۱۱) کعبین گٹوں یعنی ٹخنوں کا نام ہے ان کے بالائی کناروں سے ناخنوں تک ہر حصے پر ذرے ذرے کا دھلنا فرض ہے۔ اس میں سے سر سوزن برابر اگر کوئی جگہ پانی بہنے سے رہ گئی وضو نہ ہو گا۔ ہاں پاؤں میں تیسرا استیعاب جو گذرا اپنے محل پر مسلم ہے جس کی تحقیق فقیر کے فتاوی بیان غسل میں ملے گی۔ چھلے اور سب گہنے کہ گٹوں پر یا ان سے نیچے ہوں ان کا حکم وہی ہے جو فرض ہشتم میں گزرا۔

(۱۲) منہ ہاتھ پاؤں تینوں عضووں کے تمام مذکور ذروں پر پانی بہانا فرض ہے۔ فقط

بھیگے ہاتھ پھر جانا یا تیل کی طرح پانی چپڑ لینا تو باجماع کافی نہیں۔ اللھم الا ما مر فی رجلین۔ (سوائے اس کے جو پاؤں کے بارے میں گزرا۔ ۱۲ق)

اور صحیح مذہب میں ایک بوند ہر جگہ سے ٹپک جانا بھی کافی نہیں کم سے کم دو بوندیں ہر ذرہ ابدان مذکور پر بہیں۔ (فتاوی رضویہ جدید ۱/۲۱۸)

رہا واجب عملی وہ وضو میں کوئی نہیں۔

بحر الرائق سے گزرا۔

اتفق الاصحاب انہ لا واجب فی الوضوء۔ ہمارے ائمہ کا اتفاق ہے کہ وضو میں کوئی واجب نہیں۔ ۱۲ق

درمختار میں ہے:

افادانہ لا واجب للوضوء ولا للغسل۔ مصنف نے اشارہ کیا ہے کہ وضو اور غسل میں کوئی واجب نہیں۔ ۱۲ق

اسی طرح کتب کثیرہ میں ہے اور خود بعد نقل اتفاق اصحاب کی کیا حاجت اطناب واسہاب۔ (فتاوی رضویہ جدید ۱/۲۲۳)

(۱۵) يَاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ط قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ۔ ☆

اے کتاب والو بیشک تمہارے پاس ہمارے یہ رسول تشریف لائے کہ تم پر ظاہر فرماتے ہیں بہت سی چیزیں جو تم نے کتاب میں چھپا ڈالی تھیں اور بہت سی معاف فرماتے ہیں بیشک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور آیا اور روشن کتاب۔

## ﴿۷﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(اس آیت میں نور سے مراد حضور سید عالم ﷺ کی ذات اقدس ہے۔ اور احادیث میں حضور کی نورانیت کا اس طرح ذکر ہے)

۴۳۳۲۔ عن جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قلت: یا رسول اللہ! بابی انت وامی اخبرنی عن اول شیء خلقہ اللہ تعالیٰ قبل الاشیاء، قال: یا جابر!

Marfat.com

ان اللہ تعالیٰ قد خلق قبل الاشیاء نور نبیک من نورہ ، فجعل ذلک النور یدور بالقدرۃ حیث شاء اللہ تعالیٰ ، ولم یکن فی ذلک الوقت لوح و لا قلم و لا جنۃ و لانار و لا ملک و لا سماء ولا ارض ولا شمس و لا قمر ولا جنی ولا انسی ۔ فلما اراد اللہ تعالیٰ ان یخلق قسم ذلک النور اربعۃ اجزاء فخلق من الجزء الاول القلم ، ومن الثانی اللوح ، و من الثالث العرش ثم قسم الجزء الرابع اربعۃ اجزاء فخلق من الاول حملۃ العرش ، ومن الثانی الکرسی و من الثالث باقی الملائکۃ ، ثم قسم الرابع اربعۃ اجزاء فخلق من الاول السموٰت ومن الثانی الارضین ومن الثالث الجنۃ و النار ۔ ثم قسم الرابع اربعۃ اجزاء ۔ الحدیث بطولہ ۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ حضور پر قربان، مجھے بتادیجئے کہ سب سے پہلے اللہ عزوجل نے کیا چیز بنائی، فرمایا: اے جابر! بیشک بالیقین اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوقات سے پہلے تیرے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور اپنے نور سے پیدا فرمایا، وہ نور قدرت الٰہی سے جہاں خدا نے چاہا دورہ کرتا رہا۔ اس وقت لوح، قلم، جنت، دوزخ، فرشتے، آسمان، زمیں، سورج، چاند، جن اور آدمی کچھ نہ تھا۔ پھر جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کرنا چاہا اس نور کے چار حصے فرمائے، پہلے سے قلم، دوسرے سے لوح، تیسرے سے عرش بنایا، پھر چوتھے کے چار حصہ کئے، پہلے سے فرشتگان حامل عرش، دوسرے سے کرسی، تیسرے سے باقی ملائکہ پیدا کئے۔ پھر چوتھے کے چار حصے کئے، پہلے سے آسمان، دوسرے سے زمیں، تیسرے سے بہشت ودوزخ بنائے۔ پھر چوتھے کے چار حصے کئے۔ الی آخر الحدیث

## ﴿۹﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ حدیث امام بیہقی نے بھی دلائل النبوۃ میں بنحوہ روایت کی۔
اجلۂ ائمہ دین مثل امام قسطلانی مواہب لدنیہ، اور امام ابن حجر مکی افضل القریٰ، اور علامہ

---

۴۳۳۲۔ المواہب اللدنیہ للقسطلانی، ۱/۵۵ ☆ شرح المواہب للزرقانی، ۱/۵۵
مدارج النبوۃ للمحدث الدھلوی، ۲/۲ ☆ تاریخ الخمیس للدیار البکری، ۱/۲۲

Marfat.com

فاسی مطالع المسرات، اور علامہ زرقانی شرح مواہب، اور علامہ دیار بکری خمیس، اور شیخ محقق دہلوی مدارج النبوۃ میں اس حدیث سے استناد اور اس پر تعویل واعتماد فرماتے ہیں۔

بالجملہ وہ تلقی امت بالقبول کا منصب جلیل پائے ہوئے ہے، تو بلا شبہ حدیث حسن صالح مقبول معتمد ہے، تلقی علماء بالقبول وہ شی عظیم ہے جس کے بعد ملاحظہ سند کی حاجت نہیں رہتی، بلکہ سند ضعیف بھی ہو تو حرج نہیں کرتی، كما بيناه في منير العين في حكم تقبيل الابهامين۔

لاجرم علامہ محقق عارف باللہ سیدی عبد الغنی نابلسی قدس سرہ القدسی حدیقہ ندیہ شرح طریقہ محمدیہ میں فرماتے ہیں۔

قد خلق كل شيء من نوره صلى الله تعالىٰ عليه و سلم كما ورد به الحديث الصحيح۔

بیشک ہر چیز نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور سے بنی جیسا کہ حدیث صحیح اس معنی میں وارد ہوئی۔

ذكره في المبحث الثاني بعد النوع الستين من آفات اللسان في مسئلة ذم الطعام۔

مطالع المسرات شرح دلائل الخیرات میں ہے۔

قد قال الاشعري انه تعالىٰ نور ليس كالانوار و الروح النبوية القدسية لمعة من نوره، و الملائكة شرر تلك الانوار، و قال صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: اول ما خلق الله نوري، و من نوري خلق كل شيء و غيره فيما في معناه۔

یعنی امام اجل امام اہل سنت سیدنا ابو الحسن الاشعری قدس سرہ (جن کی طرف نسبت کر کے اہل سنت کو اشاعرہ کہا جاتا ہے) ارشاد فرماتے ہیں: کہ اللہ عزوجل نور ہے نہ اور نوروں کی مانند، اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روح پاک اسی نور کی تابش ہے، اور ملائکہ ان نوروں کے ایک پھول ہیں، اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میرا نور بنایا اور میرے ہی نور سے ہر چیز پیدا فرمائی، اور اس کے سوا اور حدیثیں ہیں جو اسی مضمون میں وارد ہیں۔

Marfat.com

ہاں اسے باعتبار کنہ وکیفیت متشابہات سے کہنا وجہ صحت رکھتا ہے، واقعی نہ رب العزت جل وعلا نہ اس کے رسول اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ہمیں بتایا کہ مولی تعالی نے اپنے نور سے نور مظہر سید انوار صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کیونکر بنایا، نہ بے بتائے اس کی پوری حقیقت ہمیں خود معلوم ہوسکتی ہے، اور یہی معنی متشابہات ہیں۔

شمع سے شمع روشن ہوجاتا ہے اس کے کہ اس شمع سے کوئی حصہ جدا ہو کر یہ شمع بنے اس کی مثال میں کہا جاسکتا ہے، لیکن اس سے بہتر آفتاب اور دھوپ کی مثال ہے کہ نور شمس نے جس پر تجلی کی وہ روشن ہوگیا اور ذات شمس سے کچھ جدا نہ ہوا، مگر ٹھیک مثال کی وہاں مجال نہیں، جو کہا جائے گا ہزاروں ہزار وجوہ پر ناقص وناتمام ہوگا۔ پھر یہ کہ مثال سمجھانے کو ہوتی ہے نہ کہ ہر طرح برابری بتانے کو۔

قرآن عظیم میں نور الہی کی مثال دی۔

کمشکوٰۃ فیہا مصباح ۔ جیسے طاق کہ اس میں چراغ ہو۔

کہاں چراغ اور قندیل اور کہاں نور رب جلیل، یہ مثال وہابیہ کے اس اعتراض کے دفع کو تھی کہ نور الہی سے نور نبوی پیدا ہوا تو نور الہی کا ٹکڑا جدا ہونا لازم آیا۔

اسے بتایا گیا کہ چراغ سے چراغ روشن ہونے میں اس کا ٹکڑا کٹ کر اس میں نہیں آجاتا جب یہ فانی مجازی نور اپنے نور سے دوسرا نور روشن کردیتا ہے تو اس نور الہی کا کیا کہنا، نور سے نور پیدا ہونے کو تمام وروشنی میں مساوات بھی ضروری نہیں، چاند کا نور آفتاب کی ضیاء سے ہے، پھر کہاں وہ اور کہاں یہ، علم ہیئت میں بتایا گیا ہے کہ اگر چودھویں رات کے کامل چاند کے برابر نوے ہزار چاند ہوں تو روشنی آفتاب تک پہونچے گی، واللہ تعالی اعلم۔

نور عرف عامہ میں ایک کیفیت ہے کہ نگاہ پہلے اسے ادراک کرتی ہے اور اس کے واسطہ سے دوسری اشیائے دیدنی کو، اور حق یہ ہے کہ نور اس سے اجلی ہے کہ اس کی تعریف کی جائے، یہ جو بیان ہوا تعریف الجلی بالخفی ہے، کما نبہ علیہ فی المواقف و شرحہا نور بایں معنی ایک عرض وحادث ہے اور رب عزوجل اس سے منزہ ہے۔

محققین کے نزدیک نور وہ کہ خود ظاہر ہو اور دوسروں کا مظہر۔

کماذکرہ الامام حجۃ الاسلام الغزالی ثم العلامۃ الزرقانی فی شرح

Marfat.com

المواہب الشریفۃ۔

بایں معنی اللہ عزوجل نور حقیقی ہے بلکہ حقیقۃً وہی نور ہے اور آیہ کریمہ "اللہ نور السموت و الارض" بلا تکلف و بلا تاویل اپنے معنی حقیقی پر ہے۔ فان اللہ عزوجل ھو الظاھر بنفسہ المظھر بغیرہ من السموت و الارض و من فیھن و سائر المخلوقات

حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم بلاشبہ اللہ عزوجل کے نور ذاتی سے پیدا ہیں۔

حدیث میں "نورہ" فرمایا، جس کی ضمیر اللہ کی طرف ہے، کہ اس میں ذات ہے۔ "من نور اسمالله" یا، من نور رحمتہ، وغیرہ نہ فرمایا کہ نور صفات سے تخلیق ہو۔

علامہ زرقانی اس حدیث کے تحت فرماتے ہیں:۔

من نورہ ای من نور ھو ذاتہ۔

یعنی اللہ عزوجل نے نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو اس نور سے پیدا کیا جو عین ذات الہی ہے۔ یعنی اپنی ذات سے بلا واسطہ پیدا فرمایا۔

امام احمد قسطلانی مواہب شریفہ میں فرماتے ہیں:۔

لما تعلقت ارادۃ الحق تعالی بایجاد خلقہ ابرز الحقیقۃ المحمدیۃ من الانوار الصمدیۃ فی الحضرۃ الاحدیۃ، ثم سلخ منھا العوالم کلھا علوھا و سفلھا۔

جب اللہ تعالی نے مخلوقات کو پیدا کرنا چاہا، صمدی نوروں سے مرتبہ ذات صرف میں حقیقت محمدیہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو ظاہر فرمایا، پھر اس سے تمام عالم علوی وسفلی نکالے۔

شرح علامہ میں فرماتے ہیں:

مرتبہ احادیت ذات کا پہلا تعین اور پہلا مرتبہ ہے جس میں غیر ذات کا اصلا لحاظ نہیں، جس کی طرف حضور نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے اس ارشاد میں اشارہ ہے، کہ اللہ تعالی تھا اور اس کے ساتھ کچھ نہ تھا، اسے سیدی کاشانی قدس سرہ نے ذکر فرمایا۔

شیخ محقق مدارج النبوۃ میں فرماتے ہیں:

انبیاء اللہ تعالی کے اسمائے ذاتیہ سے پیدا ہوئے اور اولیاء اسمائے صفاتیہ سے، بقیہ کائنات صفات فعلیہ سے، اور سید رسل ذات حق سے اور حق کا ظہور بالذات ہے۔

ہاں عین ذات الہی سے پیدا ہونے کے یہ معنی نہیں کہ معاذ اللہ ذات الہی ذات

Marfat.com

رسالت کے لئے مادہ ہے، جیسے مٹی سے انسان پیدا ہوا۔ یا عیاذاً باللہ ذات الٰہی کا کوئی حصہ یا کل ذات نبی ہوگیا، اللہ عزوجل حصے اور ٹکڑے اور کسی کے ساتھ متحد ہوجانے یا کسی شئی میں حلول فرمانے سے پاک ومنزہ ہے۔

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خواہ کسی شئی کو جزء ذات الٰہی خواہ کسی مخلوق کو عین و نفس ذات الٰہی ماننا کفر ہے۔

اس تخلیق کے اصل معنی تو اللہ ورسول جانیں، جل وعلا وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ عالم میں ذات رسول کو کوئی پہچانتا نہیں۔

حدیث میں ہے:

یا ابابکر! لم یعرفنی حقیقۃ غیر ربی

اے ابوبکر! مجھے جیسا میں حقیقت میں ہوں میرے رب کے سوا کسی نے نہ جانا۔

ذات الٰہی سے اس کے پیدا ہونے کی حقیقت کے مفہوم ہو، مگر اس میں فہم ظاہر بیں کا جتنا حصہ ہے وہ یہ ہے کہ حضرت حق عز جلالہ نے تمام جہان کو حضور پرنور محبوب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے واسطے پیدا فرمایا۔ حضور نہ ہوتے تو کچھ نہ ہوتا۔

لولاک ما خلقت الدنیا۔

اگر آپ کو پیدا کرنا منظور نہ ہوتا میں دنیا کو پیدا نہ کرتا۔

حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ارشاد ہوا۔

لو لا محمد ماخلقتك و لا ارضا و لا سماء

اگر محمد نہ ہوتے تو میں نہ تمہیں بناتا، نہ زمیں، نہ آسمان۔

تو سارا جہاں ذات الٰہی سے بواسطہ حضور صاحب لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیدا ہوا۔ یعنی حضور کے واسطے، حضور کے صدقہ، حضور کے طفیل میں۔

یہ نہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اللہ سے وجود حاصل کیا پھر باقی مخلوق کو آپ نے وجود دیا، جیسے فلاسفہ کا فرگمان کرتے ہیں کہ عقول کے واسطے سے اوران کے وجود بخشنے سے دوسری چیزیں پیدا ہوتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ظالموں کے اس قول سے بلند وبالا ہے، کیا اللہ تعالیٰ کے علاوہ بھی کوئی خالق ہوسکتا ہے۔

Marfat.com

بخلاف ہمارے حضور عین النور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کہ وہ کسی کے طفیل میں نہیں، اپنے رب کے سوا کسی کے واسطے نہیں، تو وہ ذات الٰہی سے بلا واسطہ پیدا ہیں۔

زرقانی شریف میں ہے

اس نور سے جو اللہ کی ذات ہے، یہ مقصد نہیں کہ وہ کوئی مادہ ہے جس سے آپ کا نور پیدا ہوا بلکہ مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالی کا ارادہ آپ کے نور سے بلا کسی واسطہ فی الوجود کے متعلق ہوا۔

یا زیادہ سے زیادہ بغرض توضیح ایک کمال ناقص مثال یوں خیال کیجئے، کہ آفتاب نے ایک عظیم وجمیل وجلیل آئینہ پر تجلی کی، آئینہ چمک اٹھا، اور اس کے نور سے اور آئینے اور پانیوں کے چشمے اور ہوائیں، اور سائے ہوئے آئینوں اور چشموں میں صرف ظہور نہیں بلکہ اپنی اپنی استعداد کے لائق شعاع بھی پیدا ہوئی کہ اور چیز کو روشن کر سکے کچھ دیواروں پر دھوپ پڑی، یہ کیفیت نور سے متکیف ہیں اگر چہ اور کو روشن نہ کریں جن تک دھوپ بھی نہ پہونچی، وہ ہوائے متوسط نے ظاہر کیں، جیسے دن میں مسقف دالان کی اندرونی دیواریں ان کا حصہ صرف اسی قدر ہوا، کیفیت نور سے بہرہ نہ پایا۔

پہلا آئینہ خود ذات آفتاب سے بلا واسطہ روشن ہے اور باقی آئینے، چشمے اس کے واسطے سے، اور دیواریں وغیر ہا واسطہ در واسطہ، پھر جس طرح وہ نور کہ آئینہ اول پر پڑا بعینہ آفتاب کا نور ہے بغیر اس کے کہ آفتاب خود یا اس کا کوئی حصہ آئینہ ہو گیا ہو، یونہی باقی آئینے اور چشمے کہ اس آئینے سے روشن در روشن ہوئے اور دیوار وغیرہ اشیاء پر ان کی دھوپ پڑی یا صرف ظاہر ہوئی ان سب پر بھی یقینا آفتاب ہی کا نور اور اسی سے ظہور ہے، آئینے اور چشمے فقط واسطۂ وصول ہیں۔ ان کی حد ذات میں دیکھو تو یہ خود نور تو نور ظہور سے بھی حصہ نہیں رکھتے۔

یک چراغ ست دریں خانہ کہ از پرتو آں
ہر کجا می نگری انجمنے ساختہ اند

یہ نظیر محض ایک طرح کی تقریب فہم کے لئے ہے جس طرح ارشاد ہوا۔ مثل نورہ کمشکوٰۃ فیہا مصباح، ورنہ کجا چراغ اور کجا وہ نور حقیقی، وللہ المثل الاعلیٰ۔

توضیح صرف ان دو باتوں کی منظور ہے

Marfat.com

ایک یہ کہ دیکھو، آفتاب سے تمام اشیاء منور ہوئیں بے اس کے کہ آفتاب خود آئینہ ہوگیا یا اس میں سے کچھ جدا ہوکر آئینہ بنا۔

دوسرے یہ کہ ایک آئینہ نفس ذات آفتاب سے بلا واسطہ روشن ہے باقی بوسائط۔

ورنہ حاشا کہاں مثال اور کہاں وہ بارگاہ جلال۔ باقی اشیاء سے کہ مثال میں بالواسطہ منور مانیں آفتاب حجاب میں ہے اور اللہ عزوجل ظاہر فوق کل ظاہر ہے۔ آفتاب ان اشیاء تک اپنے وصول نور میں وسائط کا محتاج ہے اور اللہ عزوجل احتیاج سے پاک، غرض کسی بات میں نہ تطبیق مراد نہ ہرگز ممکن، حتی کہ نفس وساطت بھی یہاں یکساں نہیں۔ کما لا یخفی و قد اشرنا الیہ۔

سیدی ابو سالم عبد اللہ عیاشی ہم استاذ علامہ محمد زرقانی تلمیذ علامہ ابوالحسن شرابلسی اپنی کتاب ''الرحلہ'' پھر سیدی علامہ عثمادی رحمہم اللہ تعالی جمیعا ''شرح صلاۃ'' حضرت سیدی احمد بدوی کبیر رضی اللہ تعالی عنہ میں فرماتے ہیں۔

اس کا ادراک حقیقۃ وہی کرسکتا ہے جو اللہ تعالی کے ارشاد ''اللہ نور السموت و الارض'' کا معنی جانتا ہے، کیونکہ وہم اور عقل کے ذرائع اس کا حقیقی ادراک نہیں کرسکتے، اس کو تو صرف بندے کے دل میں اس نور کو اللہ تعالی کی عطا کردہ شعاؤں سے ہی سمجھا جاسکتا ہے

حدیث کے معنی کو سمجھنے کے لئے قریب ترین یہ ہے کہ نور محمدی جب قدیم اور ازلی نور کی پہلی تجلی ہے تو کائنات میں بھی اللہ تعالی کے وجود کا وہی سب سے پہلا مظہر ہے اور وجود میں آنے والے تمام نوروں کی اصل قوت ہے۔ جب یہ نور اول چمکا اور منور ہوا تو اس نور محمدی نے تمام موجودات پر درجہ بدرجہ اپنی چمک ڈالی تو بلا واسطہ یا واسطوں کی کمی بیشی کے اعتبار سے ہر چیز اپنی استعداد کے مطابق چمک اٹھی اور تمام حقائق واقسام اس نور کی چمک سے اس کے مظہر بن گئے، یوں وجود میں آنے والا پہلا نور ایک تھا لیکن اس کی چمک سے دوسرے حقائق بھی اپنی حقیقت کے مطابق اس نور سے منور ہوتے چلے گئے اور کائنات میں نور در نور بن گئے جبکہ وجود حادث میں نور کی صرف دو ہی قسمیں ہیں۔

ایک فیض دینے والا دوسرا فیض پانے والا۔ حالانکہ نفس الامری حقیقت میں یہ دونوں نور ایک ہی ہیں، یہ ایک واقعی نور ہی قابل اشیاء میں چمک پیدا کرکے متعدد مظاہر میں ظاہر ہوتا

ہے اور تمام اجسام میں ہر قسم کی صورت میں چمکتا ہے، اسی طرح فیض یافتہ نور بھی اپنی استعداد کے مطابق دوسری قابل اشیاء میں چمک پیدا کر کے ان کو منور کرتا ہے، جس سے مزید مظاہرات کی اقسام حاصل ہوتی ہیں، جبکہ یہ تمام انوار بالواسطہ یا بلاواسطہ سب سے پہلے نور حادث سے ہی مستفیض ہیں۔

اس تقریر کے لئے یہ انتہائی محتاط عبارت ہے جو علوم الہیہ کے موافق ہے۔ اس سے زائد عبارت خطرناک ہو سکتی ہے۔

اس تقریر کے مناسب مثال وہ چراغ ہے جس سے بے شمار چراغ روشن ہوئے، اس کے باوجود وہ اپنی اصل حالت پر ہے اور اس کے نور میں کوئی کمی واقع نہیں ہوتی۔

مزید واضح مثال سورج ہے جس سے تمام سیارے روشن ہیں جن کا اپنا کوئی نور نہیں۔ بظاہر یوں معلوم ہوتا ہے کہ سورج کا نور ان سیاروں میں منقسم ہو گیا ہے جبکہ فی الواقع ان سیاروں میں سورج ہی کا نور ہے جو سورج سے نہ تو جدا ہوا اور نہ کم ہوا۔ سیارے تو صرف اپنی قابلیت کی بنا پر چمک اور سورج کی روشنی سے منور ہوئے۔

مزید سمجھنے کے لئے پانی اور شیشے پر پڑنے والی سورج کی شعاؤں کو دکھا جائے جن کا عکس پانی یا شیشے کے بالمقابل دیوار پر پڑتا ہے جس سے دیوار روشن ہو جاتی ہے، دیوار پر یہ روشنی سورج ہی کا نور ہے۔

جب اللہ تعالیٰ کسی کے قلب کو حجاب غفلت سے پاک کرتا ہے اور وہ دل انوار محمدیہ سے منور ہوتا ہے تو پھر اس کا ادراک ایسا کامل ہو جاتا ہے کہ اس میں شک اور وہم کا احتمال نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہماری بصیرت کو اپنے علم کے نور سے منور فرمائے، اور ہمارے باطن کو جہالت کے اندھیروں سے محفوظ فرمائے، اور جن امور میں ہم غور کرنے کے اہل نہیں ان پر ہماری جسارت کو معاف فرمائے، اور اس جناب میں ہماری عبارت کی کوتاہیوں پر مواخذہ نہ فرمائے۔ آمین۔

اس تقریر منیر سے مقاصد مذکورہ کے سوا چند فائدے اور حاصل ہوئے۔

اقول:

اول: یہ بھی روشن ہو گیا کہ تمام عالم نور محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کیونکر بنا، بے

اس کے کہ نور حضور تقسیم ہوا یا اس کا کوئی حصہ ایں وآں بنا ہو۔ اور یہ کہ وہ جو حدیث میں ارشاد ہوا کہ پھر اس نور کے چار حصے کئے تین سے قلم ولوح وعرش بنائے، چوتھے کے پھر چار حصے کئے الی آخرہ۔ یہ اس کی شعاعوں کا انقسام جیسے ہزار آئینوں میں آفتاب کا نور چمکے تو وہ ہزار حصوں میں منقسم نظر آئے گا حالانکہ آفتاب نہ منقسم ہوا نہ اس کا کوئی حصہ آئینوں میں آیا۔

اس تقریر سے علامہ شرابلسی کا اعتراض بھی ختم ہوگیا، اعتراض اس طرح تھا۔

اعتراض:- حقیقت واحدہ تقسیم نہیں ہوتی، کیونکہ حقیقت محمدیہ ان اقسام میں ایک قسم ہے، اور اگر باقی اقسام اسی حقیقت سے ہیں تو یہ حقیقت تقسیم ہوگئی، اور اگر باقی چیزیں اس حقیقت کی غیر ہیں تو انقسام کا کیا مطلب، پھر علامہ نے خود ہی جواب دیا اور علامہ زرقانی نے ان کی اتباع کی۔

جواب:- حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس میں اضافہ کیا نہ کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور کو تقسیم کیا، کیوں کہ یہ یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو ایک ایسی صورت مثالی عطا کی جس پر حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تخلیق ہوئی تھی، تو اسے تقسیم نہیں کہا جائے گا۔

ان کے جواب کا خلاصہ جسے ان کے شاگرد علامہ عیاشی نے بیان کیا یہ ہے کہ انقسام کا معنی نور محمدی پر اضافے کے ہیں اس طرح آخری تقسیم تک سلسلہ جاری رہا۔

عیاشی نے کہا: ظاہر کے لحاظ سے یہ جواب کافی ہے اور تحقیق اس کے علاوہ اللہ خوب جانتا ہے۔

اقول اولا: انہوں نے اس مسئلہ میں اپنے شیخ شبرابلسی کی پیروی کی لیکن حق یہ ہے کہ یہ ایک بے معنی بات ہے، کیونکہ اس صورت میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور سے تخلیق کائنات نہ ہوگی، یہ نص اور مراد کے خلاف بات ہے۔

ہاں اس کا جواب یہ بھی ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے نور کو پہلی شعاع سے زائد شعاع عطا کی پھر اس سے کچھ جدا کیا، پھر اس کی تقسیم کی، جیسے فرشتے ستاروں کی ان شعاعوں کو لیتے ہیں جو ستاروں کو محیط ہیں اور پھر ان کے ذریعہ چھپ کر سننے والے شیطانوں کو مارتے ہیں، اسی لئے کہا جاتا ہے: نجوم کے لئے رجوم ہے۔

اقول ثانیاً: یہ شبہ بھی دفع ہوگیا کہ خلق میں کفار و مشرکین بھی ہیں وہ محض ظلمت ہیں، نور مصطفیٰ سے کیونکر بنے اور نرے نجس ہیں تو نور پاک سے کیونکر مخلوق مانے گئے۔

وجہ اندفاع ہماری تقریر سے روشن، ظلمت ہو یا نور جس نے خلعت وجود پایا ہے اس کے لئے تجلی آفتاب وجود سے ضرور حصے ہے اگر چہ نور نہ ہو صرف ظہور ہو، کما تقدم۔ اور شعاع شمس ہر پاک و ناپاک جگہ پڑتی ہے وہ جگہ فی نفسہ ناپاک ہے، اس سے دھوپ ناپاک نہیں ہو سکتی۔

اقول ثالثاً: یہ بھی ظاہر ہوگیا کہ جس طرح مرتبہ وجود میں صرف ایک ذات حق ہے باقی سب اسی کے پرتو وجود سے موجود، یونہی مرتبہ ایجاد میں صرف ایک ذات مصطفیٰ ہے، باقی سب پر اسی کے عکس کا فیض وجود، مرتبہ کون میں نور احدی آفتاب ہے اور تمام عالم اس کے آئینے، اور مرتبہ تکوین میں نور احمدی آفتاب ہے اور سارا جہاں اس کے آئینے۔ و فی ھذا اقول۔

خالق کل الوری ربک لا غیرہ

نورک کل الوری غیرک لم لیس لن

ای لم یوجد، و لیس موجودا، و لن یوجد ابدا۔

کل مخلوق کا پیدا کرنے والا آپ کا رب ہی ہے آپ ہی کا نور کل مخلوق ہے اور آپ کا غیر کچھ بھی نہ تھا، نہ ہے، نہ ہوگا۔

اقول رابعاً: نور احدی تو نور احدی نور احمدی پر بھی آفتاب کی یہ مثال منیر چراغ سے احسن واکمل ہے۔ ایک چراغ سے بھی اگر چہ ہزاروں چراغ روشن ہو سکتے ہیں بے اس کے کہ ان چراغوں میں اس کا کوئی حصہ آئے، مگر دوسرے چراغ صرف حصول نور میں اسی چراغ کے محتاج ہوئے، بقا میں اس سے مستغنی ہیں، اگر انہیں روشن کر کے پہلے چراغ کو ٹھنڈا کر دیجئے ان کی روشنی میں فرق نہ آئے گا، نہ روشن ہونے کے بعد ان کو اس سے کوئی مدد پہونچ رہی ہے، معہذا اکسب نور کے بعد ان میں اور اس چراغ اول میں کچھ فرق نہیں رہتا، سب یکساں معلوم ہوتے ہیں بخلاف نور محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہ عالم جس طرح اپنے ابتدائے وجود میں اس کا محتاج تھا کہ وہ نہ ہوتا تو کچھ نہ بنتا، یونہی ہر شی اپنی بقا میں اس کی دست نگر ہے، آج اس کا قدم درمیان سے نکال لیں تو عالم دفعۃً فنائے محض ہو جائے۔

Marfat.com

وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا، وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہوں
جان ہیں وہ جہان کی، جہان ہے تو جہاں ہے

نیز جس طرح ابتدائے وجود میں تمام جہاں اس سے مستفیض ہوا بعد وجود بھی ہر آن اسی کی مدد سے بہر یاب ہے، پھر تمام جہاں میں کوئی اس کے مساوی نہیں ہو سکتا، یہ تینوں باتیں مثال آفتاب سے روشن ہیں، آئینے اس سے روشن ہوئے اور جب تک روشن ہیں اسی کی مدد پہونچ رہی ہے، اور آفتاب سے علاقہ چھوٹتے ہی فوراً اندھیرے ہیں، پھر کتنے ہی چمکیں سورج کی برابری نہیں پاتے۔

یہی حال ایک ایک ذرۂ عالم عرش وفرش اور جو کچھ ان میں ہے اور دنیا وآخرت اور ان کے اہل، اور جن وانس وملک وشمس وقمر و جملہ انوار ظاہر و باطن حتی کہ شموس رسالت علیہم الصلوٰۃ وسلام کا ہمارے آفتاب جہاں تاب عالم تاب علیہ الصلوٰۃ والسلام من الملک الوہاب کے ساتھ ہے، کہ ایک ایجاد وامداد وابتداء وبقاء میں ہر حال ہر آن ان کا دست نگران کا محتاج ہے۔ وللہ الحمد۔

امام اجل محمد بوصیری قدس سرہ ام القری میں فرماتے ہیں:۔

کیف ترقی رقیك الانبیاء ☆ یا سماء ما طاولتها سماء

لم یا ووك فی علاك و قدحا ☆ سنائك دونهم و سناء

نما مثلو صفاتك للنا ☆ س کما مثل النجوم الماء

یعنی انبیاء حضور کی سی ترقی کیونکر کریں، اے وہ آسمان رفعت جس سے کسی آسمان نے بلندی میں میں مقابلہ نہ کیا۔

انبیاء حضور کے کمالات عالیہ میں حضور کے ہمسر نہ ہوئے حضور کی جھلک اور بلندی نے ان کو حضور تک پہونچے سے روک دیا

تو وہ حضور کی صفتوں کی ایک شبیہ لوگوں کو دکھاتے ہیں جیسے ستاروں کا عکس پانی میں دکھاتا ہے۔

یہ وہی تشبیہ وتقریر ہے جو ہم نے ذکر کی، وہاں ذات کریم وافاضۂ انوار کا ذکر تھا، لہذا آفتاب سے تمثیل دی، یہاں صفات کریمہ کا بیان ہے لہذا ستاروں سے تشبیہ مناسب ہوئی۔

Marfat.com

مطالع المسرات شریف میں ہے:

اسمہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم محی حیوۃ جمیع الکون بہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فھو روحہ و حیوتہ و سبب وجودہ و بقائہ۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام پاک محی ہے زندہ فرمانے والے، اس لئے کہ سارے جہان کی زندگی حضور سے ہے، تو حضور تمام عالم کی جان و زندگی اور اس کے وجود وبقاء کے سبب ہیں۔

اسی میں ہے:

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام عالم کی جان وحیات وسبب وجود ہیں، حضور نہ ہوں تو عالم نیست ونابود ہو جائے، کہ حضرت سیدی عبد السلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: کہ عالم میں کوئی ایسا نہیں جو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دامن سے وابستہ نہ ہو، اس لئے کہ واسطہ نہ رہے تو جو اس کے واسطہ سے تھا آپ ہی فنا ہو جائے۔

ہمزیہ شریف میں فرمایا:

کل فضل فی العالمین فمن فضل ☆ النبی باستعارۃ الفضلاء

جہاں والوں میں جو خوبی جس کسی میں ہے وہ اس نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضل سے مانگے کو لی ہے۔

امام ابن حجر مکی افضل القریٰ میں فرماتے ہیں:

تمام جہان کی امداد کرنے والے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں، اس لئے کہ حضور ہی بارگاہ الٰہی کے وارث ہیں، بلا واسطہ خدا سے حضور ہی مدد لیتے ہیں، اور تمام عالم مدد الٰہی حضور کی وساطت سے لیتا ہے، تو جس کامل کو جو خوبی ملی وہ حضور ہی کی مدد اور حضور ہی کے ہاتھ سے ملی۔

شرح سید عشماوی میں فرماتے ہیں:

کوئی موجود دو نعمتوں سے خالی نہیں نعمت ایجاد، نعمت امداد، اور ان دونوں میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی واسطہ ہیں کہ حضور پہلے موجود نہ ہو لیتے تو کوئی چیز وجود نہ پاتی، اور عالم کے اندر حضور کا نور موجود نہ ہو تو وجود کے ستون ڈھے جائیں، تو حضور ہی پہلے موجود ہوئے اور

تمام جہاں حضور کا طفیلی اور حضور سے وابستہ ہو جسے کسی طرح حضور سے بے نیازی نہیں۔

ان مضامین جمیلہ پر بکثرت ائمہ وعلماء کے نصوص جلیلہ فقیر کے رسالہ " سلطنة المصطفیٰ فی ملکوت کل الوری " میں ہے، وللہ الحمد

اقول خامسا: ہماری تقریر سے یہ بھی واضح ہو گیا کہ حضور خود نور ہیں تو حدیث مذکور میں " نور نبیك " کی اضافت بھی " من نورہ " کی طرح بیانیہ ہے۔

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اظہار نعمت الٰہیہ کے لئے عرض کی: واجعلنی نورا، اور خود رب العزت عز جلالہ نے قرآن عظیم میں ان کو نور فرمایا:

قد جآء کم من اللہ نور و کتاب مبین۔

پھر حضور کے نور ہونے میں کیا شبہ رہا۔

اقول: اگر " نور نبیك " میں اضافت بیانیہ نہ لو بلکہ نور سے وہی معنی مشہور یعنی روشنی کہ عرض و کیفیت ہے مراد تو سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اول مخلوق نہ ہوئے بلکہ ایک عرض و صفت، پھر وجود موصوف سے پہلے صفت کا وجود کیونکر ممکن؟ لا جرم حضور ہی خود وہ نور ہیں کہ سب سے پہلے مخلوق ہوا۔ تو اب علامہ زرقانی کے اس قول کی حاجت نہ رہی کہ یہ اعتراض نہ کیا جائے کہ نور عرض ہے، قائم بذاتہ نہیں، کیونکہ جواب میں ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ خرق عادت ہے

کیونکہ وجہ اس کی یہ ہے کہ صفت کا وجود بغیر موصوف سمجھ میں نہیں آسکتا۔ اس لئے کہ صفت کی دو ہی صورتیں ہیں یا تو موصوف کے غیر کے ساتھ قائم ہوگی تو موصوف کی صفت نہ ہوگی بلکہ غیر کی ہوگی اور اگر قائم بنفسہا ہو تو صفت ہی نہ ہوئی، کیونکہ صفت اسے کہتے ہیں جو غیر کے ساتھ قائم ہو۔ جب وہ قائم بنفسہا ہو تو وہ نہ صفت ہوئی اور نہ ہی عرض بلکہ وہ جوہر ہوئی۔ اور یہ کہنا کہ وہ عرض ہے اور قائم بنفسہ بھی ہے تو یہ اجتماع ضدین ہے اور یہ باطل، اور قدرت الٰہیہ محالات عقلیہ سے متعلق نہیں ہوتی۔

ہاں ایک سوال یہ کیا جا سکتا ہے کہ آخرت میں وزن اعمال ہوگا اور یہ اعراض وصفات ہیں تو ان کا قیام بنفسہ کیسے ہو گیا کہ ان کو وزن کیا جائے گا۔

جواب یہ ہے کہ بایں معنی کہا گیا ہے کہ کاغذ اور صحیفے تولے جائیں گے جیسا کہ حدیث میں آیا۔

Marfat.com

۴۳۳۳۔ **عن** عبد الله بن عمرو بن العاص رضی الله تعالیٰ عنهما قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: ان الله سیخلص رجلا من امتی علی راس الخلائق یوم القیامة ،فینشر علیه تسعة و تسعین سجلا ، کل سجل مثل مد البصر ، ثم یقول : اتنکر من هذا شیئا ؟ اظلمك کتبتی الحافظون ؟ فیقول : لا یا رب ! فیقول ؟ افلك عذر؟ قال : لا یا رب ! فیقول : بلیٰ ان لك عندنا حسنة ، وانه لا ظلم علیك الیوم ، فتخرج بطاقة فیها ، اشهد ان لا اله الا الله وان محمدا عبده و رسوله ، فیقول : احضر وزنك فیقول : یا رب ! ما هذه البطاقة مع هذه السجلات، فیقول : انك لا تظلم ، قال : فتوضع السجلات فی کفة و البطاقة فی کفة ، فطاشت السجلات و ثقلت البطاقة فلا یثقل مع اسم الله شیء۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ میری امت سے ایک شخص کو چن لے گا، پھر اس کے سامنے کہا جائے گا، کیا تو اس سے انکار کرتا ہے؟ یا میرے فرشتوں کراما کاتبین نے تجھ پر ظلم کیا؟ وہ کہے گا: اے میرے رب! نہیں، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا تیرے پاس کوئی عذر ہے؟ بندہ کہے گا: نہیں، اللہ تعالیٰ پھر فرمائے گا: ہمارے پاس تیری ایک نیکی ہے، آج تجھ پر ظلم نہیں ہوگا، پھر ایک کاغذ نکالا جائے گا جس پر کلمہ شہادت لکھا ہوگا اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اس کا وزن کر، بندہ عرض کرے گا: ان رجسٹروں کے سامنے اس کاغذ کی کیا حیثیت ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تم پر ظلم نہیں ہوگا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: پھر ایک پلڑے میں ننانوے رجسٹر رکھے جائیں گے اور دوسرے میں وہ کاغذ۔ چنانچہ رجسٹروں کا پلڑا ہلکا ہوگا اور کاغذ کا بھاری، اور اللہ تعالیٰ کے نام کے مقابلہ میں کوئی چیز وزنی نہ ہوگی۔

---

۴۳۳۳۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی من یموت و هو یشهد ان لا اله الا الله ۲/ ۸۸

المستدرك للحاکم ۱/ ۶ ☆ الصحیح لابن حبان، ۲۵۲۴

کنز العمال للمتقی، ۱۰۹۰، ۱/ ۴۴ ☆ شرح السنة للبغوی، ۱۵/ ۱۳۴

Marfat.com

## ﴿۱۰﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

امام احمد، ترمذی، ابن حبان، اور حاکم نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا بالجملہ حاصل حدیث نور یہ ٹھہرا کہ اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات پاک کو اپنی ذات کریم سے پیدا کیا یعنی عین ذات کی تجلی بلاواسطہ ہمارے حضور ہیں، باقی سب ہمارے حضور کے نور وظہور ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وعلیٰ آلہ وصحبہ وبارک وکرم۔ (صلات الصفا۔ ۷تا۳۴ ملخصا)

۴۳۳۴۔ **عن** عبد الله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: لم يكن لرسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم ظل، و لم يقم مع شمس قط الا غلب ضوءه ضوء الشمس، و لم يقم مع السراج قط الا غلب ضوءه على ضوء السراج۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے سایہ نہ تھا، اور نہ کھڑے ہوئے آفتاب کے سامنے مگر یہ کہ ان کا نور عالم افروز خورشید کی روشنی پر غالب آ گیا، اور نہ قیام فرمایا چراغ کی ضیا میں مگر یہ کہ حضور کی تابش نور نے اس کی چمک کو دبا دیا۔ (نفی الفی ۵۲)

۴۳۳۵۔ **عن** عبد الله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم: اللهم! اجعل فی قلبی نورا، و فی بصری نورا و فی سمعی نورا و فی عصبی نورا و فی لحمی نورا و فی دمی نورا و فی شعری نورا و فی بشری نورا و عن يمينی نورا و عن شمالی نورا و امامی نورا و خلفی نورا و فوقی نورا و تحتی نورا و اجعلنی نورا۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خداوند قدوس کی بارگاہ میں یوں دعا کی: الٰہی! میرے دل اور جان، میری آنکھ اور میرے کان، میرے گوشت و پوست و استخواں، اور میرے زیر و بالا و پس و پیش اور ہر عضو میں نور اور خود مجھے نور کردے۔

---

۴۳۳۴۔ کتاب الوفا لابن الجوزی، ۲/۴۰۷

۴۳۳۵۔ الصحیح لمسلم، باب صلوۃ النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و دعائه باللیل۔ ۱/۲۶۱

## (۱۱) امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

جب وہ (حضور) یہ دعا فرماتے، اور ان کے سننے والے (اللہ تعالیٰ) نے انہیں ضیاء تابندہ ومہر درخشندہ و نور الٰہی کہا پھر اس جناب کے نور ہونے میں مسلمان کو کیا شبہ رہا، حدیث ابن عباس میں ہے کہ ان کا نور چراغ و خورشید پر غالب آتا، اب خدا جانے غالب آنے سے یہ مراد ہے کہ ان کی روشنیاں اس کے حضور پھیکی پڑ جاتیں، جیسے چراغ پیش مہتاب، یا یکسر ناپدید و کالعدم ہوجاتیں جیسے ستارے حضور آفتاب۔ (نفی الفئی ۶۲)

۴۳۳۶۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: اذا تکلم رئی کالنور یخرج من بین ثنایاہ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کلام فرماتے دانتوں سے نور چھنتا نظر آتا۔

۴۳۳۷۔ **عن** ھند بن ابی ھالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یتلألؤ وجھہ تلألؤ القمر لیلۃ البدر۔

حضرت ہند بن ابی ہالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی طرح چمکتا۔

۴۳۳۸۔ **عن** ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: ما رأیت شیئا احسن من رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کأن الشمس تجری فی وجھہ واذا ضحک یتلألأ فی الجدر۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زیادہ حسین کسی کو نہ دیکھا، گویا آفتاب ان کے چہرے میں رواں تھا، جب ہنستے دیواریں روشن ہوجاتیں۔

---

۴۳۳۶۔ الشفاء للقاضی　　۳۹/۱　　☆

۴۳۳۷۔ الشفاء للقاضی　　۳۹/۱　　☆

۴۳۳۸۔ الشفاء للقاضی　　۳۹/۱

Marfat.com

۴۳۳۹۔ **عن** الربیع بنت معوذ بن عفراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا قالت: لورایتہ لقلت الشمس طالعۃ۔

حضرت ربیع بنت معوذ بن عفراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں: اگر تو انہیں دیکھتا، کہتا آفتاب طلوع کر رہا ہے۔

۴۳۴۰۔ **عن** ام ابی قرصافۃ و خالتہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما قالت: رأینا کان النور یخرج من فیہ۔

حضرت ابو قرصافہ کی ماں اور خالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتی ہیں: ہم نے نور نکلتے دیکھا ان کے دہان پاک سے۔

۴۳۴۱۔ **عن** آمنۃ ام رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علی امہ و سلم قالت: انی رایت حین خرج منی نورا اضأت منہ قصور الشام، وفی راویہ رایت نورا ساطعا من راسہ قد بلغ السماء۔

حضرت آمنہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی امہ وسلم کی والدہ ماجدہ فرماتی ہیں: جب حضور پیدا ہوئے تو میں نے ایسا نور دیکھا کہ ملک شام کے محلات تک روشنی تھی، دوسری روایت ہے کہ میں نے ان کے سر سے ایک نور بلند ہوتے دیکھا کہ آسمان تک پہونچا۔

۴۳۴۲۔ **عن** ام المؤمنین عائشۃ الصدیقۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قالت: استعرت من حفصۃ بنت رواحہ ابرۃ کنت اخیط بہا ثوب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، فسقطت عنی الابرۃ فطلبتہا فلم اقدر علیہا، فدخل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، فتبینت الابرۃ بشعاع نور وجہہ فضحکت، فقال: یا حمیراء لم ضحکت؟ قلت: کان کیت و کیت، فنادی باعلی صوتہ: یا عائشۃ! الویل ثم الویل لمن حرم النظر الی ہذا الوجہ، ما من مومن و لا کافر الا یشتہی ان ینظر

---

۴۳۴۰۔ الخصائص الکبری للسیوطی، ۱۷۹/۱ ☆

۴۳۴۱۔ مجمع الزوائد للہیثمی، ۲۸۰/۸ ☆

۴۳۴۲۔ کنز العمال للمتقی، ۳۹۶/۱۲ ☆۳۲۴۸۔ کنز العمال للمتقی، ۴۲۹/۱۲

الی وجھی۔

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں حفصہ بنت رواحہ سے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک کپڑے سینے کے لئے سوئی مانگ کر لائی، حجرۂ مقدسہ میں بیٹھی سیتی تھی کہ سوئی گر پڑی، تلاش کی نہ ملی، اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے، حضور کے نور رخ کی شعاع سے سوئی ظاہر ہوگئی۔

یہ ماجرا دیکھ کر مجھے بیساختہ ہنسی آگئی، فرمایا: اے حمیرا! کیا بات ہے، کیوں ہنستی ہو؟ عرض کی: یارسول اللہ! ایسا ایسا واقعہ ہوا، حضور نے باآواز بلند ندا فرمائی، اے عائشہ سنو! خرابی و محرومی ہے اس کے لئے جو اس چہرے کو دیکھنے سے محروم رہتا ہے، ہر مومن و کافر کی ایک مرتبہ دیدار کے بعد یہی خواہش رہتی ہے کہ وہ بار بار دیکھتا رہے۔

علامہ فاسی مطالع المسرات میں علامہ ابن سبع سے نقل کر کے فرماتے ہیں:۔

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور سے خانۂ تاریک روشن ہو جاتا۔

اب نہیں معلوم کہ حضور کے لئے سایہ ثابت نہ ہونے سے کلام کرنے والا آپ کے نور ہونے کا انکار کرے گا یا نور کے لئے بھی سایہ مانے گا۔

یا مختصر طور پر یوں کہیئے کہ یہ تو بالیقین معلوم کہ سایہ جسم کثیف کا پڑتا ہے نہ جسم لطیف کا۔ اب مخالف سے پوچھنا چاہیئے، تیرا ایمان گواہی دیتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جسم اقدس لطیف نہ تھا، عیاذاً باللہ کثیف تھا، اور جو اس سے تحاشی کرے تو پھر عدم سایہ کا کیوں انکار کرتا ہے۔

فقیر کو حیرت ہے ان بزرگواروں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے معجزات ثابتہ وخصائص صحیحہ کے انکار میں اپنا کیا فائدہ دینی ودنیاوی تصور کیا ہے۔

ایمان بے محبت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حاصل نہیں ہوتا۔ آفتاب نیم روز کی طرح روشن کہ آدمی ہمہ تن اپنے محبوب کے نشر فضائل وتکثیر مدائح ومشغوف رہتا ہے، سچی فضیلتوں کا مٹانا اور شام وسحر نفی محاسن کی فکر میں ہونا کام دشمن کا ہے نہ دوست کا۔

جان برادر! تو نے کبھی نہ سنا ہے کہ تیرا محب تیرے مٹانے کی فکر میں رہے اور پھر محبوب بھی کیسا جان ایمان ودوکان احسان، جسے اس کے مالک نے تمام جہان کے لئے رحمت بھیجا اور

Marfat.com

اس نے تمام عالم کا بارتن نازک پر اٹھالیا، تمہارے غم میں دن کا کھانا، رات کا سونا ترک کردیا، تم رات دن لہو ولعب اور ان کی نافرمانیوں میں مشغول اور وہ شب و روز تمہاری بخشش کے لئے گریاں وملول۔

جب وہ جان رحمت وکان رافت پیدا ہوا، بارگاہ الہی میں سجدہ کیا اور " رب ھب لی امتی " فرمایا، جب قبر شریف میں اتار الب جاں بخش کو جنبش تھی، بعض صحابہ نے کان لگا کر سنا، آہستہ آہستہ " امتی " فرماتے تھے، قیامت میں بھی انہیں کے دامن میں پناہ ملے گی، تمام انبیاء علیہم السلام سے " نفسی نفسی، اذھبوا الی غیری " سنو گے اور غمخوار امت کے لب پر " رب امتی " کا شور ہوگا۔

بعض روایات میں ہے کہ حضور ارشاد فرماتے ہیں: جب انتقال کروں گا، صور پھونکنے تک قبر میں " امتی ، امتی " پکاروں گا، کان بجنے کا یہی سبب ہے کہ وہ آواز جانگداز اس معصوم عاصی نواز کی جو ہر وقت بلند ہے، گاہے ہم سے کسی غافل ومدہوش کے گوش تک پہونچتی ہے، روح اسے ادراک کرتی ہے، اسی باعث اس وقت درود پڑھنا مستحب ہوا کہ جو محبوب ہر آن ہماری یاد میں ہے، کچھ دیر ہم ہجراں نصیب بھی اس کی یاد میں صرف کریں۔

وائے بے انصافی، ایسے غمخوار پیارے کے نام پر جان نثار کرنا اور اس کی مدح ستائش ونشر فضائل سے آنکھوں کو روشنی، دل کو ٹھنڈک دینا واجب یا یہ کہ حتی الوسع چاند پر خاک ڈالے اور بے سبب ان کی روشن خوبیوں میں انکار نکالے۔

اے عزیز! چشم خردبین میں سرمۂ انصاف لگا اور گوش قبول سے پنبۂ انعساف نکال، پھر یہ تمام اہل اسلام بلکہ ہر مذہب وملت کے عقلاء سے پوچھتا، پھر اگر ایک منصف ذی عقل بھی تجھ سے کہدے یہ نشر محاسن وتکثیر مدائح نہ دوستی کا مقتضی نہ روفضائل ونفی کمالات غلامی کے خلاف، تو تجھے اختیار ہے، ورنہ خدا ورسول سے شرما اور اس حرکت بے جا سے باز آ، یقین جان لے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی خوبیاں تیرے مٹائے نہ مٹیں گی۔

جان برادر! اپنے ایمان پر رحم کر، سمجھ، دیکھ کہ خدا سے کسی کا کیا بس چلے گا اور جس کی شان وہ بڑھائے اس کو کوئی گھٹا سکتا ہے؟ آئندہ تجھے اختیار ہے، ہدایت کا فضل الہی پر مدار ہے۔

نفی الفئ ۶۷ تا ۶۸

Marfat.com

**(۳۲) مِنۡ اَجۡلِ ذٰلِکَ ۚۛ کَتَبۡنَا عَلٰی بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ اَنَّہٗ مَنۡ قَتَلَ نَفۡسًۢا بِغَیۡرِ نَفۡسٍ اَوۡ فَسَادٍ فِی الۡاَرۡضِ فَکَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِیۡعًا ؕ وَ مَنۡ اَحۡیَاہَا فَکَاَنَّمَاۤ اَحۡیَا النَّاسَ جَمِیۡعًا ؕ وَ لَقَدۡ جَآءَتۡہُمۡ رُسُلُنَا بِالۡبَیِّنٰتِ ۫ ثُمَّ اِنَّ کَثِیۡرًا مِّنۡہُمۡ بَعۡدَ ذٰلِکَ فِی الۡاَرۡضِ لَمُسۡرِفُوۡنَ ۔ ☆**

اس سبب سے ہم نے بنی اسرائیل پر لکھ دیا کہ جس نے کوئی جان قتل کی بغیر جان کے بدلے یا زمین میں فساد کئے تو گویا اس نے سب لوگوں کو قتل کیا اور جس نے ایک جان کو جلا لیا گویا اس نے سب لوگوں کو جلا لیا اور بیشک ان کے پاس ہمارے رسول روشن دلیلوں کے ساتھ آئے پھر بیشک ان میں بہت اس کے بعد زمین میں زیادتی کرنے والے ہیں۔

## ﴿۱۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ آیت اس کے بارے میں ہے جس نے کسی کے قتل ناحق سے احتراز کیا یا قاتل سے قصاص نہ لیا چھوڑ دیا، اسے فرماتا ہے کہ اس نے اس شخص کو زندہ کیا اور ایک اسی کو کیا گویا تمام آدمیوں کو جلا لیا۔

معالم شریف میں ہے۔

و من احیاھا و تورع عن قتلھا۔

اسی میں ہے۔

و من احیاھا ای عفا عمن وجب علیہ القصاص لہ فلم یقتلہ۔

وہابی صاحب بتائیں کہ دفع بلا زیادہ ہے یا زندہ کرنا جلا لینا حیات دینا۔

(الامن والعلی ۔۸۸)

**(۳۵) یٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَ ابۡتَغُوۡۤا اِلَیۡہِ الۡوَسِیۡلَۃَ وَ جَاہِدُوۡا فِیۡ سَبِیۡلِہٖ لَعَلَّکُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ ۔ ☆**

اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور اس کی طرف وسیلہ ڈھونڈھو اور اس کی راہ میں جہاد کرو اس امید پر کے فلاح پاؤ۔

## ﴿۱۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

محبوبان خدا کی طرف توجہ بغرض توسل ہے اور ان سے توسل قطعاً محمود اور ہرگز

Maktabah.org

اخلاص وتوکل کے منافی نہیں ۔ اور انبیاء وملائکہ علیہم الصلوۃ والسلام کی نسبت فرماتا ہے:

اولئک الذین یدعون یبتغون الی ربھم الوسیلۃ ۔ ( الاسراء ۔ ۵۷ )

وہ ہیں کہ دعا کرتے اپنے رب کی طرف وسیلہ ڈھونڈھتے ہیں۔

اور آدم علیہ الصلوۃ والسلام ودیگر انبیاء وعلماء وعرفاء علیہم التحیۃ والثناء کا قدیما وحدیثا حضور اقدس غایۃ الغایات نہایۃ النہایات علیہ الصلوۃ واکمل التسیمات سے حضور کے ظہور پر نور سے پہلے اور بعد بھی حضور کے زمان برکت نشان میں اور بعد بھی عہد مبارک صحابہ وتابعین سے آج تک اور آج سے قیام قیامت وعرصات محشر ودخول جنت تک استشفاع وتوسل احادیث وآثار میں جس قدر وفود کثرت وظہور شہرت کے ساتھ وارد ومحتاج بیان نہیں ۔ جسے اس کی گونہ تفصیل دیکھنی منظور ہو مواہب لدنیہ امام قسطلانی وخصائص الکبری امام جلال الدین سیوطی وشرح مواہب علامہ زرقانی ومطالع المسرات علامہ فاسی ولمعات واشعۃ شروح مشکوۃ وجذب القلوب الی دیار المحبوب ومدارج النبوۃ تصانیف شیخ محقق مولانا عبدالحق محدث دہلوی وغیرہا کتب وکلام علمائے کرام وفضلائے عظام علیہم رحمۃ العزیز العلام کی طرف رجوع لائے کہ وہاں حجاب غفلت منکشف ہوتا ہے اور منصف خطاء سے مصرف وباللہ تعالی التوفیق۔

اسی طرح صحیح بخاری شریف میں امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالی عنہ کا سیدنا عباس رضی اللہ تعالی عنہ سے طلب باراں میں توسل کرنا مروی ومشہور۔

حصن حصین میں ہے۔

وان یتوسل الی اللہ تعالی بانبیاءہ خ رمس والصالحین من عبادہ خ ۔

یعنی آداب دعا سے ہے کہ اللہ تعالی کی طرف اس کے انبیاء سے توسل کرے ۔ اسے بخاری وبزار وحاکم نے امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا، اور اللہ کے نیک بندوں کا وسیلہ پکڑے ۔ اسے بخاری نے انس رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا۔

اور سب سے زیادہ وہ حدیث صحیح ومشہور ہے جسے نسائی وترمذی وابن ماجہ وحاکم وبیہقی و طبرانی وابن خزیمہ نے عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا اور طبرانی وبیہقی نے صحیح اور ترمذی نے حسن غریب اور حاکم نے برشرط بخاری ومسلم صحیح کہا، اور حافظ امام عبدالعظیم منذری وغیرہ ائمہ نقد وتنقیح نے اس کی تصحیح کو مسلم ومقرر رکھا جس میں حضور اقدس ملجاء بیکساں ملاذ

دو جہاں افضل صلوات اللہ تعالیٰ وتسلیماتہ علیہ وعلی ذریاتہ نے نابینا کو دعا تعلیم فرمائی کہ بعد نماز کہے،

اللھم انی اسئلک و اتو جہ الیک بنبیک محمد نبی الرحمۃ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا محمد ای اتو جہ بک الی ربی فی حاجتی ھذہ لتقضی لی اللھم فشفعہ فی ۔

الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں اور تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں بوسیلہ تیرے نبی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کہ مہربانی کے نبی ہیں یا رسول اللہ! میں حضور کے وسیلے سے اپنے رب کی طرف اس حاجت میں توجہ کرتا ہوں کہ میری حاجت روا ہو۔ الٰہی! ان کی شفاعت میرے حق میں قبول فرما۔

اور لطف یہ ہے کہ بعض روایات حصن حصین میں ''لتقضی لی'' بصیغہ معروف واقع ہوا یعنی یا رسول اللہ میں آپ کے توسل سے خدا کی طرف توجہ کرتا ہوں کہ آپ میری حاجت روائی کردیں۔

مولانا فاضل علی قاری علیہ رحمۃ الباری حرزثمین شرح حصن حصین میں فرماتے ہیں:

و فی نسختہ بصیغہ فاعل ای لتقضی الحاجۃ لی والمعنی تکون سببا لحصول حاجتی و وصول مرادی فالا سناد مجازی ۔ اہ ۔

اور ایک نسخہ میں معروف کا صیغہ ہے یعنی تو میری حاجت روائی فرما اور معنی یہ کہ آپ میری حاجت روائی کا سبب بنیں۔ پس یہ اسناد مجازی ہے۔

اور حدیث نفیس مذیل بطرا زگراں بہائے تصحیح امام ابوالقاسم سلیمن طبرانی کے پاس یوں ہے۔

یعنی ایک حاجتمند اپنی حاجت کے لئے امیر المومنین عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں آتا، امیر المومنین نہ اس کی طرف التفات کرتے نہ اس کی حاجت پر نظر فرماتے۔ اس نے عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس امر کی شکایت کی، انہوں نے فرمایا: وضو کر کے مسجد میں دو رکعت نماز پڑھ پھر یوں دعا مانگ، الٰہی! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نبی رحمت کے وسیلے سے توسل کرتا ہوں، یا رسول اللہ! میں حضور کے

Marfat.com

توسل سے اپنے رب کی طرف متوجہ ہوتا ہوں کہ میری حاجت روا فرمائی جائے اور اپنی حاجت کا ذکر کر، شام کو پھر میرے پاس آنا کہ میں بھی تیرے ساتھ چلوں، حاجت مند نے یوں ہی کیا پھر آستانہ خلافت پر حاضر ہوا، دربان آیا اور ہاتھ پکڑ کر امیر المومنین کے حضور لے گیا۔ امیر لمومنین نے اپنے ساتھ مسند پر بٹھایا، مطلب پوچھا عرض کیا فورا پورا فرمایا اور ارشاد کیا: اتنے دنوں میں اس وقت تم نے اپنا مطلب بیان کیا، پھر فرمایا: جو حاجت تمہیں پیش آیا کرے ہمارے پاس چلے آیا کرو۔ وہ شخص وہاں سے نکل کر عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالی عنہ سے ملا اور کہا اللہ تمہیں جزائے خیر دے، امیر المومنین میری حاجت پر نظر اور میری طرف التفات نہ فرماتے تھے یہاں تک کہ آپ نے ان سے میرے بارے میں عرض کی، عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ نے فرمایا: خدا کی قسم میں نے تو تیرے معاملے میں امیر المومنین سے کچھ بھی نہ کہا، مگر ہوا یہ کہ میں نے سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو دیکھا حضور کی خدمت اقدس میں ایک نابینا حاضر ہوا اور نا بینائی کی شکایت کی حضور نے یوں ہی اسے ارشاد فرمایا کہ وضو کر کے دو رکعت پڑھے پھر یہ دعا کرے، خدا کی قسم! ہم اٹھنے بھی نہ پائے تھے، باتیں ہی کر رہے تھے کہ وہ ہمارے پاس آیا گویا کبھی اندھا ہی نہ تھا۔

**تنبیہ:** ۔ ایھا المسلمون! حضرات منکرین کی غایت ودیانت سخت محل افسوس وعبرت، اس حدیث جلیل کی عظمت رفیعہ وجلالت منیعہ اوپر معلوم ہو چکی اور اس میں ہم اہل سنت و جماعت کے لئے جواز استمداد اور التجاء ہنگام توسل، ندائے محبوبان خدا کا بحمد اللہ کیا روشن وواضح ومبین ثبوت جس سے اہل انکار کو کہیں مفر نہیں۔ اب ان کے ایک بڑے عالم مشہور نے باوجود اس قدر دعوی بلند علم وتدین کے اپنے مذہب کی حمایت بیجا میں صریح بیبا کی وشوخ چشمی کو کام فرمایا ہے ،انہیں اس سے شرم چاہئے تھی، حضرت نے حصن حصین شریف کا ترجمہ لکھا جب اس حدیث پر آ ئے اس کی قاہر شوکت عظیم عزت نے جرائت نہ کرنے دی کہ نفس متن میں اس پر لعن طعن فرما ئیں اور ادھر پاس مشرب، ناخن بدل جوش عصبیت تاب کسل، ناچار حاشیہ کتاب پر یوں ہجوم ہموم کی تسکین فرمائی کہ۔

ایک راوی اس حدیث میں عثمان بن خالد بن عمر بن عبد اللہ جو متروک ہے جیسا کہ تقرب میں موجود ہے اور متروک الحدیث راویوں کی حدیث حجت کے قابل نہیں ہوتی۔ انا للہ

Marfat.com

وانا الیہ راجعون۔

انصاف ودیانت کا تو یہ مقتضی تھا کہ جب حق واضح ہوگیا تھا تسلیم فرماتے اور ارشاد مفترض الانقیاد حضور پورنور سید عالم صلوات اللہ وسلامہ علیہ وعلی آلہ الامجاد کی طرف رجوع لاتے، نہ کہ خواہی نخواہی بزور تحریف ایسی صحیح رجیح حدیث کی جس کی اس قدر ائمہ محدثین نے ایک زبان تصحیح فرمائی، معاذ اللہ ساقط ومردود قرار دیجئے اور انتقام خدا ومطالبہ حضور سید عالم روز جزاء علیہ افضل الصلوۃ والثناء کا کچھ خیال نہ کیجئے۔ اب حضرات منکرین کے تمام ذی علموں سے انصاف طلب کہ اس حدیث کا راوی عثمان بن خالد بن عمر بن عبداللہ متروک الحدیث ہے جس سے ابن ماجہ کے سوا کتب ستہ میں کہیں روایت نہیں ملی۔ یا عثمان بن عمر بن فارس عبدی بصری ثقہ جو صحیح بخاری وصحیح مسلم وغیرہما تمام کتب صحاح کے رجال سے ہیں۔ کاش اتنا ہی نظر فرمالیتے کہ جو حدیث کئی صحاح میں مروی اس کا مدار روایت وہ شخص یونکر ممکن جو ابن ماجہ کے سوا کسی کے رجال سے نہیں۔ وائے بیبا کی مشہور ومتداول صحاح کی حدیث جن کے لاکھوں نسخے ہزاروں بلاد میں موجود ان کی اسانید میں صاف من عثمن بن عمر مکتوب۔ پھر کیا کہا جائے کہ ابن عمر کا بن خالد بنالینا کس درجہ کی حیاو دیانت ہے۔ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

اور سنئے ابن السنی عبداللہ بن مسعود اور بزار عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہم سے راوی حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہیں

اذا انفلتت دابۃ احدکم بارض فلاۃ فلیناد یا عباد اللہ احبسوا فان للہ تعالی عبادا فی الارض تحبسہ۔

جب تم میں کسی کا جانور جنگل میں چھوٹ جائے تو چاہئے کہ یوں ندا کرے، اے خدا کے بندو! روک لو، کہ اللہ تعالی کے کچھ بندے زمیں میں ہیں جو اسے روک لیں گے۔

بزار کی روایت میں یوں ہے کہے۔ اعینوا یا عباد اللہ۔

مدد کرو اے خدا کے بندو۔

سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہما ان لفظوں کے بعد، رحمکم اللہ۔ اللہ تم پر رحم کرے۔ اور زیادہ فرماتے ہیں۔ رواہ ابن ابی شیبۃ فی مصنفہ، اسے ابن ابی شیبہ نے اپنی کتاب مصنف میں روایت کیا۔

Marfat.com

امام نووی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اذکار میں فرماتے ہیں:

ہمارے بعض اساتذہ نے کہ عالم کبیر تھے ایسا ہی چھوٹا جانور فورا روکا رک گیا۔

اور فرماتے ہیں:

ایک بار ہمارا ایک جانور چھٹ گیا، لوگ عاجز آگئے ہاتھ نہ لگا، میں نے یہی کلمہ کہا فورا رک گیا، جس کا اس کہنے کے سوا کوئی سبب نہ تھا۔ نقلہ سیدی علی القاری فی حرز الثمین۔

ملا علی قاری نے اسے حرز ثمین میں نقل کیا ہے۔

امام طبرانی سیدنا عتبہ بن غزوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور پر نور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اذا ضل احدکم شیئا و اراد عونا و هو بارض لیس بها انیس فلیقل یا عباد الله اعینونی فان لله عبادا لا یراهم۔

جب تم میں سے کوئی شخص سنسان جگہ میں بہکے بھولے یا کوئی چیز گم کردے اور مدد مانگنی چاہے تو یوں کہے: اے اللہ کے بندو میری مدد کرو۔ اے اللہ کے بندو میری مدد کرو۔ اے اللہ کے بندو میری مدد کرو۔ کہ اللہ کے کچھ بندے ہیں جنہیں یہ نہیں دیکھتا۔

عتبہ بن غزوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

قد جرب ذلك، بالیقین یہ بات آزمائی ہوئی ہے۔ رواہ الطبرانی ایضا۔ اسے طبرانی نے بھی روایت کیا ہے۔

فاضل علی قاری علامہ میرک سے، وہ بعض علمائے ثقات سے ناقل۔ ھذا حدیث حسن۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور ارشاد فرمایا: مسافروں کو اس کی ضرورت ہے اور فرمایا: مشائخ کرام قدست اسرارھم سے مروی ہوا۔ انہ مجرب قرن به النجح۔ یہ مجرب ہے اور مراد ملنی اس کے ساتھ مقرون۔ ذکرہ فی الحرز الثمین۔ اس کو حرز ثمین میں ذکر کیا ہے۔

ان احادیث میں جن بندگان خدا کو وقت حاجت پکارنے اور ان سے مدد مانگنے کا صاف حکم ہے وہ ابدال ہیں کہ ایک قسم ہے اولیاء کرام سے۔ قدس اللہ تعالیٰ اسرارھم و افاض علینا انوارھم۔ یہی قول اظہر واشہر ہے۔ کما نص علیہ فی الحرز الوصین۔ جیسا کہ حرز

Marfat.com

الوصین میں اس کی تصریح کی گئی ہے۔

اور ممکن کہ ملائکہ یا مسلمان صالح جن مراد ہوں وکیف ما کان ایسے توسل وندا کوشرک و حرام اور منافی توکل واخلاص جاننا معاذ اللہ شرع مطہرہ کو اصلاح دینا ہے۔

**تنبیہ:۔** یہاں تو حضرات منکرین کے انہیں عالم نے یہ خیال فرما کر کہ معجم طبرانی بلاد ہند میں متداول نہیں بے خوف وخطر خاص متن ترجمہ میں اپنے زور علم ودیانت وجوش تقوی کا جلوہ دکھایا فرماتے ہیں:

اس حدیث کے راویوں میں سے عتبہ بن غزوان مجہول الحال ہے، تقوی اور عدالت اس کی معلوم نہیں جیسا کہ کہا ہے تقریب میں کہ نام ایک کتاب کا اسماء الرجال کی کتابوں سے۔

**اقول:** مگر بحمد اللہ آپ کا تقوی وعدالت تو معلوم کیا طشت از بام ہے، خدا کی شان کہاں عتبہ بن غزوان بن مازنی رقاشی کہ طبقہ ثالثہ سے ہیں جنہیں تقریب میں مجہول الحال اور میزان میں لایعرف کہا۔ اور کہاں اس حدیث کے راوی عتبہ بن غزوان بن مازنی بدری کہ سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے جلیل القدر مہاجر ومجاہد غزوۂ بدر ہیں جن کی جلالت شان بدر سے روشن مہر سے ابین رضی اللہ تعالی عنہ وارضاہ۔ مترجم صاحب دیباچہ ترجمہ میں معترف کہ حرز ثمین ان کے پیش نظر ہے، شاید اس حرز میں یہ عبارت تو نہ ہوگی،

رواه الطبراني عن زيد بن علي بن عتبة بن غزوان رضي الله تعالى عنه عن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم۔

اس کو طبرانی نے زید بن علی سے انہوں نے عتبہ بن غزوان رضی اللہ تعالی عنہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے روایت کیا۔

یا جس تقریب کا آپ نے حوالہ دیا ہے اس میں خاص برابر کی سطر میں یہ تحریر تو نہ تھی۔

عتبة بن غزوان بن جابر المزني صحابي جليل مهاجر بدري مات سبعة عشر اه ملخصا۔

عتبہ بن غزوان بن جابر المزنی صحابی جلیل بدری اور مہاجر ہیں جن کا وصال ۱۷ھ میں ہوا۔ اھ

پھر کون سے ایمان کا مقتضی ہے کہ اپنے مذہب فاسد کی حمایت میں ایسے صحابی رفیع

الشان عظیم المکان کو بزور زبان و بزور جنان درجہ صحابیت سے طبقہ ثالثہ میں لا ڈالے اور شمس عدالت و بدر جلالت کو معاذ اللہ مردود الروایہ و مطعون جہالت کی بنانے کی بدراہ نکالے۔

ولکن صدق نبینا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم :اذا لم تستحی فاصنع ماشئت۔

لیکن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تجھے حیا نہیں تو پھر جو چاہے کر۔

مسلمان دیکھیں کہ حضرات منکرین انکار حق واصرار باطل میں کیا کچھ کر گزرے پھرا دعائے حقانیت گویا بے تمیز کا وضوئے محکم ہے۔لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

خیر یہ تو حدیثیں تھیں ،اب شاہ ولی اللہ صاحب کی سنئے ،اپنے قصیدۂ اطیب النغم کی شرح میں پہلی بسم اللہ یہ لکھتے ہیں کہ۔

لابدست از استمداد بروح آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی روح پاک سے مدد حاصل کرنا ضروری ہے۔

اسی میں ہے۔

بنظر نمی آید مرا مگر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہ جائے دست زدن اندوہگیں است در ہر شدتے۔

مجھے ہر مصیبت میں اور ہر پریشان حال کے لئے حضور علیہ الصلوۃ والسلام کا دست تصرف ہی نظر آتا ہے۔

اسی میں ہے۔

بہترین خلق خدااست در خصلت و در شکل و نافع ترین ایشاں ست مردماں را نزدیک ہجوم حوادث زماں۔

زمانے کے حوادث میں لوگوں کے لئے آپ سے بڑھ کر کوئی نافع نہیں ہے۔

اسی میں ہے۔

فصل یازدہم در ابتہال بجناب آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رحمت فرستد بر تو خدائے تعالیٰ اے بہترین کسیکہ امید داشتہ شود اے بہترین عطا کنندہ۔

گیارہویں فصل حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مدح میں ہے۔بہترین مددگار اور

جائے امید اور بہترین عطا کرنے والے! آپ پر اللہ تعالیٰ کی بے شمار رحمتیں ہوں۔

اسی میں ہے۔

اے بہترین کسیکہ امید داشتہ شود برائے ازالہ مصیبتے۔

اے بہترین امید گاہ مصیبتوں کے ازالہ کے لئے۔

اسی میں ہے۔ تو پناہ دہندہ منی از ہجوم کردن مصیبتے وقتی کہ بخلاند در دل بدترین چنگالہا را۔

آپ مجھے ہر ایسی مصیبت میں جو دل میں بدترین اضطراب پیدا کرے پناہ دیتے ہیں

اور قصیدہ ہمزیہ کی شرح میں تو قیامت ہی توڑ گئے، لکھتے ہیں۔

آخر حالت کہ ثابت است مادح آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وقتیکہ احساس کند نا رسائی خود را از حقیقت ثنا ضراعۃ (بالفتح) خواری وزاری، ابتہال و اخلاص در دعا آں است کہ ندا کند زار و خوار شدہ بشکستگی دل و اظہار بے قدری خود با خلاص در مناجات و پناہ گرفتن بایں طریق، اے رسول خدا اے بہترین مخلوقات عطائے ترا می خواہم روز فیصل کردن۔

مایوسی کے وقت مدح کرنے والے کی آخری حالت میں یہ دعا اور ثنا ہونی چاہئے کہ وہ اپنے کو انتہائی گریہ وزاری اور دل جمعی اور اظہار بے قدری میں خلوص کے ساتھ پناہ حاصل کرتے ہوئے مناجات کرے اور کہے: کہ اے رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، اے اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں بہترین ذات، قیامت کے روز میں آپ کی عطا کا خواستگار ہوں۔

اسی میں ہے۔

وقتیکہ فرود آید کار عظیم در غایت تاریکی پس توئی پناہ از ہر بلا۔

جب کوئی کام تاریکی کی گہرائی میں گر جائے تو آپ ہی ہر بلا میں پناہ دیتے ہیں۔

اسی میں ہے۔

بسوئے توست آوردن من و بہ توا ست پناہ گرفتن من و در توا ست امید داشتن من۔

میری جائے پناہ، میری جائے امید اور میرے مرجع آپ ہی ہیں۔

بالجملہ بندگان خدا اسے توسل کو اخلاص و توکل کے خلاف نہ جانے گا مگر سخت جاہل محروم یا ضال و مکابر ملوم۔ رہا۔ اس نماز غوثیہ کے افعال پر کلام۔

Marfat.com

اولا: جب اس کی ترغیب خود حضور پرنور غوث اعظم رضی تعالٰی عنہ کے ارشاد سے ثابت تو مدعی تسنن کو کیا گنجائش انکار، خود منکرین کی زبانیں اس شہادت میں ہمارے دل وزبان کی شریک ہیں کہ وہ جناب اتباع قرآن وحدیث اقتضائے سنت سنیہ ومراعات سیرت صحابہ واجماع محدثات شنیعہ والتزام احکام شرعیہ پر استقامت کاملہ رکھتے تھے۔ رضی اللہ عنہا و ارضاو امد نافی الدا رین بنعماہ آمین۔

(فتاوی رضویہ جدید ۷/۵۸۴ تا ۵۹۳)

اللہ تعالٰی کی طرف وسیلہ رسول صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ہیں اور رسول صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی طرف وسیلہ مشائخ کرام ہیں اور سلسلہ بہ سلسلہ جس طرح اللہ عزوجل تک بے وسیلہ رسائی محال قطعی ہے یوں ہی رسول صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم تک رسائی بے وسیلہ دشواری عادی ہے ۔احادیث سے ثابت کہ رسول صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم صاحب شفاعت ہیں، اللہ عزوجل کے حضور وہ شفیع ہوں گے اور ان کے حضور علماء و اولیاء اپنے متوسلوں کی شفاعت کریں گے، مشائخ کرام دنیا و دین، نزع وقبر وحشر سب حالتوں میں اپنے مرید کی امداد فرمائیں گے۔ میزان الشریعہ میں ارشاد فرمایا۔

تحقیق ہم نے ذکر کیا ہے کتاب الاجوبہ عن ائمۃ الفقہاء والصوفیاء میں کہ ائمہ فقہاء اور صوفیا سب کے سب اپنے متبعین کی شفاعت کریں گے اور وہ اپنے متبعین اور مریدین کی نزاع کی حالت میں روح کے نکلنے اور منکر ونکیر کے سوالات، نشر وحشر اور حساب ومیزان عدل پر اعمال تولنے اور پل صراط پر گزرنے کے وقت ملاحظہ فرماتے ہیں۔ اور تمام مواقف میں سے کسی ٹھرنے کی جگہ سے غافل نہیں ہوتے، اس محتاج بے دست و پاسے بڑھ کر احمق کون، اور اپنی عافیت کا دشمن کون جو اپنی سختیوں کے وقت اپنے مددگار نہ بنائے۔

حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

استکثروا من الاحوال فان لکل مومن شفاعۃ یوم القیمۃ۔

اللہ کے بکثرت نیک بندوں سے رشتہ وعلاقہ محبت پیدا کرو۔ کہ قیامت میں ہر مسلمان کامل کو شفاعت دی جائے گی کہ اپنے علاقہ والوں کی شفاعت کرے۔ رواہ البخاری فی تاریخہ عن انس بن مالک رضی تعالٰی عنہ ۔اور بالفرض معاذ اللہ اور کچھ نہ ہوتا تو نبی صلی

Marfat.com

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک اتصال سلسلہ کی برکت کیا تھوڑی تھی جس کے لئے علمائے کرام آج تک حدیث کی سندیں لیتے ہیں یہاں تک رتن ہندی وغیرہ کے اسانید سے طلب برکت کرتے ہیں ۔امام ابن حجر عسقلانی اصابہ فی تمیز الصحابۃ میں فرماتے ہیں:

کوچ کرنے والے محدث جمال الدین محمد بن احمد امیں اقشہری مدینہ منورہ میں رہائش پذیرے سے خبر دیا گیا میں، اپنی فوائد رحلت میں بیان کیا کہ ہم سے ابوالفضل اور ابوالقاسم ابن عبداللہ ابن ابراہیم بن میق الوائی معروف ساتھ ابن جبار عدوی کے ذکر کیا اپنی سند حدیث حضرت خواجہ رتن سے فرمایا اور ذکر کیا خواجہ رتن بن عبداللہ نے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معیت میں غزوہ خندق میں حاضر ہوئے اور آپ نے اس حدیث کو سنا اور ہندوستان کے شہروں میں واپس آئے اور وہاں فوت ہوئے اور سات سو سال تک زندہ رہے۔ اور ۵۹۶ھ میں وفات پائی۔ اور اقشہری نے فرمایا: اس سند سے برکت حاصل کی جاتی ہے، اگرچہ اس کے صحت کا وثوق و اعتماد نہیں ہے، تو سلاسل اسانید اولیاء کرام کا کیا کہنا خصوصا سلسلہ عالیہ علیہ حضور پرنور سیدنا غوث اعظم قطب عالم صلی اللہ علی جدہ الکریم وعلیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

کہ میرا ہاتھ میرے مرید پر ایسا ہے جیسے زمیں پر آسمان، اور فرماتے ہیں: میرے مرید کا پاؤں پھسلے گا میں ہاتھ پکڑلوں گا اسی لئے حضور کو پیر دستگیر ہاتھ پکڑنے والا کہتے ہیں، اور فرماتے ہیں: اگر میرا مرید مشرق میں ہو اور میں مغرب میں ہوں اس کا پردہ کھلے میں ڈھانک دوں گا۔ اور فرماتے ہیں: مجھے ایک دفتر دیا گیا حد نگاہ تک کہ اس میں میرے مریدوں کے نام تھے قیامت تک اور مجھ سے فرمایا: وھبتھم لک۔ یہ سب ہم نے تمہیں دے ڈالے۔ رواہ الائمۃ الثقات۔

(بیعت وخلافت کے احکام ۱۲ تا ۱۴)

**(۴۳ تا ۵۰) وَكَيْفَ يُحَكِّمُونَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰةُ فِيهَا حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ ط وَمَا أُولٰئِكَ بِالْمُؤْمِنِينَ ۔☆**

**إِنَّا أَنْزَلْنَا التَّوْرٰةَ فِيهَا هُدًى وَنُورٌ ج يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّونَ الَّذِينَ أَسْلَمُوا لِلَّذِينَ هَادُوا وَالرَّبّٰنِيُّونَ وَالْأَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوا عَلَيْهِ شُهَدَاءَ ج فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوا بِاٰيٰتِي ثَمَنًا**

Marfat.com

قَلِیۡلًا ؕ وَمَنۡ لَّمۡ یَحۡکُمۡ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰہُ فَاُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡکٰفِرُوۡنَ ۔☆

وَکَتَبۡنَا عَلَیۡہِمۡ فِیۡہَاۤ اَنَّ النَّفۡسَ بِالنَّفۡسِ ۙ وَالۡعَیۡنَ بِالۡعَیۡنِ وَالۡاَنۡفَ بِالۡاَنۡفِ وَالۡاُذُنَ بِالۡاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَالۡجُرُوۡحَ قِصَاصٌ ؕ فَمَنۡ تَصَدَّقَ بِہٖ فَہُوَ کَفَّارَۃٌ لَّہٗ ؕ وَمَنۡ لَّمۡ یَحۡکُمۡ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰہُ فَاُولٰٓئِکَ ہُمُ الظّٰلِمُوۡنَ ۔☆

وَقَفَّیۡنَا عَلٰۤی اٰثَارِہِمۡ بِعِیۡسَی ابۡنِ مَرۡیَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیۡنَ یَدَیۡہِ مِنَ التَّوۡرٰىۃِ وَاٰتَیۡنٰہُ الۡاِنۡجِیۡلَ فِیۡہِ ہُدًی وَّنُوۡرٌ ۙ وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَیۡنَ یَدَیۡہِ مِنَ التَّوۡرٰىۃِ وَہُدًی وَّمَوۡعِظَۃً لِّلۡمُتَّقِیۡنَ ۔☆

وَلۡیَحۡکُمۡ اَہۡلُ الۡاِنۡجِیۡلِ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰہُ فِیۡہِ ؕ وَمَنۡ لَّمۡ یَحۡکُمۡ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰہُ فَاُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡفٰسِقُوۡنَ ۔☆

وَاَنۡزَلۡنَاۤ اِلَیۡکَ الۡکِتٰبَ بِالۡحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیۡنَ یَدَیۡہِ مِنَ الۡکِتٰبِ وَمُہَیۡمِنًا عَلَیۡہِ فَاحۡکُمۡ بَیۡنَہُمۡ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰہُ وَلَا تَتَّبِعۡ اَہۡوَآءَہُمۡ عَمَّا جَآءَکَ مِنَ الۡحَقِّ ؕ لِکُلٍّ جَعَلۡنَا مِنۡکُمۡ شِرۡعَۃً وَّمِنۡہَاجًا ؕ وَلَوۡ شَآءَ اللّٰہُ لَجَعَلَکُمۡ اُمَّۃً وَّاحِدَۃً وَّلٰکِنۡ لِّیَبۡلُوَکُمۡ فِیۡ مَاۤ اٰتٰکُمۡ فَاسۡتَبِقُوا الۡخَیۡرٰتِ ؕ اِلَی اللّٰہِ مَرۡجِعُکُمۡ جَمِیۡعًا فَیُنَبِّئُکُمۡ بِمَا کُنۡتُمۡ فِیۡہِ تَخۡتَلِفُوۡنَ ۔☆

وَاَنِ احۡکُمۡ بَیۡنَہُمۡ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰہُ وَلَا تَتَّبِعۡ اَہۡوَآءَہُمۡ وَاحۡذَرۡہُمۡ اَنۡ یَّفۡتِنُوۡکَ عَنۡۢ بَعۡضِ مَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰہُ اِلَیۡکَ ؕ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاعۡلَمۡ اَنَّمَا یُرِیۡدُ اللّٰہُ اَنۡ یُّصِیۡبَہُمۡ بِبَعۡضِ ذُنُوۡبِہِمۡ ؕ وَاِنَّ کَثِیۡرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوۡنَ ۔☆

اَفَحُکۡمَ الۡجَاہِلِیَّۃِ یَبۡغُوۡنَ ؕ وَمَنۡ اَحۡسَنُ مِنَ اللّٰہِ حُکۡمًا لِّقَوۡمٍ یُّوۡقِنُوۡنَ ۔☆

اور وہ تم سے کیونکر فیصلہ چاہیں گے حالانکہ ان کے پاس توریت ہے جس میں اللہ کا حکم موجود ہے بایں ہمہ اسی سے منہ پھیرتے ہیں اور وہ ایمان لانے والے نہیں۔

بیشک ہم نے توریت اتاری اس میں ہدایت اور نور ہے اس کے مطابق یہود کو حکم دیتے تھے ہمارے فرمانبردار نبی اور عالم اور فقیہ کہ ان سے کتاب اللہ کی حفاظت چاہی گئی تھی اور وہ اس پر گواہ تھے تو لوگوں سے خوف نہ کرو اور مجھ سے ڈرو اور میری آیتوں کے بدلے ذلیل قیمت نہ لو

اور جو اللہ کے اتارے پر حکم نہ کرے وہی لوگ کافر ہیں۔

اور ہم نے توریت میں ان پر واجب کیا کہ جان کے بدلے جان اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت اور زخموں میں بدلہ ہے پھر جو دل کی خوشی سے بدلہ کرادے تو وہ اس کا گناہ اتار دے گا اور جو اللہ کے اتارے پر حکم نہ کرے تو وہی لوگ ظالم ہیں۔

اور ہم ان نبیوں کے پیچھے ان کے نشان قدم پر عیسی ابن مریم کو لائے تصدیق کرتا ہوا توریت کی جو اس سے پہلے تھی اور ہم نے اسے انجیل عطا کی جس میں ہدایت اور نور ہے اور تصدیق فرماتی ہے توریت کی کہ اس سے پہلی تھی اور ہدایت اور نصیحت پرہیزگاروں کو۔

اور چاہئے کہ انجیل والے حکم کریں اس پر جو اللہ نے اس میں اتارا اور جو اللہ کے اتارے پر حکم نہ کریں تو وہی لوگ فاسق ہیں۔

اور اے محبوب ہم نے تمہاری طرف سچی کتاب اتاری اگلی کتابوں کی تصدیق فرماتی اور ان پر محافظ و گواہ تو ان میں فیصلہ کرو اللہ کے اتارے سے اور اے سننے والے ان کی خواہشوں کی پیروی نہ کرنا اپنے پاس آیا ہوا حق چھوڑ کر ہم نے تم سب کے لئے ایک ایک شریعت اور راستہ رکھا اور اللہ چاہتا تو تم سب کو ایک ہی امت کر دیتا مگر منظور یہ ہے کہ جو کچھ تمہیں دیا اس میں تمہیں آزمائے تو بھلائیوں کی طرف سبقت چاہو تم سب کا پھرنا اللہ ہی کی طرف ہے تو وہ تمہیں بتادے گا جس بات میں تم جھگڑتے تھے۔

اور یہ کہ اے مسلمان اللہ کے اتارے پر حکم کر اور ان کی خواہشوں پر نہ چل اور ان سے بچتا رہ کہ کہیں تجھے لغزش نہ دے دیں کسی حکم میں جو تیری طرف اترا پھر اگر وہ منہ پھیریں تو جان لو کہ اللہ ان کے بعض گناہوں کی سزا ان کو پہونچایا چاہتا ہے اور بیشک بہت آدمی بے حکم ہیں۔

تو کیا جاہلیت کا حکم چاہتے ہیں اور اللہ سے بہتر کس کا حکم یقین والوں کے لئے۔

## ﴿۱۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

تکذیب قرآن ان کی نئی نہیں، ان کے عظیم لیڈر ان ابوالکلام آزاد نے ''الہلال'' میں سیدنا عیسی علی نبینا علیہ الصلاۃ والسلام کے نبی صاحب شریعت ہونے کا صاف انکار کیا اور منہ بھر کر قرآن عظیم کو جھٹلا دیا۔

Marfat.com

الہلال ۲۴ ستمبر ۱۹۱۳ء میں کہا: مسیح ناصری کا تذکرہ بیکار ہے، وہ شریعت موسوی کا ایک مصلح تھا جو خود کوئی صاحب شریعت نہ تھا، اس کی مثال مجدد کی سی تھی۔ وہ کوئی شریعت نہ لایا، اس کے پاس کوئی قانون نہ تھا، اس نے خود تصریح کر دی کہ میں توریت کو مٹانے نہیں بلکہ پورا کرنے آیا ہوں۔ (یوحنا ۵۱۳)

مسلمانو! اول تو روح اللہ کلمۃ اللہ رسول اللہ علیہ الصلوۃ والسلام کو کہنا کہ اس کا تذکرہ بیکار ہے۔

دوم بار بار موکد فقروں سے جمانا کہ وہ نبی صاحب شریعت نہ تھے۔

سوم نصاریٰ کی انجیل محرف سے سند لانا، اور وہ بھی محض بر بنائے جہالت وضلالت۔ کیا صاحب شریعت انبیاء اللہ کے اگلے کلاموں کو مٹانے آتے ہیں؟ حاشا بلکہ پورا ہی فرمانے کو، نسخ کے یہی معنی ہیں کہ اگلے حکم کی مدت پوری ہوگئی۔

خیر یہاں کہنا یہ ہے کہ ان فقروں سے آزاد صاحب نے پیٹ بھر کر قرآن کریم کی تکذیب کی۔ قرآن کریم قطعاً فرماتا ہے کہ مسیح علیہ الصلاۃ والسلام صاحب شریعت تھے۔

اولا: اس نے پہلے تورات مقدس کا ذکر فرمایا،

وعندهم التورة فيها حكم الله۔ (المائد ۔ ۴۳)

ان کے پاس تورات ہے اس میں اللہ کے حکم ہیں۔

اور فرمایا:

ومن لم يحكم بما انزل الله فاولئك هم الكافرون ۔ (المائدۃ ۔ ۴۴)

جو اللہ کے اتارے پر حکم نہ کریں وہی کافر ہیں۔

پھر مسیح علیہ الصلاۃ والسلام کو انجیل دینا بیان کر کے فرمایا:

وليحكم اهل الانجيل بما انزل الله ومن لم يحكم بما انزل الله فاولئك هم الفاسقون ۔ (المائدۃ ۔ ۴۷)

انجیل والے اللہ کے اتارے پر حکم کریں اور جو اللہ کے اتارے پر حکم نہ کریں وہی فاسق ہیں۔

ثانیا: اور صاف فرمادیا کہ دونوں کے بعد حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر قرآن

Marfat.com

**مجید اترنے کا ذکر کر کے فرمایا:**

لکل جعلنا منکم شرعۃ و منھا جا و لو شاء اللہ لجعلکم امۃ واحدۃ ۔

(المائدۃ ۔ ۴۸)

اے توریت وانجیل وقرآن والو! ہم نے تم میں ہر ایک کے لئے شریعت وراہ رکھی تو اللہ تعالی چاہتا تو تم سب کو گروہ واحد کر دیتا۔

ثالثا۔ کج فہم بلیدوں یا ہٹ دھرم عنیدوں کی اس سے بھی تسکین نہ ہو تو قرآن عظیم جھوٹوں کو راہ نہیں دیتا، اس نے نہایت روشن لفظوں میں بعض احکام توراۃ مقدس کا احکام انجیل مبارک سے منسوخ ہونا بتادیا، اپنے مسیح علیہ الصلوۃ والسلام کا قول ذکر فرماتا ہے:

مصدقا لما بین یدی من التوراۃ و لاحل لکم بعض الذی حرم علیکم ۔

(آل عمران ۔ ۵۰)

میں تمہارے پاس آیا ہوں سچا بتاتا اپنے آگے اتری کتاب توریت کو اور اس سے کہ میں تمہارے واسطے بعض وہ چیزیں حلال کردوں کہ تم پر تورات نے حرام فرمائی تھیں۔

اب بھی کسی مسلمان کو مسیح علیہ الصلوۃ والسلام کے صاحب شریعت ہونے میں شک ہوسکتا ہے، یا منکر بجہنم اس میں شک کرنے والا مسلمان ہوسکتا ہے، انجیل میں کئی جگہ ان احکام کی تفصیل بھی ہے کہ پہلے تم سے یہ فرمایا گیا تھا اور اب میں یہ کہتا ہوں۔ آزاد صاحب خاص اپنا اطمیںان چاہیں تو اپنی معتمد بائبل ہی کو دیکھ لیں، آزاد صاحب تو ابوالکلام ہیں، مواقع سخن سے خوب آگاہ ہیں، یہ تین آیات کریمہ تھیں۔ و لیحکم اھل الانجیل ۔ لکل جعلنا منکم۔ و لاحل لکم ۔ بلیغ الدھر نے جب ان کی تکذیب کی اور منہ پھاڑ کر کہدیا کہ مسیح صاحب شریعت نہ تھا، تو اسے بھی تین فقروں سے موکد کیا۔ اس کی مثال مجددکی سی تھی۔ وہ کوئی شریعت نہ لایا۔ اس کے پاس کوئی قانون نہ تھا۔ تا کہ ہر آیت کے مقابلہ کو ایک فقرہ تیار رہے۔ آیات قرآن پرواز کرنے کو یہ ان کی ذوالفقار ہے۔ بالجملہ ایک تکذیب وہ تھی کہ اسلام نے کچھ کافروں سے محبت کا حکم دیا، دوسری تکذیب وہ کہ مسلمیں وکافرین سب سے محبت اسلام کی اصل الاصول ہے، اور چار تکذیبیں ان چار فقروں سے، یہاں تک چھ تکذیبیں ہوئیں۔ ان چار پر کوئی گمان کرسکتا ہے کہ آزاد صاحب اب ترک موالات میں ہیں، نصاری سے بائیکاٹ اس زور سے کیا

Marfat.com

کہ ان کے نبی کو بھی بائیکاٹ کر دیا۔ اگر مسلمان اس پر معترضانہ کہیں کہ یہ تو سب انبیاء اور خود حضور سید الانبیاء علیہم وعلیہ افضل الصلوۃ والثناء کا بائیکاٹ ہوگیا کہ ایک نبی سے مقاطعہ تمام انبیاء سے مقاطعہ اور خود رب عزوجل سے مقاطعہ ہے۔ اب آپ کے ماننے کو اللہ کا کوئی نبی نہیں مل سکتا۔ پھر بھی وہ اس کی کیا پرواہ کرتے جب کہ کمیٹی کے نبی بالقوہ خواہ بالفعل گاندھی صاحب مذکر مبعوث من اللہ سلامت ہیں۔ یک درگیر ومحکم گیر۔ لیکن اسی الہلال کی جلد ۳ کی چار اور تکذیبیں اس بائیکاٹ کے بالکل خلاف ہیں۔

ص ۳۳۸ پر مسیح علیہ الصلاۃ والسلام کی نسبت کہا: یہودیوں نے ان کے سر پر کانٹوں کا تاج رکھا تاکہ وہ صلیب پر لٹائے جائیں اور جو لکھا ہے پورا ہو۔

یہ قرآن عظیم کی ساتویں تکذیب کی۔

وہ فرماتا ہے: وما صلبوہ۔ (النساء۔ ۱۵۷)

انہوں نے مسیح کو سولی نہ دی، نیز اسی صفحہ پر کہا: مسیح نے اپنی عظیم قربانی کی۔

اور صفحہ ۳۳۹ پر دو لفظ اور لکھے۔ ''مظلومانہ قربانی''۔ اور۔ ''خون شہادت'' یہ تینوں لفظ بھی قرآن عظیم کی تکذیب بتاتے ہیں۔

وہ فرماتا ہے: وما قتلوہ۔ (النساء۔ ۱۵۷)

انہوں نے مسیح کو قتل نہ کیا۔

یہاں تک پوری دس تکذیبیں ہوئیں۔ تلک عشرۃ کاملۃ۔ یہ پچھلی چار عین مذہب نصاریٰ ہیں۔ کیا قرآن عظیم کو جھٹلانے کے لئے نصاری سے بائیکاٹ کے بدلے میل ہو جاتا ہو۔ یعنی ملۃ واحدۃ۔ ہر شخص جس کے سر میں دماغ اور دماغ میں عقل کا ادنی جلوہ، پہلو میں دل اور دل میں اسلام کا کچھ بھی حصہ ہو، علانیہ دیکھ رہا ہے کہ آزاد صاحب کے ان اقوال میں تین کفر ہیں۔

(۱) کلام اللہ کی تکذیب۔

(۲) رسول کی توہین۔

(۳) شریعت اللہ کا انکار۔

اور پھر وہ قوم کے لیڈر ہیں، دین کے ریفارمر ہیں، سب لیڈروں کے سر ہیں،

فسبحان مقلب القلوب والابصار کذلک یطبع اللہ علی کل قلب متکبر جبار ۔ (الروم ۔ ۵۹)

اللہ تعالی تو پاک ہے تو دلوں اور آنکھوں کو پھیرنے والا ہے، اللہ یونہی مہر کردیتا ہے متکبر سرکش کے سارے دل پر۔

اذا کان الغراب دلیل قوم　　سیھدیھم طریق الھالکینا

جب قوم کا رہنما کوا ہوگا تو ان کو ہلاکت ہی دکھائے گا۔

کیا نہیں ڈرتے کہ

ہرکہ آزاد واز اسلام بود　　درسقر بندی آلام بود

جو اسلام سے آزاد ہوگا وہ مصیبتوں کی جہنم میں جکڑا جائے گا

آج کل کفر وارتداد و زندقہ والحاد کا گرم بازار ہے۔ ہر چہار طرف سے اللہ ورسول و قرآن پر گالیوں تکذیبوں کی بوچھار ہے، کفر بکنے والوں سے گلا نہیں، عجب عام مدعیان اسلام سے کہ ان کے نزدیک اللہ ورسول وقرآن سے زیادہ ہلکی عزت کسی کی نہیں۔ ان کے ماں باپ کو گالی دینا تو بڑی بات، کوئی انہیں تو تو کہہ کر دیکھے، اور اللہ ورسول پر گالیاں سنتے ہیں، چھپتے شائع ہوتے دیکھتے ہیں، اور تیوری پر بل نہیں آتا، بلکہ گالیاں دینے والوں سے میل جول یارانے دوستانے بدستور رہتے ہیں، ان کے اعزاز واکرام، القاب وآداب ویسے ہی منظور رہتے ہیں، صاف دلکشادہ جبیں گویا کسی نے کچھ کہا ہی نہیں نہیں نہیں بلکہ الٹی ان کی حمایت، انہیں برا کہنے والوں سے بغض وعداوت، ان کا حکم الہی ظاہر کرنے والا بے تہذیب وبدلگام ہے، تنگ کنندہ دائرہ اسلام ہے۔ عبدالماجد سے بدتر کافر آج کل شاید ہی کوئی ہو جس نے عیسی علیہ الصلوۃ والسلام کو مجہول النسب بچہ کہا، اور قرآن کو اپنے دعوی توحید میں کاذب و ناتمام ٹھہرایا، اور یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے اپنی تعظیم کی آیتیں تصنیف کرلیں، اور رنگ وروغن بڑھانے کو اپنی اہل بیت وازواج کی تعظیمیں بھی اضافہ کردیں۔ وغیرہ ملعونات کثیرہ۔ جب ان باتوں پر اس کی تکفیر ہوئی چار طرف سے کواگھار دوڑ پڑی، ناپاک اخباروں میں دفتر کے دفتر اس کی برائت میں سیاہ ہونے لگے، ایک کافر ہوا تھا اس کے پیچھے ہزاروں کے اسلام تباہ ہونے لگے، مگر جواب ایک حرف کا نہیں، بلکہ ڈھٹائی بے شرمی بیحیائی سے مکرنا، صاف دن میں ٹھیک دوپہر کو آفتاب کا

Marfat.com

انکار کرنا، وہ بے چارہ تو کوئی چیز نہ تھا "لا فی العیر ولا فی النفیر" نہ اونٹوں میں نہ چڑیوں میں یعنی کسی گنتی میں نہ تھا۔ جب اس کی حمایت میں وہ کچھ جوش، تو مسٹر ابوالکلام تو لیڈر کبیر، ان کا کفر ضرور خبیث اسلام بنے گا، ان کے مقابل اللہ ورسول وقرآن کی کون سنے گا، کھلے گمراہان لیڈران لیام کو جانے دو۔ بدایوں، شاہجہان پور، لکھنو، کانپور وغیرہ میں بڑے بڑے سنیت کا دم بھرنے والے بستے ہیں، دیکھئے تکذیب کلام اللہ، توہین رسول اللہ، انکار شریعت اللہ دیکھ کر ان میں کتنے اوکستے ہیں، مسٹر آزاد سے توبہ وقبول اسلام شائع کراتے ہیں اور نہ مانے تو ان سے بائیکاٹ مقاطعہ بناتے ہیں۔ حاشا نہ وہ توبہ واسلام شائع کریں، نہ یہ ہرگز ان کی موالات وتعظیم سے پھریں، تکذیب کی تو قرآن کی کی ان کی توبہ نہ کی۔ گالی دی تو رسول اللہ کو انہیں تو نہ دی۔ یہ تصویر جویان خود گم، ابھی حب للہ وبغض للہ کے مزے سے واقف ہی نہیں تم۔

قولوا اسلمنا ولما ید خل الایمان فی قلوبکم۔ (الحجرات۔ ۱۴)
کہو کہ ہم مطیع ہوئے اور ابھی ایمان تمہارے دلوں میں کہاں داخل ہوا

اور جن بندگان خدا کو ان کا حصہ ملا ہے ان پر چڑھتے ہو، ان کے سایہ سے کہ ان کا سایہ نہیں سایہ مصطفی ہے مستنفر ہو کر بچتے ہو، یہاں سے ان کے بائکاٹ اور ترک موالات کی حقیقت کھلتی ہے، مسلمان کا ایمان شاہد ہے کہ ترک بھائیوں کا سارا ملک چھین لیں، یا کعبہ معظمہ کو معاذ اللہ ایک ایک اینٹ کردیں ہرگز اللہ ورسول وقرآن کی تکذیب وتوہین کے برابر نہیں ہو سکتا۔ اگر ان کا وہ جوش، وہ نان کو آپریشن ۔(NON SO. OPERATION) کا خروش اللہ کے لئے ہوتا تو وہاں ایک حصہ تھا، ان سے ہزار حصے ہوتا، مگر یہاں ہزارواں حصہ بھی درکنار، وہی محبت وہی پیار، وہی تعظیم وہی تکریم، وہی دادودہش وہی اتحاد، وہی لیڈری وہی سروری، تو للہ انصاف، کیا آفتاب سے زیادہ روشن نہ ہوا کہ ہرگز انہیں دین سے غرض نہیں، نہ دین کے لئے ان کی کوششیں ہوئیں بلکہ سب جوش وخروش بہر نان ونوش، سوراج بس باقی ہوس ۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مسلمان کہلانے والو! اپنا ایمان سنبھالو، واحد قہار کے قہر سے ڈرو، حب للہ وبغض للہ کے سامان درست کرو، نیچری تہذیب اور ساختہ تادیب کے خواب غفلت سے جاگو، جس سے کلمہ تکذیب وتوہین خدا اور رسول سنو، تمہارا کیسا ہی معظم یا پیارا ہو دور کرو، دور بھاگو، خدا کے

دشمن کو دشمن مانو، اس سے تعلق کو آگ جانو، ورنہ عنقریب دیکھ لوگے کہ تمہارے قلوب مسخ ہوگئے، تمہارے ایمان نسخ ہوگئے۔

فستذ کرون ما اقول لکم و افوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر بالعباد۔ (الغافر۔ ٤٤)

من یضلل اللہ فما لہ من ھاد۔ (الرعد۔ ٣٣)

ومن یھد اللہ فما لہ من مضل۔ (الزمر۔ ٣٧)

تو جلد وقت آتا ہے جو کہ میں تم سے کہہ رہا ہوں اسے یاد کرو۔ اور میں اپنے کام اللہ کو سونپتا ہوں بیشک اللہ بندوں کو دیکھتا ہے۔ اور جسے اللہ گمراہ کرے اس کو کوئی ہدایت کرنے والا نہیں ۔اور جسے اللہ ہدایت دے اسے کوئی بہکانے والا نہیں۔

میں جانتا ہوں کہ حق کڑوا لگے گا، مگر کوئی مسلمان تو ایسا نکلے گا کہ رب کے حضور گردن جھکا تا سچے دل سے سنے دیکھے، حق و باطل کو میزان ایمان میں پرکھے۔ اور اگر سب پر وہی عناد و مکابرہ کا داغ، تو وما علینا الا البلاغ۔ اللھم الیک المشتکی و انت المستعان و علیک البلاغ والیک المصیر، و لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

ہماری ذمہ داری بات پہنچانا تھی، تیری بارگاہ میں درخواست ہے اور تو ہی مدد فرمانے والے، تیرا کام ہی بات موثر فرماتا ہے۔ اور لوٹنا تیری طرف ہے۔ برائی سے پھرنے اور نیکی کو بجالانے کی قوۃ اللہ بلند و عظیم کے بغیر نہیں ہوسکتی۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱۴/ ۱۵۶تا۱۶۱)

(۴۵) یعنی اگر عناداً ہو کہ حکم کو حق نہیں مانتا تو کافر ہے۔

(فتاوی رضویہ جدید ۸/ ۵۶۸)

(۴۶) شرعی احکام اور عرفی خیالات میں بہت تفاوت ہے۔ شریعت کا حکم تو یہ ہے کہ حاکم پر فرض ہے کہ مطابق احکام الہیہ کے حکم کرے، اگر خلاف حکم الہی کرے تو اس کی دوصورتیں ہیں۔ ایک عمداً اور ایک خطاء۔ عمداً کے لئے قرآن عظیم میں تین ارشاد ہوئے کہ:

من لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ھم الفاسقون۔ اولئک ھم الظالمون ۔اولئک ھم الکافرون۔

Marfat.com

جولوگ اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ تعلیمات کے مطابق فیصلہ نہیں کرتے وہ فاسق ہیں، وہ ظالم ہیں ،وہ کافر ہیں،

قرآن مجید ایسے حکم کو فسق وظلم وکفر فرماتا ہے، یعنی اگر عناداً ہو کہ حکم کو حق نہیں مانتا تو کافر ہے ورنہ ظالم وفاسق۔ اور اگر خطا ہو تو پھر اس کی دو قسمیں ہیں، ایک یہ کہ خطا بوجہ جہل ہو، یعنی علم نہ رکھتا تھا کہ صحیح احکام سے واقف ہوتا، یہ صورت بھی حرام وفسق ہے۔ صحیح حدیث میں قاضی کی تین قسمیں فرمائیں۔ قاض فی الجنۃ و القاضیان فی النار ،ایک قاضی جنت میں ہے اور دو قاضی دوزخ میں۔ وہ کہ عالم وعادل ہو جنت میں ہے، اور وہ کہ قصداً خلاف حکم کرے یا بوجہ جہل یہ دونوں نار میں ہیں، بوجہ جہل پر ناری ہونے کا یہ سبب ہے کہ اس نے ایسی بات پر اقدام کیا جس کی قدرت نہ رکھتا تھا، وہ جانتا تھا کہ میں عالم نہیں اور بے علم مطابق احکام ممکن نہیں، تو مخالفت احکام پر قصداً راضی ہوا۔ بلکہ اس سے اگر کوئی حکم مطابق شرع بھی صادر ہو جب بھی وہ مخالفت شرع کر رہا ہے کہ اس اتفاقی مطابقت کا اعتبار نہیں، لہذا حدیث میں فرمایا:

من قال فی القرآن برأیه فاصاب فقد اخطأ۔

جس نے قرآن میں اپنی رائے سے کچھ کہا اگر ٹھیک کہا تو غلط کہا۔

دوسری صورت خطا کی یہ ہے کہ عالم ہے احکام شرعیہ سے آگاہ ہے قابلیت قضاء رکھتا ہے، احکام الٰہیہ کے مطابق فیصلہ کرنا چاہا اور براہ بشریت غلط فہمی ہوئی۔ اس کی پھر دو صورتیں ہیں۔ اگر وہ مجتہد ہے اور اس کے اجتہاد نے خطا کی تو اس خطا پر اس کے لئے اجر ہے اور وہ فیصلہ جو اس نے کیا نافذ ہے، اور اگر مقلد ہے جیسے عموماً قاضیان زمانہ، اور جد وجہد میں اس نے کمی نہ کی اور فہم حکم میں اس سے غلطی واقع ہوئی اور ہے پورا عالم اور اس عہدہ جلیلہ کے قابل، تو اس کی یہ خطاء معاف ہے مگر وہ فیصلہ نافذ نہیں۔ یہ سب احکام قاضیان سلطنت اسلامیہ سابقہ کے لئے ہیں جو اسی کام کے لئے مقرر ہوئے تھے۔ کہ مطابق احکام الٰہیہ فیصلہ کریں بخلاف حال، کہ اکثر اسلامی سلطنتوں کے جن میں خود سلاطین نے احکام شرعیہ کے ساتھ اپنے گڑھے ہوئے باطل قانون بھی خلط کئے ہیں اور قاضیوں کو ان پر فیصلہ کرنے کا حکم ہے، ان کی شناعت کا کیا اندازہ ہو سکتا ہے کہ وہ اللہ ورسول کے حکم کے خلاف فیصلہ کرنے ہی پر مقرر ہوئے، ان اسلامی سلطنتوں کے ایسے قاضیوں کو بھی قاضی شرع کہنا حلال نہیں ہو سکتا، بلکہ اس کلمہ کے تہ میں جو

خباثت ہے قائل اگر اس پر آگاہ ہو اور اس کا ارادہ کرے تو قطعاً خارج از اسلام ہو جائے کہ اس نے باطل کا نام شرع رکھا۔ ولہذا ائمہ کرام نے اپنے زمانہ کے سلاطین کی نسبت فرمایا ہے کہ:

من قال لسلطان زماننا عادل فقد کفر۔ ہمارے زمانہ کے سلطان کو عادل کہنا کفر ہے۔

کہ خلاف احکام الٰہیہ حکم کرتے ہیں اور خلاف احکام الٰہیہ عدل نہیں ہو سکتا، عدل حق ہے تو اسے عدل کہنے کے یہ معنی ہوئے کہ خلاف احکام الٰہیہ حق ہے، تو معاذ اللہ احکام الٰہیہ ناحق ہوئے اور یہ کفر ہے۔ بہر حال جو قاضی خلاف احکام الٰہیہ حکم کرتا ہو ہرگز قاضی شرع نہیں ہو سکتا، جب قاضیان سلطنت اسلامیہ کے نسبت یہ احکام ہیں تو سلطنت غیر اسلامیہ کے احکام تو مقرر ہی اس لئے کئے جاتے ہیں کہ مطابق قانون فیصلہ کریں، رہی رجسٹراری اس میں اگرچہ کوئی حکم نہیں مگر وہ دستاویزیں سود کی بھی ہوتی ہے اور صحیح حدیث میں ہے:

لعن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اکل الربو و موکلہ و کاتبہ شاھدیہ و قال ھم سواء۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی سود کھانے والے اور سود دینے والے اور سود کا کاغذ لکھنے والے اور اس پر گواہیاں کرنے والوں پر اور فرمایا سب برابر ہیں۔

جمعہ وعیدین کی امامت پنج گانہ کی امامت سے بہت خاص ہے، امامت پنج گانہ میں صرف اتنا ضرور ہے کہ امام کی طہارت و نماز صحیح ہو۔ قرآن عظیم صحیح پڑھتا ہو، بدمذہب نہ ہو، فاسق معلن نہ ہو، پھر جو کوئی پڑھائے گا نماز بلاخلل ہو جائے گی بخلاف نماز جمعہ وعیدین کے، ان کے لئے شرط ہے کہ امام خود سلطان اسلام ہو یا اس کا ماذون، اور جہاں یہ نہ ہوں تو بضرورت عام مسلمانوں نے جمعہ وعیدین کا امام مقرر کیا ہو۔ کما فی الدر المختار وغیرہ۔

دوسرا شخص اگرچہ کیسا ہی عالم وصالح ہو ان نمازوں کی امامت نہیں کر سکتا ہے اگر کرے گا نماز نہ ہوگی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

(فتاوی رضویہ جدید ۸/۵۶۸۔۵۶۹)

(۴۷) جو شخص خلاف شریعت مطہرہ کے فیصلہ کرے اسے امام بنانا جائز نہیں۔

قال اللہ تعالیٰ: و من لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ھم الفاسقون۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جو لوگوں کے درمیان اللہ تعالیٰ کی تعلیمات کے مطابق فیصلہ نہیں

کرتے وہ لوگ فاسق ہیں۔

غنیہ میں ہے۔

لو قدموا فاسقا یاثمون۔

اگر فاسق کو لوگوں نے امام بنایا تو تمام گنہگار ہوں گے۔

اور اس کے پیچھے نماز سخت مکروہ ہے کما حققہ المحقق الحلبی فی الغنیۃ۔واللہ سبحانہ و تعالی اعلم و علمہ جل مجدہ اتم و احکم۔

(۵۱) یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْیَهُوْدَ وَ النَّصٰرٰۤى اَوْلِیَآءَ ۘۘ بَعْضُهُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ ؕ وَ مَنْ یَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ۔☆

اے ایمان والوں یہود ونصاری کو دوست نہ بناؤ وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں اور تم میں جو کوئی ان سے دوستی رکھے گا تو وہ انہیں میں سے ہے بے شک اللہ بے انصافوں کو راہ نہیں دیتا۔

## ﴿۱۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

فی الواقع جو بدعتی ضروریات دین میں سے کسی شئی کا منکر ہو باجماع مسلمین یقینا قطعا کافر ہے اگرچہ کروڑ بار کلمہ پڑھے، پیشانی اس کے سجدے میں ایک ورق ہوجائے۔ بدن اس کا روزوں میں ایک خاکہ رہ جائے۔ عمر میں ہزار حج کرے، لاکھ پہاڑ سونے کے راہ خدا پر دے۔ واللہ ہرگز ہرگز کچھ مقبول نہیں، جب تک حضور پرنور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی ان تمام ضروری باتوں میں جو وہ اپنے رب کے پاس سے لائے تصدیق نہ کرے، ضروریات اسلام اگر مثلا ہزار ہیں تو ان میں سے ایک کا بھی انکار ایسا ہے جیسا نوسوننانوے کا، آج کل جس طرح بعض بد دینوں نے یہ روش نکالی ہے کہ بات بات پر کفر وشرک کا اطلاق کرتے ہیں، اور مسلمان کو دائرہ اسلام سے خارج کہتے ہوئے مطلق نہیں ڈرتے، حالانکہ مصطفی علیہ افضل الصلوۃ والثنا فرماتے ہیں: فقد باء بہ احدھما، (ان دونوں میں سے ایک نے یہ حکم اپنے اوپر لاگو کیا) یونہی بعض مداہنوں پر یہ بلاٹوٹی ہے کہ ایک دشمن خدا سے صریح کلمات توہین آقائے عالمیان حضور پرنورسید

المرسلین الکرام صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا اور ضروریات دین کا انکار سنتے جائیں، اور اسے سچا پکا مسلمان بلکہ ان میں کسی کو افضل العلماء کسی کو امام الاولیاء، مانتے جائیں، یہ نہیں جانتے یا جانتے ہیں اور نہیں مانتے، کہ اگر انکار ضروریات بھی کفر نہیں ہے، تو عزیزو! بت پرستی میں کیا زہر گھل گیا ہے وہ بھی آخر اسی لئے کفر ٹھہری کہ اول ضروریات دین یعنی توحید الہی جل وعلا کے خلاف ہے، کہتے ہیں وہ کلمہ گو ہے، نماز پڑھتا ہے، روزے رکھتا ہے، ایسے ایسے مجاہدے کرتا ہے، ہم کیوں کر اسے کافر کہیں۔ ان لوگوں کے سامنے اگر کوئی کلمہ پڑھے، افعال اسلام ادا کرے، با آنہمہ مہادیو کو خدا مانے شاید جب بھی کافر نہ کہیں گے، مگر اس قدر نہیں جانتے کہ اعمال تو تابع ایمان ہیں، پہلے ایمان تو ثابت کرلو تو اعمال سے احتجاج کرو۔ ابلیس کے برابر تو یہ مجاہدے کا ہے کو ہوئے پھر اس کے کیا کام آئے، جو ان کے کام آئیں گے۔ آخر حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ایک قوم کی کثرت اعمال اس درجہ بیان فرمائی کہ

تحقرون صلوتکم مع صلوتهم وصیامکم مع صیامهم و کما قال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم۔

ان کی نمازوں کے مقابلے میں تم اپنی نمازوں کو اور ان کے روزوں کے مقابلے میں اپنے روزوں کو حقیر سمجھوگے، جیسا کہ حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے، پھر ان کے دین کا بیان فرمایا۔

یمرقون من الدین کما یمرق السهم من الرمیة۔

دین سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے پار نکل جاتا ہے۔

رہی کلمہ گوئی تو مجرد زبان سے کہنا ایمان کے لئے کافی نہیں، منافقین تو خوب زور وشور سے کلمہ پڑھتے حالانکہ ان کے لئے فی الدرك الاسفل من النار، (جہنم کی نچلی تہہ میں) کا فرمان ہے۔ والعیاذ باللہ۔

الحاصل ایمان تصدیق قلبی کا نام ہے اور وہ بعد انکار ضروریات کہاں، مثلا۔

جو رافضی اس قرآن مجید کو جو بفضل الہی ہمارے ہاتھوں میں موجود، ہمارے دلوں میں محفوظ ہے، عیاذا باللہ بیاض عثمانی بتائے، اس کے ایک حرف یا ایک نقطہ کی نسبت صحابہ یا اہل سنت یا کسی شخص کے گھٹانے یا بڑھانے کا دعوی کرے۔

Marfat.com

یا احتمالا کہے شاید ہوا ہو۔

یا کہے مولی علی یا باقی ائمہ یا کوئی غیر نبی انبیاء، سابقین علیہم الصلوۃ والسلام سے افضل ہیں۔

یا مسئلہ خبیثہ ملعونہ بدل کا قائل ہو یعنی کہے باری تعالی بھی ایک حکم سے پشیمان ہو کر اسے بدل دیتا ہے۔

یا کہے ایک وقت تک مصلحت پر اطلاع نہ تھی جب اسے اطلاع ہوئی حکم بدل دیا۔

تعالیٰ اللہ عما یقول الظلمون علوا کبیرا۔

یا دامن عفت مامن طیب الطیب اعطر اطہر کنیزان بارگاہ طہارت پناہ حضرت ام المومنین صدیقہ بنت الصدیق صلی اللہ تعالی علی زوجہا الکریم وابیہا وعلیہا وبارک وسلم کے بارے میں اسی افک مبغوض مغضوب ملعون کے ساتھ اپنی ناپاک زبان آلودہ کرے۔

یا کہے احکام شریعت حضرات ائمہ طاہرین کو سپرد تھے جو چاہتے راہ نکالتے جو چاہتے بدل ڈالتے،

یا کہے مصطفی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے بعد ائمہ طاہرین پر وحی شریعت آتی رہی۔

یا کہے ائمہ میں سے کوئی شخص حضور پرنور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا ہم پلہ تھا۔

یا کہے حضرات کریمین امامین شہیدین رضی اللہ تعالی عنہما حضور پرنور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے افضل ہیں، کہ ان کی سی ماں حضور کی والدہ کب تھیں، اور ان کے سے باپ حضور کے والد کہاں تھے، اور ان کے سے نانا حضور کے نانا کب تھے۔

یا کہے حضرت جناب شیر خدا کرم اللہ وجہہ الکریم نے نوح کی کشتی بچائی، ابراہیم پر آگ بجھائی، یوسف کو بادشاہی دی، سلیمان کو عالم پناہی دی، علیہم الصلوۃ والسلام اجمعین۔

یا کہے مصطفی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے بھی کسی وقت کسی جگہ حکم الہی کی تبلیغ میں معاذ اللہ تقیہ فرمایا، الی غیر ذلک من الاقوال الخبیثۃ۔

یا جو نجدی وہابی حضور پرنور سید الاولین والآخرین صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے لئے کوئی مثل آسمان میں یا زمین طبقات بالا میں یا زیرین میں موجود مانے یا کہے کبھی تھا یا کبھی ہوگا، یا شاید ہو، یا ہے تو نہیں مگر ہو جائے تو کچھ حرج بھی نہیں۔

یا حضور خاتم النبیین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ختم نبوت کا انکار کرے۔

یا کہے آج تک جو صحابہ تابعین خاتم النبیین کے معنی آخر النبیین سمجھتے رہے خطا پر تھے، نہ پچھلا نبی ہونا حضور کے لئے کوئی کمال بلکہ اس کے معنے یہ ہیں جو میں سمجھا۔

یا کہے میں ذمہ کرتا ہوں اگر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبوت پائے تو کچھ مضائقہ نہیں۔

یا دو ایک برے نام ذکر کر کے کہے نماز میں جناب رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف خیال لے جانا فلاں وفلاں کے تصور میں ڈوب جانے سے بدتر ہے۔ لعنۃ اللہ علی مقالتہ الخبیثہ۔

یا بوجہ تبلیغ رسالت حضور پرنور محبوب رب العالمین ملک الاولین والآخرین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس چپراسی سے تشبیہ دے جو فرمان شاہی رعایا کے پاس لایا۔

یا حضور اقدس مالک ومعطی جنت علیہ افضل الصلوۃ والتحیہ اور حضرت سیدنا ومولانا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ وحضرت سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اسمائے کریمہ طیبہ لکھ کر کہے (خاک بدہان گستاخان) یہ سب جہنم کی راہیں ہیں۔

یا حضور فریاد رس بیکساں حاجت روائے دو جہاں صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ سے استعانت کو برا کہے کریوں ملعون مثال دے کہ جو غلام ایک بادشاہ کا ہو رہا اسے دوسرے بادشاہ سے بھی کام نہیں رہتا، پھر کیسے، کا ذکر ہے اور یہاں دو ناپاک قوموں کے نام لکھے۔

یا ان کے مزار پرانوار کو فائدہ زیارت میں کسی پادری کافر کی گور سے برابر ٹھہرائے، اشد مقت اللہ علی قولہ۔

یا اس کی خباثت قلبی توہین شان رفیع المکان واجب الاعظام حضور سید الانام علیہ افضل الصلوۃ والسلام پر باعث ہو، کہ حضور کو اپنا بڑا بھائی بتائے۔

یا کہے کہ ان کے بدگو مر کر مٹی میں مل گئے۔

یا ان کی تعریف ایسی ہی کرو جیسے آپس میں ایک دوسرے کی کرتے ہو بلکہ اس سے بھی کم الی غیر ذلک من الخرافات الملعونہ۔

یا کوئی نیچری نئی روشنی کا مدعی کہے باندی غلام بنانا ظلم صریح اور بہائم کا سا کام ہے، جس

شریعت میں بھی یہ فعل جائز رہا ہو وہ شریعت منجانب اللہ نہیں۔

یا معجزات انبیاء علیہم السلام سے انکار کرے، نیل کے شق ہونے کو جوار بھاٹا بتائے، عصا کے اژدہا بن کر حرکت کرنے کو سیماب وغیرہ کا شعبدہ ٹھہرائے۔

یا مسلمانوں کی جنت کو معاذ اللہ رنڈیوں کا چکلہ کہے۔

یا نار جہنم کو الم نفسانی سے تاویل کرے۔

یا وجود ملائکہ علیہم السلام کا منکر ہو،

یا کہے آسمان ہر بلندی کا نام ہے، وہ جس جسے مسلمان آسمان کہتے ہیں محض باطل ہے۔

یا کہے شیطان (کہ اس کا معلم شفیق ہے،) کوئی چیز نہیں فقط قوت بدی کا نام ہے اور قرآن عظیم میں جو قصے آدم وحوا کے موجود ہیں جن سے شیطان کا وجود جسمانی سمجھا جاتا ہے تمثیلی کہانیاں ہیں،

یا کہے ہم بانی اسلام کو برا کہے بغیر نہیں رہ سکتے۔

(۹) یا نصوص قرآنیہ کو عقل کا تابع بتائے کہ جو بات قرآن عظیم کی قانون نیچری کے مطابق مانی جائے فی ورنہ کفر جلی کے روئے زشت پر پردہ ڈھکنے کو ناپاک تاویلیں کی جائیں گی۔

یا کہے میں استقبال قبلہ ضرور نہیں جدھر منہ کرو اسی طرف خدا ہے۔

یا کہے آجکل کے یہود ونصاری کافر نہیں کہ انہوں نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا زمانہ نہ پایا نہ حضور کے معجزات دیکھے۔

یا ہاتھ سے کھانا کھانے وغیرہ بعض سنن کے ذکر پر کہے تہذیب نصاری نے ایجاد کی، نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں بعض افعال نامہذب تھے، اور یہ دونوں کلمے بعض اشقیاء سے فقیر نے خود سنے، الی غیر ذلک من الاباطیل الشیطانیۃ۔

یا کوئی جھوٹا صوفی کہے جب بندہ عارف باللہ ہو جاتا ہے تکالیف شرعیہ اس سے ساقط ہو جاتی ہیں، یہ باتیں تو خدا تک پہنچنے کی راہ ہیں جو مقصود تک واصل ہو گیا اسے راستہ سے کیا کام۔

یا کہے یہ رکوع وسجدہ تو مجوبوں کی نماز ہے محبوبوں کو اس نماز کی کیا ضرورت، ہماری نماز

ترک وجود ہے،

یا یہ نماز روزہ تو عالموں نے انتظام کے لئے بنایا ہے۔

یا جتنے عالم ہیں سب پنڈت ہیں عالم وہی ہے جو انبیاء بنی اسرائیل کی مثل معجزے دکھائے، یہ بات حسین رضی اللہ تعالی عنہ کو حاصل ہوئی وہ بھی ایک مدت کے بعد مولی علی سکھانے سے، کما سمعہ من بعض المتجرین علی اللہ۔ (جیسا کہ میں نے خود ایسے لوگوں سے سنا ہے جو اللہ تعالی پر جرأت کرتے ہیں، ت)

یا خدا تک پہونچنے کیلئے اسلام شرط نہیں، بعیت بک جانے کا نام ہے اگر کافر ہمارے ہاتھ پر بک جائے ہم اسے بھی خدا تک پہنچادیں، گو وہ اپنے دین خبیث پر رہے۔

یا رنڈیوں کا ناچ علانیہ دیکھے جب اس پر اعتراض ہو تو کہے یہ تو نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی سنت ہے، کما بلغنی عن بعضہم واعترف بہ بعض خلص مریدیہ۔ (جیسا کہ ان کے بعض سے مجھے اطلاع ملی اور اس کے مخلص مرید نے اس کا اعتراف کیا۔ ت)

یا شبانہ روز طبلہ سارنگی میں مشغول رہے جب تحریم مزامیر کی احادیث سنائیں تو کہے یہ مذمتیں تان کثیف بے مزہ باجوں کے لئے وارد ہیں، جو اس وقت عرب میں رائج تھے، یہ لطیف نفیس لذیذ باجے جواب ایجاد ہوئے اس زمانے میں ہوتے تو نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اور صحابہ کرام سوا ان کے سننے کے ہرگز کوئی کام نہ کرتے۔

یا کہے۔

محمد خدا ہے خدا ہے محمد بمعنی خدا ہے سراہا گیا ہے

خدا باطن وظاہر ہے محمد یہ دونوں ہیں ایک ان کو دو مت سمجھنا

مسیحا سے تری آنکھوں کی سب بیمار اچھے ہیں

اشاروں میں جلا دیتے ہیں مردہ یا رسول اللہ

یا کہے۔

علی مشکلکشا شیر خدا تھا اور حیدر تھا

دو بالا مرتبہ تھا راکب دوش پیمبر تھا

برب کعبہ کب خیبر شکن فرزند آزر تھا

Marfat.com

بتوں کے توڑنے میں اس سے ابراہیم ہمسر تھا

اگر ہوتا نہ زیر پا کف شاہ رسولاں کا

یا کہے مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم اللہ تعالیٰ کے محبوب تھے، اور انبیاء وسابقین علیہم الصلوٰۃ والسلام میں کوئی خدا کا محبوب نہ تھا۔

یا اس کے جلسہ میں لا الٰہ الا اللہ فلاں رسول اللہ اسی مغرور کا نام لے کر کہا جائے اور وہ اس پر راضی ہو جائے۔

یہ سب فرقے بالقطع کافر مطلق ہیں، ھداھم اللہ تعالیٰ الی الصراط المستقیم والا لعنھم لعنۃ تبید صغارھم و کبارھم و تزیل عن الاسلام والمسلمین عارھم وعوارھم آمین۔

اللہ تعالیٰ ان کو سیدھی راہ کی ہدایت دے ورنہ ان پر لعنت فرمائے۔ ایسی لعنت جو ان کے بڑوں چھوٹوں کو ملیامیٹ کردے، اور اسلام اور مسلمانوں سے ان کی عار اور اندھاپن ختم ہو جائے۔ آمین۔

اور جو شخص ابتداء میں صحیح الاسلام تھا بعدہ ان خرافات کی طرف رجوع کی اس کے مرتد ہونے میں شبہ نہیں، اس قدر پر تو اجماع قطعی قائم ہے، اب رہی تحقیق اس بات کی کہ ان میں جو شخص قدیم سے ایسے ہی عقائد پر رہا اور بچپن سے یہی کفریات سیکھے، جیسے وہ مبتدعین جن کے باپ دادا سے یہی مذاہب کفرہ چلے آتے ہیں ان کی نسبت کیا حکم ہونا چاہیے، کہ کفار چند قسم ہیں کچھ ایسے کہ باوجود کفر شرع مطہر نے ان کی عورتوں سے نکاح اور ذبائح کا تناول جائز فرمایا دیا، وہ کتابی ہیں، اور بعض وہ جن کے نساء وذبائح حرام، مگر ان سے جزیہ لینا مناسب ہو تو صلح کرنا غلبہ پائیں تو رفیق بنانا جائز ہے اور انہیں خواہی نخواہی اسلام پر جبر نہ کریں گے، وہ مشرکین ہیں اور بعض ایسے جن کے ساتھ یہ سب باتیں ناجائز، وہ مرتدین ہیں، آیا ان ہمیشہ کے بدعتی کفار مدعیان اسلام پر کس قسم کے حکم جاری ہوں، مطالعہ کتب فقہ سے اس بارہ میں چار قول مستفاد ہوتے ہیں جن کی تفصیل فقیر نے رسالۃ الامقالۃ المفسرۃ عن احکام البدعۃ المکفرۃ۔ میں بما لا مزید علیہ کی، ان میں مذہب صحیح ومعتمد علیہ یہی ہے کہ یہ مبتدعین بحکم شرح مطلقا مرتدین ہیں خواہ بدعت ان کے باپ دادا سے چلی آتی ہو یا خود انہوں نے ابتدائے اختیار کی ہو خواہ بعد ایک

Marfat.com

**زمانہ کے کی ہو کسی طرح فرق نہیں، بس اتنا چاہیے کہ باوجود دعوی اسلام واقرار شہادتین بعض ضروریات دین سے انکار رکھتا ہو، اس پر احکام مرتدین جاری کیے جائیں گے، عالمگیریہ میں ہے۔**

یجب الکفار وافض فی قولھم برجعة الاموات الی الدنیا و بتناسخ الارواح و بانتقال روح اللہ الی الائمة وبقولھم فی خروج امام باطن و بتعطیلھم الامر والنھی الی ان یخرج الامام الباطن و بقولھم ان جبرئیل علیہ الصلوٰة والسلام غلط فی الوحی الی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دون علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ وھؤلاء القوم خارجون عن ملة الاسلام و احکامھم احکام المرتدین کذا فی الظھیریة۔

رافضیوں کی ان باتوں پر کہ ''مردے دوبارہ دنیا میں آئیں گے۔'' روح دوسرے جسموں میں آئیں گے، اللہ تعالی کی روح ائمہ اہل بیت میں منتقل ہوئی ہے، امام باطن خروج کریں گے، امام باطن کے خروج تک امر ونہی احکام معطل رہیں گے، جبرئیل علیہ الصلوۃ والسلام سے حضرت علی کے مقابلہ میں محمد صلی اللہ تعالی علیہ وسلم پر وحی لانے میں غلطی ہوئی ہے، ان کی تکفیر ضروری ہے، یہ لوگ ملت اسلامیہ سے خارج ہیں، اوران کے احکام مرتدین جیسے ہوں گے ظہیریہ میں ایسے ہی ہے۔

**خود علامہ شامی علیہ الرحمۃ تنقیح الفتاوی الحامدیہ میں مؤلف فتاوی علامہ حامد آفندی عمادی سے نقل کرتے ہیں انہوں نے شیخ الاسلام عبداللہ آفندی کے مجموعہ میں علامۃ الوری نوح آفندی حنفی علیہ الرحمۃ کا فتوی دیکھا جس میں ان سے تکفیر روافض کے بارے میں سوال ہوا تھا علامہ ان کے کلمات کفریہ لکھ کر فرماتے ہیں،**

ثبت بالتواتر قطعا عند الخواص والعوام المسلمین ان ھذہ القبائح مجتمعة فی ھؤلاء الضالین المضلین فمن اتصف بواحد من ھذہ الامور فھو کافر الی ان قال، ولا یجوز ترکھم علیہ باعطاء الجزیة ولا بامان مؤبد نص علیہ قاضی خان فی فتاو جوز ارقاق نسائھم لان ارقاق المرتدة بعد مالحقت بدار الحرب جائز الخ۔ اہ ملتقطا۔

Marfat.com

خواص وعوام مسلمانوں میں یہ بات تواتر سے چلی آرہی ہے کہ مذکورہ قباحتیں ان گمراہ لوگوں میں جمع ہیں جبکہ ان قباحتوں میں سے کسی ایک سے متصف ہونے والا کافر ہے۔ (آگے یہاں تک فرمایا) کہ جزیہ کے بدلے یا امان دے کر لوگوں کو یہ اجازت نہیں دی سکتی اس پر قاضی خان نے اپنے فتاوی میں تصریح کی ہے اور ان کی عورتوں کو لونڈیاں بنانا جائز کیونکہ مرتدہ عورت جب دار الحرب چلی جائے تو اس کے بعد اس کو لونڈی بنانا جائز ہے الخ۔ اھ ملتقطا۔

فتاوی علامہ قاضی خان میں شیخ امام ابو بکر بن الفضل علیہ الرحمہ سید ربار ہومیض کہ اول زن وشوہر تھے پھر دونوں مسلمان ہوئے، عورت نے اور مسلمان سے نکاح کرلیا، منقول۔

ان کان یظھران الکفرا واحد ھما کانا بمنزلۃ المرتدین لم یصح نکاحھما ویصح نکاح المرأۃ مع الثانی انتھی باحصار۔

مرد وعورت دونوں یا ان سے ایک جب کفر کا اظہار کرے تو ان کا حکم مرتدوں والا ہوگا، ان کا نکاح ختم ہو جائے گا۔ اور وہ عورت دوسرے کے لئے حلال ہوگی، اھ۔ مختصرا۔

امام علامہ قاضی عیاض شفا شریف میں امام اہل سنت قاضی ابو بکر باقلانی سے نقل فرماتے ہیں:

انھم علی رائے من کفرھم بالتاویل لاتحل مناکحتم ولا اکل ذبائحھم ولا الصلوۃ علی میتھم و یختلف فی موار ثھم علی اخلاف فی میراث المرتد۔

جن لوگوں نے ان کی تکفیر کی ہے ان کی رائے میں ان سے نکاح کرنا، ان کا ذبیحہ کھانا، ان کی نماز جنازہ پڑھنا، جائز نہیں، ہے اور ان کی وراثت میں وہی اختلاف ہوگا جو مرتد کی وراثت میں ہے۔

ان عبارات سے ظاہر ہوگیا کہ ان مبتدعین منکرین ضروریات دین پر حکم مرتدین جاری ہونا ہی منقول ومقبول بلکہ مذاہب اربعہ کا مفتی بہ ہے، بالجملہ ان اعدا اللہ پر حکم ارتداد ہی کیا جائے گا۔ نہ ان سے سلطنت اسلام میں معاہدہ دائمی جائز نہ ہمیشہ کو امان دینا جائز، نہ جزیہ لینا جائز، نہ کسی وقت کسی حالت میں ان سے ربط رکھنا جائز، نہ پاس بیٹھنا جائز، بٹھانا جائز، نہ ان کے کسی کام میں شریک ہونا جائز نہ اپنے کام میں شریک کرنا جائز نہ مناکحت کرنا جائز نہ ذبیحہ کھانا جائز۔

Marfat.com

قاتلهم الله انی یذهبون قال الله تعالیٰ و من یتولهم منکم فانه منهم۔
اللہ تعالیٰ ان کو ہلاک کرے یہ کدھر جارہے ہیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا جو تم میں سے ان سے دوستی رکھے گا، وہ انہی میں سے ہے۔

هدنا الله تعالیٰ الی الصراط المستقیم و دین هذا النبی الکریم علیه افضل الصلوۃ والتسلیم و ثبتنا بالقول الثابت فی الدنیا والآخرۃ انه ولی ذلك واهل التقوی و اهل المغفرۃ لا الٰه الا هو سبحنه و تعالیٰ عما یشرکون والله تعالیٰ اعلم۔

اللہ تعالیٰ ہمیں سیدھی راہ کی ہدایت کرے اواس آخری نبی علیہ افضل الصلوۃ والتسلیم کے دین پر چلائے اور دنیا وآخرت میں ایمان کامل پر ثابت قدم رکھے، اللہ تعالیٰ اس کا مالک ہے، اے تقوی والو اور مغفرت والو! اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ پاک وبلند ہے، کسی شریک سے، واللہ تعالیٰ اعلم۔

(فتاوی رضویہ جدید ١٤/١٢٣ تا ١٣٠)

مدارک شریف میں ہے۔

ای لا تتخذو هم اولیاء تنصرو نهم و تستنصرو نهم و تاخذو نهم و تعاشرو نهم معاشرۃ المومنین۔

یعنی رب عزوجل فرماتا ہے: کافروں کو دوست نہ بناؤ کہ تم ان کے معاون بنو اور ان سے اپنے لئے مدد چاہو، انہیں بھائی بناؤ، دنیوی برتاؤ ان کے ساتھ مسلمانوں کا سا رکھو، اس سب سے منع فرماتا ہے۔

تفسیر کبیر پارہ نمبر ٦ میں ہے:

المراد ان الله تعالیٰ امر المسلم ان لا یتخذ الحبیب الناصر الا من المسلمین۔

یعنی مراد آیت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو حکم فرماتا ہے کہ صرف مسلمانوں کو ہی اپنا دوست اور مددگار بنائیں۔

اور اسی میں ہے:

Marfat.com

یعنی لا تتخذو ھم او لیا ء ای لا تعتمدو ا علی الا ستنصا ر بھم و لا تتود و االیھم ،
یعنی مراد آیت یہ ہے کہ کافروں کی مدد ویاری پر اعتماد نہ کرو۔
تفسیر ابی السعود وتفسیر فتوحات الٰہیہ میں زیر آیت مذکورہ ہے۔

نھو عن موا لا تھم لقرا بۃ او صدا قۃ جا ھلیۃ و نحو ھما من اسباب المصادقۃ والمعاشرۃ و عن الا ستعا نۃ بھم فی الغزو و سا ئر الا مور الد ینیۃ۔

یعنی مسلمان منع کئے گئے کافروں کی دوستی سے خواہ وہ رشتہ داری ہو یا اسلام سے پہلے کا یارانہ یا کسی سبب یاری خواہ میل جول کے سبب، اور منع کئے گئے اس سے کہ جہاد یا کسی دینی کام میں کافروں سے استعانت کریں۔　　(فتاوی رضویہ جدید ۱۴/۴۹۳۔۴۹۴)

(۵۵) اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوا الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَھُمْ رٰکِعُوْنَ ☆

تمہارے دوست نہیں مگر اللہ اور اس کا رسول اور ایمان والے کہ نماز قائم کرتے ہیں اور زکوۃ دیتے ہیں اور اللہ کے حضور جھکے ہوئے ہیں۔

## ﴿۱۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہاں اللہ ورسول اور نیک بندوں میں مدد کو منحصر فرمایا کہ بس یہی مددگار ہیں، تو ضرور یہ مدد خاص ہے جس پر نیک بندوں کے سوا اور لوگ قادر نہیں، ورنہ عام مددگاری کا علاقہ تو ہر مسلمان کے ساتھ ہے۔

قال تعالیٰ:

و المؤ منون و المؤمنات بعضھم اولیاء بعض ۔

مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں آپس میں ایک دوسرے کے مددگار ہیں ۔

حالانکہ خود ہی دوسری جگہ فرماتا ہے:

ماللھم من د ونہ من ولی۔

اللہ کے سوا کسی کا کوئی مددگار نہیں۔

معالم التنزیل میں ہے۔

Marfat.com

(مالہم) ای لاھل السموات و الارض (من دونہ) ای من دون اللہ

(من ولی) ناصر۔

وہابی صاحبو! تمہارے طور پر معاذ اللہ کیسا کھلا شرک ہوا کہ قرآن نے خدا کی خاص صفت امداد کو رسول و صلحاً کے لئے ثابت کیا، جسے قرآن ہی جا بجا فرما چکا: کہ یہ اللہ کے سوا دوسرے کی صفت نہیں ۔

مگر بحمدہ تعالی اہل سنت دونوں آیتوں پر ایمان لاتے ہیں اور ذاتی و عطائی کا فرق سمجھتے ہیں، اللہ تعالی بالذات مددگار ہے، یہ صفت دوسرے کی نہیں، اور رسول و اولیاء اللہ، اللہ تعالی کی قدرت دینے سے مددگار ہیں۔ وللہ الحمد۔

اب اتنا سمجھ لیجئے کہ مدد کا ہے کے لئے ہوتی ہے؟ ابلا کے لئے ،تو جب رسول اللہ اور اللہ کے مقبول بندے بنص قرآن مسلمانون کے مددگار ہیں تو قطعا ابلاء بھی ہیں، اور فرق وہی ہے کہ اللہ سبحانہ بالذات دافع البلاء، اور انبیاء و اولیاء علیہم الصلوۃ و الثناء بعطائے خدا، و الحمد للہ العلی الاعلی۔

پنج آیت از توریت و انجیل و زبور مقدسہ۔

امام بخاری حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہما، اور دارمی و طبرانی و یعقوب بن سفیان حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالی عنہ سے راوی کہ توراۃ مقدس میں حضور پر نور دافع البلاء صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی صفت یوں ہے۔

یا ایھا النبی ! انا ارسلناک شاھدا و مبشرا و نذیرا و حرزا للامیین ( الی قولہ تعالیٰ)یعفو و یغفر۔

اے نبی ! ہم نے تجھے بھیجا گواہ اور خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا اور بے پڑھوں کے لئے پناہ، معاف کرتا ہے اور مغفرت فرماتا ہے۔ حرز بھی رب العزت جل جلالہ کی صفات سے ہیں۔ حدیث میں ہے۔

یا حرز الضعفاء ! یا کنز الفقراء !

علامہ زرقانی شرح مواہب شریفہ میں فرماتے ہیں۔

جعلہ نفسہ حرزا مبالغۃ لحفظہ لھم فی الدارین ۔

Maktabah.org

یعنی حضور نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم پناہ دینے والے ہیں، مگر رب تبارک وتعالی نے حضور کو بطور مبالغہ خود پناہ کہا: جیسے عادل کو عدل یا عالم کو علم کہتے ہیں، اور اس صفت کی وجہ یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم دنیا وآخرت میں اپنی امت کے حافظ ونگہبان ہین۔ و الحمد للہ رب العالمین۔

ہاں ہاں، خبردار ہوشیار، اے نجدیان نابکار! ذرا کم سن نو پیدا عیارہ خام پارہٗ وہابیت ناکارہ کے ننھے سے کلیجے پر ہاتھ دھر لینا، توریت وزبور کی دو آیتیں تلاوت کی جائیں گی، نوخیز وہابیت کی نادان جان پر قہر الہی کی بجلیاں گرائیں گی، افسوس، تمہیں توریت وزبور کی تکذیب کرتے کیا لگتا ہے، جب تم قرآن کی نہ سنو، اللہ کا کذب تم ممکن گنو، مگر جان کی آفت، گلے کا غل تو یہ ہے کہ یہ آیات جناب شاہ عبد العزیز صاحب نے نقل فرمائیں، کلام الہی بتائیں، یہ امام الطائفہ کے نسب کے چچا، شریعت کے باپ، اور طریقت کے دادا۔ اب نہ انہیں مشرک کہے بنتی ہے نہ کلام الہی پر ایمان لانے کو رو ٹھی وہابیت منتی ہے، نہ روئے رفتن، نہ رائے ماندن۔

دو گونہ رنج وعذاب است جان لیلی را بلائے صحبت مجنون وفرقت مجنون

ہاں اب ذرا گھبرائے دلوں، شرمائی چتونوں سے لجائی انکھڑیا اوپر اٹھائیے، اور بحمدہ وہ سنئے کہ ایمان نصیب ہو تو سنی ہو جائیے۔

جناب شاہ صاحب تحفہ اثنا عشریہ میں لکھتے ہیں۔

توریت کے سفر چہارم میں ہے۔

قال اللہ تعالیٰ لابراھیم : ان ھاجرۃ تلد ویکون من ولدھا من یدہ فوق الحمیع و یدا الحمیع مبسوطۃ الیہ بالخشوع ۔

اللہ تعالی نے حضرت ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام سے فرمایا: بیشک ہاجرہ کے اولاد ہوگی اور اس کے بچوں میں وہ ہوگا جس کا ہاتھ سب پر بالا ہے۔ اور سب کے ہاتھ اس کی طرف پھیلے ہیں۔ عاجزی اور گڑ گڑانے میں۔

وہ کون محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سید الکون، معطی العون، صلی اللہ تعالی علیہ وسلم، قربان تیرے اے بلند ہاتھ والے، اے دوجہاں کے اجالے، حمد اس کے وجہ کریم کو جس نے ہماری عاجزی ومحتاجی کے ہاتھ ہر لئیم بے قدر سے بچائے اور تجھ جیسے

کریم رؤف ورحیم کے سامنے پھیلائے، والحمد للہ رب العالمین۔

وہی رب ہے جس نے تجھ کو ہمہ تن کرم بنایا

ہمیں بھیک مانگنے کو تیرا آستاں بتایا

نیز تحفہ میں زبور شریف سے منقول:۔

یا احمد! فاضت الرحمة علی شفتیك من اجل ذلك ابارك علیك فتقلد السیف، فان بهاء ك و حمدك الغالب (الی قوله) الامم یخرون تحتك، كتاب حق جاء الله به من الیمن و التقدیس من جبل فاران، و امتلأت الارض من تحمید احمد و تقدیسه، و ملك الارض و رقاب الامم۔

اے احمد! رحمت نے جوش مارا تیرے لبوں پر میں اس لئے برکت دیتا ہوں، تو اپنی تلوار حمائل کر کہ تیری چمک اور تیری تعریف غالب ہے، سب امتیں تیرے قدموں میں گریں گی سچی کتاب لایا اللہ کی برکت و پاکی کے ساتھ مکہ کے پہاڑ سے، بھر گئی زمیں احمد کی حمد اور اس کی پاکی بولنے سے، احمد مالک ہوا ساری زمیں اور تمام امتوں کی گردنوں کا صلی اللہ تعالی علیہ وسلم۔

اے احمد پیارے صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے مملوکو! خوشی و شادمانی ہے تمہارے لئے، تمہارا مالک پیارا سراپا کرم وسراپا رحمت ہے۔ والحمد للہ رب العالمین۔

عہد مابالب شیریں دہناں بست خدائے

باہمہ بندۂ وایں قوم خداوندانند

میں تو مالک ہی کہوں گا کہ ہو مالک کے حبیب یعنی محبوب ومحب میں نہیں میرا تیرا

لہذا امام اجل عارف باللہ سیدی سہل بن عبد اللہ تستری رضی اللہ تعالی عنہ، پھر امام اجل قاضی عیاض شفا شریف، پھر امام احمد قسطلانی مواہب لدینہ شریف میں نقلا وتذکیرا، پھر علامہ شہاب الدین خفاجی مصری نسیم الریاض، پھر علامہ محمد بن عبد الباری زرقانی شرح مواہب میں شرحا وتفسیرا فرماتے ہیں:۔

من لم یر ولایة الرسول علیه فی جمیع احوالله و لم یر نفسه فی ملکه لا یذوق حلاوة سنته۔

Marfat.com

جو ہر حال میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنا والی اور اپنے آپ کو حضور کی ملک نہ جانے وہ سنت نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حلاوت سے اصلا خبردار نہ ہوگا۔ والعیاذ باللہ رب العالمیں۔

**فائدۂ عظیمہ:** الحمد للہ سنیوں کی اقبالی ڈگری، ان آیات توریت وزبور پر فقیر غفرلہ القدیر کو دو آیات توریت وانجیل مبارک مع چند احادیث کے یاد آئیں، مگر ان کے ذکر سے پہلے امام الطائفہ کا ایک انجان پنے کا اقرار سن لیجئے۔

تقویۃ الایمان فصل ثانی اشراک فی العلم کے شروع میں لکھا۔

جس کے ہاتھ میں کنجی ہوتی ہے قفل اسی کے اختیار میں ہوتا ہے، جب چاہے تو کھولے جب چاہے تو نہ کھولے۔ انتہی

بھولا نادان لکھتے تو لکھ گیا مگر۔

کیا خبر تھی انقلاب آسمان ہو جائے گا　　دین نجدی پائمال سنیاں ہو جائے گا

غریب مسکین کیا جانتا تھا کہ وہ چند ورق بعد یہ کہنے کو ہے کہ جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں۔

یہاں اس قول سے تمام عالم پر محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اختیار تام ثابت ہو جائے گا، بیچارے مسکین عزیز کے دھیان میں اس وقت بھی یہ ہی لوہے پیتل کی کنجیاں تھیں جو جامع مسجد کی سیڑھیوں پر بساطی پیسے پیسے بیچتے ہیں، اس کے خواب میں بھی خیال نہ تھا کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رب جل وعلا نے اس بادشاہ جبار جلیل اقتدار عظیم الاختیار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کیا کیا کنجیاں عطا فرمائی ہیں۔ ہاں ہم سے سن اور وہ سن کہ کن ہو جا۔

(الامن والعلی ص ۹۳)

۴۳۴۳۔ **عن** ام الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنها قالت : قلت لکعب الاحبار رضی اللہ تعالیٰ عنه ما تحدون فی التوراۃ من وصف النبی صلی اللہ تعالی علیه وسلم ؟ قال : نحده محمد رسول اللہ اسمه المتوکل ، لیس بفظ ولا غلیظ ولا سحاب

---

۴۳۴۳۔ دلائل النبوۃ للبیهقی ، ۱/ ۳۷۷　☆　تاریخ دمشق لابن عساکر ، ۱/ ۳۴۳

Marfat.com

فی الاسواق و اعطی المفاتیح لیبصر الله به اعینا عورا ، و یسمع به آذانا صما، و یقیم به السنة معوجة حتی یشهدون لا اله الا الله وحده و لا شریك له ، یعین المظلوم و یمنعه من ان یستضعف۔

حضرت ام درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے حضرت کعب احبار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا، تم توریت میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعت پاک کیا پاتے ہو؟ کہا: حضور کا وصف توریت مقدس میں یوں ہے۔ محمد اللہ کے رسول ہیں، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کا نام متوکل ہے، نہ درشت خو ہیں، نہ سخت گو، نہ بازاروں میں چلانے والے، وہ کنجیاں دئے گئے ہیں تاکہ اللہ تعالیٰ ان کے ذریعہ پھوٹی آنکھیں بینا اور بہرے کان شنوا اور ٹیڑھی زبانیں سیدھی کردے، یہاں تک کہ لوگ گواہی دیں کہ ایک اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں، اسکا کوئی ساجھی نہیں، وہ نبی کریم ہر مظلوم کی مدد فرمائیں گے، اور اسے کمزور سمجھے جانے سے بچائیں گے۔

۴۳۴۴۔ **عن** ام المؤمنین عائشة الصدیقة رضی الله تعالی عنها قالت: مکتوب فی الانجیل من نعت النبی صلی الله تعالی علیه وسلم ، لا فظ و لا غلیظ و لا سخاب فی الاسواق و اعطی المفاتیح مثل ما مر سواء بسواء۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صفت وثنا انجیل پاک میں مکتوب ہے، نہ سخت دل ہیں، نہ درشت خو، نہ بازاروں میں شور کرتے، انہیں کنجیاں عطا ہوئی ہیں۔ باقی عبارت مثل توریت مبارک ہے۔

۴۳۴۵۔ **عن** ابی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالی

---

۴۳۴۴۔ دلائل النبوۃ للبیهقی ، ۱/ ۳۷۷ ☆ الطبقات الکبری لابن سعد،

۴۳۴۵۔ الجامع الصحیح للبخاری ، باب نصرت بالرعب مسیرۃ شهر ، ۱/ ۴۱۸

الصحیح لمسلم ، کتاب المساجد و مواضع الصلوۃ ، ۱/ ۱۹۹

المسند لاحمد بن حنبل ، ۲/ ۴۵۵ ☆ التفسیر للقرطبی ، ۱۰/ ۴۹

السنن الکبری للبیهقی ، ۸/ ۱۷۵ ☆ دلائل النبوۃ للبیهقی ، ۵/ ۳۳۵

Marfat.com

علیه وسلم بینما انانائم اذ جئی بمفاتیح خزائن الارض فوضعت فی یدی

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں سو رہا تھا کہ تمام خزائن زمیں کی کنجیاں لائی گئیں اور میرے دونوں ہاتھوں میں رکھ دی گئیں۔

۴۳۴۶۔ **عن** امیر المؤمنین علی المرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجهه الکریم قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیه وسلم: اعطیت ما لم یعط احد من الانبیاء قبلی، نصرت بالرعب، و اعطیت مفاتیح الارض الحدیث۔

امیر المؤمنین حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے وہ عطا ہوا جو مجھ سے پہلے کسی نبی کو نہ ملا رعب سے میری مدد فرمائی گئی (کہ مہینہ بھر کی راہ پر دشمن میرا نام پاک سن کر کانپے) اور مجھے ساری زمیں کی کنجیاں عطا ہوئیں۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۴۳۴۷۔ **عن** جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیه وسلم: اوتیت بمقالید الدنیا علی فرس ابلق، جاء نی به جبرئیل، علیه قطیفة من سندس۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور مالک تمام دنیا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: دنیا کی کنجیاں ابلق گھوڑے پر رکھ کر میری خدمت میں حاضر کی گئیں، جبرئیل لے کر آئے، اس پر نازک ریشم کا زین پوش بانقش ونگار پڑا تھا۔

۴۳۴۸۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیه وسلم: اوتیت مفاتیح کل شئ الا الخمس۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور پرنور ابو القاسم صلی اللہ

---

۴۳۴۶۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۱/ ۹۸ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ۱/ ۲۱۳

۴۳۴۸۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۳/ ۳۲۸ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۹/ ۲۰

میزان الاعتدال للذهبی، ۲۰۶ ☆ الترغیب والترهیب للمنذری، ۴/ ۱۹۷

Marfat.com

تعالی علیہ وسلم فرماتے ہیں مجھے ہر چیز کی کنجیاں عطا ہوئیں سوا ان پانچ کے۔

## ﴿۱۷﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یعنی غیوب خمسہ، علامہ حفنی حاشیہ جامع صغیر میں فرماتے ہیں: ثم اعلم بها بعد ذلك۔ پھر یہ پانچ بھی عطا ہوئیں۔ ان کا علم بھی دیا گیا۔ اسی طرح امام جلال الدین سیوطی نے بھی خصائص کبری میں نقل فرمایا:

علامہ مدابغی شرح فتح المبین امام ابن حجر مکی میں فرماتے ہیں: یہ ہی حق ہے۔ وللہ الحمد۔
اس مقام کی تحقیق انیق فقیر کے رسالہ "مالی ابیب بعلوم الغیب" میں دیکھئے۔ وباللہ التوفیق
(الامن والعلی ص۹۴)

۴۳۴۹۔ **عن** عبد الله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قالت ام رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم امنة رضی الله تعالیٰ عنها: لما خرج من بطنی نظرت اليه فاذا انا به ساجدا، ثم رأيت سحابة بيضآء قد اقبلت من السماء حتی غشيته فغيب عن وجهی، ثم تجلت فاذا انا به مدرج فی ثوب صوف ابيض و تحته حريرة خضراء، و قد قبض علی ثلثة مفاتيح من اللؤلؤ الرطب، و اذا قائل يقول: قبض محمد صلى الله تعالى عليه وسلم علی مفاتيح النصر و مفاتيح الربح و مفاتيح النبوة، ثم اقبلت سحابة اخری حتی غشيته فغيب عنی، ثم تجلت فاذا انا به قد قبض علی حريرة خضراء مطوية، و اذا قائل يقول: بخ بخ، قبض محمد صلى الله تعالى عليه وسلم علی الدنيا كلها لم يبق خلق من اهلها الا دخل فی قبضته، هذا مختصر۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور مالک غیور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی تھیں: جب حضور میرے شکم سے پیدا ہوئے میں نے دیکھا سجدہ میں پڑے ہیں، پھر ایک سفید ابر نے آسمان سے آکر حضور کو ڈھانپ لیا کہ میرے سامنے سے غائب ہوگئے۔ پھر وہ پردہ ہٹا تو میں کیا دیکھتی ہوں

---

۴۳۴۹۔ دلائل النبوة لابی نعیم،

Marfat.com

کہ حضور ایک سفید اونی کپڑے میں لپٹے ہیں اور سبز ریشمی بچھونا بچھا ہے، اور گوہر شاداب کی تین کنجیاں حضور کی مٹھی میں ہیں، کہنے والا کہہ رہا تھا، نصرت کی کنجیاں، نفع کی کنجیاں اور نبوت کی کنجیاں، سب پر حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے قبضہ فرمایا، پھر ایک اور ابر نے آکر حضور کو ڈھانپ لیا کہ میری نگاہ سے چھپ گئے، پھر روشن ہوا تو کیا دیکھتی ہوں کہ ایک سبز ریشم کا لپٹا ہوا کپڑا حضور کی مٹھی میں ہے۔ اور کوئی منادی پکار رہا ہے ۔ واہ واہ ساری دنیا محمد صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی مٹھی میں آئی، زمین وآسمان میں کوئی مخلوق ایسی نہ رہی جو ان کے قبضہ میں نہ آئی ہو، صلی اللہ تعالی علیہ وسلم والحمد للہ رب العالمین۔

۴۳۵۰۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال : قالت امنة الزهرية رضی الله تعالیٰ عنها : لما ولد جاء رضوان خازن الجنة عليه السلام و ادخله فی جناحيه فقال فی اذنه معك مفاتيح النصر ، قد البست الخواف و الرعب ، لا يسمع احد بذكرك الا وجل فؤاده و خاف قلبه و ان لم يراك يا خليفة الله !

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت ہے کہ حضرت آمنہ رضی اللہ تعالی عنہا نے فرمایا: رضوان خازن جنت علیہ السلام نے بعد ولادت حضور سید الکونین صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو اپنے پروں کے اندر لے کر گوش اقدس میں عرض کی: حضور کے ساتھ نصرت کی کنجیاں ہیں، رعب ودبدبہ کا جامہ حضور کو پہنایا گیا ہے۔ جو حضور کا چرچا سنے گا اس کا دل ڈر جائے گا اور جگر کانپ اٹھے گا، اگرچہ حضور کو نہ دیکھا ہو اے اللہ کے نائب! صلی اللہ تعالی علیہ وسلم۔

## ﴿۱۸﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ایمان کی آنکھ میں نور ہو تو ایک اللہ کا نائب ہی کہنے میں سب کچھ آگیا، اللہ کا نائب ایسا ہی تو چاہیے کہ جس کا نام محمد ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں؟ ایک دنیا کے کتے کا نائب کہیں کا صوبہ دار وہاں کی سیاہ وسفید کا مختار ہوتا ہے، مگر اللہ کا نائب کسی پتھر کا نائب نہیں ہے؟ و ما قدر و اللہ حق قدرہ ، بے دولتوں نے اللہ ہی کی قدر نہ جانی لا واللہ! اللہ کا نائب اللہ کی طرف

---

۴۳۵۰۔ المولد لابی زکریا یحیٰ بن عائذ،

سے اللہ کے ملک میں تصرف تام کا اختیار رکھتا ہے جب تو اللہ کا نائب کہلایا ہے۔ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم۔ (الامن والعلی ص ۹۶)

(۵۷) یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْ لَا تَتَّخِذُ واالَّذِیْنَ اتَّخَذُ وْا دِیْنَکُمْ ھُزُوًا وَّلَعِبًا مِنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوالْکِتٰبَ مِنْ قَبْلِکُمْ وَالْکُفَّارَ اَوْلِیَاءَ ج وَاتَّقُوا اللّٰہَ اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ۔☆

اے ایمان والو جنھوں نے تمہارے دین کو ہنسی کھیل بنالیا وہ جو تم سے پہلے کتاب دیے گئے اور کافران میں کسی کو اپنا دوست نہ بناؤ اور اللہ سے ڈرتے رہو اگر ایمان رکھتے ہو۔

## ﴿۱۹﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

موالات ہر کافر سے حرام ہے۔ واضح ہو چکا کہ رب عزوجل نے عام کفار کی نسبت یہ احکام فرمائے تو بزور زبان ان میں سے کسی کا استثناء ماننا اللہ عزوجل پر افتراء بعید اور قرآن کریم کی تحریف شدید ہے، بلکہ عالم الغیب عز جلالہ نے یہ حکم یہود ونصاری سے خاص ماننے والوں کے منہ میں اپنے قہر عظیم کا پتھر دیدیا، ایک آیت میں صراحۃ کتابیوں کے ساتھ باقی کفار کو جدا ذکر فرمایا کہ کتابی غیر کتابی سب کو تعمیم حکم مفسر منور ہو جائے، جاہلان ضلیل کی تاویل ذلیل راہ نہ پائے۔ (فتاوی رضویہ جدید ۱۴/۱۵۳)

اب تو کسی مفتری کے اس بکنے کی گنجائش نہ رہی کہ یہ حکم صرف یہود ونصاری کے لئے ہے، نیز آیت کریمہ میں کھلا اشارہ فرماتا ہے کہ کسی قسم کے کافروں سے اتحاد منانے والا ایمان نہیں رکھتا اور اوپر آیت میں صریح تصریح گذر چکی کہ انہیں اللہ ورسول وقرآن پر ایمان ہوتا تو کافروں سے اتحاد نہ کرتے۔ (فتاوی رضویہ جدید ۱۴/۱۵۴)

تفسیر ابن جریر میں اس آیت کریمہ کے تحت ہے۔

یقول لا تتخذو ھم ایھا المومنون انصارا واخوانا و حلفاء فانھم لا یالونکم خبالا وان اظھروا لکم مودۃ وصداقۃ۔

رب عزوجل فرماتا ہے: اے مسلمانو! کافروں کو مددگار یا بھائی اور حلیف نہ بناؤ، وہ تمہاری ضرررسانی میں کمی نہ کریں گے، اگرچہ وہ تم سے دوستی یارانہ ظاہر کریں۔

فقہ وحدیث کے حاوی امام اجل ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ تعالی علیہ نے مشکل الآثار میں

Marfat.com

یہ تحقیق فرما کر کہ مشرکوں سے استعانت حرام ہے، کتابی سے ہو سکتی ہے اس پر حدیث کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابن ابی منافق کے چھ سو حلیف یہودیوں کو واپس کر دیا اور انہیں مشرکین فرمایا۔ اعتراضات وارد کی کہ دیکھو حضور نے یہود کو بھی مشرکین سے گنا اور ان سے استعانت کو بھی مشرکین سے استعانت قرار دیا، اس کے جواب میں فرمایا: اس کی وجہ ان کا اس مشرک منافق سے حلف ہے۔ کہ حلف کرنے والے جس سے حلف کرتے ہیں اس کی موافقت قبول کرتے ہیں تو مشرک کے حلیف ہو کر وہ کتابی نہ رہے مرتد ہوئے، اسی طرح مشرک۔

امام ابوالولید باجی نے مختصر پھر علامہ یوسف دمشقی نے معتصر میں اسے مقرر رکھا۔

بنی قینقاع کے یہودی ابن ابی کے حلیف بنکر مرتدوں کے مثل ہو گئے تو کتابیوں کے حکم میں نہ رہے اور مشرکوں کی طرح ہو گئے، ان کا حکم وہی حکم ہوا جو مشرکوں کا، اسی واسطے حدیث نے انھیں منع فرمایا اور ان کا نام مشرک رکھا۔

سبحان اللہ! یہودی مشرک کے حلیف بنکر کتابی نہ رہے مرتد و مشرک ہو گئے حالانکہ الکفر ملۃ واحدۃ۔ مگر کلمہ گو لیڈر مشرکین ہند کے حلیف پس رو غلام بن کر نہ مرتد ہوئے نہ مشرک ہوئے، ہٹے کٹے مسلمان ہی بنے رہے۔

مشرک سے عہد باندھ کر مشرک ہوئے یہود
یہ مشرکوں کے عبد مسلمان ہی رہے

حلف جب دو مساوی گروہوں میں ہو فریقین یکساں ہیں اور جب مغلوب وضعیف گروہ دوسرے کی پناہ لے کر اس کا حلیف بنے تو پوری موافقت کا بار اسی پر ہے، اس کی طرف سے صرف قبول پناہ دہی ہے، ابن ابی خبیث نے بڑی سطوت پیدا کرلی تھی یہاں تک کہ اس کے لئے تاج تیار کیا جاتا تھا قریب تھا کہ اسے بادشاہ بنایا جائے، یہودی بنی قینقاع کا حلف اس کی شوکت سے مستفید ہی ہونے کو تھا۔ لہٰذا امام نے فرمایا:

ھی الموافقۃ من الحالفین للمحالفین ۔ حلف کرنے والے جس سے حلف کرتے ہیں اس کی موافقت قبول کرتے ہیں۔ نہ اختصار کی طرح "الموافقۃ بین المتحالفین" حلف کرنے والوں کے درمیان موافقت۔ پھر دوبارہ ادیان حکم یہ ہے کہ نازل سے مجرد ارادہ موافقت نازل کر دیتا ہے، اور ضد کے لئے صرف ارادہ کافی نہیں۔ مسلمان اگر معاذ اللہ صرف

Marfat.com

ارادہ کفر کرے گا تو کافر ہو جائے گا لیکن کافر محض ارادہ اسلام سے مسلمان نہ ہوگا جب تک کہ اسلام قبول نہ کرے، یونہی کتابی صرف ارادہ موافقت مشرکین سے مشرک ہو سکے گا مشرک نر ے ارادے سے کتابی نہ ہو جائے گا۔ لہٰذا وہ یہودی مشرک ہو گئے ابن ابی خبیث کتابی نہ ہوا۔ یونہی حلیفان مشرکین ہند پر امام کا یہ حکم نافذ ہوگا مشرکین ہند مسلمان نہ ہو جائیں گے۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱۴/۴۸۸ تا ۴۹۰)

(۷۸) لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۭ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۔☆

لعنت کئے گئے وہ جنہوں کفر کیا بنی اسرائیل میں داؤد اور عیسیٰ بن مریم کی زبان پر یہ بد لہ ان کی نافرمانی اور سرکشی کا۔

## ﴿۲۰﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

بنی اسرائیل میں پہلی خرابی جو آئی وہ یہ تھی کہ ان میں ایک شخص دوسرے سے ملتا، اس سے کہتا اے شخص اللہ سے ڈر اور اپنے کام سے باز آ کہ یہ حلال نہیں۔ پھر دوسرے دن اس سے ملتا اور وہ اسی حال پر ہوتا، تو یہ امر اس کو اس کے ساتھ کھانا نے پینے پاس بیٹھنے سے نہ روکتا، جب انھوں نے یہ حرکت کی اللہ تعالیٰ نے ان کے دل باہم ایک دوسرے پر مارے کہ منع کرنے والوں کا حال بھی انہیں خطا والوں کے مثل ہو گیا پھر فرمایا:

بنی اسرائیل کے کافر لعنت کئے گئے داؤد و عیسیٰ بن مریم کی زبان پر، یہ بدلہ ہے ان کی نافرمانیوں اور حد سے بڑھنے کا، وہ آپس میں ایک دوسرے کو برے کام سے نہ روکتے تھے، البتہ یہ سخت بری حرکت تھی کہ وہ کرتے تھے۔　(فتاوی رضویہ قدیم ۹/۱۸۲)

(۸۰۔ ۸۱) تَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ اَنْفُسُهُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَفِي الْعَذَابِ هُمْ خٰلِدُوْنَ۔☆

وَلَوْ كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِيِّ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوْهُمْ اَوْلِيَاۗءَ وَلٰكِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ۔ ☆

ان میں تم بہت کو دیکھو گے کہ کافروں سے دوستی کرتے ہیں کیا ہی بری چیز خود اپنے لئے آگے بھیجی یہ کہ اللہ کا ان پر غضب ہوا اور وہ عذاب میں ہمیشہ رہیں گے۔

Marfat.com

اور اگر وہ ایمان لاتے اللہ اور ان نبی پر اور اس پر جو ان کی طرف اترا تو کافروں سے دوستی نہ کرتے مگر ان میں بہتیرے فاسق ہیں۔

## ﴿۲۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

مشرکوں سے اتحاد و وداد قطعی حرام اور ان سے اخلاص دلی یقیناً کفر ہے۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱۴/۱۴۵)

(۸۹) لَا یُؤَاخِذُکُمُ اللّٰہُ بِاللَّغْوِ فِیْٓ اَیْمَانِکُمْ وَلٰکِنْ یُّؤَاخِذُکُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَیْمَانَ ۚ فَکَفَّارَتُہٗٓ اِطْعَامُ عَشَرَۃِ مَسٰکِیْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَھْلِیْکُمْ اَوْ کِسْوَتُھُمْ اَوْ تَحْرِیْرُ رَقَبَۃٍ ؕ فَمَنْ لَّمْ یَجِدْ فَصِیَامُ ثَلٰثَۃِ اَیَّامٍ ؕ ذٰلِکَ کَفَّارَۃُ اَیْمَانِکُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ؕ وَاحْفَظُوْٓا اَیْمَانَکُمْ ؕ کَذٰلِکَ یُبَیِّنُ اللّٰہُ لَکُمْ اٰیٰتِہٖ لَعَلَّکُمْ تَشْکُرُوْنَ ۔☆

اللہ تمہیں نہیں پکڑتا تمہاری غلط فہمی کی قسموں پر ہاں ان قسموں پر گرفت فرماتا ہے جنہیں تم نے مضبوط کیا تو ایسی قسم کا بدلہ دس مسکینوں کو کھانا دینا اپنے گھر والے کو جو کھلاتے ہو اس کے اوسط میں سے یا انہیں کپڑے یا ایک بردہ آزاد کرنا تو جو کچھ ان میں سے نہ پائے تو تین دن کے روزے یہ بدلہ ہے تمہاری قسموں کا جب تم قسم کھاؤ اور اپنی قسموں کی حفاظت کرو اسی طرح اللہ تم سے اپنی آیتیں بیان فرماتا ہے کہ کہیں تم احسان مانوں۔

## ﴿۲۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اگر قسم کے خلاف کرنے میں شرعا خیر دیکھے تو خلاف کرے اور کفارہ دے ورنہ بلاوجہ شرعی قسم توڑنا حرام ہے۔

(فتاوی رضویہ قدیم ۵/۹۳۶)

۴۳۵۱۔ عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم : مَنْ حَلَفَ عَلیٰ يَمِينٍ فَرَاٰی غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَلْيَاْتِ الَّذِی هُوَ خَيْرٌ وَ

---

۴۳۵۱۔ الصحيح لمسلم، كتاب الايمان و النذور، ۲/۴۸
المعجم الكبير للطبرانی ۱۷/۹۷ ☆ المسند لابی داؤد الطيالسی، ۴/۱۳۸
تلخيص الحبير لابن حجر، ۴/۱۷۰ ☆ الجامع الصغير للسيوطی، ۲/۵۲۴

Marfat.com

لْیُکَفِّرْ عَنْ یَمِینِهٖ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی شخص نے قسم کھائی پھر خیال آیا کہ اسکا خلاف بہتر ہے تو اس بہتر پر ہی عمل کرے اور قسم کا کفارہ ادا کردے۔

۴۳۵۲۔ عن أبی موسی الأشعری رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم إِنِّی وَاللّٰهُ ! إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَا أَحْلِفُ عَلیٰ یَمِینٍ فَأَرٰی غَیْرَهَا خَیْرًا مِّنْهَا إِلَّا کَفَّرْتُ عَنْ یَمِینِی وَأَتَیْتُ الَّذِی هُوَ خَیْرٌ۔

حضرت ابو موسی اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خدا کی قسم! ان شاء اللہ میں کسی چیز پر قسم نہیں کھاؤں گا کہ اسکے غیر میں بھلائی نظر آئی تو قسم کا کفارہ دیکر اس اچھے کام پر عمل کرونگا۔

(فتاوی رضویہ ۵/۹۵۰)

(۹۶) اُحِلَّ لَکُمْ صَیْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ مَتَاعًا لَّکُمْ وَلِلسَّیَّارَةِ ج وَحُرِّمَ عَلَیْکُمْ صَیْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ إِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ۔☆

حلال ہے تمہارے لئے دریا کا شکار اور اس کا کھانا تمہارے اور مسافروں کے فائدے اور تم پر حرام ہے خشکی کا شکار جب تک تم احرام میں ہو اور اللہ سے ڈرو جس کی طرف تمہیں اٹھنا ہے۔

## ﴿۲۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

مچھلی تر ہو یا خشک مطلقا حلال ہے۔

قال اللہ تعالیٰ: و احل لکم صید البحر ۔ سوائے طافی کے جو خود بخود بغیر کسی سبب ظاہر کے دریا میں مر کر اترا آتی ہے۔

عالمگیری میں ہے۔

---

۴۳۵۲۔ الجامع الصحیح للبخاری، کتاب الایمان و النذور، ۲/۹۸۰

السنن لابن ماجه، باب من حلف علی یمین، ۱/۱۵۳

Marfat.com

السمك يحل اكله الا ما طفا منه ۔

خشک مچھلی کا کسی نے استثناء نہ کیا، اگر حرام کہنے والا جاہل ہے اسے سمجھایا جائے اور ذی علم ہے تو اس پر حلال خدا کے حرام کہنے کا الزام عائد ہے۔ اسے تجدید اسلام وتجدید نکاح چاہیے ہاں اگر وہاں سوکھی مچھلی دریائے کے سوا کسی خشکی کے جانور کا نام ہے جیسے ریگ ماہی تو اس کا حال معلوم ہونا چاہئے۔ اگر ریگ ماہی کی طرح حشرات الارض سے ہے تو ضرور حرام ہے۔

عالمگیری میں ہے۔

جميع الحشرات اهوام الارض لا خلاف في حرمة هذه الاشياء ۔

والله تعالیٰ اعلم ۔ (فتاوی رضویہ قدیم ۸/۳۷۵)

**(۱۰۱) يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَسْأَلُوا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ ج وَإِنْ تَسْأَلُوا عَنْهَا حِينَ يُنَزَّلُ الْقُرْآنُ تُبْدَ لَكُمْ ط عَفَا اللَّهُ عَنْهَا وَاللَّهُ غَفُورٌ حَلِيمٌ. ☆**

اے ایمان والوں ایسی باتیں نہ پوچھو جو تم پر ظاہر کی جائیں جو تمہیں بری لگیں اور انہیں اس وقت پوچھو گے کہ قرآن اتر رہا ہے تو تم پر ظاہر کر دی جائیں گی اللہ انہیں معاف کر چکا ہے اور اللہ بخشنے والا اور حلم والا ہے۔

## ﴿۲۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

بہت سی باتیں ایسی ہیں کہ ان کا حکم دیتے تو فرض ہو جاتیں اور بہت ایسی کہ منع کرتے تو حرام ہو جاتیں، پھر جو انہیں چھوڑتا یا کرتا گناہ میں پڑتا، اس مالک مہربان نے اپنے احکام میں ان کا ذکر نہ فرمایا، یہ کچھ بھول کر نہیں کہ وہ تو بھول اور ہر عیب سے پاک ہے، بلکہ ہم پر مہربانی کے لئے کہ یہ مشقت میں نہ پڑیں تو مسلمانوں کو فرماتا ہے: تم بھی ان کی چھیڑ نہ کرو کہ پوچھو گے حکم مناسب دیا جائیگا اور تمہیں کو دقت ہو گی، اس آیت سے صاف معلوم ہوا کہ جن باتوں کا ذکر قرآن وحدیث میں نہ نکلے وہ ہرگز منع نہیں بلکہ اللہ کی معافی میں ہیں۔

دارقطنی ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

ان الله تعالىٰ فرض فرائض فلا تضيعوها ،وحرم حرمات فلا تنتهكوها

Marfat.com

،وحد حدودا فلا تعتدوھا ،وسکت عن اشیاء من غیر نسیان فلاتبحثوا عنھا۔

بے شک اللہ تعالیٰ نے کچھ باتیں فرض کی ہیں انھیں ہاتھ سے نہ دو،اور کچھ حرام فرمائی ہیں ان کی حرمت نہ توڑو،اور کچھ حدیں باندھی ہیں ان سے آگے نہ بڑھو،اور کچھ چیزوں سے بے بھولے سکوت فرمایاان میں کاوش نہ کرو۔

احمد وبخاری ومسلم ونسائی وابن ماجہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ذرونی ما ترکتکم فانماھلك من کان قبلکم بکثرۃ سوالھم واختلافھم علی انبیائھم فاذا نھیتکم عن شیٔفاجتنبوہ واذا امر تکم بامر فأتو منہ ما استطعتم۔

یعنی جس بات میں میں نے تم پر تضیق نہ کی اس میں مجھ سے تفتیش نہ کروکہ اگلی امتیں اسی بلا سے ہلاک ہوئیں، میں جس بات کومنع کروں اس سے بچواور جس کا حکم دوں اسے بقدر قدرت بجالاؤ۔

احمد وبخاری ومسلم سیدنا سعد ابن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ان اعظم المسلمیں فی المسلمیں جرما من سأل عن شیٔ لم یحرم علی الناس فحرم من اجل مسألتہ۔

بے شک مسلمانوں کے بارے میں ان کا بڑا گنہگار وہ ہے جوایسی چیز سے سوال کرے کہ حرام نہ تھی اس کے سوال کے بعد حرام کردی گئی۔

یہ احادیث باعلی ندا منادی کہ قرآن وحدیث میں جن باتوں کا ذکرنہیں نہ ان کی اجازت ثابت، نہ ممانعت وارد، وہ اصل جواز پر ہیں،ورنہ اگر جس چیز کا کتاب وسنت میں ذکر نہ ہومطلقاممنوع ونادرست ٹھرے،تواس سوال کرنے والے کی کیا خطا،اس کے بغیر پوچھے بھی وہ چیز ناجائز رہتی،بالجملہ یہ قاعدہ نفیسہ ہمیشہ یادرکھنے کا ہے کہ قرآن وحدیث سے جس چیز کی بھلائی یابرائی ثابت ہووہ بھلی یابری ہے اور جس کی نسبت کچھ ثبوت نہ ہووہ معاف وجائزومباح وروااور اس کوحرام وگناہ ونادرست وممنوع کہناشریعت مطہرہ پر افتراء۔

(فتاوی رضویہ جدید ۷/۵۸۲۔۵۸۳)

Marfat.com

(۱۰۳) مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَآئِبَةٍ وَّلَا وَصِيْلَةٍ وَّلَا حَامٍ وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ وَاَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۔ ☆

اللہ نے مقرر نہیں کیا ہے کان چرا ہوا اور نہ بجار اور نہ وصیلہ اور نہ حامی ہاں کافر لوگ اللہ پر جھوٹا افترا باندھتے ہیں اور ان میں اکثر نرے بے عقل ہیں۔

## ﴿۲۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

مشرکین اپنے بتوں کے لئے سانڈ چھوڑتے اسے سائبہ کہتے، جس کا کان چیر کر چھوڑتے اسے بحیرہ کہتے، اور ان جانوروں کو حرام جانتے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کا رد فرمایا۔

یعنی یہ باتیں اللہ نے ٹھہرائیں نہیں لیکن کافر اس پر جھوٹ باندھتے ہیں، تو ان جانوروں کو حرام بتانا کافروں کا قول ہے اور قرآن مجید کے خلاف ہے، اور آیہ کریمہ۔ ما اھل بہ لغیر اللہ ۔ اس جانور کے لئے ہے جس کے ذبح میں غیر خدا کا نام پکارا جائے، چھوڑے ہوئے جانور سے اسے کوئی تعلق نہیں ۔ یہ متعصب وہابیوں کے جاہلانہ خیال ہیں۔ کہ جاندار یا بے جان ذبیحہ ہو یا غیر جس چیز کو غیر خدا کی طرف منسوب کر کے پکاریں گے حرام ہو جائے گی ۔ ایسا ہو تو ان کی عورتیں بھی ان پر حرام ہوں گی کہ وہ بھی انہیں کی عورتیں کہہ کر پکاری جاتی ہیں ۔ اللہ تعالیٰ کا نام ان پر نہیں لیا جاتا ۔ ایسے بیہودہ خیالوں سے بچنا لازم ہے۔ ہاں بت کے چڑھاوے کی مٹھائی مسلمانوں کو نہ لینا چاہئے کہ کافر اسے صدقہ کے طور پر بانٹتے ہیں۔ وہ لینا ذلت بھی ہے اور معاذ اللہ جو چیز انہوں نے تعظیم بت کے لئے بانٹی اس کا ان کے موافق مراد استعمال بھی ہے بخلاف چھوڑے ہوئے جانور کہ اس کا کھانا کافروں کے خلاف مراد اور ان کی ذلت ہے، اس میں حرج نہیں مگر یہ شرط ہے کہ فتنہ نہ ہو ورنہ فتنہ سے بچنا لازم ہے۔

قال اللہ تعالیٰ: الفتنة اشد من القتل ۔ (البقرۃ ۔ ۱۹۱) واللہ تعالیٰ اعلم

(فتاوی رضویہ قدیم ۳۲۷/۸)

(۱۱۰) اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ وَعَلٰى وَالِدَتِكَ ۘ اِذْ اَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ قف تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا ۚ وَاِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۚ وَاِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ بِاِذْنِيْ فَتَنْفُخُ فِيْهَا فَتَكُوْنُ طَيْرًا بِاِذْنِيْ وَتُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَ

بُرَصَ بِاِذۡنِیۡ ج وَاِذۡ تُخۡرِجُ الۡمَوۡتٰی بِاِذۡنِیۡ ج وَاِذۡ كَفَفۡتُ بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ عَنۡكَ اِذۡ جِئۡتَهُمۡ بِالۡبَیِّنٰتِ فَقَالَ الَّذِیۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡهُمۡ اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا سِحۡرٌ مُّبِیۡنٌ ☆۔

جب اللہ فرمائے گا اے مریم کے بیٹے عیسی یاد کر میرا احسان اپنے اوپر اور اپنی ماں پر جب میں نے پاک روح سے تیری مدد کی تو لوگوں سے باتیں کرتا پالنے میں اور پکی عمر ہو کر اور جب میں نے تجھے سکھائی کتاب اور حکمت اور توریت اور انجیل اور جب تو مٹی سے پرند کی سی مورت میرے حکم سے بناتا پھر اس میں پھونک مارتا تو وہ میرے حکم سے اڑنے لگتی اور تو مادرزاد اندھے اور سفید داغ والے کو میرے حکم سے شفا دیتا اور جب تو مردوں کو میرے حکم سے زندہ نکالتا اور جب میں نے بنی اسرائیل کو تجھ سے روکا جب تو ان کے پاس روشن نشانیاں لے کر آیا تو ان میں کے کافر بولے کہ یہ تو نہیں مگر کھلا جادو۔

## ﴿۲۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

دفع بلائے مرض اور ابرائے اکمہ و ابرص میں کتنا فرق ہے۔ یعنی کوئی فرق نہیں )

Marfat.com

# سورۃ الانعام

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا ہے

(۱۹) قُلْ اَیُّ شَیْءٍ اَکْبَرُ شَھَادَۃً ط قُلِ اللّٰہُ قف شَھِیْدٌ بَیْنِیْ وَبَیْنَکُمْ قف وَاُوْحِیَ اِلَیَّ ھٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَکُمْ بِہٖ وَمَنْ بَلَغَ ط اَئِنَّکُمْ لَتَشْھَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰہِ اٰلِھَۃً اُخْرٰی ط قُلْ لَّا اَشْھَدُ ج قُلْ اِنَّمَا ھُوَ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِکُوْنَ ۔☆

تم فرماؤ سب سے بڑی گواہی کس کی تم فرماؤ کہ اللہ گواہ ہے مجھ میں اور تم میں اور میری طرف اس قرآن کی وحی ہوئی ہے کہ میں اس سے تمہیں ڈراؤں اور جن جن کو پہنچے تو کیا تم یہ گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ اور خدا ہیں ۔تم فرماؤ کہ میں یہ گواہی نہیں دیتا۔تم فرماؤ کہ وہ تو ایک ہی معبود ہے اور میں بیزار ہوں ان سے جن کو تم شریک ٹھہراتے ہو۔

### ﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(اس سے کذب باری محال ہونے پر استدلال فرمایا) اقول: اللہ کے لئے حمد ومنت ، یہ آیہ کریمہ سابقہ" و من اصدق من اللہ قیلا " سے بھی جلی واظہر اور افادہ مراد میں اجلی وازھر، وہاں ظاہر نظم نفی اصدقیت غیر تھا اور اثبات اصدقیت کلام اللہ بحوالہ عرف ، یہاں صراحۃ ارشاد ہوتا ہے کہ اللہ عزوجل کی گواہی سب گواہیوں سے اکبر واعظم واعلی ہے۔اب اگر معاذ اللہ امکان کذب کو دخل دیجئے تو ہر گز شہادت الہی کو تواتر پر تفوق نہیں کہ جو یقین اس سے ملے گا اس سے بھی مہیا، اور جو احتمال اس میں باقی اس میں بھی پیدا ،تو قرآن پر ایمان لانے والے کو یہی چارہ کہ مذہب مہذب اہل السنت کی طرف رجوع کرے اور جناب عزت کے امکان کذب سے برأت پر ایمان لائے ۔فافھم واعلم واللہ تعالی اعلم۔ (فتاوی رضویہ جدید ۱۵/۳۵۵)

﴿۲۶﴾وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْـَٔوْنَ عَنْهُ ۚ وَإِنْ يُهْلِكُونَ إِلَّآ أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ۔☆

اور وہ اُس سے روکتے اور اس سے دور بھاگتے ہیں اور ہلاک نہیں کرتے مگر اپنی جانیں اور انہیں شعور نہیں۔

## ﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یعنی جابوجھ کر بے شعوروں ۔کے سے کام کرے، اس سے بڑھ کر بے شعور کون؟ سلطان المفسرین سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور ان کے تلمیذ رشید سیدنا امام اعظم کے استاد مجید امام عطا بن ابی رباح و مقاتل وغیرہم مفسرین فرماتے ہیں: یہ آیت ابوطالب کے باب میں اتری۔

تفسیر امام بغوی محی السنۃ میں ہے:

قال ابن عباس ومقاتل نزلت فی ابی طالب کان ینھی الناس عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و یمنعھم و ینأی عن الایمان بہ ای یبعد۔

انوار التنزیل میں ہے:

ینھون عن تعرض لرسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ینأون فلا یومنون بہ کابی طالب۔

فریابی اور عبد الرزاق اپنے مصنف اور سعید بن منصور سنن میں اور عبید بن جریر وابن منذر وابن ابی حاتم وطبرانی وابوالشیخ ابن مردویہ وحاکم مستدرک میں بافادہ تصحیح اور بیہقی دلائل النبوۃ میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اس آیت کی تفسیر میں راوی۔

قال: نزلت فی ابی طالب کان ینھی عن اذی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و ینأی عما جاء بہ۔

یعنی یہ آیت ابوطالب کے بارے میں اتری اور کافروں کو حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ایذا رسانی سے منع کرتے باز رکھتے اور خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایمان لانے سے دور رہتے۔

Marfat.com

**(ایمان ابوطالب۔۱۳تا۱۵)**

۴۳۵۳۔ **عن** أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لعمه قل : لا اله الا الله ، اشهد لك بها یوم القیامة قال : لو لا ان تعیرنی قریش یقولون : انما حمله علی ذلك الجزع لا قررت عینك فانزل الله عزوجل ، انك لا تهدی من احببت ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابوطالب سے مرتے وقت کلمہ پڑھنے کو ارشاد فرمایا صاف انکار کیا اور کہا: مجھے قریش عیب لگائیں گے کہ موت کی سختی سے گھبرا کر مسلمان ہوگیا ورنہ حضور کی خوشی کردیتا۔ اس پر رب العزت تبارک وتعالیٰ نے یہ آیت کریمہ نازل فرمائی۔ اے محبوب، جس کو آپ پسند کرتے ہیں اسکو ہدایت نہیں دے سکتے۔

۴۳۵۴۔ **عن** سعید بن المسیب عن أبیه رضی الله تعالیٰ عنهما قال :لما حضرت ابا طالب الوفاة جاء ہ رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فوجد عنده ابا جهل و عبد الله ابن أبی امیة بن المغیرة فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : یا عم ! قل لا اله الا الله کلمة اشهد لك بها عند الله ، فقال ابو جهل و عبد الله بن أبی امیة : یا ابا طالب ! اترغب عن ملة عبد المطلب ؟ فلم یزل رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یعرضها علیه و یعید له تلك المقالة حتی قال ابو طالب اخرما کلمهم هو علی ملة عبد المطلب و ابی ان یقول : لا اله الا الله ، فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : ام و الله لا استغفرن لك ما لم انه عنك ، فانزل الله

---

۴۳۵۳۔ الصحیح لمسلم، کتاب الایمان، ۱/ ۴۰
المسند لاحمد بن حنبل، ۲/ ۴۳۴

۴۳۵۴۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب اذا قال المشرك عند الموت، ۱/ ۱۸۱
الصحیح لمسلم، کتاب الایمان، ۱/ ۴۰
المسند لاحمد بن حنبل، ۵/ ۴۳۳

Marfat.com

تبارك و تعالىٰ ما كان للنبى و الذين آمنوا ان يستغفروا و المشر كين و لو كانوا اولى قربى من بعدى ماتبين لهم انهم اصحاب الجحيم ، و انزل الله تعالى فى أبى طالب فقال لرسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : انك لا تهدى من احببت و لكن الله يهدى من يشاء و هو اعلم بالمهتدين۔

حضرت سعد بن میتب اپنے والد رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی کہ ابو طالب کے انتقال کا وقت جب آیا تو حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے، اس وقت وہاں ابوجہل اور عبداللہ بن ابی امیہ مغیرہ موجود تھا، حضور سید عالم صلی تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے چچا! تم کلمہ پڑھ لو میں اللہ تعالیٰ کے یہاں گواہی دوں گا۔ یہ سن کر ابو جہل اور ابن امیہ نے کہا اے ابوطالب کیا تم عبدالمطلب کے دین سے پھر رہے ہو؟ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بار بار یہی فرماتے رہے لیکن ابوطالب نے آخر میں یہی کہا: کہ میں عبدالمطلب کے دین و مذہب پر ہوں اور کلمہ پڑھنے سے انکار کر دیا حضور نے فرمایا: تو میں تمہارے لئے اس وقت تک دعائے استغفار کروں گا جب تک مولیٰ سبحانہ مجھے منع نہیں فرمائے گا۔ مولی تعالی سبحانہ نے یہ دونوں آیتیں نازل فرمائیں کہ اے محبوب! آپ اس کو ہدایت نہیں کر سکتے جس کو محبوب رکھتے ہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ جس کو چاہے ہدایت فرمائے اور وہ ہدایت پانے والوں کو خوب جانتا ہے۔ نیز فرمایا: نبی کریم اور مومنین کے لئے جائز نہیں کہ مشرکین کے لئے استغفار کریں خواہ وہ قریبی رشتہ دار ہی ہوں جبکہ یہ واضح ہو چکا ہے کہ وہ دوزخی ہیں۔ شرح المطالب ص ١٦

٤٣٥٥۔ **عن** عبد الله بن عباس رضى الله تعالىٰ عنهماقال:نزلت اى " انك لا تهدى من احببت " فى أبى طالب كان ينهى عن اذى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و ينأى عما جاء به ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ آیت مبارکہ" انك لا تهدى من احببت "ابوطالب کے حق میں نازل ہوئی، ابوطالب کا حال یہ تھا کہ حضور نبی

---

٤٣٥٥۔ المستدرك للحاكم،

Marfat.com

کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کافروں کو باز رکھتے اور خود حضور پر ایمان لانے سے باز رہتے۔

۴۳۵۶۔ **عن** عبد الله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما انه قال للنبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : ما اغنیت عن عمك ؟ فو الله كان يحوطك و يغضب لك ، قال :هو فی ضحضاح من نار و لو لا انا لكان فی الدرك الا سفل من النار ، و فی رواية و حد ته فی غمرات من النار فا خرجته الی ضحضاح ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی: حضور نے اپنے چچا ابو طالب کو کیا نفع دیا خدا کی قسم! وہ حضور کی حمایت کرتا اور حضور کیلئے لوگوں سے لڑتا۔ فرمایا: میں نے اسے سراپا آگ میں ڈوبا ہوا پایا تو کھینچ کر پاؤں تک آگ میں کر دیا اور اگر میں نہ ہوتا تو وہ جہنم کے سب سے نیچے طبقہ میں ہوتا۔

۴۳۵۷۔ **عن** أبی سعید الخدری رضی الله تعالیٰ عنه قال ۔ ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ذکر عنده عمه ابو طالب فقال :لعله تنفعه شفاعتی يوم القيامة فيجعل فی ضحضاح فی النار يبلغ كعبه يغلی منه دماغه ۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے ابو طالب کا ذکر آیا۔ فرمایا: کہ میں امید کرتا ہوں کہ روز قیامت میری شفاعت اسے یہ نفع دے گی کہ جہنم میں پاؤں تک کی آگ میں کر دیا جائے گا جو اس کے ٹخنوں تک ہوگی جس سے اس کا دماغ جوش مارے گا۔

---

۴۳۵۶۔ الجامع الصحيح للبخاری، باب قصة ابی طالب ، ۵۴۸/۱
الصحيح لمسلم، كتاب الايمان ۱۱۵/۱
۴۳۵۷۔ الجامع الصحيح للبخاری، باب قصة أبی طالب ، ۵۴۸/۱
الصحيح لمسلم، كتاب الايمان ، ۱۱۵/۱
المسند لا حمد بن حنبل، ۹/۳ ☆

Marfat.com

۴۳۵۸۔ **عن** جابر بن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنهما قال ۔ قیل للنبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : هل نفعت ابا طالب ؟ قال :اخرجته من غمرة جهنم الی ضحضاح منها ۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا: حضور نے ابوطالب کو کچھ نفع دیا؟ فرمایا: میں نے اسے دوزخ کے غرق سے پاؤں تک کی آگ میں کھینچ لیا۔ شرح المطالب ص ۲۱

۴۳۵۹۔ **عن** ام سلمة رضی الله تعالیٰ عنه قالت : ان الحارث بن هشام رضی الله تعالیٰ عنه اتی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یوم حجة الوداع فقال : یا رسول الله! انك تحث علی صلة الرحم و الاحسان الی الجار و ایواء الیتیم و اطعام الضیف و اطعام المسکین و کل ذلك یفعله هشام بن المغیرة فما ظنك به یا رسول الله ! فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : کل قبر لا یشهد صاحبه ان لا اله الا الله فهو جزوة من النار ، قدو جدت عمی ابا طالب فی طمطام من النار فاخرجه الله لمکانه منی و احسانه الی فجعله الی ضحضاح من النار ۔

ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حارث بن ہشام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روز حجۃ الوداع حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی: یارسول اللہ! حضوران باتوں کی ترغیب فرماتے ہیں، رشتہ داروں سے نیک سلوک، ہمسایہ سے اچھا برتاؤ یتیم کو جگہ دینا، مہمان کی مہمانی دینا، محتاج کو کھانا کھلانا، اور میرا باپ ہشام یہ سب کام کرتا تو حضور کا اس کی نسبت کیا گمان ہے؟ فرمایا: جو قبر جس کا مردہ لا الـٰـه الا اللہ نہ مانتا ہو وہ دوزخ کا انگار ہے۔ میں نے خود اپنے چچا ابوطالب کو سر سے اونچی آگ میں پایا۔ میری قرابت وخدمت کے باعث اللہ تعالیٰ نے اسے وہاں سے نکال کر پاؤں تک آگ میں کر دیا۔

---

۴۳۵۸۔ جمع الجوامع للسیوطی، ۸۱۱ ☆

۴۳۵۹۔ مجمع الزوائد للهیثمی، ۱/۱۱۸ ☆ کنز العمال للمتقی، ۳۴۴۳۶، ۱۲/ ۱۵۱

Marfat.com

۴۳۶۰۔ **عن** عبد الله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : اهون اهل النار عذ ا با ابوطالب و هو متنعل بنعلین من نار یغلی منها دماغه ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: بیشک دوزخیوں میں سب سے کم عذاب ابوطالب پر ہے۔وہ آگ کے دو جوتے پہنے ہوئے ہے جس سے اسکا دماغ کھولتا ہے۔

۴۳۶۱۔ **عن** امیر المؤمنین علی المرتضی کرم الله تعالیٰ وجهه الکریم قال : قلت للنبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ان عمك الشیخ الضال قد مات ، قال: اذهب فوار اباك ۔

امیر المؤمنین حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی: یارسول اللہ! حضور کا چچا وہ بڈھا گمراہ مر گیا، فرمایا: جا، اسے دبا آ۔

۴۳۶۲۔ **عن** امیر المؤمنین علی المرتضی کرم الله تعالی وجهه الکریم قال : قلت للنبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : ان عمك الشیخ الکافر قد مات فما تری فیه ؟ قال : اری ان تغسله تحنه ۔

---

۴۳۶۰۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب صفة الجنة والنار، ۲/۹۷۱
الصحیح لمسلم، کتاب الایمان ۱/ ۱۱۵
المستدرك للحاکم، ۴/ ۵۸۱ ☆ کنز العمال للمتقی ۳۹۵۱۲، ۱/۹۸
المسند لاحمد بن حنبل، ۲/ ۴۳۲ ☆ المسند لابی عوانه ۱/۹۸
الجامع الصغیر للسیوطی، ۱/ ۱۶۵ ☆
۴۳۶۱۔ السنن لابی داؤد ، باب الرجل یموت له قرابة مشرك ۲/ ۴۵۸
السنن للنسائی باب موارة المشرك ، ۱/ ۲۱۰
۴۳۶۲۔ المصنف لابن ابی شیبة ،

Marfat.com

امیر المؤمنین حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالی وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا: حضور کا چچا وہ بڈھا کافر مر گیا اس کے بارے میں حضور کی کیا رائے ہے۔ فرمایا: نہلا کر دبا دو

(شرح المطالب ص ۲۳)

## ﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

امام الائمہ ابن خزیمہ نے فرمایا:

یہ حدیث صحیح ہے۔

امام حافظ الشان اصابہ فی تمیز الصحابہ میں فرماتے ہیں:

صححه ابن خزيمه ۔

اس حدیث جلیل کو دیکھئے! ابو طالب کے مرنے پر خود امیر المؤمنین علی کرم اللہ تعالی وجہہ الکریم حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کرتے ہیں: کہ حضور کا وہ گمراہ کافر چچا مر گیا۔ حضور اس پر انکار نہیں فرماتے، نہ خود جنازہ میں تشریف لے جاتے ہیں۔ ابو طالب کی بی بی امیر المؤمنین کی والدہ ماجدہ حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے جب انتقال کیا، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی چادر و قمیص مبارک میں انہیں کفن دیا۔ اپنے دست مبارک سے لحد کھودی اپنے دست مبارک سے مٹی نکالی پھر ان کے دفن سے پہلے خود ان کی قبر مبارک میں لیٹے اور دعا کی۔

کاش ابو طالبؔ مسلمان ہوتے تو کیا سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے جنازہ میں تشریف نہ لیجاتے صرف اتنے ہی ارشاد پر قناعت فرماتے کہ جاؤ اسے دبا آؤ۔

امیر المؤمنین کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کی قوت ایمان دیکھئے کہ خاص اپنے باپ نے انتقال کیا ہے اور خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غسل کا فتوی دے رہے ہیں اور یہ عرض کرتے ہیں کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وہ تو مشرک مرا، ایمان ان بندگان خدا کے تھے کہ اللہ و رسول کے مقابلہ میں باپ بیٹے کسی سے کچھ علاقہ نہ تھا۔ اللہ و رسول کے مخالفوں کے دشمن تھے اگر چہ وہ اپنا جگر ہو۔ دوستان خدا اور رسول کے دوست تھے اگر چہ ان سے دنیوی ضرر ہو۔　شرح المطالب ص ۲۵

Marfat.com

۴۳۶۳۔ **عن** انس رضی اللہ تعالیٰ عنه قال :لما جاء ابو بکر بأبی قحافة قال : فلما مدیده یبایعه بکی ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنه فقال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم :ما یبکیك؟ قال : لان تکون ید عمك مکان یده و یسلم یقر اللہ تعالیٰ عینیك احب الی من ان یکون ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد حضرت ابوقحافہ کو لے کر بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنا دست انور ابوقحافہ سے بیعت اسلام لینے کیلئے بڑھایا تو صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ روئے ۔حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیوں روتے ہو؟ عرض کی: ان کے ہاتھ کی جگہ آج حضور کے چچا کا ہاتھ ہوتا اور ان کے اسلام لانے سے اللہ تعالیٰ حضور کی آنکھ ٹھنڈی کرتا تو مجھے اپنے باپ کے مسلمان ہونے سے زیادہ یہ بات عزیز تھی۔

## ﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

حاکم نے کہا: یہ حدیث برشرط شیخین صحیح ہے۔حافظ الشان نے اصابہ میں اسے مسلم رکھا اور فرمایا: سنده صحیح ۔ شرح المطالب ص ۲۷

۴۳۶۴۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: جاء ابو بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنه بأبی قحافة یقوده یوم فتح مکة فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم الا ترکت الشیخ حتی ناتیه قال : ابو بکر اردت ان یاجره اللہ تعالیٰ و الذی بعثك بالحق لا نا اشد فرحا باسلام أبی طالب لو کان اسلم منی بأبی ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

---

۴۳۶۳۔ المستدرك للحاکم،

الاصابه لا بن حجر ،

۴۳۶۴۔ سیرۃ ابن اسحاق ، الاصابة لا بن حجر ۳۷۵/۴

Marfat.com

فتح مکہ کے دن ابوقحافہ کا ہاتھ پکڑ ہوئے خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر لائے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اس بوڑھے کو وہیں کیوں نہ رہنے دیا کہ ہم خود اس کے پاس تشریف فرما ہوتے۔ صدیق نے عرض کی: میں نے چاہا کہ اللہ تعالیٰ ان کو اجر دے۔ قسم اس کی جس نے حضور کو حق کے ساتھ بھیجا مجھے اپنے باپ کے مسلمان ہونے سے زیادہ ابوطالب کے مسلمان ہونے کی خوشی ہوتی اگر وہ اسلام لے آتے۔

٤٣٦٥ ـ **عن** علی المرتضی کرم الله تعالیٰ وجهه الکریم قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : کانت مشیة الله عزوجل فی اسلام عمی العباس و مشیتی فی اسلام عمی أبی طالب فغلبت مشیة الله مشیتی ـ

حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میرے چچا عباس کا مسلمان ہونا چاہا اور میری خواہش یہ تھی کہ میرا چچا ابوطالب مسلمان ہو اللہ تعالی کا ارادہ میری خواہش پر غالب آیا کہ ابو طالب کافر رہا۔

٤٣٦٦ ـ **عن** محمد بن کعب القرظی رضی الله تعالیٰ عنه قال : بلغنی انه لما شتکی ابو طالب شکواه التی قبض فیها قالت له قریش : ارسل الی ابن اخیك یرسل الیك من هذه الجنة التی ذکرها یکون لك شفاء فارسل الیه فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : ان الله حرمها علی الکافرین طعامها و شرابها ، ثم اتاه فعرض علیه الاسلام فقال: لو لاان تعیربها فیقال جزع عمك من الموت لاقررت بها عینك و استغفرله بعد ما مات فقال المسلمون ما یمنعنا ان تستغفر لآبائنا و لذوی قرابتنا قد استغفر ابراهیم علیه السلام لا بیه و محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لعمه فاستغفر وا للمشرکین حتی نزلت ما کان للنبی و الذین آمنوا الآیة ـ

---

٤٣٦٥ ـ حلیة الاولیاء لا بی نعیم . کنز العمال ، للمتقی ، ٣٤٤٣٩ ، ١٥٢/١٢

٤٣٦٦ ـ البسیط للواحدی ،

Marfat.com

حضرت محمد بن کعب قرظی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے روایت پہونچی کہ ابو طالب جب مرض الموت میں مبتلا ہوئے تو کافران قریش نے صلاح دی کہ اپنے بھتیجے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کرو کہ یہ جنت جو وہ بیان کرتے ہیں اس میں سے تمہارے لئے کچھ بھیج دیں کہ تم شفا پاؤ۔ ابو طالب نے عرض کر بھیجی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ نے جنت کا کھانا پانی کافروں پر حرام کیا ہے پھر تشریف لا کر ابو طالب پر اسلام پیش کیا۔ ابو طالب نے کہا: لوگ حضور پر طعنہ کریں گے کہ حضور کا چچا موت سے گھبرا گیا، اس کا خیال نہ ہوتا تو میں آپ کی خوشی کر دیتا۔ جب وہ مر گئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے لئے دعائے مغفرت کی۔ مسلمانوں نے کہا: ہمیں اپنے والدوں قریبوں کے لئے دعائے بخشش سے کون مانع ہے۔ ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام نے اپنے باپ کے لئے استغفار کی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے چچا کے لئے استغفار کر رہے ہیں یہ سمجھ کر مسلمانوں نے اپنے اقارب مشرکین کے واسطے دعائے مغفرت کی، اللہ عزوجل نے آیت اتاری کہ مشرکوں کے لئے یہ دعا نہ نبی کو روا نہ مسلمانوں کو جبکہ روشن ہولیا کہ وہ جہنمی ہیں۔ العیاذ باللہ تعالیٰ۔ (شرح المطالب ص۲۹)

٤٣٦٧۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم : اذا کان یوم القیامة شفعت لأبی و امی و أبی طالب و اخ لی کان فی الجاهلیة ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں روز قیامت اپنے والدین اور ابو طالب اور اپنے ایک رضاعی بھائی کی کہ زمانہ جاہلیت میں گزرا شفاعت فرماؤں گا۔

## ﴿۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

امام محب طبری نے کہ حافظان حدیث وعلمائے فقہ سے ہیں ذخائر العقبی میں فرمایا:۔

---

٤٣٦٧۔ فوائد تمام الرازی،

Marfat.com

یہ حدیث اگر ثابت بھی ہو تو ابوطالب کے بارے میں اس کی تاویل وہ ہے جو صحیح حدیث میں آیا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت سے عذاب ہلکا ہو جائے گا۔

امام سیوطی فرماتے ہیں:

خاص ابوطالب کے باب میں تاویل کی حاجت یہ ہوئی کہ ابوطالب نے زمانۂ اسلام پایا اور کفر پر اصرار رکھا بخلاف والدین کریمین اور برادر رضاعی کہ زمانۂ فترت میں گزرے۔

اقول: یہاں تاویل بمعنی بیان مراد ومعنی ہے جس طرح شرح معانی قرآن کو تاویل کہتے ہیں: کفار سے تخفیف عذاب بھی حضور سید الشافعین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اقسام شفاعت سے ہے۔ شفاعت کبری کہ فتح باب حساب کے لئے ہے تمام جہاں کو شامل وعام ہے۔ امام نووی نے بآنکہ ابوطالب کو بالیقین کافر جانتے ہیں تبویب صحیح مسلم شریف میں یوں لکھا۔

باب شفاعة النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لابی طالب والتخفیف عنه بسببه۔

امام بدرالدین زرکشی نے خادم میں ابن ماجہ سے نقل کیا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اقسام شفاعت سے وہ تخفیف عذاب ہے جو ابولہب کو بروز دوشنبہ ملتی ہے۔

لسرورہ بولادته صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم واعتاقه ثوبیة حین بشربه و انما ھی کرامة له صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

اس لئے کہ اس نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے میلاد مبارک کی خوشی کی اور اس کا مژدہ سن کر ثویبہ کو آزاد کیا تھا۔ یہ حضور ہی کا فضل ہے جس کے باعث اس نے تخفیف پائی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

شرح مواہب علامہ زرقانی میں ہے۔

بیشک صحاح میں ثابت ہے اور صادق ومصدوق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خبردی کہ ابوطالب پر سب دوزخیوں سے کم عذاب ہے۔

اللھم! اجرنا من عذابك الالیم بجاہ نبیك الرؤف الرحیم علیه و علی آله افضل الصلوۃ و ادوم التسلیم۔ آمین والحمد للہ رب العالمین شرح المطالب ص۔

Marfat.com

﴿۳۸﴾ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ۚ مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ۔ ☆

اور نہیں زمین میں کوئی چلنے والا اور نہ کوئی پرندکہ اپنے پروں پر اڑتا ہے مگر تم جیسی امتیں ہم نے اس کتاب میں کچھ اٹھا نہ رکھا پھر اپنے رب کی طرف اٹھائے جائیں گے۔

## ﴿۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس میں (یعنی قرآن کریم میں) تمام احکام جزئیہ تفصیلیہ ہی نہیں بلکہ ازلا ابدا جمیع کوائن وحوادث بالاستیعاب موجود ہیں۔ امیر المومنین علی کرم اللہ وجہ سے مروی کہ حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

کتاب الله فیه نبأ ما قبلکم و خبر ما بعد کم و حکم ما بینکم۔

قرآن اس میں خبر ہے ہر اس چیز کی جو تم سے پہلے ہے اور ہر اس شئی کی جو تمہارے بعد ہے اور حکم ہے ہر اس امر کا جو تمہارے درمیان ہے۔ رواہ الترمذی۔

عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں:

لو ضاع لی بعیر لوجدته فی کتاب الله۔

اگر میرے اونٹ کی رسی گم ہوجائے تو میں قرآن عظیم میں اسے پالوں۔

ذکرہ ابن الفضل المرسی نقل عنه فی الاتقان۔

امیر المومنین علی مرتضی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

لو شئت لا وقرت من تفسیر الفاتحة سبعین بعیرا۔

میں چاہوں تو سورہ فاتحہ کی تفسیر سے ستر اونٹ بھردوں۔

ایک اونٹ کے من بوجھ اٹھاتا ہے اور ہر من میں کے ہزار اجزا؟ حساب سے تقریبا پچیس لاکھ جز آتے ہیں، یہ فقط سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے پھر باقی کلام عظیم کی کیا گنتی، پھر یہ علم علی ہے اس کے بعد علم عمر اس کے بعد علم صدیق کی باری ہے۔ ذھب عمر به تسعة اعشار العلم۔ عمر علم کے نو حصے لے گئے۔ کان ابو بکر اعلمنا۔ ہم سب میں زیادہ علم ابوبکر کو تھا۔ پھر علم نبی تو علم ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

Marfat.com

غرض قرآن عظیم وفرقان کریم میں سب کچھ ہے جسے جتنا علم اتنی ہی فہم جس قدر فہم اسی قدر علم۔ و تلك الا مثا ل نضر بها للنا س و ما يعقلها الا لعلمو ن ۔ ( العنكبو ت ۔ ٤٣ ) کہاوتیں ارشاد تو سب کے لئے ہوئیں ہیں پر ان کی سمجھ انہیں کو ہے جو علم والے ہیں پھر علم کے مدارج بیحد متفاوت۔ و فو ق كل ذ ى علم عليم ۔

عالم امکان میں نہایات حضور سید الکائنات علیہ وعلی آلہ افضل الصلوات والتحیات۔

والہذا ارشاد ہوا:

انا انز لنا اليك الكتب با لحق لتحكم بين النا س بما ارا ك الله ۔ ( النسا ء ۔ ١٠٥ )

تو حضور کو جو کچھ حکم جو کچھ رائے جو کچھ طریقہ جو کچھ ارشاد ہے سب قرآن عظیم سے ہے

ان الى ربك المنتهى ۔ ( النجم ۔ ٤٢ )

سب قرآن عظیم میں ہے۔

ان هو الا و حى يو حى ۔ ( النجم ۔ ٤ )

مگر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے علم تام وشامل سے جانا کہ آخر زمانہ میں کچھ بد دین مکار بدلگام، فاجر آنیوالے ہیں کہ ہمارا جو حکم اپنی اندھی آنکھوں سے بظاہر قرآن عظیم میں نہ پائیں گے منکر ہو جائیں۔

بل كذ بو ا بما لم يحيطو ا بعلمه و لما يأ تهم تا ويله كذلك كذ ب الذ ين من قبلهم فا نظر كيف كا ن عا قبة الظا لمين ۔ ( يو نس ۔ ٣٩ )

لہذا حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صاف ارشاد فرمایا:

الا انى او تيت القر ان و مثله معه لا يو شك رجل شبعان على اريكته يقول عليكم بهذ االقر آن فما و جد تم فيه من حلا ل فا حلو ه و ما و جد تم فيه من حرام فحر مو ه و انما حر م رسو ل الله كما حر م الله ۔

سن لو مجھے قرآن کے ساتھ اس کے مثل دیا گیا، خبردار نزدیک ہے کہ کوئی پیٹ بھرا اپنے تخت پر پڑا کہے یہی قرآن لئے رہو اس میں جو حلال پاؤ حلال جانو، اور جسے حرام پاؤ اسے حرام مانو۔ حالانکہ جو چیز رسول اللہ نے حرام کی وہ اسی کے مثل ہے جو اللہ نے حرام فرمائی۔

Marfat.com

رواه الائمة احمد و الدارمی و ابو دائود و الترمذی و ابن ماجه بالفاظ متقاربة عن المقدام بن معدیکرب رضی اللہ تعالیٰ عنه ۔

اورفرماتے ہیں:

لا الفین احدکم متکئا علی اریکته یاتیه الامر مما امرت به او نهیت عنه فیقول لا ادری ما وجدنا فی کتاب اللہ اتبعناہ ،

خبردار! میں نہ پاؤں تم میں کسی کو اپنے تخت پر تکیہ لگائے کہ میرے حکم سے کوئی حکم اسے کے پاس آئے جس کا میں نے امر فرمایا، یا اس سے نہی تو کہنے لگے میں نہیں جانتا، ہم جو کچھ قرآن میں پائیں گے اسی کی پیروی کریں گے۔

رواہ احمد و ابو دائود و الترمذی و ابن ماجة و البیهقی فی الدلائل عن ابی رافع رضی اللہ تعالی عنه ۔

اورایک حدیث میں حضور والاصلاۃ اللہ تعالی وسلامہ علیہ نے فرمایا:

یحسب احدکم متکئا علی اریکته یظن ان اللہ لم یحرم شیئا لا ما فی هذا القرآن ،الا انی و اللہ قد امرت و عظت و نهیت عن اشیاء انها کمثل القرآن او اکثر ۔

تم میں کوئی اپنے تخت پر تکیہ لگائے گمان کرتا ہے کہ اللہ نے بس یہی چیز حرام کی ہیں جو قرآن میں لکھی ہیں، سن لو خدا کی قسم میں نے حکم دیئے اور نصیحتیں فرمائیں اور بہت چیزوں سے منع فرمایا کہ وہ قرآن کی حرام فرمائی اشیاء کے برابر بلکہ بیشتر ہیں۔

رواہ ابو دائود عن العرباض بن ساریه رضی اللہ تعالی عنه ۔

(قدیم ۹/۱۱۸-۱۱۹)

۴۳۶۸- **عن** أبی هریرة رضی اللہ تعالیٰ عنه قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیه وسلم : من لم یسأل اللہ یغضب علیه ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

---

۴۳۶۸- السنن لابن ماجه، باب فضل الدعاء ۲/۲۸۰

Marfat.com

وسلم نے ارشاد فرمایا: جو اللہ تعالیٰ سے دعا نہ کرے گا اللہ تعالیٰ اس پر غضب فرمائیگا۔

(فتاوی رضویہ ۱۱/۱۷۵)

۴۳۶۹۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم : ان الله تعالیٰ يقول : من لا يدعوننی اغضب عليه ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کا فرمان مقدس ہے: جو مجھ سے دعا نہ کریگا میں اس پر غضب فرماؤں گا۔　(فتاوی رضویہ ۳/۷۸۵)

**﴿۵۷﴾ قُلۡ اِنِّیۡ عَلٰی بَیِّنَۃٍ مِّنۡ رَّبِّیۡ وَ کَذَّبۡتُمۡ بِہٖ ؕ مَا عِنۡدِیۡ مَا تَسۡتَعۡجِلُوۡنَ بِہٖ ؕ اِنِ الۡحُکۡمُ اِلَّا لِلّٰہِ ؕ یَقُصُّ الۡحَقَّ وَ ہُوَ خَیۡرُ الۡفٰصِلِیۡنَ ۔☆**

تم فرماؤ میں تو اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل پر ہوں۔ اور تم اسے جھٹلاتے ہو۔ میرے پاس نہیں جس کی تم جلدی مچا رہے ہو۔ حکم نہیں مگر اللہ کا وہ حق فرماتا ہے اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا۔

## ﴿۷﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(اس آیت سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے) جس چیز کو اس نے کی ہیئت خاصہ سے محل معین سے مخصوص اور مقصور و محصور فرمایا اس سے تجاوز جائز نہیں، جو تجاوز کریگا دین میں بدعت نکالے گا، جس چیز کو اس نے ارسال واطلاق پر رکھا ہر گز کسی ہیئت ومحل پر مقتصر نہ ہوگی اور ہمیشہ اپنے اطلاق پر ہی رہے گی، جو اس سے بعض صورتوں کو جدا کرے گا دین میں بدعت پیدا کرے، ذکر ودعا اسی قبیل سے ہیں کہ زنہار شرع مطہرہ نے انہیں کسی قید وخصوصیت پر محصور نہ فرمایا بلکہ عموما ومطلقا ان کی تکثیر کا حکم دیا۔

(فتاوی رضویہ جدید ۸/۵۳۵)

**﴿۵۹﴾ وَعِنۡدَہٗ مَفَاتِحُ الۡغَیۡبِ لَا یَعۡلَمُہَاۤ اِلَّا ہُوَ ؕ وَ یَعۡلَمُ مَا فِی الۡبَرِّ وَ الۡبَحۡرِ**

---

۴۳۶۹۔ کنز العمال للمتقی، ۳۱۲۷، ۲/۶۳

Marfat.com

ط وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا یَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِیْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ۔☆

اور اسی کے پاس ہیں کنجیاں غیب کی انہیں وہی جانتا ہے اور جانتا ہے جو کچھ خشکی اور تری میں ہے۔ اور جو پتا گرتا ہے وہ اسے جانتا ہے اور کوئی دانہ نہیں زمین کی اندھیریوں میں اور نہ کوئی تر اور خشک جو ایک روشن کتاب میں لکھا نہ ہو۔

## ﴿۸﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اور بیشک صحیح حدیثیں بیان فرما رہی ہیں کہ روز اول سے آخر تک جو کچھ ہوا اور جو کچھ ہوگا سب لوح محفوظ میں لکھا ہے، بلکہ یہاں تک کہ جنت و دوزخ والے اپنے اپنے ٹھکانے میں جائیں۔ اور وہ جو ایک حدیث میں فرمایا:

کہ اب تک کا سب حال اس میں لکھا ہے، اس سے بھی یہی مراد ہے، اس لئے کہ بھی ابد بولتے ہیں اور اس سے آئندہ مراد لیتے ہیں جیسا کہ بیضاوی میں ہے، ورنہ غیر متناہی چیز کی تفصیل متناہی چیز نہیں اٹھا سکتیں جیسا کہ کہ پوشیدہ نہیں اور اسی کو ''ماکان ومایکون'' کہتے ہیں۔

اور بیشک علم اصول میں بیان کردیا گیا کہ نکرہ مقام نفی میں عام ہوتا ہے تو جائز نہیں کہ اپنی کتاب میں اللہ تعالی نے کوئی چیز بیان سے چھوڑ دی ہو اور ''کل'' کا لفظ تو عموم پر نص سے زیادہ نص ہے تو روا نہیں کہ بیان روشن اور تفصیل سے کوئی چیز چھوٹ گئی ہو اور یہ عام افادۂ استغراق میں یقینی ہے اور یہ کہ نصوص کو ظاہر پر حمل کرنا واجب ہے جب تک کہ کوئی صحیح دلیل اس کو نہ پھیر دے اور یہ کہ جب تک کوئی دلیل مجبور نہ کرے تخصیص وتاویل بات کا بدلنا اور پھیرنا ہے، ورنہ شرع جلیل سے امان اٹھ جائے۔ اور یہ کہ حدیث احاد اگرچہ کیسی ہی اعلی صحت پر ہو مگر عموم کی تخصیص نہیں کر سکتی بلکہ اس کے سامنے مضمحل ہو جائے گی۔

(الدولۃ المکیہ ۔ ۲۷۵)

﴿۶۱﴾ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَیُرْسِلُ عَلَیْکُمْ حَفَظَةً ط حَتّٰۤی اِذَا جَآءَ اَحَدَکُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا یُفَرِّطُوْنَ۔☆

اور وہی غالب ہے اپنے بندوں پر اور تم پر نگہبان بھیجتا ہے یہاں تک کہ جب تم میں کسی

Marfat.com

کو موت آتی ہے ہمارے فرشتے روح قبض کرتے ہیں اور وہ قصور نہیں کرتے۔

## ﴿۹﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس آیت میں مولیٰ سبحانہ وتعالیٰ فرشتوں کو ہمارا حافظ ونگہبان فرماتا ہے۔

(الامن والعلی۔۷۸)

اور ان کو موت دینے والا بھی فرشتہ ہے، حالانکہ خود فرماتا ہے۔ اللہ یتو فی الا نفس ۔اللہ ہے کہ موت دیتا ہے جانوں کو۔

(الامن والعلی۔۸۷)

**(۶۸) وَاِذَا رَاَیۡتَ الَّذِیۡنَ یَخُوۡضُوۡنَ فِیۡۤ اٰیٰتِنَا فَاَعۡرِضۡ عَنۡهُمۡ حَتّٰی یَخُوۡضُوۡا فِیۡ حَدِیۡثٍ غَیۡرِهٖ ؕ وَاِمَّا یُنۡسِیَنَّکَ الشَّیۡطٰنُ فَلَا تَقۡعُدۡ بَعۡدَ الذِّکۡرٰی مَعَ الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِیۡنَ ۔☆**

اور اے سننے والے جب تو انہیں دیکھے جو ہماری آیتوں میں پڑتے ہیں تو ان سے منھ پھیر لے جب تک اور بات میں پڑیں اور جو کہیں تجھے شیطان بھلادے تو یاد آئے پر ظالموں کے پاس نہ بیٹھ۔

## ﴿۱۰﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(اس آیت میں بدکاروں اور ظالموں کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے اور میل جول رکھنے کی ممانعت ہے کہ ان کا برا اثر پڑتا ہے، اور) صحبت خصوصا بدکار کا اثر پڑنا احادیث وتجارب صحیحہ سے ثابت ہے۔

۴۳۷۰۔ **عن** أبی موسی الأشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : انما مثل الجلیس الصالح و جلیس السوء کحامل المسک و نافخ الکیر ،فحامل المسک اما ان یحذیک، و اما ان تبتاع، واما ان تجد منہ ریحا طیبۃ، ونافخ الکیر اما ان یحرق ثیابک ، واما ان تجد ریحا خبیثۃ۔

---

۴۳۷۰۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب فی العطار و بیع المسک ، ۲۸۲/۱

الصحیح لمسلم ، باب استحباب مجالسۃ الصالین، ۳۳۰/۲

Marfat.com

حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نیک ہم نشیں اور بد جلیس کی مثال یوں ہے جیسے ایک کے پاس مشک ہے اور دوسرا دھونکنی دھوک رہا ہے۔مشک والا یا تو مشک ویسے ہی تجھے مشک دیگا،یا تو اس سے مول لیگا،اور کچھ نہ سہی خوشبو تو آئے گی۔اور وہ دوسرا یا تیرے کپڑے جلادیگا یا تو اس سے بدبو پائے گا۔

٤٣٧١۔ **عن** انس رضی الله تعالی عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم :مثل جلیس السوء کمثل صاحب الکیر،ان لم یصبك من سواده اصابك من دخانه۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: برے کی صحبت دھونکنی والے کی طرح ہے کہ اگر تجھے اس کی سیاہی نہ پہونچی تو دھواں ضرور پہونچے گا۔ (فتاوی رضویہ،۵/٢٦٦)

٤٣٧٢۔ **عن** عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: ان اول ما دخل النقص علی بنی اسرائیل کان الرجل یلقی الرجل فیقول:یا هذا! اتق الله ،ودع ما تصنع، فانه لا یحل لك،ثم یلقاه من الغد و هو علیٰ حاله فلا یمنعه ذلك ان یکون اکیله و شریبه و قعیده، فلما فعلوا ذلك ضرب الله قلوب بعضهم علی بعض ،ثم قال: لعن الذین کفروا من بنی اسرائیل علی لسان داؤد و عیسی بن مریم ذلك بما عصوا و کانوا یعتدون ،کانوا لا یتناهون عن منکر فعلوه، لبئس ما کانوا یفعلون۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بنی اسرائیل میں پہلی خرابی جو آئی وہ یہ تھی کہ ان میں ایک شخص

---

٤٣٧١۔ السنن لأبی داؤد، باب من یومر ان یجالس، ٦٦٤/٢

٤٣٧٢۔ السنن لأبی داؤد، باب الامر و النهی، ٥٩٦/٢

السنن لابن ماجه، باب الامر بالمعروف، ٢٩٨/٢

Marfat.com

دوسرے سے ملتا تو اس سے کہتا: اے شخص اللہ سے ڈر، اور اپنے کام سے باز آ۔ کہ یہ حلال نہیں پھر دوسرے دن اس سے ملتا اور وہ اپنے اسی حال پر ہوتا تو یہ امر اس کو اس کے ساتھ کھانے پینے اور پاس بیٹھنے سے نہ روکتا۔ جب انہوں نے یہ حرکت کی اللہ تعالیٰ نے ان کے دل باہم ایک دوسرے پر مارے کہ منع کرنے والوں کا حال بھی انہیں خطا والوں کے مثل ہوگیا۔ پھر فرمایا: بنی اسرائیل کے کافر لعنت کئے گئے حضرت داؤد و عیسیٰ بن مریم علیہم السلام کی زبان پر۔ یہ بدلہ ہے ان کی نافرمانیوں اور حد سے بڑھنے کا۔ وہ آپس میں ایک دوسرے کو برے کام سے نہ روکتے تھے۔ البتہ یہ سخت بری حرکت تھی کہ وہ کرتے تھے۔

۴۳۷۳۔ **عن** عمر الصنعانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اوحی اللہ عزوجل الی یوشع بن نون علی نبینا و علیہ الصلوۃ والتسلیم: ان اھلك من قریتك اربعین الفا من الصالحین و ستین الفا من الفاسقین، فقال: یا رب! الفاسقون ھم الفاسقون، فلم یھلك الصالحون؟ قال: انھم لم یغضبوا لغضبی و آکلوھم و شاربوھم۔

حضرت عمر صنعانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ عزوجل نے حضرت یوشع بن نون علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والتسلیم کو وحی بھیجی، میں تیری بستی سے چالیس ہزار اچھے اور ساٹھ ہزار برے لوگ ہلاک کروں گا۔ عرض کی: الٰہی! برے تو برے ہیں، اچھے لوگ کیوں ہلاک ہوں گے؟ فرمایا: اس لئے کہ جن پر میرا غضب تھا انھوں نے ان پر غضب نہ کیا اور ان کے ساتھ کھانے پینے میں شریک رہے۔

فتاوی رضویہ، حصہ اول، ۱۸۳/۹

۴۳۷۴۔ **عن** عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: لما وقعت بنو اسرائیل فی المعاصی فنھتھم علماؤھم فلم ینتھوا، فجالسوھم فی مجالسھم واکلوھم و شاربوھم فضرب اللہ قلوب

---

۴۳۷۳۔ تاریخ بغداد للخطیب ۲۵۵/۱ ☆ ۳۵۱

۴۳۷۴۔ الجامع للترمذی، باب الامر و النھی ۵۹۶/۲ السنن لأبی داؤد،

Marfat.com

بعضهم علی بعض و لعنهم علی لسان داؤد و عیسی بن مریم علیهم الصلوۃ و السلام۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب بنی اسرائیل گناہوں میں مبتلا ہوئے تو ان کے علماء نے انکو منع کیا لیکن انھوں نے نہ مانا۔ کچھ ایام کے بعد یہ مولوی بھی ان کے ساتھ گھل مل گئے اور ان کے ساتھ بیٹھنے لگے، کھانے اور پینے لگے، تو اللہ تعالی نے بعض کے دل بعض سے ملادئے پھر ان سب کو حضرت داؤد و حضرت عیسی بن مریم علیہم السلام کی زبان میں ملعون قرار دیا۔

(فتاوی رضویہ، ۵/۲۸۰)

**(۷۵) وَاِذۡ قَالَ اِبۡرٰهِيۡمُ لِاَبِيۡهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصۡنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّىۡۤ اَرٰٮكَ وَقَوۡمَكَ فِىۡ ضَلٰلٍ مُّبِيۡنٍ۔ ☆**

اور یاد کرو جب ابراہیم نے اپنے باپ آزر سے کہا کیا تم بتوں کو خدا بناتے ہو بے شک میں تمہیں اور تمہاری قوم کو کھلی گمراہی میں پاتا ہوں۔

## ﴿۱۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

تفسیر کبیر میں اس آیت کے تحت فرمایا:

الاطلاع علی آثار حکمۃ اللہ تعالی فی کل واحد من مخلوقات ھذہ العالم بحسب اجناسها وانواعها و اصنافها و اشخاصهاو اجرامها مما لا یحصل الا لاکابر من الانبیاء علیهم الصلاۃ و السلام لهذا المعنی کان رسولنا صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یقول فی دعاءہ اللهم ارنا الاشیاء کما هی

اس عالم کی تمام جنسوں اور نوعوں اور صنفوں اور شخصوں اور بدنوں میں حکمت الہیہ کے آثار پر انہیں اکابر کو اطلاق ہوتی ہے جو انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام ہیں، اسی لئے حضور سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے دعا فرمائی کہ الہی ہم کو تمام چیزیں جیسی کہ وہ ہیں دکھادے۔

اقول: یہاں مقصود اس قدر ہے کہ ان امام اہل سنت کے نزدیک انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام اس عالم کی تمام مخلوقات کے ایک ایک ذرہ کی جنس نوع صنف تخص جسم اور ان سب میں

Marfat.com

اللہ کی حکمتیں بالتفصیل جانتے ہیں۔ وہابیہ کے نزدیک کافر ومشرک ہونے کے کو یہی بس ہے بلکہ ان کے نزدیک امام ممدوح کو کافر و مشرک سے بڑھ کر کہنا چاہئے۔

گنگوہی صاحب نے صرف اتنی بات کو کہ دنیا میں جہاں کہیں مجلس میلاد مبارک ہو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اطلاع ہو جائے زمیں کا علم محیط ماننا اور صاف حکم شرک جڑ دیا کہ شرک نہیں تو کونسا حصہ ایمان کا ہے۔

تو امام کہ صرف زمیں در کنار زمیں وآسمان و فرش و عرش تمام عالم کے جملہ اجناس وانواع واصناف واشخاص واجرام کو نہ صرف حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بلکہ ابنیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام کا بھی علم محیط مانتے ہیں۔ گنگوہی دھرم میں ان کو تو کئی لاکھ درجے کافر ہو جانا چاہئے، والعیاذ باللہ تعالیٰ۔ ورنہ اصل بات یہ ہے کہ اصالۃ علوم غیب اور ان کی عطا و نیابت سے ان کا خدا اکابر اولیائے کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو بھی ایک ایک ذرہ عالم کا تفصیلی علم ہونا ہرگز ممنوع نہیں بلکہ بتصریح اولیاء واقع ہے وللہ الحمد۔

(۷۶) یہی مضمون شریف تفسیر نیشاپوری میں بایں عبارت ہے۔

الاطلاع علی آثار حکمة اللہ تعالی فی کل احد من مخلوقات ھذہ العوالم بحسب اجناسھا و انواعھا و اصنافھا و اشخاصھا و عوارضھا و لواحقھا کما ھی لا تحصل الا لاکابر الانبیاء و لھذا قال صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ارنی الاشیاء کما ھی۔

ان عالموں کی مخلوقات میں سے ہر ایک کے تمام آثار حکمت الہیہ کی جنسوں نوعوں اور فردوں نیز عوارض ولواحق حقیقیہ پر مطلع ہونا اکابر انبیاء کے علاوہ کسی کو حاصل نہیں ہوتا، اسی وجہ سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعاء میں عرض کیا کہ مجھے اشیاء کی حقیقتیں دکھا۔

اس میں آثار حکمۃ اللہ کے ساتھ تفاصیل زائد ہے۔ ھذہ العالم۔ کی جگہ ھذہ العوالم۔ ہے کہ نظر تفصیلی پر زیادہ دلالت کرتا ہے، اور اجناس وانواع واصناف واشخاص کے ساتھ عوارض ولواحق بھی مذکور ہے کہ احاطہ جملہ جواہر واعراض میں تصریح تر ہو اگرچہ اجناس عالم میں عارض بھی داخل تھے پھر ان کے ساتھ "کما ھی" کا لفظ اور زیادہ ہے کہ صحت علم غیب غیر مشوب بالخطاء والوھم کی تاکید ہو۔ جزاھم اللہ تعالیٰ خیر الجزاء آمین۔

Marfat.com

(خالص الاعتقاد۔۳۲۔۳۳)

(۷۹) فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّیْ هٰذَا اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّا اَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ۔☆

پھر جب سورج جگمگاتا دیکھا بولے اسے میرا رب کہتے ہو یہ تو ان سب سے بڑا ہے پھر جب وہ ڈوب گیا کہا اے قوم میں بیزار ہوں ان چیزوں سے جنہیں تم شریک ٹھہراتے ہو۔

## ﴿۱۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس میں توجہ بقصد عبادت کا ذکر ہے کہ میں اپنی عبادت سے اسی کا قصد کرتا ہوں جس نے پیدا کئے آسمان وزمین نہ کہ مطلق توجہ کا جس میں انبیاء و اولیا علیہم الصلاۃ والسلام سے استعانت بھی داخل ہو سکے۔

جلالین شریف میں اسی آیت کریمہ کی تفسیر فرمائی۔

قالوا: ما تعبد قال انی وجهت وجهی قصدت لعبادتی۔

یعنی کافروں نے سیدنا ابراہم علیہ الصلوۃ والتسلیم سے کہا: کہ تم کسے پوجتے ہو؟ فرمایا میں اپنی عبادت سے اس کا قصد کرتا ہوں جس نے بنائے آسمان وزمیں۔

آیت میں اگر مطلق توجہ مراد ہو تو کسی کی طرف منہ کر کے باتیں کرنا بھی شرک ہو۔ نماز میں قبلہ کی طرف توجہ بھی شرک ہو کہ قبلہ بھی خدا نہیں اور رب العزت جل وعلا کا ارشاد:

حیثما کنتم فولوا وجوهكم شطره۔ (البقرۃ۔ ۱۴۴)

جہاں کہیں ہو اپنا منہ قبلہ کی طرف کر۔

معاذ اللہ شرک کا حکم دینا ٹھہرے، مگر وہابیہ کی عقل کم ہے۔ آیہ کریمہ۔ وایاک نستعین۔ میں مناجات سعدی ونظامی میں استعانت وفریادرسی ویاوری ویاری کا حضرت عزت جل وعلا میں حصر ہے نہ مطلق کا، اور بلاشبہ حقیقت ان امور بلکہ ہر کمال بلکہ وجود وہستی کی خاص بجناب احدیت عزوجل ہے استعانت حقیقیہ یہ کہ اسے قادر بالذات ومالک مستقل وغنی وبے نیاز جانے اور بے عطائے الٰہی وہ خود اپنی ذات سے اس کام کی قدرت رکھتا ہے اس معنی کا غیر کے ساتھ اعتقاد ہر مسلمان کے نزدیک شرک ہے۔ نہ ہرگز کوئی مسلمان غیر کے ساتھ اس معنی کا قصد

Marfat.com

کرتا ہے بلکہ واسطہ وصول فیض وذریعہ ووسیلہ قضائے حاجات جانتے ہیں اور یہ قطعا حق ہے، خو درب العزت تبارک وتعالی نے قرآن عظیم میں حکم فرمایا:

وابتغوا الیہ الوسیلۃ ۔ (المائدۃ ۔ ۳۵) اللہ کی طرف وسیلہ ڈھونڈو،

بایں معنی استعانت بالغیر ہرگز اس سے حصر۔ ایاک نستعین ۔ کے منافی نہیں جس طرح وجود حقیقی کہ خود اپنی ذات سے بے کسی کے پیدا کئے موجود ہونا خاص بجناب الہی تعالی و تقدس ہے پھر اس کے سبب دوسرے کو موجود کہنا شرک نہ ہوگا جب تک کہ وہی وجود حقیقی نہ مراد لے، حقائق الاشیاء ثابتۃ پہلا عقیدہ اہل اسلام کا۔ ہے، یونہی علم حقیقی کہ اپنی ذات سے بے عطائے غیر ہو اور تعلیم حقیقی کہ بذات خود بے حاجت بدیگرے القائے علم کرے اللہ عز جلالہ سے خاص ہیں، پھر دوسرے کو عالم کہنا یا اس سے علم طلب کرنا شرک نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہی معنی اصلی مقصود نہ ہوں، خود رب العزت تبارک وتعالی قرآن عظیم میں اپنے بندوں کو علیم وعلماء فرماتا ہے۔ اور حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی نسبت ارشاد کرتا ہے: ویعلمھم الکتاب والحکمۃ ۔ (البقرۃ ۔ ۱۲۹) یہ نبی انہیں کتاب وحکمت کا علم عطا کرتا ہے۔

یہی حال استعانت کا فریاد رسی کا ہے کہ ان کی حقیقت خاص بخدا اور معنی وسیلہ وتوسل غیر کے لئے ثابت اور قطعا روا، بلکہ یہ معنی تو غیر خدا ہی کے لئے خاص ہیں، اللہ عزوجل وسیلہ وتوسل وتوسط سے پاک ہے، اس سے اوپر کون ہے کہ یہ اس کی طرف وسیلہ ہوگا اور اس کے سوا حقیقی حاجت روا کون ہے کہ یہ بیچ میں واسطہ بنے گا۔

ولہذا حدیث میں ہے جب ایک اعرابی نے حضور پرنور صلوات اللہ تعالی وسلامہ سے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم حضور کو اللہ تعالی کا شفیع بناتے ہیں اور اللہ عزوجل کو حضور کے سامنے شفیع لاتے ہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم پر سخت گراں گزرا اور دیر تک سبحان اللہ فرماتے رہے۔ پھر فرمایا:

ویحك انہ لا یستشفع باللہ علی احد شان اللہ اعظم من ذلك ۔

ارے نادان اللہ کو کسی کے پاس سفارشی نہیں لاتے ہیں کہ اللہ کی شان اس سے بہت بڑی ہے۔

رواہ ابو داؤد عن جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ

Marfat.com

اہل سلام انبیاء واولیاء علیہم الصلوۃ والسلام سے یہی استعانت کرتے ہیں جو اللہ عز وجل سے کیجئے تو اللہ اور اس کا رسول غضب فرمائیں اور اسے اللہ عز وجل کی شان میں بے ادبی ٹھہرائیں، اور حق تو یہ ہے کہ اس سے استعانت کے معنی اعتقاد کرکے جناب الہی جل وعلا سے کرے تو کافر ہو جائے، مگر وہابیہ کی بدعقلی کو کیا کہئے، نہ اللہ کا ادب نہ رسول سے خوف نہ ایمان کا پاس، خواہی نخواہی اس استعانت کو" ایاك نستعین" میں داخل کرکے جو اللہ عز وجل کے حق میں محال قطعی ہے اسے اللہ تعالی سے خاص کئے دیتے ہیں، ایک بیوقوف وہابی نے کہا تھا:

وہ کیا ہے، جو نہیں ملتا خدا سے
جسے تم مانگتے ہو اولیاء سے

فقیر غفر اللہ تعالی لہ نے کہا:

توسل کر نہیں سکتے خدا سے
اسے ہم مانگتے ہیں اولیاء سے

یعنی یہ تو ہو نہیں سکتا کہ خدا سے توسل کرکے اسے کسی کے یہاں وسیلہ وذریعہ بنائیں۔ اسی وسیلہ بننے کو ہم اولیائے کرام سے مانگتے ہیں کہ وہ بارگاہ الہی میں ہمارا وسیلہ وذریعہ وواسطہ قضائے حاجات ہو جائیں۔ اس بیوقوفی کے سوال کا جواب اللہ عز وجل نے اس آیت کریمہ میں دیا ہے:

ولو انهم اذ ظلموا انفسهم جا ئوك فا ستغفر وا الله و استغفر لهم الرسول لو جدوا الله تو ابا ر حيما ۔ (النساء ۔ ٦٤)

اور جب وہ اپنی جانوں پر ظلم یعنی گناہ کرکے تیرے پاس حاضر ہوں اور اللہ سے معافی چاہیں اور معافی مانگے ان کے لئے رسول تو بیشک اللہ کو توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں گے۔

کیا اللہ تعالی اپنے آپ نہیں بخش سکتا تھا؟ پھر یہ کیوں فرمایا: کہ اے نبی تیرے پاس حاضر ہوں اور تو اللہ سے ان کی بخشش چاہے تو یہ دولت ونعمت پائیں گے۔ یہی ہمارا مطلب ہے، جو قرآن کی آیت صاف فرما رہی ہے مگر وہابیہ تو عقل نہیں رکھتے۔

خدارا انصاف اگر یہ آیہ کریمہ " ایاك نستعین" میں مطلق استعانت کا ذات الہی جل وعلا میں حصر مقصود ہو تو کیا صرف انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام ہی سے استعانت شرک ہوگی؟ کیا

یہی غیر خدا ہیں اور سب اشخاص وہابیہ کے نزدیک خدا ہیں؟ یا آیت میں خاص انہیں کا نام لے دیا ہے کہ ان سے شرک اوروں سے روا ہے؟ نہیں جب مطلقا ذات احدیت سے تخصیص اور غیر سے شرک ماننے کی ٹھہری تو کیسی ہی استعانت کسی غیر خدا سے کی جائے ہمیشہ ہر طرح وہ شرک ہی ہوگی کہ انسان ہوں یا جمادات، احیاء ہوں یا اموات، ذوات ہوں یا صفات، افعال ہوں یا حالات غیر خدا ہونے میں سب داخل ہیں۔ اب کیا جواب ہے آیہ کریمہ کا کہ رب جل وعلا فرماتا ہے:

واستعینوا بالصبر والصلوۃ۔ (البقرۃ۔ ۴۵)

دوسری آیت میں فرماتا ہے:

وتعاونوا علی البر والتقوی۔

پس آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرو بھلائی اور پرہیزگاری پر۔

کیوں صاحب غیر خدا سے مدد لینی مطلقا محال ہے تو اس حکم الہی کا حاصل کیا اور اگر ممکن تو جس سے مدد مل سکتی ہے اس سے مدد مانگنے میں کیا زہر گھل گیا۔

حدیثوں کی تو گنتی ہی نہیں بکثرت احادیث میں صاف صاف حکم ہے کہ صبح کی عبادت سے استعانت کرو، شام کی عبادت سے استعانت کرو، کچھ رات رہے کی عبادت سے استعانت کرو، دوپہر کے سونے سے استعانت کرو، صدقہ سے استعانت کرو، کیا یہ سب چیزیں وہابیہ کی خدا ہیں کہ ان سے استعانت کا حکم آیا۔

(برکات الامداد۔ ۳ تا ۶)

**(۹۲) وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰی وَمَنْ حَوْلَهَا ط وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰی صَلَاتِهِمْ یُحَافِظُوْنَ ☆**

اور یہ ہے برکت والی کتاب کہ ہم نے اتاری تصدیق فرماتی ان کتابوں کی جو آگے تھیں اور اس لئے کہ تم ڈر سناؤ سب بستیوں کے سردار کو اور جو کوئی سارے جہاں میں اس کے گرد ہیں اور جو آخرت پر ایمان لاتے ہیں اس کتاب پر ایمان لاتے ہیں اور اپنی نماز کی حفاظت کرتے ہیں۔

Marfat.com

## ﴿۳۸﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

کہ وقت سے باہر نہ ہو جائیں۔ تفسیر کبیر میں ہے:

المراد بالمحافظة التعهد لشروطها من وقت وطهارة وغيرهما والقيام على اركانها واتمامها حتى يكون ذلك دابه في كل وقت۔

محافظت سے مراد یہ ہے کہ وقت اور طہارت وغیرہ تمام شروط کو ملحوظ رکھا جائے، اس کے ارکان کو قائم کیا جائے اور اسے مکمل کیا جائے یہاں تک کہ جب نماز کا وقت آئے تو آدمی ان کاموں کو بطور عادت کرنے لگے۔ فتاوی رضویہ جدید ۵/۲۷

(۱۰۲) بَدِيعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط اَنّٰى يَكُونُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ط وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ج وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۔☆

بے کسی نمونہ کے آسمانوں اور زمین کا بنانے والا اس کے بچہ کہاں سے ہو حالانکہ اس کی عورت نہیں اور اس نے ہر چیز پیدا کی اور وہ سب کچھ جانتا ہے۔

## ﴿۱۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہاں صرف حوادث مراد ہیں کہ قدیم یعنی ذات وصفات باری تعالی عز مجدہ مخلوقیت سے پاک ہے۔ (فتاوی رضویہ جدید ۱۵/۳۱۴)

مسلمان کا ایمان ہے کہ مولی سبحانہ وتعالی کے سب صفات صفات کمال و بروجہ کمال ہیں۔ جس طرح کسی صفت کمال کا سلب اس سے ممکن نہیں یونہی معاذ اللہ کسی صفت نقص کا ثبوت بھی امکان نہیں رکھتا، اور صفت کا بروجہ کمال ہونا یہ معنی کہ جس قدر چیزیں اس کے تعلق کی قابلیت رکھتی ہیں ان کا کوئی ذرہ اس کے احاطہ دائرہ سے خارج نہ ہو، یہ کہ موجود معدوم وباطل و موہوم میں کوئی شئی مفہوم بے اس کے تعلق کے نہ رہے اگرچہ وہ اصلا صلاحیت تعلق نہ رکھتی ہو اور اس صفت کے دائرہ سے محض اجنبی ہو۔ (فتاوی رضویہ جدید ۱۵/۳۱۴)

(۱۱۲) وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَا اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوا لِيُؤْمِنُوٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُونَ۔☆

Marfat.com

اور اگر ہم ان کی طرف فرشتے اتارتے اور ان سے مردے باتیں کرتے اور ہم ہر چیز ان کے سامنے اٹھالاتے جب بھی وہ ایمان لانے والے نہ تھے۔ مگر یہ کہ خدا چاہتا لیکن ان میں بہت نرے جاہل ہیں۔

**(۱۱۲) وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ۭ وَلَوْ شَاۗءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ۔☆**

اور اسی طرح ہم نے ہر نبی کے دشمن کیے ہیں آدمیوں اور جنوں میں کے شیطان کہ ان میں ایک دوسرے پر خفیہ ڈالتا ہے بناوٹ کی بات دھوکے کو اور تمہارا رب چاہتا تو وہ ایسا نہ کرتے تو انہیں ان کی بناوٹوں پر چھوڑ دو۔

## ﴿۱۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا: اللہ کی پناہ مانگ شیطان آدمیوں اور شیطان جنوں کے شر سے۔ عرض کیا: آدمیوں میں بھی شیطان ہیں؟ فرمایا: ہاں۔

رواہ احمد و ابن ابی حاتم و الطبرانی عن ابی امامۃ و احمد بن مردویہ و البیہقی فی الشعب عن ابی ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔

اس حدیث کی روایت احمد ابن ابی حاتم اور طبرانی نے ابی امامہ سے اور احمد نے ابن مردویہ اور بیہقی نے شعب میں ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے کی۔

ائمہ دین فرمایا کرتے: کہ شیطان آدمی شیطان جن سے سخت تر ہوتا ہے۔

رواہ ابن جریر عن عبد الرحمن بن زید۔

اس کی روایت ابن جریر نے عبدالرحمن بن زید سے کی۔

(جدید ۱/۷۸۰ تا ۷۸۱)

## ﴿۱۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

دیکھو ان کی باتوں کی طرف کان لگانا ان کا کام بتایا جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہیں

اوراس کا نتیجہ یہ فرمایا کہ وہ ملعون باتیں ان پر اثر کر جائیں اور یہ بھی ان جیسے ہو جائیں۔ العیاذ باللہ تعالی۔

لوگ اپنی جہالت سے گمان کرتے ہیں کہ ہم اپنے دل سے مسلمان ہیں، ہم پر ان کا کیا اثر ہوگا حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

من سمع بالدجال فلینأ منه فو الله ان الرجل لیاتیه و هو یحسب انه مومن فیتبعه مما یبعث به من الشبهات۔

جو دجال کی خبر سنے اس پر واجب ہے کہ اس سے دور بھاگے کہ خدا کی قسم آدمی اس کے پاس جائے گا اور یہ خیال کرے گا کہ میں تو مسلمان ہوں یعنی مجھے اس سے کیا نقصان پہنچے گا، وہاں اس کے دھوکوں میں پڑ کر اس کا پیرو ہو جائے گا۔

رواہ ابو داؤد عن عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنه و عن الصحابة جمیعا۔

کیا دجال ایک اسی دجال کو سمجھتے ہو جو آنے والا ہے، حاشا تمام گمراہوں کے داعی منادی سب دجال ہیں اور سب سے بھاگنے کا حکم فرمایا اور اس میں یہی اندیشہ بتایا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

یکون فی آخر الزمان دجالون کذابون یاتونکم من الاحادیث بمالم تسمعوا انتم ولا آبائکم فایاکم و ایاهم لا یضلونکم و لا یفتنونکم رواہ مسلم عن ابی هریرة رضی اللہ تعالیٰ عنه۔

آخر زمانہ میں دجال کذاب لوگ ہوں گے کہ وہ تمہارے پاس لائیں گے جو نہ تم نے سنیں نہ تمہارے باپ دادانے، تو ان سے دور رہو اور انہیں اپنے سے دور رکھو، کہیں وہ تمہیں گمراہ نہ کردیں کہیں تمہیں فتنہ میں ڈال دیں۔ (فتاوی رضویہ جدید ۱/۷۸۱۔۷۸۲)

**(۱۱۴) وَلِتَصْغٰۤى اِلَیْهِ اَفْـٕدَةُ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَلِیَرْضَوْهُ وَلِیَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ۔☆**

اوراس لئے کہ اس کی طرف ان کے دل جھکیں جنہیں آخرت پر ایمان نہیں اور اسے

Marfat.com

پسند کریں اور گناہ کمائیں جو انہیں کمانا ہے۔

(۱۱۵) اَفَغَیْرَ اللّٰہِ اَبْتَغِیْ حَکَمًا وَّھُوَ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ اِلَیْکُمُ الْکِتٰبَ مُفَصَّلًا ط وَالَّذِیْنَ اٰتَیْنٰھُمُ الْکِتٰبَ یَعْلَمُوْنَ اَنَّہٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّکَ بِالْحَقِّ فَلَا تَکُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِیْنَ۔☆

تو کیا اللہ کے سوا میں کسی اور کا فیصلہ چاہوں اور وہی ہے جس نے تمہاری طرف مفصل کتاب اتاری اور جن کو ہم نے کتاب دی وہ جانتے ہیں کہ یہ تیرے رب کی طرف سے سچ اترا ہے تو اے سننے والے تو ہرگز شک والوں میں نہ ہو۔

(۱۱۶) وَتَمَّتْ کَلِمَتُ رَبِّکَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ط لَا مُبَدِّلَ لِکَلِمٰتِہٖ ج وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔☆

اور پوری ہے تیرے رب کی بات سچ اور انصاف میں اس کی باتوں کا کوئی بدلنے والا نہیں اور وہی ہے سنتا جانتا۔

(۱۱۷) وَاِنْ تُطِعْ اَکْثَرَ مَنْ فِی الْاَرْضِ یُضِلُّوْکَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ط اِنْ یَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ ھُمْ اِلَّا یَخْرُصُوْنَ۔☆

اور اے سننے والے زمین میں اکثر وہ ہیں کہ تو ان کے کہے پر چلے تو تجھے اللہ کی راہ سے بہکا دیں وہ صرف گمان کے پیچھے ہیں اور نری اٹکلیں دوڑاتے ہیں۔

## ﴿۱۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ تمام آیات کریمہ انہیں مطالب کے سلسلۂ بیان میں ہیں۔ گویا ارشاد ہوتا ہے: تم جو ان شیطان آدمیوں کی باتیں سننے جاؤ کیا تمہیں یہ تلاش ہے کہ دیکھیں اس مذہبی اختلاف میں یہ لیکچرار یا یہ منادی کیا فیصلہ کرتا ہے؟ ارے خدا سے بہتر فیصلہ کس کا! اس نے مفصل کتاب قرآن عظیم تمہیں عطا فرما دی، اس کے بعد تمہیں کسی کی کیا حاجت ہے، لیکچر والے جو کسی کتاب دینی کا نام نہیں لیتے کس گنتی وشمار میں ہیں! یہ کتاب والے دل میں خوب جانتے ہیں کہ قرآن حق ہے، تعصب کی پٹی آنکھوں پر بندھی ہے کہ ہٹ دھرمی سے مکرے جاتے ہیں، تو تجھے کیوں شک پیدا ہوا کہ ان کی سننا چاہے، تیرے رب کا کلام صدق وعدل میں بھرپور ہے، کل تک جو اس پر تجھے کا

Marfat.com

مل یقین تھا آج کیا اس میں فرق آیا، کہ اس پر اعتراض سننا چاہتا ہے، کیا خدا کی باتیں کوئی بدل سکتا ہے۔ یہ نہ سمجھنا کہ میرا کوئی مقال کوئی خیال خدا سے چھپ رہے گا، وہ سنتا و جانتا ہے، دیکھ اگر تو نے ان کی سنی تو وہ تجھے خدا کی راہ سے بہکا دیں گے، یہ خیال کرتا ہے کہ ان کا علم دیکھوں کہاں تک ہے۔ یہ کیا کہتے ہیں، ارے ان کے پاس علم کہاں، وہ تو اپنے اوہام کے پیچھے لگے ہوئے اور نری اٹکلیں دوڑاتے ہیں، جن کا تھل نہ بیڑا۔

جب اللہ واحد و قہار کی گواہی ہے کہ ان کے پاس نری مہمل اٹکلوں کے سوا کچھ نہیں تو ان کو سننے کے کیا معنی، سننے سے پہلے وہی کہدے جو تیرے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تعلیم فرمایا کہ "کذبت" شیطان تو جھوٹا ہے۔ اور اس گھمنڈ میں نہ رہنا کہ مجھ کو کیا گمراہ کریں گے میں تو راہ پر ہوں، تیرا رب خوب جانتا ہے کہ کون اس کی راہ سے بہکے گا اور کون راہ پر ہے، تو پورا راہ پر ہوتا تو بے راہوں کی سننے کیوں جاتا، حالانکہ تیرا رب فرما چکا۔ ذرھم و ما یفترون ۔ چھوڑ دے انہیں اور ان کے بہتانوں کو، تیرے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرما چکے: ایاکم و ایاھم ۔ ان سے دور رہو اور ان کو اپنے سے دور کرو کہیں بہکا نہ دیں کہیں وہ تم کو فتنہ میں نہ ڈالدیں۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱/۷۸۳)

بھائیو! ایک سہل سی بات ہے اسے غور فرمالو۔ تم اپنے رب جل وعلا، اپنے قرآن، اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر سچا ایمان رکھتے ہو، یا معاذ اللہ کچھ شک ہے؟ جسے شک ہو اسے اسلام سے کیا علاقہ، وہ ناحق اپنے آپ کو مسلمان کہہ کر مسلمانوں کو کیوں بدنام کرے۔ اور اگر سچا ایمان ہے تو اب یہ فرمائے کہ ان کے لیکچروں نداؤں میں آپ کے رب و قرآن و نبی و ایمان کی تعریف ہوگی یا مذمت۔ ظاہر ہے کہ دوسری ہی صورت ہوگی اور اسی لئے تم کو بلاتے ہیں کہ تمہارے منہ پر تمہارے خدا و نبی و قرآن و دین کی توہین و تکذیب کریں۔

اب ذرا غور کرلیجئے! ایک شریر نے زید کے نام اشتہار دیا کہ فلاں وقت میں فلاں مقام پر میں بیان کروں گا، کہ تیرا باپ ولد الحرام ہے، اور تیری ماں زانیہ تھی۔ للہ انصاف! کیا کوئی غیرت والا حمیت والا انسانیت والا جب کہ اسے اس بیان سے روک دینے باز رکھنے پر قادر نہ ہو اسے سننے جائے گا، حاشا للہ! کسی بھنگی چمار سے بھی یہ نہ ہوسکے گا۔ پھر ایمان کے دل پر ہاتھ رکھ کر دیکھو کہ اللہ و رسول و قرآن عظیم کی توہین و تکذیب مذمت سخت تر ہے یا ماں باپ کی گالی۔

Marfat.com

ایمان رکھتے ہو تو اسے اس سے کچھ نسبت نہ جانو گے۔ پھر کون سے کلیجے سے ان جگر شگاف ناپاک ملعون بہتان وافتراؤں، شیطانی انگلوں ڈھکوسلوں کو سننے جاتے ہو، بلکہ حقیقۃً انصافاً وہ جو کچھ بکتے اور اللہ ورسول وقرآن عظیم کی تحقیر کرتے ہیں اس سب کے باعث یہ سننے والے ہیں، اگر مسلمان اپنا ایمان سنبھالیں، اپنے رب کو قرآن ورسول کی عزت وعظمت پیش نظر رکھیں اور ایکا کرلیں کہ وہ خبیث لیکچر گندی ندائیں سننے کوئی نہ جائے گا، جو وہاں موجود ہوں وہ بھی فوراً وہی مبارک ارشاد کا کلمہ کہہ کر 'تو جھوٹا ہے' چلا جائے گا، تو کیا وہ دیواروں، پتھروں سے اپنا سر پھوڑیں گے۔ تو تم سن سنکر کہلواتے ہو، نہ تم سنو نہ وہ کہیں۔ پھر انصاف کیجئے کہ اس کہنے کا وبال کس پر ہوا۔ علماء فرماتے ہیں: ہٹے کٹے جوان تندرست جو بھیک مانگنے کے عادی ہوتے ہیں اور اسی کو اپنا پیشہ کرلیتے ہیں انہیں دینا ناجائز ہے کہ اس میں گناہ پر شہ دینی ہے، لوگ نہ دیں تو جھک ماریں اور محنت ومزدوری کریں۔

بھائیو! جب اس میں گناہ کی امداد ہے تو اس میں کفر کی مدد ہے۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ۔ قرآن عظیم کی نص قطعی نے ایسی جگہ سے فوراً ہٹ جانا فرض کردیا۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱/۸۴۲)

(۱۱۵) امام رازی اس آیت کے تحت میں لکھتے ہیں۔

اعلم ان هذه الآيات تدل على ان كلمة الله موصوفة بصفات كثيرة (الى ان قال) الصفة الثانية من صفات كلمة الله كونها صدقا و الدليل عليه ان الكذب نقص و النقص على الله تعالىٰ محال۔

یہ آیت ارشاد فرماتی ہے: کہ اللہ تعالی کی بات بہت صفتوں سے موصوف ہے۔ از انجملہ اس کا سچا ہونا ہے۔ اور اس پر دلیل یہ ہے کہ کذب عیب ہے اور عیب اللہ تعالی پر محال ہے یہیں فرماتے ہیں:

صحة الدلائل السمعية موقوفة على ان الكذب على الله تعالى محال

دلائل قرآن وحدیث کا صحیح ہونا اس پر موقوف ہے کہ کذب الٰہی محال مانا جائے۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱۵/۳۲۶۔۳۲۷)

(وتمت کلمت ربک صدقا وعدلا) کے بارے میں علماء فرماتے ہیں: یعنی باری عز

Marfat.com

وجل کا کلام انتہاء درجہ صدق وعدل پر ہے، جس کا مثل ان امور میں متصور نہیں۔
بیضاوی میں ہے:

بلغت الغاية اخباره و احكامه و مواعيده صدقا فی الاخبار و المواعيد و عدلا فی الاقضية والاحكام۔

اللہ تعالیٰ کی اخبار اور احکام اور مواعید انتہائی کامل ہیں۔ اخبار و مواعید صدق کے اعتبار سے، قضایا واحکام عدل کے اعتبار سے۔
ارشاد العقل السلیم میں ہے:

المعنى انها بلغت الغاية القاصية صدقا فی الاخبار والمواعيد و عدلا فی الاقضيه و الاحكام لا احد يبدل شيئا من ذلك بما هو اصدق و اعدل بما هو مثله۔

مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے کلمات اخبار و مواعید میں صدق کے اعتبار سے اور قضایا و احکام کے اعتبار سے انتہائی درجہ پر ہیں، اس سے بڑھ کر کوئی اصدق و اعدل نہیں جو ان میں سے کسی کو بدل ڈالے بلکہ ان کے مماثل پر بھی کوئی قدرت نہیں رکھتا۔

اقول وباللہ التوفیق: صدق قائل کے لئے درجات ہیں:

درجہ(۱) روایات وشہادات میں قطعا کذب سے محترز ہو اور مخاطبات میں بھی زنہار ایسا جھوٹ روانہ رکھے جس میں کسی کا اضرار ہو اگرچہ اسی قدر کے غلط بات کا باور کرانا، مگر مزاحا یا عبثا ایسے کذب کا استعمال کرے جو نہ کسی کو نقصان دے نہ سننے والا یقین لاسکے، مثلا: زید نے آج منوں کھانا کھایا، آج مسجد میں لاکھوں آدمی تھے، ایسا شخص کاذب نہ گنا جائے گا، یا آثم و مردود الروایت نہ ہوگا، تاہم بات خلاف واقع ہے اور محض فضول غیر نافع، اگرچہ نفس کلام میں حکایت واقع مراد نہ ہونے پر دلیل قاطع، ولہذا حدیث میں ارشاد فرمایا:

قال بعض اصحابه: فانك تداعبنا يا رسول الله فقال انی لا اقول الا حقا اخرجه احمد و الترمذی باسناده حسن عن ابی هريرة عن النبی صلى الله تعالىٰ عليه وسلم۔

آپ کے بعض صحابہ کرام نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ ہم سے

Marfat.com

مزاح فرماتے ہیں، آپ نے فرمایا: میں صرف حق ہی کہتا ہوں۔ امام احمد اور ترمذی نے سند حسن کے ساتھ حضرت ابو ہریرہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روایت کیا۔

درجہ (۲): ان لغو وعبث جھوٹوں سے بھی بچے مگر نثر یا نظم میں خیالات شاعرانہ ظاہر کرتا ہو، جس طرح قصائد کی تشبیبیں۔ ع

با نت سعا د فقلبی الیو م متبو ل

سعاد کی جدائی میں میرا دل مضطرب ہے

سب جانتے ہیں کہ وہاں نہ کوئی عورت تھی اور نہ حضرت کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس پر مفتون، نہ وہ ان سے جدائی ہوئی، نہ یہ اس کے فراق میں مجروح محض خیالات شاعرانہ ہیں مگر نہ فضول بحث کہ تشحید خاطر وتشویق سامع وترقیق قلب وتزئین سخن کا فائدہ رکھتے ہیں، تاہم از آنجا کہ حکایت بے محکی عنہ ہے، ارشاد فرمایا گیا: وما علمناہ الشعر وما ینبغی لہ۔ نہ ہم نے اسے شعر سکھایا نہ وہ اس کی شان کے لائق، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

درجہ (۳): ان سے بھی تحرز کرے مگر مواعظ وامثال میں ان امور کا استعمال کرتا ہو جن کے لئے حقیقت واقعہ نہیں، جیسے کلیلہ دمنہ کی حکایتیں، منطق الطیر کی روایتیں، اگرچہ کلام قائل میں بظاہر حکایت واقع ہے مگر تغلیط سامع نہیں کہ سب جانتے ہیں وعظ ونصیحت کے لئے یہ تمثیلی باتیں بیان کی گئی ہیں جن سے دینی منفعت مقصود، پھر بھی انعدام مصداق موجود، ولہذا قرآن عظیم کو اساطیر الاولین (پہلوؤں کے قصے) کہنا کفر ہوا، جیسے آج کل کے بعض کفار لئام، مدعیان اسلام، نئی روشنی کے پرانے غلام، دعوی کرتے ہیں کہ کلام عزیز میں آدم وحوا کے قصے، شیطان وملک کے افسانے سب تمثیلی کہانیاں ہیں جن کی حقیقت مقصود نہیں، تعالی اللہ عما یقول الظالمون علوا کبیرا۔ ظالم کچھ کہتے ہیں اللہ تعالیٰ کی ذات گرامی اس سے کہیں بلند ہے۔

درجہ (۴): ہر قسم حکایت بے محکی عنہ سے اجتناب کلی کرے اگرچہ برائے سہو وخطاء حکایت خلاف واقع کا وقوع ہوتا ہو یہ درجہ خاص اولیاء اللہ کا ہے۔

درجہ (۵): عزوجل سہو وخطا بھی صدور کذب سے محفوظ رکھے مگر امکان وقوعی واقع ہو یہ مرتبہ اعاظم صدیقین کا ہے کہ؛

Marfat.com

ان للہ تعالی یکرہ فوق سماءہ ان یخطأ ابو بکر الصدیق فی الارض۔ رواہ الطبرانی فی المعجم الکبیر والحارث فی مسندہ و ابن شاہین فی السنتہ عن معاذ بن جبل رضی تعالی عنہ عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

اللہ تعالی آسمانوں کے اوپر اس بات کو ناپسند فرماتا ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ زمیں پر غلطی کریں۔ اسے طبرانی نے معجم الکبیر میں اور شیخ حارث نے مسند میں اور ابن شاہین نے السنہ میں حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالی عنہ سے انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے روایت کیا ہے۔

درجہ (۶): معصوم من اللہ ومؤید بالمعجزات ہو کہ کذب کا امکان وقوعی بھی نہ رہے مگر بنظر نفس ذات امکان ذاتی ہو، یہ رتبہ حضرات انبیاء ومرسلین علیہم الصلوۃ والسلام کا ہے۔

درجہ (۷): کذب کا امکان ذاتی بھی نہ ہو بلکہ اس کی عظمت جلیلہ وجلالت عظیمہ بالذات کذب وغلط کی نافی ومنافی ہو اور اس کی ساحت عزت کے گرد اس گرد لوث کا گذر محال عقلی، یہ نہایت درجات صدق جس سے مافوق متصور نہیں۔ اب آیہ کریمہ ارشاد فرمارہی رہے کہ تیرے رب کا صدق وعدل اعلی درجہ منتہی پر ہے، تو واجب کے جس طرح اس سے صدور ظلم وخلاف عدل باجماع اہل سنت محال عقلی ہے یونہی صدور کذب وخلاف صدق عقلا ممتنع ہو ورنہ صدق الہی غایت ونہایت تک نہ پہونچا ہوگا کہ اس کے مافوق ایک درجہ اور بھی پیدا ہوگا، یہ خود بھی محال اور قرآن عظیم کے خلاف، فثبت المقصود والحمد للہ العلی الودود۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱۵/۳۵۵۔تا۳۵۸)

## (۱۱۹) فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ☆.

تو کھاؤ اس میں سے جس پر اللہ کا نام لیا گیا اگر تم اسکی آیتیں مانتے ہیں

### ﴿۱۷﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس مسئلہ (ذبح) میں حق یہ ہے کہ یہاں صرف وقت ذبح قبول ونیت ذابح کا اعتبار ہے۔ اگر ذابح مسلم نے اللہ ہی کے لئے ذبح کیا اور وقت ذبح اللہ ہی کا نام لیا تو ذبیحہ قطعا حلال ہے اگر چہ مالک نے کسی کے نام پر مشہور کر رکھا ہو۔ (فتاوی رضویہ قدیم ۸/۳۲۴)

〈۱۴۱〉وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ وَّغَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ وَّالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ وَالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ط كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ صلے وَلَا تُسْرِفُوْا ط اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ۔☆

اور وہی ہے جس نے پیدا کئے باغ کچھ زمین پر چھتے (چھائے) ہوئے اور کچھ بے چھتے (پھیلے) ہوئے اور کھجور اور کھیتی جس میں رنگ رنگ کے کھانے اور زیتون اور انار کسی بات میں ملتے اور کسی میں الگ کھاؤ اس کا پھل جب پھل لائے اور اس کا حق دو جس دن کٹے اور بے جا نہ خرچو بیشک بے جا خرچنے والے اسے پسند نہیں۔

## ﴿۱۸﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اکثر مفسرین کے نزدیک اس حق (واتوا حقه) سے مراد عشر ہے۔قاله ابن عباس وطاؤس والحسن وجابربن زید وسعد بن المسیب رضی اللہ تعالی عنھم کما فی المعالم وغیرھا ۔واللہ سبحانه وتعالیٰ اعلم۔　(فتاوی رضویہ قدیم ۴/۳۷۸)

〈۱۴۳〉ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ج مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ط قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ط نَبِّئُوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۔☆

آٹھ نر و مادہ ایک جوڑ بھیڑ کا اور ایک جوڑ بکری کا تم فرماؤ کیا اس نے دونوں نر حرام کئے یا دونوں مادہ یا وہ جسے دونوں مادہ پیٹ میں لئے ہیں کسی علم سے بتاؤ اگر تم سچے ہو۔

## ﴿۱۹﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

گاؤکشی اگرچہ بالتخصیص اپنے نفس ذات کے لحاظ سے واجب نہیں، نہ اس کا تارک باوجود اعتقاد اباحت نظر نفس ذات فعل گنہ گار، نہ ہماری شریعت میں کسی خاص شیء کا کھانا بالتعین فرض، مگر ان وجوہ سے صرف اس قدر ثابت ہوا کہ گاؤکشی جاری رکھنا واجب لعینہ، اور اس کا ترک حرام لعینہ نہیں، یعنی ان کے نفس ذات میں کوئی امر ان کے واجب یا حرام کرنے کا متقاضی نہیں، لیکن ہمارے احکام مذہبی صرف اس قسم کے واجبات و محرمات میں منحصر نہیں بلکہ جیسا ان

واجبات کا کرنا اوران محرمات سے بچنا ضروری وحتمی ہے یونہی واجبات ومحرمات لغیر ہا میں بھی امتثال واجتناب اشد ضروری ہے۔جس سے ہم مسلمانوں کو مفر نہیں اوران سے بالجبر باز رکھنے میں بیشک ہماری مذہبی توہین ہے جسے حکام وقت بھی روانہیں رکھ سکتے۔

ہم ہر مذہب وملت کے عقلا سے دریافت کرتے ہیں،اگر کسی شہر میں گاؤ کشی قطعاً بند کردی جائے اور بلحاظ ناراضی ہنود اس فعل کو کہ ہماری شرع ہرگز اس سے باز رہنے کا ہمیں حکم نہیں دیتی یک قلم موقوف کیا جائے تو کیا اس میں ذلت اسلام متصور نہ ہوگی؟ کیا اس میں خواری ومغلوبی مسلمیں نہ سمجھی جائے گی؟ کیا خوشی ظاہر کرکے ہمارے مذہب واہل مذہب کے ساتھ شماتت کا موقع ہاتھ نہ آئے گا؟ کیا بلا وجہ وجیہ اپنے لئے ایسی دنایت وذلت اختیار کرنا اور دوسروں کو دینی مغلوبی سے اپنے اوپر ہنسوانا ہماری شرع مطہرہ جائز فرماتی ہیں؟ حاشا وکلا ہرگز نہیں۔ہماری شریعت ہرگز ہماری ذلت نہیں چاہتی،نہ یہ متوقع کہ حکام وقت صرف اجانب کی پاسداری کریں اور دوسری طرف توہین وتذلیل روا رکھیں۔

سائل لفظ ترک لکھتا ہے،یہ صرف مغالطہ اور دھوکہ ہے،اس نے ترک اور کف میں فرق نہ کیا،کسی فعل کا نہ کرنا اور بات ہے اوراس سے بالقصد باز رہنا اور بات ہے۔ہم پوچھتے ہیں کہ جس میں صدہا منافع ہیں یک قلم امتناع آخر کسی وجہ پر مبنی ہوگا،اور وجہ سوائے اس کے کچھ نہیں کہ ہنود کی ہٹ پوری کرنا،اور مسلمانوں نہ صرف مسلمانوں بلکہ تمام انسانوں کے اسباب معیشت میں کمی وتنگی کردینا،ہم اہل اسلام کی ابتدائے عہد سے بڑی غذا جس کی طرف ہماری طبیعتیں اصل خلقت میں راغب اوراس میں ہمارے ہزاروں منافع اوراس سے ہمارے خالق وتبارک وتعالی نے قرآن عزیز میں جابجا ہم پر منت رکھی،گوشت ہے۔

(فتاوی رضویہ قدیم ۴۴۴/۸۔۴۴۵)

**(۱۶۲) قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔☆**

تم فرماؤ بیشک میری نماز اور میری قربانیاں اور میرا جینا اور میرا مرنا سب اللہ کے لئے ہے جو رب سارے جہاں کا۔

Marfat.com

## ﴿۲۰﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

بیشک نماز وروزہ، حج وزکوۃ سب اللہ ہی کے لئے ہے۔ یعنی ان سے اس کی عبادت و تعظیم مقصود ہے اور بیشک تمام عبادات واعمال حسنہ اپنے ہی لئے ہیں یعنی اپنے فائدہ کو ہیں۔ من عمل صالحا فلنفسہ۔ جونیک کام کرے وہ اپنے لئے ہی کرتا ہے۔

﴿۱۶۳﴾ لَاشَرِیْکَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِکَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ ۔☆

اس کا کوئی شریک نہیں مجھے یہی حکم ہوا ہے اور میں سب سے پہلا مسلمان ہوں۔

## ﴿۲۰﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(آیت میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک نہ کرنے کا حضرت ابراہیم کو جو حکم ہوا اس کا ذکر ہے جس سے ثابت کہ شرک وغیرہ منکرات کا ازالہ ضروری ہے اور اگر) ازالۂ منکر پر قدرت نہ ہو تو زبان سے منع کردے اور اس میں بھی فتنہ وفساد ہو تو دل سے برا جانے۔ پھر ان کے فعل کا اس سے مطالبہ نہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

من رای منکم منکرا فلیغیرہ بیدہ فان لم یستطع فبلسانہ فان لم یستطع فبقلبہ، وذلك اضعف الایمان۔

تم میں سے جب کوئی برائی دیکھے تو ہاتھ سے اسے روکنے کی کوشش کرے اور اگر اسکی طاقت نہیں رکھتا تو زبان سے منع کرے اور اگر اس پر بھی قادر نہ ہو تو دل سے برا جانے اور یہ ایمان کا کمزور ترین درجہ ہے۔ (فتاوی رضویہ جدید ۵/۴۰۶)

Marfat.com

# سورۃ الاعراف

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

(۲۲) فَدَلّٰىهُمَا بِغُرُوْرٍ ۚ فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ؕ وَنَادٰىهُمَا رَبُّهُمَآ اَلَمْ اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ وَاَقُلْ لَّكُمَآ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۔☆

تو اتار لایا انہیں فریب سے پھر جب انہوں نے وہ پیڑ چکھا ان پر ان کی شرم کی چیزیں کھل گئیں۔ اور اپنے بدن پر جنت کے۔ پتے چپٹانے لگے اور انہیں ان کے رب نے فرمایا کیا میں نے تمہیں اس پیڑ سے منع نہ کیا اور نہ فرمایا تھا کہ شیطان تمہارا کھلا دشمن ہے۔

### ﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

غیر تلاوت میں اپنی طرف سے سیدنا آدم علیہ الصلاۃ والسلام کی طرف نافرمانی وگناہ کی نسبت حرام ہے۔ ائمہ دین نے اسکی تصریح فرمائی بلکہ ایک جماعت علمائے کرام نے اسے کفر بتایا۔ مولی کو شایاں ہے کہ اپنے محبوب بندوں کو جس عبارت سے تعبیر فرمائے، دوسرا کہے تو اسکی زبان گدی کے پیچھے سے کھینچی جائے، للہ المثل الاعلی، بلاتشبیہ یوں خیال کرو کہ زید نے اپنے بیٹے عمرو کو اس کی کسی لغزش یا بھول پر متنبہ کرنے، ادب دینے، حزم وعزم واحتیاط اتم سکھانے کے لئے مثلاً بیہودہ نالائق احمق وغیرہ الفاظ سے تعبیر کیا۔ باپ کو اسکا اختیار تھا۔ اب عمرو کا بیٹا بکر یا غلام انہیں الفاظ کو سند بنا کر اپنے باپ اور آقا عمرو کو یہ الفاظ کہہ سکتا ہے؟ حاشا، اگر کہے گا سخت گستاخ ومردود ناسزا و مستحق عذاب وتعزیر وسزا ہوگا۔ جب یہاں یہ حالت ہے تو اللہ عزوجل کی ریس کر کے انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی شان میں ایسے لفظ کا بکنے والا کیونکر سخت شدید ومدید عذاب جہنم وغضب الہی کا مستحق ہوگا۔ والعیاذ باللہ تعالی۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱/۸۲۳۔تا۸۲۴)

امام ابوعبداللہ قرطبی اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

قال القاضی ابو بکر بن العربی رحمہ اللہ تعالی لایجوز لا حدمنا الیوم ان یخبر بذلک عن آدم علیہ الصلاۃ والسلام الا اذ ذکرنا فی اثنا قولہ تعالی عنہ او قول نبیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فاما ان نبتدی بذلک من قبل انفسنا فلیس بجائزفی آباتنا الا دنین الینا المماثلین لنا فکیف با بینا الاقدم الاعظم الاکبر النبی المقدم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلموعلی جمیع الانبیاء المرسلین "

قاضی ابوبکر بن عربی فرماتے ہیں: کہ ہم میں سے کسی کو یہ جائز نہیں کہ آدم علیہ السلام کی بابت اس کی خبر دے، ہاں اللہ تعالی کے قول کے ضمن میں ہوتو حرج نہیں، یا کسی حدیث میں ہوتو حرج نہیں، اپنی طرف تو ان امور کا کوئی شخص اپنے ماں باپ کی طرف بھی منسوب کرنا پسند نہ کریگا تو حضرت جو ہمارے جداعلی اکبر واعظم اور اللہ کے تمام انبیاء ومرسلین سے پہلے ہیں ان کی بابت یہ سوچا بھی نہیں جاسکتا۔

امام ابوعبداللہ بن عبدری ابن الحاج مدخل میں فرماتے ہیں:

قد قال علماء نا رحمھم اللہ تعالی ان من قال عن نبی من الانبیاء علیھم الصلاۃ والسلام فی غیر التلاوۃ الحدیث انہ عصی او خالف فقد کفر نعوذ با للہ من ذلک۔

ہمارے علماء رحمھم اللہ تعالی نے فرمایا: انبیاء علیھم السلام کا ذکر بغیر تلاوت یا حدیث کے انکی لغزش کا ذکر کیا یا انکی نافرمانی کا ذکر کیا تو اس نے کفر کیا ہم اللہ تعالی سے اس بارے میں پناہ مانگتے ہیں۔

(۳۱) یٰبَنِیۤ اٰدَمَ خُذُوْا زِیْنَتَکُمْ عِنْدَ کُلِّ مَسْجِدٍ وَّ کُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَاتُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَایُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ۔☆

اے آدم کی اولاد اپنی زینت لو جب مسجد میں جاؤ اور کھاؤ اور پیو اور حد سے نہ بڑھو بیشک حد سے بڑھنے والے اسے پسند نہیں۔

Marfat.com

## ﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

پاک ہے وہ ذات جو خطا ونسیان سے منزہ ہے، محقق ابن ہمام نے شروط صلاۃ میں ستر عورت کے لازم ہونے پر ارشاد ربانی۔ خذوا زینتکم عند کل مسجد " سے استدلال کرتے ہوئے صاف فرمایا:

حق یہ ہے کہ ستر عورت کے بارے میں آیت کی دلالت ظنی ہے۔لہذا اس کا مقتضایہ ہے کہ نماز میں ستر عورت واجب ہے، بعض فقہاء نے قطعی الثبوت ہونا تو آیت سے لیا اور ستر عورت پر دلالت کا قطعی ہونا اس حدیث سے لیا کہ۔ بالغ عورت کی نماز بغیر اوڑھنی کے نہیں ۔پس دونوں کے دلائل کے اجتماع سے فرضیت ثابت ہوگئی۔ حدیث میں واضح اشکال ہے۔ ورنہ مستدل نے اس جیسی حدیثوں کا ظنی الدلالت ہونا خود تسلیم کیا ہے، مثلا یہ حدیث کہ جس نے بسم اللہ نہیں پڑھی اسکا وضو نہیں۔ اور مسجد کے پڑوسی کی نماز سوائے مسجد کے نہیں ہے ،اور ظنی الدلالت ہونے میں شک نہیں ہے کیونکہ نفی کمال کا احتمال قائم ہے۔(یہ معنی مراد ہوسکتا ہے کہ بالغہ کی نماز اوڑھنی کے بغیر کامل نہیں ہے۔۱۲ق)

لہذا بہتر یہ ہے کہ نماز میں ستر عورت کے فرض ہونے پر اجماع سے استدلال کیا جائے ،جیسے کہ متعدد ائمہ نقل نے اجماع بیان کیا ہے یہاں تک کہ بعض مالکیہ پیدا ہوئے اور انہوں نے اس مسئلہ میں اختلاف کیا، مثلا قاضی اسمعیل، حالانکہ اجماع کے منعقد ہوجانے کے بعد ایسا کرنا جائز نہیں۔　(فتاوی رضویہ جدید ۱/۲۲۷)

اسراف بلاشبہ ممنوع وناجائز ہے۔

اقول: اسراف کی تفسیر میں کلمات متعدد وجہ پر آئے:

(۱) غیر حق میں صرف کرنا۔ یہ تفسیر سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمائی

الفریابی وسعید ابن منصور وابو بکر بن ابی شیبہ والبخاری فی الادب المفر دو ابناء جریر والمنذر و ابی حاتم والطبرانی والحاکم وصححہ والبیہقی فی شعب الایمان واللفظ لابن جریر کلھم عنہ رضی اللہ تعالی عنہ فی قولہ تعالی ولا تبذر تبذیرا۔ قال: التبذر فی غیر الحق وھو الاسراف۔

فریابی، سعید بن منصور، ابوبکر بن ابی شیبہ اور بخاری نے ادب مفرد میں، ابن جریر، ابن

Marfat.com

منذر ابن ابی حاتم، ابوحاتم، طبرانی، حاکم بافادہ تصحیح، بیہقی نے شعب الایمان میں اور یہ لفظ ابن جریر کے ہیں۔ ان تمام حضرات نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کی کہ آپ نے اللہ تعالیٰ کے قول۔ ولا تبذر تبذیرا۔ کی تفسیر میں فرمایا کہ تبذیر ناحق خرچ کو کہتے ہیں ، یہی اسراف ہے۔

اور اسی کے قریب ہے وہ کہ تاج العروس میں بعض سے نقل کیا' وضع الشئی فی غیر موضعہ "یعنی بیجا حرچ کرنا۔

ابن ابی حاتم نے امام مجاہد تلمیذ سیدنا عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنھم سے روایت کی:

لو انفقت مثل ابی قبیس ذھبا فی طاعۃ اللہ لم یکن اسرافا ولو انفقت صاعا فی معصیۃ اللہ کان اسرافا۔

اگر تو اللہ کی فرمانبرداری میں کوہ ابوقبیس کے برابر سونا خرچ کردے تو بھی اسراف نہ ہوگا اور اگر تو ایک صاع بھی اللہ کی نافرمانی میں خرچ کرے تو اسراف ہوگا۔

کسی نے حاتم کی کثرت داد و دہش پر کہا۔ لا خیر فی سرف۔ اسراف میں خیر نہیں ۔اس نے جواب دیا: لا سرف فی خیر ۔ خیر میں اسراف نہیں۔

اقول۔ حاتم کا مقصود تو خدا نہ تھا نام تھا، کما نص علیہ فی الحدیث۔

تو اس کی داد و دہش اسراف ہی تھی۔ مگر خیر میں بھی شرع مطہر اعتدال کا حکم فرماتی ہے۔

قال اللہ تعالی ولا تجعل یدك مغلولۃ الی عنقك ولا تبسطھا کل البسط فتقعد ملوما محسورا "(الاسراء ۔ ۲۹)

فرمان الہی ہے۔ اور تو اپنا ہاتھ اپنی گردن میں باندھ کر نہ رکھ اور نہ اسکو پوری طرح کھول ورنہ تو ملامت زدہ حسرت زدہ بیٹھ رہے گا۔

وقال اللہ تعالی :والذین اذا انفقوا لم یسرفوا و لم یقتروا و کان بین ذلك قواما"(الفرقان ۔ ٦٧)

اور وہ جب بھی خرچ کرتے ہیں تو نہ اسراف کرتے ہیں اور نہ کنجوسی کرتے ہیں اور خرچ اسکے درمیان ہوتا۔

Marfat.com

آیہ کریمہ۔ واتو حقه یوم حصاده و لا تسرفوا۔ (الانعام۔۱۴۱)
اور تم اس کا حق اسکی کٹائی کے دن ادا کردو اور نہ اسراف کرو۔
کی شان نزول میں ثابت بن قیس رضی اللہ تعالی عنہ کا قصہ معلوم ومعروف ہے۔ رواہ ابن جریر وابن ابی حاتم عن ابی جریج۔

ادھر صحاح کی حدیث جلیل ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے تصدق کا حکم فرمایا، فاروق اعظم رضی اللہ عنہ خوش ہوئے کہ اگر میں کبھی ابوبکر صدیق پر سبقت لے جاؤں گا تو وہ یہی بار ہے کہ میرے پاس مال بسیار ہے۔ اپنے جملہ اموال سے نصف حاضر خدمت اقدس لائے۔ حضور نے فرمایا: اہل وعیال کے لئے کیا رکھا؟ عرض کی: اتنا ہی: اتنے میں صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ حاضر ہوئے اور کل مال حاضر لائے۔ گھر میں کچھ نہ چھوڑا: ارشاد ہوا: اہل وعیال کے لئے کیا رکھا؟ عرض کی اللہ اور اسکا رسول جل جلالہ وصلی اللہ تعالی علیہ وسلم۔ اس پر حضور پرنور نے فرمایا: تم دونوں میں وہی فرق ہے جو تمہارے ان جوابوں میں۔

تحقیق یہ ہے کہ عام لوگوں کے لئے وہی حکم میانہ روی ہے اور صدق توکل وکمال تجمل والوں کی شان بڑی ہے۔

(۲) حکم الہی کی حد سے بڑھنا۔ یہ تفسیر ایاس ابن معاویہ بن قرہ تابعی ابن صحابی کی ہے۔ ابن جریر وابو الشیخ عن سفین بن حسین عن ابی بشر قال: طاف الناس بایاس بن معوية فقالوا ما السرف قال ما تجاوزت به امر الله فهو سرف۔

ابن جریر اور ابوالشیخ نے سفیان بن حسین سے ابو بشر سے روایت کی کہ لوگوں نے ایاس بن معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ کو گھیر لیا اور ان سے دریافت کیا کہ اسراف کیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا: وہ خرچ جس میں اللہ کے حکم سے تجاوز کرو وہ اسراف ہے۔

اور اسی کی مثل اہل لغت سے ابن الاعرابی کی تفسیر ہے، کما سیاتی من التفسیر الکبیر۔

تعریفات السید میں ہے۔ الاسراف تجاوز الحد فی النفقة (نفقہ میں حد سے تجاوز کرنا اسراف ہے)

اقول: یہ تفسیر مجمل ہے، حکم الہی وضو میں کہنیوں تک ہاتھ گٹوں تک پاؤں دھونا ہے مگر

Marfat.com

اس سے تجاوز اسراف نہیں، بلکہ نیم بازو اور نیم ساق تک بڑھانا مستحب ہے جیسا کہ احادیث سے ثابت۔ تو امر سے مراد تشریع لینا چاہئے۔ یعنی حد اجازت سے تجاوز اور اب تفسیر تبذیر کی طرف عود کرے گی۔

(۳) ایسی بات میں خرچ کرنا جو شرع مطہر یا مروت کے خلاف ہو۔ اولا حرام ہے اور ثانیا مکروہ تنزیہی۔

طریقہ محمدیہ میں ہے۔

الا سراف و التبذ یر ملکةبذ ل الما ل حیث یجب امسا که بحکم الشرع او المر وۃ و ھی رغبة صا دقةللنفس فی الا فا د ۃ بقدر ما یمکن و ھما فی مخالفة الشر ع حرا ما ن و فی مخا لفة المروۃ مکر و ھا ن تنز یھا اھ۔

اسراف اور تبذیر مال کو ایسے مقام پر خرچ کرنے کا ملکہ ہے جہاں اس کو بحکم شرع یا بحکم مروت روکے رکھنا واجب ہے اور مروت یہ رغبت صادقہ ہے نفس کی امکانی حد تک کسی کو فائدہ پہنچانے کے لئے۔ اور یہ دونوں چیزیں مخالفت شرع میں حرام ہیں اور مخالفت مروت میں مکروہ تنزیہی ہیں اھ۔

اقو ل :و زا دہ ملکة لیجعلھما من منکرا ت القلب لا نه فی تعدیدھا و مثل الشا ر ح العلا مة سید ی عبد الغنی النا بلسی قد س سر ہ القد سی مخا لفة المروۃ بد فعه للا جا نب و التصدق به علیھم و تر ك الاقا رب و الجیر ا ن المحاویج اھ۔

اقول: لفظ ملکہ کا اضافہ اس میں اس لئے کیا تا کہ ان دونوں کو منکرات قلب میں شامل کیا جائے کیونکہ انہوں نے ان کو انہیں منکرات کے بیان میں ذکر کیا ہے۔ علامہ سیدی عبدالغنی نابلسی نے مروت کی مخالفت کی مثال یہ دی ہے کہ مال غیروں کو دیدیا جائے اور ان پر صدقہ کیا جائے حالانکہ حصہ دار اور پڑوسی حاجت مند موجود ہوں اھ۔

اقو ل :اخر ج الطبرا نی بسند صحیح عن ا بی ھر یر ۃ ر ضی اللہ تعالیٰ عنه قا ل قا ل رسو ل اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: یا امة محمد و الذی بعثنا با لحق !لایقبل اللہ صد قة من رجل و له قرا بة محتا جو ن الی صلته و یصر فھا الی غیر ھم ،و الذ ی نفسی بیدہ لا ینظر اللہ الیه یو م القیمة اھ ۔ فھو خلا ف الشر ع لا

Marfat.com

محرد خلاف المروۃ و اللہ تعالیٰ اعلم۔

اقول طبرانی نے بسند صحیح ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے امت محمد! قسم اس ذات کی جس نے مجھے حق کے ساتھ مبعوث فرمایا کہ اللہ ایسے شخص کا صدقہ قبول نہیں فرماتا ہے کہ جو اپنے قریبی رشتہ دار حاجتمندوں کو چھوڑ کر دوسروں پر خرچ کرتا ہے۔ قسم اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اللہ ایسے شخص کی طرف قیامت کے دن نگاہ نہیں فرمائے گا اھ، تو یہ خلاف شرع ہے صرف خلاف مروت نہیں۔

اقول وباللہ التوفیق۔ آدمی کے پاس جو مال زائد بچا اور اس نے ایک فضول کام میں اٹھادیا، جیسے بے مصلحت شرعی مکان کی زینت وآرائش میں مبالغہ، اس سے اسے تو کوئی نفع ہوا نہیں اور اپنے غریب مسلمان بھائیوں کو دیتا تو ان کو کیسا نفع پہونچتا، تو اس حرکت سے ظاہر ہوا کہ اس نے اپنی بے معنی خواہش کو ان کی حاجت پر مقدم رکھا اور یہ خلاف مروت ہے۔

(۴) طاعت الٰہی کے غیر میں اٹھانا، قاموس میں ہے۔

الاسراف التبذیرا وما انفق فی غیر طاعۃ۔

اسراف فضول خرچی ہے یا غیر طاعت میں خرچ کرنا۔ (ت)

ردالمحتار میں اسی کی نقل پر اقتصار فرمایا، اقول۔ ظاہر ہے کہ مباحات نہ طاعت ہیں نہ ان میں خرچ اسراف مگر یہ کہ غیر طاعۃ سے خلاف طاعت مراد لیں، تو مثل تفسیر دوم ہوئی اور اب علامہ شامی کا یہ فرمانا کہ

لا یلزم من کونہ غیر طاعۃ ان یکون حراما نعم اذا اعتقد سنیتہ (ای سنیۃ الزیادۃ علی الثلث فی الوضوء) یکون ،منہیا عنہ، ویکون ترکہ سنۃ موکدۃ۔

اس کے غیر طاعت ہونے سے اس کا حرام ہونا لازم نہیں آتا، ہاں اگر اس کے سنت ہونے کا اعتقاد ہے، یعنی وضو میں تین تین مرتبہ اعضاء وضو دھونا تو یہ منہی ہوگا اور اسکا ترک سنت موکدہ ہوگا۔

صحیح نہ رہے گا۔

(۵) حاجت شرعیہ سے زیادہ استعمال کرنا کما تقدم فی صدر البحث عن

Marfat.com

الحلیلۃ والبحر و تبعھما العلامۃ الشامی (جیسا کہ ابتدائے بحث میں گزرا حلیہ و بحر سے علامہ شامی نے ان کی پیروی کی۔

اقول۔ اولا۔ مراتب خمسہ کہ ہم اوپر بیان کر آئے ان میں حاجت کے بعد منفعت پھر زینت ہے اور شک نہیں کہ ان میں خرچ بھی اسراف نہیں جب تک حد اعتدال سے متجاوز نہ ہو،

قال اللہ تعالیٰ قل من حرم زینۃ اللہ التی اخرج لعبادہ والطیبات من الرزق۔

اے نبی فرمادے کہ اللہ کی وہ زینت جو اس نے اپنے بندوں کے لئے پیدا کی اور پاکیزہ رزق کس نے حرام کئے ہیں،

مگر یہ تاویل کریں کہ حاجت سے ہر بیکار آمد بات مراد ہے۔

ثانیا۔ شرعیہ کی قید بھی مانع جامعیت ہے کہ حاجت دنیویہ میں بھی زیادہ اڑانا اسراف ہے مگر یہ کہ شرعیہ سے مراد مشروعہ لیں یعنی جو حاجت خلاف شرع نہ ہو تو یہ اس قول پر مبنی ہو جائے گا جس میں اسراف و تبذیر میں حاجت جائزہ و ناجائزہ سے فرق کیا ہے۔ اگر کہیے ان علماء کا یہ کلام دربارہ وضو ہے اس میں تو جو زیادت ہوگی حاجت شرعیہ دینیہ ہی سے زائد ہوگی،

اقول۔ اب مطلقا حکم ممانعت مسلم نہ ہوگا، مثلا میل چھڑانے یا شدت گرما میں ٹھنڈک کی نیت سے زیادت کی تو اسراف نہیں کہہ سکتے کہ غرض صحیح جائز میں خرچ ہے، شاید اسی لئے علامہ طحطاوی نے لفظ شرعیہ کم فرما کر اتنا ہی کہا: الا اسراف ھو الزیادۃ علی قدر الحاجۃ۔ ضرورت سے زیادہ اسراف ہے۔

اقول۔ مگر یہ تعریف اگر مطلق اسراف کی ہو تو جامعیت ہی میں ایک اور خلل ہوگا کہ قدر حاجت سے زیادت کے لئے وجود حاجت درکار، اور جہاں حاجت ہی نہ ہو اسراف اور زائد ہے، ہاں حلیہ و اتباع کی طرح خاص اسراف فی الوضو کا بیان ہو تو یہ خلل نہ ہوگا۔

(۶) غیر طاعت میں یا بلا حاجت خرچ کرنا۔ نہایہ و اثیر و مجمع بحار الانوار میں ہے۔

الاسراف والتبذیر فی النفقۃ لغیر حاجۃ او فی غیر طاعۃ اللہ تعالیٰ،

اسراف اور تبذیر بغیر ضرورت خرچ یا غیر اطاعت خداوندی میں خرچ۔

یہ تعریف گویا چہارم و پنجم کی جامع ہے۔

اقول۔ اولا۔ طاعت میں وہی تاویل لازم جو چہارم میں گزری۔

Marfat.com

ثانیا۔حاجت میں وہی تاویل ضرور جو پنجم میں مذکور ہوئی۔

(۷) دینے میں حق کی حد سے کمی یا بیشی۔تفسیر ابن جریر میں ہے:

الاسراف فی کلام العرب الاخطاء باصابة الحق فی العطیة اما بتجاوزه حده فی الزیادة واما بتقصیر عن حده الواجب۔

کلام عرب میں اسراف کے معنی عطیہ دینے میں حق کو چھوڑ دینے کے ہیں یا حد سے تجاوز کرنے میں یا حد واجب سے تقصیر کرنے میں۔

اقول۔یہ عطا کے ساتھ خاص ہے اور اسراف کچھ لینے دینے ہی میں نہیں،اپنے خرچ کرنے میں بھی ہے،حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہیں،

فی الوضؤ اسراف و فی کل شئی اسراف،

وضو میں بھی اسراف ہوتا ہے اور ہر کام میں اسراف کو دخل ہے۔ رواه سعید بن منصور عن یحی بن ابی عمر والشیبانی الثقة مرسلا

اس کی روایت سعید بن منصوت نے یحیی بن ابی عمر سیابانی سے مرسل کی ہے۔

(۸) ذلیل غرض میں کثیر مال اٹھا دینا،تعریفات السید میں ہے۔

الاسراف انفاق المال الکثیر فی الغرض الخسیس قدمه ههنا واقتصر علیه فی المسرف۔

اسراف مال کثیر کا گھٹیا مقصد کے لئے خرچ کرنا،۔یہاں اس کو مقدم کیا اور مسرف میں اس پر اکتفا کیا۔

اقول۔یہ بھی جامع نہیں،بے غرض محض تھوڑا مال ضائع کر دینا بھی اسراف ہے،

(۹) حرام میں سے کچھ یا حلال کو اعتدال سے زیادہ کھانا۔ حکامه السید قیلا۔اس کو علامہ نے قیل سے ذکر کیا ہے۔

اقول۔یہ کھانے سے خاص ہے۔

(۱۰) لائق و پسندیدہ بات میں قدر لائق سے زیادہ اٹھا دینا،تعریفات علامہ شریف میں ہے:

الاسراف صرف الشئی فیما ینبغی زائدا علی ما ینبغی بخلاف التبذیر فانه

Marfat.com

صرف الشئی فیما لاینبغی۔

اسراف جہاں خرچ کرنا مناسب ہو وہاں زائد خرچ کر دینا ہے، اور تبذیر یہ ہے کہ جہاں خرچ کی ضرورت نہ ہو وہاں خرچ کیا جائے۔

اقول۔ ینبغی کا اطلاق کم از کم مستحب پر آتا ہے، اور اسراف مباح خاص میں اس سے بھی زیادہ ہے۔

مگر یہ کہ جو کچھ لاینبغی نہیں سب کو ینبغی مان لیں کہ مباح کاموں کو بھی شامل ہو جائے ولیس ببعید۔ اور عبث محض اگرچہ بعض جگہ مباح بمعنی غیر ممنوع ہو مگر زیر لاینبغی داخل ہے تو اس میں جو کچھ اٹھے گا اس تفسیر پر داخل تبذیر ہوگا۔

(۱۱) بے فائدہ خرچ کرنا۔ قاموس میں ہے۔

ذهب ماء الحوض سرفا، فاض من نواحیه۔

جب حوض کا پانی اس کے کناروں سے بہہ نکلے تو کہتے ہیں کہ پانی سرف چلا گیا۔

تاج العروس میں ہے:

قال شمر سرف الماء ذهب منه فی غیر سقی ولا نفع یقال اروت البیر النخیل و ذهب بقیة الماء سرفا۔

شمر نے کہا: سرف الماء کے معنی یہ ہیں کہ پانی سیرابی اور نفع کے بغیر ضائع ہو گیا، کہتے ہیں: اروت البئر النخیل و ذهب بقیة الماء سرفا۔

اعلم ان لاهل اللغة فی تفسیر الاسراف قولین الاول قال ابن الاعرابی السرف تجاوز ما حد لك الثانی قال شمر سرف المال ما ذهب منه فی غیر منفعة۔

جاننا چاہیے کہ اہل لغت کا اسراف کی تفسیر میں اختلاف ہے۔ اس میں دو قول ہیں، ابن الاعرابی نے کہا کہ السرف جو حد ہے اس سے زیادہ خرچ کرنا، شمر نے کہا کہ سرف سے مراد ہے کہ مال کا منفعت کے غیر میں خرچ کرنا،

اقول۔ منفعت کے بعد بھی اگرچہ ایک مرتبہ زینت ہے مگر ایک معنی پر زینت بھی بے فائدہ نہیں۔ ہمارے کلام کا ناظر خیال کر سکتا ہے، کہ ان تمام تعریفات میں سب سے جامع و نافع واضح تعریف اول ہے۔ اور کیوں نہ ہو کہ یہ اس عبداللہ کی تعریف ہے جسے رسول اللہ صلی اللہ

Marfat.com

تعالٰی علیہ وسلم علم کی کٹھری فرماتے ہیں، اور جو خلفاء اربعہ رضی اللہ تعالٰی عنہم کے بعد تمام جہاں میں علم میں زائد ہے، اور جو ابو حنیفہ جیسے امام الائمہ کا مورث ہے رضی اللہ تعالٰی عنہ وعنہم اجمعین۔

(فتاوی رضویہ جدید/۶۹۰ تا ۶۹۷)

(۴۵) عالم امر اور عالم خلق میں فرق ہے۔ عالم خلق مادہ سے بتدریج پیدا فرمایا جاتا ہے اور عالم امر نری کن سے۔ روح عالم امر سے محض کن سے بنی۔ اور جسم عالم خلق سے کہ نطفہ پھر علقہ پھر مضغہ غیر مخلقہ پھر مخلقہ ہوتا ہے۔ (الملفوظ ۲/۶۲)

﴿۵۴﴾ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ ۫ یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ یَطْلُبُهٗ حَثِیْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ۔☆

بیشک تمہارا رب اللہ ہے جس نے آسمان اور زمین چھ دن میں بنائے پھر عرش پر استواء فرمایا جیسا اس کی شان کے لائق ہے رات دن کو ایک دوسرے سے ڈھانکتا ہے کہ جلد اس کے پیچھے لگا آتا ہے اور سورج اور چاند اور تاروں کو بنایا سب اس کے حکم کے دبے ہوئے سن لو اسی کے ہاتھ ہے پیدا کرنا اور حکم دینا بڑی برکت والا ہے اللہ رب سارے جہان کا۔

## ﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ آیت کریمہ صاف ارشاد فرما رہی ہے کہ پیدا کرنا عدم سے وجود میں لانا خاص اسی کا کام ہے دوسرے کو اس میں شرکت نہیں، نیز بے اس کی مشیت کسی کی مشیت نہیں ہو سکتی۔ اور وہی مالک ومولی جل وعلا اسی قرآن کریم میں فرماتا ہے۔

ذلك جزينا هم ببغيهم وانا لصادقون ۔ (الانعام۔ ۱۴۶)

یہ ہم نے ان کی سرکشی کا بدلہ انہیں دیا۔ اور بیشک بالیقین ہم سچے ہیں۔

اور فرماتا ہے:

وما ظلمنا هم ولكن كانوا انفسهم يظلمون ۔ (النحل۔ ۱۱۸)

Marfat.com

ہم نے ان پر کچھ ظلم نہ کیا بلکہ وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔

اور فرماتا ہے:

اعملوا ما شئتم انہ بما تعملو ن بصیرٌ۔ (فصلت۔ ۴۰)

جو تمہارا جی چاہے کئے جاؤ اللہ تمہارے کاموں کو دیکھ رہا ہے۔

اور فرماتا ہے:

و قل الحق من ربکم فمن شاء فلیومن و من شاء فلیکفر انا اعتد نا للظالمین نارا احاط بھم سرا دقھا۔ (الکھف۔ ۲۹)

اے نبی تم فرمادو کہ حق تمہارے رب کے پاس سے ہے۔تو جو چاہے ایمان لائے اور جو چاہے کفر کرے۔ بیشک ہم نے ظالموں کے لئے وہ آگ تیار کررکھی ہے۔جس کے سراپردے انہیں گھیریں گے ہرطرف آگ ہی آگ ہوگی۔

اور فرماتا ہے:قال قرینۃ ربنا ما اطغیتہ و لکن کا ن فی ضلا ل بعید۔ قا ل لا تختصموا لدی و قدقدمت الیکم با لو عید ما یبد ل القول لد ی و ماانا بظلام للعبید۔ (ق۔ ۲۷۔۲۸)

کافر کا ساتھی شیطان بولا اے رب ہمارے میں نے اسے سرکش نہ کردیا تھا یہ آپ ہی دور کی گمراہی میں تھا۔رب جل وعلا نے فرمایا میرے حضور فضول جھگڑا نہ کرو میں تو تمہیں پہلے ہی سزا کا ڈر سنا چکا تھا میرے یہاں بات بدلی نہیں جاتی اور نہ میں بندوں پر ظلم کروں۔

یہ آیتیں صاف ارشاد فرما رہی ہیں، کہ بندہ خود ہی اپنی جان پر ظلم کرتا ہے، وہ اپنی ہی کرنی بھرتا ہے، وہ ایک حرام کا اختیار وارادہ ضرور رکھتا ہے۔اب دونوں قسم کی سب آیتیں قطعا مسلمان کا ایمان ہیں۔

بیشک بے شبہ بندہ کے افعال کا خالق بھی خدا ہی ہے۔ بیشک بندہ بے ارادہ الٰہیہ کچھ نہیں کرسکتا اور بیشک بندہ اپنی جان پر ظلم کرتا ہے۔ بیشک وہ اپنی ہی بداعمالیوں کے سبب مستحق سزا ہے۔یہ دونوں باتیں جمع نہیں ہوسکتیں مگر یونہی کہ عقیدہ اہل سنت و جماعت پر ایمان لایا جائے۔وہ کیا ہے وہ جو اہل سنت کے سردار و مولی امیر المومنین علی المرتضی کرم اللہ وجہہ الکریم نے انہیں تعلیم فرمایا۔ (قدیم ۱۱/۱۹۵۔۱۹۶)

Marfat.com

۴۳۷۵۔ **عن** عبدالله بن جعفر الطيار رضى الله تعالىٰ عنه عن أمير المؤمنين مولى المسلمين على كرم الله تعالىٰ وجهه الكريم إنه خطب الناس يوما فقام اليه رجل ممن كان شهد معه الجمل ، فقال: ياأمير المؤمنين !أخبر نا عن القدر ،فقال: بحر عميق فلا تلجه ،قال : يا أمير المؤمنين ! أخبرنا عن القدر، قال : سر الله فلا تكلفه ، قال : ياأمير المؤمنين ! أخبرنا عن القدر،قال : أما اذا أبيت فإنه أمر بين أمرين،لا جبر ولا تفويض، قال : يا أمير المؤمنين ! إن فلانا يقول بالا ستطاعة ، وهو حاضر ،فقال : عليّ به ،فأقاموه ،فلما رأه سل سيفه قدر أربع أصا بع ، فقال: الاستطاعة تملكها مع الله أو من دون الله ،و إياك أن تقول أحد هما فترتد فأضرب عنقك ،قال : فما أقول يا أمير المؤمنين! قال : قل: أملكها بالله الذى إن شآء ملكنيها۔

حضرت عبداللہ بن جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین مولی المسلمین حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم ایک دن خطبہ فرمارہے تھے۔ایک شخص نے کہ واقعہ جمل مین امیر المؤمنین کے ساتھ تھے کھڑے ہوکر عرض کی: یاامیر المؤمنین! ہمیں مسئلہ تقدیر سے خبر دیجئے ،فرمایا: گہرادریا ہے اس میں قدم نہ رکھ،عرض کی: یاامیر المؤمنین! ہمیں خبر دیجئے، فرمایا: اللہ کا راز ہے، زبردستی اسکا بوجھ نہ اٹھا،عرض کی: یاامیر المؤمنین! ہمیں خبر دیجئے،فرمایا: اگر نہیں مانتا تو امر ہے دو امروں کے درمیان، نہ آدمی مجبور محض ہے، نہ اختیار اسکے سپرد ہے ۔عرض کی: یاامیر المؤمنین! فلاں شخص کہتا ہے: کہ آدمی اپنی قدرت سے کام کرتا ہے اور وہ حضور میں حاضر ہے۔مولی علی نے فرمایا: میرے سامنے لاؤ،لوگوں نے اسے کھڑا کیا، جب امیر المؤمنین نے اسے دیکھا، تیغ مبارک چار انگل کے قدر نیام سے نکال لی اور فرمایا: کام کی قدرت کا تو خدا کے ساتھ مالک ہے، یا خدا سے جدا مالک ہے؟ اور سنتا ہے، خبردار! ان دونوں میں سے کوئی بات نہ کہنا کہ کافر ہوجائیگا، اور میں تیری گردن ماردوں گا۔اس نے کہا: اے امیر المؤمنین! پھر میں کیا کہوں؟ فرمایا: یوں کہہ کہ خدا کے دینے سے اختیار رکھتا ہوں کہ اگر وہ چاہے تو مجھے اختیار دے، بے اسکی مشیت کے مجھے کچھ اختیار نہیں۔

پس یہ ہی عقیدۂ اہل سنت ہے کہ انسان پتھر کی طرح مجبور محض ہے نہ خودمختار، بلکہ ان

Marfat.com

دونوں کے بیچ میں ایک حالت ہے۔جس کی کنہ راز خدا اور ایک نہایت عمیق دریا ہے۔اللہ تعالیٰ کی بیشمار رضائیں امیر المؤمنین مولیٰ علی پر نازل ہوں کہ دونوں الجھنوں کو دو فقروں میں صاف فرمادیا۔ایک صاحب نے اسی بارے میں سوال کیا کہ کیا معاصی بھی بے ارادۂ الٰہیہ واقع نہیں ہوتے؟فرمایا:تو کیا زبردستی کوئی اسکی معصیت کریگا۔افیعصی قہراً۔یعنی وہ نہ چاہتا تھا کہ اس سے گناہ ہو مگر اس نے کر ہی لیا۔تو اسکا ارادہ زبردست پڑا۔معاذ اللہ،خدا بھی دنیا کے مجازی بادشاہوں کی طرح ہوا کہ ڈاکوؤں،چوروں کا بھتیرا بندوبست کرے پھر بھی ڈاکو اور چور اپنا کام کر ہی گزرتے ہیں۔حاشا!وہ ملک الملوک بادشاہ حقیقی ہر گز ایسا نہیں کہ بے اسکے حکم اسکی ملک میں ایک ذرہ جنبش کر سکے۔وہ صاحب کہتے ہیں:فکا نما القمنی حجرا ،مولیٰ علی نے یہ جواب دیکر گویا میرے منہ میں پتھر رکھ دیا کہ آگے کچھ کہتے بن ہی نہ پڑا۔

عمر بن عبید معتزلی کہ بندے کے افعال خدا کے ارادے سے نہ جانتا تھا،خود کہتا ہے: کہ مجھے ایسا الزام کسی نے نہ دیا جیسا ایک مجوسی نے دیا جو میرے ساتھ جہاز میں تھا۔میں نے کہا:تو مسلمان کیوں نہیں ہوتا؟کہا:خدا نہیں چاہتا،میں نے کہا:خدا تو چاہتا ہے،مگر تجھے شیطان نہیں چھوڑتے۔کہا:تو میں شریک غالب کے ساتھ ہوں،اسی ناپاک شناعت کے رد کی طرف مولیٰ علی نے اشارہ فرمایا،کہ وہ نہ چاہے تو کیا کوئی زبردستی اسکی معصیت کرے گا؟باقی رہا اس مجوسی کا عذر،وہ بعینہ ایسا کہ کوئی بھوکا ہے،بھوک سے دم نکلا جاتا ہے،کھانا سامنے رکھا ہے اور نہیں کھاتا،کہ خدا کا ارادہ نہیں،اس کا ارادہ ہوتا تو میں ضرور کھالیتا۔اس احمق سے یہ ہی کہا جائے گا کہ خدا کا ارادہ نہ ہونا تو نے کاہے سے جانا؟اسی سے کہ تو نہیں کھاتا،تو کھانے کا قصد تو کر،دیکھ تو ارادۂ الٰہیہ سے کھانا ہو جائیگا۔ایسی اوندھی مت اسی کو آتی ہے جس پر موت سوار ہے غرض مولیٰ علی نے یہ تو اسکا فیصلہ فرمایا کہ جو کچھ ہوتا ہے۔بے ارادہ الٰہیہ نہیں ہوسکتا۔

فتاوی رضویہ ۱۱/۱۹۷

۴۳۷۶۔ **عن** محمد الباقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قیل لعلی بن أبی طالب کرم اللہ تعالی وجھہ الکریم:إن ھھنا رجلا یتکلم فی المشیئة فقال :یا عبداللہ! خلقك

---

۴۳۷۶۔ کنز العمال للمتقی، ۱۵۵۹، ۱/۳۴۴

Marfat.com

الله لما شآء أو شئت ،قال : لما شآء ،قال : فيميتك اذا شاء أو اذا شئت ؟ قال: بل اذا شآء، قال : فيد خلك حيث شاء أو حيث شئت ؟ قال ،حيث شاء، قال : والله لو قلت غير هذا لضربت الذى فيه عيناك بسيف، ثم تلا على ، وما تشاء ون الا ان يشاء الله ،هو اهل التقوى و اهل المغفرة ـ

فتاوی رضویہ ۱۱/۱۹۸

حضرت امام محمد باقر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ حضرت مولی علی سے عرض کی گئی: کہ یہاں ایک شخص مشیت میں گفتگو کرتا ہے، مولی علی نے اس سے فرمایا: اے خدا کے بندے! خدا نے تجھے اس لئے پیدا کیا جس لئے اس نے چاہا، یا اس لئے جس لئے تو نے چاہا؟ بولا: جس لئے اس نے چاہا، فرمایا: تجھے جب وہ چاہے بیمار کرتا ہے، یا جب تو چاہے ؟ کہا: بلکہ جب وہ چاہے، فرمایا: تجھے اس وقت وفات دے گا جب وہ چاہے یا جب تو چاہے؟ بولا: جب وہ چاہے، فرمایا تو تجھے وہاں بھیجے گا جہاں وہ چاہے یا جہاں تو چاہے؟ بولا: جہاں وہ چاہے، فرمایا: خدا کی قسم! تو اسکے سوا کچھ اور کہتا تو یہ جس میں تیری آنکھیں ہیں یعنی تیرا سر تلوار سے مار دیتا۔ پھر مولی علی نے یہ آیت کریمہ تلاوت فرمائی۔ اور تم کیا چاہو مگر یہ کہ اللہ چاہے۔ وہ تقوی کا مستحق اور گناہ عفو فرمانے والا ہے۔

## ﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

خلاصہ یہ کہ جو چاہا کیا، اور جو چاہے گا کریگا۔ بناتے وقت تجھ سے مشورہ نہ لیا تھا، بھیجتے وقت بھی نہ لیگا۔ تمام عالم اسکی ملک ہے اور مالک سے دربارۂ ملک سوال نہیں ہوسکتا۔

ابن عساکر نے حارث ہمدانی سے روایت کی ہے کہ ایک شخص نے آکر امیر المؤمنین حضرت مولی علی کرم اللہ تعالٰی وجہہ الکریم سے عرض کی: یا امیر المؤمنین! مجھے مسئلہ تقدیر سے خبر دیجئے، فرمایا: تاریک راستہ ہے اس میں نہ چل، عرض کی: یا امیر المؤمنین! مجھے خبر دیجئے، فرمایا: گہرا سمندر ہے اس میں قدم نہ رکھ۔ عرض کی: یا امیر المؤمنین مجھے خبر دیجئے۔ فرمایا: اللہ کا راز ہے تجھ پر پوشیدہ ہے اسے نہ کھول۔ عرض کی: یا امیر المؤمنین! مجھے خبر دیجئے، فرمایا: ان الله خلقك كما شاء او كما شئت ـ اللہ نے تجھے جیسا اس نے چاہا بنایا، یا جیسا تو نے چاہا؟ عرض کی: جیسا اس نے چاہا، فرمایا:

فیستعملك كما شاء او كما شئت ،تو تجھ سے کام ویسا لے گا جیسا کہ وہ چاہے، یا جیسا تو چاہے؟ عرض کی: جیسا وہ چاہے، فرمایا:

فیبعثك یوم القیامة كما شاء او كما شئت ؟ تجھے قیامت کے دن جس طرح وہ چاہے اٹھائے گا، یا جس طرح تو چاہے؟ کہا جس طرح وہ چاہے، فرمایا:

ایها السائل! تقول : لاحول ولا قوة الابمن۔ اے سائل! تو کہتا ہے: کہ نہ طاقت ہے نہ قوت ہے مگر کس کی ذات سے؟ کہا: اللہ علی عظیم کی ذات سے، فرمایا: تو اس کی تفسیر جانتا ہے؟ عرض کی: امیر المؤمنین کو جو علم اللہ نے دیا ہے اس سے مجھے تعلیم فرمائیں، فرمایا:

ان تفسیرها لا یقدر علی طاعة الله و لایكون قوة معصیة الله فی الامرین جمیعنا الابالله ۔ اسکی تفسیر یہ ہے کہ نہ طاعت کی طاقت، نہ معصیت کی قوت، دونوں اللہ ہی کے دئے سے ہیں۔ پھر فرمایا:

ایها السائل! الك مع الله مشیة او دون الله مشیة ؟ فان قلت ان لك دون الله مشیة ،فقد اكتفیت بها عن مشیة الله و ان زعمت ان لك فوق الله مشیئة فقد ادعیت مع الله شركا فی مشیته۔

اے سائل! تجھے خدا کے ساتھ اپنے کام کا اختیار ہے یا، بے خدا کے؟ اگر تو کہے کہ بے خدا کے تجھے اختیار حاصل ہے، تو تو نے ارادۂ الٰہیہ کی کچھ حاجت نہ رکھی جو چاہے خود اپنے ارادے سے کریگا، خدا چاہے یا نہ چاہے۔ اور یہ سمجھے کہ خدا سے اوپر تجھے اختیار حاصل ہے، تو تو نے اللہ کے ارادے میں اپنے شریک ہونے کا دعوی کیا۔ پھر فرمایا:

ایها السائل! ان الله یشج ویداوی ،فمنه الداء و منه الدواء ،اعقلت عن الله امره۔

اے سائل! بے شک اللہ زخم پہونچاتا ہے اور اللہ ہی دوا دیتا ہے۔ تو اسی سے مرض ہے اور اسی سے دوا۔ کیوں تو نے اب تو اللہ کا حکم سمجھ لیا، اس نے عرض کی: ہاں، حاضرین سے فرمایا:

الآن اسلم اخوكم فقوموا و صافحوا

اب تمہارا یہ بھائی مسلمان ہوا۔ کھڑے ہو اس سے مصافحہ کرو۔ پھر فرمایا:

ان رجلا من القدریة لاخذت برقبة ثم ازال اجونها حتی اقطعها فانهم

یهود هذه الامة و نصاراها و مجوسها۔

اگر میرے پاس کوئی شخص ہو جو انسان کو اپنے افعال کا خالق جانتا اور تقدیر الہی سے وقوع طاعت ومعصیت کا انکار کرتا ہو تو میں اس کی گردن پکڑ کر دبوچتا رہوں گا یہاں تک کہ الگ کاٹ دوں۔ اس لئے کہ وہ اس امت کے یہودی، نصرانی، اور مجوسی ہیں۔

یہودی اس لئے فرمایا کہ ان پر خدا کا عذاب ہے اور یہود مغضوب علیھم ہیں اور نصرانی ومجوسی اس لئے فرمایا کہ نصاری تین خدا مانتے ہیں۔ مجوس یزدان اور اہرمن دو خالق مانتے ہیں۔ یہ بیشمار خالقوں پر ایمان لارہے ہیں کہ ہر جن وانس کو اپنے اپنے افعال کا خالق گار ہے ہیں۔ و العیاذ باللہ رب العلمیں،

یہ اس مسئلہ میں اجمالی کلام ہے۔ مگر انشاء اللہ تعالٰی کافی ووافی اور صافی وشافی جس سے ہدایت والے ہدایت پائیں گے۔ اور ہدایت اللہ ہی کے ہاتھ۔ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَ تَعَالٰی أَعْلَمُ۔　　فتاوی رضویہ ۱۱/۱۹۹

〈۵۵〉اُدْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۔☆

اپنے رب سے دعا کرو گڑگڑاتے اور آہستہ بیشک حد سے بڑھنے والے اسے پسند نہیں

## ﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(اس آیت میں اگر چہ دعا کے بارے میں بلند اور آہستہ آواز دونوں طرح سے حکم آیا لیکن سنت رسول ﷺ کے پیش نظر آمین کی تخصیص ہے، لہذا) آمین بآواز بلند کہنا مکروہ اور خلاف سنت ہے۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں: اذا قا ل الامام غیر المغضو ب علیھم و لا الضالین فقولوا آمیں، فان الملئکۃ تقول آمیں و ان الا مام یقول آمیں ۔( نسائی شریف جلد اول ۱۱۳)

جب امام سورہ فاتحہ سے فارغ ہو تو تم آمیں کہو کہ اسوقت امام اور فرشتے دونوں آمیں کہتے ہیں۔　　(جدید ۶/۱۸۴)

(۱۵۵) وَاخْتَارَ مُوْسٰى قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ رَجُلًا لِّمِيْقَاتِنَا ۚ فَلَمَّآ اَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ اَهْلَكْتَهُمْ مِّنْ قَبْلُ وَاِيَّايَ ؕ اَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَآءُ مِنَّا ۚ اِنْ هِيَ اِلَّا فِتْنَتُكَ ؕ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَآءُ وَتَهْدِيْ مَنْ تَشَآءُ ؕ

**اَنۡتَ وَلِیُّنَا فَاغۡفِرۡ لَنَا وَارۡحَمۡنَا وَاَنۡتَ خَیۡرُ الۡغَافِرِیۡنَ ۔☆**

اور موسی نے اپنی قوم سے ستر مرد ہمارے وعدہ کے لئے چنے پھر جب انہیں زلزلہ نے لیا موسیٰ نے عرض کی اے رب میرے تو چاہتا تو پہلے ہی انہیں اور مجھے ہلاک کر دیتا کیا تو ہمیں اس کام پر ہلاک فرمائے گا جو ہمارے بے عقلوں نے کیا وہ نہیں مگر تیرا آزمانا تو اس سے بہکائے جسے چاہے اور راہ دکھائے جسے چاہے ۔تو ہمارا مولیٰ ہے تو ہمیں بخش دیگا اور ہم پر مہر کر اور تو سب سے بہتر بخشنے والا ہے۔

## ﴿۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(اس آیت میں) رجفہ کے معنی کڑکڑانا محض باطل و بے اصل ہے جس پر نہ لغت شاہد نہ تفسیر تو یہ ضرور تفسیر بالرائے ہے اور اس کا حصر کرنا کہ یہی معنی ہیں حضرت عزت پر افتراء۔ اور اس کا استدلال کہ وہ سبب استدلال آیت میں دوسری تاویل اور لفظ کو حقیقت سے مجاز کی طرف تبدیل ہے کہ اخذ عذاب حقیقت ہے اور سبب کی طرف اسناد مجازی یا بحذف مضاف تقدیر وبال کی جائے ، بہر حال محض بلا وجہ بلکہ بلامجال وحی عدول بہ مجاز ہے ۔ کہ باطل و نامجاز ہے۔ اسی قصہ میں دوسری جگہ ،فا خذ تھم الصاعقۃ فرمایا، صاعقہ کا معنی اسی دلیل سے یہی کڑکڑانا ہو گا بلکہ جہاں جہاں قرآن عظیم نے اقوال کفار پر نار یا حمیم یا غساق وغیرہ کا ذکر فرمایا ہے ان سب کے معنی میں یہی کڑکڑانا آئے گا کہ یہ عذاب کا سبب ہوا۔ ایسی بات علم تو علم عقل سے بعید ہے۔ (فتاوی رضویہ قدیم ۱۲/۱۸۶۔۱۸۷)

**(۱۵۷) اَلَّذِیۡنَ یَتَّبِعُوۡنَ الرَّسُوۡلَ النَّبِیَّ الۡاُمِّیَّ الَّذِیۡ یَجِدُوۡنَهٗ مَكۡتُوۡبًا عِنۡدَهُمۡ فِی التَّوۡرٰىةِ وَالۡاِنۡجِیۡلِ ز یَاۡمُرُهُمۡ بِالۡمَعۡرُوۡفِ وَیَنۡهٰهُمۡ عَنِ الۡمُنۡكَرِ وَیُحِلُّ لَهُمُ الطَّیِّبٰتِ وَیُحَرِّمُ عَلَیۡهِمُ الۡخَبٰٓئِثَ وَیَضَعُ عَنۡهُمۡ اِصۡرَهُمۡ وَالۡاَغۡلٰلَ الَّتِیۡ كَانَتۡ عَلَیۡهِمۡ ط فَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا بِهٖ وَعَزَّرُوۡهُ وَنَصَرُوۡهُ وَاتَّبَعُوا النُّوۡرَ الَّذِیۡۤ اُنۡزِلَ مَعَهٗۤ لا اُولٰٓئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ۔☆**

وہ جو غلامی کریں گے اس رسول بے پڑھے غیب کی خبریں دینے والے کی جسے لکھا ہوا

Marfat.com

پائیں گے اپنے پاس توریت اور انجیل میں وہ انہیں بھلائی کا حکم دے گا اور برائی سے منع فرمائے گا اور ستھری چیزیں ان کے لئے حلال فرمائے گا اور گندی چیزیں ان پر حرام کرے گا اور ان پر سے وہ بوجھ اور گلے کے پھندے جو ان پر تھے اتارے گا تو وہ جو اس پر ایمان لائے اور اس کی تعظیم کرے اور اسے مدد دیں اور اس نور کی پیروی کریں جو اس کے ساتھ اترا وہی بامراد ہوئے

## ﴿٦﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

جان جہاں و جان جان اس جان ہاں و جان ایمان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس مبارک ہاتھوں پر قربان جس نے ہماری پیٹھوں سے بھاری بوجھ اتار دیئے، ہماری گردنوں سے تکلیفوں کے طوق کاٹ دیئے للہ انصاف اور افع بلا کسے کہتے ہیں۔ (الامن والعلی ۔ ۸۱)

(۱۵۷) ثابت ہوا کہ جب تک محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایمان نہ لائے، ان کی تعظیم نہ کرے ہرگز فلاح نہ پائے گا اگرچہ اپنے زعم میں کیسے ہی نیک عمل رکھتا ہو۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱۴/۷۰۳)

(۱۵۸) قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ص فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ۔☆

تم فرماؤ اے لوگو میں تم سب کی طرف اس اللہ کا رسول ہوں کہ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اسی کو ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں جلائے اور مارے تو ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسول بے پڑھے غیب بتانے والے پر کہ اللہ اور اس کی باتوں پر ایمان لاتے ہیں اور ان کی غلامی کرو کہ تم راہ پاؤ۔

## ﴿٧﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

معلوم ہوا کہ ھدایت نبی امی کے ماننے پر موقوف ہے جو ان کو نہ مانے انہیں ہدایت نہیں اور جب ہدایت نہیں تو ایمان کہاں۔ (فتاوی رضویہ جدید ۱۴/۷۰۳)

(۱۶۴) وَاِذْ قَالَتْ اُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُوْنَ قَوْمًا لا۔ اللّٰهُ مُهْلِكُهُمْ

Marfat.com

اَوْمُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيدًا ط قَالُوا مَعْذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ۔ ☆

اور جب ان میں سے ایک گروہ نے کہا کیوں نصیحت کرتے ہوان لوگوں کو جنہیں اللہ ہلاک کرنے والا ہے یاانہیں سخت عذاب دینے والا بولے تمہارے رب کے حضور معذرت کواور شاید انہیں ڈر ہو۔

## ﴿۸﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر فرض ہے۔ فرض سے روکنا شیطان کا کام ہے، بنی اسرائیل میں جنہوں نے مچھلی کا شکار کیا تھا وہ بندر کردیے گئے۔ اور جنہوں نے انہیں نصیحت کرنے کو منع کیا تھا یہ بھی تباہ ہوئے اور نصیحت کرنے والوں نے نجات پائی۔ (آیت میں انہیں کا ذکر ہے)　　(فتاوی رضویہ جدید ۵/۱۱۷)

﴿۱۷۵﴾ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ۔ ☆

اور اے محبوب انہیں اس کا احوال سناؤ جسے ہم نے اپنی آیتیں دیں تو وہ ان سے صاف نکل گیا۔ تو شیطان اس کے پیچھے لگا تو گمراہوں میں ہو گیا۔

﴿۱۷۶﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ج فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ج اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ط ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۔ ☆

اور ہم چاہتے تو آیتوں کے سبب اسے اٹھا لیتے مگر وہ تو زمین پکڑ گیا اور اپنی خواہش کا تابع ہوا تو اس کا حال کتے کی طرح ہے، تو اس پر حملہ کرے تو زبان نکالے اور چھوڑ دے تو زبان نکالے یہ حال ہے ان کا جنہوں نے ہماری آیتیں جھٹلائیں تو تم نصیحت سناؤ کہیں وہ دھیان کریں۔

## ﴿۹﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(یہاں علم ہوتے ہوئے گمراہی اختیار کرنے کی سخت مذمت بیان فرمائی) یعنی ہدایت کچھ علم پر

Marfat.com

نہیں، خدا کے اختیار ہے۔ یہ آیتیں ہیں اور حدیثیں جو گمراہ عالموں کی مذمت میں ہیں ان کا تو شمار ہی نہیں یہاں تک کے ایک حدیث میں ہے۔ دوزخ کے فرشتے بت پرستوں سے پہلے انھیں پکڑیں گے یہ کہیں گے کیا ہمیں بت پوجنے والوں سے بھی پہلے لیتے ہو جواب ملے گا۔

لیس من یعلم کمن لا یعلم۔

جاننے والے اور انجان برابر نہیں۔

یہ حدیث طبرانی نے معجم کبیر اور ابونعیم نے حلیہ حضرت انس سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

بھائیو! عالم کی عزت تو اس بنا پر تھی کہ وہ نبی کا وارث ہے۔ نبی کا وارث وہ جو ہدایت پر ہو اور جب گمراہی پر ہے تو نبی کا وارث ہوا یا شیطان کا؟ اُس وقت اس کی تعظیم نبی کی تعظیم ہوتی، اب اس کی تعظیم شیطان کی تعظیم ہوگی۔

یہ اس صورت میں ہے کہ عالم کفر سے نیچے کسی گمراہی میں ہو۔ جسے بدمذہبوں کے علماء، پھر اسکا کیا پوچھنا جو خود کفر شدید میں ہوا سے عالم دین جاننا ہی کفر ہے نہ کہ عالم دین جان کر اسکی تعظیم۔ بھائیو، علم اسوقت نفع دیتا ہے کہ دین کے ساتھ ہو ورنہ پنڈت یا پادری۔ کیا اپنے یہاں کے عالم نہیں؟ ابلیس کتنا بڑا عالم تھا پھر کیا کوئی مسلمان اسکی تعظیم کریگا؟ اسے تو معلم الملکوت کہتے ہیں یعنی فرشتوں کو علم سکھاتا تھا۔ جب سے اسنے محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم سے منہ موڑا۔

حضو کا نور کہ پیشانی آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام میں رکھا گیا، اسے سجدہ نہ کیا، اس وقت سے لعنت ابدی کا طوق اس کے گلے میں پڑا۔

(تفسیر کبیر امام فخر الدین رازی۔ ج ۳۔ ص ۴۵۵۔ زیر قولہ تعالیٰ:۔ تلک رسول فضلنا، ان الملائکۃ امروا بالسجود لادم لاجل ان نور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی جبھۃ آدم۔

(تفسیر نیشاپوری جلد۳۔ ص ۷۔ سجود لملائکۃ لآدم انما کان لاجل نور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الذی کان فی جبھتہ)

دونوں عبارتوں کا حاصل یہ ہے کہ فرشتوں کا آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو سجدہ کرنا اس

لئے تھا کہ انکی پیشانی میں نور محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تھا۔

دیکھو جب سے اس کے شاگردان رشید اس کے ساتھ کیا برتاؤ کرتے ہیں، ہمیشہ اس پر لعنت بھیجتے ہیں۔ ہر رمضان میں مہینہ بھر اسے زنجیروں میں جکڑتے ہیں، قیامت کے دن کھینچ کر جہنم میں ڈھکیلیں گے۔ یہاں سے علم کا جواب بھی واضح ہوگیا اور استاذی کا بھی۔

بھائیو! کروڑ، کروڑ افسوس ہے۔ اس ادعائے مسلمان پر کہ اللہ واحد قہار اور محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زیادہ استاذ کی وقعت ہو، اللہ ورسول سے بڑھ کر بھائی یا دوست یا دنیا میں کسی کی محبت ہو۔ اے رب! ہمیں سچا ایمان دے صدقہ اپنے حبیب کی سچی عزت، سچی رحمت کا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ آمین۔

فرقۂ دوم:۔ معاندین، اور دشمنان دین کہ خود انکار ضروریات دین رکھتے ہیں اور صریح کفر کر کے اپنے اوپر سے نام کفر مٹانے کو اسلام وقرآن وخدا اور رسول وایمان کے ساتھ تمسخر کرتے اور براہ اغواء وتلبیس وشیوہ ابلیس وہ باتیں بناتے ہیں کہ کسی طرح ضروریات دین ماننے کی قید اٹھ جائے۔ اسلام فقط طوطے کی طرح زبان سے کلمہ رٹ لینے کا نام رہ جائے۔ بس کلمہ کا نام لیتا ہو پھر چاہے خدا کو جھوٹا کذاب کہے۔ چاہے رسول کو سڑی سڑی گالیاں دے اسلام کسی طرح نہ جائے۔

بلْ لعنَهُمُ اللّٰه بِكفرِهِم فقليلًا ما يُؤ مِنُو ن۔

(پ ۱۔ آیت ۸۸۔ سورۃ بقرہ)

بلکہ اللہ نے ان پر لعنت کی ان کے کفر کے سبب تو ان میں تھوڑے ایمان لاتے ہیں۔

یہ مسلمانوں کے دشمن، اسلام کے عدو، عوام کو چھلنے، اور خدا، واحد قہار کا دین بدلنے کے لئے چند شیطانی مکر پیش کرتے ہیں۔

دو مکروں کا جواب

اور صرف ادعائے اسلام مسلمان ہونے کے لئے کافی نہیں۔

مکر اول:۔ اسلام نام کلمہ گوئی کا ہے۔ حدیث میں فرمایا:۔

من قال لا اله الا الله دخل الجنة۔

(ترمذی۔ باب ماجاء فی من یموت۔ ۲/۹۲)

Marfat.com

جس نے لا الٰہ الا اللہ کہہ لیا جنت میں جائے گا۔
پھر کسی قول یا فعل کی وجہ سے کافر کیسے ہو سکتا ہے؟

مسلمانو! ذرا ہوشیار خبردار! اس مکر ملعون کا حاصل یہ ہے کہ زبان سے لا الٰہ الا اللہ کہہ لینا گویا خدا کا بیٹا بن جانا ہے، آدمی کا بیٹا اگر اسے گالیاں دے، جوتیاں مارے، کچھ کرے اس کے بیٹے ہونے سے نہیں نکل سکتا۔ یوں ہی جس نے لا الٰہ الا اللہ کہہ لیا اب وہ چاہے خدا کو جھوٹا کذاب کہے چاہے رسول کو سڑی سڑی گالیاں دے، اس کا اسلام نہیں بدل سکتا۔

اس مکر کا جواب ایک تو اسی آیت کریمہ الم احسب الناس میں گزرا، کیا لوگ اس گھمنڈ میں ہیں کہ نرے ادعائے اسلام پر چھوڑ دیئے جائیں گے۔ اور امتحان نہ ہوگا؟ اسلام اگر فقط کلمہ گوئی کا نام تھا۔ تو وہ بیشک حاصل تھی پھر لوگوں کا گھمنڈ کیوں غلط تھا جسے قرآن عظیم رد فرما رہا ہے۔ (تمہید ایمان ۵۲ تا ۵۴)

(۱۸۸) قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۛۚ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ۛۚ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ۔☆

تم فرماؤ میں اپنی جان کے بھلے برے کا خود مختار نہیں مگر جو اللہ چاہے اور اگر میں غیب جان لیا کرتا تو یوں ہوتا کہ میں نے بہت بھلائی جمع کر لی اور مجھے کوئی برائی نہ پہونچی میں تو یہی ڈر اور خوشی سنانے والا ہوں انہیں جو ایمان رکھتے ہیں۔

## ﴿۱۰﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اگر میں اپنی ذات سے بے بتائے غیب جانتا تو بہت سی خیر جمع کر لیتا اور مجھے کوئی برائی تکلیف نہ پہنچتی، میں تو ایمان والوں کو ڈر اور خوش خبری ہی سنانے والا ہوں، کافروں کے مہمل سوالات پر اتری تھی، اس سے علم غیب ذاتی کی نفی ہوتی ہے۔ کہ بے خدا کے بتائے مجھے علم نہیں ہوتا اور خدا کے بتائے سے نہ ہوتا مراد لیں تو صراحۃ قرآن عظیم کا انکار ہے۔

(فتاویٰ رضویہ قدیم ۱۱/۷۰)

(۱۹۵) اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ

اَعْیُنٌ یُّبْصِرُوْنَ بِهَا ز اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ یَّسْمَعُوْنَ بِهَا ط قُلِ ادْعُوا شُرَكَآءَ كُمْ ثُمَّ كِیْدُوْنِ فَلَا تُنْظِرُوْنَ ۔☆

کیاان کے پاؤں ہیں جن سے چلیں یاان کے ہاتھ ہیں جن سے گرفت کریں یاان کی آنکھیں ہیں جن سے دیکھیں یاان کے کان ہیں جن سے سنیں ۔تم فرماؤ کہ اپنے شریکوں کو پکارو اور مجھ پر داؤں چلواور مجھے مہلت نہ دو۔

## ﴿۱۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

افعال سمع وبصر کی اضافت صہ حب جوارح کی طرف فرمائی اور جوارح پر بائے استعانت آئی، ثابت ہوا کہ فاعل سامع وبصیر روح ہے اور بدن صرف آلہ۔اسی طرح تمام نصوص سے احوال برزخ کے بعدفنا ۓ بدن کبھی مجازا بدن کی طرف بھی بوجہ آلیت نسبت ادراکات ہوتی ہے۔

قال اللہ تعالیٰ و تعیھا اذ ، واعیۃ (۔ الحاقہ ۔ ۱۲ )

اللہ تعالی فرماتا ہےاور کوئی سمجھ :الاکان سے سمجھے۔

معالم میں ہے:

قال قتادہ اذ ن سمعت و عقلت ما سمعت ۔

حضرت قتادہ نے فرمایا کوئی کان جو سنے اور سنی ہوئی بات کو سمجھے۔

مدارک میں ہے۔

قال قتادہ اذ ن عقلت من اللہ تعالی فانتفعت بما سمعت ۔

حضرت قتادہ نے فرمایا کوئی کان جس نے خدائے تعالی کے کلام کو سمجھا اور سنی ہوئی بات سے فائدہ اٹھایا۔یہ بر تقدیر مجاز عقلی ہےاور محتمل کہ مجاز فی الطرف ہویعنی روح پر اطلاق ہو کما فی قولہ تعالی قل اذ ن خیر لکم ۔ ( التوبہ ۔ ۶۱ )

جیسا کہ ارشاد باری میں فرمایا تمہارے لئے وہ بھلائی کے کان ہیں۔

نعمائے جنت کی حدیث میں ہے:ما لا عین رات و لا اذ ن سمعت ،۔ جو نہ کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا۔صحابہ رضی اللہ تعالی عنھم جب تاکید توثیق روایت چاہتے

Marfat.com

فرماتے:

ابصرت عیناى و سمعت اذناى و وعاه قلبى ۔
میری آنکھوں نے دیکھا اور میرے کانوں نے سنا اور میرے دل نے اسے سمجھا۔
تفسیر کبیر میں ہے۔

التحقيق ان الانسان جوهر واحد و هو الفعال و هو الدراك و هو المؤمن وهو الكافر و هوالمطيع وهو العاصى، و هذه الاعضاء آلات له وادات له فى الفعل فاضيف الفعل فى الظاهر الى الآية وهو فى الحقيقة مضاف الى جوهر ذات الانسان ۔

تحقیق یہ ہے کہ انسان ایک جوہر ہے، وہی کام کرنے والا ہے، وہی سمجھنے والا ہے، وہی ایمان لانے والا ہے، وہی اطاعت کرنے والا ہے، وہی نافرمانی کرنے والا ہے۔ اور یہ اعضا کام میں اس کے آلات واسباب ہیں، تو بظاہر کام کی نسبت آلات کی طرف کی گئی اور حقیقت میں وہ اسی جوہر ذات انسانی کی طرف منسوب ہے۔

جب باجماع اہل حق روح کے لئے موت نہیں اور تمام کتب عقائد میں تصریح کہ اہل سنت کے نزدیک جسم شرط حیات نہیں، معتزلہ اس میں خلاف کرتے ہیں اور ظاہر ہے کہ ادراکات تابع حیات ہیں، كما نص عليه فى شرح طوالع الانوار للعلامة التفتازانى و لاصفهانى و شرح المواقف للسيد الجرجانى۔ جیسا کہ علامہ تفتازانی واصفہانی کی شرح طوالع الانوار اور سید شریف جرجانی کی شرح مواقف میں اس کی تصریح ہے۔ لہذا ہمارے نزدیک روح موت سے متغیر نہیں ہوتی، اس کے علوم وادراکات بدستور رہتے ہیں، جس کا بیان شافی بروجہ کافی فصل مذکور میں مستور۔ تو روح بعد دفن فتنہ وسوال یا نعیم ونکال کسی امر میں ہرگز اعادہ حیات کی محتاج نہیں کہ حیات وادراکات اس سے جدا ہی کب ہوئے تھے، ہاں بدن ضرور محتاج ہے۔ وجہ یہ ہے کہ اہل سنت کے نزدیک قبر کی تنعیم یا معاذ اللہ عذاب جو کچھ ہے روح وجسم پر ہے۔

امام جلیل جلال السیوطی شرح الصدور میں فرماتے ہیں۔

عذاب القبر محله الروح و البدن جميعا باتفاق اهل السنة و كذ االقول

فی التنعیم۔

باتفاق اہل سنت عذاب قبر اور آسائش قبر کا محل روح اور بدن دونوں ہیں، اس پر شرائع مطہرہ سے نصوص کثیرہ وشہیرہ متواترہ دال ہیں۔ جن کے استقصا کی طرف راہ نہیں۔ اسی کتاب کی احادیث مذکورہ میں بکثرت اس کے دلائل ہیں۔ کما تری۔ اسی طرح سوال نکیرین بھی روح وبدن دونوں سے ہے۔

شرح فقہ اکبر میں ہے:

لیس السوال فی البرزخ للروح وحدھا کما قال ابن حزم وغیرہ وافسد منہ قول من قال انہ للبدن بلا روح والاحادیث الصحیحۃ ترد القولین۔

برزخ میں تنہا روح سے سوال نہیں جیسے ابن حزم وغیرہ کا قول ہے، اور اس سے زیادہ فاسد اس کا قول ہے جو کہتا ہے سوال صرف بدن بے روح سے ہے۔ صحیح احادیث دونوں قولوں کی تردید فرماتی ہیں۔

اور جماد من حیث ھو جماد سے سوال یا اسے لذت خواہ الم کا وصال بداہۃ محال۔ لاجرم وقت سوال بدن کو ایک نوع حیات کی رو سے چارہ نہیں اگرچہ ہم اس کی کیفیت جزمانہ جانیں۔

امام اجل ابوالبرکات نسفی عمدۃ الکلام میں فرماتے ہیں۔

عذاب القبر للکفار ولبعض العصاۃ من المومنین والانعام لاھل الطاعۃ باعادۃ الحیاۃ فی الجسد وان توقفنا فی اعادۃ الروح حق۔

کفار اور بعض گنہگار مومن کے لئے عذاب قبر اور اہل طاعات کے لئے آسائش وانعام حق ہے اس طرح کہ جسم میں زندگی لوٹا دیجائے اگرچہ روح کو لوٹانے میں ہمیں توقف ہو۔

امام الائمہ مالک الازمہ سیدنا امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فقہ اکبر میں فرماتے ہیں:

سوال منکر ونکیر فی القبر حق واعادۃ الروح الی العبد فی القبر حق۔

قبر میں منکر نکیر کا سوال حق ہے اور قبر میں بندے کی طرف روح کا اعادہ حق ہے۔

اس کی شرح منح الروض میں ہے:

اعادۃ الروح ای ردھا وتعلقھا (الی العبد) ای جسدہ بجمیع اجزائہ او ببعضھا مجتمعۃ او متفرقۃ (فی قبرہ حق) والواو للجمعیۃ فقط فلا ینافی ان

Marfat.com

السوال بعد اعادۃ الروح و کمال الحال۔

روح کا اعادہ یعنی اسے لوٹانا اور اس کا تعلق ہونا (بندے کی طرف) یعنی اس کے بدن کی طرف جو اپنے تمام اجزاء کے ساتھ ہو، یا بعض کے ساتھ ہو، یہ مجتمع ہوں یا منتشر ہوں (اس کی قبر کے اندر حق ہے) اور ''واو'' محض جمعیت کے لیے ہوتا ہے تو اس کے منافی نہیں کہ سوال روح لوٹانے اور حالت کامل ہو جانے کے بعد ہوگا۔

اسی میں ہے:

اعلم ان اهل الحق اتفقوا على ان الله تعالى يخلق في الميت نوع حياة في القبر قدر ما يتألم ويتلذذ لكن اختلفوا في انه هل يعاد الروح اليه و المنقول عن ابي حنيفة رضي الله تعالىٰ عنه التوقف الا ان كلامه هنا يدل على اعادة الروح اذ جواب الملكين فعل اختياري فلا يتصور بدون الروح وقيل قد يتصور الخ۔

جان لو کہ اہل حق کا اس پر اتفاق ہے کہ اللہ تعالیٰ میت کے اندر قبر میں ایک طرح کی زندگی پیدا کر دیتا ہے۔ اتنی کہ وہ لذت والم کا احساس کرے مگر اس میں ان کا اختلاف ہے کہ اس کی جانب روح لوٹائی جاتی ہے یا نہیں، اور امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول یہ ہے کہ توقف کیا جائے، مگر یہاں پر ان کا کلام اعادۂ روح پر دال ہے اس لئے کہ نکیرین کا جواب ایک فعل اختیاری ہے۔ تو وہ بغیر روح کے متصور نہیں، اور کہا گیا کہ متصور ہے۔

امام ابن الہمام اسی فتح القدیر میں فرماتے ہیں:

الحق ان الميت المعذب في قبره توضع فيه الحياة بقدر ما يحس الالم و البدنية ليست بشرط عند اهل السنة حتى لو كان متفرق الاجزاء بحيث لا تتميز الاجزاء بل هي مختلطة بالتراب فعذب جعلت الحياة في تلك الاجزاء التي لا ياخذها البصر و ان الله علىٰ ذلك لقدير و الخلاف فيه ان كان بناء على انكار عذاب القبر امكن و الا فلا يتصور من عاقل القول بالعذاب مع عدم الاحساس۔

حق یہ ہے کہ قبر میں عذاب دیئے جانے والے مردے کے اندر اتنی زندگی رکھی جائے گی کہ وہ الم کا احساس کرے اور یہ بدن اس کے لئے شرط نہیں یہاں تک کہ اگر اس کے اجزاء اس طرح بکھر چکے ہوں کہ امتیاز نہ ہو سکے بلکہ مٹی سے خلط ملط ہو گئے ہوں پھر عذاب دیا جائے

Marfat.com

تو حیات ان ہی اجزاء میں کردی جائے گی۔ جو نظر نہیں آتے۔ اور بلاشبہ اللہ اس پر قادر ہے۔ اس سے اختلاف اگر عذاب قبر سے انکار کی بنا پر ہو تو ہو سکتا ہے۔ ورنہ کسی عاقل سے متصور نہیں کہ وہ اس کا قائل ہو کہ بغیر احساس کے عذاب ہوگا۔

پھر روح کی نسبت تو اوپر واضح ہو چکا کہ اس کی حیات مستمرہ غیر منقطعہ ہے مگر بدن کے لئے بعد عود بھی استمرار ضرور نہیں کہ وہ ایک تعلق خاص بمقصد خاص ہوتا ہے۔ جس کے انصرام پر اس کا انقطاع بجا ہے۔

امام بدر عینی عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری میں بجواب معتزلہ دلائل اثبات عذاب قبر میں فرماتے ہیں:

لنا آیات احدٰھا قولہ تعالیٰ" النار یعرضون علیہا غدوا عشیا" فھو صریح فی التعذیب بعد الموت الثانیۃ قولہ تعالیٰ "ربنا امتنا اثنتین و احییتنا اثنتین "فان اللہ تعالیٰ ذکر الموتہ مرتین وھما لا تتحقان الا ان یکون فی القبر حیاۃ و موت حتی تکون احدی الموتتین ما یتحصل عقیب الحیاۃ فی الدنیا و الاخری ما یتحصل عقیب الحیاۃ التی فی القبر۔

ہماری دلیل میں متعدد آیتیں ہیں ایک باری تعالیٰ کا یہ ارشاد۔ وہ فرعون اور اس کے ساتھی صبح و شام آگ پر پیش کئے جاتے ہیں۔ یہ بعد موت عذاب دئے جانے کے بارے میں صریح ہے۔ دوسری آیت ارشاد باری ہے۔ اے ہمارے رب! تو نے دو بار ہمیں موت دی، اور دو بار حیات دی۔ اللہ تعالیٰ نے دو بار موت کا ذکر فرمایا ہے۔ یہ اسی وقت ہوگا جب قبر میں بھی موت و حیات ہو کہ ایک موت تو وہ ہے، جو کہ زندگی کے بعد ہوتی ہے۔

شرح الصدور میں بدائع سے ہے:

نقلت من خط القاضی ابی یعلی فی تعالیقہ لا بد من انقطاع عذاب القبر لانہ من عذاب الدنیا و الدنیا و ما فیہا منقطع فلا بد ان یلحقھم الفناء و البلاء و لا یعرف مقدار مدۃ ذلک۔

قاضی ابو یعلی کی قلمی تحریر جو ان کی تعلیقات میں ہے۔ اس سے میں نے نقل کیا ہے کہ عذاب قبر کا منقطع ہونا ضروری ہے۔ اس لئے کہ وہ عذاب دنیا کی جنس سے ہے، اور دنیا اور دنیا

Marfat.com

کے اندر جو کچھ ہے، سب منقطع ہے۔ تو انہیں فنا و بوسیدگی لاحق ہونا ضروری ہے۔ اور اس کی مدت کی مقدار معلوم نہیں۔

پھر فرمایا:

قلت ویؤید هذا ما اخرجه هناد بن السری فی الزهد عن مجاهد قال للکفار هجعة یجدون فیها طعم النوم حتی یوم القیامة فاذا صیح باهل القبور یقول الکافر، یا ویلنا من بعثنا من مرقدنا فیقول المومن الی جنبه هذا ما وعد الرحمن و صدق المرسلون۔

میں نے کہا اس کی موید وہ ہے جو ہناد بن سری نے زہد میں امام مجاہد سے روایت کیا۔ فرمایا کفار کے لئے ایک خوابیدگی ہوگی جس میں نیند کا مزہ پائیں گے قیامت تک جب قبر والوں کو پکارا جائے گا کافر بولے گا۔ ہائے ہماری خرابی کس نے ہمیں ہماری خوابگاہ سے اٹھایا تو اس کے پہلو سے مومن بولے گا: یہی وہ جس کا رحمن نے وعدہ دیا اور رسولوں نے سچ فرمایا۔

(فتاوی رضویہ جدید ۹/۸۴۹ تا ۸۵۷)

**(۲۰۱) إِنَّ الَّذِينَ اتَّقَوْا إِذَا مَسَّهُمْ طَٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطَٰنِ تَذَكَّرُوا فَإِذَا هُم مُّبْصِرُونَ ۔☆**

بیشک وہ جو ڈر والے ہیں جب انہیں کسی شیطانی خیال کی ٹھیس لگتی ہے ہوشیار ہو جاتے ہیں اسی وقت ان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں۔

## ﴿۱۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(یہاں خشیت الٰہی کا ذکر ہے جس کی وضاحت میں یہ واقعہ بیان فرمایا) ابن عساکر نے ایک حدیث طویل روایت کی جس کا حاصل یہ ہے کہ عہد معدلت فاروقی میں ایک جوان عابد تھا، امیر المؤمنین اس سے بہت خوش تھے۔ دن بھر مسجد میں رہتا تھا۔ بعد عشاء باپ کے پاس جاتا، راہ میں ایک عورت کا مکان تھا، اس پر عاشق ہوگئی، ہمیشہ اپنی طرف متوجہ کرنا چاہتی، جوان نظر نہ فرماتا۔ ایک شب قدم نے لغزش کی، ساتھ ہولیا دروازے تک گیا جب اندر جانا چاہا خدا یاد آیا اور بے ساختہ یہ آیہ کریمہ زبان سے نکلی۔

Marfat.com

ان الذین اتقوا اذا مسہم طائف من الشیطان تذکروا فاذاھم مبصرون۔

(الاعراف۔ ۲۰۱)

ڈروالوں کو جب کوئی جھپٹ شیطان کی پہنچتی ہے خدا کو یاد کرتے ہیں، اسی وقت ان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں۔

آیت پڑھتے ہی غش کھا کر گرا، عورت نے اپنی کنیز کے ساتھ اٹھا کر اس کے دروازے پر ڈال دیا۔ باپ منتظر تھا آنے میں دیر ہوئی دیکھنے نکلا دروازے پر بیہوش پڑا پایا۔ گھر والوں کو بلا کر اندر اٹھوایا، رات گئے ہوش آیا، باپ نے حال پوچھا کہا خیر ہے۔ کہا بتادے ناچار قصہ کہا باپ بولا جان پدر وہ آیت کون سی ہے۔ جوان نے پھر پڑھی پڑھتے ہی غش آیا، جنبش دی مردہ پایا، رات ہی کو نہلا کفنا کر دفن کر دیا۔ صبح کو امیر المومنین نے خبر پائی باپ سے تعزیت اور خبر نہ دینے کی شکایت فرمائی، عرض کی: یا امیر المومنین رات تھی، پھر امیر المومنین ہمراہیوں کے ساتھ قبر پر تشریف لے گئے۔ آگے لفظ حدیث یوں ہے۔

فقال عمر یا فلان ولمن خاف مقام ربہ جنتن (الرحمن۔ ۲۶) فاجابہ الفتی من داخل القبر یا عمر قد اعطا نیھا ربی فی الجنۃ مرتین۔

یعنی امیر المومنین نے جوان کا نام لیکر فرمایا: اے فلاں! جو اپنے رب کے پاس کھڑے ہونے کا ڈر کرے اس کے لئے دو باغ ہیں۔ جوان نے قبر میں سے آواز دی۔ اے عمر! مجھے میرے رب نے یہ دولت عظمی جنت میں دوبار عطا فرمائی۔

نسال اللہ الجنۃ لہ الفضل والمنۃ و صلی اللہ تعالیٰ علی نبی الانس والجنۃ والہ وصحبہ و اصحاب السنۃ امین امین امین۔

ہم اللہ سے جنت کے خواستگار ہیں۔ اسی کے لئے فضل واحسان ہے، اور خدائے برتر کا درود وسلام ہو انس وجن کے نبی اور ان کی آل واصحاب اور اہل سنت پر، الٰہی قبول فرما، قبول فرما، قبول فرما۔

﴿۲۰۴﴾ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ۔☆

اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے کان لگا کر سنو اور خاموش رہو کہ تم پر رحم ہو۔

﴿۱۴۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(اس آیت میں قرأت قرآن کو بغور سننے اور خاموش رہنے کا حکم لھذا امام کے پیچھے مقتدی کو قرأت جائز نہیں، اسی مسئلہ کے استدلال میں یہ آیت پیش فرمائی، اور پھر متعدد احادیث سے اس کی تائید پیش کی، ان میں سے بعض یہ ہیں)

٤٣٧٧۔ **عن** جابر بن عبداللہ الانصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ صَلّٰی رَكْعَةً لَمْ يَقْرَءْ فِيهَا بِاُمِّ الْقُرْآن فَلَم يُصَلِّ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ وَرَآءَ الْاِمَامِ۔

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے ایک رکعت نماز پڑھی اور اس میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی تو گویا اس نے نماز ہی نہ پڑھی مگر امام کے پیچھے ہو تو سورۂ فاتحہ نہیں۔

٤٣٧٨۔ **عن** جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ صَلّٰی خَلْفَ الْاِمَامِ فَاِنَّ قِرَاءَةَ الْاِمَامِ لَهٗ قِرَاءَةٌ۔

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص امام کے پیچھے نماز پڑھے تو امام کا پڑھنا اسکا پڑھنا ہے۔

## ﴿۱۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ حدیث صحیح ہے۔ رجال اسکے سب رجال صحاح ستہ ہیں۔ حاصل حدیث کا یہ ہے کہ مقتدی کو پڑھنے کی کچھ حاجت نہیں امام کا پڑھنا اسکے لئے کفایت کرتا ہے۔

٤٣٧٩۔ **عن** جابر بن عبداللہ الانصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: صلی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بالناس فقرأ رجل خلفه فلما قضی الصلوة قال: اَيُّكُمْ قَرَاَ خَلْفِي ثَلٰثَ مَرَّاتٍ، قال رجل: انا یا رسول اللہ! صلی اللہ تعالیٰ

---

٤٣٧٧۔ الجامع للترمذی، ۱/۴۲

٤٣٧٨۔ المؤطا لمحمد، /۹۸ ☆ مسند لامام الاعظم، ۶۱

٤٣٧٩۔ مسند لامام الاعظم، ۶۱

Marfat.com

علیه وسلم ، قال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : مَنْ صَلّٰی خَلْفَ الْاِمَامِ فَاِنَّ قِرَأۃَ الْاِمَامِ لَہٗ قِرَأۃٌ ۔

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لوگوں کو نماز پڑھائی۔ایک شخص نے حضور کے پیچھے قرأت کی۔سید اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز سے فارغ ہوکر ارشاد فرمایا: کس نے میرے پیچھے پڑھا تھا؟ لوگ حضور کے خوف کے سبب خاموش رہے۔یہاں تک کہ تین بار بتکرار یہی استفسار فرمایا۔آخر ایک شخص نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ،میں نے، ارشاد فرمایا: جوامام کے پیچھے ہو اسکے لئے امام کا پڑھنا کافی ہے۔

۴۳۸۰۔ **عن** اِبراهيم النخعي رضي الله تعالىٰ عنه ان عبدالله ابن مسعود رضي الله تعالىٰ عنه لم يقرأ خلف الامام لا في الركعتين الاوليين ولا في غيرهما ۔

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے امام کے پیچھے قرأت نہ کی ۔نہ پہلی دو رکعتوں میں نہ انکے غیر میں۔

## ﴿۱۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

عبداللہ بن مسعود اور کون عبداللہ بن مسعود؟ جو افاضل صحابہ و مومنین سابقین سے ہیں ۔حضر وسفر میں ہمراہ رکاب سعادت انتساب حضور رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رہتے اور بارگاہ نبوت میں بے اذن لئے جانا انکے لئے جائز تھا۔بعض صحابہ فرماتے ہیں ہم نے راہ و روش سرور انبیاء علیہ التحیۃ والثناء سے جو چال ڈھال ابن مسعود کی ملتی جلتی دیکھی اور پائی کسی کی نہ پائی۔

حدیث میں ہے۔خود حضور اکرم الاولین والآخرین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں۔

میں نے اپنی امت کے لئے وہ پسند کیا جو عبداللہ بن مسعود اسکے لئے پسند کرے۔ اور اپنی امت کے لئے ناپسند کیا جو اسکے لئے عبداللہ بن مسعود ناپسند کرے۔گویا انکی رائے خود

---

۴۳۸۰۔ الموطا لمالک، الصلوۃ ۱۰۰

Marfat.com

حضور والا کی رائے اقدس ہے۔ اور معلوم ہوا کہ جناب ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب مقتدی ہوتے تو فاتحہ وغیرہ کچھ نہیں پڑھتے اور انکے سب شاگردوں کا یہی وتیرہ تھا۔

فتاوی رضویہ جدید ۶/۲۴۳

۴۳۸۱۔ **عن** أبی وائل رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: سئل عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن القرأۃ خلف الامام قال: انصت فان فی الصلوۃ لشغلا سیکفیک ذلک الامام۔

حضرت ابووائل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سیدنا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دربارۂ قرأت مقتدی سوال ہوا۔ فرمایا: خاموش رہ کہ نماز میں مشغول ہے ''یعنی بیکار باتوں سے خاموش رہنا'' عنقریب تجھے امام اس کام کی کفایت کردے گا۔

## ﴿۱۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یعنی نماز میں تجھے لاطائل باتیں روا نہیں۔ اور جب امام کی قرأت بعینہ مقتدی کی قرات ٹھہرتی ہے تو پھر مقتدی کا خود قرأت کرنا محض لغو ناشائستہ ہے۔

فقیر کہتا ہے: یہ حدیث اعلی درجہ صحاح میں ہے۔ اسکے سب رواۃ ائمہ کبار و رجال صحاح ستہ ہیں۔

۴۳۸۲۔ **عن** علقمۃ بن قیس رضی اللہ رتعالیٰ عنہ ان عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کان لا یقرأ خلف الأمام فیما یجھر وفیما یخافت فی الا ولیین ولا فی الاخر یین و اذا صلی وحدہ قرأفی الا ولیین بفا تحۃ الکتاب وسورۃ ولم یقرأ فی الا خر یین شیئا۔

حضرت علقمہ بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب مقتدی ہوتے تو کسی نماز جہریہ ہو یا سریہ میں کچھ نہ پڑھتے۔ نہ پہلی رکعتوں میں نہ پچھلی رکعتوں میں۔ ہاں جب تنہا ہوتے تو صرف پہلیوں میں الحمد وسورۃ

---

۴۳۸۱۔ الموطا لمحمد، الصلوۃ، ۱۰۰ ☆ شرح معانی الآثار للطحاوی، ۱۲۹/۱

۴۳۸۲۔ الموطا لمحمد، الصلوۃ، ۱۰۰ ☆

Marfat.com

پڑھتے

٤٣٨٣ـ **عن** إبراهيم النخعي رضى الله تعالىٰ عنه انه قال: لم يقرأ علقمة رضى الله تعالىٰ عنه خلف الامام حرفا لا فيما يجهر فيه القرأة ولا فيما لا يجهر فيه ولا قرأ فى الاخريين بام الكتاب ولا غيرها خلف الامام و اصحاب عبدالله جميعا۔

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علقمہ بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ (جو کبار تابعین واعاظم مجتہدین اورافقہ تلامذہ سیدنا ابن مسعود ہیں) امام کے پیچھے ایک حرف نہ پڑھتے۔ چاہے جہر کی قرأت ہو چاہے آہستہ کی۔ اور نہ پچھلی رکعتوں میں فاتحہ پڑھتے اور نہ کچھ اور جب امام کے پیچھے ہوتے۔ اور نہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اصحاب میں سے کسی نے روایت کی۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

فتاوی رضویہ جدید ۶/۲۴۴

٤٣٨٤ـ **عن** إبراهيم النخعي رضى الله تعالىٰ عنه عن علقمة بن قيس رضى الله تعالىٰ عنه قال:۔ لأن أعض على جمرة أحب الى من أن أقرأ خلف الإمام۔

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علقمہ بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا: البتہ آگ کی چنگاری منہ میں لینا مجھے اس سے زیادہ پیاری ہے کہ میں امام کے پیچھے قرأت کروں۔

٤٣٨٥ـ **عن** إبراهيم النخعي رضى الله تعالىٰ عنه قال: ان اول من قرأ خلف الامام رجل اتهم۔

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، فرماتے ہیں: پہلے جس شخص نے امام کے پیچھے پڑھا وہ ایک مرد متہم تھا۔

---

٤٣٨٣ـ كتاب الآثار لمحمد، ١٦

٤٣٨٤ـ المؤطا لمحمد، ١٠٠

٤٣٨٥ـ المؤطا لمحمد، ١٠٠

Marfat.com

## ﴿۱۷﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

حاصل یہ کہ امام کے پیچھے قرأت ایک بدعت ہے جو ایک بے اعتبار آدمی نے ایجاد کی۔ فقیر کہتا ہے رجال اس حدیث کے رجال صحیح مسلم ہیں۔ فتاوی رضویہ جدید ۶/۲۴۴

۴۳۸۶۔ **عن** نافع رضی اللہ تعالیٰ عنه قال : ان عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما کان اذا سئل ، هل یقرأ احد خلف الامام قال: اذا صلی احد کم خلف الامام فحسبه قرأة الامام واذا صلی وحده فلیقرأ ،قال : و کان عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما لا یقرأ خلف الامام ۔

حضرت نافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے جب دربارۂ قرأت مقتدی سوال ہوتا تو فرماتے: جب تم میں کوئی امام کے پیچھے نماز پڑھے تو اسے قرأت امام کافی ہے۔ اور جب اکیلا پڑھے تو قرأت کرے۔ نافع فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما خود امام کے پیچھے قرأت نہ کرتے۔

## ﴿۱۸﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

فقیر کہتا ہے۔ یہ حدیث غایت درجہ کی صحیح الاسناد ہے حتی کہ مالک عن نافع ابن عمر، کو بہت محدثین نے صحیح ترین اسانید کہا۔

فتاوی رضویہ، ۶/۲۴۵

۴۳۸۷۔ **عن** نافع رضی اللہ تعالیٰ عنه عن عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال : من صلی خلف الامام کفته قرأته ۔

حضرت نافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے ارشاد فرمایا: مقتدی کو امام کا پڑھنا کافی ہے۔

## ﴿۱۹﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ سند بھی مثل سابق ہے اور اسکے رجال بھی رجال صحاح ستہ ہیں۔ بلکہ بعض علمائے

---

۴۳۸۶۔ الموطا لمالک، ۶۸ ☆ شرح معانی الآثار للطحاوی، ۱۲۹

۴۳۸۷۔ الموطا لمحمد، ۹۷ ☆

Marfat.com

حدیث نے روایات نافع عن عبداللہ بن عمرؓ کو امام مالک پر ترجیح دی۔

۴۳۸۸۔ **عن** أنس بن سيرين رضى الله تعالىٰ عنه عن عبدالله بن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما أنه سئل عن القرأة خلف الامام قال: تكفيك قرأة الامام۔

حضرت انس بن سیرین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے دربارۂ قرأت استفسار ہوا۔ فرمایا: تجھے امام کا پڑھنا بس کرتا ہے۔

۴۳۸۹۔ **عن** زيد بن ثابت رضى الله تعالىٰ عنه سمعه يقول: لا يقرأ المؤتم خلف الامام فى شئى من الصلوات۔

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: مقتدی امام کے پیچھے کسی نماز میں قرأت نہ کرے، یعنی نماز جہریہ ہو یا سریہ۔

۴۳۹۰۔ **عن** موسى بن سعد بن زيد بن ثابت الانصارى رضى الله تعالىٰ عنه يحدثه عن جده قال: من قرأ خلف الامام فلا صلوة له۔

حضرت موسیٰ بن سعد بن زید بن ثابت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انکے دادا حضرت زید بن ثابت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا: جس نے امام کے پیچھے قرأت کی اسکی نماز جاتی رہی۔

## ﴿۲۰﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ حدیث حسن ہے اور دار قطنی نے بطریق طاؤس اسے مرفوعاً روایت کیا۔

فتاوی رضویہ ۲۴۵/۶

۴۳۹۱۔ **عن** زيد بن ثابت الانصارى رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: مَنْ قَرَأَ خَلْفَ الْإِمَامِ فَلَا صَلٰوةَ لَهٗ۔

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

---

۴۳۸۸۔ الموطا لحمد، ۹۸ ☆

۴۳۸۹۔ شرح معانی الآثار للطحاوی، ۱۲۹/۱ ☆

۴۳۹۱۔ نصب الراية للزيلعى، ۱۹/۲ ☆ كنز العمال للمتقى، ۲۸۶/۸

Marfat.com

علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: امام کے پیچھے پڑھنے والے کی نماز نہیں ہوتی۔

٤٣٩٢- **عن** ابی موسی الاشعری رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: اِذَا صَلَّیْتُمْ فَاَقِیْمُوْا صُفُوْفَکُمْ ثُمَّ لْیَؤُمَّکُمْ اَحَدُکُمْ فَاِذَا کَبَّرَ فَکَبِّرُوْا وَ اِذَا قَرَأَ فَاَنْصِتُوْا۔

حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم نماز پڑھو اپنی صفیں سیدھی کرو، پھر تم میں کوئی امامت کرے پس جب وہ تکبیر کہے تم بھی تکبیر کہو اور جب وہ قرأت کرے تم چپ رہو۔

٤٣٩٣- **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: اِنَّمَا الْاِمَامُ لِیُؤْتَمَّ بِهٖ فَاِذَا کَبَّرَ فَکَبِّرُوْا وَاِذَا قَرَأَ فَاَنْصِتُوْا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: امام تو اس لئے ہے کہ اس کی پیروی کی جائے پس جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی کہو اور جب وہ قرأت کرے تم خاموش رہو۔

## ﴿۲۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

امام مسلم بن حجاج نیشاپوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنی صحیح میں اس حدیث کی نسبت فرماتے ہیں: میرے نزدیک صحیح ہے۔

علماء کو اختلاف ہے کہ یہ استماع و خاموشی فرض عین ہے۔ کہ جلسہ میں جس قدر حاضر ہوں سب پہ لازم ہے ان میں جو کوئی اس کے خلاف کچھ بات کرے مرتکب حرام و گناہ گار ہو گا یا فرض کفایہ ہے کہ اگر ایک شخص بغور متوجہ ہو کر خاموش بیٹھا سن رہا ہے تو باقی پر سے فرضیت ساقط ثانی اوسع اور اول احوط ہے۔

فی رد المحتار فی شرح المنية والاصل ان الاستماع للقرآن فرض كفاية لانه لا قامة حقه بان يكون ملتفتا اليه غير مضيع و ذلك يحصل بانصات البعض

---

٤٣٩٢- الصحيح لمسلم، الصلوة، ١/١٧٤ ☆☆

٤٣٩٣- السنن للنسائی، الصلوة، ١/١١٢

Marfat.com

الخ۔ نقل الحموی عن استاذ قاضی القضاۃ یحییٰ شهیر بمنقاری زادہ ان له رسالة حقق فیها ان استماع القرآن فرض عین۔

اقول و باللہ التوفیق: ظاہر یہ ہے کہ واللہ تعالیٰ اعلم کہ اگر کوئی شخص اپنے لئے تلاوت قرآن عظیم بآواز کر رہا ہے اور باقی لوگ اس کے سننے کو جمع ہوئے بلکہ اپنے اغراض متفرقہ میں ہیں تو ایک شخص اگر تالی کے پاس بیٹھا بغور سن رہا ہے ادائے حق ہو گیا، باقیوں پر کوئی لزوم نہیں۔ اور اگر وہ سب اسی غرض واحد کے لئے مجلس میں مجتمع ہیں تو سب پر سننے کا لزوم چاہیے، جس طرح نماز میں جماعت مقتدیان کہ ہر شخص پر استماع وانصاف جداگانہ ہو فرض ہے۔ جس طرح جلسہ خطبہ کہ ان میں ایک شخص مذکر اور باقیوں کی یہی حیثیت واحدہ تذکیر جامع ہے تو باتفاق ان سب پر سننا فرض ہے نہ کہ استماع بعض کافی ہو، جب تذکیر میں کلام بشر کا سننا سب حاضرین پر فرض عین ہوا تو کلام الٰہی کا استماع بدرجہ اولی۔

ولا یفرق بافتراض الخطبة و رود الامر بقوله تعالیٰ: فاسعوا الی ذکر الله ،بخلاف التلاوۃ فان المعتمد وجوب الاستماع کل خطبة ولو خطبة ختم القرآن او خطبة النکاح کما فی رد المحتار و غیرہ من الاسفار و ان حملنا القولین علی ما ذکرنا من الصورتین یحصل التوفیق۔

بہر حال اس قدر میں شک نہیں کہ قرآن عظیم کا ادب وحفظ حرمت لازم اور اس میں لغو لغط حرام و ناجائز۔ پس صورت اولی میں جہاں مقصود تلاوت وختم قرآن ہے نہ حاضرین کو سنانا، اگر سب آہستہ پڑھیں کہ ایک کی آواز دوسرے کو نہ جائے تو عین ادب واحسن واحب ہے، اس کی خوبی میں کیا کلام، اور اگر چند آدمی بآواز پڑھ رہے ہیں یوں ہی قاری کے پاس ایک یا چند مسلمان بغور سن رہے ہیں اور ان میں باہم اتنا فاصلہ ہے کہ ایک کی آواز سے دوسرے کا دھیان نہیں بٹتا، تو قول اوسع پر اس میں بھی حرج نہیں۔ اور اگر کوئی سننے والا نہیں یا بعض کی تلاوت اشخاص سن رہے ہیں بعض کی کوئی نہیں سنتا، یا ایسی قریب آوازیں مختلف ومختلط ہیں کہ جدا جدا سننا میسر ہی نہ رہا۔ تو ضرور یہ صورتیں بالاتفاق ناجائز وگناہ ہیں، اور صورت ثانیہ میں جہاں مقصود سنانا ہے اگر قول احوط پر نظر کیجئے تو چند آدمیوں کا معا آواز سے پڑھنا صریح حرام ہے ،اور اگر توفیق مذکور پر نظر کی جائے تو جب بھی یہ صورت سب لزوم خاموشی کی ہے، اور اگر اس

Marfat.com

سے قطع نظر کر کے قول اوسع ہی لیجئے تاہم اس صورت کے بدعت وشنیع ہونے میں کلام نہیں ، آوازیں ملانا گانے وغیرہ کے مناسب حال ہے، قرآن عظیم میں یہ ایک نو پیدا امر ہے۔ جس کے لئے دین میں کوئی اصل نہیں اور اس کی تجویز وترویج میں ایک اور فتنہ عظیم کا اندیشہ صحیحہ ہے۔ بازو بنا کر آوازیں ملا کر گانے کی طرح قرآن عظیم میں پڑھنا ہوگا تو ایسے لوگ عبادت کو اپنے لہجوں میں منطبق کرنے کے لئے جگہ جگہ آواز گھٹانے بڑھانے کے عادی ہوتے ہیں، نظم میں خیریت ہے۔ قرآن کریم میں جب ایسا اتار چڑھاؤ کیا جائے گا قطعاً اجماعاً حرام ہوگا۔ لہذا ہر طرح اس سے ممانعت ہی لازم ہے۔ (فتاوی رضویہ قدیم ۹/۱۶۷)

Marfat.com

# سورة الأنفال

## بسم الله الرحمن الرحيم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

﴿۸﴾ لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ.☆

کہ سچ کو سچ کرے اور جھوٹ کو جھوٹا پڑے برا مانیں مجرم۔

## ﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

سبحان اللہ! ہمارے حضور دافع البلا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کفار پر سے بھی سبب دفع بلاء ہیں۔ پھر مسلمانوں پر خاص رؤف ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

(الامن والعلی۔۶۳)

﴿۱۲﴾ اِذْ يُوْحِيْ رَبُّكَ اِلَى الْمَلٰٓئِكَةِ اَنِّيْ مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ط سَاُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوْا فَوْقَ الْاَعْنَاقِ وَاضْرِبُوْا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ.☆

جب اے محبوب تمہارا رب فرشتوں کو وحی بھیجتا تھا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں تم مسلمانوں کو ثابت رکھو۔ عنقریب میں کافروں کے دلوں میں ہیبت ڈالوں گا تو کافروں کی گردنوں سے اوپر مارو اور ان کی ایک ایک پور پر ضرب لگاؤ۔

## ﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(اس آیت جن کفار کے دلوں میں رعب کا ذکر ہے وہ اس طرح ہے) سیرت ابن ہشام میں ہے: بنی قریظہ کو جاتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم راہ میں اپنے کچھ اصحاب پر گزرے۔ ان سے دریافت فرمایا، تم نے ادھر جاتے ہوئے کوئی شخص دیکھا؟ عرض کی وحید بن خلیفہ کو نقرہ خنگ پر سوار جاتے ہوئے دیکھا فرمایا:

ذلك جبريل بعث الى بنى قريظة بزول بهم حصونهم و يقذف الرعب فى قلوبهم۔ وہ جبریل تھا کہ بنی قریظہ کی طرف بھیجا گیا کہ ان کے قلعوں میں زلزلے اوران کے دلوں میں رعب ڈالے۔

امام بیہقی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

اذا جلس القاضى مجلسه هبط عليه ملكان يسعد انه و يوفقانه و ير شدا نه مالم يحرفاذا جار عرجا و تر كاه۔

جب قاضی مجلس حکم میں بیٹھتا ہے تو دو فرشتے اترتے ہیں کہ اس کی رائے کو درستی دیتے ہیں، اوراسے ٹھیک بات سمجھنے کی توفیق دیتے ہیں، اوراسے نیک راستہ سمجھاتے ہیں، جب تک حق سے میل نہ کرے، جہاں اس نے میل کیا فرشتوں نے اسے چھوڑا اور آسمان پر اڑ گئے۔

دیلمی مسند الفردوس میں صدیق اکبر وابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہما دونوں سے راوی کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

لو لم ابعث فيكم لبعث عمر ،ايد الله عمر بملكين يوفقانه ويسدد انه فاذا اخطاء صرفا ه حتى يكون صوابا۔

اگر میں ابھی تم میں ظہور نہ فرماتا تو بیشک عمر نبی کیا جاتا۔ اللہ عزوجل نے عمر کی دو فرشتوں سے تائید فرمائی ہے کہ وہ دونوں عمر کو توفیق دیتے اور ہر بات میں اسے ٹھیک راہ پر رکھتے۔ اگر عمر کی رائے لغزش کرنے کی ہوتی ہے، وہ پھیر دیتے ہیں۔ یہاں تک کہ عمر سے حق ہی صادر ہوتا ہے۔

ملائکہ کی شان یوں بلند ہے، شیاطین کو قلوب عوام میں تصرف دیا ہے جس سے فقط اپنے چنے ہوئے بندوں کو مستثنیٰ کیا ہے کہ

'ان عبادى ليس لك عليهم سلطانا۔ (الحجر۔۴۲)

میرے خاص بندوں کو پر تیرا قابو نہیں۔

قال الله تعالىٰ:

يوسوس فى صدور الناس من الجنة والناس۔(الناس ۔۵۔۶)

Marfat.com

شیطان، جن اور لوگ لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتے ہیں۔

(۲۴) یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِیْبُوْا لِلّٰهِ وَ لِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا یُحْیِیْكُمْ ج وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ یَحُوْلُ بَیْنَ الْمَرْءِ وَ قَلْبِهٖ وَ اَنَّهٗۤ اِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ۔☆

اے ایمان والو اللہ اور رسول کے بلانے پر حاضر ہو۔ جب رسول تمہیں اس چیز کے لئے بلائیں جو تمہیں زندگی بخشے گی۔ اور جان لو کہ اللہ کا حکم آدمی اور اس کے دلی ارادوں میں حائل ہو جاتا ہے۔ اور یہ کہ تمہیں اس کی طرف اٹھنا ہے۔

## ﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(اس آیت سے ثابت کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بلانے پر نماز توڑنا واجب) ایک صحابی نماز پڑھ رہے تھے، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں ندا فرمائی، انہوں نے بعد فراغ نماز آ کر عذر نماز عرض کیا، فرمایا: تم نے نہ سنا کہ اللہ عزوجل نے فرمایا: اور یہی آیت کریمہ تلاوت فرمائی۔

ذوالیدین کے قصہ میں ہے کہ حضور نے صحابہ سے اور صحابہ نے حضور سے باتیں کیں، جب سہو تحقیق ہو گیا باقی ماندہ نماز مع اصحاب ادا فرمائی۔ وہ کلام مبطل نماز نہ ہوا۔

تمام متون فقہ میں تصریح ہے کہ کسی کو سلام اگرچہ سہوا ہو مفسد نماز ہے اور یہاں حکم ہے۔ کہ وسط نماز میں عرض کریں۔ السلام علیك ایها النبی و رحمة الله و برکاته۔

(عرفان شریعت دوم ص ۱۲)

(۲۵) یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا لَقِیْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَ اذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِیْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۔☆

اے ایمان والو جب کسی فوج سے تمہارا مقابلہ ہو تو ثابت قدم رہو اور اللہ کی یاد بہت کرو کہ تم مراد کو پہونچو۔

## ﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

معالم میں ہے:

فی جمیع المواطن علی السراء و الضراء۔

تمام مواضع میں خوشی و تکلیف میں۔ (فتاوی رضویہ جدید ۵۳۸/۸)

Marfat.com

(۶۴)یَـٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ حَسْبُکَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَکَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ☆۔

اے غیب کی خبریں بتانے والے (نبی) اللہ تمہیں کافی ہے اور یہ جتنے مسلمان تمہارے پیرو ہوئے۔

## ﴿۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہاں رب تبارک وتعالی اپنے نام پاک کے ساتھ صحابہ کرام کو ملا کر فرماتا ہے:
اے نبی! اب کہ عمر اسلام لے آیا تجھے اللہ اور یہ چالیس مسلمان کفایت کرتے ہیں۔
فی الحلالین: حسبك الله و من اتبعك من المومنین۔
ترجمہ شاہ ولی اللہ میں ہے: اے پیغمبر کفایت ست ترا خدا و آناں کہ پیروی تو کردہ انداز مسلماناں۔

٤٣٩٤۔ **عن** عبدالله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه قال: ان اسلام عمر رضی الله تعالیٰ عنه كان عزةً، و ان هجرته كان فتحا و نصرة، و خلافته رحمة و الله! مااستطعنا ان نصلی حول البیت ظاهرین حتی اسلم عمر، فلما اسلم عمر قاتلهم حتی صلینا، و انی لا حسب بین عینی عمر ملكا یسدده، و انی لا حسب الشیطان تفرقه، و اذا ذكر الصالحون فحیّ هلا بعمر،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، فرماتے ہیں: بیشک حضرت عمر کا اسلام عزت تھا، اور ان کی ہجرت فتح و نصرت، اور ان کی خلافت میں رحمت۔ خدا کی قسم! گرد کعبہ علانیہ نماز نہ پڑھنے پائے جب تک عمر اسلام نہ لائے، جب وہ مسلمان ہوئے کافروں سے قتال کیا، یہاں تک کہ ہم نے اعلانیہ گرد کعبہ معظمہ نماز ادا کی، اور بیشک میں سمجھتا ہوں کہ عمر کی دونوں آنکھوں کے درمیان ایک فرشتہ ہے کہ انہیں راستی و درستی دیتا ہے، اور جب نیک بندوں کا ذکر ہو تو عمر کا ذکر لاؤ، رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

---

٤٣٩٤۔ کنز العمال للمتقی، ٣٥٨٦٩، ١٢/ ٥٩٩ ☆

Marfat.com

الامن والعلی ۲۴۶

۴۳۹۵۔ **عن** عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : ان اللہ تعالیٰ باھی باھل عرفۃ عامۃ و باھی بعمر خاصۃ ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے عرفات میں جمع ہونے والوں پر عموما اور حضرت عمر پر خصوصا مباہات فرمائی ۔۱۲م الزلال الانقی ۴۸

۴۳۹۶۔ **عن** امیر المؤمنین عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : اللھم ! اعز الاسلام باحب ھذین الرجلین الیک ، بعمر بن الخطاب او بابی جھل بن ھشام۔

امیر المومنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بارگاہ الٰہی میں یوں دعا کی: الٰہی ! اسلام کو عزت دے ان دونوں مردوں میں جو تجھے زیادہ پیارا ہو اس کے ذریعہ سے، یا تو عمر بن خطاب یا ابو جہل بن ہشام۔

الامن والعلی ۷۴

۴۳۹۷۔ **عن** انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : ان رجلا من اھل مصر اتی عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فقال : یاامیر المؤمنین ! عائذ بک من الظلم ،قال : عذت معاذاً ،قال : سابقت ابن عمرو بن العاص فسبقتہ ، فجعل یضربنی بالسوط ویقول : انا ابن الاکرمین ،فکتب عمر الی عمرو یأمرہ بالقدوم ویقدم بابنہ

---

۴۳۹۵۔ تاریخ دمشق لابن عساکر، ۲۸۷/۴ ☆

کنز العمال للمتقی، ۳۵۸۵۸، ۵۹۶/۱۲ ☆

۴۳۹۶۔ الجامع للترمذی، باب مناقب عمر بن الخطاب، ۲۰۹/۲

المسند لاحمد بن حنبل، ۹۵/۲ ☆ المستدرک للحاکم، ۵۰۲/۳

فتح الباری للعسقلانی، ۴۸/۷ ☆ حلیۃ الاولیاء لابی نعیم، ۵۶۱/۵

۴۳۹۷۔ کنز العمال للمتقی، ۳۶۰۱۰، ۶۶۰/۱۲

Marfat.com

معه ، فقدم ، فقال عمر، این المصری ؟ خذالسوط فاضرب ،فجعل یضربه بالسوط ویقول عمر : اضرب ابن الاکرمیں ،قال انس : فضرب فوالله ! لقدضربه ونحن نحب ضربه ،فما اقلع عنه حتی تمنینا انه یرفع عنه ، ثم قال عمر للمصری : صنع السوط علی صلعة عمرو ،فقال : یاامیرالمؤمنین ! انما ابنه الذی ضربنی وقد استقدت منه ، فقال عمر لعمرو : مذکم تعبد تم الناس وقدولد تهم امهاتهم احرارا ،قال : یاامیرالمؤمنین ! لم اعلم ولم یأتنی ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ ایک مصری نے امیر المؤمنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ کی کی خدمت اقدس میں حاضر ہوکر عرض کی: اے امیر المومنین! میں حضور کی پناہ لیتا ہوں ظلم سے،امیر المؤمنین نے فرمایا: تونے پکی جائے پناہ لی ، اس فریادی مصری نے عرض کی : میں نے حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ تعالٰی عنہ کے صاحبزادے کے ساتھ دوڑ کی ، میں آگے نکل گیا ،صاحبزادے نے مجھے کوڑے مارے اور کہا: میں دومعزز وکریم والدین کا بیٹا ہوں ،اس فریاد پر امیر المؤمنین نے فرمان نافذ فرمایا کہ عمرو بن عاص مع اپنے بیٹے کے حاضر ہوں ، حاضر ہوئے ، امیر المؤمنین نے مصری کو حکم دیا کوڑا لے اور مار، اس نے بدلہ لینا شروع کیا ،اور امیر المؤمنین فرماتے جاتے ہیں ، مارو دولیئموں کے بیٹے کو، حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ فرماتے ہیں: خدا کی قسم! جب اس فریادی نے مارنا شروع کیا تھا تو ہمارا جی چاہتا تھا کہ یہ مارے اور اپنا عوض لے،اس نے یہاں تک مارا کہ ہم تمنا کرنے لگے کاش اب ہاتھ اٹھالے ، جب مصری فارغ ہوا تو امیر المومنین نے فرمایا: اب یہ کوڑا عمرو بن عاص کی چندیا پر رکھ ، یعنی وہاں کے حاکم تھے انہوں نے کیوں نہ دادرسی کی ، بیٹے کا کیوں لحاظ پاس کیا ۔مصری نے عرض کی : یاامیر المومنین! ان کے بیٹے ہی نے مجھے مارا تھا ،اس سے میں عوض لے چکا ، امیر المومنین نے عمرو بن عاص رضی اللہ تعالٰی عنہ سے فرمایا: تم لوگوں نے بندگان خدا کو کب سے اپنا غلام بنالیا ہے حالانکہ وہ ماں کے پیٹ سے آزاد پیدا ہوئے تھے ، حضرت عمرو بن عاص نے عرض کی: یاامیر المومنین! نہ مجھے کوئی خبر ہوئی ، نہ یہ شخص میرے پاس فریادی آیا

الامن والعلی، ۲۳۸

Marfat.com

۴۳۹۸۔ **عن** اللیث بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان الناس بالمدینۃ اصابھم جھد شدید فی خلافۃ عمربن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فی سنۃ الرمادۃ ،فکتب الی عمروبن العاص وھو بمصر ،من عبد اللہ عمر امیر المؤمنین الی عمرو بن العاص، سلام! امابعد فلعمری یاعمرو ! ماتبالی اذا شبعت انت ومن معک ان اھلک انا . ومن معی فیاغوثا ! ثم یاغوثا ۔ یردده قولہ ۔ فکتب الیہ عمروبن العاص : لعبد اللہ عمر أمیرالمؤمنین من عمروبن العاص ،اما بعد فیالبیک !ثم یالبیک ! وقد بعثت الیک بعیرأولھاعندک وآخر ھا عندی ،والسلام علیک ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ،فبعث عمرو الیہ بعیر عظیمۃ فکان أولھا بالمدینۃ وآخر ھا بمصر یتبع بعضھا بعضا ،فلما قدمت علی عمر وسع بھا علی الناس ودفع الی اھل کل بیت بالمدینۃ وما حولھا بعیراً بما علیہ من الطعام ،وبعث عبدالرحمٰن بن عوف والزبیر بن العوام وسعد ابن ابی وقاص یقسمونھا علی الناس ، فدفعوا الی اھل کل بیت بعیراً بما علیہ من الطعام أن یأکلوا الطعام وینحروا البعیرفیأکلوا لحمہ ویأتدموا شحمہ ویحتذوا جلدہ وینفعوا بالوعاء الذی کان فیہ الطعام لما ارادوا من لحاف أوغیرہ ، فوسع اللہ بذلک علی الناس ،فلما رأی ذلک عمر حمد اللہ ۔

حضرت لیث بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ خلافت فاروقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں ایک سال مدینہ طیبہ میں قحط عظیم پڑا اس سال کا عام الرمادہ نام رکھا گیا یعنی ہلاک وتباہی جان ومال کا سال امیر المومنین نے عمرو بن عاص کو مصر میں فرمان بھیجا یہ شقہ ہے بندۂ خدا عمر امیر المومنین کی طرف سے ابن عاص کے نام سلام کے بعد واضح ہو مجھے اپنی جان کی قسم اے عمرو جب تم اور تمہارے ملک والے سیر ہوں تو تمہیں کچھ پرواہ نہیں کہ میں اور میرے ملک والے ہلاک ہوجائیں ارے فریاد کو پہونچ ارے فریاد کو پہونچ اور اس کلمے کو بار بار تحریر فرمایا ۔عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جواب حاضر کیا یہ عرضی بندۂ خدا امیر المومنین عمر کو عمرو بن عاص کی طرف سے بعد سلام معروض حضور میں بار بار خدمت کو حاضر ہوں پھر بار بار خدمت کو

---

۴۳۹۸۔ کنز العمال للمتقی، ۳۵۹۰۶، ۶۱۵/۱۲

Marfat.com

حاضر ہوں میں نے حضور میں وہ کارواں روانہ کیا ہے۔ جس کا اول حضور کے پاس ہوگا اور آخر میرے پاس اور حضور پر سلام اور اللہ عزوجل کی رحمت اور برکتیں عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایسا ہی کارواں حاضر کیا کہ مدینہ طیبہ سے مصر تک یہ تمام منزلہائے دور دراز اونٹوں سے بھری ہوئی تھیں یہاں سے وہاں تک ایک قطار تھی جس کا پہلا اونٹ مدینہ میں تھا اور پچھلا مصر جوتے بناؤ جس کپڑے میں ناج بھرا تھا اس کا لحاف وغیرہ بناؤ یوں اللہ عزوجل نے لوگوں کی مشکل دفع کی امیر المومنین حمد بجالائے۔

الامن والعلی ۲۴۰

## ﴿۷﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس وقت ایمان لائے جب کل مرد وعورت ۳۹ مسلمان تھے۔ آپ چالیسویں مسلمان ہیں، اسی واسطے آپ کا نام متمم الاربعین ہے یعنی چالیس مسلمانوں کو پورا کرنے والے۔ جب آپ مسلمان ہوئے تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ کفار نے جب سنا تو کہا: آج ہم اور مسلمان آدھوں آدھ ہو گئے۔ جبرئیل علیہ الصلاۃ والسلام حاضر ہوئے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! حضور کو خوشخبری ہو کہ آج آسمانوں پر عمر کے اسلام لانے پر شادی رچائی گئی ہے۔ اور آپ کے اسلام لانے کا واقعہ یہ ہے کہ کفار ہمیشہ سرکار کی ایذا رسانی کی فکر میں رہتے، آیہ کریمہ نازل ہوئی۔ واللہ یعصمك من الناس۔ اللہ تمہارا حافظ و ناصر ہے کوئی تمہارا کچھ نہیں کرسکتا، اس وقت تک یہ بھی مسلمان نہ ہوئے تھے۔ ابو جہل لعین نے اعلان دیا کہ اس شخص کو اس قدر انعام دوں گا۔ ان کو جوش آیا تلوار ننگی کر لی اور قسم کھائی کہ اسکو نیام میں نہ کریں گے جب تک کہ معاذ اللہ اپنے ارادے کو پورا نہ کرلیں گے۔ معارج میں ہے کہ انہوں نے تو یہ قسم کھائی اور ادھر رب العزت جل جلالہ نے قسم یاد فرمائی کہ یہ تلوار نیام نہ ہوگی تاوقتیکہ کفار کو اسی سے قتل نہ کریں۔ جارہے تھے راستہ میں عبداللہ بن نعیم صحابی ملے، دیکھا نہایت غصہ کی حالت میں سرخ آنکھیں ننگی تلوار لئے ہیں، پوچھا کہاں جارہے ہو؟ انہوں نے اپنا ارادہ ظاہر کیا، عبداللہ بن نعیم نے کہا: بنی ہاشم کے حملوں سے کیسے بچو گے۔ انہوں نے کہا: شاید تو بھی مسلمان ہوگیا ہے۔ تجھی سے شروع کروں، عبداللہ بن نعیم نے فرمایا: میری کیا فکر کرتے ہو اپنے گھر تو جا کر دیکھو، تمہارے بہنوئی بہن دونوں مسلمان ہو گئے ہیں۔ ان کو غیظ آیا، سیدھے بہن کے مکان پر گئے، دروازہ بند پایا، اندر سے پڑھنے کی آواز آرہی تھی، ان کی

Marfat.com

بہن کو حضرت خباب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سورۃ طٰہٰ شریف سکھا رہے تھے۔آواز اجنبی، کلام اجنبی ،خیر آواز دی، ان کی بہن نے صحیفہ کو کسی گوشے میں چھپا دیا اور حضرت خباب ایک کوٹھری میں چھپ گئے، دروازہ کھولا گیا، آتے ہی بہن سے پوچھا تو دین سے پھر گئی، اسلام میں رافضیوں کا سا تقیہ کہاں، صاف کہہ دیا میں نے سچا دین اسلام قبول کیا، خیر انہوں نے تلوار سے تو نہیں مارا مگر ہاتھ سے مارنا شروع کیا یہاں تک کہ خون بہنے لگا، جب آپ کی بہن نے دیکھا کہ چھوڑتے ہی نہیں، تو کہا کہ اے عمر تم مار ہی ڈالو مگر دین اسلام ہم سے نہ چھوٹے گا، جب انہوں نے خون بہتے ہوئے دیکھا تو غصہ فرد ہو گیا۔اپنی بہن کو چھوڑ دیا، تھوڑی دیر بعد کہا کہ میں نے نئے کلام کی آواز سنی تھی۔ وہ مجھے دکھاؤ، آپ کی بہن نے کہا کہ تم مشرک ہو اس کو چھو نہیں سکتے۔انہوں نے زبردستی کر کے مانگ لیا دو تین آیتیں پڑھیں، فوراً ان کے منھ سے نکلا، واللہ ھذا کلام البشر۔ خدا کی قسم یہ کلام بشر کا نہیں۔ یہ سن کر حضرت خباب فوراً اس کوٹھری سے نکل آئے اور کہا اے عمر تمہیں خوشخبری ہو، کل ہی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا فرمائی: اللھم اعز الاسلام بابی جھل بن ھشام او بعمر بن الخطاب۔الٰہی اسلام کو عزت دے ابوجہل یا عمر کے ذریعہ سے۔

الحمد للہ کہ حضور کی دعا تمہارے حق میں قبول ہوئی، انہوں نے فرمایا حضور کہاں تشریف فرما ہیں۔ حضرت خباب نے فرمایا دار ارقم میں، انہوں نے کہا مجھے لے چلو، حضرت خباب در دولت پر لیکر حاضر ہوئے، یہاں مسلمان بخوف کفار چھپ کر نماز پڑھتے تھے۔دروزہ پر آوازیں دیں مگر جواب نہ دیا گیا، جب انہوں نے سختی سے آواز دی سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: کواڑ کھول دی جائے، اگر خیر کے لئے آیا ہے فبہا، اور اگر ارادۂ شر سے آیا ہے تو واللہ اس کی تلوار سے اس کا سر قلم کر دوں گا۔دروازہ کھلا یہ اندر گئے، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہو گئے اور ان کے شانہ پر ہاتھ رکھ کر فرمایا: عمر کیا وہ وقت نہیں آیا کہ تو مسلمان ہو۔ فرماتے ہیں: مجھے یہ معلوم ہوا کہ ایک عظیم الشان پہاڑ میرے اوپر رکھ دیا گیا، یہ عظمت نبوت تھی فوراً عرض کیا: اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ و اشھد ان محمدا عبدہ و رسولہ۔ یہ دیکھتے ہی مسلمانوں نے خوش ہو کر باآواز تکبیریں کہیں جن سے پہاڑ گونج اٹھے ،انہوں نے مسلمان ہوتے ہی عرض کیا: یارسول اللہ! کفار علی الاعلان اپنے معبودان باطل کی

Marfat.com

پرستش کریں اور ہم مسلمان چھپ کر اپنے سچے خدا کی عبادت کریں، ہم علانیہ مسجد حرام میں نما زپڑھیں گے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسلمانوں کے لیکر برآمد ہوئے، مسجد حرام شریف میں اذان کہی گئی، دو صفیں ہوئیں، ایک میں حضرت حمزہ شریک ہوئے اور دوسری میں عمر، رضی اللہ تعالیٰ عنہما، جس کافر نے دیکھا چپکا اپنے گھر میں گھس گیا۔ جب ضعفائے مسلمین نے ہجرت کی تو کفار سے چھپ چھپ کر چلے گئے، انہوں نے جب ہجرت فرمائی ایک ایک مجمع کفار میں ننگی شمشیر لیجا کر فرمایا: جس نے مجھے جانا اس نے جانا اور جس نے نہ جانا وہ اب جان لے، پہچان لے، میں ہوں عمر۔ جسے اپنی عورت بیوہ اور اپنے بچے یتیم کرانا ہوں میرے سامنے آئے، میں اب ہجرت کرتا ہوں، پھر یہ نہ کہنا کہ عمر بھاگ گیا، تمام کفار سر جھکائے بیٹھے رہے کسی نے چوں بھی نہ کی، پھر فرمایا سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ زیر قدم موسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام ہیں، اور سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ زیر قدم حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام ہیں، اسی واسطے ان کی شدت اور ان کی رحم دلی رجہ کمال پر تھی۔ (الملفوظ ۵۹/۳

﴿۷۵﴾ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا مَعَكُمْ فَاُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ ؕ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِیْ كِتٰبِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ☆

اور جو بعد کو ایمان لائے اور ہجرت کی اور تمہارے ساتھ جہاد کیا وہ بھی تمہیں میں سے ہیں اور رشتہ والے ایک دوسرے سے زیادہ نزدیک ہیں اللہ کی کتاب میں بیشک اللہ سب کچھ جانتا ہے

## ﴿۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

عبد بن حمید وابن جریر اپنی تفسیر میں قتادہ سے راوی:

ان ابا بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال فی خطبۃ ان الآیۃ التی ختم بھا سورۃ الانفال انزلھا فی اولی الارحام بعضھم اولی ببعض فی کتاب اللہ ما جرت بہ الرحم من العصبۃ ھذا مختصر۔

احمد و بخاری و مسلم و ترمذی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

Marfat.com

الحقو الفوایض باھلھا فما بقی فھو لا ولی رجل ذکر۔

صحیح بخاری میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ما من مو من الا و انا او لی بہ فی الد نیا و الآ خر ۃ فا قروا ان شئتم "النبی او لی با لمو منین من انفسھم" فا یما مو من ما ت و تر ک ما لا فلو ر ثۃ و عصبۃ من کا نو ومن تر ک و دینا او ضیا عا فلیا تنی فا نا مو لا ہ والحدیث عند الشیخین و احمدو النسا ئی و ابن ما جہ و غیر ھم بنحو ہ ۔

احمد وابوداؤد ونسائی وابن ماجہ وبیہقی بسند صحیح بطریق عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ماا حتر زالولداو الو ا لد فھو لعصبۃ من کا ن ۔

عبدالرزاق اپنی مصنف میں حضرت ابراہیم نخعی سے راوی امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

کل نسب تو صل علیہ فی الا سلا م فھو وا ر ث مو ر ث ۔

سنن بیہقی میں ہے:

عن جر یر عن المغیرۃ عن اصحا بہ قا ل کا ن علی ر ضی اللہ تعا لیٰ عنہ و اصحا بہ اذا لم یجد و اذ ا سھم اعطوا القرا بۃ و ماقر ب او بعد اذا کا ن رحما فلہ الما ل اذا لم یو جد غیر ہ ھذ ا مختصر ۔

آیہ کریمہ نے رشتہ داروں کو مطلق رکھا، صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تصریح فرما دی کہ آیت میں ہر عصبہ نسبی داخل، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حدیث میں صاف تعمیم فرمائی کہ عصبہ وارث ہے کوئی ہو۔ حدیث میں فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

اسلام میں نسب جہاں جا کر ملے موجب وراثت ہے۔

حدیث میں مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کا ارشاد کہ رشتہ دار پاس کا ہو یا دور کا جب اور نہ ہو تو سب مال اسی کا ہے۔

Marfat.com

ان ارشادات نے تمام قریب وبعید کے عصبہ نسبی کو دائرہ توریث میں داخل فرمایا اور حدیث دوم میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد اقدس نے جو کہ اہل فرائض سے بچے وہ قریب تر مرد کے لئے ہے، ترتیب الاقرب فالاقرب کا حکم بتایا، لاجرم بلحاظ قرب اتصال یہ اقسام اربعہ منتظم ہوئیں۔ (فتاوی رضویہ قدیم ۳۸۱/۱۰)

Marfat.com

# سورة التوبة

## بسم الله الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

(۶) وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِیْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰی یَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا یَعْلَمُوْنَ۔☆

اور اے محبوب اگر کوئی مشرک تم سے پناہ مانگے۔ تو اسے پناہ دو کہ وہ اللہ کا کلام سنے پھر اسے اس کی امن کی جگہ پہنچادو۔ یہ اس لئے کہ وہ نادان لوگ ہیں۔

### ﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(اس آیت میں مستامن کا ذکر ہے جس کی تفصیل اس طرح ہے) حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے کوئی مجلس نہ تھی سوا مسجد کریم کے، ولہذا وفود یہیں حاضر ہوتے اور اس میں متون کا خلاف نہیں۔ ہدایہ میں ہے کہ مستامن جب تک دار اسلام میں ہے بمنزلہ ذمی ہے، ذمہ مؤبدہ وموقتہ دونوں طرح ہوتا ہے۔

کافی امام نسفی فصل امان میں ہے۔

المراد بالذمة العهد مو قتا كان او موبدا و ذلك الامان و عقد الذمة۔

ذمہ سے عہد مراد ہے ایک میعاد معین تک ہو یا ہمیشہ کے لئے یہ امان وعقد ذمہ ہے۔

یہاں کہہ سکتے ہیں کہ ذمی وحربی برابر ہیں یعنی مستامن کہ اس کے لئے بھی ایک وقت تک ذمہ ہے، بالجملہ جواز خاص ذمی کے لئے تھا اور یہ حربی لے دوڑے۔

ثانیا۔ یہاں بھی امام بدرالدین محمود عینی وغیرہ اکابر کی روایت یہ ہے کہ ہمارے امام مذہب سیدنا امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مذہب میں ذمیوں میں بھی جواز صرف کتابی کے لئے ہے، یہ مشرک حربی لے دوڑے۔

Marfat.com

عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری میں ہے۔

قال ابو حنیفة یجوز للکتابی دون غیره واحتج بما رواه احمد فی مسنده بسند جید عن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم لا ید خل مسجد نا هذا بعدعامنا هذامشرك الااهل العهد و خدمهم۔

امام ابوحنیفہ نے فرمایا مسجد میں کتابی ذمی کا آنا جائز ہے اور کفار کا نہیں، اور امام اس پر اس حدیث سے سند لائے جو امام احمد نے اپنی مسند میں کھری اسناد کے ساتھ جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اس سال کے بعد ہماری اس مسجد میں کوئی مشرک نہ آنے پائے سوائے ذمیوں اور ان کے غلاموں کے۔

غمز العیون والبصائر میں ہے۔

لا یمنع من دخول المسجد الذی الکتابی بخلاف غیره واحتج امام رحمه اللہ له بما روا احمد عن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنه۔

ذی کتابی کو مسجد میں آنے سے نہ روکا جائے گا، بخلاف اور کافر کے اور اس پر امام احمد نے جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

غایۃ البیان علامہ اتقانی کتاب القضاء میں ہے۔

قال شمس الائمة السرخسی فی شرح ادب القاضی وقد ذکر فی السیر الکبیر ان المشرك یمنع من دخول المسجد عملا بقوله تعالیٰ انما المشرکون نجس۔

امام شمس الائمہ سرخسی نے شرح ادب القاضی میں فرمایا کہ امام محمد نے سیر کبیر میں فرمایا کہ مشرکوں کو مسجد میں نہ آنے دیا جائے گا اس ارشاد الٰہی پر عمل کے لئے، کہ مشرک نرے ناپاک ہیں۔

اگر کہیے حدیث میں تو مطلق ذمی کا استثنا فرمایا کتابی کی تخصیص کہاں ہے۔

اقول۔ (میں کہتا ہوں) مشرکین عرب کو ذمی بنانا روانہ تھا ان پر صرف دو حکم تھے۔ اسلام لائیں ورنہ تلوار، تو وہاں ذمی نہ تھے، مگر کتابی، تو استثنا منقطع ہے۔ بلکہ ہم نے مسند میں دیکھا، اواخر مسند جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں حدیث اس طرح مذکور ہوئی اور اس سے ۲۷/ ورق

پہلے یوں ہے۔

لا یدخل مسجد نا ھذا مشرك بعد عامنا ھذا غیر اھل الكتاب و خدمھم۔

اس سال کے بعد ہماری اس مسجد میں کوئی مشرک نہ آنے پائے سوائے کتابی اور ان کے غلام کے۔

تو یہاں خود کتابی کی تصریح ہے۔

ثالثا۔اقول (میں کہتا ہوں) للہ الحمد، اس حدیث نے صاف ارشاد فرمادیا کہ اس سے پہلے جو کسی مشرک یا کافر غیر ذمی کے لئے اجازت تھی منسوخ ہوگئی فرمایا:بعد عامنا ھذا۔اس سال کے بعد کوئی مشرک مسجد میں نہ آنے پائے سوائے ذمیوں کے۔)

مخالفین جتنی روایات پیش کریں ان کے ذمہ لازم ہے کہ اس واقعہ کے اس ارشاد کے بعد ہونے کا ثبوت دیں ورنہ سب جوابوں سے قطع نظر ایک سیدھا سا یہی جواب بس ہے۔کہ منسوخ ہو چکا اور وہ ہرگز اس کا ثبوت نہیں دے سکتے خصوصا، بعد عامنا ھذا، کا لفظ ارشاد فرمارہا ہے۔کہ یہ ارشاد بعد نزول سورہ براءت ہے۔غالبا اس کا یہ لفظ پاک ارشاد الہی:

انما المشركون نجس فلا یقربوا المسجد الحرام بعد عامھم ھذا (سورہ توبہ،۲۸)

(مشرک نرے ناپاک ہیں تو اس برس کے بعد وہ مسجد حرام کے پاس نہ آنے پائیں) سے ماخوذ ہے۔تو پہلے کے وقائع پیش کرنا محض نادانی۔لیکن لیڈران تو ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر منسوخات ہی پر عمل کررہے ہیں کہ اس میں اپنا بچاؤ دیکھتے ہیں۔و خسر ھنالك المبطلون۔

(غافر ۷۸)

رابعا:یہ نہ سہی اختلاف احوال زمانہ اور عادات قوم کو ہمیشہ مسائل تعظیم وتوہین میں دخل تام ہے پھر غیر اسلامی سلطنت اور کافروں کی کثرت میں اس کی اجازت اور اسکی اشاعت اور مساجد کو پامالی کفار کے لئے وقف کرنا کس قدر خیر خواہی اسلام ہے۔

اے راہرو پشت بمنزل ہشدار

(اے منزل کی طرف پشت کرکے چلنے والے ہوش کر)

(فتاوی رضویہ جدید ۱۴/۵۲۲تا۵۲۶)

(۱۱) فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِی الدِّیْنِ ط

Marfat.com

وَنُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ۔☆

پھر اگر وہ توبہ کریں اور نماز قائم رکھیں اور زکوۃ دیں تو وہ تمہارے دینی بھائی ہیں اور ہم آیتیں مفصل بیان کرتے ہیں جاننے والوں کے لئے۔

(۱۲) وَاِنْ نَّكَثُوْٓا اَیْمَانَهُمْ مِّنْ بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوْا فِیْ دِیْنِكُمْ فَقَاتِلُوْٓا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ لا اِنَّهُمْ لَآ اَیْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ یَنْتَهُوْنَ۔☆

اور اگر عہد کر کے اپنی قسمیں توڑیں اور تمہارے دین پر منہ آئیں تو کفر کے سرغنوں سے لڑو۔ بیشک ان کی قسمیں کچھ نہیں اس امید پر کہ شاید وہ باز آئیں۔

## ﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

دیکھو نماز و زکواۃ والے اگر دین پر طعنہ کریں تو انہیں کفر کا پیشوا کافروں کا سرغنہ فرمایا۔ کیا خدا اور رسول کے شان میں وہ گستاخیاں دین پر طعنہ نہیں۔

(تمہید ایمان ص ۵۹)

(۱۸) اِنَّمَا یَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ یَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ قف فَعَسٰٓى اُولٰٓئِكَ اَنْ یَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِیْنَ۔☆

اللہ کی مسجدیں وہی آباد کرتے ہیں جو اللہ اور قیامت پر ایمان لاتے اور نماز قائم کرتے ہیں اور زکوۃ دیتے ہیں اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے تو قریب ہے کہ یہ لوگ ہدایت والوں میں ہوں۔

## ﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(یہاں مسجد کا ذکر ہے تو اس کے احکام بیان فرمائے کہ) مسجد کے تین اطلاقات ہیں۔

(الف) زمین کا وہ حصہ کہ نماز کے لئے وقف کیا گیا ہو۔ مسجد کے حقیقی معنی یہی ہیں۔ اس اطلاق میں مسجد کی بنیادیں مسجد میں داخل نہیں کہ بنیادیں اوصاف کے حکم میں ہیں۔ جیسے کہ اطراف و حدود، پس مسجد کا دروازہ اور دیواریں مسجد سے خارج ہیں۔ اسی طرح اذان کے

Marfat.com

چبوترے، مینار یں، حوض اور کنویں، حدود مسجد یا جوف مسجد ہی میں کیوں نہ ہوں اگر تمام مسجدیت سے قبل بنائے گئے تو مسجد سے خارج ہیں۔ہاں مسجد مکمل ہوجانے کے بعد اگر ان چیزوں کو مسجد میں بنایا، تو وقت کو بدلنا ہوا جو جائز نہیں، واقف نے وقف کی ضرورت کے لئے اس کی شرط لگائی ہو تو اور بات ہے اور مسجد میں یہ ناممکن ہے کہ مسجد حقوق عبد سے بالکلیہ آزاد ہوتی ہے۔درمختار کے کتاب الوقف باب احکام المسجد میں ہے۔

اگر مسجد کے اوپر امام مسجد کے لئے کمرہ بنایا تو کوئی حرج نہیں کہ یہ مصالح مسجد میں ہے۔لیکن مسجد مکمل ہوگئی ہو تو مسجد کی چھت پر منع کیا جائے گا، اگر چہ یہ کہے کہ میری نیت پہلے سے ہی کمرہ بنانے کی تھی، اس کی تصدیق نہ کی جائے گی۔

تاتارخانیہ میں ہے۔

جب خود واقف کا یہ حال ہے تو دوسرے کا کیا، ایسی تعمیر کو مسجد کی دیوار ہو اس کو بھی ڈھا دینا چاہیے۔

(ب) اس اطلاق میں زمین مع بنیادوں کے مسجد ہے، تو دروازے اور دیواریں سب مسجد میں داخل ہیں، اللہ تعالیٰ کے فرمان،

انما یعمر مساجد الله من امن بالله۔ (التوبۃ، ۱۸) مسجدیں اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے والے ہی تعمیر کرتے ہیں۔) میں یہی مراد ہے۔

امام احمد، دارمی، ترمذی نے اس کو تخریج کیا اور ترمذی نے حسن کہا، ابن ماجہ، ابن خزیمہ، ابن حبان وحاکم نے اس کی تصحیح کی۔روایت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم کسی آدمی کو دیکھو کہ مسجد کی حاضری اس کی عادت بن چکی ہو تو اس کے ایمان کی گواہی دو۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: مسجد تو وہی آباد کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ اور یوم قیامت پر ایمان لائے۔

مسجد کی آبادی تو نماز پڑھنے سے ہے، تو وہاں کسی مسجد کی عمارت نہ ہو جیسا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں مسجد حرام کا حال تھا، کہ وہ کعبہ کے گرد کی زمین تھی جو طواف کے لئے خالی چھوڑی ہوئی تھی۔

Marfat.com

اور اس دوسرے معنی پر ہی اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے۔

لهدمت الصوامع والبيع۔ (الحج۔۴۰) تو البتہ یہود ونصاری کے صوامع اور عبادت خانے ڈھادیئے جاتے) اور بنی ہوئی عمارت ہی ڈھائی جاتی ہے۔

(ج) اور مسجد کا ایک تیسرا اطلاق بھی ہے اس اطلاق پر صحن کا وہ حصہ بھی شامل ہوتا۔ اسی لئے تو معتکف کو اس میں جانا جائز ہے اور اس کے بعد بھی وہ معتکف ہی رہتا ہے۔ بدائع اور شامی میں ہے۔

معتکف ایسے منارہ پر چڑھ سکتا ہے جس کا دروازہ مسجد سے خارج ہو کیوں کہ وہ مسجد میں شمار ہوتا ہے۔ ۔اور وہاں پیشاب و پاخانہ منع ہے تو وہ بھی مسجد کے ایک کونہ کو طرح ہوا۔

اسی لئے لوگ کسی مسجد کے منارہ سے ہونے والی اذان کو سن کر کہتے ہیں کہ فلاں مسجد میں اذان ہوگئی حالانکہ منارہ تو مسجد سے خارج بنا ہے۔ اور چونکہ یہ محاورہ عرب وعجم میں شائع وذائع ہے۔ کہ اذان منارہ سن کر کوئی نہیں کہتا کہ چلو مسجد کے باہر اذان ہوگئی، اور یہی معنی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ارشاد کے بھی ہیں جو آپ نے فرمایا تھا۔

جس مسجد میں نماز ہوتی ہو وہاں اذان دینا سنت ہدی ہے۔ (مسلم)

اور فقہا کرام کے اس قول کا بھی یہی مطلب ہے کہ مسجد میں اذان ہو چکی ہو تو جماعت میں شریک ہوئے بغیر مسجد سے باہر جانا مکروہ ہے۔

اس تفصیل کے بعد یہ جاننا چاہیے کہ اذان اصل مسجد میں مکروہ ہے۔ وصف مسجد میں نہیں اور تبع مسجد میں بھی نہیں۔ اس کی تعبیر یوں بھی کی جاسکتی ہے۔ اذان مسجد بالمعنی الاول میں مکروہ ہے۔ معنی ثانی اور ثالث میں نہیں۔ ائمہ کی نصوص سے بھی یہی ظاہر ہے کہ خاص مسجد کے اندر مکروہ ہے۔ منارہ صحن اور حدود میں نہیں۔ یہی حدیث سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک شخص ہرا جوڑا پہنے ہوئے مسجد کی چھت پر کھڑا ہوا اللہ اکبر اللہ اکبر کہہ رہا تھا۔

دوسری حدیث میں انہیں سے ہے۔

کہ میں نے خواب میں ایک شخص کو ہرا جوڑا پہنے ہوئے مسجد کی چھت پر کانوں میں انگلیاں دئے ہوئے کھڑا دیکھا جو کہہ رہا تھا۔ (الحدیث) (شمائم العنبر ۲۴۰ تا ۲۴۳)

Marfat.com

﴿۲۳﴾ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْۤا اٰبَآءَكُمْ وَ اِخْوَانَكُمْ اَوْلِیَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِیْمَانِؕ وَ مَنْ یَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓىٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ۔☆

اے ایمان والواپنے باپ اور اپنے بھائیوں کو دوست نہ سمجھو اگر وہ ایمان پر کفر پسند کریں اور تم میں جو کوئی ان سے دوستی کرے گا تو وہی ظالم ہیں۔

## ﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

قرآن کریم جا بجا شاہد ہے کہ مطلقاً موالات حرام ہونے کی علت کفر و مخالف و عداوت اللہ و رسول ہے۔ جل و علا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ معنی متعدد آیات سے روشن اور اس آیت میں نہایت صریح تر الفاظ سے اس کا علت ہونا ثابت۔

حاشا اللہ۔ کسی قسم کفار سے محبت کرنے کا اسلام نے حکم نہ دیا، باپ، بیٹے کافر ہوں تو ان سے بھی محبت صریح حرام فرما دیا۔ اور دلی محبت و اخلاص و اتحاد کرنے والوں کو تو جا بجا صاف ارشاد فرما دیا کہ وہ انہیں کافروں میں سے ہیں، انہیں اللہ و قیامت پر ایمان نہیں، انہیں اللہ و رسول و قرآن پر ایمان نہیں۔، بالجملہ وہ کسی طرح مسلمان نہیں، ہاں کافروں میں فرق ہوگا تو یہ کہ جس کا کفر اشد اس سے معاملات کا حرام و کفر ہونا اشد و زائد کہ علت حرمت کفر ہے۔ علت جتنی زیادہ حکم سخت تر، یہ ان کذابوں مفتریوں پر اور الٹا پڑے گا کہ کفر میں یہود و نصاری سے مجوس بدتر ہیں۔، ہنود سے وہابیہ و سائر مرتدین عنود بدتر ہیں۔ ولہذا ان کے احکام اسی ترتیب پر سخت تر ہیں۔ کما لا یخفی علی من لہ اعلام باحکام الفقہ و لکن الظالمین بآیات اللہ یجحدون، و سیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون۔ (جدید ۱۴/۱۵۵)

﴿۲۴﴾ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَ اَبْنَآؤُكُمْ وَ اِخْوَانُكُمْ وَ اَزْوَاجُكُمْ وَ عَشِیْرَتُكُمْ وَ اَمْوَالُ ﰳ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَ تِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَ مَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَاۤ اَحَبَّ اِلَیْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ جِهَادٍ فِیْ سَبِیْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى یَاْتِیَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖؕ وَ اللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الْفٰسِقِیْنَ۔☆

تم فرماؤ اگر تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری عورتیں اور

Marfat.com

تمہارا کنبہ اور تمہاری کمائی کے مال اور وہ سودا جس کے نقصان کا تمہیں ڈر ہے اور تمہارے پسند کا مکان یہ چیزیں اللہ اور اس کے رسول کی راہ میں لڑنے سے زیادہ پیاری ہوں تو راستہ دیکھو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم لائے۔ اور اللہ فاسقوں کو راہ نہیں دیتا۔

## ﴿۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس آیت سے معلوم ہوا کہ جسے دنیائے جہان میں کوئی معزز، کوئی عزیز، کوئی مال کوئی چیز اللہ و رسول سے زیادہ محبوب ہو وہ بارگاہ الٰہی سے مردود ہے۔ اللہ اسے اپنی طرف راہ نہ دیگا، اسے عذاب الٰہی کے انتظار میں رہنا چاہئے۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ۔

تمہارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:۔

لا یومن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہ و ولدہ والناس اجمعین۔ (بخاری۔ باب حب الرسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من الایمان۔ ۱/۷)

تم میں کوئی مسلمان نہ ہوگا جب تک میں اسے اس کے ماں باپ، اولاد اور سب آدمیوں سے زیادہ پیارا نہ ہوں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

یہ حدیث صحیح بخاری وصحیح مسلم میں انس ابن مالک انصاری رضی اللہ عنہ سے ہے۔

اس نے تو یہ بات صاف فرمادی کہ جو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زیادہ کسی کو عزیز رکھے ہرگز مسلمان نہیں۔

مسلمانو! کہو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام جہان سے زیادہ محبوب رکھنا مدار ایمان ومدار نجات ہوا یا نہیں؟ کہو ہوا اور ضرور ہوا۔

یہاں تک تو سارے کلمہ گو خوشی خوشی قبول کرلیں گے کہ ہاں ہمارے دل میں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظیم عظمت ہے۔ ہاں ہاں ماں، باپ، اولاد سارے جہاں سے زیادہ ہمیں حضور کی محبت ہے۔ بھائیو خدا ایسا ہی کرے مگر ذرا کان لگا کر اپنے رب کا ارشاد سنو!

## محبت اور تعظیم کا زبانی دعویٰ کافی نہیں

تمہارا رب عزوجل فرماتا ہے۔

الٓمّٓ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُّتْرَكُوْٓا اَنْ یَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَ هُمْ لَا یُفْتَنُوْنَ۔

(پ۲۰۔ع ۱۳۔سورۃ العنکبوت)

کیالوگ اس گھمنڈ میں ہیں کہ اتنا کہہ لینے پر چھوڑ دیے جائیں گے کہ ہم ایمان لائے اوران کی آزمائش نہ ہوگی۔

یہ آیت مسلمانوں کو ہوشیار کررہی ہے کہ دیکھو کلمہ گوئی اورزبانی ادعائے مسلمانی پر تمہارا چھٹکارانہ ہوگاہاں ہاں سنتے ہو! آزمائے جاؤ گے، آزمائش میں پورے نکلے تو مسلمان ٹھہروگے ہرشئی کی آزمائش میں یہی دیکھا جاتا ہے۔کہ جو باتیں اس کے حقیقی وواقعی ہونے کو درکار ہیں وہ اس میں ہیں یانہیں؟

ابھی قرآن وحدیث ارشادفرماچکے کہ ایمان کے حقیقی وواقعی ہونے میں دوباتیں ضرور ہیں:۔

(۱) محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم۔

(۲) اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کو تمام جہاں پر تقدیم۔

## حضور کی تعظیم ومحبت کے امتحان کا مطلب

تواس کی آزمائش کا یہ صریح طریقہ ہے۔کہ تم کو جن لوگوں سے کیسی ہی تعظیم، کتنی ہی عقیدت، کتنی ہی دوستی، کیسی ہی محبت کا علاقہ ہو۔

جیسے تمہارے باپ، تمہارے استاذ، تمہارے پیر، تمہاری اولاد، تمہارے بھائی،

تمہارے احباب، تمہارے بڑے، تمہارے اصحاب تمہارے مولوی، تمہارے حافظ، تمہارے مفتی، تمہارے واعظ وغیرہ وغیرہ کسے باشد، جب وہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں گستاخی کریں اصلاتمہارے قلب میں ان کی عظمت، ان کی محبت کا نام ونشان نہ رہے۔فوراًان سے الگ ہو جاؤ، ان کو دودھ سے مکھی کی طرح نکال کر پھینک دو، ان کی صورت ان کے نام سے نفرت کھاؤ، پھرنہ تم اپنے کے رشتے، علاقے، دوستی، الفت کا پاس کرو، نہ اس کی مولویت مشیخت، بزرگی، فضیلت کو خاطر میں لاؤ کہ آخر یہ جو کچھ تھا۔محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی غلامی کی بناپر تھاجب یہ شخص ان ہی کی شان میں گستاخ ہوا پھر ہمیں اس سے کیا تعلق رہا؟

اسکے جبے عمامے پر کیا جائیں کیا بہتیرے یہودی جبے نہیں پہنتے، عمامے نہیں باندھتے؟

Marfat.com

اس کے نام وعلم وظاہری فضل کو لے کر کیا کریں؟ کیا بہتیرے پادری، بکثرت فلسفی بڑے بڑے علوم وفنون نہیں جانتے؟ اور اگر یہ نہیں بلکہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابل تم نے اس کی بات بنانی چاہی، اس نے حضور سے گستاخی کی اور تم نے اس سے دوستی نباہی یا اسے ہر برُے سے بدتر نہ جانا یا اسے برا کہنے پر برا مانا یا اسی قدر کہ تم نے اس امر میں بے پرواہی منائی یا تمہارے دل میں اس کی طرف سے سخت نفرت نہ آئی تو للہ اب تم ہی انصاف کرلو۔ کہ تم ایمان کے امتحان میں کہاں پاس ہوئے، قرآن وحدیث نے جس پر حصول ایمان کا مدار رکھا تھا اس سے کتنی دور نکل گئے۔

مسلمانو! کیا جس کے دل میں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم ہوگی وہ ان کے بد گو کی وقعت کر سکے گا؟ اگرچہ اس کا پیر یا استاد یا پدر ہی کیوں نہ ہو۔ کیا جسے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمام جہان سے زیادہ پیارے ہوں وہ ان کے گستاخ سے فوراً سخت شدید نفرت نہ کرے گا؟ اگرچہ اس کا دوست یا برادر یا پسر ہی کیوں نہ ہو۔

(تمہید ایمان ۳۳ تا ۳۶)

(۲۹) قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْآخِرِ وَلَا يُحَرِّمُونَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُولُهٗ وَلَا يَدِيْنُونَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتَابَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَدٍ وَّهُمْ صَاغِرُوْنَ.☆

لڑو ان سے جو ایمان نہیں لاتے اللہ پر اور قیامت پر اور حرام نہیں مانتے اس چیز کو جس کو حرام کیا اللہ اور اس کے رسول نے۔ اور سچے دین کے تابع نہیں ہوتے یعنی وہ جو کتاب دیئے گئے جب تک اپنے ہاتھ سے جزیہ نہ دیں ذلیل ہو کر۔

## ﴿۷﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

حلال کو حرام، حرام کو حلال ٹھہرانا ائمہ حنفیہ کے مذہب راجح میں مطلقاً کفر ہے۔ جبکہ ان کی علت وحرمت قطعی ہو۔ جیسے جائز کسب وتجارت واجارت کی حلت، مشرکین سے وداد وانقیاد و اتحاد کی حرمت۔ ان حلالوں کو وہ لوگ حرام بلکہ کفر اور ان حراموں کو حلال بلکہ فرض کر رہے ہیں اور اگر وہ حرام قطعی بعینہ ہے جیسے مذکورات جب تو اسے حلال ٹھہرانا باجماع ائمہ کفر ہے۔

Marfat.com

اللہ عزوجل کفار کا بیان فرماتا ہے۔

لا یحرمون ما حرم اللہ و رسولہ۔

جسے اللہ ورسول نے حرام فرمادیا کافر اسے حرام نہیں ٹھہراتے۔

متن عقائد میں مسئلہ مصرحہ ہے، نیز فتاوی خلاصہ وغیرہا میں ہے۔

من اعتقد الحرام حلالا او علی العکس یکفر ھذا اذا کان حراما بعینہ والحرمۃ قامت بدلیل مقطوع بہ و اذا کانت باخبار الا حاد لا یکفر۔(ملخصا)

جس نے کسی حرام کو حلال یا حلال کو حرام مان لیا تو وہ کافر ہو جائے گا۔ یہ اس صورت میں ہے کہ وہ حرام لذاتہ ہو اور اس کی حرمت دلیل قطعی سے ثابت ہو، اگر ثبوت خبر واحد سے ہو تو کافر نہیں ہوگا۔ (ملخصا۔ت)

بزازیہ شرح وہبانیہ ودرمختار میں ہے۔

یکفر اذا تصدق بالحرام القطعی۔

ردالمحتار میں ہے۔

حاصلہ ان شرط الکفر علی القول الاول شیئان، قطعیۃ الدلیل و کونہ حراما لعینہ و علی الثانی یشترط الاول فقط و علمت ترجیحۃ وما فی البزازیہ مبنی علیہ۔

حاصل یہ ہے کہ قول اول پر کفر کے لئے دو شرائط ہوں گی۔ اول دلیل کا قطعی ہونا، ثانی اس کا حرام لذاتہ ہونا، اور دوسرے قول پر پہلی شرط ہے۔ اور آپ اس کی ترجیح سے آگاہ ہیں اور بزازیہ کا مدار اسی پر ہے۔

حالات دائرہ میں دونوں شرطیں موجود ہیں تو یہ باجماع ائمہ کفر ہیں، کفار مشرکین کی ایسی تعظیمیں کفر ہیں، ان کی جے پکارنا ان کے مرنے، جیل جانے پر ہڑتال اور اس پر وہ اصرار، اور جو مسلمان نہ مانے اس پر ظلم و اضطراب، کمال تعظیم اور باعث دخول نار و غضب جبار، وحسب تصریحات ائمہ موجب کفر و اکفار۔

فتاوی ظہیریہ والاشباہ والنظائر وتنویر الابصار و درمختار میں ہے۔

یسلم علی الذمی تبجیلا یکفر لان تبجیل الکافر کفر۔

Marfat.com

اگر کسی نے ذمی کو احتراما سلام کہہ دیا تو یہ کفر ہے۔ کیونکہ کافر کی تعظیم کفر ہوتی ہے۔
فتاوی امام ظہیر الدین و مختصر علامہ زین مصری و شرح تنویر مدقق علائی میں ہے۔
لو قال لمجوسی یااستاذ تبجیلا کفر۔
اگر کسی نے مجوسی کو تعظیما یا استاذ کہا تو اس سے وہ کافر ہو جائے گا۔
رب عزوجل فرماتا ہے،
وللہ العزۃ و لرسولہ وللمومنین ولکن المنافقین لا یعلمون۔
(المنافقون۔۸)
عزت تو خاص اللہ و رسول و مسلمین ہی کے لئے ہے مگر منافقوں کو خبر نہیں۔
رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

من وقر صاحب بدعۃ فقد اعان علی ھدم الاسلام رواہ الطبرانی فی الکبیر عن عبداللہ بن بسرو ابن عساکر و ابن عدی عن ام المومنین الصدیقۃ و ابونعیم فی الحلیۃ و الحسن بن سفیان فی مسندہ عن معاذ بن جبل و السنجری فی الابانۃ عن ابن عمر و کامل عدی عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنھم اجمعین و البیھقی فی شعب الایمان عن ابی ابراھیم بن میسرۃ مرسلا۔

جس نے کس بدمذہب کی توقیر کی بیشک اس نے دین اسلام ڈھانے پر مدد دی۔ اسے امام طبرانی نے المعجم الکبیر میں حضرت عبداللہ بن بسر، ابن عساکر اور ابن عدی نے ام المومنین سیدہ صدیقہ سے، ابونعیم نے حلیہ میں اور حسن بن سفیان نے مسند میں حضرت معاذ بن جبل، سنجری نے ابانۃ میں حضرت ابن عمر سے اور ابن عدی کی طرح حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے اور بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت ابراہیم بن میسرہ سے اسے مرسلا روایت کیا ہے۔

بدمذہب کی توقیر پر یہ حکم ہے مترک کی تعظیم پر کیا حکم ہوگا، ابونعیم حلیۃ الاولیاء میں جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

نھی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان یصافح المشرکون او یکنو او یرحب بھم۔

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ کسی مشرک سے ہاتھ ملائیں یا اسے کنیت سے ذکر کریں، یا اس کے آتے وقت مرحبا کہیں۔

یہ باتیں کچھ ایسی تعظیم بھی نہیں، ادنی درجہ تکریم میں ہیں کہ نام لے کر نہ پکارا فلاں کا باپ کہا یا آتے وقت جگہ دینے کو آیئے کہہ دیا۔ حدیث نے اس سے بھی منع فرمایا کہ معاذ اللہ اس کی جے پکارنے اور وہ افعال شیطانی اور یہ عذر یا روکے کہ یہ اقوال عوام کے ہیں کسی ذمہ دار کے نہیں۔ محض کاذب و پادر ہوا ہے۔ تمہیں نے عوام کالہوام کو اس اتحاد مشرکین پر ابھارا اور ان حرکات ملعونہ سے نہ روکا بلکہ اپنے مقاصد مفاسد کا مؤید سمجھا۔ تمہارے دلوں میں ایمان یا ایمان کی قدر ہوتی تو اس اتحاد و حرام وکفر کے لئے جیسی زمین سروں پر اٹھالی ہے۔ رات و دن مشرق و مغرب ناپتے پھرتے ہو، ہزاروں دھواں دار ریزولیوشن پاس کرتے ہو اس کے مخالف بلکہ اس میں ساتھ نہ دینے والوں پر فتوی کفر لگاتے ہو۔ صدہا اخبارات کے کالم ان کی بدگمانی سے گندے کرتے ہو، اس سے سوحصے زائد ان کفروں، ضلالوں کی آگ ہرگز ہرگز ان شیطنتوں کی روک تھام میں اس بولاہٹ والی جان توڑ کوشش کا دسواں، بیسواں، حصہ بھی نہ دکھایا، پھر جھوٹے بہانے بنانے سے کیا حاصل معہذا خود ذمہ داروں نے جو کچھ کیا وہ جاہلوں کی حرکات مذکورہ سے کہیں بدتر خبیث تر ہے۔ اور کیوں نہ ہو کہ شملہ بمقدار علم۔ ابوالکلام آزاد صاحب نے کمپ ناگپور میں جمعہ پڑھایا اور خطبہ میں مدح خلفائے راشدین وحضرات حسنین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی جگہ گاندھی کی حمد کی، اسے مقدس ذات ستودہ صفات کہا۔ میاں عبدالماجد بدایونی نے ہزاروں کے مجمع میں گاندھی کو مذکر مبعوث من اللہ کہا کہ اللہ نے ان کو تمہارے پاس مذکر بنا کر بھیجا ہے۔ کہاں یہ کلمات ملعونہ اور کہاں بے تمیز احمق جاہلوں کا جے پکارنا۔

فانی تؤفکون ۔[الانعام ۔ ۹۵] افلا تعقلون [ال عمران ۔ ٦٥] کلا بل ران علی قلوبھم ما کانوا یکسبون ۔[المطففین ۔ ۱٤]

تم کہاں اوندھے جاتے ہو۔ تو کیا تمہیں عقل نہیں۔ بلکہ ان کے دلوں پر زنگ چڑھا دیا ہے ان کی کمائیوں نے۔

ترکی ٹوپیاں جلانا صرف تضیع مال ہوتا کہ حرام ہے اور گاندھی ٹوپی پہننا مشرک کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرنا ہوا کہ اس سے سخت تر اشد حرام ہے۔ مگر وہ لوگ ترکی ٹوپیوں کو

Marfat.com

شعار اسلام جان کر پہنتے تھے انہیں جلادیا اور ان کے بدلے گاندھی ٹوپی پہن لینا مشعر ہوا کہ انھوں نے نشان اسلام سے عدول اور کافر کا چیلا بننا قبول کیا۔

بئس للظالمين بدلا۔(الکہف۔۵۰) ظالموں کو کیاہی برا بدلا ملا۔

بالجملہ ایسے اقوال وافعال کفر وضلال پر عالم موصوف کا انکار عین حق وصواب وسبب ثواب ورضائے رب الارباب تھا اور جو ان کے شرعی احکام اہل اسلام پر ظاہر فرمانا اور ان کو "ذیاب فی ثیاب" کے شر سے بچا کر راہ حق کی طرف بلانا، ہی عالم کا جلیل فرض مذہبی وکار منصبی وبجا آوری حکم خداو نبی تھا اور ہے۔جل وعلا وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔اس کی طرف نفس خلافت کا انکار نسبت کرنا بہتان ہی نہیں چیزے دیگر است۔اسکی تہ میں اور اشد خباثت ہے،مسلمان تو مسلمان نفس خلافت کا منکر جملہ مدعیان کلمہ گو میں کون ہے۔جس سے سائل سوال کرتا اور مجیب جواب دیتا۔اہل سنت حضرات خلفائے اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو خلیفہ جانتے ہیں، غیر مقلد ودیوبندی اس میں نزاع نہیں کرتے ،روافض حضرت مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کو خلیفہ ووصی مانتے ہیں،مرزائی اپنے مرزا تک اترتے ہیں، بلکہ خلافت سے مراد مسئلہ دائرہ ہے،اسی سے سوال اسی کا تذکرہ ہے تو اسے یوں مطلق لفظ نفس خلافت سے تعبیر تلبیس ابلیس ہے اور دل میں جو مراد ہے اس کا حال خود خلافت کمیٹی کے مفتی اعظم اور مستفتی اس کے ڈیڈر معظم کے فتوے سے ظاہر ہوگیا کہ عالم موصوف نے وہی فرمایا جو متواتر حدیثوں میں مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے جس پر اجماع صحابہ امجاد ہے جو جمیع اہل سنت وجماعت کا اعتقاد ہے۔اہل سنت سے خروج قرآن کا انکار، کفر، ارتداد ان کے یہ چار احکام ملعونہ، کاش اسی عالم دین پر محدود رہتے تو اس فتوے کے مفتی اور اسکے مصدقین بحکم ظواہر احادیث صحیحہ ونصوص کتب معتمدہ فقہیہ ایک ہی بلائے کفر سہتے۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ایما امریء قال لاخیه کافر فقد باء بها احدهما فان کان کما قال والا رجعت علیه۔رواہ مسلم والترمذی ونحوہ البخاری عن ابن عمر رضی اللہ تعالی عنهما"

جو شخص کسی کلمہ گو کو کافر کہے ان دونوں میں سے ایک پر یہ بلاضرور پڑے، جسے کہا اگر وہ

کافر تھا خیر ورنہ تکفیر اسی قائل پر پلٹ آئے گی یہ کافر ہو جائے گا۔ اسے مسلم، ترمذی، اور اس کے مثل بخاری نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

درمختار میں ہے۔

عزر الشاتم بیا کافر وھل یکفر ان اعتقد المسلم کافرانعم والالا بہ یفتی۔

کسی مسلمان کو 'اے کافر' کہنے والے شخص پر تعزیر نافذ کی جائے گی، کیا اگر کوئی شخص مسلمان کو کافر سمجھتا ہے تو وہ کافر ہوگا؟ ہاں وہ کافر ہے، اور اگر کافر نہیں سمجھتا تو پھر کافر نہیں، اسی پر فتوی ہے۔ شرح وہبانیہ، ذخیرہ، نہر الفائق، ودرمختار میں ہے:

"لا نہ لما اعتقد المسلم کا فرا فقد اعتقد دین الا سلام کفرا"

کیوں کہ جب مسلمان کو کافر جانا تو اس دین اسلام کو کفر جانا۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱۴/۱۴۷ تا ۱۵۱)

ائمہ محققین تصریح فرماتے ہیں کہ احکام شریعت حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سپرد ہیں، جو چاہیں واجب کر دیں جو چاہیں ناجائز فرمادیں، اور جس کو چاہیں مستثنیٰ فرمادیں۔

۴۳۹۹۔ **عن** عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلیٰ اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: ان اللہ عزوجل حرم مکة، فلم تحل لا حد کان قبلی ولا تحل لا حد بعدی، و انما احلت لی ساعة من نھار، لا یختلی خلاھا، ولا یعضد شجرھا، ولا ینفر صیدھا، ولا یلتقط لقیطھاالا لمعرف، فقال العباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ: الا الا ذخر لصا غتنا و قبورنا، قال: الا الا ذخر۔

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک اللہ عزوجل نے مکہ مکرمہ کو حرم بنایا، تو مجھ سے پہلے اور میرے بعد کسی کے لئے حلال نہیں، فقط میرے لئے ایک ساعت دن میں حلال ہوا، اس کی

---

۴۳۹۹۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب الاذخر والحشیش فی القبر، ۱/ ۱۷۹

الصحیح لمسلم، باب تحریم مکة و تحریم صیدھا، ۱/ ۴۳۷

المسند لاحمد بن حنبل، ۱/ ۲۵۳ ☆ السنن الکبری للبیھقی،

Marfat.com

گھاس نہ کاٹی جائے درخت نہ تراشے جائیں ،شکار نہ بھڑکایا جائے ،گری پڑی چیز نہ اٹھائی جائے مگر وہ شخص جو لوگوں میں اعلان کرے ،حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! مگر اذخر کہ وہ ہمارے سناروں اور قبروں کے کام آتی ہے ،فرمایا: مگر اذخر۔

۴۴۰۰۔ **عن** ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : لما فتح اللہ تعالیٰ علیٰ رسولہ مکۃ قام فی الناس فحمد اللہ واثنی علیہ ، ثم قال : ان اللہ حبس عن مکۃ الفیل وسلط علیھا رسولہ والمؤمنین ، وانھا لن تحل لاحد کان قبلی ، وانھا احلت لی ساعۃ من نھار ، وانھا لن تحل لاحد بعدی ، فلا ینفر صیدھا ولا یختلی شوکھا ، ولا تحل ساقطتھا الا المنشد ، ومن قتل لہ قتیل فھو بخیر النظرین ، اما ان یفدی واما ان یقتل ، فقال العباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ : الا الاذخر یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ! فانا نجعلہ فی قبورنا وبیوتنا ، فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : الا الاذخر ، فقام ابو شاہ رجل من اھل الیمن فقال : اکتبوا لی یارسول اللہ! فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : اکتبوا لابی شاہ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے موقع پر خطبہ ارشاد فرمایا: پہلے حمد و ثنا بیان فرمائی اس کے بعد فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے مکہ مکرمہ اور خانہ کعبہ کی ہاتھیوں سے حفاظت فرمائی اور ابرہہ کو خائب وخاسر کیا، اور آج اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول اور مؤمنین کو فاتح فرمایا، مجھ سے پہلے یہ کسی کے لئے حلال نہ ہوا ،اور میرے لئے آج دن کی ایک ساعت میں حلال ہوا تھا لیکن اب میرے بعد کسی کے لئے حلال نہ ہوگا ،اسکا شکار نہ بھڑکایا جائے ،خاردار درخت نہ کاٹے جائیں ،گری پڑی چیز اعلان کرنے والے کے علاوہ کوئی نہ اٹھائے ،اور جسکا کوئی شخص قتل کردیا جائے تو اسے دو باتوں کا اختیار ہے خواہ فدیہ لے لے خواہ قصاص ،حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: یارسول

---

۴۴۰۰۔ الجامع الصحیح للبخاری باب الاذخر والحشیش فی القبر، ۱/ ۱۸۰

الصحیح لمسلم، باب تحریم مکۃ وتحریم صیدھا، ۱/ ۴۳۸

المسند لاحمد بن حنبل، ۲/ ۴۳۸ ☆ کنز العمال للمتقی، ۲۹۹۲۹، ۱۰/ ۳۸۹

Marfat.com

اللہ! مگر اذخر کہ وہ گھروں اور قبروں کے لئے ہے، فرمایا: مگر اذخر۔ یمن کے باشندہ ابوشاہ نے کھڑے ہوکر عرض کیا: یارسول اللہ! یہ خطبہ مجھے لکھوادیں، فرمایا: ابوشاہ کے لئے لکھدو ۔۱۲م

۴۴۰۱۔ **عن** صفية بنت شيبة رضى الله تعالىٰ عنها قالت : سمعت النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يخطب عام الفتح فقال : يا ايها الناس ! ان الله حرم مكة يوم خلق السمٰوات والارض فهى حرام الى يوم القيامة ، لا يعضد شجرها ولا ينفر صيدها ولا يأخذ لقطتها الا منشد ، فقال العباس رضى الله تعالىٰ عنه : الاالاذخر فانه للبيوت والقبور ، فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : الاالاذخر ۔

حضرت صفیہ بنت شیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے فتح مکہ کے موقع پر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا آپ نے فرمایا: اے لوگو! بیشک اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمیں کی پیدائش کے دن ہی مکہ مکرمہ کو حرم محترم بنایا تھالہذا وہ قیامت تک حرام ہی رہے گا، اس کے درخت نہ کاٹے جائیں، یہاں شکار کو نہ بھڑکایا جائے، اور کوئی گری پڑی چیز نہ اٹھائے مگر وہ جو اعلان کرے۔ حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! مگر اذخر کہ وہ ہمارے گھروں اور قبروں کے کام آتی ہے۔ فرمایا: مگر اذخر۔

۴۴۰۲۔ **عن** زيد بن خالد الجهنى رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : لو لا ان اشق على امتى لأخرت صلاة العشاء الى ثلث الليل۔

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر امت کو مشقت میں ڈالنے کا خیال نہ ہوتا تو میں عشاء کو تہائی رات تک ہٹادیتا۔

---

۴۴۰۱۔ السنن لا بن ماجة ، باب فضل مكة ،

شرح السنة للبغوى ، ۷/۲۹۷ ☆ فتح البارى ، للعسقلانى ، ۵/ ۸۷

نصب الراية للزيلعى ، ۳/ ۱۴۲ ☆ مجمع الزوائد للهيثمى ، ۳/ ۲۸۳

۴۴۰۲۔ المسند لا حمد بن حنبل ، ۴/ ۱۱۴ ☆ المصنف لا بن ابى شيبة ، ۱/ ۲۳۱

Marfat.com

٤٤٠٣ ۔ **عن** ابی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : لو لا ان اشق علی امتی لاخرت صلاة العشاء الی نصف اللیل۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر اپنی امت کو مشقت میں ڈالنے کا لحاظ نہ ہوتا تو میں عشاء کو آدھی رات تک ہٹا دیتا۔

٤٤٠٤ ۔ **عن** عبد الله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال : اخر رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم صلاة العشاء فاحتبس عنها حتی نام الناس واستیقظوا، ثم ناموا ثم استیقظوا ، فقام عمربن الخطاب رضی الله تعالیٰ عنه فناداه ، الصلوة یارسول الله ! فخرج یقطر رأسه وقال : لولا ان اشق علی امتی لاخرت هذه الصلاة الی هذه الساعة۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ایک شب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز عشاء میں تاخیر فرمائی ۔حضور حجرۂ مقدسہ سے تشریف نہ لائے یہاں تک کہ لوگ اونگھنے لگے پھر بیدار ہوئے ،اس کے بعد پھر بیٹھے بیٹھے سونے لگے پھر بیدار ہوئے ،لوگوں کی یہ کیفیت دیکھکر حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بارگاہ رسالت میں عرض کرتے ہوئے نماز کے لئے ندادی ،یارسول اللہ نماز ،اب حضور تشریف لائے تو سر سے پانی کے قطرے ٹپک رہے تھے ،فرمایا: اگر میں اپنی امت پر دشوار نہ جانتا تو اس نماز کو اتنی موخر کر کے پڑھتا۔۱۲م

٤٤٠٥ ۔ **عن** عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال : مكثنا ذات ليلة

---

٤٤٠٣۔ السنن لابن ماجه ، باب وقت صلاة العشاء ۱/ ۵۰

٤٤٠٤۔ الصحيح لمسلم، باب وقت العشاء وتاخيرها ، ۱/ ۲۲۹

الجامع الصحيح للبخاری ، باب النوم قبل العشاء لمن غلب ، ۱/ ۸۱

حلية الاولياء لابی نعيم ، ۳/ ۳۱۷ ٭ كنز العمال للمتقی ، ۲۱۸۵۹، ۸/ ۵۸

السنن للنسائی ، باب آخر وقت العشاء ، ۱/ ۲۳

Marfat.com

ننتظر رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بصلوة العشاء الآخرة فخرج الینا حین ذهب ثلث اللیل او بعده ، فلاندری اشئ شغله فی اهله او غیر ذلك ، فقال حین خرج : انکم لتنتظرون صلوة ماینتظروها اهل دین غیر کم ، ولولا ان یثقل علی امتی لصلیت بهم هذه الساعة۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ایک شب ہم نماز عشا کے لئے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے منتظر تھے کہ حضور تہائی رات گذرنے یا اس کے بعد تشریف لائے ، پتہ نہیں حضور کو اپنے دولت خانہ میں کوئی ضروری کام تھا یا اس کے علاوہ کوئی اور وجہ ، جب تشریف لائے تو ارشاد فرمایا: تم آج اس وقت ایسی نماز کا انتظار کر رہے ہو کہ تمہارے سوا کسی دوسرے مذہب کا کوئی اس کے انتظار میں نہیں ، اگر میری امت پر بھاری نہ ہوتا تو میں اسی وقت یہ نماز پڑھاتا۔

٤٤٠٦ ـ **عن** ابی سعیدالخدری رضی الله تعالیٰ عنه قال : صلی بنا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم صلوة المغرب ثم لم یخرج حتی ذهب شطر اللیل فخرج فصلی بهم ثم قال : ان الناس قد صلوا وناموا وانتم لم تزالوا فی صلوة ما انتظر تم الصلوة ، ولولا الضعیف والسقیم احببت ان اؤ خر هذه الصلوة الی شطر اللیل۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

---

٤٤٠٥ـ الصحیح لمسلم، باب وقت العشاء و تاخیرها ، ۲۲۹/۱

علل الحدیث لا بن ابی حاتم ، ۲۵٤

السنن لا بی داؤد ، باب وقت العشاء الآخرة، ٦٠/۱

الجامع الصحیح للبخاری ، باب النوم قبل العشاء لمن غلب ، ۸۱/۱

٤٤٠٦ـ السنن لابی داؤد ، باب وقت العشاء الآخرة ، ٦١/۱

السنن للنسائی ، باب آخرت وقت العشاء ، ۲۳/۱

المسند لا حمد بن حنبل ، ۳/ ٥ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی ۲۰۹/۱۱

Marfat.com

علیہ وسلم نے ہمیں ایک دن مغرب کی نماز پڑھائی پھر باہر تشریف نہ لائے یہانتک کہ رات کا ایک حصہ گذر گیا، اس کے بعد تشریف لاکر نماز پڑھائی اور ارشاد فرمایا: دوسرے لوگ نماز پڑھکر سو چکے ہیں اور تم جب تک نماز ہی میں ہو جب تک نماز کا انتظار کر رہے ہو۔ اگر تم میں بوڑھے اور بیمار نہ ہوتے تو مجھے یہی پسند تھا کہ اس نماز کو رات کے اس حصہ تک مؤخر کرتا۔

۴۴۰۷۔ **عن** عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : لو لا ضعف الضعیف وسقم السقیم لاخرت صلوۃ العشاء الآخرۃ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر بوڑھے ناتواں کی کمزوری اور بیماری کا خیال نہ ہوتا تو نماز عشا کو موخر کردیتا۔

۴۴۰۸۔ **عن** ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : خطب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال : ان اللہ عزوجل قد فرض علیکم الحج ، فقال رجل فی کل عام فسکت عنہ حتی اعادہ ثلثا ، فقال : لو قلت : نعم ، لوجبت ، ولو وجبت ماقمتم بھا ، ذرونی ماترکتکم ، فانما ھلک من کان قبلکم بکثرۃ سؤالھم واختلافھم علی انبیائھم ، فاذا امرتکم بالشیٔ فخذوا بہ ماستطعتم ، واذا نھیتکم عن شیٔ فاجتنبوہ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لوگوں کو خطبہ دیا تو ارشاد فرمایا: بیشک اللہ عزوجل نے تم پر حج بیت اللہ فرض فرمایا ہے، ایک صاحب بولے: یارسول اللہ! کیا ہر سال؟ حضور خاموش رہے انہوں نے تین مرتبہ یہی سوال کیا تو فرمایا: اگر میں ہاں کہہ دیتا تو ہر سال واجب ہوجاتا، اور جب واجب ہوجاتا تو تم ادا

---

۴۴۰۷۔ المعجم الکبیر للطبرانی ، ☆ کنز العمال للمتقی ، ۱۹۴۵۸ ، ۷/ ۳۹۳

۴۴۰۸۔ السنن للنسائی ، باب وجوب الحج ، ۲/ ۱

الصحیح لمسلم باب فرض الحج مرۃ فی العمر ۱/ ۴۳۲

Marfat.com

نہیں کرپاتے۔ جب تک میں خودتم پر کوئی حکم صادر نہ کروں اس وقت تک تم مجھے چھوڑے رہو کہ تم سے پہلی امتیں اسی سبب ہلاک ہوئیں کہ اپنے نبیوں سے زیادہ سوالات کرکے اپنے اوپر تنگی مول لے لی اور پھر نافرمانی کی۔ سنو! جب میں کسی چیز کا حکم دوں تو حسب استطاعت اس پر عمل کرو اور جب منع فرماؤں تو باز رہو۔ ۱۲م

۴۴۰۹۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال : ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قام فقال : ان اللہ کتب علیکم الحج ، فقال الاقرع بن حابس التیمی : کل عام؟ یارسول اللہ ! فسکت فقال : لو قلت : نعم لوجبت ،ثم اذاً لا تسمعون ولا تطیعون ولکنہ حجۃ واحدۃ ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجمع عام میں ارشادفرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے تم پر حج فرض فرمایا، اقرع بن حابس بولے: یارسول اللہ! کیا ہر سال فرض ہے؟ حضور خاموش رہے پھر فرمایا: اگر میں ہاں کہہ دیتا تو ہر سال فرض ہوجاتا، پھر نہ تم سنتے اور نہ بجالاتے لیکن حج عمر میں ایک ہی بار فرض ہے۔ ۱۲م

۴۴۱۰۔ **عن** امیر المؤمنین علی بن ابی طالب کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم قال: لما نزلت ، وللہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلا ، قالوا: یارسول اللہ ! الحج فی عام؟ فسکت ، ثم قالوا : أفی کل عام؟ فقال : لا ، ولو قلت : نعم، لوجبت ، فنزلت : یا ایھا الذین امنوا ! لاتسألوا عن اشیاء ان تبدلکم تسؤکم ۔

امیر المؤمنین حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ جب یہ

---

۴۴۰۹۔ السنن للنسائی ، باب وجوب الحج ، ۲/ ۱
السنن الکبری للبیہقی ، ۵/ ۱۷۸ ☆ المستدرک للحاکم ، ۱/ ۴۷۰
تاریخ بغداد للخطیب ، ۱۲/ ۶۵ ☆ السنن للدارقطنی ، ۲/ ۲۷۹

۴۴۱۰۔ السنن لا بن ماجہ ، باب فرض الحج ، ۲/ ۲۰۷
کنز العمال للمتقی ، ۱۱۸۷۰، ۵/ ۲۰ ☆ فتح الباری للعسقلانی ، ۱۲/ ۲۶۰
الدر المنثور للسیوطی ، ۲/ ۵۵ ☆

Marfat.com

آیت نازل ہوئی'' اور اللہ ہی کے لئے لوگوں پر حج بیت اللہ فرض ہے جو صاحب استطاعت ہو '' تو صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے عرض کیا: یارسول اللہ! حج ہر سال فرض ہے. حضور خاموش رہے، پھر عرض کیا: کیا ہر سال فرض ہے، فرمایا: نہیں، اور اگر میں ہاں کہہ دیتا تو ہر سال فرض ہوجاتا۔ اس کے بعد یہ آیت کریمہ نازل ہوئی، اے ایمان والو! بہت چیزوں کے بارے میں سوال نہ کرو کہ اگر ان کا حکم تمہارے لئے ظاہر کیا جائے تو تمہیں ناپسند ہو۔۱۲م

۴۴۱۱۔ **عن** انس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال: قالوا يارسول الله! الحج فى كل عام؟ قال: ولو قلت: نعم، لوجبت، ولو وجبت لم تقوموا بها، ولو لم تقوموا بها عذبتم۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا حج ہر سال فرض ہے؟ فرمایا: اگر میں ہاں کہہ دیتا تو ہر سال فرض ہوجاتا، اور ہر سال فرض ہوجاتا تو تم اس کو ادا نہیں کرپاتے اور جب تم ادا نہیں کرپاتے تو عذاب میں مبتلا ہوتے۔

## ﴿۸﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

حضور کے فرمان اقدس کا مطلب یہ ہے کہ جس بات میں میں تم پر وجوب یا حرمت کا حکم نہ کروں اسے کھود کھود کر نہ پوچھو کہ پھر واجب یا حرام کا حکم فرمادوں تو تم پر تنگی ہوجائے، یہاں سے یہ بھی ثابت ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جس بات کا نہ حکم دیا نہ منع کیا وہ مباح وبلاحرج ہے۔

وہابی اسی اصل اصیل سے جاہل ہوکر ہر جگہ پوچھتے ہیں، خدا ورسول نے اسکا کہاں حکم دیا ہے؟ ان احمقوں کو اتنا ہی جواب کافی ہے کہ خدا اور رسول نے کہاں منع کیا ہے، جب نہ حکم دیا نہ منع کیا تو جواز رہا، تم جو ایسے کاموں کو منع کرتے ہو اللہ ورسول پر افتراء کرتے بلکہ خود شارع بنتے ہو کہ شارع صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تو منع کیا نہیں اور تم منع کررہے ہو۔

مجلس میلاد مبارک، قیام، فاتحہ اور سوم وغیرہا مسائل بدعت وہابیہ سب اسی اصل سے طے ہوجاتے ہیں۔ اعلیٰ حضرت، حجۃ الخلف خاتم المحققین سیدنا الوالد قدس سرہ الماجد نے کتاب مستطاب اصول الرشاد لقمع مبانی الفساد میں اسکا بیان اعلیٰ درجہ کا روشن فرمایا۔ فنور اللہ

منزلہ واکرم عندہ نزلہ، آمین،

امام قسطلانی مواہب لدنیہ شریف میں فرماتے ہیں:۔

من خصائصہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہ کان یخص من شاء بماشاء من الاحکام۔

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خصائص کریمہ سے ہے کہ حضور شریعت کے عام احکام سے جسے چاہتے مستثنیٰ فرمادیتے۔

میزان الشریعۃ الکبریٰ میں ہے:۔

شریعت کی دوسری قسم وہ ہے جو مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان کے رب عزوجل نے ماذون فرمادیا کہ خود اپنی رائے سے جو راہ چاہیں قائم فرمادیں، مردوں پر ریشم پہننا حرام حضور نے اسی طور پر فرمایا، گیاہ اذخر کا استثناء اسی طور پر گذرا نماز عشا کے مؤخر نہ ہونے اور حج کی ہر سال فرضیت صادر نہ کرنے کی وجوہ بھی اسی قبیل سے متعلق ہیں۔

بلکہ امام جلیل جلال الدین سیوطی قدس سرہ نے خصائص کبری شریف میں ایک باب وضع کیا۔

باب اختصاصہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بانہ یخص من شاء بماشاء من الاحکام۔

باب اس بیان کا کہ خاص نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ منصب حاصل ہے کہ جسے چاہیں جس حکم سے چاہیں خاص فرمادیں۔ امام قسطلانی نے اس کی نظیر میں پانچ واقعے ذکر کئے تھے اور امام سیوطی نے دس۔ پانچ وہ اور پانچ دیگر۔

فقیر نے ان زیادات سے تین واقعے ترک کردیئے اور پندرہ اور بڑھائے اور ان کی احادیث بتوفیق اللہ تعالیٰ جمع کیں کہ جملہ بائیس واقع ہوئے، وللہ الحمد،

ان کی تفصیل اور ہر واقعے پر حدیث سے دلیل سنئے۔

۴۴۱۲۔ **عن** البراء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: صلی رسول اللہ صلی

---

۴۴۱۲۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب ذبح قبل الصلوۃ اعادہ، ۲/ ۸۳۴

Marfat.com

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ذات یوم فقال : من صلی صلاتنا واستقبل قبلتنا فلا یذبح حتی ینصرف ، فقام خالی ابو بردۃ بن نیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ فقال :یا رسول اللہ! فعلت ، فقال: ھو شیء عجلتہ ، قال : فان عندی جذعۃ ھی خیر من مسنتین أ اذ بحھا ؟ قال : نعم اجعلہ مکانہ ولن تجزئ عن احد بعدک ،

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک مرتبہ عید اضحیٰ کی نماز سے فارغ ہوئے تو خطبہ ارشاد فرمایا، اس میں یہ بھی فرمایا: جو ہماری طرح نماز پڑھتا ہے اور ہمارے قبلہ پر عامل ہے تو نماز عید سے پہلے قربانی نہ کرے میرے۔ ماموں حضرت ابو بردہ بن نیار کھڑے ہوئے اور عرض کی: یارسول اللہ! میں تو قربانی کر چکا، فرمایا: تم نے وقت سے پہلے کردی، بولے: میرے پاس بکری کا ششماہی بچہ ہے مگر دو بکریوں سے بھی اچھا ہے کیا میں اس کو ذبح کر سکتا ہوں؟ فرمایا: ہاں، اس کی جگہ اس کو کردو اور ہر گز اتنی عمر کی بکری تمہارے بعد دوسروں کی قربانی میں کافی نہ ہوگی۔

## ﴿۹﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ارشاد الساری شرح صحیح بخاری میں اس حدیث کے نیچے ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ ایک خصوصیت ابو بردہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بخشی جس میں دوسرے کا حصہ نہیں۔

۴۴۱۳۔ **عن** انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یوم النحر : من کان ذبح قبل الصلوۃ فلیعد ،فقام رجل فقال : یارسول اللہ !ھذا یوم یشتھی فیہ اللحم ، وذکر ھنۃ من جیرانہ ، کأن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صدقہ ، قال : وعندی جذعۃ ھی احب الی من شاتی لحم ،أفاذبحھا قال: فرخص لہ ، فقال : لاادری ابلغت رخصۃ من سواہ ام لا ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قربانی کے دن خطبہ دیا تو ارشاد فرمایا: جس نے نماز سے قبل قربانی کی ہو وہ دوبارہ کر

---

۴۴۱۳۔ الجامع الصحیح للبخاری ، باب مایشتھی من اللحم یوم النحر ، ۲/ ۸۳۲
الصحیح لمسلم ، کتاب الاضاحی ، ۲/ ۱۵۴

Marfat.com

ے، ایک صاحب کھڑے ہوئے اور عرض کی: یارسول اللہ! یہ دن تو گوشت کھانے کا ہے، پھر انہوں نے اپنے پڑوسیوں پر گوشت بطور ھدیہ عطیہ تقسیم کرنے کا ذکر کیا، ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ حضور ان کے فعل کی تصدیق فرمارہے ہیں، پھر انہوں نے خود ہی عرض کی: میرے پاس ایک بکری کا ششماہی بچہ ہے جو بکری سے زیادہ مجھے پسند ہے، تو کیا میں اس کی قربانی کردوں حضور نے ان کو اجازت مرحمت فرمائی حضرت انس کہتے ہیں: اب مجھے یہ نہیں معلوم ہوسکا کہ یہ رخصت صرف ان کے لئے تھی یا عام حکم تھا۔

امام نووی نے فرمایا: یہ حضرت انس کا قول خود ان کے اپنے اعتبار سے ہے ورنہ حدیث سابق سے بات واضح ہوگئی کہ یہ حکم خاص ابو بردہ کے لئے تھا۔

۴۴۱۴۔ **عن** عقبة بن عامر الجهنی رضی الله تعالیٰ عنه قال: قسم النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بین اصحابه ضحا یا فصارت لعقبة رضی الله تعالیٰ عنه جذعة، فقلت: یارسول الله! صارت لی جذعة، قال: ضح بها۔

حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو قربانی کے لئے جانور عطا فرمائے ان کے حصہ میں ششماہی بکری آئی حضور سے حال عرض کیا، فرمایا: تم اسی کی قربانی کردو۔

## ﴿۱۰﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

سنن بیہقی میں بسند صحیح اتنا اور زائد ہے، لا أرخصه لاحد فیها بعد، تمہارے بعد اور کسی کے لئے اس میں رخصت نہیں۔

شیخ محقق اشعۃ اللمعات شرح مشکوۃ میں فرماتے ہیں:۔

احکام مفوض بود بوے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بر قول صحیح۔ صحیح قول کے مطابق احکام شرعیہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سپرد ہیں۔

---

۴۴۱۴۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب قسمة الاضاحی بین الناس، ۲/ ۸۳۲
الصحیح لمسلم ،، باب من الاضحیة، ۲/ ۱۵۵
السنن الکبری للبیهقی، ۹/ ۴۵۲

Marfat.com

## الامن والعلی ۱۷۸

۴۴۱۵۔ **عن** زید بن خالد الجهنی رضی الله تعالیٰ عنه قال : قسم رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی اصحابه رضوان الله تعالیٰ علیهم اجمعین غنما ،فاعطانی عتوداً جذعاً فقال : ضح به ،فقلت انه جذ ع من المعز اضحی به ؟ قال : نعم ، ضح به فضحیت به ۔

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے درمیان بکریاں تقسیم فرمائیں ، مجھے بھی ایک ششماہی بکری عنایت فرما کر ارشاد فرمایا: قربانی کرو، میں نے عرض کیا: یہ تو ششماہی بچہ ہے کیا اسی کی کردوں؟ فرمایا: ہاں، اسی کی قربانی کردو لہذا میں نے قربانی کی۔

۴۴۱۶۔ **عن** ام عطیة رضی الله تعالیٰ عنها قالت : لما نزلت هذه الآیة ، یبایعنك علی ان لا یشرکن بالله شیئا و لا یعصینك فی معروف ، قالت : منه النیا حة ، قالت : فقلت : یارسول الله ! الا ال فلان ، فانهم کانوا اسعدونی فی الجاهلیة فلا بد لی من ان اسعدهم ، فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : الا ال فلان ۔

حضرت ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ جب بیعت زناں کی آیت اتری اور اس میں ہر گناہ سے بچنے کی شرط تھی ، اور مردے پر بیان کر کے رونا چیخنا بھی گناہ تھا ، میں نے عرض کی: یارسول اللہ! فلاں گھر والوں کو استثناء فرمادیجئے کہ انہوں نے زمانۂ جاہلیت میں میرے ساتھ ہو کر میری ایک میت پر نوحہ کیا تھا، تو مجھے ان کی میت پر نوحے میں ان کا ساتھ دینا ضرور ہے، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اچھا وہ مستثنیٰ کردیے۔

۴۴۱۷۔ **عن** ام سلمة اسماء بنت یزید الانصاریة رضی الله تعالیٰ عنها قالت : قالت امرأة من النسوة : ما هذا المعروف الذی لا ینبغی لنا ان نعصیك فیه ، قال

---

۴۴۱۶۔ الصحیح لمسلم ، باب نهی النساء عن النیا حة ، ۱/ ۳۰۴

۴۴۱۷۔ الجامع للترمذی ، تفسیر سورة الممتحنه ، ۲/ ۱۶۴

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم :لا تنحن ، قلت : یارسول اللہ ! ان بنی فلان قد اسعدونی علی عمی ولا بد لی من قضائهم فأبی علی فراجعته مرارًا فاذن لی فی قضائهن ، فلم انح بعد قضائهن ۔

حضرت ام سلمہ اسماء بنت یزید انصاریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ ایک بی بی نے حاضر بارگاہ رسالت ہوکر عرض کی: یارسول اللہ! ولا یعصینك فی المعروف الآیۃ ، میں کس چیز کا ذکر ہے جس سے ہمیں منع کیا گیا؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نوحہ مت کرو، یہ سنکر میں بولی: یارسول اللہ! فلاں خاندان کی عورتوں نے میرے چچا کے مرنے پر نوحہ خوانی کی تھی تو مجھ پر ان کا بدلہ اتارنا ضروری ہے، حضور نے ان کار فرمادیا۔ میں نے کئی بار حضور سے عرض کی آخر حضور نے اجازت دیدی، پھر اس کے بعد میں نے کہیں نوحہ نہ کیا۔

۴۴۱۸۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال : ان خولة بنت حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنها جاء ت الی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فقالت : یارسول اللہ ! کان ابی واخی ماتا فی الجاهلیة ، وان فلانة اسعدتنی وقد مات اخوها ، فلابد لی من ان اسعدها ، فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم :اذهبی فاسعدیها ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت خولہ بنت حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں حاضر ہوئیں اور عرض کی: یارسول اللہ! میرے باپ اور بھائی کا انتقال زمانہ جاہلیت میں ہوا تو فلاں عورت نے نوحہ خوانی میں میرا ساتھ دیا تھا، لہذا مجھے اسکا ساتھ دینا ضرور ہے، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جا اسکا ساتھ دے آ۔

۴۴۱۹۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال : لما بایع النساء

---

۴۴۱۸۔ الدر المنثور للسیوطی، ☆ تفسیر سورۃ الممتحنہ،

۴۴۱۹۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۲۱۱/۱۱ ☆

(لاتبرجن تبرج الجاهلية الاولیٰ) قالت امرأة : يارسول الله ! اراك تشترط علينا ان لا نتبرج ، وان فلانة قد اسعدتني وقد مات اخوها ، فقال رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم : اذهبي فاسعديها ثم تعالي فبايعيني ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ جب عورتوں نے اس بات پر بیعت کی کہ زمانۂ جاہلیت کی طرح اجنبی لوگوں کے سامنے عورتیں بے پردہ نہیں جائینگی تو ایک عورت نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ ہم پر یہ حکم لازم فرمارہے ہیں اور میرا حال یہ ہے کہ فلاں عورت نے نوحہ کرنے میں میرا ساتھ دیا تھا اور اب اسکا بھائی انتقال کر گیا ہے، فرمایا: جاؤ اور نوحہ میں اسکا ساتھ دو پھر مجھ سے آکر بیعت کرو۔ ۱۲م

## ﴿۱۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ بات ظاہر ہے کہ گذشتہ احادیث میں ہر عورت کے لئے رخصت اسی کے ساتھ خاص تھی کہ اس میں دوسری شریک نہ تھی، لہذا امام نووی کے قول پر اس بات کی تردید نہ کی جائے کہ انہوں نے فرمایا: یہ رخصت صرف حضرت ام عطیہ کے لئے خاص تھی۔

اسی طرح وہ تعارض بھی دور کیا جاسکتا ہے جس میں بعض حضرات کو اشکال پیش آیا کہ قربانی سے متعلق احادیث حضرت ابو بردہ بن نیار اور حضرت عقبہ بن عامر دونوں کے لئے کیسے ہوسکتی ہیں کہ تخصیص تو صرف ایک ہی کی متصور ہوگی۔

دفع تعارض کی صورت یہ ہوگی کہ دونوں احادیث میں حکم بے خبر نہیں، اور اس میں شک نہیں کہ جب شارع علیہ الصلوۃ والسلام نے حضرت ابو بردہ کو ایک حکم میں خاص کردیا تو ان کے علاوہ تمام امت اس بات میں شریک ہوئی کہ کسی کے لئے ششماہی بکری کی قربانی جائز نہیں، پھر حضرت عقبہ بن عامر کو خاص کیا تو اب بھی یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ تمہارے سوا کسی سب کے لئے ہر مرتبہ یہ حکم تخصیص صادق آتا، فافهم فقد خفي على كثير من

الامن والعلی ۱۷۹

۴۴۲۰۔ **عن** اسماء بنت عميس رضى الله تعالیٰ عنها قالت : لما اصيب جعفر بن

---

۴۴۲۰۔ الطبقات الكبرى لابن سعد ، ۸/ ۲۲۰

Marfat.com

الاعلام۔

ابی طالب رضی الله تعالیٰ عنه امرنی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال: تسلّمی ثلاثا ثم اصنعی ماشئت۔

حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ جب حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ شہید ہوگئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ تم تین دن سنگار سے الگ رہو پھر جو چاہو کرو۔

## ﴿۱۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہاں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو اس حکم عام سے استثناء فرمادیا کہ عورت کو شوہر پر چار مہینے دس دن سوگ واجب ہے۔

الامن والعلی ۱۸۰

۴۴۲۱ **عن** ابی النعمان الازدی رضی الله تعالیٰ عنه قال: ان رجلا خطب امرأة، فقال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: اصدقها، قال: ماعندی شیٔ، قال: اما تحسن سورة من القرآن فاصدقها السورة، ولا تکون لاحد بعدك مهرا۔

حضرت ابو النعمان ازدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے ایک عورت کو پیام نکاح دیا، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مہر دو، عرض کی: میرے پاس کچھ نہیں، فرمایا: کیا تجھے قرآن کریم کی کوئی سورت نہیں آتی، وہ سورت سکھانا ہی اسکا مہر کر، اور تیرے بعد یہ مہر کسی اور کو کافی نہیں۔

۴۴۲۲۔ **عن** عمارة بن خزیمة رضی الله تعالیٰ عنهما قال: ان عمه رضی الله تعالیٰ عنه حدثه وهو من اصحاب النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ابتاع فرسا من اعرابی فاستبعه النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لیقضیه ثمن فرسه، فاسرع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم

---

۴۴۲۱۔ الاصابه لابن حجر، ۳۴۰/۷

۴۴۲۲۔ السنن لابی داؤد، باب اذا علم الحاکم صدق شهادة الواحد، ۵۰۸/۲

Marfat.com

لمشي وبطأ الاعرابي ،فطفق رجال يعترضون الاعرابي فيساومونه بالفرس ولا يشعرون ان النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ابتاعه ، فنادى الاعرابي رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال : ان كنت مبتاعا هذا الفرس والا بعته ، فقام النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم حين سمع نداء الاعرابي فقال : اوليس قد ابتعته منك ؟ قال الاعرابي : لا والله ! ما بعتكه ، فقال النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : بلى قد ابتعته منك ، فطفق الاعرابي يقول : هلم شهيدا ، فقال : خزيمة رضى الله تعالىٰ عنه قال : انا اشهد انك قد بايعته ، فاقبل النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على خزيمة فقال : لم تشهد ؟ فقال : بتصديقك يارسول الله ! فجعل النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم شهادة خزيمة بشهادة رجلين ۔ الامن والعلی ۱۸۰

حضرت عمارہ بن خزیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میرے چچا صحابی رسول (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ورضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے بیان فرمایا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک اعرابی سے گھوڑا خریدا، پھر حضور اس کو اپنے ساتھ لے چلے تا کہ گھوڑے کی قیمت ادا فرمائیں، حضور تو تیزی سے چل رہے تھے لیکن اعرابی آہستہ آہستہ قدم رکھتا تھا، راہ میں کچھ لوگوں نے اس اعرابی سے اس گھوڑے کا مول تول کیا، کیونکہ ان لوگوں کو معلوم نہ تھا کہ حضور اس کو خرید چکے ہیں۔ اعرابی نے وہاں سے ہی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو آواز لگائی کہ آپ گھوڑا لینا چاہیں تو خریدیے ورنہ میں گھوڑا فروخت کئے دیتا ہوں۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وہیں ٹھہر گئے اور فرمایا: کیا میں نے تجھ سے یہ گھوڑا خرید نہیں لیا؟ اعرابی بولا: نہیں قسم خدا کی! میں نے آپ کے ہاتھ فروخت نہیں کیا۔ حضور نے فرمایا: کیوں نہیں تو نے بلاشبہ مجھ سے سودا کرلیا ہے، بولا: اچھا کوئی گواہ پیش کیجئے، اس وقت حضرت خزیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے اس سے گھوڑا خرید لیا ہے، حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت خزیمہ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: تم نے گواہی کیسے دی تم تو اس وقت موجود بھی نہ تھے، عرض کی: یارسول اللہ! میں حضور کی تصدیق سے گواہی دے رہا ہوں۔ یہ سنکر انعامیں حضور نے آپ کی گواہی دومردوں کی شہادت کے برابر فرمادی۔ ۱۲م

٤٤٢٤ ۔ **عن** خزيمة بن ثابت رضى الله تعالىٰ عنه قال : ان رسول الله صلى

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابتاع من سواء بن الحارث المحاربی فرسا فجحدہ فشھدلہ خزیمۃ بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : ماحملک علی الشھادۃ ولم تکن معہ ؟ قال : صدقت یارسول اللہ ! ولکن صدقت بما قلت ،وعرفت انک لاتقول الاحقا ، فقال : من شھد لہ خزیمۃ واشھد علیہ فحسبہ ۔

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سواء بن حارث محاربی اعرابی سے ایک گھوڑا خریدا، وہ بیچ کر مکر گئے اور گواہ مانگا، حضرت خزیمہ نے گواہی دی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم تو موجود ہی نہیں تھے تم نے گواہی کیسے دی، عرض کی: آپ نے سچ فرمایا میں موجود نہیں تھا، لیکن میں حضور کے لائے ہوئے دین پر ایمان لایا اور یقین جانا کہ حضور حق ہی فرمائینگے، اس کے انعام میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیشہ ان کی گواہی دو مرد کی شہادت کے برابر فرمادی اور ارشاد فرمایا: خزیمہ جس کسی کے نفع خواہ ضرر کی گواہی دیں ایک انہیں کی شہادت بس ہے۔

## ﴿۱۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ان احادیث سے ثابت کہ حضور نے قرآن عظیم کے حکم عام "واشھدوا ذوی عدل منکم" سے خزیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مستثنیٰ فرمادیا۔　　الامن والعلی ۱۸۱

۴۴۲۵۔ **عن** ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : بینما نحن جلوس عند النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذجاءہ رجل فقال : یارسول اللہ ! ھلکت ، قال : مالک ؟ قال : وقعت علی امرأتی وانا صائم ، فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : ھل تجد رقبۃ تعتقھا ، قال : لا، قال : فھل تستطیع ان تصوم شھرین متتابعین ، قال : لا ،قال : فھل تجد اطعام ستین مسکینا ، قال : لا، قال : فمکث النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فبینانحن علی ذلک اتی النبی صلی اللہ تعالیٰ

---

۴۴۲۴۔ المستدرک للحاکم ، ۲/۲۲ ☆ کنز العمال للمتقی، ۳۷۰۳۸، ۱۳/ ۳۷۹

۴۴۲۵۔ الجامع الصحیح للبخاری ، باب اذا جامع فی رمضان ولم یکن لہ شی ، ۱/ ۲۵۹

Marfat.com

علیہ وسلم بعرق فیھا تمر ، والعرق المکتل ، قال : این السائل ؟فقال: انا ، قال : خذ ھذا فتصدق بہ ، فقال الرجل : أعلی افقر منی ؟یارسول اللہ ! فو اللہ !ما بین لابتیھا یرید الحرقین اھل بیت افقر من اھل بیتی ،فضحک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حتی بدت انیا بہ ثم قال : اطعمہ اھلک ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے کہ ایک شخص نے بارگاہ اقدس میں حاضر ہوکر عرض کی: یارسول اللہ! میں ہلاک ہوگیا،فرمایا: کیا ہے؟ عرض کی: میں نے رمضان میں اپنی عورت سے نزدیکی کی، فرمایا: غلام آزاد کرسکتا ہے؟ عرض کی: نہ،فرمایا: لگاتار دو مہینے کے روزے رکھ سکتا ہے؟ عرض کی: نہ،فرمایا: ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاسکتا ہے؟ عرض کی: نہ، اتنے میں خرمے خدمت اقدس میں لائے گئے ،حضور نے فرمایا: انہیں خیرات کردے ،عرض کی: کیا اپنے سے زیادہ کسی محتاج پر ،مدینے بھر میں کوئی گھر ہمارے برابر محتاج نہیں ،رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ سنکر ہنسے یہاں تک کہ دندان مبارک ظاہر ہوئے اور فرمایا: جا اپنے گھر والوں کو کھلادے۔

٤٤٢٦ ۔ **عن** ام المؤمنین عائشۃ الصدیقۃ رضی اللہ تعالیٰ عنھا قالت : اتی رجل الی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی المسجد فی رمضان ، فقال : یارسول اللہ ! احترقت ،احترقت ، فسألہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ماشانہ ؟ فقال:اصبت اھلی ، قال : تصدق ، فقال : واللہ یانبی اللہ ! مالی شئ وما اقدر علیہ ، قال : اجلس ، فجلس فبینا ھو علی ذلک اقبل رجل یسوق حمارا علیہ طعام ، فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : این المحترق آنفا ، فقام الرجل ،فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : تصدق بھذا ، فقال : یارسول اللہ ! أغیرنا ، فو اللہ ! انا الجیاع ، مالنا شئ ،قال : فکلوہ ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی

---

٤٤٢٦۔ الصحیح لمسلم ، باب تغلیظ تحریم الجماع فی نھار رمضان ، ١/ ٣٥٥

السنن لابی داؤد ، باب کفارۃ من اتی اھلہ فی رمضان ، ١/ ٢٣٥

Marfat.com

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں ماہ رمضان میں مسجد نبوی میں ایک شخص حاضر ہوااور اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں برباد ہوگیا، میں برباد ہوگیا، حضور نے پوچھا کیا ہوا؟ عرض کی: میں اپنی بیوی سے قربت کر بیٹھا، فرمایا: صدقہ کر، بولا: یارسول اللہ! میرے پاس تو کچھ بھی نہیں، فرمایا: اچھا بیٹھ جا، اتنے میں ایک مرد اپنے گدھے پر کھانا لاد کر حاضر ہوا، فرمایا: کہاں ہے بربادی والا؟، وہ شخص حاضر ہوا تو فرمایا: یہ کھانا صدقہ کردو، بولا: یارسول اللہ! کیا میں اپنے اہل خانہ کے علاوہ پر صدقہ کروں، قسم خدا کی! میرے گھر والے خود فاقہ سے ہیں اور ہمارے پاس کچھ بھی نہیں، فرمایا: اچھا تو تم کھالو۔۱۲م

٤٤٢٧۔ **عن** امير المؤمنين على المرتضى كرم الله تعالىٰ وجهه الكريم قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: كله انت وعيالك فقد كفر الله عنك۔

امیر المؤمنین حضرت مولی علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس شخص سے فرمایا: تو اور تیرے اہل وعیال یہ خرمے کھالیں کہ اللہ تعالیٰ نے تیری طرف سے کفارہ ادا فرمادیا۔

## ﴿۱۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

مسلمانو! گناہ کا ایسا کفارہ کسی نے بھی سنا ہوگا، سوا دومن خرمے سرکار سے عطا ہوتے ہیں کہ آپ کھالو کفارہ ہوگیا۔ واللہ! یہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ رحمت ہے کہ سزا کو انعام سے بدل دے، ہاں ہاں یہ بارگاہ بیکس پناہ "فاؤلئك يبدل الله سيئاتهم حسنات" کی خلافت کبری ہے، ان کی ایک نگاہ کرم کبائر کو حسنات کردیتی ہے۔ جب تو ارحم الراحمیں جل جلالہ نے گنہگاروں خطاواروں تباہکاروں کو ان کا دروازہ بتایا کہ۔

ولو انهم اذظلموا انفسهم جائوك الآية۔

گنہگار تیرے دربار میں حاضر ہوکر معافی چاہیں اور تو شفاعت فرمائے تو خدا کو توبہ کرنے والا مہربان پائیں۔ والحمد لله رب العلمين۔

ہدایہ میں ہے، فرمایا:

---

٤٤٢٧۔ السنن للدار قطنی، ۲/ ۲۱۱

Marfat.com

کل انت و عيالك تجزئك ولا تجزئ احدا بعدك

تو اور تیرے بال بچے کھالیں تجھے کفارے سے کفایت کرے گا اور تیرے بعد اور کسی کو کافی نہ ہوگا۔

سنن ابی داؤد میں امام ابن شہاب زہری تابعی سے ہے۔

انما كان هذه رخصة له خاصة، ولو ان رجلا فعل ذلك اليوم لم يكن له بدّ من التكفير۔

یہ خاص اسی شخص کے لئے رخصت تھی، آج کوئی ایسا کرے تو کفارہ سے چارہ نہیں۔

امام جلال الدین سیوطی وغیرہ علما نے بھی اسے خصائص مذکورہ سے گنا، وفی الحدیث وجوہ اُخر۔　الامن والعلی ۱۸۲

۴۴۲۸۔ **عن** زينب بنت ابی سلمة رضی الله تعالیٰ عنه قالت: قالت ام المؤمنين عائشة الصديقة رضی الله تعالیٰ عنها: قد جاء ت سهلة بنت سهيل الی رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم فقالت: يارسول الله! والله! انی لأری فی وجه ابی حذيفة من دخول سالم، فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: ارضعيه، فقالت: انه ذولحية فقال: ارضعيه حتی يدخل عليك ويذهب مافی وجه ابی حذيفة، رضی الله تعالیٰ عنه، فقالت: والله! ماعرفته فی وجه ابی حذيفة۔

حضرت زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: حضرت ابوحذیفہ کی بی بی حضرت سہلہ بنت سہیل رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے عرض کی: یارسول اللہ! سالم آزاد کردۂ ابوحذیفہ میرے سامنے آتا

---

۴۴۲۸۔ الصحيح لمسلم، کتاب الرضاع، ۱/ ۴۶۹

السنن للنسائی، باب رضاع الكبير، ۲/ ۶۹

السنن لابن ماجه، باب رضاع الكبير، ۲/ ۱۳۹

المسند لاحمد بن حنبل، ۶/ ۲۰۱ ☆ مجمع الزوائد للهيثمی، ۴/ ۲۶۰

المعجم الكبير للطبرانی، ۷/ ۶۹ ☆ كنز العمال للمتقی، ۱۵۷۲۶، ۶/ ۲۸۴

جاتا ہےاور وہ جوان ہے،ابوحذیفہ کو یہ ناگوار ہے،سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے دودھ پلادو کہ تمہارے پاس بے پردہ آنا جانا جائز ہو جائے،عرض کیا: وہ تو داڑھی والے جوان ہیں،فرمایا: تم دودھ پلاؤ کہ ابوحذیفہ کی ناگواری ختم ہو جائیگی،چنانچہ انہوں نے دودھ پلایا،پھر فرماتی تھیں کہ قسم بخدا! میں نے ابوحذیفہ کے چہرہ میں پھر کبھی ناگواری کے آثار نہیں دیکھے۔۱۲م

۴۴۲۹۔ **عن** عمرة بنت عبد الرحمٰن رضی الله تعالیٰ عنها قالت : قالت ام المؤمنين عائشة الصديقة رضی الله تعالیٰ عنها : ان امرأة ابی حذيفة ذكرت لرسول صلی الله تعالیٰ عليه وسلم دخول سالم مولی ابی حذيفة عليها ، فقال لها رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم :ارضعيه ، فارضعته بعد ان شهد بدرا فكان يدخل عليها ۔

حضرت عمرہ بنت عبدالرحمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: ابوحذیفہ کی بیوی نے سالم غلام آزاد کردۂ ابوحذیفہ کے بارے میں عرض کیا کہ وہ میرے پاس آتا جاتا ہے،حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اس کو دودھ پلادو،لہذا انہوں نے سالم کو دودھ پلادیا اور سالم اس وقت مرد جوان تھے،جنگ بدر میں شریک ہو چکے تھے۔

جوان آدمی کو اول تو عورت کا دودھ پینا ہی کب حلال ہے اور پیئے تو اس سے پسر رضاعی نہیں ہو سکتا مگر حضور نے ان حکموں سے سالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مستثنیٰ فرمادیا۔

ولہذا ام المومنین ام سلمہ وغیرھا باقی ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنھن نے فرمایا:

ما نرى هذه الا رخصة ارخصها رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم سالم خاصة ۔

ہمارا یہی اعتقاد ہے کہ یہ رخصت حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خاص سالم کے لئے فرمادی تھی۔　　الامن والعلی　۱۸۳

---

۴۴۲۹۔ المستدرك للحاكم ،　　كتاب معرفة الصحابه　　۳/ ۲۵۱

Marfat.com

۴۴۳۰۔ **عن** انس بن مالك رضی الله تعالیٰ عنه قال : ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم رخص لبعد الرحمٰن بن عوف والزبیر ابن العوام فی لبس الحریر لحکة کانت بهما ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے بدن میں خشک خارش کی وجہ سے ان دونوں حضرات کو ریشمیں کپڑے پہننے کی اجازت دیدی۔

۴۴۳۱۔ **عن** ابی سعید الخدری رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لعلی کرم الله تعالیٰ وجهه الکریم : یاعلی ! لایحل لاحد ان یجنب فی هذاالمسجد غیری وغیرك ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے ارشاد فرمایا: اے علی! میرے اور تمہارے سوا کسی کو حلال نہیں کہ اس مسجد میں بحال جنابت داخل ہو۔

۴۴۳۲ ۔ **عن** ابی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال امیر المؤمنین عمربن الخطاب رضی الله تعالیٰ عنه : لقد اعطی علی بن ابی طالب کرم الله تعالی وجهه الکریم ثلاث خصال لأن تکون لی خصلة منها احب الی من ان اعطی حمر النعم

۴۴۳۲۔ المستدرك للحاکم، کتاب معرفة الصحابة، ۳/ ۱۳۵

،قیل : وما هن یا امیرالمؤ منین ؟ قال : تزوجه فاطمة بنت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ،وسکناه المسجد مع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یحل له فیه مایحل له ، والرایة یوم خیبر ۔

---

۴۴۳۰۔ السنن لابی داؤد، باب فی لبس الحریر لعذر ۲/ ۵۶۱

۴۴۳۱۔ الجامع للترمذی، باب مناقب علی بن ابی طالب، ۲/ ۲۱۴

السنن الکبری للبیهقی، ۷/ ۶۶ ☆ کنز العمال للمتقی، ۳۲۸۸۵،۱۱/ ۵۹۹

التفسیر لابن کثیر، ۲/ ۲۷۴ ☆ البدایة والنهایة لابن کثیر ۷/ ۳۴۳

Marfat.com

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا علی کو تین باتیں وہ دیدی گئیں کہ ان میں سے میرے لئے ایک ہوتی تو مجھے سرخ اونٹوں سے زیادہ پیاری تھی، سرخ اونٹ عزیز ترین اموال عرب ہیں کسی نے کہا: یاامیر المؤمنین! وہ کیا ہیں؟ فرمایا: دختر رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے شادی، اور ان کا مسجد میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ رہنا کہ انہیں مسجد میں روا تھا جو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو روا تھا۔ یعنی بحالت جنابت رہنا، اور روز خیبر کا نشان۔

۴۴۳۳۔ **عن** ام المؤمنین ام سلمة رضی اللہ تعالیٰ عنه قالت: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: الا ان هذاالمسجد لایحل لجنب ولا لحائض الا للنبی صلی الله تعالیٰ علیه وازواجه وفاطمة بنت محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وعلی، الا بینت لكم ان تضلوا۔

ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سن لو! یہ مسجد کسی جنب کو حلال نہیں ہے نہ کسی حائض کو مگر سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضور کی ازواج مطہرات وحضرت بتول زہرا اور مولی علی کو۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وسلم۔ سن لو! میں نے تم سے صاف صاف بیان فرمادیا کہ کہیں بہک نہ جاؤ۔

۴۴۳۴۔ **عن** محمد بن مالك رضی الله تعالیٰ عنه قال: رأیت علی البراء بن عازب رضی الله تعالیٰ عنه خاتما من ذهب وكان الناس یقولون له: لم تختم بالذهب وقد نهی عنه النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال البراء: بینا نحن عند رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وبین یدیه غنیمة یقسمها سبی وخرثی، قال: فقسمها حتی بقی هذاالخاتم، فرفع طرفه فنظر الی اصحابه ثم خفض، ثم رفع

---

۴۴۳۳۔ السنن الكبری للبیهقی، ۷/۶۵ ☆ كنز العمال للمتقی، ۳۴۱۸۳، ۱۲/۱۱
تاریخ دمشق لابن عساكر، ۴/۳۲۰ ☆ جمع الجوامع للسیوطی، ۹۱۰۰۴،
تاریخ اصفهان لابی نعیم، ۱/۲۹۱ ☆ المطالب العالیة، لابن حجر، ۱۹۳

۴۴۳۴۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۵/۲۷۶ ☆

Marfat.com

طرفه فنظر اليهم ،ثم خفض ثم رفع طرفه فنظر اليهم ،ثم قال: اى براء! فجئته حتى قعدت بين يديه، فاخذالخاتم فقبض على كورعى ،ثم قال : خذالبس ماكساك الله ورسوله ،قال : وكان البراء يقول : كيف تأمرونى ان أضع ماقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: البس ماكساك الله ورسوله ۔

حضرت محمد بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سونے کی انگوٹھی پہنے دیکھا،لوگ ان سے کہتے تھے کہ آپ سونے کی انگوٹھی کیوں پہنتے ہیں حالانکہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے ممانعت فرمائی ہے،حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ہم حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر تھے ،حضور کے سامنے اموال غنیمت غلام ومتاع حاضر تھے ،حضور تقسیم فرمارہے تھے ،سب بانٹ چکے تو یہ انگوٹھی باقی رہی ،حضور نے نظر مبارک اٹھا کر اپنے اصحاب کرام کو دیکھا پھر نگاہ نیچی کرلی ، پھر نظر اٹھا کر ملاحظہ فرمایا پھر نگاہ نیچی کرلی ، پھر نظر اٹھا کر دیکھا اور مجھے بلایا ،اے براء! میں حاضر ہوکر حضور کے سامنے بیٹھ گیا،سید اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انگوٹھی لے کر میری کلائی تھامی پھر فرمایا: لے پہن لے جو کچھ تجھے اللہ ورسول پہناتے ہیں،جل جلالہ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۔حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے: تم لوگ کیونکر مجھے کہتے ہو کہ میں وہ چیز اتار ڈالوں جسے مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: لے پہن لے جو کچھ اللہ ورسول نے پہنایا ہے،جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۔

الامن والعلی ۱۸۵

۴۴۳۵ ۔ **عن** الحسن البصری رضی الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لسراقة بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه : كيف بك اذالبست سوارى كسرى ، اذا فتح كسرى بزمن امير المؤمنين عمربن الخطاب رضى الله تعالىٰ عنه فجيئت بسوارى كسرى الى عمر الفاروق فالبسهما سراقة وقال : قل : برفع يديك الله اكبر ، الحمد لله الذى سلبهما كسرى بن هرمز و البسهما سراقة

---

۴۴۳۵۔ اتحاف السادة للزبيدى ، ۷/ ۱۸　☆　الشفا للقاضى ، ۱/ ۶۷۴

Marfat.com

الاعرابی۔

حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سراقہ بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا: وہ وقت تیرا کیسا ہوگا جب تجھے کسری بادشاہ ایران کے کنگن پہنائے جائینگے؟ جب ایران زمانۂ امیر المؤمنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں فتح ہوا اور کسری کے کنگن، کمر بند، تاج خدمتِ فاروقی میں حاضر کئے گئے، امیر المؤمنین نے انہیں پہنائے اور فرمایا: اپنے دونوں ہاتھ اٹھا کر کہو۔ اللہ بہت بڑا ہے، سب خوبیاں اللہ کو جس نے یہ کنگن کسری بن ہرمز سے چھینے اور سراقہ دہقانی کو پہنائے۔

امام زرقانی فرماتے ہیں: اس حدیث سے سونے کا استعمال جائز نہیں ہوتا، کیونکہ وہ تو حرام ہے، رہا امیر المومنین کا یہ فعل تو یہ محض حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے معجزہ کا اظہار مقصود تھا ان کو مستقل پہنانا نہیں، اسی لئے تو روایت ہے کہ امیر المومنین نے ان کو اتارنے کا حکم دیا اور ان کو مال غنیمت میں شامل فرمادیا۔ اور اس طریقے کو استعمال کرنا نہیں کہا جاتا۔

**اقول**: اللہ تعالیٰ فاضل کبیر الشان علامہ زرقانی پر رحم فرمائے، یہاں معجزہ کا اظہار بایں معنی مقصود ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ خبر دینا بالکل حق ثابت ہوا کہ حضرت سراقہ کسری کے کنگن پہنینگے، اور چونکہ پہننا ہی حرام ہے لہذا حرمت کا تعلق پہننے ہی سے مانا جائیگا، تو واضح یہ ہی ہے جو ہمارا مقصود ہے یہ کہ خاص حضرت سراقہ کے لئے رخصت تھی، ہاں حدیث شریف میں ایسا کوئی اشارہ نہ تھا جس سے وہ کنگن حضرت سراقہ کی ملک ثابت ہوتے لہذا امیر المومنین نے صرف پہنانے تک محدود رکھا اور پھر ان کو مال غنیمت میں شامل فرمادیا۔

الامن والعلی ۱۸۶

۴۴۳۶۔ **عن** محمد بن الحنفیة رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: وقع بین علی وطلحة رضی اللہ تعالیٰ عنہما کلام، فقال طلحة لعلی: ومن جرأتك انك سميت

---

۴۴۳۶۔ کنز العمال للمتقی، ۳۷۸۵۴، ۱۴/ ۲۹

Marfat.com

باسمه و کنیت بکنیته وقدقال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: لایجتمعان ، وفی لفظ ، قد نهی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ان یجمعهما احد من امته بعده فقال علی کرم الله تعالیی وجهه الکریم : ان الجری من اجترأ علی الله ورسوله ، ادعولی فلانا وفلانا ، لنفرمن قریش ، فجاؤا فشهادوا ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال لعلی : انه سیولد لك ولد ، نحلته اسمی و کنیتی ، ولا یحل لاحد من امتی بعده ۔

حضرت محمد بن حنفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ امیر المومنین حضرت علی اور حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما میں کچھ گفتگو ہوئی، حضرت طلحہ نے کہا: آپ نے اپنے بیٹے محمد بن حنیفہ ابو القاسم کا نام بھی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا پاک نام رکھا اور کنیت بھی حضور کی کنیت ، حالانکہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے جمع کرنے سے منع فرمایا ہے، امیر المومنین کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے ایک جماعت قریش کو بلا کر گواہی دلوائی کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امیر المومنین سے ارشاد فرمایا: عنقریب میرے بعد تمہارے ایک لڑکا ہوگا میں نے اسے اپنے نام وکنیت دونوں عطا فرمادیئے اور اس کے بعد میرے کسی اور امتی کو حلال نہیں۔

## ﴿۱۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ مولی علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے لئے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے رخصت تھی۔

شیخ محقق اشعۃ اللمعات میں فرماتے ہیں:۔

اس مسئلہ میں علمائے کرام کے متعدد اقوال ہیں، لیکن صحیح قول یہ ہے کہ حضور کے نام پر نام رکھنا جائز ہی نہیں بلکہ مستحب ہے، لیکن کنیت درست نہیں، اسی طرح نام وکنیت دونوں کا جمع کرنا بطریق اولی ممنوع ہے ہاں حضرت علی کے لئے دونوں کا اجتماع جائز تھا جو دوسرے کے لئے نہیں۔

تنویر الابصار میں ہے۔ لیکن

جسکا نام محمد ہو اس کو ابو القاسم کنیت رکھنا جائز ہے۔

Marfat.com

درمختار میں اس کی وجہ یوں بیان ہوئی:۔

نام وکنیت کے جمع کرنے کی ممانعت منسوخ ہوچکی، حضرت علی کا دونوں کو جمع کرنا اس نسخ کی دلیل ہے۔

**اقول**: یہاں منسوخ کس طرح قرار دیا جاسکتا ہے جبکہ خود نص حدیث سے ثابت ہورہا ہے کہ یہ رخصت حضرت علی کے لئے خود حضور کی جانب سے تھی اور دوسروں کے لئے ناجائز۔

یہاں مزید تفصیل بھی کی جاسکتی ہے لیکن اس کی گنجائش نہیں۔ایک خاص بات اور پیش نظر رہے کہ حضور تاکید فرمارہے ہیں کہ لڑکا ہوگا، وہابیہ کے دین میں پیٹ کا حال بتانا کہ نر ہے یا مادہ شرک اکبر ہے، ان بدمذہبوں نے شرک سے حضور کو بھی نہ بخشا۔

الامن والعلی ۱۸۶

۴۴۳۷ ـ **عن** عثمان بن موهب رضى الله تعالىٰ عنه قال : جاء رجل من اهل مصر وحج البيت فرأى قوما جلوسا ، فقال : من هؤلآء القوم ؟ فقالوا : هؤلاء قريش ،قال : فمن الشيخ فيهم ، قالوا : عبد الله بن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما ، قال : يا ابن عمر ! انى سائلك عن شئ فحدثنى ، هل تعلم ان عثمان بن عفان رضى الله تعالىٰ عنه فر يوم احد ؟ قال : نعم ،قال : تعلم قد تغيب عن بدر ولم يشهد قال : نعم ،قال : تعلم انه تغيب عن بيعة الرضوان فلم يشهد؟قال : نعم قال : الله اكبر ، قال ابن عمر : تعال ابين لك ، اما فرار يوم احد فاشهد ان الله قد عفا عنه وغفرله ، واما تغيبه عن بدر فانه كان تحته بنت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وكانت مريضة ،فقال له رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ان لك اجر رجل ممن شهد بدرا وسهمه ، واما تغيبه عن بيعة الرضوان فلو كان احد اعزببطن

---

۴۴۳۷ـ الجامع الصحيح للبخارى ، باب مناقب عثمان رضى الله تعالى عنه ، ۱/ ۵۲۳

الجامع للترمذى ، باب مناقب عثمان رضى الله تعالىٰ عنه ، ۲/ ۲۱۲

المسند لاحمد بن حنبل ، ۲/ ۱۲۰ ☆ التفسير لابن كثير ، ۲/ ۱۱۷

فتح البارى للعسقلانى ، ۷/ ۵۴ ☆ كنز العمال للمتقى، ۳۲۸۲۶، ۱۱/ ۵۹۰

Marfat.com

مکة من عثمان بعثه مکانه ، فبعث رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عثمان وکانت بیعة الرضوان بعد ما ذهب عثمان الی مکة ، فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بیده الیمنی : هذه ید عثمان فضرب بها علی یده فقال : هذه لعثمان ، فقال له ابن عمر : اذهب بها الآن معك ۔

حضرت عثمان بن موھب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی مصر سے آیا اور اس نے حج کیا، حج بیت اللہ سے فارغ ہونے کے بعد اس نے چند حضرات کو ایک جگہ بیٹھے دیکھا تو پوچھا، یہ کون لوگ ہیں؟ لوگوں نے کہا: یہ قریش ہیں، بولا: ان کا سردار کون ہے؟ جواب ملا، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما، اس نے قریب آکر حضرت ابن عمر سے کہا: اے ابن عمر! میں آپ سے کچھ پوچھنا چاہتا ہوں اسکا جواب عنایت فرمایئے، کیا آپ کو معلوم ہے کہ حضرت عثمان غزوہ احد سے فرار ہو گئے تھے؟ جواب دیا: ہاں، پھر پوچھا، کیا آپ جانتے ہیں کہ حضرت عثمان غزوۂ بدر میں شریک نہیں تھے، فرمایا: ہاں، پھر دریافت کیا، کیا آپکے علم میں ہے کہ حضرت عثمان بیعت رضوان کے موقع پر موجود نہ تھے؟ فرمایا: ہاں، اس نے یہ تمام جوابات سنکر کہا اللہ اکبر، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: ٹھریئے، میں ان تمام واقعات کی حقیقت تمہیں سناتا ہوں۔ سنو! جنگ احد سے فرار ہو جانے کا معاملہ یہ ہے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں معاف فرمادیا اور بخشدیا۔ غزوۂ بدر میں شرکت نہ کرنے کی وجہ یہ تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپکے نکاح میں تھیں اور اس وقت بیمار تھیں، لہذا خود حضور نے ان سے فرمایا تھا تمہارے لئے وہی ثواب وہی حصہ ہے، جو شریک ہونے والوں کے لئے ہے۔

رہا بیعت رضوان کا قصہ تو سنو! مکہ مکرمہ کی سرزمین پر حضرت عثمان سے بڑھکر کوئی دوسرا معزز ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کی جگہ اہل مکہ کے پاس اس کو بھیجتے تو بیعت رضوان کا واقعہ ان کے مکہ مکرمہ تشریف لے جانے کے بعد پیش آیا (بلکہ اس بیعت کا سبب ہی حضرت عثمان کا مکہ مکرمہ میں دیر تک ٹھہرے رہنا تھا جس سے غلط افواہ پھیل گئی اور لوگ بے چین ہو گئے تھے) حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس وقت اپنے داہنے دست اقدس کے بارے میں فرمایا تھا: یہ عثمان کا ہاتھ ہے۔ پھر دوسرے مبارک ہاتھ پر رکھ کر فرمایا: یہ

Marfat.com

عثمان کی بیعت ہے۔

یہ تفصیل بیان فرما کر حضرت عبداللہ بن عمر نے فرمایا: اے مصری! یہ معلومات اپنے سامنے رکھنا اور دوسروں کے شکوک وشبہات دور کرنے کے لئے ان کو یہ بتاتے رہنا۔

اس حدیث سے ثابت کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ثواب جہاد بھی عطا فرمایا اور مال غنیمت میں حصہ بھی، یہ حضرت عثمان غنی کی خصوصیت تھی حالانکہ جو حاضر جہاد نہ ہو غنیمت میں اسکا حصہ نہیں۔ سنن ابی داؤد میں انہیں حضرت ابن عمر سے ہے۔

۴۴۳۸۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قام یعنی یوم بدر فقال: ان عثمان انطلق فی حاجۃ اللہ ورسولہ، وانی ابایع لہ فضرب لہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بسہم ولم یضرب لاحد غاب غیرہ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بدر کے دن مال غنیمت کی تقسیم کے لئے تشریف فرما ہوئے اور فرمایا؛ حضرت عثمان اللہ ورسول کی حاجت میں گئے ہیں لہذا ان کی طرف سے میں بیعت کر رہا ہوں، (یہ جملہ بیعت رضوان کے موقع پر فرمایا تھا لیکن راوی سے خلط واقع ہوا۔ ۱۲م) حضور نے حضرت عثمان کے لئے حصہ مقرر فرمایا اور ان کے سوا کسی غیر حاضر کو حصہ نہ دیا۔ الامن والعلی ۱۸۷

۴۴۳۹۔ **عن** عبید اللہ بن صخرا الانصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لمعاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ حین بعثہ الی الیمن: انی قد عرفت بلاءک فی الدین، والذی قد رکبک من الدین، وقد طیبت لک الھدیۃ، فان اھدی لک شیء فاقبل، قال: فرجع حین رجع بثلاثین رأسا اھدیت لہ۔

حضرت عبید بن صخر انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی

---

۴۴۳۸۔ السنن لابی داؤد، باب فی من جاء بعد الغنیمۃ سہم لہ،

۴۴۳۹۔ الاصابہ لابن حجر، ۶/۱۰۸ ☆

Marfat.com

کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یمن پر گورنر بنا کر بھیجا تو فرمایا: مجھے معلوم ہے جو تمہاری آزمائشیں دین متین میں ہوچکیں اور جو کچھ دیون تم پر ہوگئے ہیں۔لہذا میں نے تمہارے لئے رعایا کے ھدایا طیب کردیے،اگر کوئی چیز تمہیں ھدیہ دی جائے تو تم قبول کرلو۔راوی حضرت عبید کہتے ہیں: جب معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ واپس آئے تمیں غلام ساتھ لائے کہ انہیں ھدیہ دیئے گئے۔

حالانکہ عاملوں کو رعایا سے ھدیہ لینا حرام ہے۔

٤٤٤٠۔ **عن** حذيفة بن اليمان رضى الله تعالى عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: هدايا العمال حرام كلها۔

٤٤٤٢۔ **عن** حميد الساعدى رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: هدايا العمال غلول۔

حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عاملوں کے ہدیے خیانت ہیں۔

٤٤٤٣۔ **عن** عبد الله بن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما قال: ذكر رجل لرسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم انه يخدع فى البيوع فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: من بايعت فقل لاخلابة فكان اذا بايع يقول: لاخيابة زاد الحميدى فى مسنده ثم انت بالخيار ثلثا۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ایک شخص یعنی حبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

---

٤٤٤٠۔ اتحاف السادة، للزبيدى، ٦/ ☆ المطالب العالية لابن حجر، ٢١٠٢
كنز العمال للمتقى، ١٥٠٦٨، ٦/ ١١٢ ☆ كشف الخفا للعجلونى، ٢/ ٤٦٣

٤٤٤٢۔ مجمع الزوائد للهيثمى، ٤/ ٢٠٠ ☆ اتحاف السادة للزبيدى، ٦/ ١٦٢
فتح البارى للعسقلانى، ٥/ ٢٢١ ☆ كنز العمال للمتقى، ١٥٠٦٧، ٦/ ١١١

٤٤٤٣۔ الصحيح لمسلم، باب من يخدع فى البيع، ٢/ ٧

Marfat.com

وسلم سے عرض، کی: کہ میں فریب کھاجاتا ہوں، یعنی لوگ مجھ سے زیادہ قیمت لے لیتے ہیں ،فرمایا: جس سے خریداری کرو یہ کہدیا کرو کہ فریب کی نہیں سہی ، پھر تمہیں تین دن تک اختیار ہے، اگر ناموافق پاؤ بیع رد کردو۔

۴۴۴۴ ۔ **عن** انس بن مالك رضی الله تعالیٰ عنه قال: ان رجلا علی عهد رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم كان یبتاع وفی عقدته ضعف ـ فاتی اهله نبی الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقالوا: یا رسول الله ! احجر علی فلان ،فانه یبتاع وفی عقدته ضعف ، فدعاه النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فنهاه عن البیع ، فقال یا رسول الله!انی لا اصبر عن البیع، فقال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: ان كنت غیر تارك للبیع فقل: هاء وهاء ولا خلابة ـ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں ایک شخص خرید وفروخت کرتا لیکن اس میں اس سے چوک ہوجاتی ،ان کے گھر والے حضور اقدس کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کی: یارسول اللہ آپ ان کو خرید وفروخت سے روک دیجئے ، کہ وہ خرید وفروخت میں دھوکہ کھاجاتے ہیں ، حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو بلایا اور خرید وفروخت سے منع فرمایا: بولے: یارسول اللہ! مجھ سے صبر نہیں ہوسکے گا ،فرمایا: اچھا تم چھوڑ نہیں سکتے تو معاملۂ بیع کے وقت یہ کہہ دیا کرو، خبردار اس معاملہ میں فریب اور چکمہ نہیں ۔۱۲م

## ﴿۱۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

امام نووی شرح مسلم میں فرماتے ہیں:

امام ابوحنیفہ، امام شافعی اور روایت اصح میں امام مالک وغیرہم ائمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے نزدیک غبن باعث خیار نہیں، کتنا ہی غبن کھائے بیع کو رد نہیں کرسکتا، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس حکم سے خاص انہیں کو نوازا تھا، اوروں کے لئے نہیں، یہ ہی قول صحیح ہے ۔

الامن والعلی ۱۸۸

---

۴۴۴۴ ـ السنن لابی داؤد، باب فی الرجل یقول عند البیع لا خلابة، ۲/ ۴۹۴

Marfat.com

٤٤٤٥ ـ **عن** کریب رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان عبد اللہ بن عباس والمسور ابن مخرمة وعبد الرحمن بن ازهر رضی اللہ تعالیٰ عنهم ارسلوه الی عائشة الصدیقة رضی اللہ تعالیٰ عنها فقالوا اقرأ علیها السلام منا جمیعا وسلها عن الرکعتین بعد صلوة العصر وقل لها : انا اخبرنا انك تصلیهما ، وقد بلغنا ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم نهی عنهما ،وقال ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما : وکنت اضرب الناس مع عمربن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنه، قال کریب : فدخلت علی عائشة الصدیقة رضی اللہ تعالیٰ عنها فبلغتها ماارسلونی ، فقالت : سل ام سلمة رضی اللہ تعالیٰ عنها ، فخرجت الیهم فاخبرتهم بقولها ، فردونی الی ام سلمة بمثل ماارسلونی به الی عائشة ، فقالت ام سلمة رضی اللہ تعالیٰ عنها : سمعت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ینهی عنها ، ثم رأیته یصلیهما حین صلی العصر ، ثم دخل علی و عندی نسوة من بنی حرام من الانصار ،فارسلت الیه الجاریة فقلت : قومی بجنبه قولی له تقول لك ام سلمة : یارسول اللہ ! سمعتك تنهی عن هاتین الرکعتین واراك تصلیهما ،فان اشار بیدی فاستاخری عنه ، ففعلت الجاریة فاشار بیده فاستاخرت عنه ،فلما انصرف قال : یا ابنة ابی امیة ! سألت عن الرکعتین بعد العصر وانه اتانی ناس من عبد القیس فشغلونی عن الرکعتین بعد الظهر فهما هاتان۔

حضرت کریب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس حضرت مسور بن مخرمہ اور حضرت عبد الرحمٰن بن ازہر رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے مجھے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں بھیجا اور کہا: جاؤ ان کو ہمارا سلام عرض کرنا اور عصر کے بعد دو رکعت نماز نفل کے بارے میں پوچھنا، کہ ہمیں معلوم ہوا کہ آپ عصر کے بعد دو

---

٤٤٤٥ـ الجامع الصحیح للبخاری ، باب اذا کلم وهو یصلی فاشار بیده واستمع ، ١/ ١٦٤

الصحیح لمسلم ، باب الاوقات نهی عن الصلوة فیها، ١/ ٢٧٧

السنن لابی داؤد ، باب الصلوة بعد العصر ، ١/ ١٨٠

Marfat.com

رکعتیں ادا کرتی ہیں حالانکہ ہمیں یہ حدیث پہونچی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس نماز سے منع فرماتے تھے۔ حضرت ابن عباس فرماتے ہیں: میں ان دو رکعتوں کے پڑھنے پر حضرت فاروق اعظم کی موجودگی میں لوگوں کو مارتا تھا۔ حضرت کریب کہتے ہیں: میں ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کی خدمت میں پہونچا اور ان حضرات کا پیغام پہونچایا، ام المومنین نے فرمایا: جاؤ اس سلسلہ میں ام سلمہ سے پوچھو، میں نے واپس آ کر ان حضرات کو بتایا تو وہی پیغام لے کر مجھے ام المومنین حضرت ام سلمہ کے پاس بھیجا۔ ام سلمہ نے فرمایا: میں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان دو رکعتوں سے روکتے ہوئے سنا تھا لیکن ایک مرتبہ عصر کے بعد میں نے آپ کو پڑھتے بھی دیکھا، اس وقت میرے یہاں قبیلہ بنو حرام کی کچھ انصاری عورتیں آئی ہوئی تھیں، لہذا میں نے ایک لونڈی سے کہا: حضور کے پاس جاؤ اور آپ کے پہلو میں کھڑے ہو کر عرض کرو: ام سلمہ عرض کرتی ہیں کہ یارسول اللہ! میں نے تو ان دو رکعتوں کی ممانعت سنی تھی اور اب میں آپ کو پڑھتے دیکھ رہی ہوں، اگر حضور اشارے سے ہٹائیں تو پیچھے ہٹ آنا۔ چنانچہ وہ لونڈی گئی اور اس نے ویسا ہی عرض کیا: حضور نے اس کو اشارے سے ہٹایا تو وہ ہٹ آئی، جب حضور نماز سے فارغ ہوئے تو حضرت ام سلمہ کے پاس آ کر فرمایا: اے بنت ابی امیہ! تم نے مجھ سے ابھی عصر کے بعد دو رکعتوں کی بابت پوچھا تھا تو سنو، میرے پاس عبد القیس کے کچھ لوگ آئے تھے، انھوں نے ظہر کے بعد کچھ گفتگو شروع کردی جسکے سبب میں ظہر کے بعد کی دو رکعتیں نہ پڑھ سکا تھا، یہ دو رکعتیں وہی ہیں۔ ۱۲م

حالانکہ خود ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا بھی اس ممانعت کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں۔ نیز ان کے علاوہ دیگر صحابہ کرام بھی راوی ہیں۔

۴۴۴۶ ـ **عن** ام المومنین عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان يصلى بعد العصر وينهى عنها، ويواصل وينهى عن الوصال ـ

---

۴۴۴۶ ـ السنن لابى داؤد، باب الصلوة بعد العصر، ۱/ ۱۸۱

الجامع الصحيح للبخارى، باب لا تحرى الصلوة قبل غروب الشمس، ۱/ ۸۳

Marfat.com

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عصر کے بعد نماز پڑھتے تھے اور دوسروں کو منع فرماتے، نیز صوم وصال خود رکھتے تھے اور دوسروں سے باز رکھتے ۔۱۲م

۴۴۴۷۔ **عن** ابی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم نهی عن الصلوة بعد العصر حتی تغرب الشمس وعن الصلوة بعد الصبح حتی تطلع الشمس ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عصر کی نماز کے بعد سورج غروب ہونے سے قبل نفل نماز سے منع فرمایا، اور اسی طرح نماز فجر کے بعد آفتاب طلوع ہونے سے قبل ممانعت فرمائی ۔۱۲م

۴۴۴۸ ۔ **عن** ابی سعيد الخدری رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : لاصلوة بعد صلوة العصر حتی تغرب الشمس ، ولا صلوة بعد صلوة الفجر حتی تطلع الشمس ۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عصر کے بعد سورج غروب ہونے تک کوئی نفل نماز نہیں، اور اسی طرح فجر کے بعد آفتاب نکلنے تک کوئی نماز نہیں ۔۱۲م

۴۴۴۹ ۔ **عن** امير المؤمنين عمربن الخطاب رضی الله تعالیٰ عنه قال : ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم نهی عن الصلوة بعد الفجر حتی تطلع الشمس، وبعد العصر حتی تغرب الشمس ۔

---

۴۴۴۷۔ الصحيح لمسلم ، باب الاوقات التی نهی عن الصلوة فيها ، ۱/ ۲۷۵

۴۴۴۸۔ الجامع الصحيح للبخاری ، باب لا تتحری الصلوة قبل غروب الشمس، ۱/ ۸۲

الصحيح لمسلم ، باب الاوقات التی نهی عن الصلوة فيها ، ۱/ ۲۷۵

۴۴۴۹۔ الجامع الصحيح للبخاری ، باب لا تتحری الصلوة قبل غروب الشمس ، ۱/ ۸۳

الصحيح لمسلم ، باب الاوقات التی نهی عن الصلوة فيها ، ۱/ ۲۷۵

Marfat.com

امیر المومنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فجر کے بعد طلوع آفتاب تک نفل نماز سے منع فرمایا، اور عصر کے بعد بھی غروب آفتاب تک ممانعت فرمائی ۔۱۲م

٤٤٥٠ ۔ **عن** معاوية رضى الله تعالىٰ عنه قال : انكم لتصلون صلوة ، لقد صحبنا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فما رأيناه يصليهما ولقد نهى عنهما يعنى الركعتين بعد العصر ۔

حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آپ نے کچھ لوگوں کو عصر کے بعد نماز پڑھتے دیکھا تو فرمایا: تم اس وقت نماز پڑھتے ہو حالانکہ ہم حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں رہے لیکن ہم نے کبھی آپ کو یہ نماز پڑھتے نہیں دیکھا بلکہ اس سے منع فرمایا، یعنی عصر کے بعد دو رکعتیں ۔۱۲م

## ﴿۱۷﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

بایں ہمہ ام المومنین عصر کے بعد دو رکعتیں پڑھا کرتیں، علماء فرماتے ہیں: یہ ام المومنین کی خصوصیت تھی، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے لئے جائز کر دیا تھا۔ امام جلیل خاتم الحفاظ سیوطی نے انموذج اللبیب پھر امام زرقانی علیہما الرحمہ نے اس کی تصریح فرمائی۔

الامن والعلی ۱۸۸

٤٤٥١ ۔ **عن** ام المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت : دخل رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على ضباعة بنت الزبير رضى الله تعالىٰ عنها فقال لها : لعلك اردت الحج ؟ قالت : والله ! لا اجدنى الا وجعة ، فقال لها : حجى

---

٤٤٥٠ ۔ الجامع للبخارى ، باب لا تتحرى الصلوة قبل غروب الشمس ، ١/ ٨٢

| | | |
|---|---|---|
| ٤٤٥١ ۔ الجامع الصحيح للبخارى ، | باب الاكفاء فى الدين ، | ٢/ ٧٦٢ |
| الصحيح لمسلم ، | باب جواز اشتراط المحرم التحلل بعذر ، | ١/ ٣٨٥ |
| الجامع للترمذى ، | باب ما جاء فى الاشتراط فى الحج ، | ١/ ١١٢ |
| السنن للنسائى ، | باب الاشتراط فى الحج ، | ٢/ ١٥ |

Marfat.com

واشترطی وقولی : اللهم ! محلی حیث حبستنی و کانت تحت المقداد بن الاسود رضی الله تعالیٰ عنه ۔

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی چچازاد بہن حضرت ضباعہ بنت زبیر بن عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا: حج کا ارادہ ہے؟ عرض کی: یارسول اللہ! میں تو اپنے آپ کو بیمار پاتی ہوں (یعنی گمان ہے کہ مرض کے باعث ارکان ادا نہ کرسکوں پھر احرام سے کیونکر باہر آؤنگی) فرمایا: احرام باندھ اور نیت حج میں یہ شرط لگالے کہ الٰہی! جہاں تو مجھے روکے وہیں میں احرام سے باہر ہوں۔ یہ حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نکاح میں تھیں۔

۴۴۵۲۔ **عن** عبد الله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال : ان ضباعة بنت الزبیربن عبد المطلب رضی الله تعالیٰ عنهما اتت النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقالت : یارسول الله ! انی ارید الحج فکیف اقول : قال : قولی : لبیك اللهم لبیك ! ومحلی من الارض حیث تحبسنی ، فان لك علی ربك ما استثنیت ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں آپکی چچازاد بہن حضرت ضباعہ بنت زبیر بن عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہما حاضر ہوئیں اور عرض کی: یارسول اللہ! حج کا ارادہ کرچکی ہوں تو اب تلبیہ کس طرح پڑھوں؟ فرمایا: لبیك اللهم لبیك ، پڑھنے کے بعد یوں کہو: مجھے تو جہاں روکے گا وہیں میں احرام سے باہر ہوں، تمہارا یہ استثناء تمہارے رب کے یہاں مقبول رہے گا۔

۴۴۵۳۔ **عن** ضباعة بنت الزبیر رضی الله تعالیٰ عنها قالت : دخل علی رسول

---

| | | |
|---|---|---|
| ۴۴۵۲۔ الصحیح لمسلم، | باب جواز اشتراط المحرم التحلل بعذر، | ۱/ ۳۸۵ |
| السنن للنسائی ، | باب الاشتراط فی الحج | ۲/ ۱۵ |
| الجامع للترمذی ، | باب ما جاء فی الاشتراط فی الحج، | ۱/ ۱۱۳ |
| السنن لابن ماجه ، | باب الشرط فی الحج ، | ۱/ ۲۱۱ |
| ۴۴۵۳۔ السنن لابن ماجه ، | باب الشرط فی الحج ، | ۲/ ۲۱۱ |

Marfat.com

الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وانا شاكية فقال : اما تريدين الحج العام؟قلت :انى لعليلة يارسول الله ! قال : حجى وقولى : محلى حيث تحبسنى فان حبست او مرضت فقد احللت من ذلك شرطك على ربك عزوجل ۔

حضرت ضباعہ بنت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے جبکہ میں بیمار تھی ،فرمایا: کیا اس سال حج کا ارادہ نہیں؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں مریضہ ہوں ،فرمایا: حج کی نیت سے احرام باندھ لو اور یہ شرط کرلو کہ الٰہی! جہاں تو مجھے روکے گا وہیں میں احرام سے باہر ہوں۔اب اگر تم حج سے روکی گئیں یا بیمار پڑ گئیں تو اس شرط کے سبب جو تم نے اپنے رب عزوجل پر لگائی ہے احرام سے باہر ہو جاؤ گی۔

٤٤٥٤ ۔ **عن** جابر بن عبد الله رضى الله تعالىٰ عنهما قال : ان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال لضباعة بنت الزبير رضى الله تعالىٰ عنها :حجى واشترطى ان محلى حيث حبستنى ۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ضباعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ارشاد فرمایا: حج کی نیت سے احرام باندھ لو اور یہ شرط کرلو کہ الٰہی! جہاں تو مجھے روکے گا وہیں میں احرام سے باہر ہوں۔۱۲م

٤٤٥٥ ۔ **عن** اسماء بنت الصديق او سعدى بنت عوف رضى الله تعالىٰ عنهم قالت : ان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم دخل على ضباعة بنت الزبير بن عبد المطلب رضى الله تعالىٰ عنهما فقال لها : ياعمة ! حجى ؟ فقالت : انى امرأة ثقيلة وانى اخاف الحبس فقال : حجى واشترطى ان محلى حيث حبست ۔

حضرت اسماء بنت صدیق یا سعدی بنت عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے کہ

---

٤٤٥٤۔ السنن للبيهقى ، ٥/ ٣٦٤ ☆

٤٤٥٥۔ السنن لا بن ماجه ، باب الشرط فى الحج ، ٢/ ٢١١

المسند لا حمد بن حنبل ، ☆ المعجم الكبير للطبرانى ، ٢٤/ ٣٠٤

Marfat.com

حضور نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم حضرت ضباعہ رضی اللہ تعالٰی عنہا کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: اے چچازادی! کیا حج کا ارادہ نہیں ہے؟ عرض کی: میں بیمار عورت ہوں خوف ہے کہ کہیں رُوک نہ دی جاؤں، فرمایا: حج کے لئے احرام باندھ لو اور یہ شرط کرلو کہ تو مجھے جہاں روک دے گا میں وہاں ہی احرام سے باہر ہوں۔۱۲م

## ﴿۱۸﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ہمارے ائمۂ کرام رضی اللہ تعالٰی عنھم فرماتے ہیں: یہ ایک اجازت تھی کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے انہیں عطا فرمائی ورنہ نیت میں شرط اصلا مقبول و معتبر نہیں۔

بلکہ اس تخصیص میں بعض شوافع بھی ہمارے موافق ہیں، مثلا امام خطابی اور امام اویانی۔ امام عینی نے عمدۃ القاری میں یونہی تصریح فرمائی۔

الامن والعلی ۱۸۹

۴۴۵۷۔ **عن** نصربن عاصم رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن رجل منھم رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ اتی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فأ سلم علی انہ لا یصلی الا صلاتین فقبل ذلك منہ۔

حضرت نصر بن عاصم رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ ایک صاحب خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم میں حاضر ہوکر اس شرط پر اسلام لائے کہ صرف دو ہی نمازیں پڑھا کروں گا، حضور نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے قبول فرمالیا۔

## ﴿۱۹﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ حدیث بسند ثقات رجال صحیح مسلم ہے، امام جلیل سیوطی نے اپنی کتاب مستطاب انموذج اللبیب فی خصائص الحبیب صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم میں ایک مجمل فہرست میں نو واقعوں کے اور پتے دیئے کہ فقیر نے بخوف طوالت ان کو ترک کیا۔

الامن والعلی ۱۹۰

---

۴۴۵۷۔ المسند لاحمد بن حنبل، ☆ کنز العمال للمتقی،

Marfat.com

٤٤٥٨۔ **عن** خزيمة بن ثابت رضى الله تعالىٰ عنه قال : جعل رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم للمسافر ثلثا ولو مضى السائل على مسألته لجعلها خمسا وفى رواية ، ولو استزد ناه لزادنا ، وفى رواية ولو اطنب له السائل فى مسألته لزاد ، وفى رواية وايم الله ! لومضى السائل فى مسئا لته لجعله خمسا ۔

ذوالشہادتین حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسافر کے لئے مسح موزہ کی مدت تین رات مقرر فرمائی ،اور اگر مانگنے والا مانگتا رہتا تو ضرو حضور پانچ راتیں کردیتے ،ایک روایت میں ہے ،اگر ہم حضور سے زیادہ مانگتے تو حضور مدت اور بڑھادیتے ، دوسری روایت میں ہے ،اگر مانگنے والا مانگے جاتا تو حضور اور زیادہ مدت عطا فرماتے ،تیسری روایت میں ہے ،خدا کی قسم !اگر سائل عرض کئے جاتا تو حضور مدت کے پانچ دن کردیتے ۔

## ﴿۲۰﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ حدیث بلاشبہ صحیح السند ہے ۔اس کے سب رواۃ اجلہ ثقات ہیں ،لاجرم اسے امام ترمذی نے روایت کرکے فرمایا:"هذا حديث حسن صحيح "یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

نیز امام الشان یحیٰ بن معین سے نقل کیا:

یہ حدیث صحیح ہے۔

امام ترمذی نے اپنی روایت میں اگرچہ یہ زائد جملہ نقل نہیں فرمایا لیکن مخرج وسند متحد ہیں ۔امام ابن دقیق نے اس حدیث کی تقویت میں طویل بحث کی ہے ، نیز امام زیلعی نے نصب الرایہ میں اس کو شرح وبسط سے بیان کیا ہے ،فراجعہ ان شئت ۔

اس حدیث کی عدم صحت کے سلسلہ میں ایک بڑا شبہ یہ پیش کیا جاتا ہے کہ امام بخاری علیہ رحمۃ الباری نے فرمایا: میرے نزدیک یہ حدیث صحیح نہیں کہ عبداللہ جدلی کا حضرت خزیمہ بن ثابت سے سماع ثابت نہیں۔

---

٤٤٥٨۔ السنن لابی داؤد ، باب التوقيت فى المسح ، ۱/ ۲۱

السنن لابن ماجه ، باب ماجاء فى التوقيت على المسح ، ۱/ ٤۲

تواس سلسلہ میں عرض ہے امام بخاری کی جانب سے یہ شکایت عموماً پائی جاتی ہے، کیونکہ ان کے نزدیک اتصال سند کے لئے سماع شرط ہے خواہ ایک مرتبہ ہی ثابت ہو۔

لیکن صحیح مذہب جمہور ہی ہے کہ فقط معاصرت ہی اتصال سند کے لئے کافی ہے، امام محقق علی الاطلاق نے فتح القدیر میں، اور امام مسلم نے مقدمہ صحیح مسلم میں اس کی واضح طور پر تردید فرمائی ہے۔ لاجرم امام بخاری کے شیخ امام الناقدین یحیٰ بن معین نے، اور امام بخاری کے شاگرد امام ترمذی نے اس کو صحیح کہا۔

**اقول**: اس کے علاوہ ایک خاص بات یہ بھی پیش نظر رہے کہ سماع ثابت نہ ہونے سے صرف یہ ہی تو ہوگا کہ حدیث منقطع ہو جائیگی اور یہ کوئی جرح نہیں کہ یہ ہمارے یہاں نیز تمام محدثین جو مرسل کو قبول کرتے ہیں مقبول ہے اور یہ ہی مذہب جمہور ہے۔

یہاں ابن حزم ظاہری کی بھنبھناہٹ پر بھی کان دھرنے کی ضرورت نہیں کہ اس نے تو امام جدلی کی روایت کو ہی غیر معتمد قرار دیدیا، یہ ابن حزم جرح وتنقید میں دو اندھوں یعنی سیلاب وآتشزدگی کی طرح ہے کہ اس نے تو امام ترمذی تک کو مجاہیل میں شمار کر ڈالا تھا۔

امام جدلی کی عظمت شان تو اس سے عیاں ہو جاتی ہے کہ علم حدیث کے دو عظیم امام احمد بن حنبل اور یحیٰ بن معین ان کو ثقہ مانتے ہیں۔ پھر ابن حزم ان حضرات کے سامنے کیا حیثیت رکھتا ہے، یہ بے چارہ تو اس سلسلہ میں اکیلا ہے کسی نے بھی اس جیسی بات نہ کہی۔ دیکھئے امام بخاری بھی جرح کر رہے ہیں تو صرف یہ ہی کہ امام جدلی کا سماع ثابت نہیں، روایت جدلی پر ان کی طرف سے کوئی تنقید منقول نہیں، اور امام ترمذی تو صحیح فرما چکے، نیز تقریب التھذیب میں علامہ ابن حجر نے ان کو ثقہ فرمایا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

یہ حدیث صحیح حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تفویض واختیار میں نص صریح ہے، ورنہ یہ کہنا اور کہنا بھی کیسا موکد بقسم، کہ واللہ سائل مانگے جاتا تو حضور پانچ دن کر دیتے، اصلاً گنجائش نہ رکھتا تھا، کما لا یخفی۔

اور یہاں جزم خصوص بے جزم عموم نہ ہوگا کہ اس خاص کی نسبت کوئی خبر خاص تخییر ارشاد نہ ہوئی تھی، تو جزم کا منشاء ہی کہ حضرت خزیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو معلوم تھا کہ احکام سپرد واختیار حضور سید الانام ہیں، علیہ وعلیٰ آلہ افضل الصلاۃ والسلام۔

## الامن والعلی ۱۹۲

۴۴۵۹ ۔ **عن** ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : لولا ان اشق علی امتی لامرتھم بالسواک عند کل صلوۃ ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر مشقت امت کا خیال نہ ہوتا تو میں ان پر فرض فرما دیتا کہ ہر نماز کے وقت مسواک کریں۔

۴۴۶۰ ۔ **عن** ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : لولا ان اشق علی امتی لامرتھم عند کل صلوۃ بوضوء ، ومع کل وضوء بسواک ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: امت پر دشواری کا لحاظ نہ ہوتو میں ان پر فرض کردوں کہ ہر نماز کے وقت وضو کریں اور ہر وضو کے ساتھ مسواک کریں۔

### ﴿۲۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

علماء فرماتے ہیں: یہ حدیث متواتر ہے۔ تیسر وغیرہ میں اس کی تصریح ہے۔

اقول: امر دو قسم ہے۔

اول حتمی۔ جسکا حاصل ایجاب اور اس کی مخالفت معصیت۔

---

۴۴۵۹۔ الجامع الصحیح للبخاری ، باب السواک یوم الجمعۃ ، ۱/۱۲۲

الصحیح لمسلم ، باب السواک ، ۱/۱۲۸

السنن للنسائی ، باب الرخصۃ بالسواک بالعشی ، ۱/۳

السنن لابن ماجہ ، باب السواک ۱/۲۵

الموطا لمالک ☆ المسند لاحمد بن حنبل ، ۱/۲۲۱

۴۴۶۰۔ السنن للنسائی ، باب الرخصۃ فی السواک بالعشی ، ۱/۳

المسند لاحمد بن حنبل ، ۲/۲۵۹ ☆ الترغیب والترھیب للمنذری ، ۱/۱۶۳

Marfat.com

وذلک قولہ تعالیٰ :

فلیحذر الذین یخالفون عن امرہ

ڈریں وہ لوگ جو اس کے حکم کی مخالفت کرتے ہیں۔

دوم ندبی۔ جسکا حاصل ترغیب اور اس کے ترک میں وسعت۔

وذلک قولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

امرت بالسواک حتی خشیت ان یکتب علی۔

مجھے مسواک کا حکم ملا یہانتک کہ مجھے خوف ہوا کہ کہیں فرض ہو جائے۔

امر ندبی تو یہاں قطعا حاصل ہے تو ضرور نفی حتمی کی ہے۔امر حتمی بھی دو قسم ہے۔

اول ظنی ۔جسکا مفاد وجوب۔

دوم قطعی جسکا مقتضی فرضیت۔

ظنیت خواہ من جہۃ الروایۃ ہو یا من جہۃ الدلالت، ہمارے حق میں ہوتی ہے، حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علوم سب قطعی یقینی ہیں جن کے سراپردہ عزت کے گرد ظنون کو اصلا بار نہیں، تو قسم واجب اصطلاحی حضور کے حق میں متحقق نہیں، وہاں یا فرض ہے یا مندوب، امام محقق علی الاطلاق نے فتح القدیر میں اس کی وضاحت فرمائی

اب واضح ہو گیا کہ ان ارشادات کریم کے قطعا یہی معنی ہیں کہ میں چاہتا تو اپنی امت پر ہر نماز کے لئے تازہ وضو اور ہر وضو کے وقت مسواک کرنا فرض کر دیتا، مگر ان کی مشقت کے لحاظ سے میں نے فرض نہ کی، اور اختیار احکام کے کیا معنی ہیں؟ وللہ الحمد۔

۴۴۶۱۔ **عن**۔ امیر المؤمنین علی المرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجھہ الکریم قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : لولا ان اشق علی امتی لامرتھم بالسواک مع کل وضوء۔

امیر المومنین حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مشقت امت کا پاس ہے ورنہ میں ہر وضو کے ساتھ مسواک ان پر فرض کر دیتا۔

۴۴۶۲۔ **عن** ابی امامۃ الباھلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی

Marfat.com

الله تعالیٰ علیه وسلم : تستاكوا فان السواك مطهرة للفم مرضاة للرب ،ما جاء نی جبرئیل الا او صانی بالسواك حتی لقد خشیت ان یفرض علی وعلی امتی ،ولو لا انی اخاف ان اشق علی امتی لفرضته لهم ۔

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: مسواک کروکہ مسواک منہ کو پاکیزہ اوررب عزوجل کوراضی کرتی ہے، جبرئیل جب میرے پاس حاضر ہوئے مجھے مسواک کی وصیت کی، یہاں تک کہ بیشک مجھے اندیشہ ہوا کہ جبرئیل مجھ پراور میری امت پرمسواک فرض کردینگے،اوراگرمشقت امت کاخوف نہ ہوتا تومیں ان پرفرض کردیتا۔

یہاں جبرئیل امیں علیہ الصلوۃ والتسلیم کی طرف بھی فرض کردینے کی اسناد ہے۔

٤٤٦٣ ۔ **عن** عباس بن عبد المطلب رضی الله تعالیٰ عنهما قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : لولا ان اشق علی امتی لفرضت علیهم السواك عند كل صلوة كما فرضت علیهم الوضوء ۔

حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: مشقت امت کالحاظ نہ ہوتو میں ہرنماز کے وقت مسواک ان پرفرض کردوں جس طرح میں نے وضو ان پرفرض کردیا ہے۔

یہاں وضوکوبھی فرمایا گیا کہ حضوراقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی امت پرفرض کردیا۔

٤٤٦٤ ۔ **عن** عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : لولا ان اشق علی امتی لامرتهم بالسواك والطیب عند كل

---

٤٤٦٢۔ السنن لا بن ماجه ، باب السواك ، ١/ ٢٥

الدر المنثور للسیوطی ، ١/ ١١٣

٤٤٦٣۔ المستدرك للحاكم ١٤٦١ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی ، ١/ ٢٢١

٤٤٦٤۔ كنز العمال للمتقی ، ٢٦١٩٥، ٩/ ١١٦

Marfat.com

صلوۃ ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مشقت امت کا خیال نہ ہوتو اپنی امت پر ہر نماز کے وقت مسواک کرنا اور خوش بولگانا فرض کردوں۔

یہاں خوشبو کی بھی فرضیت زائد فرمادی۔

٤٤٦٥ ـ **عن** عبدلله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : لو لا ان اشق علی امتی ان امرتهم ان یستاکوا بالاسحار ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مشقت امت کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں ان پر فرض فرمادیتا کہ ہر سحر پچھلے پہر اٹھ کر مسواک کریں۔

٤٤٦٦ ـ **عن** زید بن خالد الجهنی رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : لو لا ان اشق علی امتی لامرتهم بالسواك عند کل صلوة ، ولأ خرت العشاء الی ثلث اللیل ۔

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مشقت امت کا خیال نہ ہوتو میں ہر نماز کے وقت ان پر مسواک فرض کردوں اور نماز عشا کو تہائی رات تک ہٹادوں۔

٤٤٦٧ ـ **عن** امیر المومنین علی المرتضی کرم الله تعالیٰ وجهه الکریم قال :

---

| | | |
|---|---|---|
| ٤٤٦٦ ـ الجامع للترمذی ، | باب ما جاء فی السواك | ٥/١ |
| السنن لابی داؤد ، | با ب السواك ، | ٧/١ |
| السنن للنسائی ، | باب الرخصه بالسواك بالعشی ، | ٣/١ |
| ٤٤٦٧ ـ الجامع للترمذی ، | باب ماجاء فی زکوة الذهب والفضة ، | ٧٩/١ |
| السنن لابی داؤد ، | باب فی زکوة السائمة ، | ٢٢١/١ |
| المسند لاحمد بن حنبل ، ٩٢/١ ☆ | الدر المنثور للسیوطی ، | ٣٤١/١ |

Marfat.com

قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : قد عفوت عن الخیل والرقیق ،فھا توا صدقة الرقة من کل اربعین درھما درھم ۔

امیر المومنین حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد: گھوڑوں اور غلاموں کی زکوۃ تو میں نے معاف کردی، روپیوں کی زکوۃ دو، ہر چالیس درھم سے ایک درھم۔

## ﴿۲۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

سواری کے گھوڑوں، خدمت کے غلاموں میں زکوۃ واجب نہ ہوئی۔ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: یہ میں نے معاف فرمادی ہے، ہاں کیوں نہ ہو کہ حکم ایک رؤف ورحیم کے ہاتھ میں ہے۔ بحکم رب العالمین جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۔

٤٤٦٨ ـ **عن** المقداد بن الاسود رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لاصحابه : ماتقولون فی الزنا ،قالوا: حرام حرمه الله ورسوله فھو حرام الی یوم القیامة ۔

حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے فرمایا: زنا کو کیا سمجھتے ہو؟ عرض کی: حرام ہے اسے اللہ ورسول نے حرام کردیا تو وہ قیامت تک حرام ہے۔

٤٤٦٩ ـ **عن** ابی ھریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: انی احرم علیکم حق الضعیفین الیتیم والمرأة ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تم پر حرام کرتا ہوں دو کمزوروں کی حق تلفی، یتیم اور عورت۔

---

٤٤٦٨ـ المسند لاحمد بن حنبل ، ٦/٨ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ٨/ ٤٩٤
مجمع الزوائد للھیثمی ، ٨/ ١٦٨ ☆ الدر المنثور للسیوطی ، ٢/ ١٥٩

٤٤٦٩ـ المسند لاحمد بن حنبل ، ٦/٨ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ٨/ ٤٩٤
مجمع الزوائد للھیثمی ، ٨/ ١٦٨ ☆ الدر المنثور للسیوطی ، ٢/ ١٥٩

Marfat.com

۴۴۷۰۔ **عن** جابر بن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنهما قال : سمعت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عام الفتح یقول : ان الله ورسوله حرم بیع الخمر والمیتة والخنزیر والا صنام۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فتح مکہ کے سال فرماتے سنا: بیشک اللہ اور اس کے رسول نے حرام کردیا ہے شراب، مردار۔ سور اور بتوں کا بیچنا۔

۴۴۷۱۔ **عن** ابی موسی الاشعری رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : لاتشرب مسکرا ،فانی حرمت کل مسکر۔

حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: نشہ کی کوئی چیز نہ پی کہ بیشک نشہ کی ہرشئی میں نے حرام کردی ہے۔

۴۴۷۲ ۔**عن** انس بن مالك رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : انی فرضت علی امتی قرأة یس کل لیلة ،فمن داوم علی قرأتها کل لیلة ثم مات مات شهیدا۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: میں نے اپنی امت پر یس شریف کی ہررات تلاوت فرض کی، جو ہمیشہ ہرشب اسے پڑھے پھر مرے شہید مرے۔

---

۴۴۷۰۔ الجامع الصحیح للبخاری ، باب بیع المیتة والا صنام ، ۱/ ۲۹۸

الصحیح لمسلم، باب تحریم الخمر و المیتة ، ۲/ ۲۳

المسند لا حمد بن حنبل ، ۳/ ۲۱۳ ☆ السنن الکبری للبیهقی ، ۶/ ۱۲

۴۴۷۱۔ السنن للنسائی، باب تفسیر البتع والمزر ۲/ ۲۷۷

کنز العمال للمتقی، ۱۳۲۵۰، ۵/ ۴۳۴۳

۴۴۷۲۔ الامالی للشجری ، ۱/ ۱۱۸ ☆ تنزیه الشریعة لا بن عراق، ۱/ ۲۷۹

المسند لا حمد بن حنبل ، ۴/ ۱۳۱ ☆ الحاوی للفتاوی ، ۱/ ۴۷۱

Marfat.com

## ﴿۲۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس حدیث کی سند سعید بن موسی ہیں جو متھم بالکذب ہیں، لیکن محققین کے نزدیک یہ بات ثابت ومحقق ہے کہ کسی حدیث کا موضوع ہونا محض کسی کذاب کے سند میں ہونے سے نہیں ہوجاتا چہ جائیکہ راوی صرف متھم بالکذب ہو جب تک دوسرے قرائن اس کی وضع کا فیصلہ نہ کریں، جیسے کسی حدیث کا نص قطعی اور اجماع قطعی کے مخالف ہونا، یا حسن سلیم اور وضع کرنے والے کے اقرار سے ثابت ہونا وغیر ہاذلک،

امام سخاوی نے فتح المغیث میں یہی صراحت کی، اور ہم نے اپنی کتاب " منیر العین فی حکم تقبیل الابھامیں " میں اس کی مکمل تحقیق کی۔ علماء کرام کا اس پر اجماع ہے کہ حدیث ضعیف غیر موضوع پر فضائل میں عمل کرنا جائز۔ " الھاد الکاف فی حکم الضعاف" میں اسکا بیان پورے طور پر موجود ہے۔

اس حدیث اور اس فرضیت سے متعلق فقیر کے پاس سوال آیا تھا جسکا جواب فتاوی فقیر العطایاہ النبویۃ فی الفتاوی الرضویۃ کے مجلد پنجم کتاب مسائل شتی میں مذکور، واللہ الھادی الی معالی الامور۔

الامن والعلی ۱۹۷

۴۴۷۳۔ **عن** المقداد بن معدی کرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : الا انی اوتیت القرآن ومثلہ معہ ، الا یوشك رجل شعبان علی اریکتہ یقول : علیکم بھذا القرآن ، فما وجد تم فیہ من حلال فاحلوہ ، وما وجد تم فیہ من حرام فحرموہ ، الا لایحل لکم الحمار الاھلی ولا کل ذی ناب من السبع ولا لقطۃ معاھد الا ان یستغنی عنھا ،وان ماحرم رسول اللہ مثل ماحرم اللہ۔

---

| | | |
|---|---|---|
| ۴۴۷۳۔ الجامع للترمذی ، | باب ماجاء فیمن روی حدثنا | ۲/ ۹۱ |
| السنن لابی داؤد ، | باب فی لزوم السنۃ ، | ۲/ ۶۳۲ |
| السنن لابن ماجہ ، | باب اتباع سنۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ، | ۱/ ۳ |

Marfat.com

حضرت مقداد بن معدی کرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سن لو! مجھے قرآن کے ساتھ اسکا مثل ملا، یعنی حدیث، دیکھو کوئی پیٹ بھرا اپنے تخت پر بیٹھا یہ نہ کہے یہی قرآن لئے رہو، جو اس میں حلال ہے اسے حلال جانو، جو اس میں حرام ہے حرام مانو۔ سن لو! تمہارے لئے پالتو گدھا حرام ہے، ہر کیلے والا درندہ حرام ہے اور ذمی کافر کا گرا پڑا مال بھی حرام جب تک وہ اس سے مستغنی نہ ہو۔ جو کچھ اللہ کے رسول نے حرام کیا وہ بھی اس کے مثل ہے جسے اللہ عزوجل نے حرام کیا۔ جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

## ﴿۲۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہاں صراحۃ حرام کی دو قسمیں فرمائیں، ایک وہ جسے اللہ عزوجل نے حرام فرمایا۔ دوسرا وہ جسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حرام کیا۔ اور فرمادیا کہ وہ دونوں برابر و یکساں ہیں۔

**اقول:** مراد واللہ اعلم نفس حرمت میں برابری ہے تو اس ارشاد علماء کے منافی نہیں کہ خدا کا فرض رسول اللہ کے فرض سے اشد واقوی ہے۔

الامن والعلی ۱۹۷

۴۴۷۴۔ **عن** ابی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: ان جهيش ابن اويس النخعی رضی الله تعالیٰ عنه ورجالا من قبيلته اتوا الی النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم وقال:

الايا رسول الله انت مصدق فبوركت مهديا و بوركت هاديا

شرعت لنادين الحنيفة بعد ما عبدنا كامثال الحمير طواغيا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت جہیش ابن اویس رضی اللہ تعالیٰ عنہ مع اپنے چند اہل قبیلہ کے باریاب خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہوئے، قصیدہ عرض کیا، از اں جملہ یہ اشعار ہیں۔

---

۴۴۷۴۔ الاصابة لابن حجر، ۱/ ۲۶۵

Marfat.com

یارسول اللہ! حضور تصدیق کئے گئے ہیں، حضور اللہ عزوجل سے ہدایت پانے میں بھی مبارک، اور خلق کو ہدایت فرمانے میں بھی مبارک، حضور ہمارے لئے دین اسلام کے شارع ہوئے بعد اس کے کہ ہم گدھوں کی طرح بتوں کو پوج رہے تھے۔

## ﴿۲۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہاں صراحۃ تشریع کی نسبت حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف ہے کہ شریعت اسلامی حضور کی مقرر کی ہوئی ہے۔

لہذا قدیم سے عرف علمائے کرام میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو شارع کہتے ہیں۔

علامہ زرقانی شرح مواہب میں فرماتے ہیں:

قداشتہر اطلاقہ علیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ،لانہ شرع الدین والاحکام۔

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو شارع کہنا مشہور و معروف ہے، اس لئے کہ حضور نے دین متین و احکام دین کی شریعت نکالی۔

اسی قدر پر بس کیجئے کہ اس میں سب کچھ آگیا، ایک لفظ شارع تمام احکام تشریعیہ کو جامع ہوا۔ میں نے یہاں وہ احادیث نقل نہ کیں جن میں حضور کی طرف امر و نہی و قضاوامثالھا کی اسناد ہے۔

﴿۳۱﴾ اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِیْحَ ابْنَ مَرْیَمَ ج وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِیَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ج لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط سُبْحٰنَهٗ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ☆

انہوں نے اپنے پادریوں اور جوگیوں کو اللہ کے سوا خدا بنالیا۔ اور مسیح بن مریم کو اور انہیں حکم نہ تھا۔ مگر یہ کہ ایک اللہ کو پوجیں اس کے سوا کسی کی بندگی نہیں اسے پاکی ہے ان کے شرک سے۔

## ﴿۲۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(نصاریٰ مشرک ہیں یا نہیں اس کی تحقیق یہ ہے) نصاریٰ باعتبار حقیقت لغویہ از آنجا کہ قیام مبدء مستلزم صدق مشتق ہے بلاشبہ مشرکین ہیں کہ وہ بالقطع قائل بہ تثلیث و بنوت ہیں،

اسی طرح وہ یہود جو الوہیت وابنیت عزیز علیہ الصلوۃ والسلام کے قائل تھے، مگر کلام اس میں ہے کہ حق تبارک وتعالیٰ کتب آسمانی کا اجلال فرما کر یہود و نصاریٰ کے احکام کو احکام مشرکین سے جدا کیا، اور ان کا نام اہل کتاب رکھا، اور ان کے نساء وذبائح کو حلال ومباح ٹھہرایا، آیا نصاریٰ زمانہ بھی کہ الوہیت عبد اللہ مسیح بن مریم علیہما الصلوۃ والسلام کی علی الاعلان تصریح اور وہ یہود جو مثل بعض طوائف ماضیہ الوہیت بندہ خدا عزیز علیہ الصلوۃ والسلام کے قائل ہوں انھیں میں داخل اور اس تفرقہ کے مستحق ہیں یا ان پر شرعا یہی احکام مشرکین جاری ہوں گے اور ان کے نساء سے تزوج اور ذبائح کا تناول ناروا ہوگا۔ کلمات علمائے کرام رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اس بارے میں مختلف، بہت مشائخ نے قول اخیر کی طرف میل فرمایا، بعض علماء نے تصریح کی کہ اسی پر فتویٰ ہے۔

مستصفی میں ہے:

" قالو هذا يعنى الحل اذا لم يعتقد واالمسيح الٰها اما اذا اعتقد وه فلا وفى المبسوط شيخ الاسلام ويحب ان لا يا كلوا ذبائح اهل الكتاب اذا اعتقد واان المسيح الله وان عزيز الله ولا يتزجوا نساء هم وقيل عليه الفتوىٰ "۔

علماء نے فرمایا: کہ ان کا ذبیحہ تب حلال ہوگا کہ وہ عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ نہ مانتے ہوں لیکن اگر وہ ان کو الٰہ مانتے ہوں تو پھر حلال نہ ہوگا، اور شیخ الاسلام کی مبسوط میں ہے: کہ مسلمانوں پر لازم ہے کہ اہل کتاب کا ذبیحہ اس صورت میں نہ کھائیں جب وہ مسیح علیہ السلام اور عزیز علیہ السلام کو الٰہ مانتے ہوں اور اندریں صورت ان کی عورتوں سے نکاح بھی نہ کریں، اسی پر فتویٰ کہا گیا ہے۔

ان علماء کا استدلال آیہ کریمہ " قالت اليهود عزيز ابن الله وقالت النصارىٰ المسيح ابن الله ۔

یہود نے کہا عزیز ابن اللہ اور نصاریٰ نے مسیح ابن اللہ،

سے ہے کہ اس کے آخر میں ارشاد پایا سبحنه وتعالىٰ عما يشركون "،

Marfat.com

پاک ہے وہ ذات اور جو انہوں نے اس کا شریک بنایا اللہ تعالیٰ اس سے بلند و بالا ہے،

ردالمحتار میں ہے:

" فی المعراج ان اشتراط ما ذکر فی النصاریٰ مخالف لعامة الروایات "۔

معراج میں ہے کہ نصاریٰ کے مذکورہ شرائط عام روایات کے مخالف۔

امام محقق علی الاطلاق مولانا کمال الملۃ والدین محمد بن الہمام رحمۃ اللہ علیہ فتح القدیر میں اس مذہب کی ترجیح اور دلیل مذکور مذہب اول کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں:

مطلق لفظ المشرك اذا ذكر فی لسان الشارع لا ینصرف الیٰ اهل الكتاب وان صح لغة فی طائفة بل طوائف واطلق لفظ الفعل اعنی یشركون علی فعلهم كما ان من رأیٰ بعمله من المسلمین فلم یعمل الالا جل زید یصح فی حقه انه مشرك لغة ولا یتبادر عند اطلاق الشارع لفظ المشرك ارادته لما عهد من ارادته لما عهد من ارادته به من عبد مع الله غیره ممن لا یدعی اتباع نبی و كتاب ولذالك عطفهم علیه فی قوله تعالی: "لم یكن الذین كفروا من اهل الكتاب والمشركین منفكین" و نص علی حلهم بقوله تعالی: والمحصنات من الذین او توا الكتاب من قبلكم ای العفائف منهن الی آخر ما اطال واطاب كما هو دابه رحمه الله تعالی۔

لفظ مشرک جب مطلق ذکر کیا جائے تو شرعی اصطلاح میں اہل کتاب کو شامل نہ ہوگا اگر چہ لغت کے لحاظ سے اہل کتاب کے کسی گروہ یا کئی گروہوں پر اس کا اطلاق صحیح ہے، اہل کتاب کے فعل پر صیغہ 'یشرکون' کا اطلاق ایسے ہے جیسے کسی مسلمان ریاکار کے اس عمل پر جس کو مثلا زید کی خوشنودی کے لئے کر رہا ہو تو کہا جاسکتا ہے کہ یہ لغت کے لحاظ سے مشرک ہے، شرعی اصطلاح میں مطلقا لفظ مشرک کا استعمال صرف اس شخص کے لئے متبادر ہوتا ہے جو کسی نبی اور کتاب کی اتباع کے دعوی کے بغیر اللہ تعالی کی عبادت میں غیر کو شریک کرے، اسی لئے اہل کتاب پر مشرکین کا عطف اللہ تعالی کے اس قول 'لم یكن الذین كفروا من اهل الكتاب والمشركین منفكین "[البینہ۔ ۱] میں کہا گیا ہے۔ اور اللہ تعالی کے اس قول:" والمحصنات من الذین او تو الكتاب "[المائدہ۔ ۵] میں کتابیہ عورتوں کے حلال ہونے پر صراحۃ نص فرمائی گئی ہے، یعنی اہل کتاب کی عفیف عورتیں حلال ہیں۔ ابن ہمام کے

Marfat.com

طویل اور طیب قول کے آخر تک جیسا کہ ان کی عادت ہے۔ اللہ تعالی ان پر رحمت فرمائے۔
بالجملہ محققین کے نزدیک راجح یہی ہے کہ یہود ونصاری مطلقا اہل کتاب ہیں اور ان پر احکام مشرکین جاری نہیں۔ (جدید ۱۴/۱۱۶،۱۱۷)

مگر تاہم جبکہ علما کا اختلاف ہے اور اس قول پر فتوی بھی منقول ہو چکا تو احتیاط اسی میں ہے کہ نصاری کی نساء وذبائح سے احتراز کرے اور آج کل بعض یہود بھی ایسے پائے جاتے ہوں جو عزیر علیہ الصلوۃ والسلام کی ابنیت مانیں تو ان کے زن وذبیحہ سے بھی بچنا لازم جانیں کے ایسی جگہ اختلاف ائمہ میں پڑنا محتاط آدمی کا کام نہیں اگر فی الواقع یہ یہود نصاری عند اللہ کتابی ہی ہوئے تاہم ان کی عورتوں سے نکاح اور ان کے ذبیحہ کے تناول میں ہمارے لئے کوئی نفع نہیں، نہ شرعا ہم پر لازم کیا گیا، نہ بحمد اللہ ہمیں اس کی ضرورت بلکہ بر تقدیر کتابیت بھی علماء تصریح فرماتے ہیں کہ بے ضرورت احتراز چاہئے، اور اگر انہیں علماء کا مذہب حق ہوا اور یہ لوگ بوجہ اعتقادوں کے عند اللہ مشرک ٹھہرے تو پھر زنائے محض ہوگا اور ذبیحہ حرام مطلق والعیاذ باللہ تعالی۔ تو عاقل کا کام نہیں کہ ایسا فعل اختیار کرے جس کی ایک جانب نامحمود اور دوسری جانب حرام قطعی ,فقیر غفر اللہ تعالی لہ ایسا ہی گمان کرتا تھا یہاں تک کہ بتوفیق الہی مجمع الانہر میں اسی مضمون کی تصریح دیکھی۔ واللہ سبحانہ وتعالی اعلم۔۔ فتاوی جدید ۱۴/۱۲۲

(۳۴) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۔☆

اے ایمان والو بے شک بہت پادری اور جوگی لوگوں کا مال ناحق کھا جاتے ہیں۔ اور اللہ کی راہ سے۔ روکتے ہیں اور وہ کہ جوڑ کر رکھتے ہیں سونا اور چاندی اور اسے اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے۔ انہیں خوشخبری سناؤ دردناک عذاب کی۔

(۳۵) يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ۭ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ۔☆

جس دن وہ تپایا جائے گا جہنم کی آگ میں پھر اس سے داغیں گے ان کی پیشانیاں اور

کروٹیں اور پیٹھیں۔ یہ ہے وہ جو تم نے اپنے لئے جوڑ کر رکھا تھا اب چکھو مزا اس جوڑنے کا۔

## ﴿۲۷﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس داغ دینے کو یہ نہ سمجھے کہ کوئی چھکا لگا دیا جائے گا، یا پیشانی و پشت و پہلو کی چربی نکل کر بس ہوگی بلکہ اس کا حال حدیث سے سن لیجئے۔

۴۴۷۵۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم : مَا مِنْ صَاحِبِ ذَهَبٍ وَ لَا فِضَّةٍ لَا يُؤَدِّیْ مِنْهَا حَقَّهَا اِلَّا اِذَا كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صُفِحَتْ لَهٗ صَفَائِحُ مِنْ نَارٍ فَاُحْمِیَ عَلَيْهَا فِی نَارِ جَهَنَّمَ فَيُكْوٰی بِهَا جَنْبُهٗ وَ جَبِيْنُهٗ وَ ظَهْرُهٗ كُلَّمَا رُدَّتْ اُعِيْدَتْ لَهٗ فِی يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰی يُقْضٰی بَيْنَ الْعِبَادِ فَيَرٰی سَبِيْلَهٗ ، اِمَّا اِلَی الْجَنَّةِ وَ اِمَّا اِلَی النَّارِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کے پاس سونا یا چاندی ہو اور اس کی زکوۃ نہ دے قیامت کے دن اس زر وسیم کی تختیاں بنا کر جہنم کی آگ میں تپائیں گے پھر ان سے اس شخص کی پیشانی اور کروٹ اور پیٹھ داغ دیں گے۔ جب وہ تختیاں ٹھنڈی ہو جائیں گی۔ پھر انہیں تپا کر داغیں گے۔ قیامت کا دن پچاس ہزار برس کا ہے۔ یونہی کرتے رہیں گے یہاں تک کہ تمام مخلوق کا حساب ہو جائیگا

فتاوی رضویہ ۴/۴۳۴

۴۴۷۶۔ **عن** أبی ذر الغفاری رضی الله تعالیٰ عنه قال: بشر الكانزين برضف يحمی عليه فی نار جهنم فيوضع علی حلمة ثدی احدهم حتی يخرج من نغض كتفيه و يوضع علی نغض كتفيه حتی يخرج من حلمه ثديه۔

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: زکوۃ نکالے بغیر مال جمع کرنے والوں کو گرم پتھر کی بشارت سناؤ جس سے جہنم میں اسکو داغا جائے گا۔ ان کے سر پستان پر وہ جہنم کا گرم پتھر رکھیں گے کہ سینہ توڑ کر شانہ سے نکل جائے۔ اور شانہ کی ہڈی پر رکھیں

---

۴۴۷۵۔ الصحيح لمسلم، باب تغليظ عقوبة من لا يودی الزكاة، ۳۱۸/۱

۴۴۷۶۔ الصحيح لمسلم، باب تغليظ من لا يودی الزكاة، ۳۲۱/۱

گے کہ ہڈیاں توڑ کر سینہ سے نکلے گا۔

۴۴۷۷۔ **عن** الأحنف بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: کنت فی نفر من قریش فمر ابو ذر و ھو یقول: بشر الکانزین بکی فی ظھورھم یخرج من جنوبھم و بکی من قبل اقفائھم یخرج من جباھھم۔

حضرت احنف بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں قریش کی ایک جماعت میں بیٹھا تھا کہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ کہتے ہوئے گزرے۔ بغیر زکوۃ دیئے خزانہ جمع کرنے والوں کو یہ خوشخبری سنادو کہ وہ پتھر پیٹھ توڑ کر کروٹ سے نکلے گا اور گدی توڑ کر پیشانی سے۔　　فتاوی رضویہ ۴/۴۳۵

۴۴۷۸۔ **عن** عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: لا یکوی رجل بکنز فلیمس درھم درھما و لا دینار دینارا یوسع جلدۃ حتی یوضع کل دینار و درھم علی حدتہ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: کوئی روپیہ دوسرے روپے پر نہ رکھا جائے گا اور نہ کوئی اشرفی دوسری اشرفی سے چھو جائے گی۔ بلکہ زکوۃ نہ دینے والے کا جسم اتنا بڑھا دیا جائے گا کہ لاکھوں کروڑوں جوڑے ہوں تو ہر روپیہ جدا داغ دے گا۔

## ﴿۲۸﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اے عزیز! کیا خدا اور رسول کے فرمان کو یونہی ہنسی ٹھٹھا سمجھتا ہے، یا پچاس ہزار برس کی مدت میں یہ جانکاہ مصیبتیں جھیلنی سہل جانتا ہے۔ ذرا یہیں کی آگ میں ایک آدھ روپیہ گرم کرکے بدن پر رکھ دیکھ۔ پھر کہاں یہ خفیف گرمی، کہاں وہ قہر کی آگ۔ کہاں یہ ایک روپیہ کہاں وہ ساری عمر کا جوڑا ہوا مال کہاں یہ منٹ بھر کی دیر کہاں وہ ہزاروں برس کی آفت کہاں یہ ہلکا سا چہکا، کہاں وہ ہڈیاں توڑ کر پار ہونے والا غضب۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو ہدایت بخشے۔ آمین۔

---

۴۴۷۷۔ الصحیح لمسلم،　　باب تغلیظ عقوبۃ من لا یؤدی الزکاۃ،　　۱/۳۲۱

۴۴۷۸۔ المعجم الکبیر للطبرانی،　☆　الترغیب و الترھیب للمنذری،　　۱/۵۴۵

Marfat.com

۴۴۷۹۔ عن عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: مَا مِنْ أَحَدٍ لَا يُؤَدِّیْ زَكٰوةَ مَالِهٖ اِلَّا مُثِّلَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا أَقْرَعَ حَتّٰى يُطَوَّقَ عُنُقَهٗ ثُمَّ قَرَءَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِصْدَاقَهٗ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَ لَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَا اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ اَلْاٰيَه ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جوشخص اپنے مال کی زکوۃ نہ دے گا وہ مال روز قیامت گنجے اژدھے کی شکل بنے گا اوراس کے گلے میں طوق بن کر پڑے گا پھر حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کتاب اللہ سے اسکی تصدیق پڑھی۔و لا یحسبن الذین یبخلون الایہ ۔

۴۴۸۰۔ عن جابر بن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنهما قال :قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : مَا مِنْ صَاحِبِ مَالٍ لَا يُؤَدِّیْ زَكٰوتَهٗ اِلَّا تَحَوَّلَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا أَقْرَعَ يَتْبَعُ صَاحِبَهٗ حَيْثُ مَا ذَهَبَ وَ هُوَ يَفِرُّ مِنْهُ . وَيُقَالُ هٰذَا مَالُكَ الَّذِیْ كُنْتَ تَبْخَلُ بِهٖ فَاِذَا رَأٰى اَنَّهٗ لَا بُدَّ مِنْهُ اَدْخَلَ يَدَهٗ فِیْ فِيْهِ فَجَعَلَ يَقْضَمُهَا كَمَا يَقْضَمُ الْفَحْلُ ۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جوشخص اپنے مال کی زکوۃ نہیں دیتا قیامت کے دن وہ گنجے اژدھے کی شکل اختیار کرلیگا اور منہ کھولکر اس کے پیچھے دوڑے گا یہ بھاگے گا۔اس سے فرمایا جائے گا لے اپنا خزانہ کہ چھپا کر رکھا تھا کہ میں اس سے غنی ہوں۔جب دیکھے گا کہ اس اژدھے سے کہیں مفرنہیں تو ناچار اپنا ہاتھ اس کے منہ میں دیدے گا۔وہ ایسا چبائے گا جیسے نراونٹ چباتا ہے

۴۴۸۱۔ عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال۔قال رسول الله صلی الله تعالیٰ

---

۴۴۷۹۔ السنن لابن ماجه ، باب ما جاء فی منع الزكاة، ۱/۱۲۹

۴۴۸۰۔ الصحيح لمسلم ، باب اثم مانع الزكاة ، ۱/۳۲۰

۴۴۸۱۔ الجامع الصحيح للبخاری، باب اثم امانع الزكوة ، ۱/۱۸۸

السنن للنسائی، باب التغليظ فی حبس الزكاة ، ۱/۲۶۰

Marfat.com

علیه وسلم : مَنْ آتاهُ اللّٰهُ مَا لَا فَلَمْ يُؤَدِّ زَكوتَهُ مُثِّلَ لَهُ مَالُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا أَقْرَعَ لَهُ ذَبِيبَتَانِ يُطَوَّقُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُمَّ يَأخُذُ بِلَهْزِمَتَيْهِ يَعْنِي بِشِدْقَيْهِ ثُمَّ يَقُوْلُ أَنَا مَالُكَ وَأَنَا كَنْزُكَ ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جسے اللہ تعالیٰ نے مال دیااور پھراس نے زکوۃ ادانہیں کی ۔تو قیامت کے دن اس کو گنجے اژدھے کی شکل میں لایاجائے گاجس کے دوپھن ہوں گےاوراس کے گلے میں ڈال دیاجائے گاپھروہ اژدھااس کامنہ اپنے پھن میں لے کر کہے گا۔میں تیرامال ہوں میں تیرا خزانہ ہوں۔

۴۴۸۲۔ **عن** ثوبان رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم :مَنْ تَرَكَ بَعْدَهُ كَنْزًا مُثِّلَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعٌ أَقْرَعُ لَهُ زَبِيبَتَانِ يَتْبَعُ فَاهُ فَيَقُوْلُ: وَيْلَكَ مَا لُكَ ، فَيَقُوْلُ: أَنَا كَنْزُكَ الَّذِي تَرَكْتَهُ بَعْدَكَ،فَلَا يَزَالُ يَتْبَعُهُ حَتّٰى يَلْقَمَهُ يَدَهُ فَيَقْضِمُهَا ثُمَّ يَتْبَعُهُ سَائِرَ جَسَدِهِ ۔

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جس نے اپنے پیچھے بغیرزکوۃ کامال چھوڑاقیامت کےدن وہ گنجے اژدھے کی شکل میں ہوگاجس کے دوپھن ہوں گے۔اس کے پیچھے دوڑے گا۔وہ شخص کہے گاخرابی ہو تیرے لئے تو کون ہے۔وہ کہے گا۔میں تیراوہی خزانہ ہوں جس کوتوبغیرزکوۃ اداکئے دنیامیں چھوڑآیاتھا۔پھراس کے پیچھے دوڑتارہے گایہاں تک کہ مجبورہوکریہ اسکے منہ میں اپناہاتھ دیدے گاوہ اس کوچباجائیگایہاں تک کہ پوراجسم چباجائے گا۔

۴۴۸۳۔ **عن** أمیر المؤمنین علی کرم الله تعالیٰ وجهه الکریم قال : قال رسول

---

۴۴۸۲۔ المستدرك للحاکم　۳۸۸/۱　☆　الصحیح لابن خزیمة ،　۲۲۵۵
مجمع الزوائد للهیثمی ،　۶۴/۳　☆　مطالب العالیة لابن حجر ،　۸۷۱
کنز العمال للمتقی ، ۱۵۸۹۲ ، ۳۰۶/۶　☆　التفسیر لابن کثیر ،　۱۵۲/۲
۴۴۸۳۔ الترغیب و الترهیب للمنذری ، ۵۳۸/۱　☆

Marfat.com

الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : لَنْ یُّجْهَدَ الْفُقَرَآءُ اِذَا جَاعُوْا وَ عَرُوْا اِلَّا بِمَا یَصْنَعُ اَغْنِیَائُهُمْ، اِلَّا وَ اِنَّ اللّٰهَ یُحَاسِبُهُمْ حِسَابًا شَدِیْدًا وَ یُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا ۔

امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فقیر ہرگز ننگے بھوکے ہونے کی تکلیف نہ اٹھائیں گے مگر اغنیاء کے ہاتھوں، سن لو! ایسے تونگروں سے اللہ سخت حساب لے گا اور انہیں دردناک عذاب دے گا۔

۴۴۸۴۔ **عن** عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه قال : لا وی الصدقة ملعون علی لسان محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یوم القیامة ۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ ارشاد فرماتے ہیں ۔زکوۃ نہ دینے والا ملعون ہے زبان پاک مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر۔

۴۴۸۵۔ **عن** أمیر المؤمنین علی بن ابی طالب کرم الله تعالیٰ وجهه الکریم قال : لعن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم آکل الربا و موکله و شاهده و کاتبه ، و الواشمة المستوشمة ، و مانع الصدقه ۔

امیر المؤمنین حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سود کھانے والے، اور کھلانے والے، اس پر گواہی کرنے والے ،اس کا کاغذ لکھنے والے، اور زکوۃ نہ دینے والے کو قیامت کے دن ملعون بتایا۔

فتاوی رضویہ ۴/۴۳۵

۴۴۸۶۔ **عن** أنس رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : وَیْلٌ لِلْاَغْنِیَآءِ مِنَ الْفُقَرَآءِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ یَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا بَخِلُوْا بِحُقُوْقِنَا الَّتِی فَرَضْتَ لَنَا عَلَیْهِمْ فِی اَمْوَالِهِمْ، فَیَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: وَعِزَّتِی وَجَلَالِی لَاُقَرِّبَنَّکُمْ وَ لَاُبَعِّدَنَّهُمْ۔

---

۴۴۸۴۔ الصحیح لابن خزیمة ، ۴/۹

۴۴۸۵۔ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۱/۵۳۹

۴۴۸۶۔ کنز العمال للمتقی، ۱۵۸۲۲، ۶/۳۱۰

Marfat.com

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: قیامت کے دن تونگروں کے لئے محتاجوں کے ہاتھ سے خرابی ہے۔ محتاج عرض کریں گے: اے رب ہمارے! انہوں نے ہمارے وہ حقوق جو تونے ہمارے لئے ان پر فرض کئے تھے۔ ظلماً نہ دیئے۔ اللہ عزوجل فرمائے گا: مجھے قسم ہے اپنی عزت وجلال کی، تمہیں اپنا قرب عطا کرونگا اور انہیں دور رکھونگا۔

۴۴۸۷۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : أتی رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم علی قوم علی أقباللهم رقاع و علی أدبارهم رقاع يسرحون كما تسرح لاإبل و الغنم و يكون الفريع و الزقوم و رضف جهنم و حجارتها، قال : ماهؤلاء يا جبرئيل ! قال : هؤلاء الذين لا يؤدون صدقات أمواللهم ، و ما ظلمهم الله شيئا ، و ما الله بظلام للعبيد۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کچھ لوگ دیکھے جن کے آگے پیچھے غرقی لنگوٹی کی طرح کچھ چھتڑے تھے۔ اور جہنم کی گرم آگ، پتھر، تھوہڑ اور سخت کڑوی جلتی بد بودار گھاس چوپایوں کی طرح چرتے پھرتے تھے۔ جبرئیل امیں علیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے پوچھا یہ کون لوگ ہیں؟ عرض کی: یہ لوگ زکوۃ نہ دینے والے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ نے ان پر ظلم نہیں کیا۔ اللہ بندوں پر ظلم نہیں فرماتا۔

۴۴۸۸۔ **عن** عمر بن شعيب عن ابيه عن جده رضی الله تعالیٰ عنهم ان امرأة اتت رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم و معها ابنة لها و فی يد ابنتها مسكتان غليظتان من ذهب فقال لها : اتعطين زكوة هذا، قالت: لا، قال: ايسرك ان يسورك الله بهما يوم القيامة سوارين من نار ، قال فخلعتهما فالقتهما الی النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم و قالت: هما لله و رسوله ۔

حضرت عمرو بن شعیب سے وہ اپنے باپ سے وہ اپنے دادا رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے

---

۴۴۸۷۔ التفسير لابن جرير ، الجزء الخامس عشر ، ۷/۹

۴۴۸۸۔ السنن لابی داؤد ، باب الكنز ما هو وزكوة الحلی ، ۲۱۸/۱

Marfat.com

روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک عورت حاضر ہوئی اور اس کے ساتھ اسکی ایک لڑکی بھی تھی جو سونے کے کنگن پہنے تھی۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کی زکوۃ نہ دوگی۔ عرض کی: نہ، فرمایا: کیا چاہتی ہو کہ اللہ تمہیں آگ کے کنگن پہنائے۔ یہ سنتے ہی کنگن اتار کر حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کردئے اور عرض کیا: یہ اللہ ورسول کے لئے ہیں۔

فتاوی رضویہ ۴/۴۳۶

۴۴۸۹۔ **عن** عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه قال : امرنا باقام الصلوة و ایتاء الزکاة ، و من لم یزك فلا صلوة له ۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہمیں حکم دیا گیا کہ نماز پڑھیں اور زکوۃ دیں۔ اور جو زکوۃ نہ دے اس کی نماز نہیں۔

۴۴۹۰۔ **عن** عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : مَنْ أَقَامَ الصَّلٰوةَ وَ لَمْ یُؤْتِ الزَّکٰوۃَ فَلَیْسَ بِمُسْلِمٍ یَنْفَعُهُ عَمَلُهُ۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو نماز ادا کرے اور زکوۃ نہ دے وہ مسلمان نہیں کہ اسے اس کا عمل کام آئے۔

فتاوی رضویہ ۴/۴۳۸

۴۴۹۱۔ **عن** أبی ذر الغفاری رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : مَنْ أَوْکَی عَلٰی ذَهَبٍ أَوْ فِضَّةٍ وَ لَمْ یُنْفِقْهُ فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ کَانَ جَمْرًا یَوْمَ الْقِیَامَةِ یُکْوٰی بِهٖ ۔

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

---

۴۴۸۹۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۰۳/۱۰ سندہ صحیح ،

۴۴۹۰۔ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۵۴۰/۱ ☆

۴۴۹۱۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۵۳/۲ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۱۵۶/۵

الترغیب و الترهیب للمنذری، ۵۶/۲ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۱۲۵/۳

Marfat.com

وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے سونے چاندی میں بخل کیا اور اللہ کی راہ میں خرچ نہ کیا قیامت کے دن آگ بن جائے گا جس سے اسکو تپایا جائے گا۔۱۲م

٤٤٩٢۔ **عن** عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : كُلُّ مَا أُدِّيَ زَكٰوتُهُ فَلَيْسَ بِكَنْزٍ وَ إِنْ كَانَ مَدْفُوْنًا تَحْتَ الْأَرْضِ ، وَكُلُّ مَا لَا تُؤَدّٰى زَكٰوتُهُ فَهُوَ كَنْزٌ وَ إِنْ كَانَ ظَاهِرًا ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس مال کی زکوۃ ادا کردی جائے وہ کنز نہیں رہتا خواہ زمیں میں دفن ہو اور جس مال کی زکوۃ نہ دی جائے وہ کنز ہے خواہ زمیں کے اوپر ہو۔

٤٤٩٣۔ **عن** عبد الله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال :لما نزلت هذه الآية، وَ الَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَ الْفِضَّةَ كَبُرَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ ، فقال عمر رضی الله تعالیٰ عنه ، انا افرج عنكم ، فانطلق فقال : يا نبي الله انه كبر علی اصحابك هذه الآية فقال : إِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَفْرِضِ الزَّكَاةَ إِلَّا لِيُطِيْبَ مَابَقِيَ مِنْ أَمْوَالِكُمْ وَ إِنَّمَا فَرَضَ الْمَوَارِيْثَ تَكُوْنُ لِمَنْ بَعْدَكُمْ قال : و كبر عمر رضی الله تعالیٰ عنه۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب یہ آیت کریمہ ''والذين يكنزون الذهب والفضة'' نازل ہوئی۔یعنی وہ لوگ جو سونا چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں۔تو صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین پر یہ امر دشوار گزرا۔سیدنا حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں تمہاری اس مشکل کو دور کرتا ہوں لہذا حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یا نبی اللہ! آپ کے صحابہ کرام اس آیت مقدسہ کے حکم میں کچھ دشواری محسوس کر رہے ہیں۔فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے زکوۃ صرف اس لئے فرض فرمائی ہے کہ تمہارے مال پاک ہو جائیں۔اور وراثت کا حکم اس لے نازل فرمایا کہ تمہارے بعد والوں کو وہ مال پہونچ جائے۔راوی فرماتے ہیں: یہ سن کر حضرت

---

٤٤٩٢۔ السنن الكبرى للبيهقي، ٨٣/٤ ☆ الجامع الصغير للسيوطي، ٣٩٥/٢

٤٤٩٣۔ السنن لابي داؤد، كتاب الزكاة، باب حقوق مال، ٢٣٥/١

Marfat.com

فاروق اعظم نے تکبیر پڑھی۔۱۲م

۴۴۹۴۔ عن أم المؤمنین أم سلمة رضی الله تعالیٰ عنها قالت کنت البس اوضاحا من ذهب ، فقلت : یا رسول الله ! اکنز هو؟ فقال : مَا بَلَغَ اَنْ تُؤدِّی زَکاتُهُ فزُکّی فَلَیْسَ بِکَنْزٍ۔

ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں سونے کی پازیب پہنے تھی۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا یہ کنز ہے؟ ارشادفرمایا: اگرنصاب کو پہونچ جائے اورزکوۃ دے دی جائے تو کنزنہیں۔

فتاوی رضویہ ۴/۴۳۶

(۳۶) اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَاللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِیْ كِتٰبِ اللّٰهِ یَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ط ذٰلِكَ الدِّیْنُ الْقَیِّمُ لا فَلَا تَظْلِمُوْا فِیْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ قف وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِیْنَ كَآفَّةً كَمَا یُقَاتِلُوْنَكُمْ كَآفَّةً ط وَاعْلَمُوْآ اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ ۔☆

بیشک مہینوں کی گنتی اللہ کے نزدیک بارہ مہینے ہیں۔ اللہ کی کتاب میں۔ جب سے اس نے آسمان اور زمین بنائے ان میں سے چار حرمت والے ہیں۔ یہ سیدھا دین ہے تو ان مہینوں میں اپنی جان پر ظلم نہ کرو اور مشرکوں سے ہر وقت لڑو جیسا وہ تم سے ہر وقت لڑتے ہیں اور جان لو کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔

## ﴿۲۹﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

کفارزمانۂ رسالت جن کی نسبت حکم ہوا: واقتلوھم حیث ثقفتموھم [البقرہ۔۱۹۱] انہیں جہاں پاؤ قتل کرو۔

اورحکم ہوا: وقاتلوا المشرکین کافة کما یقاتلونکم کافة [التوبة۔۳۶]

---

۴۴۹۴۔ السنن لابی داؤد ، باب الکنز ما هو و زکاة الحلی، ۲۱۸/۱

المستدرک للحاکم ۳۹۰/۱ ☆

Marfat.com

سب مشرکوں سے لڑو جیسے وہ سب تم سے لڑتے ہیں۔

کیا ان کا ہر ہر فرد میدان جنگ میں آیا تھا، لڑائی دیکھی جاتی ہے، اگر جو لڑے ان کی خاص ذاتی غرض ہے جس میں ساری قوم شریک نہیں تو وہ لڑائی خاص انہیں کی طرف منسوب ہوگی جو اس کے مرتکب ہوئے۔ مثلاً کسی گاؤں کے دھرے میں ڈھے پر بعض لوگوں سے جنگ ہو تو وہ انہیں کی ہے، نہ کہ تمام قوم کی۔ اور اگر لڑائی مذہبی ہے تو ان سب اہل مذہب کی ہے کہ باقی دامے درمے قلمے قدمے معین ہوں گے اور کچھ نہ ہو تو راضی ہوں گے اور اپنے مذہب کی فتح ہو تو خوش ہوں گے اور دوسرے کی ہو تو رنجیدہ ہوں گے۔

قال اللہ تعالیٰ:

ان تمسسکم حسنۃ تسو ھم وان تصبکم سیئۃ یفر حوابھا " (ال عمران ـ ۱۲۰)

اگر تمہیں بھلائی پہنچے تو انہیں بری لگے اور اگر تمہیں برائی پہنچے تو اس پر شاد ہوں۔

تو وہ محاربین بالفعل ہیں خواہ ہاتھ سے یا زبان سے یا دل سے۔ یہ قربانی گاؤ کا مسئلہ ایسا ہی ہے، کون سا ہندو ہے جس کے دل میں اس کا نام سن کر آگ نہیں لگتی، کون سی ہندو زبان ہے جو گئو رکھشا کی مالا نہیں جپتی، کون سا شہر ہے جہاں اس کی سبھا یا اس کے ارکان یا اس میں چندہ دینے والے نہیں، کیا یہ مقدس بے گناہوں کے خون، یہ پاک مساجد کی شہادتیں، یہ قرآن عظیم کی اہانتیں انہیں ناپاک رکھشاؤں انہیں مجموعی سفاک سبھاؤں کے نتائج نہیں، نہ سہی

ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ہے

اب جس شہر جس قصبہ جس گاؤں میں چاہو آزما دیکھو، اپنی مذہبی قربانی کے لئے گائے پچھاڑو۔ اس وقت یہی تمہاری بائیں پسلی کے نکلے، یہی تمہارے سگے بھائی، یہی تمہارے منہ بولے بزرگ، یہی تمہارے آقا، یہی تمہارے پیشوا تمہاری ہڈی پسلی توڑنے کو تیار ہوتے ہیں یا نہیں۔

ان متفرقات کا جمع کرنا بھی جہنم میں ڈالئے، وہ آج تمام ہندوؤں اور نہ صرف ہندوؤں تم سب ہندو پرستوں کا امام ظاہر و بادشا باطن ہے، یعنی گاندھی صاف نہ کہہ چکا کہ مسلمان اگر قربانی گاؤ نہ چھوڑیں گے تو ہم تلوار کے زور سے چھڑا دیں گے، اب بھی کوئی شک رہا

کہ تمام مشرکین ہند دین میں ہم سے محارب ہیں پھر انھیں "لم یقاتلوکم فی الدین" میں داخل کرنا کیا نری بے حیائی ہے یا صریح بے ایمانی بھی، محاربہ مذہبی ہر قوم کا اس بات پر ہوتا ہے کہ جسے وہ اپنے دین کی رو سے زشت و منکر جانے، اسی کے ازالہ کے لئے لڑائی ہوتی ہے اور ازالہ منکر تین قسم ہے۔ موقع ہو تو ہاتھ سے ورنہ زبان سے ورنہ دل سے۔

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

من رأی منکم منکر افلیغیرہ بیدہ فان لم یستطع فبلسانہ فان لم یستطع فبقلبہ"

تم میں جو کوئی کچھ خلاف شرع بات دیکھے اس پر لازم ہے کہ اسے اپنے ہاتھ سے رد کرے، پھر اگر نہ ہو سکے تو زبان سے اور یہ بھی نہ ہو سکے تو دل سے۔

یہ تینوں صورتیں ازالہ و تغییر کی ہیں اور یہ سب اہل محاربہ ہی ہیں بالفعل ہتھیار اٹھانا شرط نہیں جس کا ثبوت اوپر گزرا، اور یہ ٹھہرے کہ اگر لڑائی سرتاج قوم اور تمام افراد کی رضا سے ہو مگر۔ قاتلوکم فی الدین" میں صرف وہی داخل ہوں گے جنہوں نے میدان میں ہتھیار اٹھائے تو ذرا انگریزوں کے ساتھ اپنے بائیکاٹ کا مزاج پوچھ لیجئے، کیا ہر انگریز ترکوں کے ساتھ میدان جنگ میں گیا تھا، ہر گز نہیں، لاکھوں یا شاید کروڑوں جنہوں نے اس میدان کی صورت تک نہ دیکھی، خصوصا ہندوستان میں سول کے انگریز، لم یقاتلونکم فی الدین" اور تمہارا یہ ترک تعاون کا عام مسئلہ تمہارے ہی منہ سخت جھوٹ اور شریعت پر افتراء ٹھرا کہ مقاطعہ کرو تو انھیں معدود سے کرو جو میدان میں ترکوں سے لڑے۔ غرض۔

نے فروعت محکم آمد نے اصول　　شرم بادت از خدا و از رسول

نہ تیرے فروع قائم رہے نہ اصول، تو خدا اور رسول سے شرم کھا۔

جدید ۱۴/۴۵۵

(۵۴) وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى وَلَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا وَهُمْ كٰرِهُوْنَ۔ ☆

اور وہ جو خرچ کرتے ہیں اس کا قبول ہونا بند نہ ہوا مگر اسی لئے کہ وہ اللہ اور رسول سے

Marfat.com

منکر ہوئے اور نماز کو نہیں آتے مگر جی ہارے اور خرچ نہیں کرتے مگر ناگواری سے۔

## ﴿۳۰﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

دیکھوان کا نماز پڑھنا بیان کیا اور پھر انہیں کافر فرمایا کیا وہ قبلہ کو نماز نہیں پڑھتے تھے؟ فقط قبلہ کیسا، قبلۂ دل وجاں، کعبۂ دین وایماں، سرور عالمیاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلمکے پیچھے جانب قبلہ نماز پڑھتے تھے۔

(تمہید ایمان ۵۸)

(۵۹) وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَاۤ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗۤ ۙ اِنَّاۤ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ۔☆

اور کیا اچھا ہوتا اگر وہ اس پر راضی ہوتے جو اللہ ورسول نے ان کو دیا اور کہتے ہمیں اللہ کافی ہے اب دیتا ہے ہمیں اللہ اپنے فضل سے اور اللہ کا رسول ہمیں اللہ ہی کی طرف رغبت ہے۔

## ﴿۳۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہاں رب العزت جل وعلا نے اپنے ساتھ اپنے رسول ﷺ کو بھی دینے والا فرمایا اور ساتھ ہی یہ بھی ہدایت کی کہ اللہ ورسول سے امید لگی رکھو کہ اب ہمیں اپنے فضل سے دیتے ہیں جل جلالہ و ﷺ۔

(الامن والعلی ۷۸)

(۶۰) اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِى الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ۔☆

زکوۃ تو انہیں لوگوں کے لئے ہے محتاج اور نرے نادار اور جو اسے تحصیل کر کے لائیں اور جن کے دلوں کو اسلام سے الفت دی جائے اور گردنیں چھوڑانے میں اور قرضداروں کو اور اللہ کی راہ میں اور مسافر کو یہ ٹھہرایا ہوا ہے اللہ کا اور اللہ علم وحکمت والا ہے۔

## ﴿۳۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

Marfat.com

مصرف زکوۃ ہر مسلمان حاجت مند جسے اپنے مال مملوک سے مقدار نصاب فارغ عن الحوائج الاصلیہ پر دسترس نہیں بشرطیکہ نہ ہاشمی ہو نہ اپنا شوہر نہ اپنی عورت اگر چہ طلاق مغلظہ دے دی ہو جب تک عدت سے باہر نہ آئے، نہ وہ جو اپنی اولاد میں ہے جیسے بیٹا بیٹی، پوتا پوتی، نواسا نواسی، نہ وہ جن کی اولا میں یہ ہے، جیسے ماں باپ، دادا دادی، نانا نانی، اگر چہ یہ اصلی و فروعی رشتے عیاذ اباللہ بذریعہ زنا ہوں، نہ اپنا یا ان پانچوں قسم میں سے کسی کا مملوک اگر چہ مکاتب ہو، نہ کسی غنی کا غلام غیر مکاتب، نہ مرد غنی کا نابالغ بچہ، نہ ہاشمی کا آزاد بندہ۔ اور مسلمان حاجتمند کہنے سے کافر وغنی پہلے ہی خارج ہو چکے، یہ سولہ شخص ہیں جنہیں زکوۃ دینی جائز نہیں، ان کے سوا سب کو روا، مثلا ہاشمیہ بلکہ فاطمیہ عورت کا بیٹا جبکہ ماں باپ ہاشمی نہ ہوں کہ شرع میں نسب باپ سے ہے، بعض متہورین کہ ماں کے سیدانی ہونے سے سید بن بیٹھے اور باوجود تفہیم اس پر اصرار کرتے بحکم حدیث صحیح مستحق لعنت الٰہی ہوتے ہیں۔ وَالْعِیاذ باللہ تعالیٰ وقداو ضحانا ذلک فی فتاوینا، اسی طرح غیر ہاشمی کا آزادشدہ بندہ اگر چہ اپنا ہی ہو یا اپنے اور اپنے اصول وفروع وزوج وزوجہ ہاشمی کے علاوہ کسی غنی کا مکاتب، یا زن غنیہ کا نابالغ بچہ اگر چہ یتیم ہو، یا اپنے بہن بھائی چچا پھوپھی خالہ ماموں بلکہ انہیں دینے میں دونا ثواب ہے، زکوۃ وصلہ رحم۔ یا اپنی بہو یا داماد کا شوہر، یا باپ کی عورت، یا اپنے زوج یا زوجہ کی اولاد کہ ان سولہ کو بھی دینا روا جبکہ یہ سولہ اول سے سولہ نہ ہوں، از آنجا کہ انہیں ان سے مناسبت ہے جس کے باعث ممکن تھا کہ ان میں بھی عدم جواز کا وہم جاتا، لہذا فقیر نے انہیں بالتخصیص شمار کر دیا۔ اور نصاب مذکور پر دسترس نہ ہونا چند صورت کو شامل۔

ایک: یہ کہ سرے سے مال ہی نہ رکھتا ہو اسے مسکین کہتے ہیں۔

دوم: مال ہو مگر نصاب سے کم یہ فقیر ہے۔

سوم: نصاب بھی ہو مگر حوائج اصلیہ میں مستغرق، جیسے مدیون۔

چہارم: حوائج سے فارغ ہو مگر اسے دسترس نہیں، جیسے ابن السبیل یعنی مسافر جس کے پاس خرچ نہ رہا ہو، بقدر ضرورت زکوۃ لے سکتا ہے اس سے زیادہ اسے لینا روا نہیں، یا وہ شخص جس کا مال دوسرے پر دین موجل ہے اور میعاد نہ آئی، اب اسے کھانے پہننے کی تکلیف ہے تو میعاد آنے تک بقدر حاجت لے سکتا ہے۔ یا وہ جس کا مدیون غائب ہے یا لے کر مکر گیا اگر چہ

Marfat.com

ثبوت رکھتا ہو کہ ان سب صورتوں میں دسترس نہیں۔ بالجملہ مدار کار حاجت مندی بمعنی مذکور پر ہے۔ تو جو نصاب مذکور دسترس رکھتا ہے ہرگز زکوۃ نہیں پاسکتا اگرچہ غازی ہو یا حاجی یا طالب علم یا مفتی مگر عامل زکوٰۃ، جسے حاکم اسلام نے ارباب اموال سے تحصیل زکوۃ پر مقرر کیا وہ جب تحصیل کرے تو بحالت غنی بھی بقدر اپنے عمل کے لے سکتا ہے اگر ہاشمی نہ ہو۔ پھر دینے میں تملیک شرط ہے جہاں یہ نہیں، جیسے محتاجوں کو بطور اباحت اپنے دسترخوان پر بٹھلا کر کھلا دینا یا میت کے کفن دفن میں لگانا یا مسجد کنواں خانقاہ مدرسہ پل سرائے وغیرہ بنوانا ان سے زکوٰۃ ادا نہ ہوگی، اگر ان میں صرف کیا چاہے اس کے وہی حیلے ہیں جو ہمارے فتاوی میں مسطور ہیں۔

(۶۱) وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ط قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ط وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ☆

اور ان میں کوئی وہ ہیں کہ ان غیب کی خبریں دینے والے کو ستاتے ہیں اور کہتے ہیں وہ تو کان ہیں تم فرماؤ تمہارے بھلے کے لئے کان ہیں اللہ پر ایمان لاتے ہیں اور مسلمانوں کی بات پر یقین کرتے ہیں۔ اور جو تم میں مسلمان ہیں ان کے واسطے رحمت ہیں جو رسول اللہ کو ایذا دیتے ہیں ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔

## ﴿۳۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

منافقین حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں گستاخیاں کرتے اور ان میں کوئی کہتا ایسا نہ کہو کہیں ان تک خبر پہنچے۔ کہتے پہنچے گی تو کیا ہوگا، ہم سے پوچھیں گے ہم مکر جائیں گے۔ قسمیں کھالیں گے۔ انہیں یقین آجائے گا کہ "ھو اذن" وہ کان ہیں جیسی ہم سے خبر سنیں گے مان لیں گے، حق جل وعلا نے فرمایا: اذن خیر لکم۔ وہ تمہارے بھلے کے لئے ہیں، ان کے جھوٹے عذر بھی قبول کر لیتے ہیں اور بکمال حلم وکرم چشم پوشی فرماتے ہیں، ورنہ کیا انہیں تمہارے بھیدوں اور خلوت کی چھپی باتوں پر آگاہی نہیں۔ یومن باللہ۔ خدا پر ایمان لاتے ہیں، اور وہ تمہارے اسرار سے انہیں مطلع کرتا ہے۔ پھر تمہاری جھوٹی قسموں کا انہیں کیونکر یقین آئے۔ ہاں۔ یومن للمومنین۔ ایمان والوں کی بات واقعی مانتے ہیں کہ ان کے دل کی سچی

Marfat.com

حالتوں پر خبر ہے۔اس لئے" ورحمة للذين امنوا منكم۔ مہربان ہیں ان پر جو تم میں ایمان لائے کہ ان کے طفیل سے انہیں ہمیشگی کے گھر میں بڑے رتبے ملتے ہیں۔اور اگر چہ یہ بھی ان کی رحمت ہے کہ دنیا میں تم سے چشم پوشی ہوتی ہے، مگر اس کا نتیجہ اچھا نہ سمجھو کہ تمہاری گستاخیوں سے انہیں ایذا پہنچی ہے۔والذين يؤذون رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لهم عذاب اليم۔ اور جو لوگ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایذا دیں ان کے لئے دکھ کی مار ہے۔

(تجلی الیقین ۔۴۹۔۵۰)

(۶۵) وَلَئِن سَأَلْتَهُمْ لَيَقُولُنَّ إِنَّمَا كُنَّا نَخُوضُ وَنَلْعَبُ ط قُلْ أَبِاللَّهِ وَآيَاتِهِ وَرَسُولِهِ كُنتُمْ تَسْتَهْزِءُونَ۔☆

اور اے محبوب اگر تم ان سے پوچھو تو کہیں گے کہ ہم تو یونہی ہنسی کھیل میں تھے تم فرماؤ کیا اللہ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول سے ہنستے ہو۔

## ﴿۳۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ابن ابی شیبہ ابن جریر وابن المنذر وابن ابی حاتم وابو الشیخ امام مجاہد تلمیذ خاص سیدنا عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت فرماتے ہیں:۔

انه قال فى قوله تعالىٰ و لئن سئلتهم ليقولن انما كن نخوض و نلعب ۔قال رجل من المنافقين يحدثنا محمد ان ناقة فلان بو ٦٦ ادى كذاو ما يدر يه بالغيب ۔

یعنی کسی شخص کی اونٹنی گم ہوگئی، اس کی تلاش تھی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمایا اونٹنی فلاں جنگل میں فلاں جگہ ہے اس پر ایک منافق بولا محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) بتاتے ہیں کہ اونٹنی فلاں جگہ ہے، محمد غیب کیا جانیں؟۔ (ابن جریر۔ج ۱۰۔ص ۱۰۴۔)

اس پر اللہ عزوجل نے یہ آیت کریمہ اتاری کہ کیا اللہ و رسول سے ٹھٹھا کرتے ہو، بہانے نہ بناؤ تم مسلمان کہلا کر اس لفظ کے کہنے سے کافر ہوگئے۔ (دیکھو تفسیر امام ابن جریر مطبع مصر جلد دہم صفحہ ۱۰۵ و تفسیر درمنثور امام جلال الدین سیوطی جلد سوم ۔ص ۲۵۴)

مسلمانو! دیکھو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں اتنی گستاخی کرنے سے کہ وہ

Marfat.com

غیب کیا جانیں، کلمہ گوئی کام نہ آئی ور اللہ تعالیٰ نے صاف فرمادیا کہ بہانے نہ بناؤ تم اسلام کے بعد کافر ہو گئے۔ یہاں سے

وہ حضرات بھی سبق لیں جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلمکے علوم غیب سے مطلقاً منکر ہیں ۔دیکھو یہ قول منافق کا ہے۔اور اس کے قائل کو اللہ تعالیٰ نے اللہ وقرآن ورسول سے ٹھٹھا کرنے والا بتایا اور صاف صاف کافر ومرتد ٹھہرایا۔

اور کیوں نہ ہو کہ غیب کی بات جاننی شان نبوت ہے۔جیسا کہ امام حجۃ الاسلام محمد غزالی وامام احمد قسطلانی ومولانا علی قاری علامہ محمد زرقانی وغیرہم اکابر نے تصریح فرمائی جس کی تفصیل رسائل علم غیب میں بفضلہٖ تعالیٰ بروجہ اعلیٰ مذکور ہوئی پھر اسکی سخت شامت، کمال ضلالت کا کیا پوچھنا جو غیب کی ایک بات بھی خدا کے بتائے سے بھی نبی کو معلوم ہونا محال وناممکن بتاتا ہے اسکے نزدیک اللہ سے سب چیزیں غائب ہیں اور اللہ کو اتنی قدرت نہیں کہ کسی کو ایک غیب کا علم دے سکے۔اللہ تعالیٰ شیطان کے دھوکوں سے پناہ دے۔آمیں۔

ہاں بے خدا کے بتائے کسی کو ذرہ بھر کا علم ماننا ضرور کفر ہے اور جمیع معلومات الٰہیہ کو علم مخلوق کا محیط ہونا بھی باطل اور اکثر علماء کے خلاف ہے لیکن روز ازل سے روز آخر تک کا''ماکان و مایکون اللہ تعالیٰ کے معلومات سے وہ نسبت بھی نہیں رکھتا جو ایک ذرہ کے لاکھویں کروڑویں حصے برابر تری کو کروڑہا کروڑ سمندروں سے ہو بلکہ یہ خود علوم محمدیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا ہے۔ان تمام امور کی تفصیل 'الدولۃ المکیۃ' وغیرہا میں ہے۔　(تمہید ایمان ۔۵۶۔۵۷)

(٦٥) اخرج ابن جریر و ابن ابی حاتم و ابو الشیخ و ابن مردویہ عن عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما و ابن جریر عن زید بن اسلم و عن محمد بن کعب و غیرھما قال رجل فی غزوۃ تبوک فی مجلس یوما رائینا مثل قرائنا ھؤلاء ولا ارغب بطونا ولا اکذب السنۃ ولا اجبن عند اللقاء فقال رجل فی المجلس کذبت ولکنک منافق لا خبرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و نزل لقرآن قال عبد اللہ فانا رائیتہ متعلقا بحقب نا قۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

Marfat.com

وسلم والحجارة تنكبه وهو يقول :يا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم !انما كنا نخوض و نلعب والنبی صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول :ابالله و اياته و رسوله كنتم تستهزء ون ۔ والله تعالىٰ اعلم ۔

ابن جریر، ابن ابی حاتم، ابوالشیخ اور ابن مردویہ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور ابن جریر نے حضرت ابن اسلم اور محمد بن کعب وغیرہما رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے حدیث کی تخریج کی کہ ایک شخص نے ایک دن مجلس میں غزوہ تبوک کے موقع پر کہا: کہ ہم نے اپنے ان قاریوں کی مانند اور نہ دیکھے، نہ کھانے کے لالچی اور نہ زبان کے جھوٹے اور نہ دشمن کے مقابلہ میں بزدل، تو اس مجلس میں ایک شخص نے کہا تو جھوٹ کہتا ہے، تو منافق معلوم ہوتا ہے، میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ضرور اس بات کی خبر دوں گا، تو اس کی یہ بات حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو معلوم ہوئی اور قرآن نازل ہوا۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا: میں نے اس شخص کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اونٹنی کے تنگ کے ساتھ لٹکا ہو دیکھا، پتھر اسے زخمی کر رہے تھے، اور وہ کہہ رہا تھا یارسول اللہ! ہم تو دل چسپی اور کھیل کر رہے تھے اور حضور علیہ الصلوۃ والسلام اس کو فرمارہے تھے: کیا اللہ تعالیٰ اور اس کی آیات اور اس کے رسول سے تم ٹھٹھا کرتے ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(فتاوی رضویہ جدید ۔۱۴/۲۴۴۔۲۴۵)

**(۶۶) لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ط اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةً بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ۔☆**

بہانے نہ بناؤ تم کافر ہو چکے مسلمان ہو کر۔ اگر ہم تم میں سے کسی کو معاف کریں تو اوروں کو عذاب دیں گے اس لئے کہ وہ مجرم تھے۔

## ﴿۳۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

قرآن کریم کی بعض آیات کریمہ کا حاصل یہ ہے کہ جو عام مسلمانوں پر ظلم کریں ان کے لئے بری بازگشت ہے، ان کا ٹھکانہ جہنم ہے، ان پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے، نہ کہ وہ جو اولیا پر ظلم کریں، نہ کہ انبیاء پر، نہ کہ خود حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضائل وعلوشان :قدس

Marfat.com

پر۔ ان پر کیسی اشد لعنت الٰہی ہوگی اور ان کا ٹھکانا دوزخ کا اخبث طبقہ، اور اگر تم ان سے پوچھو کہ یہ کیسے کفریات ملعونہ تم نے بکے تو حیلے گڑھیں گے، بے سروپا جھوٹی تاویلیں کریں گے، اور کچھ نہ بنے تو یوں کہیں گے کہ ہماری مراد توہین نہ تھی، ہم نے تو یوں ہی ہنسی کھیل میں کہہ دیا تھا۔ واحد قہار جل وعلا فرماتا ہے:

بیشک ضرور وہ کفر کا بول بولے اور اسلام کے بعد کافر ہوگئے، یعنی ان کی قسموں کا اعتبار نہ کرو۔ وانھم لا ایمان لھم۔ ان پیشوایان کفر کی قسمیں کچھ نہیں۔ اتخذو ایمانھم جنۃ فصدوا عن سبیل اللہ فلھم عذاب مھین۔ (المنافقون، ۲)

وہ اپنی قسموں کی ڈھال بنا کر اللہ کی راہ سے روکتے ہیں، لاجرم ان کے لئے ذلیل و خوار کرنے والا عذاب ہے ان کے کفر کے سبب، اللہ تعالیٰ نے ان پر لعنت کی تو بہت کم ایمان لاتے ہیں، وہ جو رسول اللہ کو ایذا دیتے ہیں۔ ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔ بیشک جو اللہ و رسول کو ایذا دیتے ہیں اللہ نے دنیا و آخرت میں ان پر لعنت فرمائی اور ان کے لئے تیار کر رکھا ہے ذلت دینے والا عذاب، طوائف مذکورین وہابیہ و نیچریہ و قادیانیہ و غیر مقلدین و دیوبندیہ و چکڑالویہ خذلھم اللہ تعالیٰ اجمعین۔ ان آیات کریمہ کے مصداق بالیقین اور قطعا یقینا کفار و مرتدین ہیں، ان میں ایک آدھ اگرچہ کافر فقہی تھا اور صدہا کفر اس پر لازم تھے جیسے نمبر۲ والا دہلوی مگر اب اتباع واذناب میں اصلا کوئی ایسا نہیں جو قطعا یقینا اجماعا کافر کلامی نہ ہو، ایسا کہ من شک فی کفرہ فقد کفر، جو ان کے اقوال ملعونہ پر مطلع ہوکر ان کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہے، اور احادیث کہ سوال میں ذکر کیں بلاشبہ ان کے اگلے پچھلے تابع متبوع سب ان کے مصداق ہیں یقینا وہ سب بدعتی اور استحقاق نار جہنمی اور جہنم کے کتے ہیں مگر انہیں خوارج اور روافض کے مثل کہنا روافض و خوارج پر ظلم اور ان وہابیہ کی کسر شان خباثت ہے، رافضیوں خارجیوں کی قصدی گستاخیاں صحابہ کرام و اہل بیت عظام رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر مقصور ہیں اور ان گستاخوں کی اصل مطمح نظر حضرات انبیائے کرام اور خود حضور پر نور شافع یوم النشور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں۔

ع۔ ببیں تفاوت رہ از کجاست تا بکجا

راستے کا تفاوت دیکھ کہاں سے کہاں تک ہے

ان تمام مقاصد اور ان سے بہت زائد کی تفصیل فقیر کے رسائل، سل السیوف وکوکبۃ شہابیۃ وسبحان السبوح وفتاوی الحرمین وحسام الحرمین وتمہید ایمان وانباء المصطفی وخالص الاعتقاد وقصیدۃ الاستمداد اور اس کی شرح کشف ضلال دیوبندیہ وغیرہا کثیرہ شہیرہ حافلہ کافلہ شافیہ وافیہ قالعہ قامعہ، میں ہے۔ وللہ الحمد۔

ان کے پیچھے اقتداء باطل محض ہے، کما حققناہ فی النہی الاکید۔ جیسا کہ ہم نے النہی الاکید میں اس پر تفصیلا گفتگو کی ہے) ان سب کی کتب کا مطالعہ حرام ہے۔ مگر عالم کو بغرض رد، ان سے میل جول قطعی حرام، ان سے سلام وکلام، انہیں پاس بٹھانا حرام، ان کے پاس بیٹھنا حرام، بیمار پڑیں تو ان کی عیادت حرام، مرجائیں تو مسلمانوں کا سا انہیں غسل وکفن دینا حرام، ان کا جنازہ اٹھانا حرام، ان پر نماز پڑھنا حرام، انہیں مقابر مسلمین میں دفن کرنا حرام، ان کی قبر پر جانا حرام، انہیں ایصال ثواب کرنا حرام۔ مثل نماز جنازہ کفر۔

(فتاوی رضویہ جدید، ۱۴/۴۰۱_۴۰۲)

﴿۷۴﴾ يَحْلِفُونَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ط وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ إِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا ج وَمَا نَقَمُوْا إِلَّا أَنْ أَغْنٰهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ج فَإِنْ يَتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ ج وَإِنْ يَتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا أَلِيْمًا لا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ج وَمَا لَهُمْ فِي الْأَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ۔☆

اللہ کی قسم کھاتے ہیں کہ انہوں نے نہ کہا اور بیشک ضرور انہوں نے کفر کی بات کہی اور اسلام میں آکر کافر ہوگئے اور وہ چاہا تھا جو انہیں نہ ملا اور انہیں کیا برا لگا یہی نہ کہ اللہ ورسول نے انہیں اپنے فضل سے غنی کردیا۔ تو اگر وہ توبہ کریں تو ان کا بھلا ہے اور اگر منہ پھیریں تو اللہ انہیں سخت عذاب کریگا دنیا اور آخرت میں اور زمین میں کوئی نہ ان کا حمایتی ہوگا نہ مددگار۔

## ﴿۳۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ہاں یہ جگہ ہے کہ غیظ میں کٹ جائیں بیمار دل۔ اللہ فرماتا ہے: کہ اللہ اور اللہ کے رسول نے دولت مند کردیا اپنے فضل سے، اے اللہ کے رسول مجھے اور سب اہل سنت کو دین ودنیا کا دولت مند فرما اپنے فضل سے، صلی اللہ تعالی علیہ وسلم۔

Marfat.com

## میں گدا تو بادشاہ بھر دے پیالہ نور کا

۴۴۹۵۔ **عن** عبد اللہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم لما فتح حنیناً قسم الغنائم، فاعطی المؤلفة قلوبهم، فبلغه ان الانصار یحبون ان یصیبوا ما اصاب الناس، فقام رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فخطبهم فحمد اللہ واثنی علیه، ثم قال: یا معشر الانصار! الم اجدکم ضلا لاً فهداکم اللہ بی وعالة فاغنا کم اللہ بی، و متفرقین فجمعکم اللہ بی، ویقولون: اللہ و رسوله امن ۔ فقال: الاتجیبونی، فقالوا: اللہ و رسوله امن، فقال: اما انکم لو شئتم ان تقولوا کذا و کذا ۔ فقال: الا ترضون ان یذهب الناس بالشاء و الابل، وتذهبون برسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم الی رحالکم، الانصار شعار والناس دثار، ولولا اللهجرة لکنت امرأ من الانصار، ولو سلک الناس وادیا وشعبا لسلکت وادی الانصار وشعبهم، انکم ستلقون بعدی اثرة فاصبروا حتی تلقونی علی الحوض ۔

حضرت عبد اللہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فتح حنین کے دن مال غنیمت تقسیم فرمایا اس موقع پر مولفۃ قلوب کو بہت کچھ عنایت فرمایا۔ انصار کے بارے میں حضور کو یہ اطلاع ملی کہ ان کی بھی خواہش ہے کہ دوسروں کی طرح انہیں بھی مال غنیمت ملنا چاہئے، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کھڑے ہوکر خطبہ ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کرنے کے بعد فرمایا: اے گروہ انصار! کیا میں نے تمہیں گمراہ نہ پایا پس اللہ تعالیٰ نے میرے ذریعہ سے تمہیں ہدایت دی، اور تمہارے آپس میں پھوٹ تھی تو اللہ تعالیٰ نے میرے وسیلہ سے تم میں موافقت کردی، اور تم محتاج تھے اللہ عزوجل نے میرے واسطے سے تمہیں تونگری بخشی، انصار اس وقت یوں گویا ہوئے، بلکہ اللہ و

---

۴۴۹۵۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب غزوة الطائف فی شوال، ۲/ ۶۲۰

الصحیح لمسلم، باب اعطاء المؤلفة و من یخاف علی ایمانه، ۱/ ۳۳۹

فتح الباری لابن حجر، ۸/ ۴۷ ☆ المصنف لابن ابی شیبة، ۱۴/ ۵۲۸

Marfat.com

رسول کا احسان اس سے بھی زائد ہے، پھر حضور نے خود ہی فرمایا: ہاں تم اس کے جواب میں چاہو تو یہ کہہ سکتے ہو کہ ہمارے بھی حضور پر اتنے احسان ہیں، پھر فرمایا: اے انصار! کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو کہ لوگ بکریاں اور اونٹ لے کر اپنے گھروں کو جائیں اور تم اللہ کے رسول کو اپنے ساتھ لے کر جاؤ۔ انصار استر کپڑے کی طرح اور دوسرے لوگ ابرے کی طرح ہیں، اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں قبیلہ انصار کا ایک فرد ہوتا، لوگ اگر کسی وادی میں چلیں یا کسی میدان میں تو میں انصار کے پسندیدہ میدان اور وادی کو پسند کروں، اے انصار سنو! میرے بعد تم دیکھو گے کہ دوسروں کو تم پر ترجیح دی جائیگی، لہذا تم صبر کرنا یہاں تک کہ حوض کوثر پر تم سے ملاقات کرو۔ ۱۲م

٤٤٩٦ ـ **عن** ابی سعید الخدری رضی الله تعالی عنه قال: لما قسم رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم السبی بالجعرانة اعطی عطایا قریشاً و غیرها من العرب ولم یکن فی الانصار منها شیٔ فکثرت المقالة و فشت حتی قال قائلهم: اما رسول الله لقد لقی قومه فارسل الی سعد بن عبادة فقال: ما مقالة بلغتنی عن قومك اکثرو فیها؟ فقال له سعد: فقد کان ما بلغك، قال فاین انت من ذاك؟ قال: ماا ناا لا رجل من قومی، فاشتد غضبه و قال: اجمع قومك و لا یکن معهم غیرهم فجمعهم فی حظیرة من حظائر السبی و قام علی بابها و جعل لا یترك الا من کان من قومه و قد ترك رجالا من المهاجرین و رد اناسا، ثم جاء النبی یعرف فی وجهه الغضب فقال: یا معشر الانصار الم اجدکم ضلالا فهداکم الله؟ فجعلوا یقولون: نعوذ بالله من غضب الله و من غضب رسوله یا معشر الانصار الم اجدکم عالة فاغناکم الله فجعلو یقولون: نعوذ بالله و من غضب الله و من غضب رسوله! قال الا تجیبون؟ قالوا: الله و رسوله أمن و افضل فلما سری عنه قال: و لو شئتم لقلتم فصدقتم الم نجدك طریدا فاوینك و مکذبا فصدقناك و عائلا فآسیناك و مخذولا فنصرناك؟ فجعلوا یبکو ن و یقولون: الله و رسوله أمن

---

٤٤٩٦ـ کنز العمال للمتقی، ٣٧٩٣٩، ١٤/ ٦٠

Marfat.com

وافضل ثم قال : اوجد تم من شئ من دنیا اعطیتھا قوماتالفھم علی الاسلام و کلتم الی اسلامکم؟ لو سلك الناس و ادیا او شعبا لسلکت و ادیکم وشعبکم ، انتم شعارو الناس دثار، ولو لا اللھجرة لکنت امرأ من الانصار ، ثم رفع یدیه حتی انی لأ ری ما تحت منکبیه فقال : اللھم اغفر للانصار و لابناء الانصار و لا بناء ابناء الانصار ! اما ترضون ان یذھب الناس بالشاء و البعیر و تذھبون برسول اللہ صلی اللہ تعالی علیه وسلم الی بیوتکم ؟ فبکی القوم حتی اخضلوا الحاھم و انصرفوا و ھم یقولون رضینا باللہ و برسوله حظا و نصیبا۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے مقام جعرانہ میں مال غنیمت تقسیم فرمایا تو قریش اور دیگر قبائل عرب کو دیا اور انصار کو کچھ نہ ملا، (انہیں اس خیال سے کہ شاید حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو ہم پر اب وہ توجہ اور نظر کرم نہ رہی ، شاید اب اپنی قوم کی طرف زیادہ التفات فرمائیں ، بمقتضائے سنت عشاق کہ دوسروں پر لطف محبوب زائد دیکھ کر رنجیدہ وکبیدہ ہوتے ہیں ملال گزرا) یہاں تک کہ بعض کی زبان پر بعض کلمات شکایت آمیز آئے ، حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے سنا تو خاطر انور پر ناگوار گزرا۔ حضرت سعد بن عبادہ انصاری کو بلایا ، فرمایا: تمہاری قوم انصار کی طرف سے مجھے یہ کیا سننے کومل رہا ہے، عرض کیا: حضور جو کچھ سنا وہ واقعہ ہے، فرمایا تو اس وقت تم کہاں تھے ،عرض کیا: میں بھی اپنی قوم کا ایک فرد ہوں لہذا قومی ہمدردی میں شریک ہوگیا، حضور کا جلال بڑھ گیا ،فرمایا: اپنی قوم کو جمع کرو اور ان کے علاوہ کوئی نہ ہو، سب انصار مال غنیمت کے باڑہ میں جمع ہوئے ، حضرت سعد سب کو ہی بلا لائے تھے اور خود دروازہ پر کھڑے سب کی نگرانی کر رہے تھے ، حضور نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم تشریف لائے اس حال میں کہ چہرہ اقدس سے غضب کے آثار نمایاں تھے ، فرمایا: اے گروہ انصار ! کیا میں نے تمکو گمراہ نہ پایا کہ پھر اللہ تعالی نے تم کو ہدایت دی؟ سب ہیبت زدہ بول اٹھے ، ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں اللہ کے غضب اور رسول کے غضب سے ، پھر فرمایا: اے گروہ انصار! کیا میں نے تم کو نادار نہ پایا کہ پھر اللہ تعالی نے تم کو غنی کر دیا؟ سب نے عرض کیا: ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں اللہ کے غضب اور رسول کے غضب سے ،، فرمایا: کیوں جواب کیوں نہیں دیتے؟ بولے: اللہ ورسول کا احسان

Marfat.com

اور فضل بڑا ہے۔ جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا غم ہلکا ہوا تو فرمایا: اگر تم چاہو تو جواب میں یہ بھی کہہ سکتے ہو اور تم اپنے قول میں سچے قرار دیئے جاؤ گے، کہ یارسول اللہ! کیا ہم نے آپ کو بے ٹھکانا نہ پایا کہ اپنے یہاں ٹھکانا دیا، آپکی قوم نے جھٹلایا تو ہم نے تصدیق کی، آپ حاجت مند تھے تو ہم نے اس کو پورا کیا، اور بے یارومددگار تھے تو ہم نے مدد کی۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے یہ باتیں سنکر انصار رونے لگے اور بار بار کہتے: اللہ ورسول کا فضل واحسان بڑا ہے، پھر حضور نے فرمایا: میں نے جو کچھ کسی قوم کو دیا وہ محض تالیف قلب کے لئے دیا، اور تمہیں تمہارے اسلام کے سپرد کر دیا کہ تمہاری طرف سے کامل اطمینان ہے، سنو! تمہاری فضیلت یہ ہے کہ اگر لوگ کسی وادی یا گھائی کی طرف ہوں اور تم دوسری طرف تو میں تمہاری طرف رہوں گا، تم استر کی مانند ہو اور دوسرے لوگ ابرہ کی طرح ہیں، اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں انصار ہی کا ایک فرد ہوتا، پھر خوب اونچے ہاتھ اٹھا کر دعا کی، الٰہی! انصار کی بخشش فرما۔ اور ساتھ ہی ان کے بیٹوں اور پوتوں کی بھی مغفرت فرما، اے انصار! کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو کہ لوگ تو اپنے گھروں کو بکریاں اور اونٹ لے کر جائیں اور تم اللہ کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو لیکر اپنے وطن پہونچو، یہ سن کر لوگ اتنا روئے کہ داڑھیاں تر ہوگئیں۔ جب واپس ہوئے تو سب کی زبان پر جاری تھا، ہم اللہ اور اس کے رسول (جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے عطیہ سے بخوبی رضامند اور خوش ہیں۔

الامن والعلی۔ ص ۱۰۷

۴۴۹۷۔ **عن** عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: کنا مع رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم بحنیین، فلما اصاب من ہو ازن ما اصاب من اموالھم و سبایاھم ادرکہ و فدھو ازن بالجعرانۃ و قد اسلموا، فقالوا: یا رسول اللہ! صلی اللہ تعالی علیہ وسلم، انا اصل و عشیرۃ، فامنن علینا من اللہ علیك، و قام خطیبھم زھیر بن صرد فقال:

امنن علینا رسول اللہ فی کرم ☆ فانك المرء ترجوہ و تدخر

---

۴۴۹۷۔ المعجم الصغیر للطبرانی، ☆ اسد الغابۃ للجزری، ۲/ ۲۶۲

Marfat.com

امنن علی بیضة قدعا قها قدر ☆ مشتت شملها فی دهرها غیر
ابقت لنا الدهر هنا فاعلی حزن ☆ علی قلوبهم الغماء و الغمر
ان لم تدار کهم نعمآء تنشرها ☆ یا ارجح الناس حلما حین یخبر،

قال : فلما سمع النبی صلی الله تعالی علیه وسلم هذا الشعر قال :ما کان لی و لعبد المطلب فهو لکم ، و قالت قریش : ما کان لنا فهو لله و لرسوله ، و قالت الانصار : ما کان لنا فهو لله و لرسوله ۔

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم حضور کے ساتھ تھے جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے روز حنین زنان وصبیان نبی ہوازن کو اسیر فرمایا اور اموال وغلام وکنیز مجاہدین پر تقسیم فرمادئے ،اب سرداران قبیلہ اپنے اہل وعیال واموال حضور سے مانگنے کو حاضر ہوئے ، زہیر بن صرد جشمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم پر احسان فرمایئے اپنے کرم سے، حضور ہی وہ مرد کامل و جامع فواضل ومحاسن وشمائل ہیں جس سے ہم امید کریں اور جسے وقت مصیبت کے لئے ذخیرہ بنائیں ۔ احسان فرمایئے اس خاندان پر کہ تقدیر جس کے آڑے آئی اور اس کی جماعت تتر بتر ہوگئی ،اس کے وقت کی حالتیں بدل گئی،۔ یہ بدحالیاں ہمیشہ کے لئے ہم میں غم کے وہ مرثیہ خواں باقی رکھیں گے جن کے دلوں پر رنج وغیظ مستولی ہوگا ۔ اگر حضور کی نعمتیں جنہیں حضور نے عام فرمادیا ہے ان کی مدد کو نہ پہونچیں تو ان کا کہیں ٹھکانا نہیں ، اے آزمائش کے وقت تمام جہان سے زیادہ عقل والے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۔

یہ اشعار سن کر سید ارحم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کچھ میرے اور بنی عبد المطلب کے حصہ میں آیا وہ میں نے تمہیں بخش دیا، قریش نے عرض کی: جو کچھ ہمارا ہے وہ سب اللہ کا ہے اور اللہ کے رسول کا ہے ۔ انصار نے عرض کی: جو کچھ ہمارا ہے وہ سب اللہ کا ہے اور اللہ کے رسول کا ہے ۔ جل جلا للہ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۔

۴۴۹۸ ۔ **عن** اسود بن مسعود الثقفی رضی الله تعالیٰ عنه انه قال لرسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم : انت الرسول الذی ترجیٰ فواضله عند القحوط اذا ما اخطأ المطر ۔

Marfat.com

حضرت اسود بن مسعود ثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بارگاہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض کی: حضور وہ رسول ہیں کہ حضور کے فضل کی امید کی جاتی ہے قحط کے وقت جب مینہ خطا کرے۔ الامن والعلی ص ۱۰۴

(۷۷) فَأَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِي قُلُوبِهِمْ إِلَىٰ يَوْمِ يَلْقَوْنَهُ بِمَا أَخْلَفُوا اللَّهَ مَا وَعَدُوهُ وَبِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ ☆

تو اس کے پیچھے اللہ نے ان کے دلوں میں نفاق رکھدیا اس دن تک کہ اس سے ملیں گے بدلہ اس کا کہ انہوں نے اللہ سے وعدہ جھوٹا کیا اور بدلہ اس کا کہ جھوٹ بولتے تھے۔

## ﴿۳۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

تفسیر امام ابن جریر میں ہے:

حدثنی محمد بن کعب حدثنی ابی حدثنی عمی حدثنی ابی عن ابیه عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما ان رجلا یقال له ثعلبة ابن ابی حاطب اخلف اللہ ما وعدہ فقص اللہ تعالیٰ شانه فی القرآن و منهم من عاھد اللہ الی قوله یکذبون "۔

تفسیر معالم میں ہے:

قال الحسن و مجاھد نزلت فی ثعلبه بن ابی حاطب الخ "۔

تفسیر ابن جریر و ثعلبی وغیرہم میں حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے

قال نزل اللہ تعالیٰ فی " و من ھم عاھد اللہ عند رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم رجل من اقارب ثعلبة فسمع ذلك فخرج حتی اتاہ فقال ویحك یا ثعلبة قد انزل اللہ فیك کذا و کذا فخرج ثعلبة حتی اتی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فسأله ان یقبل صدقته فقال ان اللہ منعنی ان اقبل منك صدقتك ثم اتی ابابکر حین استخلف فقال اقبل صدقتی فقال ابوبکر لم یقبلها رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم وانا اقبلها فلما ولی عمر اتاہ فقال یا امیر المؤمنین اقبل صدقتی فقال لم یقبلها رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ولا ابوبکر ولا انا اقبلها ثم ولی عثمان

Marfat.com

فاتاه فسأله فقال لم يقبلها رسول الله و لا ابوبكر و لا عمر رضوان الله تعالى عليهما وانا لا اقبلها فلم يقبلها منه وهلك ثعلبة فى خلافة عثمان رضى الله تعالى عنه اه مختصرا۔

یہ سب اس حدیث ثعلبہ کی تسلیم پر ہے، ورنہ دوسرے سے ثابت الصحت نہیں۔امام ابن حجر عسقلانی نے اصابہ میں فرمایا: ان صح الخبر و لا اظنه يصح۔

فتاوی رضویہ قدیم ۳۳/۱۲

حضرت سیدنا ثعلبہ بن حاطب بن عمرو بن عبید انصاری رضی اللہ تعالی عنہ ہیں۔اور یہ شخص جس کے باب میں یہ آیت اتری ثعلبہ ابن ابی حاطب ہے۔اگر چہ یہ بھی قوم اوس سے تھا اور بعض نے اس کا نام بھی ثعلبہ بن حاطب کہا، مگر وہ بدری خود زمانہ اقدس حضور پر نور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم میں جنگ احد میں شہید ہوئے اور یہ منافق زمانہ خلافت امیر المؤمنین عثمان غنی رضی اللہ تعالی عنہ میں مرا، جب اس نے زکوۃ دینے سے انکار کیا اور آیہ کریمہ میں اس کی مذمت اتری، حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلمکی خدمت میں زکوۃ لے کر حاضر ہوا، حضور نے قبول نہ فرمائی۔پھر صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ کی خلافت میں لایا انھوں نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے تیری زکوۃ قبول نہ فرمائی اور میں قبول کرلوں، ہرگز نہ ہوگا۔پھر خلافت فاروق اعظم رضی اللہ تعالی عنہ میں حاضر لایا، فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اور ابوبکر قبول نہ فرمائیں اور میں لے لوں، یہ کبھی نہ ہوگا۔پھر خلافت ذی النورین غنی رضی اللہ تعالی عنہ میں لایا، فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلموصدیق وفاروق نے قبول نہ فرمائی میں بھی نہ لوں گا۔آخرانہیں کی خلافت میں مرگیا۔ فتاوی رضویہ قدیم ۳۳/۱۲

**اقول**: یہ حدیث ابی امامہ رضی اللہ تعالی عنہ جس میں بجائے ابن ابی حاطب، ابن حاطب کہا، ابن جریر وبغوی وثعلبی وابن السکن وابن الشاہین وباوردی سب کے یہاں بطریق معاذ ابن رفاعہ عن علی بن یزید عن القاسم عن ابی امامہ رضی اللہ تعالی عنہ، اور علی بن یزید میں کلام معلوم ہے۔

حافظ الشان نے تقریب میں فرمایا: ضعيف " امام دارقطنی نے فرمایا: متروك "امام بخاری نے فرمایا: منكر الحديث " اور فرمایا: كل من اقول فيه منكر الحديث لا تحل

Marfat.com

الروایۃ عنہ "یعنی جسے میں منکر الحدیث کہوں اس سے روایت حلال نہیں۔

فتاوی رضویہ قدیم ۱۲/۳۴

(۸۴) وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ☆

اوران میں سے کسی کی میت پر کبھی نماز نہ پڑھنا اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہونا بے شک اللہ اور رسول سے منکر ہوئے اور فسق ہی میں مرگئے۔

## ﴿۳۷﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(کافر کی نماز جنازہ قطعا ناجائز، لہذا) اگر رافضی ضروریات دین کا منکر ہے، مثلا قرآن میں کچھ سورتیں یا آیتیں یا کوئی حرف صرف امیر المؤمنین عثمان ذی النورین غنی رضی اللہ تعالی عنہ یا اور صحابہ خواہ کسی شخص کا گھٹایا ہوا مانتا ہے یا مولی علی رضی اللہ تعالی عنہ خواہ دیگر ائمہ کو انبیائے سابقین علیہم الصلوۃ والتسلیم میں کسی سے افضل جانتا ہے، اور آج کل یہاں کے رافضی تبرائی عموما ایسے ہی ہیں، ان میں شاید ایک شخص بھی ایسا نہ نکلے جو ان عقائد کفریہ کا معتقد نہ ہو جب تو وہ کافر و مرتد ہے اور اس کے جنازے کی نماز حرام قطعی و گناہ شدید ہے۔

اللہ عز وجل فرماتا ہے: ولا تصل علی احد منہم مات ابدا ولا تقم علی قبرہ انہم کفروا باللہ ورسولہ وماتوا وہم فاسقون۔ کبھی نماز نہ پڑھ ان کے کسی مردے پر، نہ اس کی قبر پر کھڑا ہو، انھوں نے اللہ و رسول کے ساتھ کفر کیا اور مرتے دم تک بے حکم رہے۔

اور اگر ضروریات دین کا منکر نہیں مگر تبرائی ہے تو جمہور ائمہ و فقہائے عظام کے نزدیک اس کا بھی وہی حکم ہے۔ کما فی الخلاصۃ و فتح القدیر و تنویر الابصار و الدر المختار و الہدایۃ وغیرھا من الاسفار۔ جیسا کہ خلاصہ، فتح القدیر، تنویر الابصار، درمختار، ہدایہ وغیرہا عامۂ کتب میں ہے۔

اور اگر صرف تفضیلیہ ہے تو اس کے جنازہ کی نماز بھی نہ چاہئے۔ متعدد حدیثوں میں بدمذہبوں کی نسبت ارشاد ہوا۔ ان ماتوا فلا تشہدوہم، وہ مریں تو ان کے جنازہ پر نہ جائیں۔ ولا تصلوا علیہم، ان کے جنازہ کی نماز نہ پڑھو۔ نماز پڑھنے والوں کو توبہ و استغفار کرنی

Marfat.com

چاہئے ، اور اگر صورت پہلی تھی یعنی وہ مردہ رافضی منکر بعض ضروریات دین تھا اور کسی شخص نے باں کہ اس کے حال سے مطلع تھا دانستہ اس کے جنازہ کی نماز پڑھی ، اس کے لئے استغفار کی جب تو اس شخص کو تجدید اسلام اور اپنی عورت سے ازسرنو نکاح کرنا چاہئے ۔

فتاوی رضویہ جدید ۹/۱۷۱

﴿۹۵﴾ سَيَحْلِفُونَ بِاللّٰهِ لَكُمْ إِذَا انْقَلَبْتُمْ إِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوا عَنْهُمْ ط فَأَعْرِضُوا عَنْهُمْ ط إِنَّهُمْ رِجْسٌ ز وَمَأْوٰهُمْ جَهَنَّمُ ج جَزَآءً بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۔☆

اب تمہارے آگے اللہ کی قسم کھائیں گے جب تم ان کی طرف پلٹ کر جاؤ گے اس لئے کہ تم ان کے خیال میں نہ پڑو ۔ تو ہاں تم ان کا خیال چھوڑو ۔ وہ تو نرے پلید ہیں ۔ اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے بدلہ اس کا جو کماتے تھے ۔

﴿۹۶﴾ يَحْلِفُونَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ج فَإِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِينَ ۔☆

تمہارے آگے قسمیں کھاتے ہیں کہ تم ان سے راضی ہو جاؤ تو اگر تم ان سے راضی ہو جاؤ تو بے شک اللہ تو فاسق لوگوں سے راضی نہ ہوگا ۔

## ﴿۳۹﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

آیات ۱۱۷ـ۱۱۹ کی تفسیر میں ان آیات کی وضاحت ہے ۔

﴿۹۹﴾ وَمِنَ الْأَعْرَابِ مَنْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُولِ ط أَلَآ إِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ط سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِي رَحْمَتِهِ ط إِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۔☆

اور کچھ گاؤں والے وہ ہیں جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہیں اور جو خرچ کریں اسے اللہ کی نزدیکیوں اور رسول سے دعائیں لینے کا ذریعہ سمجھیں ۔ ہاں ہاں وہ ان کے لئے باعث قرب ہے اللہ جلد انہیں اپنی رحمت میں داخل کرے گا بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۔

## ﴿۴۰﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس میں 'صلوۃ' بمعنی دعا ہے۔ حدیث مؤطائے امام مالک وسنن نسائی:

عن ام المؤمنين الصديقه رضى الله تعالىٰ عنها عن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال ؛ انى بعثت الى اهل البقيع لاصل عليهم۔

میں اہل بقیع کی طرف بھیجا گیا کہ ان پر صلوۃ کروں۔

صلوۃ کو بمعنی دعا واستغفار لیا۔

اقول: بلکہ سنن نسائی کی دوسری روایت میں ہے:

ان جبريل اتانى ( فذكر الحديث قال ) فا مر نى ان اتى البقيع فا ستغفر لهم قلت له: كيف اقول يا رسول الله! قال :قولى السلام على اهل الدار من المومنين والمسلمين ويرحم الله المستقد ميں مناو المتا خرين واناان شاء الله بكم لاحقون ۔

یعنی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جبرئیل میرے پاس آئے مجھے حکم فرمایا کہ بقیع جا کر اہل بقیع کے لئے دعاء مغفرت کرو، ام المومنین فرماتی ہیں: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کس طرح کہوں، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعاء زیارت قبور تعلیم فرمائی۔" السلام على اهل الدار من المو منين والمسلمين يرحم الله المستقد ميں مناو المستا خرين وانا انشاء الله بكم حقون۔

تو یہ خود اور حدیث بخاری ومسلم وابی داؤد ونسائی" عن عقبة بن عا مر ان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم خرج يو م فصلى على اهل احد صلوته على ا لميت "حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک دن احد تشریف لے جا کر اہل احد پر صلوۃ پڑھی جیسے میت پر صلوۃ پڑھی جاتی ہے۔

اس میں بھی علماء نے صلوۃ بمعنی دعا لی۔

ارشاد الساری شرح صحیح البخاری میں ہے:

زاد ( اى البخارى ) فى غزوة احد من طريق حيوة بن شريح عن يزيد بعد ثمان سنين والمراد انه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم دعا لهم بدعاء صلو ة الميت

Marfat.com

ولیس المراد صلوۃ المیت المعھودۃ کقولہ تعالی: وصل علیھم و الاجماع یدل لہ لانہ لا یصلی علیہ عندنا وعند ابی حنیفۃ المخالف لا یصلی علی القبر بعد ثلثہ الایام،

امام بخاری نے غزوۂ احد کے بیان میں بطریق حیوہ بن شریح عن یزید۔ آٹھ سال کے بعد، کا اضافہ کیا ہے، یعنی اہل احد کے لئے صلوۃ مذکور کا واقعہ ان کی شہادت کے آٹھ سال کے بعد کا ہے۔ اور صلوۃ سے مراد یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ان کے لئے دعا کی جو نماز میت میں ہوتی ہے، معروف نماز جنازہ مراد نہیں، جیسے ارشاد باری تعالی 'وصل علیھم" کا معنی ہے ان کے لئے دعا کرو، اس مراد کی دلیل اجماع ہے، اس لئے کے ہمارے نزدیک شہید کی نماز جنازہ نہیں، اور امام ابوحنیفہ جو اس بارے میں ہمارے مخالف ہیں ان کے نزدیک تین دن کے بعد قبر پر نماز جنازہ نہیں۔

پھر امام نووی شرح مہذب پھر امام سیوطی مرقاۃ الصعود شرح سنن ابی داؤد میں فرماتے ہیں:

قال اصحابنا وغیرھم ان المراد من الصلوۃ ھھنا الدعاء وقولہ صلوتہ علی المیت ای دعاء لھم کدعاء صلوۃ المیت ولیس المراد صلاۃ الجنازہ المعروفہ بالاجماع اہ مختصرا۔

ہمارے علماء اور دیگر حضرات نے فرمایا کہ یہاں صلوۃ سے مراد دعا ہے اور 'صلوتہ علی المیت' کا معنی یہ ہے کہ جیسے نماز میت میں دعا ہوتی ہے وہی دعا ان کے لئے کی اور معروف نماز جنازہ بالاجماع مراد نہیں، اھ

اسی طرح وصال اقدس کے بعد حضور پرنور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم پر صلوۃ صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنھم نے ادا کی ایک جماعت علما اسے بھی بمعنی درود و دعا لیتی ہے، اور حدیث امیر المؤمنین علی رضی اللہ تعالی عنہ سے بھی ظاہر:

اخرج ابن سعد عن عبد اللہ بن محمد بن عبد اللہ بن عمر بن علی ابن ابی طالب عن ابیہ عن جدہ عن علی رضی اللہ تعالی عنہ قال لما وضع رسول اللہ

Marfat.com

صلى الله تعالىٰ عليه وسلمعلى السرير قال: لا يقوم عليه احد هو امامكم حيا وميتا، فكان يدخل الناس رسلا رسلا فيصلون عليه صفا صفا ليس لهم امام ويكبرون وعلى قائم بحيال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلميقول :السلام عليك يا أيها النبى ورحمةالله وبركاته،اللهم انانشهد ان قد بلغنا انزل اليه ونصح لامته وجاهد فى سبيل الله حتى اعزالله دينه وتمت كلماته ، اللهم اجعلنا ممن تبع ما انزل اليه وثبتنا بعده واجمع بيننا وبينه فيقول الناس: آمين حتى صلى عليه الرجال ثم النساء ثم الصبيان ۔

ابن سعد نے عبداللہ بن محمد بن عبداللہ بن عمر بن علی ابن ابی طالب سے تخریج کی کہ انہوں نے اپنے والد سے بواسطہ اپنے دادا علی مرتضی رضی اللہ تعالی عنہ روایت کیا یعنی جب حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلمکو غسل دے کر سریر منیر پر لٹایا، حضرت مولی علی کرم اللہ تعالی وجہہ الکریم نے فرمایا: حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلمکے آگے کوئی امام بن کر نہ کھڑا ہو کہ وہ تمہارے امام ہیں اپنی زندگی دنیاوی میں اور بعد وصال بھی ، پس لوگ گروہ در گروہ اور پرے کے پرے حضور پر صلوۃ کرتے ،کوئی ان کا امام نہ تھا۔ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے کھڑے عرض کرتے تھے : سلام حضور پر اے نبی! اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ۔ الہی ! ہم گواہی دیتے ہیں کہ حضور نے پہونچا دیا جو کچھ ان کی طرف اتارا گیا اور ہر بات میں اپنی امت کی بھلائی کی اور راہ خدا میں جہاد فرمایا، یہاں تک کہ اللہ عز وجل نے اپنے دین کو غالب کیا اور اللہ کا قول پورا ہوا۔ الہی ! تو ہم کو ان پر اتاری ہوئی کتاب کے پیروؤں سے کر اور ان کے بعد بھی ان کے دین پر قائم رکھ اور روز قیامت ہمیں ان سے ملا۔ مولی علی یہ دعا کرتے اور حاضرین آمین کہتے ، یہاں تک کے ان پر مردوں پھر عورتوں پھر لڑکوں نے صلوۃ کی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

اور یہی ظاہر اس حدیث کا ہے جو ابن سعد وبیہقی نے محمد بن ابراہیم تیمی مدنی سے روایت کی:

”لما كفن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلمووضع على سريره دخل ابوبكر وعمر فقالا: السلام عليك ايهاالنبى ورحمته وبركاته ومعهما نفر من

Marfat.com

المهاجرين والا نصار قدر ما يسع البيت فسلموا كما سلم ابو بكر وعمر وهمافى الصف الاول حيال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اللهم انا نشهد ان قدبلغ ما انزل اليه ونصح لا مته وجاهد فى سبيل الله حتى اعزالله دينه وتمت كلماته فآمنا بالله وحده لا شريك له فاجعلنا يا اللهنا ممن يتبع القول الذى انزل معه واجمع بيننا وبينه حتى نعرفه وتعرفه بنا فانه كان بالمومنين بدلا ولا نشترى به ثمنا ابدا فيقول الناس: آمين آمين، ثم يخرجون ويدخل عليه آخرون حتى صلوا عليه الرجال ثم النساء ثم اصبيان ۔

بزار وحاکم ابن سعد وابن منیع وبیہقی وطبرانی معجم اوسط میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

اذا غسلتمونى وكفنتمونى على سريرى ثم اخرجوا عنى فان اول من يصلى على جبرئيل ثم ميكائيل ثم اسرافيل ثم ملك الموت مع جنوده من الملئكة باجمعهم ثم ادخلوا على فوجا فصلوا على وسلموا تسليما۔

جب میرے غسل وکفن مبارک سے فارغ ہو مجھے نعش مبارک پر رکھ کر باہر چلے جاؤ، سب میں پہلے جبرئیل مجھ پر صلوۃ کریں گے، پھر میکائیل، پھر اسرافیل، پھر ملک الموت اپنے سارے لشکروں کے ساتھ، پھر گروہ در گروہ میرے پاس حاضر ہو کر مجھ پر درود وسلام عرض کرتے جاؤ۔

امام جلال الدین سیوطی خصائص کبری میں فرماتے ہیں:

قال البيهقى تفرد به سلام الطويل عن عبد الله الملك بن عبد الرحمن وتعقبه ابن حجرفى المطالب العالية بان ابن منيع اخرجه من طريق مسلمة بن صالح عن عبد الملك به وهذه متابعة سلام الطويل واخرجه البزار من وجه آخر عن ابن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه ۔

بیہقی نے کہا: عبد الملک بن عبد الرحمن سے اس کی روایت میں سلام طویل متفرد ہیں ۔ اس پر علامہ ابن حجر نے مطالب عالیہ میں تعاقب فرمایا کہ اسے ابن منیع نے بطریق مسلمہ بن صالح، عبد الملک سے اسی سند سے روایت کیا ہے، تو سلام طویل کی متابعت ہوگئی اور اسے بزار

Marfat.com

نے ایک اور طریق سے حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے۔

(فتاوی رضویہ جدید ۲۸۲/۹)

(۱۰۳) خُذۡ مِنۡ اَمۡوَالِهِمۡ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمۡ وَتُزَكِّيۡهِمۡ بِهَا وَصَلِّ عَلَيۡهِمۡ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمۡ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيۡعٌ عَلِيۡمٌ ☆

اے محبوب ان کے مال میں سے زکوۃ تحصیل کرو جس سے تم انہیں ستھرا اور پاکیزہ کردو اور ان کے حق میں دعائے خیر کرو۔ بیشک تمہاری دعا انکے دلوں کا چین ہے اور اللہ سنتا اور جانتا ہے۔

## ﴿۴۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

جب ابولبابہ وغیرہ بعض صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے کہ غزوۂ تبوک میں ہمراہ رکاب سعادت حاضر نہ ہوئے تھے اپنے آپ کو مسجد اقدس کے ستون سے باندھ دیا تھا، جب تک حضور والا صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ نہ کھولیں گے نہ کھلیں گے، اس وقت یہ آیت اتری۔

دیکھو! حضور دافع البلا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں گناہوں سے پاک کیا اور حضور نے بلائے گناہ ان کے سروں سے ٹالی، اور جب حضور کی دعا ان کے دلوں کا چین ہوئی تو یہی دفع الم ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علی دافع البلاء والالم وعلی الہ وصحبہ وبارك وسلم۔

(الامن والعلی ۸۳)

(۱۰۷) وَالَّذِيۡنَ اتَّخَذُوۡا مَسۡجِدًا ضِرَارًا وَّكُفۡرًا وَّتَفۡرِيۡقًا بَيۡنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَاِرۡصَادًا لِّمَنۡ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ مِنۡ قَبۡلُ ؕ وَلَيَحۡلِفُنَّ اِنۡ اَرَدۡنَاۤ اِلَّا الۡحُسۡنٰى ؕ وَاللّٰهُ يَشۡهَدُ اِنَّهُمۡ لَكٰذِبُوۡنَ ☆

اور وہ جنہوں نے مسجد بنائی نقصان پہنچانے کو اور کفر کے سبب اور مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنے کو اور اس کے انتظار میں جو پہلے سے اللہ اور اس کے رسول کا مخالف ہے اور وہ ضرور قسمیں کھائیں گے ہم نے تو بھلائی چاہی اور اللہ گواہ ہے کہ وہ بے شک جھوٹے ہیں۔

(۱۰۸) لَا تَقُمۡ فِيۡهِ اَبَدًا ؕ لَمَسۡجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقۡوٰى مِنۡ اَوَّلِ يَوۡمٍ

Marfat.com

اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِیْهِ ؕ فِیْهِ رِجَالٌ یُّحِبُّوْنَ اَنْ یَّتَطَهَّرُوْا ؕ وَاللّٰهُ یُحِبُّ الْمُطَّهِّرِیْنَ ☆۔

اس مسجد میں تم کبھی نہ کھڑے ہونا۔ بیشک وہ مسجد کو پہلے ہی دن سے جس کی بنیاد پرہیزگاری پر رکھی گئی ہے۔ وہ اس قابل ہے کہ تم اس میں کھڑے ہو اس میں وہ لوگ ہیں کہ خوب ستھرا ہونا چاہتے ہیں اور ستھرے اللہ کو پیارے ہیں۔

(۱۰۹) اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْیَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَیْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْیَانَهٗ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهٖ فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ ؕ وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ☆

تو کیا جس نے اپنی بنیاد رکھی اللہ سے ڈر اور اسکی رضا پر وہ بھلا یا وہ جس نے اپنی نیو چنی ایک گراؤ گڑھے کے کنارے تو وہ اسے لے کر جہنم کی آگ ڈھے پڑا اور اللہ ظالموں کو راہ نہیں دیتا۔

## ۴۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

جماعت اہل سنت میں (کہ محاورۂ قرآن وحدیث میں یہ ہی مؤمنین ہیں) "کمابینہ الامام صدر الشریعہ فی التوضیح والملا علی القاری فی مرقاہ شرح المشکوۃ"۔ (جیسا کہ اسے امام صدر الشریعہ نے توضیح میں اور ملا علی قاری نے مرقاہ شرح مشکوۃ میں بیان کیا ہے) تفرقہ ڈالنا حرام ہے، رب عزوجل نے منافقین کی بنائی مسجد پر جوسخت غضب فرمایا، اور اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حکم دیا کہ "لا تقم فیہ ابدا" کبھی اس میں کھڑے نہ ہونا اور اس کے بنانے والوں کو فرمایا:

"اسس بنیانہ علی شفا جرف ھار فانھار بہ فی نار جھنم"۔(التوبہ ۱۰۹)۔

اس نے اس کی بنیاد رکھی گراؤ گڈھے کے کنارے پر تو وہ اسے جہنم کی آگ میں لے کر ڈھے پڑا۔

اور حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو بھیج کر اس کو ڈھوا دیا، جلوا دیا، پھر حکم

دیا کہ اس جگہ کو گھورا بنایا جائے جس میں نجاستیں اور کوڑا ڈالا جائے۔ رب عزجل نے اس کی چار علتیں ارشاد فرمائیں، تیسری علت یہی '' تفریقا بین المومنین " مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنے کو ، ہے کہ انھوں نے اس کے سبب جماعت میں تفرقہ ڈالنا چاہا تھا۔

معالم شریف میں ہے:

لا نهم کا نو اجمیعا یصلو ن ی مسجد قبا فبنوا مسجدا ضرارا لیصلی فیه بعضهم فیؤ دی ذلك الی الا ختلا ف وا راق الکلمة۔

یعنی ساری جماعت مسجد قبا شریف میں ہ تی تھی، خبثا نے وہ نقصان رسانی کی مسجد اسکے لئے بنائی کہ کچھ مسلمان اس میں پڑھیں، جس کا نتیجہ یہ ہو کہ پھوٹ پڑے اور تفرقہ ہو جائے۔

بلکہ ان خبیثوں نے جو عذر تفریق ظاہر کیا تھا تفریق جبل پور میں اس سے ہزاروں درجے بدتر ہے۔ انہوں نے کہا تھا: '' انا قد بینا مسجد الذی للعلة و الحاجة و اللیلة المطیر ة و اللیلة الشا تیة "۔

ہم نے مسجد بنائی ہے بیمار اور کامی اور بارش کی رات اور جاڑے کی شب کے لئے۔

اور ان کا عذر تفریق یہ ہوا کہ عالم دین معاذ اللہ کافر و مرتد و بدمذہب دنا قابل امامت ہے، جھوٹے وہ بھی تھے اور جھوٹے یہ بھی۔

ببیں تفاوت رہ از کجاست تا کجا

(راستے کا تفاوت دیکھ کہاں سے کہاں تک ہے )

مسلمانوں کو مسجد الہی میں جانے سے منع کرنے اور اس کی ویرانی میں کوشاں ہونے کا حکم تو یہ ہے جو قرآن عظیم میں فرمایا:

" ومن اظلم ممن منع مساجد الله ان یذ کر فیها اسمه و سعیٰ فی خرابها او لئك ما کا ن لهم ان ید خلو ها الا خا ئفین لهم فی الدنیا خزی ولهم فی الآ خرة عذاب عظیم "۔ (البقرة -- ١١٤)

اس سے بڑھ کر ظالم کون جو اللہ کی مسجدوں کو ان میں نام الہی لینے سے روکے اور ان کی ویرانی میں کوشش کرے، ایسوں کو نہیں پہنچتا تھا کہ ان میں جائیں مگر ڈرتے ہوئے۔ ان کے

Marfat.com

لئے دنیا میں رسوائی ہے اور ان کے لئے آخرت میں بڑا عذاب۔

مگر یہاں ان کا عذر یہ ہوگا کہ ہمیں مسجد ویران کرنا اور اس میں نماز سے روکنا مقصود نہ تھا بلکہ ہم نے تو بھلائی ہی چاہی تھی کہ امام کے پیچھے مسلمانوں کی نماز خراب نہ ہو، یہ بھلائی چاہنے کا عذر بھی ان منافقوں، مسجد ضرار بنانے والوں نے پیش کیا تھا اور خالی زبانی نہیں بلکہ قسم کے ساتھ مؤکد کر کے۔

قال اللہ تعالیٰ: ولیحلفن ان اردنا الا الحسنی "(التوبہ ـ ۱۰۷)

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ضرور ضرور اللہ قسم کھا کر کہیں گے کہ ہم نے تو تفریق جماعت سے بھلائی ہی چاہی۔

اس پر جواب فرمایا:" واللہ یشھد انھم لکذبو ن "۔ (اللہ گواہی دیتا ہے کہ بیشک یہ جھوٹے ہیں) جب کہ وہ حجہ جو ظاہر کرتے ہیں قطعا کذب و باطل ہے، محض معاندنہ اس کا جھوٹا حیلہ گڑھ کر مسلمانوں کو مسجد سے روکنا اور جماعت میں پھوٹ ڈالنا چاہا تو وہ نہ ہوا مگر مسجد الٰہی کو یاد الٰہی سے روکنا، مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنا اور انہیں مسجد سے روکنے میں کافروں سے مدد لینا اور انہیں اغوائے مسلمیں کے لئے راستوں پر مقرر کرنا، نظر بحقیقت تو ٹھیک مناسبت پر واقع ہوا، کافروں سے زیادہ اس کا اہل کون تھا، ایسے کام لینے والوں کے ایسے کام کو ایسے ہی کام کرنے والے مناسب تھے۔ الخبیثات للخبیثین و الخبیثون للخبیثات ۔[النور ـ ۲۶] گندیاں گندوں کے لئے اور گندے گندیوں کے لئے ۔مگر ان کے زعم پر یہ کافروں سے استمداد اسی قسم میں واقع ہوئی جو ان کے ادعا میں دینی کام تھا اور دینی کام میں کافروں سے استعانت حرام۔ جدید ۱۴/۱۶۱

## ﴿۴۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

مسجد ضرار وہ مسجد ہے جو ابتداءً افسادفی الدین وتفریق بین المومنین کے لئے بنائی گئی ہو۔ (فتاوی رضویہ جدید ۸/۷۸)

(۱۱۳) مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ☆

نبی اور ایمان والوں کو لائق نہیں کہ مشرکوں کی بخشش چاہیں اگر چہ وہ رشتہ دار ہوں جبکہ

انہیں کھل چکا کہ وہ دوزخی ہیں۔

## ﴿۴۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ آیت کریمہ ابوطالب کے حق میں نازل ہوئی۔

تفسیر امام نسفی میں ہے:

هو عليه الصلوة والسلام ان يستغفر لابى طالب فنزل "ما كان للنبى الآيه

جلالین میں ہے:

نزل فى استغفاره صلى الله تعالىٰ عليه وسلملعمه ابى طالب ۔

امام عینی عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری میں فرماتے ہیں:

قال الواحدى :سمعت ابا عثمان الخيرى سمعت ابا الحسن بن مقسم سمعت ابا اسحاق الزجاج يقول فى هذه الآية :اجمع المفسرون انها نزلت فى ابى طالب ۔

یعنی واحدی نے اپنی تفسیر میں بسند خود ابواسحاق زجاج سے روایت کی کہ مفسرین کا اجماع ہے کہ یہ آیت ابوطالب کے حق میں نازل ہوئی۔

اقول:هكذا اثره ههنا والمعروف من الزجاج قوله هذا فى الآية الاولى كما سمعت والمذكور ههنا فى المعالم وغيرها ان الآيةمختلف فى نزولها فليراجع تفسير الواحدى فلعله اراد اتفاق الاكثرين ولم يلق للخلاف بالا فكونه خلاف ما ثبت فى الصحيح ۔

بیضاوی میں پہلا قول اس آیت کا نزول در بار ابی طالب لکھا۔ علامہ شہاب خفاجی اس کی شرح عنایت القاضی وکفایت الراضی میں فرماتے ہیں:

هو الصحيح فى سبب النزول۔

اسی طرح اس کی تصحیح فتوح الغیب اور ارشاد الساری میں ہے۔ اور فرمایا یہی حق ہے۔

صحیح بخاری ومسلم وسنن نسائی میں ہے:

واللفظ لمحمد قال حدثنا محمود فذكر بسنده عن سعيدبن المسيب عن ابيه رضى الله تعالى عنه ان ابا طالب لما حضرته الوفاة دخل عليه النبى صلى

Marfat.com

الله تعالیٰ علیه وسلم وعنده ابو جهل فقال ای عم قل لا اله الا الله کلمة احاج لك بها عند الله تعالی فقال ابو جهل و عبد بن امیة: یا ابا طالب أترغب عن ملة عبد المطلب فلم یزالا یکلمانه حتی قال آخر شئ کلمهم به علی ملة عبد المطلب (زاد البخاری فی الجنائز وتفسیر سورة القصص کمثل مسلم فی الایمان وابی ان یقول: لا اله الا الله )فقال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم :لاستغفرن لك ما لم انه عنه، فنزلت "ما کان للنبی والذین آمنوا ان یستغفروا للمشرکین ولو کانوا اولی قربی من بعد ما تبین لهم انهم اصحاب الجحیم ۔ونزلت انك لا تهدی من احببت ۔

اس حدیث جلیل سے واضح کہ ابو طالب نے وقت مرگ کلمہ طیبہ سے صاف انکار کردیا اور ابو جہل لعین کے اغواء سے حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد قبول نہ کیا۔حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلمنے اس پر بھی وعدہ فرمایا کہ جب تک اللہ عزوجل مجھے منع نہ فرمائے گا میں تیرے لئے استغفار کروں گا،مولیٰ سبحانہ وتعالیٰ نے یہ دونوں آیتیں اتاریں اور اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلمکو ابو طالب کیلئے استغفار سے منع کیا اور صاف ارشاد فرمایا کہ مشرکوں ودوزخیوں کیلئے استغفار جائز نہیں۔

نسأل الله العفو والعافیة ۔اما تزئیف قول الزمخشری نزول الآیة فیه بان موت ابی طالب کان قبل الهجرة وهذا آخر ما نزل بالمدینه اه فمردود بما فی ارشاد الساری عن الطیبی عن التقریب انه یجوز ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان یستغفر لابی طالب الی حین نزولها والتشدید مع الکفار انما ظهر فی هذه السورة اه۔قال اعنی القسطلانی قال فی فتوح الغیب هذا هو الحق وروایة نزولها فی ابی طالب هی الصحیحة اه ۔وکذا اورده الامام الرازی فی الکبیر وقال العلامة الخفاجی فی عنایة القاضی بعد نقل کلام التقریب اعتمده من بعده من الشراح ولا ینافیه قوله فی الحدیث فنزلت لامتداد استغفاره له الی نزولها او لان الفاء للسببیة بدون تعقیب اه۔

اقول: والدلیل علی الاستمرار واستدامه الاستغفار قول سید الابرصلی الله

Marfat.com

تعالیٰ علیہ وسلم لاستغفرن لک ما لم انہ عنہ وھذا مقام الجزم دون التجوز والاستظھار علا ان الامام الجلیل السیوطی فی کتاب الاتقان عقد فصلا لبیان ما نزل من آیات السور المکیۃ با لمدینۃ وبا لعکس وذکر فیہ عن بعضھم ان آیۃ ما کا ن للنبی الآیۃ مکیۃ نزلت فی قولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا بی طالب لا ستغفر ن لک مالم انہ عنک واقرہ علیہ فعلی ھذا یزھق الا شکا ل من رأسہ، ثم ان لفظ البخاری فی کتاب التفسیر فا نزل اللہ بعد ذلک قال الحافظ فی فتح الباری الظاھر نزو لھا بعدہ بمدۃ لروایۃ التفسیر اہ ھذا ایضایطیح الشبھۃ من را سھا ،افا دھذین العلامۃ الزرقانی فی شرح المواھب ،بعد اللتیا والتی اذقدا فصح الحدیث الصحیح بنزولھا بہ فکیف ترد الصحاح با لھوسا ت ۔

(ایمان ابو طالب ۱۱ تا ۱۳)

(۱۱۷) لَقَدْ تَابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۔☆

بیشک اللہ کی رحمتیں متوجہ ہوئیں ان غیب کی خبریں بتانے والے اور ان مہاجرین اور انصار پر جنہوں نے مشکل کی گھڑی میں ان کا ساتھ دیا بعد اس کے کہ قریب تھا ان میں کچھ لوگوں کے دل پھر جائیں۔ پھر ان پر رحمت سے متوجہ ہوا بیشک وہ ان پر نہایت مہربان رحم والا ہے۔

(۱۱۸) وَعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ط حَتّٰى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ ط ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ط اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۔☆

اور ان تین پر جو موقوف رکھے گئے تھے۔ یہاں تک کہ جب زمین اتنی وسیع ہو کر ان پر تنگ ہو گئی۔ اور وہ اپنی جان سے تنگ آئے اور انہیں یقین ہوا کہ اللہ سے پناہ نہیں مگر اسی کے پاس پھر ان کی توبہ قبول کی کہ تائب رہیں بیشک اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

Marfat.com

﴿۱۱۹﴾ يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَكُونُوا مَعَ الصَّادِقِينَ ☆

اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ ہو۔

۴۴۹۹ ـ **عن** كعب بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال: لم اتخلف عن رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم فى غزوة غزاها قط الا فى غزوة تبوك غير انى قد تخلفت فى غزوة بدر، و لم يعاتب احدا تخلف عنه، انما خرج رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و المسلمون يريدون عير قريش حتى جمع الله بينهم و بين عدو هم على غير ميعاد، و لقد شهدت مع رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم ليلة العقبة حين تواثقنا على الاسلام، و ما احب ان لى بها مشهد بدر و ان كانت بدر اذكر فى الناس منها، و كان من خبرى حين تخلفت عن رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم فى غزوة تبوك، انى لم اكن قط اقوى و لا ايسر منى حين تخلفت عنه فى تلك الغزوة، و الله! ما جمعت قبلها راحلتين قط حتى جمعتهما فى تلك الغزوة، فغزوها رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم فى حر شديد و استقبل سفرا بعيدا و مفازا، و استقبل عدوا كثيرا، فجلا للمسلمين امرهم ليتأهبوا اهبة غزوهم فاخبرهم بوجههم الذى يريد و المسلمون مع رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم كثير، و لا يجمعهم كتاب حافظ يريد بذلك الديوان، قال كعب: فقل رجل يريد ان يتغيب الا يظن ان ذلك سيخفى له ما لم ينزل فيه وحى من الله عزوجل، و غزا رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم تلك الغزوة حين طابت الثمار و الظلال، فانا اليها اصعر، فتجهز رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم و المسلمون معه، و طفقت اغدو لكى اتجهز معهم، فارجع و لم اقض شيئا، و اقول فى نفسه: انا قادر على ذلك اذا اردت، فلم يزل ذلك يتمادى بى حتى استمر بالناس الجد، فاصبح رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم غاديا و المسلمون معه و لم اقض من جهاز شيئا، ثم غدوت و فرجعت و لم اقض شيئا،

---

۴۴۹۹ ـ الصحيح لمسلم، باب توبة كعب بن مالك، ۲/ ۳۶۰

Marfat.com

فلم يزل ذلك يتمادى بى حتى اسرعوا و تفارط الغزو ، فهممت ان ارتحل فادركهم ، فياليتنى فعلت ثم لم يقدر ذلك لى ، فطفقت اذا خرجت فى الناس بعد خروج رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم يحزننى ، انى لا ارى لى اسوة الا رجلا مغموصا عليه فى النفاق ، او رجلا ممن عذر الله من الضعفاء ، و لم يذكرنى حتى بلغ تبوك فقال وهو جالس فى القوم بتبوك ، ما فعل كعب بن مالك ؟ قال رجل من بنى سلمة يا رسو ل الله ! حبسه برد اه و النظر فى عطفيه ، فقال له معاذ بن جبل : بئس ما قلت : و الله ! يا رسول الله ! مع علمنا عليه الا خيرا ، فسكت رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم ، فبينما هو على ذلك راى رجلا مبيضا يزول به السراب ، فقا ل رسو ل الله صلى الله تعالى عليه وسلم : كن ابا خيثمة فاذا هو ابو خيثمه الانصارى ، و هو الذى تصدق بصاع التمر حين لمزه المنافقون ۔ فقال كعب بن مالك : فلما بلغنى ان رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم قد توجه قافلا من تبوك حضرنى بثى فطفقت اتذكر الكذب ، و اقول بما اخرج من سخطه غدا ، و استعين على ذلك كل ذى راى من اهل فلما قيل لى : ان رسو ل الله صلى الله تعالى عليه وسلم قد اظل قادما زاحا عنى الباطل حتى عرفت عنى لن انجومنه بشئ ابدا ، فاجمعت صدقه ،و صبح رسو ل الله صلى الله تعالى عليه وسلم قادما ، و كان اذا قدم من سفر بدأ بالمسجد ، فركع فيه ركعتين ، ثم جلس للناس ، فلما فعل ذلك جاء ه المخلفون فطفقو يعتذرون اليه و يحلفون له و كانو ا بضعة و ثمانين رجلا ،فقبل منهم رسول الله علانيتهم و بايعهم و استغفرلهم و و كل سرائرهم الى ا لله ، حتى جئت فلما سلمت تبسم تبسم المغضب ثم قال : تعال! فجئت امشى حتى جلست بين يديه ، فقال لى : ما خلفك ؟ الم تكن قد ابتعت ظهرك قال : قلت يا رسول الله !انى و الله لو جلست عند غيرك من اهل الدنيا لرأيت انى سا خرج من سخطه بعذر لقد اعيطت جدلا ، و لكنى و الله لقد علمت لئن حدثتك اليوم حديث كذب ترضى به عنى، ليوشكن الله ان يسخطك على ، ولئن حدثتك حديث صدق تجد على فيه انى لا رجو فيه عقبى الله ، و الله ! ما

Marfat.com

كان لى عذر و الله ! ما كنت قط اقوى و لا ايسر منى حين تخلفت عنك قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم : اما هذا فقد صدق فقم حتى يقضى الله فيك فقمت و ثار رجال من بنى سلمة فاتبعونى ، فقالوا لى: و الله ما علمناك اذنبت ذنبا قبل هذا ، لقد عجزت فى ان لا تكون اعتذرت الى رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم بما اعتذر اليه المخلفون فقد كان كافيك ذنبك استغفار رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم لك ، قال : فوالله ، ما زالوا يؤنبونى حتى اردت ان ارجع الى رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم فاكذب نفسى قال : ثم قلت لهم : هل لقى هذا معى من احد قالوا: نعم لقيه معك رجلان ، قالا: مثل ما قلت و قيل لهما مثل ما قيل لك قال: قلت: من هما ؟ قالوا: مرارة بن ربيعة العامرى و هلال بن امية الواقفى ، قال: فذكروا لى رجلين صالحين قد شهدا بدرا فيهما اسوة ، قال فمضيت حين ذكرو هما لى ، قال : و نهى رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم المسلمين عن كلامنا ايها الثلاثة من بين من تخلف عنه، قال : فاجتنبنا الناس ، او قال : تغيروا لنا حتى تنكرت لى فى نفسى الارض ، فما هى بالارض التى اعرف فلبثنا على ذلك خمسين ليلة ، فاما صاحباى فاستكانا و قعدا فى بيوتهما يبكيان ، و اما انا فكنت اشب القوم و اجلدهم ، فكنت اخرج فاشهد الصلوة و اطوف فى الاسواق و لا يكلمنى احد ، و اتى رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم فاسلم عليه و هو فى مجلسه بعد الصلوه فاقول فى نفسى : هل حرك شفتيه برد السلام ام لا ، ثم اصلى قريبا منه و اسارقه النظر فاذا اقبلت على صلاتى نظر الى ، واذا التفت نحوه اعرض عنى حتى اذا طال على ذلك من جفوة المسلمين مشيت حتى تسورت جدار حائط ابى قتادة و هو ابن عمى و احب الناس الى ، فلسمت عليه فو الله ما رد على السلام ، فقلت له : يا ابا قتادة ! انشدك بالله ! هل تعلمن انى احب الله و رسوله ! قال : فسكت فعدت فناشدته فسكت فعدت فناشدته فقال : الله و رسوله اعلم ، ففاضت عيناى و توليت حتى تسورت الجدار فبينا انا امشى فى سوق المدينة اذا نبطى من نبط اهل الشام ممن قدم

Marfat.com

بالطعام يبيعه بالمدينة يقول : من يدل على كعب بن مالك ؟ قال : فطفق الناس يشيرون له الى حتى جاء نى ، فدفع الى كتابا من ملك غسان و كنت كاتبا فقرا ته فاذا فيه ، اما بعد ـ فانه قد بلغنا ان صاحبك قد جفاك و لم يجعلك الله بدار هوان ولا مضيعة ، فالحق بنا نواسك ، قال :فقلت : حين قراتها و هذه ايضا من البلاء فتيامـمت بها التنور فسجرتها بها ، حتى اذا مضت اربعون من الخمسين و استلبث الوحى اذا رسول رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم ياتينى فقال: ان رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم يامراك ان تعتزل امرأتك ، قال : فقلت: اطلقها ام ماذا افعل ؟ قال : لا بل اعتزلها فلا تقربنها ، قال : فارسل الى صاحبى بمثل ذلك قا ل : فقلت لامرأتى : الحقى باهلك ، فكونى عندهم حتى يقضى الله فى هذا الامر قال : فجاء ت امرأة هلال بن امية رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم فقالت له : يا رسول الله ! ان هلال بن امية شيخ ضائع ليس له خادم ، فهل تكره ان اخدمه قال : لا و لكن لا يقربنك فقالت انه و الله مابه حركة الى شئ و والله ! ما زال يبكى منذ كان من امره ما كان الى يومه هذا قال : فقال لى بعض اهلى : لو استاذنت رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم فى ارتك فقد اذن لامرأة هلال ابن امية ان تخدمه ، قال فقلت : لا استاذن فيها رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم و ما يدرينى ما ذا يقول رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم اذا استاذنته فيها و انا رجل شاب ، قال : فلبثت بذلك عشر ليال فكمل لنا خمسون ليلة من حين نهى عن كلامنا قال : ثم صليت صلوة الفجر صباح خمسين ليلة على ظهر بيت من بيوتنا فبينا انا جالس على الحال التى ذكر الله منا قد ضاقت على نفسى و ضاقت على الارض بما رحبت سمعت صوت صارخ اوا فىٰ على سلع يقول باعلى صوته :يا كعب بن مالك ! ابشر قال : فخررت ساجدا و عرفت ان قد جاء فرج قال : و اذن رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم الناس بتوبة الله علينا حين صلى صلوة الفجر ، فذهب الناس يبشروننا فذهب قبل صاحبى مبشرون و ركض رجل الى فرسا و سعى ساع من اسلم قبلى و اونى على الجبل فكان الصوت اسرع من الفرس فلما

Marfat.com

جاء نی الذی سمعت صوته یبشرنی نزعت له ثوبی فکسوتهما ایاه ببشارته ، و الله ما املك غیرهما یومئذ و استعرت ثوبین فلبستهما ، فانطلقت اتامم رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یتلقانی الناس فوجا فوجا یهنؤنی بالتوبة و یقولون لتهنك توبة الله علیك حتی دخلت المسجد ، فاذا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم جالس فی المسجد حول الناس ، فقام طلحة بن عبید الله یهرول حتی صافحنی و هنانی و الله ! ما قام رجل من المهاجرین غیره قال : فکان کعب لاینساها لطلحة قال کعب :فلما سلمت علی رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم قال و هو یبرق وجهه من السرور یقول : ابشر بخیر یوم مر علیك منذ و لد تك امك ، قال : فقلت : امن عندك یا رسول الله ام من عند الله ؟ فقال : لا بل من عند الله ، و کان رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم اذا سراستنار وجهه حتی کان وجهه قطعة قمر ، قال : و کنا نعرف ذلك قال : ام فلما جلست بین یدیه قلت : یا رسول الله ! ان من توبتی ان انخلع من مالی صدقة الی الله والی رسوله صلی الله تعالی علیه وسلم فقال رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم : امسك علیك بعض مالك فهو خیر لك ، قال : فقلت : فانی امسك سهمی الذی بخیبر ، قال : و قلت : یا رسول الله ! ان الله انما انجانی بالصدق ، و ان من توبتی ان لا احدث الا صدقا ما بقیت ، قال : فو الله ! ما علمت ان احدا من المسلمیں ابلا ه الله فی صدق الحدیث منذ ذکرت ذلك لرسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم احسن مما ابلانی الله ، ووالله !ما تعمدت کذبة منذ قلت ذلك لرسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم الی یومی هذا و انی لا رجو ا یحفظنی الله فیما بقی قال : فانزل الله عزوجل، لقد تاب الله علی النبی و المهاجرین و الانصار الذین اتبعوه فی ساعة العسرة حتی بلغ انه بهم رؤف رحیم ۔ و علی الثلاثة الذین خلفوا حتی اذا ضاقت علیهم الارض بما رحبت و ضاقت علیهم انفسهم و ظنو ا ان لا ملجأ من الله الا الیه ثم تاب علیهم لیتوبوا ان الله هو التواب الرحیم ۔ یا ایها الذین امنو اتقوا الله و کونوا مع الصادقین ۔ قال کعب: و الله ! ما انعم الله علی من نعمة قط بعد

اذھدانی اللہ للاسلام اعظم فی نفسی من صدقی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ان لا اکون کذبتہ فاھلک کما ھلک الذین کذبوا ، ان اللہ قال للذین کذبو ا حین انزل الوحی شر ما قال لا حد و قال باللہ : سیحلفون اللہ لکم اذا انقلبتم الیھم لتعرضو عنھم فاعرضوا عنھم انھم رجس و مأ وٰھم جھنم جزاء بما کانوا یکسبون ۔ یحلفون لکم لترضوا عنھم فان ترضوا عنھم فان اللہ لا یرضی عن القوم الفاسقین قال کعب : کناخلفنا ایھا الثلاثۃ عن امر اولئك الذین قبل منھم رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم حین حنفوا لہ فبایعھم و استغفر لھم و ارجأ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم امرنا حتی قضی اللہ فیہ فبذلك قال اللہ عزوجل: وعلی الثلاثۃ الذین خلفوا و لیس الذی ذکر اللہ مما خلفنا تخلفنا عن الغزو و انما ھو تخلیفہ ایانا و ارجاؤہ امرنا عن من حلف لہ و اعتذر الی فقبل منہ ۔

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ساتھ غزوۂ تبوک کے علاوہ کبھی نہ چھوڑا البتہ غزوۂ بدر میں نہیں گیا تھا تو حضور اس پر کسی سے ناراض بھی نہیں ہوئے تھے، اس کی وجہ یہ تھی کہ غزوۂ بدر اچانک پیش آیا کہ مقصود قریش کے قافلہ کو روکنا تھا اور مڈبھیڑ قریش مکہ سے ہوگئی۔ میں حضور کے ساتھ لیلۃ العقبہ میں بھی تھا جب حضور نے انصار کرام سے اسلام پر بیعت لی تھی نیز میرے نزدیک غزوۂ بدر سے زیادہ فضیلت بیعت عقبہ کی ہے اگر چہ لوگوں میں غزوۂ بدر میں شریک ہونے والے حضرات کی فضیلت مشہور ہے۔

بہر حال غزوۂ تبوک میں میرے پیچھے رہ جانے کا واقعہ یہ ہوا کہ جب یہ غزوہ پیش آیا تو میں نہایت طاقتور اور مالدار تھا، خدا کی قسم! اس سے قبل میرے پاس دو اونٹنیاں کبھی نہیں تھیں لیکن اس موقع پر میں دو اونٹنیوں کا مالک تھا، حضور نے اس غزوہ کے لئے نہایت گرمی کے موسم میں کافی لمبا سفر فرمایا جبکہ راہ میں جنگل بھی تھا، اس غزوہ میں چونکہ دشمنوں کی ایک بڑی جماعت سے مقابلہ کی توقع تھی اس لئے آپ نے واضح طور پر تبوک کی جنگ کا اعلان فرمایا کہ لوگ خوب اچھی طرح تیاری کریں، آپ کے ساتھ مسلمانوں کی ایک بڑی جماعت جہاد کے لئے تیار ہوگئی، اس زمانہ میں کوئی دفتر و رجسٹر نہ تھا جس میں شرکاء کے نام درج کئے جاتے

Marfat.com

، پھر بھی ایسے لوگ کم تھے جو غزوات میں غیر حاضر رہتے کیونکہ وہ سمجھتے تھے کہ یہ معاملہ اسی وقت تک پوشیدہ رہ سکتا ہے جب تک وحی نازل نہ ہو۔ غزوۂ تبوک کا ارادہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے موسم بہار میں فرمایا، پھل پک چکے تھے، درخت خوب سایہ دار ہو گئے تھے، اور مجھے ان تمام چیزوں کا بہت شوق دامنگیر تھا۔ اس سہانے موسم میں حضور اور آپ کے ساتھیوں نے تیاری کی، میں بھی صبح کیوقت تیاری کے لئے نکلتا لیکن کوئی حتمی فیصلہ نہیں کر پاتا تھا۔ دل میں یہ بھی خیال آتا تھا کہ تیاری کی جلدی بھی کیا ہے، میرے پاس تو سارا سامان موجود ہے جب چاہونگا چل دوں گا یونہی ٹال مٹول ہوتی رہی اور لوگ اپنی کوشش میں لگے رہے، آخر کار ایک دن صبح سویرے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مع صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین روانہ ہو گئے اور میں اپنی تیاری کے چکر میں پھنسا رہا، اور کوئی فیصلہ نہ کر سکا۔ معاملہ یونہی آج کا کل پر ٹلتا رہا اور مجاہدین اسلام نہایت تیزی کے ساتھ کوچ کر گئے میں نے بھی ایک دن چاہا کہ جلدی جا کر اس قافلہ کو پالوں، کاش میں ایسا کر لیتا لیکن نہ کر سکا۔ اس کے بعد مجھے بہت احساس رہا اور کوفت ہوئی لیکن اب کیا ہوتا، اب کوئی ایسا آدمی مجھے نہیں مل پایا جسکے ساتھ جا سکتا، یا تو بعض چھپے منافق تھے یا پھر معذور اور ضعیف و ناتواں لوگ۔

راہ میں میرا تذکرہ بھی حضور نے نہ کیا اور حضور مقام تبوک پہونچ گئے۔ وہاں تشریف فرما ہو کر فرمایا: کعب بن مالک کہاں گیا؟ بنو سلمہ میں سے ایک صاحب بولے: یا رسول اللہ! اس کی چادروں اور لباس کی زیب و زینت نے اسے روک لیا کہ وہ اسی کو نکھارتا رہتا ہے۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ سن کر کہا: تو نے نہایت بری بات کہہ دی، خدا کی قسم یارسول اللہ! ہم تو کعب بن مالک کو اچھا سمجھتے ہیں، آپ نے یہ سن کر سکوت فرمایا، اتنے میں غبار اڑتا نظر آیا اور ایسا دکھائی دیا کہ کوئی سفید لباس والا آرہا ہے، فرمایا: یہ ابوخیثمہ ہوگا، جب دھول چھٹی تو وہ ابوخیثمہ ہی تھے، یہ ایسے شخص تھے کہ منافقین کا طعنہ سن کر اپنی ایک صاع کھجور صدقہ کر کے تنہا چل دیئے تھے۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ جب حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تبوک سے مراجعت فرمائی اور مجھے اس کی خبر ملی تو میری بے چینی اور بڑھ گئی، میں نے جواب دہی کے لئے جھوٹی باتیں بنانے کی ٹھان لی کہ ایسے عذر پیش کروں گا جس سے حضور کی ناراضگی ختم ہو جائے۔

Marfat.com

اس سلسلہ میں گھر کے بعض دانشوروں سے مشورہ بھی لیا، جب پتہ چلا کہ حضور مدینے سے قریب آگئے ہیں تو میری ساری بناوٹیں کافور ہوگئیں اور مجھ پر واضح ہوگیا کہ جھوٹ بول کر مجھے ہرگز چھٹکارا نہیں مل سکتا، اب میں نے بالکل سچ بولنے کا عزم کرلیا۔

حضور صبح کے وقت مدینہ طیبہ میں داخل ہوئے، آپ کا طریقہ مبارکہ یہ تھا کہ جب بھی سفر سے تشریف لاتے تو مسجد نبوی میں پہلے داخل ہوتے اور دو رکعت نماز پڑھ کر مسجد ہی میں کچھ دیر تشریف رکھتے، اس مرتبہ بھی حضور نے ایسا ہی کیا۔ اسی درمیان وہ لوگ آنا شروع ہوئے جو اس غزوہ میں شریک نہیں ہوسکے تھے، سب نے قسمیں کھا کھا کر اپنے عذر بیان کرنا شروع کئے، ایسے لوگوں کی تعداد اسی سے متجاوز تھی، آپ نے ان سب کے ظاہر حال کے مطابق معاملہ فرمایا اور ان کے عذر قبول فرماتے ہوئے ان کو بیعت کیا اور ان کے لئے دعائے مغفرت کی، ان کے دل کی بات اور حقیقت حال کو اللہ کے سپرد فرمایا۔ اسی درمیان میں بھی حاضر ہوا اور سلام پیش کیا، حضور نے مجھے دیکھ کر غصہ سے بھرا تبسم فرمایا، میں حضور کے قریب جا کر بیٹھا تو فرمایا: تو پیچھے کیوں رہ گیا تھا؟ تو نے تو سواری بھی خرید لی تھی، میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اگر میں دنیا کے کسی اور شخص کے پاس بیٹھتا تو ہوسکتا تھا کہ میں جھوٹا عذر پیش کر کے نکل جاتا اور راضی کرلیتا، کہ زبان کی قوت میرے پاس ہے۔ لیکن قسم بخدا! میں خوب جانتا ہوں کہ اگر آپ کی بارگاہ میں کوئی حیلہ بہانہ پیش کروں تو قریب ہے کہ خدا میرے فریب کو بذریعہ وحی آپ پر واضح فرمادے اور آپ مجھ سے اور زیادہ ناراض ہوجائیں۔ یارسول اللہ! اس موقع پر سچ سچ کہنے کی وجہ سے اگرچہ آپ ناراض ہوں گے لیکن مجھے یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کا انجام بخیر فرمائے گا۔ خدا کی قسم مجھے کوئی عذر نہ تھا، میں اتنا نہ کبھی طاقت ور ہوا تھا اور نہ اتنا مالدار جتنا اس وقت تھا پھر بھی میں آپ کے ساتھ نہ جاسکا۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کعب نے سچ کہا، اے کعب! جاؤ اور انتظار کرو جب تک اللہ تعالیٰ تمہارے بارے میں فیصلہ نازل فرمائے۔ میں وہاں سے چلا تو بنوسلمہ کے کچھ لوگ میرے پیچھے ہوئے اور کہنے لگے: اے کعب، ہم نہیں سمجھتے کہ تم نے اس سے پہلے کوئی قصور کیا ہو، تم اس موقع پر اتنے عاجز کیوں ہوگئے، دوسرے لوگوں کی طرح تم بھی کوئی عذر بیان کردیتے تو ہمیں امید تھی کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمہارے لئے بھی استغفار کرتے اور یہ تمہارے حق میں کافی

Marfat.com

ہوتا۔ انہوں نے مجھے اس قدر ملامت کی کہ میرا ارادہ پھر یہ ہونے لگا کہ حضور کی خدمت میں جا کر عرض کر دوں گا کہ پہلے میں نے جھوٹ کہا اور میرا عذر یہ تھا۔ لیکن میں نے ان سے یہ پوچھ لیا کیا میری طرح اور لوگ بھی آئے تھے جنہوں نے سچ سچ کہا ہو اور کوئی عذر بیان نہ کیا ہو؟ بولے: ہاں تمہاری طرح دو شخص اور ہیں، میں نے پوچھا وہ کون ہیں؟ کہنے لگے: مرارہ بن ربیعہ، اور ہلال بن امیہ، میں نے کہا: واقعی تم نے ایسے دو شخصوں کے بارے میں مجھے بتایا کہ یہ دونوں حضرات متقی و پرہیز گار ہیں اور اصحاب بدر سے ہیں، میں ان کی پیروی کروں یہ میرے لئے کافی ہے۔ یہ کہ کر میں چلا آیا، اس کے بعد حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے یہ اعلان ہو گیا کہ ہم تینوں لوگوں سے کوئی بات نہ کرے کہ ہم بغیر عذر تبوک کے غزوہ میں شریک نہ ہوئے۔

آخر کار حضور کا فرمان سب کے لئے واجب الاذعان تھا، سب لوگوں نے ہمارا مقاطعہ کر دیا اور ہم سے سلام کلام بالکل بند کر دیا، ہم لوگوں کا حال اس وقت یہ تھا کہ گویا ہمارے لئے زمین بدل گئی ہو، اور ایسا محسوس ہوتا تھا کہ گویا ہمیں کوئی پہچانتا ہی نہیں۔ پچاس دن و رات ہمارا یہی حال رہا، میرے دونوں ساتھی تو اس سخت رویہ سے اتنے تنگ آ گئے کہ گھروں میں گوشۂ تنہائی اختیار کر لی، لیکن میں ان میں کمسن اور طاقتور تھا لہذا نکلتا بیٹھتا اور نمازوں کے لئے مسجد نبوی میں حاضری دیتا، بازاروں میں جاتا پر کوئی شخص مجھ سے بات نہ کرتا، حضور کی خدمت میں بھی حاضری دیتا، سلام کرتا اور دل میں سوچتا کہ حضور نے جواب کے لئے اپنے مبارک لبوں کو جنبش دی یا نہیں، کبھی ایسا ہوتا کہ آپ کے قریب نماز پڑھتا اور دزدیدہ نگاہوں سے دیکھتا جاتا کہ میری طرف نظر رحمت فرما رہیں لیکن جب نماز سے فارغ ہو کر دیکھتا تو حضور منہ پھیر لیتے، صحابۂ کرام کی سختی جب میرے معاملہ میں دراز ہو گئی تو ایک دن میں اپنے چچا زاد بھائی ابو قتادہ کے باغ کی دیوار پر چڑھ گیا، حضور کے بعد سب سے زیادہ میں ان سے محبت کرتا تھا، میں نے جا کر ان کو سلام کیا، قسم بخدا! انہوں نے میرے سلام کا جواب کچھ نہ دیا، میں نے کہا: اے ابو قتادہ! میں تم کو قسم دیتا ہوں اللہ تعالیٰ کی کہ تم یہ نہیں جانتے کہ میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوں، وہ اس مرتبہ بھی خاموش رہے، پھر میں نے یہی کہا، لیکن اس پر بھی انہوں نے خاموشی اختیار کی اور بولے تو خود ہی کو مخاطب کر کے کہا:

Marfat.com

اللہ ورسول بہتر جانتے ہیں، یہ سنکر میری آنکھوں سے آنسو نکل پڑے، فوراً میں دیوار پر چڑھ کر باہر آیا، پھر میں مدینے کے بازار سے گزر رہا تھا کہ ایک شامی کسان جو مدینے کے بازار میں غلہ فروخت کرنے آیا تھا میں نے اسے دیکھا کہ لوگوں سے پوچھتا پھر رہا ہے کہ کعب بن مالک کا گھر کہاں ہے؟ لوگوں نے میری طرف اشارہ کیا اور وہ میری طرف بڑھکر ملاقی ہوا،
ساتھ ہی حاکم غسان کا
ایک خط بھی مجھے دیا، میں پڑھا لکھا شخص تھا، میں نے اسے پڑھا تو اس میں تحریر تھا۔

حمد ونعت کے بعد کعب کو معلوم ہو کہ ہم کو یہ اطلاع ملی ہے کہ تمہارے صاحب یعنی رسول اللہ نے تم پر جفا کی ہے، خدائے تعالی نے تم کو ذلت کے گھر میں پیدا نہیں کیا اور نہ ایسے ماحول میں جہاں تم پر ظلم و جفا کی جائے، لہذا ہم تمہیں دعوت دیتے ہیں کہ تم ہم سے ملاقات کرو اور ہمارے ساتھ رہو، ہم تمہاری قدر کرینگے اور عزت افزائی، میں نے جب وہ خط پڑھا تو مجھے محسوس ہونے لگا کہ میرے لئے یہ بھی ایک ابتلا وآزمائش ہے، لہذا اس خط کو میں نے چولھے میں جلا دیا۔

جب چالیس روز گزر گئے تو حضور کی طرف سے ایک قاصد میرے پاس یہ خبر لایا کہ آپ کا یہ حکم ہے کہ اپنی بیوی سے علیحدہ رہو، میں نے کہا: کیا میں اس کو طلاق دیدوں؟ وہ بولا: نہیں بلکہ صرف علیحدہ رہو کہ صحبت نہ کرو۔ میرے دونوں ساتھیوں کے پاس بھی اسی طرح کا حکم بھیجا گیا تھا، یہ فرمان سن کر میں نے اپنی اہلیہ سے کہا: تم اپنے میکے چلی جاؤ اور وہیں رہو جب تک اللہ تعالی اس بارے میں کوئی حاکم نازل فرمائے ۔ ہلال بن امیہ کی بیوی یہ سنکر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئیں اور عرض گزار ہوئیں: یارسول اللہ! ہلال بن امیہ ایک بوڑھے شخص ہیں، ان کے پاس کوئی خادم بھی نہیں، تو کیا حضور مجھے اجازت دینگے کہ میں ان کی خدمت کرتی رہوں، فرمایا: خدمت کو منع نہیں کرتا لیکن وہ تم سے صحبت نہیں کر سکتے، بولیں: یارسول اللہ ان کو تو کسی کام کا خیال ہی نہیں وہ تو اول دن سے اب تک گریہ وزاری ہی کر رہے ہیں۔

حضرت کعب کہتے ہیں: میرے گھر والوں نے مجھ سے کہا: کاش تم بھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اپنی بی بی کے پاس رہنے کی اجازت مانگتے جس طرح ہلال بن امیہ

Marfat.com

کی بیوی نے اجازت حاصل کرلی ہے، میں نے کہا : میں بھی اجازت نہ لونگا، کہ میں جوان آدمی ہوں، پھراسی حال میں دس راتیں اور گزریں اور پورے پچاس دن اور راتیں گزر گئے۔

پچاسویں دن میں نے فجر کی نماز اپنے گھر کی چھت پر پڑھی، نماز سے فارغ ہوکر میں چھت پر بیٹھا تھا کہ اللہ تعالی نے ہمارا حال بیان فرمایا: کہ میرا جی تنگ ہوگیا تھا اور زمین اپنی کشادگی کے باوجود ہم پر تنگ ہوگئی تھی۔ اتنے میں سلع پہاڑ پر چڑھ کر ایک منادی ندا کر رہا تھا! اے کعب بن مالک خوش ہوجا، یہ سنکر میں سجدہ میں گر پڑا۔

حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے نماز فجر کے بعد لوگوں کو خبر دی کہ اللہ تعالی نے ان تینوں کو معاف فرمادیا۔ لوگ ہمیں خوشخبری دینے کے لئے روانہ ہوئے، میرے ساتھیوں کے پاس بھی خوشخبری پہونچائی گئی، اور ایک تیز رو قاصد گھوڑا دوڑاتا میرے پاس آیا۔ یہ قبیلہ اسلم کا ایک شخص تھا، اس کی تیز رفتاری کی وجہ سے مجھ تک خوشخبری نہایت جلد پہونچ گئی اس نے جیسے ہی مجھے یہ خوشخبری سنائی تو اس خوشی کے عالم میں میں نے اپنے دونوں کپڑے اتار کر اسے دے دیئے، پھر دو کپڑے عاریت لیکر اور پہن کر حضور کی خدمت میں حاضری دی، راستہ میں لوگ گروہ در گروہ مجھے خوشخبری دیتے جاتے تھے اور مبارکبادی کی نچھاور ہورہی تھی، کہ میں مسجد نبوی میں پہونچ گیا حضور اب بھی مسجد نبوی میں تشریف فرما تھے، صحابۂ کرام کا مجمع تھا، مجھے دیکھتے ہی اس مجمع سے طلحہ بن عبید اللہ کھڑے ہوگئے اور دوڑ کر مجھ سے مصافحہ کیا اور مبارکباد دی، مہاجرین میں سے اور دوسرے لوگ کھڑے نہیں ہوئے۔ خدا کی قسم! میں حضرت طلحہ کا یہ احسان عمر بھر نہیں بھول سکتا میں نے جب حضور کی بارگاہ میں سلام پیش کیا تو آپ کا چہرہ خوشی سے کھلا ہوا تھا، فرمایا: اے کعب! خوش ہوجاؤ، تمہاری پیدائش سے لیکر آج تک اتنی خوشی کا دن تمہیں کبھی نہیں نہ آیا ہوگا، میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ معافی حضور کی طرف سے ہے یا اللہ تعالی کی طرف سے؟ فرمایا: اللہ جل جلالہ کی جانب سے، حضور جب خوش خوش ہوتے تو آپکا چہرہ چمکنے لگتا گویا چاند کا ایک ٹکڑا ہے، ہم اس چمک دمک سے یہ جان لیا کرتے تھے کہ حضور خوش ہیں۔ اللہ تعالی ہمیشہ ان کو خوش رکھے۔

بارگاہ رسالت میں میری پہلی درخواست یہ تھی کہ یارسول اللہ! میں اپنی اس توبہ کی خوشی میں اللہ و رسول کی رضائے بے بہا کی خاطر اپنا تمام مال صدقہ کرنا چاہتا ہوں،

Marfat.com

فرمایا: تھوڑا مال اپنے لئے رکھ لے، میں نے عرض کیا: اچھا میں اپنا وہ حصہ رکھ لیتا ہوں جو مجھے فتح خیبر کے موقع پر ملا تھا، دوسرا عہد میں نے اسی وقت یہ بھی کیا تھا کہ یا رسول اللہ! میری نجات میں میری سچائی کو بھی ایک خاص دخل ہے لہذا آج سے تا حیات کبھی جھوٹ نہیں بولونگا۔

قسم خدا کی! یہ مجھ پر اللہ تعالیٰ کا خاص فضل ہے کہ میں نے جب سے حضور کے رو برو یہ عہد کیا تھا آج تک قائم ہوں اور امید قوی ہے کہ آئندہ بھی اللہ تعالیٰ مجھے اس عہد پر قائم رکھے گا۔

حضرت کعب فرماتے ہیں: ہماری توبہ کی قبولیت اور معافی کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں۔

بیشک اللہ کی رحمتیں متوجہ ہوئیں ان غیب کی خبریں بتانے والے اور ان مہاجرین اور انصار پر، جنہوں نے مشکل کی گھڑی میں ان کا ساتھ دیا، بعد اس کے کہ قریب تھا کہ ان میں کچھ لوگوں کے دل پھر جائیں پھر ان پر رحمت سے متوجہ ہوا، بیشک وہ ان پر نہایت مہربان رحم والا ہے۔ اور ان تین پر جو موقوف رکھے گئے تھے یہاں تک کہ جب زمین اتنی وسیع ہو کر ان پر تنگ ہوگئی اور وہ اپنی جان سے تنگ آئے اور انہیں یقین ہوا کہ اللہ سے پناہ نہیں مگر اسی کے پاس، پھر ان کی توبہ قبول کی کہ تائب رہیں، بیشک اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے ،اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ رہو۔ (کنز الایمان)

حضرت کعب فرماتے ہیں؛ اللہ تعالیٰ نے اسلام لانے کے بعد مجھ پر میرے نزدیک اس سے بڑا احسان نہیں فرمایا جو میری سچائی کی بدولت فرمایا، کہ اگر میں جھوٹ بول جاتا تو تباہ ہو جاتا جیسے دوسرے جھوٹے تباہ ہوگئے، اور اللہ تعالیٰ نے ان کے بارے میں یوں حکم نازل فرمایا۔

اب تمہارے آگے اللہ کی قسمیں کھائیں گے جب تم انکی طرف پلٹ کر جاؤ گے، اس لئے کہ تم ان کے خیال میں نہ پڑو (اور ان پر ملامت اور عتاب نہ کرو) تو ہاں تم ان کا خیال چھوڑو (اور ان سے اجتناب کرو) وہ تو نرے پلید ہیں اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے بدلہ اس کا جو کماتے تھے۔ تمہارے آگے قسمیں کھاتے ہیں کہ تم ان سے راضی ہو جاؤ، تو اگر تم

Marfat.com

ان سے راضی ہو جاؤ تو بیشک اللہ تو فاسق لوگوں سے راضی نہ ہوگا۔ (کنز الایمان)

حضرت کعب کہتے ہیں: کچھ لوگوں نے قسمیں کھا کر حضور کی خدمت میں عذر پیش کر دیا تھا، حضور نے ان کا عذر قبول فرما کر ان کے لئے دعائے مغفرت بھی کی تھی، لیکن ہم تینوں کا معاملہ موقوف رہا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے فیصلہ فرمایا اور معاف کر دیا۔

یہاں 'خلفوا' کا مطلب یہ نہیں کہ ہم تبوک میں پیچھے رہ گئے تھے بلکہ یہ ہی ہے کہ ہمارا مقدمہ پیچھے رہا اور پچاس دن تک ہمیں معلق رکھا گیا ہے۔ ۱۲م

الامن والعلی مع زیادہ ص ۱۲۰

(۱۲۰) مَاكَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِنَ الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۙ☆

مدینہ والوں اور ان کے گرد دیہات والوں کو لائق نہ تھا کہ رسول اللہ سے پیچھے بیٹھ رہیں اور نہ یہ کہ ان کی جان سے اپنی جان پیاری سمجھیں۔ یہ اس لئے کہ انہیں جو پیاس یا تکلیف یا بھوک اللہ کی راہ میں پہنچتی ہے اور جہاں ایسی جگہ قدم رکھتے ہیں جس سے کافروں کو غیظ آئے اور جو کچھ کسی دشمن کا بگاڑتے ہیں اس سب کے بدلے ان کے لئے نیک عمل لکھا جاتا ہے۔ بیشک اللہ نیکیوں کا نیگ ضائع نہیں کرتا۔

## ﴿۴۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ہر کام کا ثواب موقوف ہے امتثال نیت پر، جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

" انما الاعمال بالنیات وانما لکل امرئ ما نوی "۔

بیشک اعمال کا مدار نیت پر ہے۔ اور ہر شخص کو وہی ملے گا جس کی نیت کرے، تو جو شخص اپنے رب کے حکم کو ماننے کے لئے وضو کرنے بیٹھا پھر درمیان میں کوئی ایسا

Marfat.com

امر لاحق ہوا کہ وہ وضو مکمل نہ کر سکا تو اب یہ کیسے کہا جا سکتا ہے کہ جو کچھ وہ کر چکا ہے اس پر اس کو ثواب نہیں۔

(فتاوی رضویہ جدید ۲/۴۷)

(۱۲۲) وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنْفِرُوا كَآفَّةً ؕ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ۔☆

اور مسلمانوں سے یہ تو ہو نہیں سکتا کہ سب کے سب نکلیں تو کیوں نہ ہو کہ ان کے ہر گروہ میں سے ایک جماعت نکلے کہ دین کی سمجھ حاصل کریں اور واپس آکر اپنی قوم کو ڈر سنائیں اس امید پر کہ وہ بچیں۔

## ﴿۴۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

علم دین کا سیکھنا اس قدر کہ مذہب حق سے آگاہ ہو وضو غسل و نماز و روزہ وغیرہا کے احکام سے مطلع ہو۔ تاجر تجارت، مزارع زراعت، اجیر اجارے، غرض ہر شخص جس حالت میں ہے اس کے متعلق احکام شریعت سے واقف ہونا فرض عین ہے، جب تک یہ حاصل کرے جغرافیہ و تاریخ وغیرہ میں وقت ضائع کرنا جائز نہیں۔

حدیث میں ہے۔ "طلب العلم فريضة على كل مسلم و مسلمة "۔

جو فرض چھوڑ کر نفل میں مشغول ہو حدیثوں میں اس کی سخت برائی آئی اور اس کا وہ نیک کام مردود قرار پایا۔ "كما بيناه في الزكوة من فتاوانا "۔ نہ کہ فضل چھوڑ کر فضولیات میں وقت گنوانا۔ غرض علوم ضروریہ تو ضرور مقدم ہیں اور ان سے غافل ہو کر ریاضی، ہندسہ، طبعیات، فلسفہ، یا دیگر خرافات و وسوسہ پڑھنے پڑھانے میں مشغولی بلاشبہ متعلم و مدرس دونوں کے لئے حرام ہے اور ان ضروریات سے فارغ ہونے کے بعد پورا علم دین فقہ، حدیث، تفسیر، عربی زبان اسی طرح صرف و نحو، معانی و بیان، لغت و ادب وغیرہا آلات علوم دینیہ بطور آلات سیکھنا سکھانا فرض ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

Marfat.com

" فلو لا نفر من کل فرقۃ منھم طائفۃ لیتفقھوا فی الدین "۔(التوبۃ ۔۱۲۲)

یہی علوم علم دین ہیں اور انہیں کے پڑھنے پڑھانے میں ثواب ،اور ان کے سوا کوئی فن یا زبان کچھ کار ثواب نہیں ۔ ہاں جو شخص ضروریات دین مذکورہ سے فراغ پاکر اقلیدس ،حساب، مساحت ،جغرافیہ وغیرہا وہ فنون پڑھے جن میں کوئی امر مخالف شرعی نہیں تو ایک مباح کام ہوگا جب کہ اس کے کسی واجب شرعی میں خلل نہ پڑے۔

(فتاوی رضویہ قدیم ۹/۱۰۷۔۱۰۸)

(۱۲۲) جو مسلمان کہلا کر فقہ کو اصلا نہ مانے ،نہ کتابی ہے نہ خارجی بلکہ مرتد ہے ،اسلام سے خارج ۔اور اگر کوئی تاویل کرتا ہے تو کم از کم بد دین گمراہ ہے۔

" وفی الحدیث عنہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ،من یرد اللہ بہ خیرا یفقھہ فی الدین "۔

اللہ تعالیٰ جس سے بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے دین کی سمجھ عطا فرماتا ہے۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱۴/۶۲۳)

(۱۲۳) یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِیْنَ یَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَ لْیَجِدُوْا فِیْكُمْ غِلْظَةً ؕ وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ ۔☆

اے ایمان والو جہاد کروان کافروں سے جو تمہارے قریب ہیں اور چاہیں کہ وہ تم میں سختی پائیں اور جان رکھو کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔

## ﴿۴۷﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ حکم بھی جمیع کفار کو عام ہے۔حکمت یہی ہے کہ پہلے پاس والوں کو زیر کیا جائے ،جب وہاں اسلام کا تسلط ہوجائے تو ان سے جو اس سے نزدیک ہیں وہ پاس والے ہوئے وہ زیر ہو جائیں تو جو ان سے قریب ہیں ،یونہی یہ سلسلہ شرقا وغربا منتہائے زمین تک پہنچے ،اور بحمد اللہ ایسا ہی ہوا اور بعونہ تعالی ایسا ہی برجہ اتم وکمال زمانہ امام موعود رضی اللہ تعالی عنہ میں ہونے والا ہے

(فتاوی رضویہ جدید ۱۴/۴۴۸)

(۱۲۸) لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مَن یرد اللہ بہٖ خیرًا یفقہہ فی الدین

مجموعہ

# فتاویٰ بریلی شریف

مصدقہ

تاج الشریعہ حضرۃ العلامہ الحاج

الشاہ المفتی

**محمد اختر رضا**

قادری ازہری

دام ظلہ علینا



مصدقہ

استاذ الفقہاء عمدۃ المحققین

حضرت علامہ مفتی قاضی

**محمد عبدالرحیم**

صاحب بستوی

مدظلہ العالی

مُرتبین:

**محمد عبدالرحیم المعروف بہ نشتر فاروقی ؛ محمد یونس رضا اویسی**

مرکزی دار الافتاء سوداگران بریلی شریف

R-S-200/-

# سورۃ یونس

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

﴿۲۶﴾ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ؕ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۔☆

بھلائی والوں کے لئے بھلائی ہے اور اس سے بھی زیادہ اور ان کے منہ پر نہ چڑھے گی سیاہی اور نہ خواری وہی جنت والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

### ﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ایصال ثواب جس طرح منع عذاب یا رفع عقاب میں باذن اللہ تعالی کام دیتا ہے یونہی رفع درجات وزیادت حسنات میں۔ اور حق سبحانہ وتعالی کے فضل اور اس کی زیادت و برکت سے کوئی غنی نہیں۔

سیدنا ایوب علیہ الصلاۃ والسلام کو مولی عزوجل نے اموال عظیمہ عطا فرمائے تھے، ایک روز نہا رہے تھے کہ آسمان سے سونے کی ٹیریاں برسیں، ایوب علیہ السلام چادر میں بھرنے لگے، رب عزوجل نے ندا فرمائی: یا ایوب! الم اکن اغنیتك عما تری ۔ اے ایوب جو تمہارے پیش نظر ہے کیا میں نے تمہیں اس سے بے پرواہ نہ کیا تھا؟ عرض کی: بلی وعزتك ولکن لاغنی لی عن برکتك ۔ ضرور غنی کیا تھا، تیری عزت کی قسم مگر مجھے تیری برکت سے تو بے نیازی نہیں۔" رواہ البخاری واحمد والنسائی عن ابی ہریرۃ رضی اللہ تعالی عنہ
۔

جب حق جل وعلا کی دنیوی برکت سے بندے کو غنا نہیں تو اس کی اخروی برکت سے کون بے نیاز ہوسکتا ہے۔ صلحاء تو صلحاء خود اعاظم اولیاء بلکہ حضرات انبیاء بلکہ خود حضور پرنور نبی الانبیاء علیہ وعلیہم الصلاۃ والسلام کو ایصال ثواب زمانۂ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالی عنہم سے اب تک

معمول ہے، حالانکہ انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام قطعاً معصوم ہیں، تو موت جمعہ یا صلاح کیا مانع ہوسکتی ہے۔

ان ابن عمر كان يعتمر عنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلمعمرا بعد موته من غير وصية وحج ابن الموفق ( رحمه الله تعالى وهو فى طبقة الجنيد قدس سره )عنه سبعين حجة وختم ابن السراج عنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلماكثر من عشر آلاف ختمة وضحى عنه مثل ذالك نقله الامام ابن حجر المكى عن الامام الاجل تقى الملة والدين السبكى رحمهما الله تعالى ثم قال اعنى الشامى ورأيت نحو ذلك بخط مفتى الحنفية الشهاب احمد بن الشلبى شيخ صاحب البحر نقلا عن شرح الطيبه للنويرى رحمهما الله تعالى ثم قالواقول علمائنا له ان يجعل ثواب عمله لغيره يدخل فيه النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فانه احق بذلك حيث انقذنا من الضلالة ففى ذلك نوع شكر واهداء جميل له والكامل قابل لزيادة الكمال ملخصا ـ والله تعالى اعلم،

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال کے بعد بغیر کسی وصیت کے ان کی طرف سے عمرے کیا کرتے تھے۔ ابن موفق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے (جو حضرت جنید بغدادی قدس سرہ کے طبقہ سے ہیں) حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے ستر حج کئے۔ ابن سراج نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے دس ہزار ختم سے زیادہ پڑھے اور اسی کے مثل حضور کی جانب سے قربانی کی۔

اسے امام ابن حجر مکی سے انھوں نے امام اجل تقی الملت والدین سبکی سے نقل کیا، رحمہما اللہ تعالیٰ ۔ آگے علامہ شامی نے لکھا: اسی جیسا مضمون مفتی حنفیہ شہاب الدین احمد الشلبی شیخ صاحب البحر نے شیخ نویری کی شرح طیبہ کے حوالے سے دیکھا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ ۔ آگے علامہ شامی نے فرمایا: اور ہمارے علما کا یہ قول کہ انسان اپنے عمل کا ثواب دوسرے کے لئے کرسکتا ہے، اس میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی داخل ہیں۔ اس لئے کہ وہ اس کے زیادہ حق دار ہیں۔ کیوں کہ حضور ہی نے ہمیں گمراہی سے نکالا، تو اس میں ایک طرح کی شکر گزاری اور حسن سلوک اور صاحب کمال کیلئے مزید کمال کے قابل ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم،

Marfat.com

(۳۱) قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۔☆

تم فرماؤ تمہیں کون روزی دیتا ہے آسمان اور زمین سے یا کون مالک ہے کان اور آنکھوں کا اور کون نکالتا ہے زندہ کو مردے سے اور نکالتا ہے مردہ کو زندہ سے اور کون تمام کاموں کی تدبیر کرتا ہے تو اب کہیں گے کہ اللہ تو تم فرماؤ تو کیوں نہیں ڈرتے۔

## ﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

کہ مسببات کو اسباب سے ربط عادی دیتا ہے اور قرع سے ہوا کو صورت کا حامل کرتا ، پھر اسے اذن حرکت دیتا ، پھر اسے عصبہ مفروشہ تک پہونچاتا ، پھر اس کے بجنے کو محض اپنی قدرت کاملہ سے ذریعہ ادراک فرماتا ہے۔ اور اگر وہ نہ چاہے تو صور کی آواز بھی کان تک نہ جائے یونہی جو چیز آنکھ کے سامنے ہو اور موانع و شرائط عادیہ مرتفع و مجتمع ، و اللہ اعلم ان ذلک بالانطباع او خروج الشعاع کما قد شاع او کیفما شاء ، اس وقت ابصار کا حکم دیتا ہے ۔ اور اگر نہ چاہے روشن دن میں بلند پہاڑ نظر نہ آئیں ۔ اور وہ کون ہے جو نکالتا ہے زندہ کو مردہ سے ، کافر سے مومن ، نطفہ سے انسان ، انڈے سے پرند ، اور نکالتا ہے مردے کو زندہ سے ، مومن سے کافر ، انسان سے نطفہ ، پرند سے انڈا ۔ اور کون تدبیر فرماتا ہے ہر کام کی ۔ آسمان میں اس کے کام ، زمیں میں اس کے کام ، ہر بدن میں اسکے کام ، کہ غذا پہونچاتا ہے ، پھر اسے روکتا ہے ، پھر ہضم بخشتا ہے ، پھر سہولت دفع کو پیاس دیتا ہے ، پھر پانی پہونچاتا ہے ، پھر اس کے غلیظ کو رقیق ، لزج کو مزلق کرتا ہے ، پھر ثفل و کیلوس کو امعا کی طرف پھینکتا ہے ، پھر ماساریقا کی راہ سے خالص کو جگر میں لے جاتا ہے ، وہاں کیموس دیتا ہے ، تلچھٹ کو سودا ، جھاگوں کو صفرا ، کچے کا بلغم ، پکے کا خون بناتا ہے ۔ فضلہ کو مثانہ کی طرف پھینکتا ہے ، پھر انہیں باب الکبد کے راستہ سے عروق میں بہاتا ہے ، پھر وہاں سے سہ بارہ پکاتا ہے ، بےکار کو پسینہ بنا کر نکالتا ہے ۔ عطر کو بڑی رگوں سے جداول ، جداول سے سواقی ، سواقی سے باریک عروق ، پیچ در پیچ ۔ تنگ بر تنگ راہیں چلاتا ہے ، رگوں کے دہانوں سے اعضاء پر انڈیلتا ہے ، پھر یہ مجال نہیں کہ ایک عضو کی غذا دو

Marfat.com

سرے پر گرے، جو جس کے مناسب ہے اسے پہنچاتا ہے، پھر اعضاء میں چوتھا طبخ دیتا ہے کہ اس صورت کو چھوڑ کر صورت عضویہ لیں۔ ان حکمتوں سے بقائے تخص کو ما تحلل کا عوض بھیجتا ہے۔ جو حاجت سے بچتا ہے اس سے بالیدگی دیتا ہے۔ اور ان طریقوں کا محتاج نہیں، چاہے تو بے غذا ہزار برس جلائے اور نماء کامل پر پہنچائے۔ پھر جو فضلہ رہا اسے منی بنا کر صلب وترائب میں رکھتا ہے، عقد وانعقاد کی قوت دیتا ہے، زن ومرد میں تالیف کرتا ہے، عورت کو باوجود مشقت وصعوبت وضع شوق بخشتا ہے، حفظ نوع کا سامان فرماتا ہے، رحم کو اذن جذب دیتا ہے، پھر اس کے امساک کا حکم کرتا ہے، پھر اس کو پکا کر خون بناتا ہے، پھر طبخ دے کر گوشت کا ٹکڑا کرتا ہے، پھر اس میں کلیاں لنچھیاں نکالتا ہے، قسم قسم کی ہڈیوں پر گوشت، گوشت پر پوست، سیکڑوں رگیں، ہزراوں عجائب، پھر جیسی چاہے تصویر بناتا ہے، پھر اپنی قدرت سے روح ڈالتا ہے، بے دست وپا کو ان ظلمتوں میں رزق پہونچاتا ہے، پھر قوت آنے کو ایک مدت تک روکے رہتا ہے، پھر وقت معین پر حرکت وخروج کا حکم دیتا ہے، اس کے لئے راہ آسان فرماتا ہے، مٹی کی مورت کو پیاری صورت، عقل کا پتلا، چمکتا تارا، چاند کا ٹکڑا کر دکھاتا ہے، فتبارك الله احسن الخالقين، اور وہ ان باتوں کا محتاج نہیں، چاہے تو کروروں انسان پتھر سے نکالے، آسمان سے برسالے۔

ہاں بتاؤ وہ کون ہے جس کے یہ سب کام ہیں؟ فسيقولون الله۔ اب کہاں جاتے ہیں کہ اللہ۔ تو فرماؤ پھر ڈرتے کیوں نہیں؟

امنا بالله وحده۔ آہ! آہ! اے متفلسف، مسکین! کیوں اب بھی یقین آیا یا نہیں کہ تدبیر وتصرف اسی حکیم علیم کے کام ہیں؟ جل جلاللہ وعم نوالہ "فبای حدیث بعده یومنون" [الاعراف۔ ۸۵]

فقیر غفر اللہ تعالی لہ نے اس آیت کریمہ کی تفسیر میں یہ دو حرف مختصر بقدر ضرورت ذکر کئے، ورنہ روز اول سے اب تک جو کچھ ہوا اور آج سے قیامت تک اور قیامت سے ابد الآباد تک جو کچھ ہوگا وہ سب کا سب ان دولفظوں کی شرح ہے کہ "یدبر الامر سبحانہ ما اعظم شانہ۔

Marfat.com

# سورۃ ھود

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

(۴) اِلَی اللّٰہِ مَرْجِعُکُمْ ج وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ. ☆

تمہیں اللہ ہی کی طرف پھرنا ہے اور وہ ہر شی پر قادر ہے۔

### ﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(کل شی) یہ موجود و معدوم سب کو شامل ہے بشرط حدوث وامکان کہ واجب ومحال اصلا لائق مقدوریت نہیں، مواقف میں ہے:

"القدیم لا یستند الی القادر"۔

(قدیم کو قادر کی طرف منسوب نہیں کیا جاسکتا۔)

شرح مقاصد میں ہے: لا شئی من الممتنع بمقدور۔

کوئی ممتنع مقدور نہیں ہوا۔ امام یافعی فرماتے ہیں:

جمیع المستحیلات العقلیۃ لا یتعلق للقدرۃ بہا۔

تمام محالات عقلیہ کے ساتھ قدرت کا تعلق نہیں ہوتا۔

کنز فوائد میں ہے:

خرج الواجب و المستحیل فلا یتعلقان ای القدرۃ والارادۃ بہما۔

واجب اور محال خارج ہوگئے کہ ان کے ساتھ قدرت اور ارادہ کا تعلق نہیں ہوسکتا۔

شرح فقہ اکبر میں ہے:

اقصاھا ان یمتنع بنفس مفھومہ کجمع الضدین و قلب الحقائق و اعدام القدیم و ھذا لا یدخل تحت القدرۃ القدیمۃ۔

Marfat.com

آخری مرتبہ وہ ہے جو نفس مفہوم کے اعتبار سے ممنوع ہو، مثلاً۔ ضدین کا جمع ہونا، حقائق میں قلب، قدیم کا معدوم ہونا، یہ قدرت قدیمہ کے تحت داخل ہی نہیں۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱۵/۳۲۰)

**﴿۱۸﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا ط اُولٰٓئِكَ يُعْرَضُوْنَ عَلٰی رَبِّهِمْ وَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰی رَبِّهِمْ ج اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَی الظّٰلِمِيْنَ۔☆**

اور اس سے بڑھکر ظالم کون جو اللہ پر جھوٹ باندھے وہ اپنے رب کے حضور پیش کئے جائیں گے اور گواہ کہیں گے یہ ہیں جنہوں نے اپنے رب پر جھوٹ بولا تھا ارے ظالموں پر خدا کی لعنت۔

۴۵۰۰۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم :اَلدَّوَاوِيْنُ ثَلٰثَةٌ ، فَدِيْوَانٌ لَا يَغْفِرُ اللّٰهُ مِنْهُ شَيْئًا وَدِيْوَانٌ لَايَعْبَأُ اللّٰهُ مِنْهُ شَيْئًا وَدِيْوَانٌ لَا يَتْرُكُ اللّٰهُ مِنْهُ شَيْئًا ۔ فَاَمَّا الدِّيْوَانُ الَّذِى لَايَغْفِرُ اللّٰهُ مِنْهُ شَيْئًا اَلْاِشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَاَمَّا الدِّيْوَانُ الَّذِى لَايَعْبَأُ اللّٰهُ مِنْهُ شَيْئًا ظُلْمُ الْعَبْدِ نَفْسَهُ فِيْمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ رَبِّهِ مِنْ صَوْمِ يَوْمٍ تَرَكَ اَوْ صَلٰوةٍ تَرَكَهَا فَاِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ ذٰلِكَ اِنْ شَاءَ وَتَجَاوَزَ ، وَاَمَّا الدِّيْوَانُ الَّذِى لَايَتْرُكُ اللّٰهُ مِنْهُ شَيْئًا فَمَظَالِمُ الْعِبَادِ بَيْنَهُمُ الْقِصَاصُ لَا مُحَالَةَ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دفتر تین ہیں۔ ایک دفتر میں سے اللہ تعالیٰ کچھ معاف نہ فرمائیگا۔ اور دوسرے کی اللہ تعالیٰ کو کچھ پرواہ نہیں۔ اور تیسرے میں سے اللہ تعالیٰ کچھ نہ چھوڑیگا۔ وہ دفتر جس میں سے اللہ تعالیٰ کچھ معاف نہ فرمائیگا وہ دفتر کفر ہے۔ اور جس کی اللہ تعالیٰ کو کچھ پرواہ نہیں وہ بندے کا اپنے رب کے معاملہ میں اپنی جان پر ظلم کرنا ہے کہ کسی دن کا

---

۴۵۰۰۔ المستدرك للحاكم، الاهوال، ۴/۵۷۵ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۶/۲۴۰

الجامع الصغير للسيوطى، ۲/۲۶۱ ☆ اتحاف السادة للزبيدى، ۸/۵۲۹

Marfat.com

روزہ چھوڑ دیا نماز چھوڑ دی۔ اللہ تعالیٰ چاہیگا تو معاف کردیگا اور درگزر فرمائیگا۔ اور وہ دفتر جس میں سے اللہ تعالیٰ کچھ نہ چھوڑیگا وہ بندوں کے باہم ایک دوسرے پر ظلم ہیں۔ انکا بدلہ ضرور ہونا ہے۔

فتاوی رضویہ ۴/۸۷

۴۵۰۱۔ **عن** اوس بن شرحبیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: من مشی مع ظالم لیعینہ وھو یعلم انہ ظالم فقد خرج من الاسلام۔

حضرت اوس بن شرحبیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو دیدہ و دانستہ کسی ظالم کے ساتھ اسے مدد دینے چلا وہ اسلام سے نکل گیا۔

فتاوی رضویہ حصہ دوم، ۹/۲۵۰

**(۳۱) وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ اِنِّيْ مَلَكٌ قف وَلَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْٓ اَعْيُنُكُمْ لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ط اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ج اِنِّيْٓ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۔☆**

اور میں تم سے نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ یہ کہ میں غیب جان لیتا ہوں اور نہ یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں اور میں انہیں نہیں کہتا جن کو تمہاری نگاہیں حقیر سمجھتی ہیں کہ ہرگز انہیں اللہ کوئی بھلائی نہ دے گا اللہ خوب جانتا ہے جو ان کے دلوں میں ہے ایسا کروں تو ضرور میں ظالموں میں سے ہوں۔

## ﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

تفسیر کبیر میں ہے:

---

۴۵۰۱۔ المعجم الصغیر للسیوطی، ۲/۵۰۹ ☆ الترغیب و الترھیب للمنذری، ۳/۱۶
کشف الخفاء للعجلونی، ۲/۳۸۹ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۲/۲۵۶
مجمع الزوائد للھیثمی، ۴/۲۰۵ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۴۹۵۵، ۶/۸۵
التفسیر لابن کثیر ۳/۱۱ ☆ شرح السنۃ للبغوی، ۱۳/۱۷

Marfat.com

قو له و لا اعلم الغیب یدل علی اعترافه بانه غیر عالم بکل المعلو مات۔
یعنی آیت میں جو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلمکو ارشاد ہوا، تم فرمادو: میں غیب نہیں جانتا ہوں اس کے یہ معنی ہے کے میرا علم جمیع معلومات الہیہ کو حاوی نہیں۔
امام قاضی عیاض شفا شریف میں اور علامہ شہاب الدین خفاجی اس کی شرح نسیم الریاض میں فرماتے ہیں:

(ھذہ معجزۃ) فی اطلاعه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلمعلی الغیب معلومةعلی القطع) بحیث لا یمکن انکارھا او التردد فیھا لاحد من العقلاء (لکثرہ رواتھا و اتفاق معانیھا علی الاطلاع علی الغیب) و ھذا لا ینافی الآیات الدالة علی انه لا یعلم الغیب الا اللہ و قو له و لو کنت اعلم الغیب لاستکثرت فی الخیر فان المنفی علمه من غیرواسطة و اما اطلاعه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم باعلام اللہ تعالیٰ له فامر متحقق لقو له تعالیٰ: فلا یظھر علی غیبه الا من ارتضی من رسول "۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا معجزہ علم غیب یقیناً ثابت ہے جس میں کسی عاقل کو انکار یا تردد کی گنجائش نہیں کہ اس میں احادیث بکثرت آئیں اور ان سب سے بالاتفاق حضور کا علم غیب ثابت ہے اور یہ ان آیتوں کے کچھ منافی نہیں جو بتاتی ہیں کہ اللہ کے سوا کوئی غیب نہیں جانتا، اور یہ کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس کہنے کا حکم ہوا کہ میں غیب جانتا ہوتا تو اپنے لئے بہت جمع کرلیتا۔ اس لئے کہ آیتوں میں نفی اس علم کی ہے جو بغیر خدا کے بتائے ہو، اور اللہ تعالیٰ کے بتائے سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو علم غیب ملنا تو قرآن عظیم سے ثابت ہے کہ اللہ اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں کرتا سوا اپنے پسندیدہ رسول کے۔
تفسیر نیشاپوری میں ہے:

لا اعلم الغیب فیه دلالة علی ان الغیب بالاستقلال لا یعلمه۔
آیت کے یہ معنی ہیں کے علم غیب جو بذات خود ہو وہ خدا کے ساتھ خاص ہے۔
تفسیر انموزج جلیل میں ہے:

معناہ لا یعلم الغیب بلا دلیل الا اللہ او بلا تعلیم الا اللہ او جمیع الغیب الا

Marfat.com

اللہ۔

آیت کے یہ معنی ہیں کے غیب کو بلا دلیل و بلا تعلیم جاننا، یا جمیع غیب کو محیط ہونا یہ اللہ کے ساتھ خاص ہے۔

جامع الفصولین میں ہے:

یحا ب با نہ یمکن التوفیق بان المعنی ھو العلم با لا ستقال لا العلم با علام او لمنفی ھو المجزوم بہ لا المظنون ویو یدہ قولہ تعالی: اتجعل فیھا من یفسد فیھا الآ یہ، لا نہ غیب اخبر الملئکۃ ظنا منھم او با علا م الحق فینبغی ان یکفر لو ادعاہ مستقلالا لو اخبر بہ با علا م فی نو مہ او یقظتہ بنو ع من الکشف اذ لا منا فا ۃ بینہ و بین الآ یۃ لما مر من التوفیق۔

یعنی فقہاء نے دعوے علم غیب پر حکم کفر کیا اور حدیثوں اور ائمہ ثقات کی کتابوں میں بہت غیب کی خبریں موجود ہیں جن کا انکار نہیں ہوسکتا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ ان میں تطبیق یوں سکتی ہے کہ فقہاء نے اسکی نفی کی ہے کہ کسی کے لئے بذات خود علم غیب مانا جائے، خدا کے بتائے سے علم غیب کی نفی نہ کی، یا نفی قطعی کی ہے نہ ظنی کی، اور اس کی تائید یہ آیت کریمہ کرتی ہے۔ فرشتوں نے عرض کیا: کیا تو زمیں میں ایسوں کو خلیفہ کریگا جو اس میں فساد و خونریزی کریں گے؟ ملائکہ غیب کی خبر بولے مگر ظنا، یا خدا کے بتائے سے، تو تکفیر اس پر چاہئے کے کوئی بے خدا کے بتائے علم غیب ملنے کا دعویٰ کرے، نہ یوں کہ براہ کشف جاگتے، یا سوتے میں خدا کے بتائے سے، ایسا علم غیب آیت کہ کچھ منافی نہیں۔

ردالمحتار میں امام صاحب ہدایہ کی مختارات النوازل سے ہے:

لو ادعی علم الغیب بنفسہ یکفر۔

اگر بذات خود علم غیب حاصل کر لینے کا دعوی کرے تو کافر ہے۔

اسی میں ہے:

قال فی التتارخا نیۃ وفی الحجۃ ذکر فی اللمتقط انہ لا یکفر لا ن الا شیا ء تعرض علی روح النبیصلی اللہ تعالیٰ علیہ و سلم و ان الر سل یعرفون بعض الغیب ،قال اللہ تعالیٰ: عالم الغیب فلا یظھر علی غیبہ احداالا من ارتضیٰ من رسول

Marfat.com

۔قلت بل کرامات الاولیاء الاطلاع علی بعض المغیبات وردوا علی المعتزلۃ المستدلین بھذہ الآیۃ علی نفیھا۔

تاتارخانیہ اور فتاوی حجہ میں ہے، ملتقط میں فرمایا: کہ جس نے اللہ ورسول کو گواہ کر کے نکاح کیا کافر نہ ہوگا، اس لئے کے اشیاء نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم پر پیش کی جاتی ہیں۔اور بیشک رسولوں کو علم غیب ہے، اللہ تعالی فرماتا ہے: غیب کا جاننے والا تو اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں کرتا مگر اپنے پسندیدہ رسولوں کو۔

علامہ شامی نے فرمایا: بلکہ ائمہ اہل سنت نے کتب عقائد میں ذکر فرمایا: بعض غیبوں کا علم ہونا اولیاء کی کرامت سے ہے اور معتزلہ نے اس آیت کو اولیاء کرام سے اس کی نفی پر دلیل قرار دیا۔ ہمارے ائمہ نے اس کا رد کیا یعنی ثابت فرمایا کہ آیہ کریمہ اولیاء سے بھی مطلقا علم غیب کی نفی نہیں فرماتی۔

تفسیر غرائب القرآن ورغائب الفرقان میں ہے:

لم ینف الا الدرا یہ من قبل نفسہ و ما نفی الدرا یہ من قبل الو حی۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے اپنی ذات سے جاننے کی نفی فرمائی ہے، خدا کے بتائے سے جاننے کی نفی نہیں فرمائی ہے۔

تفسیر جمل شرح جلالین وتفسیر خازن میں ہے:

اَلْمَعْنیٰ لَا اَعْلَمُ الْغَیْبَ الا ان یطلعنی اللہ تعالیٰ علیہ .

آیت میں جو ارشاد ہوا کہ میں غیب نہیں جانتا اس کے معنی یہ ہیں کہ میں بے خدا کے بتائے نہیں جانتا۔

تفسیر عنایۃ القاضی میں ہے:

لا اعلم الغیب ما لم یو حی الی ولم ینصب علیہ دلیل۔

آیت کے یہ معنی ہیں کہ جب تک وحی یا کوئی دلیل قائم نہ ہو مجھے بذات خود غیب کا علم نہیں ہوتا۔

اسی میں ہے:

وعندہ مفاتیح الغیب ،وجہ اختصاصھا باللہ تعالی ان لایعلمھا کما ھی

Marfat.com

ابتداء الاھو۔

یہ جو آیت میں فرمایا: کہ غیب کی کنجیاں اللہ ہی کے پاس ہیں اس کے سوا انہیں کوئی نہیں جانتا، اس خصوصیت کے یہ معنی ہیں کہ ابتداء بغیر بتائے ان کی حقیقت دوسرے پر نہیں کھلتی۔

تفسیر علامہ نیشاپوری میں فرماتے ہیں:

(قل لا اقول لکم) لم یقل لیس عندی خزائن اللہ لیعلم ان خزائن اللہ ھو العلم بحقائق الاشیاء و ماھیاتھا عندہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و سلمباجابۃ دعائہصلی اللہ تعالیٰ علیہ و سلمفی قولہ ارنا الاشیاء کما ھی ولکنہ یکلم الناس علی قدر عقولھم (لا اعلم الغیب) ای لا اقول لکم ھذا مع انہ قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ و سلمعلمت ماکان و ماسیکون اہ مختصرا۔

یعنی ارشاد ہوا کہ اے نبی! فرمادو کہ میں تم سے نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں، یہ نہیں فرمایا کہ اللہ کے خزانے میرے پاس نہیں بلکہ یہ فرمایا کہ میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس ہیں تاکہ معلوم ہوجائے کہ اللہ کے خزانے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلمکے پاس ہیں مگر حضور لوگوں سے ان کی سمجھ کے قابل باتیں فرماتے ہیں، اور وہ خزانے کیا ہیں وہ تمام اشیاء کی حقیقت و ماہیت کا علم، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسی کے ملنے کی دعا کی اور اللہ عزوجل نے قبول فرمائی۔ پھر فرمایا میں غیب نہیں جانتا یعنی تم سے نہیں کہتا کہ مجھے غیب کا علم ہے، ورنہ حضور تو خود فرماتے ہیں: مجھے ماکان و ما یکون کا علم ملا، یعنی جو کچھ گذرا اور قیامت تک ہونے والا ہے۔

الحمدللہ، اس آیہ کریمہ یعنی (فرمادو میں غیب نہیں جانتا) کی ایک تفسیر وہ تھی جو تفسیر کبیر سے گذری کہ احاطۂ جمیع غیوب کی نفی ہے نہ کہ غیب کا علم ہی نہیں۔ دوسری وہ تھی جو بہت کتب سے گزری کہ بے خدا کے بتائے جاننے کی نفی ہے، نہ یہ کہ بتائے سے بھی مجھے علم غیب نہیں۔ اب بحمد اللہ تعالیٰ سب سے لطیف تر یہ تیسری تفسیر ہے، کہ میں تم سے نہیں کہتا کہ مجھے علم غیب ہے۔ اس لئے کہ اے کافرو! تم ان باتوں کے اہل نہیں ہو ورنہ واقع میں مجھے ماکان و ما یکون کا علم ملا ہے۔ والحمدللہ رب العالمین۔ (خالص الاعتقاد ۱۹ تا ۲۲)

(۱۱۱) وَاِنَّ کُلًّا لَّمَّا لَیُوَفِّیَنَّھُمْ رَبُّکَ اَعْمَالَھُمْ ط اِنَّہٗ بِمَا یَعْمَلُوْنَ

Marfat.com

خَبِیْرٌ۔☆

اور بیشک جتنے ہیں ایک ایک کو تمہارا رب اس کا عمل پورا بھر دے گا اسے ان کے کاموں کی خبر ہے۔

## ﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

وہ جن کو کسی طمع کی چاشنی ابھارے مگر نفع فانی کے گرویدہ نہیں باقی کی تلاش ہے۔ قرآن وحدیث میں نعیم جنت کے بیان ان کی نظیر ہیں، ان کے بارے میں اس آیت میں فرمایا۔

(فتاوی رضویہ جدید ۵/۶۴۴)

Marfat.com

# سورۃ یوسف

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

﴿۲۳﴾ وَرَاوَدَتۡهُ الَّتِیۡ هُوَ فِیۡ بَیۡتِهَا عَنۡ نَّفۡسِهٖ وَغَلَّقَتِ الۡاَبۡوَابَ وَقَالَتۡ
هَیۡتَ لَکَ ؕ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّیۡۤ اَحۡسَنَ مَثۡوَایَ ؕ اِنَّهٗ لَا یُفۡلِحُ
الظّٰلِمُوۡنَ۔☆

اور وہ جس عورت کے گھر میں تھا اس نے اسے لبھایا کہ اپنا آپا نہ روکے اور دروازے سب بند کر دیئے اور بولی آؤ تمہیں سے کہتی ہوں۔ کہا اللہ کی پناہ وہ عزیز تو میرا رب یعنی پرورش کرنے والا ہے اس نے مجھے اچھی طرح رکھا۔ بیشک ظالموں کا بھلا نہیں ہوتا۔

**﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں**

فی الجلالین "انہ ای الذی اشتوانی ربی سیدی۔
(الامن والعلی ۷۹)

﴿۴۲﴾ وَقَالَ لِلَّذِیۡ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنۡهُمَا اذۡکُرۡنِیۡ عِنۡدَ رَبِّکَ فَاَنۡسٰهُ
الشَّیۡطٰنُ ذِکۡرَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِی السِّجۡنِ بِضۡعَ سِنِیۡنَ۔☆

اور یوسف نے ان دونوں میں سے جسے بچتا سمجھا۔ اس سے کہا اپنے رب (بادشاہ) کے پاس میرا ذکر کرنا۔ تو شیطان نے اسے بھلا دیا کہ اپنے رب (بادشاہ) کے سامنے یوسف کا ذکر کرے تو یوسف کئی برس اور جیلخانہ میں رہا۔

**﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں**

Marfat.com

یعنی بادشاہ مصر کے سامنے۔ (الامن والعلی ۷۹)

(۵۰) وَقَالَ الْمَلِکُ ائْتُوْنِیْ بِهٖ ج فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰی رَبِّکَ فَسْئَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِیْ قَطَّعْنَ اَیْدِیَهُنَّ ط اِنَّ رَبِّیْ بِکَیْدِهِنَّ عَلِیْمٌ۔☆

اور بادشاہ بولا انہیں میرے پاس لے آؤ تو جب اس کے پاس ایلچی آیا۔ کہا اپنے رب (بادشاہ) کے پاس پلٹ جا پھر اس سے پوچھ کیا حال ان عورتوں کا جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹے تھے بے شک میرا ربّ ان کا فریب جانتا ہے۔

## ﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

سبحانہ اللہ، باشاہ وغیرہ تو مجازی پرورش کے باعث اس کا رب، تیرا رب، میرا رب کہنا صحیح ہو۔ یہ اللہ فرمائے اور اللہ کا رسول فرمائے، اور مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دافع البلا کہنا شرک۔ نعوذ باللہ من ذلک، (الامن والعلی ۷۹)

(۵۹) وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِیْ بِاَخٍ لَّکُمْ مِّنْ اَبِیْکُمْ ج اَلَا تَرَوْنَ اَنِّیْٓ اُوْفِی الْکَیْلَ وَاَنَا خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ۔☆

اور جب ان کا سامان مہیا کر دیا۔ کہا اپنا سوتیلا بھائی میرے پاس لے آؤ کیا نہیں دیکھتے کہ میں پورا ماپتا ہوں اور میں سب سے بہتر مہمان نواز ہوں۔

## ﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

کہ جو میرے سایہ رحمت میں آکر اترتا ہے اسے وہ راحت بخشتا ہوں کہ کہیں نہیں ملتی۔

یوسف علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا: اور رب عزوجل نوح علیہ الصلوۃ والسلام سے فرماتا ہے:

وقل رب انزلنی منزلا مبارکا وانت خیر المنزلین "۔ (المؤمنون۔ ۲۳)

اے نوح! جب تو اور تیرے ساتھ والے کشتی پر ٹھیک بیٹھ لیں تو میری حمد بجالا اور یوں عرض کرنا کہ اے رب میرے، مجھے برکت والا اتارنا اور تو سب سے بہتر اتارنے والا ہے۔

یہ اللہ عزوجل کی خاص صفت حضرت یوسف نبی صدیق علیہ الصلوۃ والسلام نے اپنے

Marfat.com

لئے کیسی ثابت فرمائی اور جب حضرت یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام سب سے بہتر اتارنے والے۔ راحت ونعمت بخشنے والے ہوئے تو دافع البلاء سے بڑھ کو ہوئے،'' کمالا یخفٰی''

(الامن والعلی ۸۸)

(۱۰۳) وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِيْنَ ۔☆

اور اکثر آدمی تم کتنا ہی چاہو ایمان نہ لائیں گے۔

## ﴿۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

'ان' وصلیہ کا آخر کلام ہی میں آنا اور اس کے بعد جملہ اور وہ بھی کلام مستانف ہی ہونا سب باطل و بے اصل ہے۔ وہ کلام واحد کے وسط اجزا میں آتا ہے جیسا کہ اس آیت میں۔ اور رضی میں ہے۔

وقد تدخل الواو علی ان المدلول علی جوابھابما تقدم ولا تدخل الا اذا کان ضد الشرط اولی بذلك المقدم والظاھر ان الواو فی مثلہ اعتراضیۃ ونعنی بالحملۃ الاعتراضیۃ ما یتوسط بین اجزاء الکلام متعلقا بمعنی مستانفا لفظا کقولہ ، ع

یری کل من فیھا وحاشاك فانیا

وقد یحئی بعد تمام الکلام کقولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:انا سید ولد آدم ولا فخر ـفتقول فی الاول زید وان کان غنیابخیل وفی الثانی زید بخیل وان کان غنیا والاعتراضیۃ تفصیل بین ای جزئین من الکلام کانابلا تفصیل اذا لم یکن احدھما حرفا اھ مختصرا۔

کبھی واؤ اس لئے آتا ہے کہ اس کا جواب مدلول ماسبق ہے اور یہ وہیں ہوگا جہاں ضد شرط اس مقدم کے زیادہ مناسب ہو، اور ظاہر یہ ہے کہ ایسے مقام پر واؤ اعتراضی ہوتی ہے۔ اور جملۂ معترضہ سے ہماری مراد یہ ہے کہ اجزائے کلام کے درمیان ایسے کلمات آجائیں جو معنی ومفہوم کے اعتبار سے اس سے متعلق ہوں اور لفظا اس سے جدا ہوں، جیسے شاعر کا یہ مصرعہ ہے۔

وہ دنیا میں ہر چیز کو فانی جانتا ہے اور تو محفوظ رہے۔

بعض اوقات تمام کلام کے بعد واؤ آتی ہے، مثلا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا

ارشاد گرامی ہے: میں اولاد آدم کا سردار ہوں مگر فخر نہیں۔ پہلے کی مثال "زید وان کان غنیا بخیل" اور دوسرے کی مثال "زید بخیل وان کان غنیا" ہے۔ جملہ معترضہ بلا تفصیل کسی بھی کلام کے دو جزوں میں فصل پیدا کرتا ہے بشرطیکہ دونوں میں سے کوئی جز حرف نہ ہو اھ مختصرا۔

لاجرم صحیحین میں ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

ما من عبد قال لا اله الا الله ثم مات علی ذلک الا دخل الجنۃوان زنی وان سرق وان زنی وان سرق وان زنی وان سرق علی رغم انف ابی ذر۔

جس بندے نے بھی لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہا پھر اسی پر فوت ہوا وہ جنت میں داخل ہوگا اگرچہ اس نے زنا اور چوری کی ہو، اگرچہ اس نے زنا اور چوری کی ہو، اگرچہ اس نے زنا اور چوری کی ہو۔ ابوذر کی ناک خاک آلود ہو۔

حدیث کی بہتر تفسیر حدیث ہے۔ امام مالک واحمد ونسائی نے بجن ابن اورع دیلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

اذا جئت المسجد و کنت قد صلیت فاقیمت الصلوۃ فصل مع الناس وان کنت قد صلیت ۔

جب تو مسجد میں آئے اور نماز پڑھ چکا تھا اور جماعت کھڑی ہوئی تو تو لوگوں کے ساتھ نماز پڑھ اگرچہ تو نماز پڑھ چکا تھا۔

یہاں یقیناً وصلیہ ہے، مرقاۃ میں ہے:

(فصل )ای نافلۃ لا قضاء ولا اعادۃ (مع الناس وان )وصلیۃ ای ولو( کنت قد صلیت)۔

(تو نماز پڑھ) یعنی نفل نماز نہ قضاء اور نہ اعادہ (لوگوں کے ساتھ) "ان" وصلیہ ہے۔ یعنی اگرچہ (تو نماز پڑھ چکا تھا)۔

(فتاوی رضویہ جدید ۷/۱۷۷)

(۱۰۹) وَمَآ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِکَ اِلَّا رِجَالاً نُوۡحِیۡۤ اِلَیۡہِمۡ مِّنۡ اَہۡلِ الۡقُرٰی ؕ اَفَلَمۡ یَسِیۡرُوۡا فِی الۡاَرۡضِ فَیَنۡظُرُوۡا کَیۡفَ کَانَ عَاقِبَۃُ الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِہِمۡ ط

وَلَدَارُ الْاٰخِرَۃِ خَیْرٌ لِّلَّذِیْنَ اتَّقَوْا ط اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ۔☆

اور ہم نے تم سے پہلے جتنے رسول بھیجے سب مرد ہی تھے۔ جنہیں ہم وحی کرتے اور سب شہر کے ساکن تھے۔ تو کیا یہ لوگ زمین پر چلے نہیں تو دیکھتے ان سے پہلوں کا کیا انجام ہوا۔ اور بیشک آخرت کا گھر پرہیزگاروں کے لئے بہتر تو کیا تمہیں عقل نہیں۔

## ﴿۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(قریٰ) یعنی شہروں سے، کیونکہ شہری لوگ صاحب علم وحلم ہوتے ہیں، جبکہ اہل بادیہ نہایت سخت اور صاحب جفا ہوتے ہیں۔ قریہ زبان عرب میں شہر کو کہتے ہیں، اور جب اسے مصر کے مقابل بولیں تو اس میں اور دہ میں کچھ فرق نہیں۔

ثم اقول وبہ التوفیق۔ حق ناصع یہ ہے کہ مصر وقریہ کوئی منقولات شرعیہ مثل صلوۃ وزکوۃ نہیں جس کو شرع مطہر نے معنی متعارف سے جدا فرما کر اپنی وضع خاص میں کسی نئے معنی کے لئے مقرر کیا ہو، ورنہ شارع صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس میں نقل ضرور تھی کہ وضع شارع بے بیان شارع معلوم نہیں ہو سکتی، اور شک نہیں کہ یہاں شارع صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اصلا کوئی نقل ثابت منقول نہیں، تو ضرور عرف شرع میں وہ انہیں معانی معروفہ متعارفہ پر باقی ہیں اور ان سے پھیر کر کسی دوسرے معنی کیلئے قرار دینا وہ قرار دہندہ کی اپنی اصطلاح خاص ہوگی جو مناط ومدار احکام ومقصود ومراد شارع نہیں ہو سکتی۔

محقق علی الاطلاق رحمہ اللہ تعالیٰ فتح القدیر میں فرماتے ہیں:

واعلم ان من الشارحین من یعبر عن ھذا بتفسیرہ شرعا ویجب ایراد عرف اھل الشرع وھو معنی الاصطلاح الذی عبرنا بہ لا ان الشارع صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلمنقلہ فانہ لم یثبت وانما تکلم بہ الشارع علی وفق اللغۃ۔

واضح رہے کہ بعض شارحین نے اس تفسیر کو شرعی کہا ہے اور اس سے اہل شرع کا عرف مراد لینا واجب ہے اور اس اصطلاح کا یہی معنی ہے، جس کے ساتھ ہم نے اسے تعبیر کیا اس کا یہ معنی نہیں کہ اسے شارع صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نقل کیا ہے۔ کیونکہ یہ تو ثابت نہیں کہ شارع نے اس میں لغت کے مطابق تکلم فرمایا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ معنی متعارف میں شہر ومصر ومدینہ اسی

Marfat.com

آبادی کو کہتے ہیں جس میں متعدد کوچے، محلے، متعدد دائمی بازار ہوں، وہ پرگنہ ہو، اس کے متعلق دیہات گنے جاتے ہوں، اور عادۃ اس میں کوئی حاکم مقرر ہوتا ہے کہ فیصلہ مقدمات کرے، اپنی شوکت کے سبب مظلوم کا انصاف ظالم سے لے سکے۔ اور جو بستیاں ایسی نہیں وہ قریہ ودہ وموضع وگاؤں کہلاتی ہیں۔ شرعا بھی یہی معنی متعارف ومراد ومدار احکام جمعہ وغیرہا ہیں۔ ولہذا ہمارے امام اعظم وہمام اقدم رضی اللہ تعالی عنہ نے شہر کی یہی تعریف ارشاد فرمائی۔

علامہ ابراہیم حلبی غنیۃ شرح منیہ میں فرماتے ہیں:

فی تحفة الفقهاء عن ابی حنیفة رضی الله تعالی عنه انه بلدة کبیرة فیها سکك واسواق ولها رساتیق وفیها وال یقدر علی انصاف المظلوم من الظالم بحشمه وعلمه او علم غیره یرجع الناس الیه فیما تقع من الحوادث وهذا هو الاصح۔

تحفہ میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ شہر وہ ہوگا جو بڑا ہو، اس میں سڑکیں، بازار، سرائے ہوں، وہاں کوئی ایسا والی ہو جو اپنے دبدبے، اور اپنے یا غیر کے علم کی وجہ سے ظالم سے مظلوم کو انصاف دلا سکے، حوادث میں لوگ اس کی طرف رجوع کریں اور یہی اصح ہے۔ (فتاوی رضویہ جدید ۸/۳۶۶)

Marfat.com

# سورة الرعد

## بسم الله الرحمن الرحيم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

(۱۱) لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ۔☆

آدمی کے لئے بدلی والے فرشتے ہیں اس کے آگے پیچھے کہ بحکم خدا اس کی حفاظت کرتے ہیں بیشک اللہ کسی قوم سے اپنی نعمت نہیں بدلتا جب تک وہ خود اپنی حالت نہ بدلیں او رجب اللہ کسی قوم سے برائی چاہے۔ تو وہ پھر نہیں سکتی اور اس کے سوا ان کا کوئی حمایتی نہیں۔

### ﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

بدلی والے یہ کہ صبح کے محافظ عصر کو بدل جاتے ہیں اور عصر کے صبح کو۔ وللہ الحمد۔

(الامن والعلی ۷۸)

Marfat.com

# سورۃ ابراھیم

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

﴿۴۸﴾ یَوۡمَ تُبَدَّلُ الۡاَرۡضُ غَیۡرَ الۡاَرۡضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوۡا لِلّٰهِ الۡوَاحِدِ الۡقَهَّارِ۔

جس دن بدل دی جائے گی زمین اس زمین کے سوا اور آسمان اور لوگ سب نکل کھڑے ہونگے ایک اللہ کے سامنے جو سب پر غالب ہے۔

### ﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

قیامت کے دن اس زمیں وآسمان کو دوسرے زمیں وآسمان سے بدلا جانا اس آیت سے ثابت ہوا۔ مگر آسمان کے لئے یہ نہیں معلوم کہ وہ آسمان کاہے کا ہوگا۔ ہاں زمیں کے بارے میں صحیح حدیث آئی ہے۔ جس میں ہے کہ آفتاب قیامت کے دن سوا میل پر آجائے گا، صحابی جو اس کے راوی ہیں فرماتے ہیں: مجھے نہیں معلوم کہ میل سے مراد میل مسافت ہے یا میل سرمہ (پھر فرمایا) اگر میل مسافت ہی مراد ہے تو بھی کتنا فاصلہ ہے، آفتاب چار ہزار برس کے فاصلہ پر ہے اور پھر اس طرف پیٹھ کئے ہے، اس روز کہ سوا میل ہوگا اور اس طرف منہ کئے ہوگا اس روز کی گرمی کا کیا پوچھنا، اسی حدیث میں ہے کہ زمیں لوہے کی کردی جائے گی۔

پھر فرمایا: جنت میں چاندی کی زمیں ہوجائے گی اور یہ زمیں وسعت کیا رکھتی ہے ان تمام انسانوں جانوروں کے لئے جو روز ازل سے روز آخر تک پیدا ہوئے ہونگے، حدیث میں ہے کہ رحمن بڑھائے گا زمیں کو جس طرح روٹی بڑھائی جاتی ہے، اس وقت کروی شکل پر ہے

Marfat.com

اس لئے اس کی گولائی ادھر کی اشیاء کو حائل ہے اور اس وقت ایسی ہموار کر دی جائے گی کہ اگر ایک دانہ خشخاش اس کنارہ پر پڑا ہو اس کنارہ زمیں سے دکھائی دیگا، حدیث میں ہے ''یبصر ہم الناظر ویسمع ہم الداعی'' دیکھنے والا ان سب کو دیکھے گا اور سنانے والا ان سب کو سنائے گا۔

(الملفوظ ۴/۷۵)

Marfat.com

# سورۃ الحجر

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

(۹) اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّکۡرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوۡنَ۔ ☆

بیشک ہم نے اتارا ہے یہ قرآن اور بیشک ہم خود اس کے نگہبان ہیں۔

## ﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(یہاں قرآن کی حفاظت کا بیان ہے اور اس کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ حروف کی ادائیگی اسی انداز میں ہو جس طرح نازل ہوا، یہاں امام احمد قدس سرہ نے اسی کو بیان فرمایا ہے)

الحمد لله الذی انزل علی نبیه ض و الصلوٰ ة و السلام علی افصح من نطق بض وعلی ا له و اصحابه الذین اقتدوه لسفر الآ خرةز اد صلی الله تعالی علیه و سلم وبارك و سلم علیه وعلیهم وزادحق جل وعلاو تبارك قرآن عظیم بلسان عر بی مبین "۔

نبی عربی قرشی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرستادہ وبرائے تلاوت واستماع واستفاضہ وانتفاع عباد آں صفت کریمہ قدیمہ خودرا بسکوت حروف واصوات تجلی داد سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کما انزل الیہ بصحابہ کرام رسانید وصحابہ بتابعین وتابعین بہ تبع وہمچناں قرنا فقرنا وطبقۃ فطبقۃ ہر ہر حرف وحرکت وصفت وہیات براقصی غایات تواتر کہ مافوق آں متصور نیست بمارسید والحمد للہ الحمید المجید وذلك قوله تعالی "انا نحن نزلنا الذکر وانا له لحافظون ۔ بس بحمد اللہ چنانکہ در ہیچ کلمہ از کلمات کریمہ اش اصلا محل توہمے نیست کہ شاید بجائے الحمد الشکر نازل شدہ باشد ہمچناں بمنت مولی عزوجل در ہیچ حرفے از حروف طیبہ اش

Marfat.com

زنہار جائے تردد نیست کہ شاید بمحل لام تعریف میم تعریف بودہ باشد پس ہمچنیں کہ بیقین قاطع میدانیم کہ 'ا' 'ع' 'ف' در زبان عربی جداگانہ است و در قرآن عظیم الا وعلا وفلا بر معانی مختلف بر ہماں وجہ بتیقن جازم می شناسم کہ 'ض' 'ظ' 'ذ' نیز در لسان عرب سہ حرف متباین است و در فرقان کریم ضل وظل ودل بمدلولات متخالفہ پس ضاد را ظ خواندن بعینہ بہماں ماند کہ کسے 'ا' را 'ع' یا ف خواند واد عائے تو ارث کہ بجائے ضاد، دال ست سخت غلط ست۔

تمام حمد اللہ تعالی کے لئے جس نے اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ''ض'' قرآن عظیم روشن عربی زبان میں نازل کیا، اور صلوۃ وسلام اس ذات پر جس نے ''ض'' کو فصیح زبان سے ادا کیا، قرآن کی تلاوت اعلی زبان سے فرمائی اور آپ کی آل واصحاب پر جنھوں نے سفر آخرت کے لئے ان کی اقتداء کی، اللہ جل جلالہ اور اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلمکی طرف لے جانے والی راہ قرآن مجید روشن عربی زبان میں ہے۔ جس کو اللہ عزوجل نے اپنے عربی قریشی نبی پر نازل فرمایا، اس کی تلاوت وسماعت اور اس سے استفاضہ ونفع کے لئے اللہ تعالی نے اپنی صفت قدیمہ کریمہ کو حروف وتجلی اصوات کا لباس پہنا کر اپنے بندوں کو عنایت فرمایا، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ تک قرآن پاک کو اسی طرح پہنچادیا جس طرح وہ نازل ہوا تھا ،صحابہ نے تابعین تک، تابعین نے تبع تابعین تک، اور اسی طرح ہر دور اور ہر طبقہ میں اس کا ہر حرف ہر حرکت ہر صفت اور ہیئت تواتر کے اعلی درجہ کے ساتھ ہم تک منقول ہے کہ اس سے بڑھ کر تواتر کا تصور بھی نہیں ہوسکتا، حمد ہے اللہ کے لئے جو بلند بزرگی والا ہے، اسی سے متعلق اللہ تعالی کا ارشاد گرامی ہے: بلاشبہ ہم نے اس کو نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں۔ الحمد للہ قرآن مجید کے کلمات میں سے کسی ایک کلمہ کے بارے میں بھی ہرگز کسی قسم کا وہم نہیں کیا جاسکتا کہ شاید الحمد کی جگہ الشکر نازل ہوا تھا۔ اسی طرح اللہ تعالی کا شکر ہے کہ اس کے کسی حرف میں کسی کے بارے میں کوئی شک وتردد نہیں کہ شاید الف لام کی جگہ تعریف کے لئے میم نازل ہوا تھا، جس طرح ہمیں قطعی یقین ہے کہ، ا، ع، اور ف عربی زبان میں جدا جدا حروف ہیں اور قرآن میں الا، علا، اور فلا کے الگ الگ مختلف معانی ہیں اسی طرح ہم اس پر بھی حتمی یقین رکھتے ہیں کہ ض، ظ، اور ذ، زبان عرب میں آپس میں متبائن حروف ہیں، پس ضل، ظل، اور دل کے معانی مختلف متبائن ہیں، پس 'ض' کو بعینہ 'ظ' یا 'ذ' پڑھنا اسی طرح ہے جیسے کوئی الف کو

Marfat.com

'عین' یا 'فا' پڑھا کرے۔ باقی اس توارث کا دعوی کہ 'ض' کی جگہ دال ہے سخت غلط ہے۔ کیونکہ اس توارث سے مراد قابل اعتماد قراء کا مقصود ہو تو یہ از خود باطل ومردود ہے، وہ لوگ ایسی بات کیسے کہہ سکتے ہیں۔ اور اگر مراد عوام ہند کا توارث ہے تو اس سے مقصد کیسے حاصل ہو سکتا ہے ۔عوام کا حال تو یہ ہے کہ صدہا سال سے سورہ فاتحہ میں سات سکتے رائج ہیں اور جاہل ان کی توجیہ میں سات شیاطین کا نام لیتے ہیں۔ دلل۔ حرب۔ کیو۔ کنع ۔کنس ۔بعلی۔ اور بعض ان دو ناموں مما اور مصر کا اضافہ کرتے ہیں، ان کے زعم پر انہیں یونہی مناسب نظر آیا۔ اپنے غلط زعم کے مطابق ان سات سکتات کا تحفظ تجوید کے اجماعی واجبات سے بڑھ کر کرتے ہیں اور جو ان کی پابندی نہیں کرتا یہ بے وقوف اسے تجوید قرآن سے جاہل اور غافل قرار دیتے ہیں۔ آپ غور سے دیکھیں کہ کیسے عوام کے یہاں معروف منکر اور منکر معروف بن چکا ہے۔ ان خرافات کی کوئی حقیقت اس سے زیادہ نہیں کہ یہ ان کے خود ساختہ نام اور تصورات ہیں اور ان کے باطل ہونے کی تصریح سکتوں کی سخت تقبیح کی ہے اور ان کے باطل ہونے کی تصریح کی ہے۔

علامہ ابراہیم غنیۃ المستملی میں فرماتے ہیں:

فتاوی الحجہ میں ہے کہ جب نمازی فاتحہ میں 'ایاك نعبد وایاك نستعین " پر پہونچے تو وہ یہ نہ کرے کہ " ایاك " پر رک جائے پھر' نعبد " کہے بلکہ اولی اور اصح یہی ہے کہ 'ایاك نعبد وایاك نستعین " کو متصل کر کے پڑھے انتہی۔

اگر بعض جاہل لوگ بغیر کسی دلیل کے سکتہ کرتے ہیں تو ان کا ہرگز اعتبار نہیں کیا جائے گا۔

علامہ علی قاری علیہ رحمۃ الباری 'منح الفکریہ' میں فتاوی الحجہ کی عبارت ذکر کرنے کے بعد کہتے ہیں:

میں کہتا ہوں: بعض جاہل لوگوں کی زبانوں پر یہ جو مشہور ہے کہ قرآن کی سورہ فاتحہ میں اس ترکیب سے شیطان کے نام ہیں، یہ بات صراحۃ غلط اور اس کا قبیح پر اطلاق ہوتا ہے، اور پھر ان کے سکتوں سے مراد الحمد کی دال اور ایاك کا کاف ہے اور ان کی مثل دوسرے مقامات ہیں جو نہایت ہی غلط اور باطل خیال ہیں۔

علامہ محمد ابن عمر ابن خالد قرشی حنفی نے اس باطل خیال کے رد میں ایک مستقل رسالۃ

Marfat.com

لکھا جس کا ذکر صاحب کشف الظنون نے رسائل میں کیا ہے۔ فقیر نے اپنے ابتدائی دور میں علمائے کرام کے مذکورہ ارشادات پر اطلاع نہ ہونے کے باوجود ان سکتوں کا رد کیا، اور ان خرافات کے منشا سے بھی آگاہی حاصل ہے، اگر غرابت سخن مانع نہ ہوتی تو میں اسے احاطہ تحریر میں ضرور لاتا، علماء نے ضاد کی ادائیگی میں لوگوں کی مختلف زبانوں کا جو تذکرہ کیا ہے اس سے مراد یہ ہرگز نہیں ہے کہ قراء عرب کی ادائیگی کا یہ طریقہ ہے بلکہ اس سے مقصود صرف اسی حرف کی ادائیگی کے بارے میں عوام کی خطا اور غلطی کی نشان دہی کرنا ہے اور اس کے بطلان پر تنبیہ اور اس سے پرہیز پر متوجہ کرنا ہے۔

عبارت ملا علی قاری شرح مقدمہ جزریہ میں ماتن کے اس قول ''ضاد میں استطالہ ہے اور اس کا مخرج ظا سے الگ ہے اور ظا ان تمام میں ہے۔ ظعن ۔ ظل ۔ ظہر ۔ عظم ۔ الحفظ ۔ ایقظ ۔ انظر، کے تحت یوں ہے کہ ضاد استطالۃ میں منفرد ہے حتی کہ وہ لام کے مخرج کے ساتھ متصل ہے۔ کیونکہ اس میں قوت جہر، اطباق، اور استعلاء پایا جاتا ہے اور حروف میں کوئی حرف ایسا نہیں جس کی ادائیگی ضاد کی طرح مشکل ہو، اس کی ادائیگی میں تو لوگوں کی زبان مختلف ہے، بعض اسے ظا اور بعض دال یا ذال کے مخرج سے اور بعض طا کے مخرج سے پڑھتے ہیں جیسے مصری لوگ ۔ اور بعض اسے ذال کی بو دیتے ہیں، بعض ظا سے ملا کر پڑھتے ہیں۔ لیکن چوں کہ اس کا امتیاز دیگر حروف کی بہ نسبت ظا سے مشکل ہے اسی لئے ناظم (ماتن) نے صراحۃ اس سے ممتاز کرنے کی بات کی، پھر وہ مقامات بیان کئے جہاں قرآن مجید میں ظاء لفظا استعمال ہوا ہے۔

یہ شدت حروف کے امتیاز کے تحفظ پر علماء کے کاربند ہونے کے لئے ہے اور وہ جو امام ناظم رحمہ اللہ تعالیٰ نے کلمات قرآنی ذکر کر دیے ہیں جن میں ظا ہے تا کہ ہر کوئی جان لے کے قرآن کریم میں ظا کے ساتھ یہی کلمات ہیں اور ان کے علاوہ میں ضاد ہے اسی طرح فاضل ادیب حریری نے مقامہ حلبیہ میں ظا کے الفاظ عربی ذکر کر کے کہا: اے ضاد اور ظا کے بارے میں پوچھنے والے تا کہ الفاظ میں خلط ملط نہ ہو۔ اگر تو ظا کے تمام مقامات محفوظ کرے تو بے نیاز ہو جائےگا۔ پس اب تو غور سے سن جس طرح ایک بیدار آدمی سنتا ہے۔ اگر وہ ان حروف کے مخارج میں تغیر وتبدل کیا ہے اور اس میں حرج عظیم ہے اور ظاہر یہ ہے کے تمام فتاویٰ کا اجمال یہی ہے، پھر فرمایا کہ ''خزانہ'' میں بھی ہے کہ اگر ''ولا الضالین'' میں ظاء پڑھی تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ اکثر ائمہ

Marfat.com

اس پر ہیں، ان میں سے ابو مطیع، محمد بن مقاتل، محمد بن سلام، عبد اللہ بن الازہری بھی ہیں، اسی پر قیاس کرتے ہوئے کہا کہ تمام ضاد میں قرآن کی جگہ اگر ظاء پڑھی تو نماز فاسد ہو جائے گی، البتہ اللہ تعالیٰ کا قول "وما ھو علی الغیب بضنین" اس میں ظاء اور ضاد دونوں کے ساتھ قرأ تین آئی ہیں، آپ نے دیکھا کہ کس قدر واضح تصریحات ہیں کہ یہ تبدیلی کرد، ترک اور کوفہ کے بادیہ نشیں وغیرہ عام اور عجمی لوگوں کی زبانیں گڈ مڈ ہونے کی وجہ سے ہے۔ اکثر علمائے متاخرین جو مشقت کے مقام پر آسانی کی طرف گئے ہیں انہوں نے بھی اس رخصت کو عوام کے حق میں جائز رکھا ہے، پھر جمہور ائمہ کا حکم دیکھو انہوں نے اس تبدیلی پر فساد معنی کے وقت فساد نماز کا حکم دیا ہے اور یہی مذہب ائمہ ثلاثہ سیدنا امام اعظم، امام ابو یوسف اور امام محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کا ہے، اس اختلاف کے ساتھ کہ اس کی مثال قرآن مجید میں ہے یا نہیں اس کی پوری اور عمدہ تفصیل غنیۃ میں ہے پس اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔

خزانۃ المفتین اور دیگر کتب معتمدہ مذہب میں ایسی تبدیلی کے متعدد جزئیات کا ذکر کر کے نماز کے فساد کا حکم بیان کیا گیا، جو شخص تفصیل چاہتا ہے انکی طرف رجوع کرے، کیونکہ ان تمام کے نقل کرنے میں طوالت کا خدشہ ہے۔

خود علامہ علی قاری شرح جزریہ میں فرماتے ہیں: اور اگر یہ دونوں یعنی ضاد اور ظا تو ہر ایک کا امتیاز ضروری ہے، ان کے بعد مخرج کی وجہ سے ادغام جائز نہیں، یمنی نے کہا: کہ اگر کسی نے مدغم کر کے پڑھا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ ابن مصنف اور ان کی اتباع میں رومی نے کہا: :ان دونوں کے عدم امتیاز سے احتراز چاہئے، کیونکہ اگر ضاد کو ظاء سے بدلا یا اس کا عکس کہا تو فساد معنی کی وجہ سے نماز باطل ہو جائے گی۔ اور مصری نے کہا: اگر کسی نے فاتحہ میں ضاد کو ظا سے بدلکر پڑھا تو اس کلمہ کی قرأت درست نہ ہوگی۔ پھر ابن الہمام اور منیہ کی مذکورہ گفتگو کے بعد کہا: شارح نے کہا: فتاوی حجہ میں جو کچھ مذکور ہے اس کا خلاصہ یہی ہے کہ علماء وفقہاء کے حق میں نماز کے لوٹانے کا فتویٰ دیا جائے گا اور عوام کے حق میں جواز کا، میں کہتا ہوں: اس معاملہ میں یہی تفصیل احسن ہے، واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

اور فتاوی قاضی خاں میں ہے: اگر کسی نے "غیر المغضوب" میں ظاء یا دال سے بدل کر پڑھا تو نماز فاسد ہوگی اور "و لا الضالین" میں ظاء یا دال سے بدل کر پڑھا تو نماز فاسد

Marfat.com

نہ ہوگی اور اگر ذال سے بدل کر پڑھا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

امام شیخ الاسلام زکریا انصاری کی شرح میں ہے: اور اگر یہ دونوں یعنی ضاد اور ظاء متصل ہوں تو قاری کے لئے دونوں کو الگ الگ کر کے پڑھنا ضروری ہے تاکہ ایک دوسرے کے ساتھ مختلط نہ ہو جائے ورنہ اس کی نماز باطل ہو جائے گی۔

سبحان اللہ! اگر اس کی ادائیگی کا یہ طریقہ قراء عرب کا ہوتا تو فساد کے حکم کی یہاں کیا گنجائش تھی، بلکہ ادغام یقیناً جائز اور نماز مطلقاً بالاتفاق درست ہوتی جیسا کہ ''وما ھو علی الغیب بضنین'' میں ہے، یہی حکم اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی میں ہے'' انکم وما تعبدون من دون اللہ حصب جہنم'' یہاں حصب، حضب، حطب، خطب۔ صاد، ضاد، طاء اور ظاء'' کے ساتھ جس طرح بھی پڑھا لیا جائے نماز درست ہوگی، کیونکہ اس کلمہ کی ان چاروں حرف کے ساتھ قرأت ثابت ہے جیسا کہ منح الفکریہ وغیرہ میں ہے۔

اقول:۔ اللہ تعالیٰ کی توفیق وعنایت سے جو ہم نے تحقیق کی ہے اس سے ایک نحوی ابن الاعرابی کوفی کے اس قول کی کمزوری بھی واضح ہو جاتی ہے جو اس نے کہا تھا کہ ضاد اور ظاء کو ایک دوسرے کی جگہ کلام عرب میں پڑھا جا سکتا ہے تو جو ایک کی جگہ دوسرے کو پڑھ دے اسے خطا وار نہیں کہا جائے گا اور اس نے یہ شعر پڑھا: ع

الی اللہ اشکو من خلیل اودہ　　ثلث خلال کلھا لی غائض

بالضاد

اللہ کے ہاں یہی میری شکایت ہے اپنے محبوب دوست کی تین عادتوں کی، جو سب مجھے ناپسند ہیں۔ (اس شعر میں غائض ضاد کے ساتھ ہے)

اور یونہی میں نے فصحاء عرب سے سنا ہے، اسے ابن خلکان نے دفیات الاعیان میں نقل کیا ہے اور یہ اس لئے ہے کہ اگر ان کا قول درست ہوتا تو یہ تمام ائمہ فقہ جو علوم دینیہ اور فنون عربیہ کے ماہر ہیں'' غیر المغضوب '' اور اس جیسے دیگر الفاظ جن میں فساد معنی لازم آتا ہے سے نماز کے فاسد ہونے کا حکم جاری نہ کرتے۔ اور ضنین اور ظنین اور مذکورہ لفظ کے درمیان فرق نہ کرتے، یہ اس میں سے کہاں ہے جو حلیہ سے خزانہ سے ائمہ کے حوالے سے گزرا کہ ضنین کے علاوہ تمام قرآن میں (جب فساد معنی ہو) تو نماز فاسد ہو جائے گی، اور جن لوگوں نے اسے

Marfat.com

جائز قرار دیا تھا انہوں نے عوام پر آسانی کی خاطر ایسا کیا ہے، یہ نہیں کہ ایسا کرنا فی الواقع فصیح کلام میں صحیح ہے۔ رہا معاملہ شعر کا وہ اس سلسلہ میں ان کی حجت نہیں بن سکتا، تو بھی یہ غاضہ سے آتا ہے اس وقت اس کا معنی نقص ہوتا ہے، چنانچہ اسود بن یعفر نے کہا: کیا تو دیکھتی نہیں کہ میں فنا ہو چکا ہوں اور میری آنکھوں اور اعضاء کے عوارضات نے مجھے ناقص کر دیا ہے۔

تاج العروس میں ہے: اس کا معنیٰ یہ ہے کہ اس نے مجھے کمال تک پہونچنے کے بعد ناقص کر دیا، اور اس پر ابن اعرابی نے خود یہ شعر کہا:

ولو قد عض معطسه جویری　　لقد لانت عریکته و غاضا

اگر جریری نے اس کی ناک کو کاٹا ہے تو ضروری اس کی ناک کی ہڈی نرم اور ناقص ہوگی۔ اور اس کی شرح کرتے ہوئے کہا اس نے اس کی ناک کو داغدار کر دیا حتیٰ کہ وہ ذلیل ہو گیا،

اور ابن سیدہ نے اس (پہلے) شعر کے متعلق کہا کہ اس میں "غائض" غاظ، ظ سے نہیں بدلا بلکہ وہ غاض سے ہے، جس کا معنیٰ نقص ہے، لہٰذا اب معنیٰ یوں ہوگا

اس نے مجھے ناقص کر دیا۔ اسکو تاج العروس نے بھی نقل کیا ہے، اور اسی بنا پر ہمارے علماء نے فرمایا: کہ اگر کسی نے "لیغیظ بهم الکفار" (الفتح۔ ۲۹) میں ظا کی جگہ ضاد پڑھا تو نماز فاسد نہ ہوگی۔ جیسا کہ خانیہ میں ہے، غنیۃ میں ہے کہ اس کا معنیٰ مناسب ہی رہتا ہے یعنی ان سے کافروں میں نقص واضطراب ہوا ھ۔ اور اسی طرح اللہ تعالیٰ کے ارشاد گرامی "قل موتو بغیظکم" میں کہا،

بالجملہ دین وفقہ کا مسئلہ نحوی کے ایسے قول سے نہیں لیا جا سکتا جو ائمہ کی تصریحات کے خلاف ہو، بلکہ ہر شخص جسے اللہ تعالیٰ نے نور بصیرت سے نوازا ہے وہ ائمہ کے اقوال کو فنون عربیہ میں بھی نحاۃ کے اقوال پر مقدم رکھے گا، کیونکہ اجتہاد وہ کر سکتا ہے جس میں اس کی کامل صلاحیت ہو اور اس کا دل نور الٰہی سے پر نور ہو، اسے اچھی طرح محفوظ رکھو کیونکہ یہ نہایت ہی اہم اور قیمتی تحقیق ہے۔ البتہ ہمیں اس بات سے ہرگز انکار نہیں کہ کلام عرب میں ضاد اور ظا ایک دوسرے کی جگہ آ ہی نہیں سکتے، بہت سے کلمات ان دونوں حروف کے ساتھ وارد ہیں۔ مثلاً "عض الحرب والزمان وعظ زمان" (دونوں کا معنیٰ یہ ہے کہ جنگ نے کاٹا اور تکلیف پہنچائی) تماضو اور تماظوا آپس میں جنگ وغیرہ کرنا اور ایک دوسرے پر زبان کھولنا۔ فاض فلان اور فاظ

Marfat.com

فلاں فوت ہوا۔ بظ الضارب او تارہ اور بض صاحب موسیقی کا تار کو بجانے کے لئے حرکت دینا۔ تقریظ اور تقریض تعریف کرنا۔ بیض اور بیظ مور کا انڈا۔ بظر و بضر عورت اور شرمگاہ۔ الی غیر ذلک، یہ وہ ہیں جنہیں ابن مالک نے "کتاب الاعتضاد فی معرفۃ الظا والضاد" میں شمار کیا ہے لیکن یہ اس بات کو مستلزم نہیں کہ ابدال ہر جگہ جائز ہوگا، مثلا لام اور را کئی مقام پر ایک دوسرے کی جگہ آتے ہیں۔

مجمع بحار الانوار میں ہے کہ اس حدیث میں ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خواتین کے خوشبو لگانے اور مردوں کے ساتھ مشابہت کرنے کو ناپسند فرماتے۔ یہاں عطر سے وہ خوشبو مراد ہے جو اس طرح مہک دار ہو جو مرد لگاتے ہیں۔ بعض نے کہا کہ یہاں را کی جگہ لام یعنی تعطل النساء لام کے ساتھ، یعنی عورت کا بغیر زیور اور مہندی کے ہونا مراد ہے کہ لام اور را ایک دوسرے کی جگہ مستعمل ہوتے ہیں (یہ اگر چہ جائز ہے) مگر یہ بعض مقام پر جائز نہیں ہوتا کہ جہاں چاہیں ایک کو دوسرے کی جگہ پڑھ لیں۔ علماء نے تصریح کی ہے کہ "یوم تبلی السرائر" کی جگہ "سرائل" یا "یوم ترجف الارض والجبال" میں "جبال" کی جگہ "جبار" پڑھنے سے نماز فاسد ہو جائیگی، جیسا کہ خانیہ اور منیہ وغیرہا میں ہے۔ پھر یہ تمام گفتگو جو میں نے کی ہے یہ صرف ظاء معجمہ کے لئے خاص ہے۔ ہوسکتا ہے کوئی جاہل، لونڈی یا دیہاتی از عرب ضاد کی جگہ دال، طا، ذال یا زا اپنی زبان پر جاری کردے کیونکہ ہماری گفتگو عرب خالص میں ہے نہ کہ اس قوم میں جو عجم کے ساتھ ملی ہو، اور اس کی زبان خلط ملط ہوگئی ہو۔ مثلا رجعت قہقری کی جگہ رجعت گہگری اور ثلثہ عشر کی جگہ "تلت عشر"، خذ کذا کو خد کدا، خد کدا کاف کے کسر اور دال کے ساتھ پڑھتے ہیں، ان کے علاوہ دیگر بے مقصد و لا یعنی تغیرات یا بعض ایسے بدوی اور یمنی لوگوں سے ملا ہوں جو ہکذا کو ہچامی پڑھتے تھے مونث کو خطاب کرتے ہیں، منک کی جگہ منچ پڑھتے ہیں۔ بعض دیگر ایسے لوگ بھی میں نے دیکھے کہ جیم کو گاف کے ساتھ مثلا مسجد کو مسگد، جمال کو گمال بولتے ہیں۔

رضی نے کہا وہ باء جو فاء کی طرح ہے، سیرفی کہتا ہے: یہ لغت عجم میں کثرت کے ساتھ مستعمل ہے اور میرا گمان ہے کہ عرب نے عجم سے اختلاط کی وجہ سے یہ اخذ کیا ہے پ، ھر ضاد کی جگہ خالصا یا اشماما زا پڑھنے کے بارے میں جاہل لوگوں نے علماء کے کلام سے جو کچھ نقل کیا

Marfat.com

ہے وہ بھی محفوظ نہیں، البتہ جن بعض عوام زماں سے مشابہ صوت سنا گیا ہے کہ وہ ض کی جگہ ظا پڑھنا چاہتے ہیں اور بعض دوسرے لوگ ادائیگی کی طاقت نہ رکھتے ہوئے بھی کوشاں رہتے ہیں ضاد اور ظا کے درمیان پڑھتے ہیں یہ لوگ بہتر اوسط راہ پر ہیں، ہم اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ ہمیں ہر معاملہ میں تحقیق حق پر چلنا نصیب کرے۔ (آمین)

بالجملہ حق واضح یہی ہے کہ تمام حروف آپس میں متبائن اور ان کے مخارج الگ الگ ہیں۔ لہذا ضاد کا کسی بھی حرف کے ساتھ بدل کر پڑھنا مردود اور ناجائز ہے۔ اس حرف (ضاد) کو اللہ تعالیٰ نے اتنا بلند پیدا کیا ہے کہ کوئی حرف بھی اس کا قریبی نہیں گردانا جا سکتا، اسی لئے سیبویہ نے کہا اور خوب کہا اگر صاد میں اطباق نہ ہوتو وہ سین بن جائے، اگر ظاء میں نہ ہوتو وہ ذال بن جائے اگر طاء میں نہ ہوتو وہ دال بن جائے اور ضاد کلام سے ہی خارج ہو جائے، کیونکہ اس کے متبادل کوئی حرف ہی نہیں اھ۔ اسے رضی نے نقل کیا

اور جو قاری پانی پتی منقول ہے اس کے بارے میں میں کہتا ہوں: تحقیقی بات یہ ہے کہ حروف کی صفات میں بعض ایسی صفات لازمہ ہیں جن کے فقدان سے حروف کی ذات کا فقدان لازم آتا ہے، مثلاً طاء میں اطباق اور تاء میں انفتاح اور اس کی رعایت نہایت ہی ضروری ہے، اور بعض حرف ایسے نہیں یعنی اگر انہیں ان صفات سے ادا نہ کیا جائے تو ان کی ذات ختم نہیں۔ مثلاً ہمزہ میں تہوع اور شین میں تفشی ۔ یہ وہی ہے جو منح میں ہے کہ اس کے خروج کے وقت آواز کا منح کا اس طرح انتشار یہاں تک ہو کہ حروف کے ساتھ طرف لسان متصل ہو جائے، ایسے حرف میں سے ظاء کا مخرج بھی ہے حالانکہ اس کا اصل مخرج اس کے محاذات وسط سے اور حافئہ زبان ہے پس صفات حروف کی رعایت ہر جگہ لازم نہیں بلکہ بعض حروف کی صفات ایسی ہیں جن کا ترک ضروری ہے اور وہ رائے مخففہ میں مطلقا اور راء مثقلہ میں ایک بار سے زائد تکرار ہے یعنی راء میں اس صفت کی موجودگی کا معنی یہ ہے کہ راء قابل تکرار ہے، یہ نہیں کہ اس میں تکرار ضروری ہے۔ یہ معنی اللہ تعالیٰ کی توفیق سے میرے ذہن میں آیا اور اس کی تصریح مولانا علی قاری کے اس کلام میں ظاہر ہوئی جو انہوں نے ماتن کے قول 'والراء بتکریر جعل" کے تحت کی ہے، قراء کے قول "راء میں تکرار ہے" کا معنی یہ ہے کہ راء تکرار کو قبول کرتا ہے کیونکہ اس کے تلفظ کے وقت طرف زبان حرکت کرتی ہے۔ جیسا کہ غیر ضاحک کو انسان

Marfat.com

ضاحک کہا جائے کہ وہ ضحک کے قابل ہے۔ اس معنی میں اسی طرف اشارہ ہے اور اس کی تکرار غلط ہے پس اس کے ساتھ تلفظ کے لئے اس نے بچنے کی معرفت ضروری ہے تا کہ غلطی سے بچا جاسکے۔ جیسا کہ جادو کا علم اس لئے حاصل کیا جائے تاکہ اس کے نقصان سے بچائے جائے اور اس سے دافع کی معرفت ہو جائے اور اس کو اٹھایا جاسکے۔

جعبری نے کہا: سلامتی کا طریقہ یہ ہے کہ تلفظ کرنے والا اپنی زبان کے اوپر والے حصے کو تالو کے بلند حصے کے ساتھ ایک دفعہ مضبوط طریقہ سے ملائے اب جب وہ حرکت کرے گی تو ہر دفعہ مضبوط طریقہ سے ملائے، اب جب وہ حرکت کرے گی تو ہر دفعہ راپیدا ہوگا۔

مکی نے کہا ہے: قرات میں اخفاء تکریر ضروری ہے اور فرمایا: قاری پر لازم ہے کہ اس کے تکرار میں اخفاء کرے اور جب اظہار کرے تو حروف مشددہ میں کئی حروف سے کرے اور مخففہ میں دو حروف سے کرے اھ۔ یہ عبارت کچھ اختصار کے ساتھ ہے اور ہر حرف کو اس کے مخرج سے اس طرح ادا کرنے کا وجوب اس معنی پر ہے کہ تمام حروف کا متساوی الاقدام ہونا مسلم ہے۔ اس میں ضاد ہی کی کوئی خصوصیت نہیں بلکہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ جب اس کی صحیح ادائیگی دیگر حرف کی نسبت زیادہ مشکل ہے تو اس مشقت کے پیش نظر دیگر حروف کے اعتبار سے اس کے حکم وجوبی میں تخفیف ہوگی، کیونکہ مشقت آسانی لاتی ہے۔ ہر مشکل معاملہ میں گنجائش ہے۔ اللہ تعالی کسی نفس کو اس کی طاقت سے بڑھ کر حکم تکلیف نہیں دیتا۔ اللہ تعالی تم پر آسانی کا ارادہ رکھتا ہے اور تنگی کا ارادہ نہیں فرماتا۔ اور تمام خوبی اللہ تعالی کے لئے جو تمام جہانوں کا رب ہے ہا ں ضاد میں تنگی کی وجہ سے اس کی ادائیگی کے لئے خوب اہتمام اور تحفظ ہونا چاہئے اور ادائیگی میں ہوش سے کام لیا جائے۔

(فتاوی رضویہ جدید ۲۸۶/۶ تا ۳۰۱)

روافض قرآن عظیم کو ناقص بتاتے ہیں، کوئی کہتا ہے: اس میں کچھ سورتیں امیر المومنین عثمان غنی ذوالنورین یا دیگر صحابہ یا اہل سنت رضی اللہ تعالی عنہم نے گھٹادیں، کوئی کہتا ہے کچھ لفظ بدل دیئے، کوئی کہتا ہے یہ نقص وتبدیل اگر چہ یقینا ثابت نہیں محتمل جانے بالاجماع کافر مرتد ہے

(فتاوی رضویہ جدید ۲۵۹/۱۴)

بیضاوی شریف مطبع لکھنو صفحہ ۴۲۸ میں ہے:

لحفظون ای من التحریف والزیادۃ والنقص۔

Marfat.com

تبدیل وتحریف اور کمی وبیشی سے حفاظت کرنے والے ہیں۔

جلالین شریف میں ہے:

لحافظون من التبديل والتحريف والزيادة والنقص۔

یعنی حق تعالی فرماتا ہے: ہم خود اس کے نگہبان ہیں اس سے کہ کوئی اسے بدل دے یا الٹ پلٹ کردے یا کچھ بڑھادے یا گھٹادے۔

جمل مطبع مصر جلد۲ص ۵۶۱ میں ہے:

بخلاف سائر الكتب المنزل فقدد خل فيها التحريف والتبديل بخلاف القرآن فانه محفوظ عن ذلك لا يقدرا حدمن جميع الخلق الانس والجن ان يزيد فيه او ينقص منه حرفا واحدا او كلمة واحدة"

یعنی بخلاف اور کتب آسمانی کے کہ ان میں تحریف وتبدیل نے دخل پایا، اور قرآن اس سے محفوظ ہے۔ تمام مخلوق جن وانس کسی کی جان نہیں کہ اس میں ایک لفظ یا ایک حرف بڑھادیں یا کم کردیں۔

اللہ تعالی سورۃ حم السجدہ میں فرماتا ہے:

وانه لكتب عزيز، لا يا تيه الباطل من بين يديه ولا من خلفه تنزيل من حكيم حميد "(فصلت - ٤١ - ٤٢)

بیشک یہ قرآن شریف معزز کتاب ہے، باطل کو اس کی طرف اصلا راہ نہیں، نہ سامنے سے نہ پیچھے سے، یہ اتارا ہوا ہے حکمت والے سراہے ہوئے کا۔

تفسیر معلم التنزیل شریف مطبوعہ بمبئی جلد ۴ص ۳۵ میں ہے:

قال قتاده والسدى الباطل هو الشيطان لا يستطيع ان يغير او يزيد فيه او ينقص منه قال الزجاج معناه انه محفوظ من ان ينقص منه فيأ تيه الباطل من بين يديه او يزيد فيه فيا تيه الباطل من خلفه وعلى هذا المعنى الباطل الزيا ده والنقصان "

یعنی قتادہ وسدی مفسرین نے کہا: باطل کہ شیطان ہے قرآن میں کچھ گھٹا، بڑھا، بدل نہیں سکتا۔ زجاج نے کہا: باطل کہ زیادت ونقصان ہیں قرآن ان سے محفوظ ہے، کچھ کم ہوجا

Marfat.com

ئے تو باطل سامنے سے آئے، بڑھ جائے تو پس پشت سے اور یہ کتاب ہر طرح باطل سے محفوظ ہے۔

فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت مطبع لکھنؤ ص ۴۱۷ میں ہے:

اعلم انی رأیت فی مجمع البیان تفسیر الشیعة انه ذهب بعض اصحابهم الی ان القرآن العیاذ بالله کان زائدا علی هذا المکتوب المقروء قد ذهب بتقصیر من الصحابة الجامعین العیاذ بالله، لم یختر صاحب ذلک التفسیر هذا القول فمن قال بهذا القول فهو کافر لانکاره الضروری ۔

یعنی میں نے طبرسی رافضی کی مجمع البیان میں دیکھا کہ بعض رافضیوں کے مذہب میں قرآن عظیم معاذ اللہ اس قدر موجود سے زائد تھا، جن صحابہ نے قرآن جمع کیا عیاذ اباللہ ان کے قصور سے جاتا رہا، اس مفسر نے یہ قول اختیار نہ کیا جو اس کا قائل ہو کافر ہے کہ ضروریات دین کا منکر ہے۔ (فتاوی رضویہ جدید ۱۴/۲۵۹ تا ۲۶۲)

﴿۲۱﴾ وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ ز وَمَا نُنَزِّلُهٗۤ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ۔☆

اور کوئی چیز نہیں جس کے ہمارے پاس خزانے نہ ہوں۔ اور ہم اسے نہیں اتارتے مگر ایک معلوم انداز سے۔

## ﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

وہ عالم مثال ہے۔ جس میں ہر شی کی لاکھوں تصویریں اور تمثیلیں موجود ہیں۔

(فتاوی رضویہ قدیم ۲۱/۱۱)

﴿۳۰﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ۔☆

تو جتنے فرشتے تھے سب کے سب سجدے میں گرے۔

## ﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

قرآن عظیم کا یہ ارشاد ہے۔ الف لام استغراق کا، پھر کلهم سے تاکید پھر اجمعون سے تاکید بر تاکید تو استثناء چہل ہزار کیونکر متصور۔ اور قصد اسجدہ نہ کرنا تو ملائکہ معصومین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم سے معقول ہی نہیں۔

Marfat.com

ہاں شیخ اکبر رضی اللہ تعالی عنہ نے بتاویل قول تعالی: استکبرت ام کنت من العلین ' ایک صنف ملائکہ کو اس درجہ مستغرق مشاہدہ شیون جلال و جمال مانا کہ انہیں عالم و آدمی کسی کی خبر ہی نہیں۔ نہ وہ حکم کے مخاطب تھے، نہ انہیں خبر ہوئی، مگر حق یہ ہے کہ ظاہر نص کے خلاف و نا مسلم

﴿۷۲﴾ لَعَمْرُکَ اِنَّھُمْ لَفِیْ سَکْرَتِھِمْ یَعْمَھُوْنَ۔☆

اے محبوب تمہاری جان کی قسم بیشک وہ اپنے نشہ میں بھٹک رہے ہیں۔

## ﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

مواہب میں ہے:

على كل حال فهذا متضمن للقسم ببلد رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ولا يخفى ما فيه من زيادة التعظيم وقدروى ان عمر بن الخطاب رضى الله تعالى عنه قال للنبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم با بى انت وامى يا رسول الله! لقد بلغ من فضيلتك عند الله ان اقسم بحياتك دون سائر الانبياء ولقد بلغ بفضيلتك عنده ان اقسم بتراب قد ميك فقال لا اقسم بهذا البلد۔

ہر حال میں یہ نبی اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے شہر کی قسم کو متضمن ہے اور اس قسم میں جو عظمت و مرتبہ ہے وہ مخفی نہیں۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ سے منقول ہے کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں عرض کیا: یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں، آپ کی فضیلت اللہ تعالی کے ہاں اتنی بلند ہے کہ آپ کی حیات مبارکہ ہی کی اس نے قسم اٹھائی ہے نہ کہ دوسرے انبیاء کی، اور آپ کی عظمت و مرتبت اس کے ہاں اتنی عظیم ہے کہ اس نے " لااقسم بهذا البلد " کے ذریعے آپ کے مبارک قدموں کے خاک کی قسم اٹھائی ہے۔ (فتاوی رضویہ جدید ۵/۵۵۷)

٤٥٠٧۔ **عن** ابى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : ما حلف الله بحياة احد قط الا بحياة محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ، قال تعالىٰ: لعمرك انهم لفى سكرتهم يعمهون، و حياتك يا محمد صلى

---

٤٥٠٧۔ الدر المنثور للسيوطى، ١٠٣/٤ ☆

Marfat.com

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے کبھی کسی کی زندگی کی قسم یاد نہ فرمائی سوا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے۔ کہ آیت کریمہ "لعمرك" میں فرمایا: مجھے تیری جان کی قسم اے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

Marfat.com

# سورۃ النحل

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

﴿۴۳﴾ وَمَآ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِکَ اِلَّا رِجَالًا نُّوۡحِیۡۤ اِلَیۡہِمۡ فَسۡئَلُوۡۤا اَہۡلَ الذِّکۡرِ اِنۡ کُنۡتُمۡ لَا تَعۡلَمُوۡنَ۔☆

اور ہم نے تم سے پہلے نہ بھیجے مگر مرد جن کی طرف ہم وحی کرتے تو اے لوگو علم والوں سے پوچھو اگر تمہیں علم نہیں۔

### ﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

حوادث غیر متناہی ہیں۔ احادیث میں ہر جزئیہ کے لئے نام بنام تصریح احکام اگر فرمائی بھی جاتی ان کا حفظ وضبط نا مقدور ہوتا، پھر مدارج عالیہ مجتہدان امت کے لئے ان کے اجتہاد پر رکھے گئے وہ نہ ملتے، نیز اختلافات ائمہ کی رحمت ووسعت نصیب نہ ہوتی لہذا احادیث نے بھی جزئیات معدودہ سے کلیات حاویہ مسائل نا محدودہ کی طرف استعارہ فرمایا، اس کی تفصیل وتفریع وتاصیل مجتہدین کرام نے جو فرمائی اور احاطہ تصریح نامتناہی کے تعذر نے یہاں بھی حاجت ایضاح مشکل، تفصیل مجمل، وتقیید مرسل باقی رکھی جو قرنا فقرنا طبقۃ فطبقۃ مشائخ کرام وعلمائے اعلام کرتے چلے آئے، ہر زمانہ کے حوادث تازہ احکام اس زمانے کے علمائے کرام حاملان فقہ وحامیان اسلام نے بیان فرمائے۔ اور یہ سب اپنی اصل ہی کی طرف راجع ہوئے اور ہوتے رہیں گے۔ حتی یاتی امر اللہ وہم علی ذلک۔

درمختار میں ہے:

ولا یخلو الوجود عمن یمیز ھذا حقیقۃ لا ظنا وعلی من لم یمیز ان یرجع لمن یمیز لبراءۃ ذمتہ"۔

Marfat.com

زمانہ ان لوگوں سے خالی نہ ہوگا جو یقینی طور پر نہ محض گمان سے اس کی تمیز رکھیں اور جسے اس کی تمیز نہ ہو اس پر واجب ہے کہ تمیز والے کی طرف رجوع کرے کہ بری الذمہ ہو۔

(فتاوی رضویہ قدیم ۱۲/۵۶ـ۵۷)

(۴۴) بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ ؕ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۔☆

روشن دلیلیں اور کتابیں لیکر اور اے محبوب ہم نے تمہاری طرف یہ یادگار اتاری کہ تم لوگوں سے بیان کردو جوان کی طرف اترا اور کہیں وہ دھیان کریں۔

## ﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اقول: "ھذا من محاسن نظم القرآن العظیم امر الناس ان یسئلو ااھل العلم با لقرآن العظیم وارشد العلماء ان لا یعتمد واعلی اذھا نھم فی فھم القرآن بل یر جعوا الی ما بین لھم النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرد الناس الی العلماء والعلماء الی الحدیث والحدیث الی القرآن وان الی ربک المنتھی فکما ان المجتھدین لو ترکو االحدیث ورجعو الی القرآن فضلو ا کذا لک العامۃ لو ترکو المجتھدین ورجعوا الی الحدیث فضلوا ولھذا قال الامام سفیان بن عیینہ احد ائمۃ الحدیث قریب زمن الامام الاعظم و الا مام الما لک رضی اللہ تعالی عنھم: الحدیث مضلۃ الاالفقھاء نقلہ عنھم الامام ابن الحاج مکی فی مدخل۔

میں کہتا ہوں کہ یہ عبارت قرآن عظیم کی خوبیوں سے ہے، لوگوں کو حکم دیا کہ علماء سے پوچھو جو قرآن مجید کا علم رکھتے ہیں، اور علماء کو ہدایت فرمائی کہ قرآن کے سمجھنے میں اپنے ذہن پر اعتماد نہ کریں بلکہ جو کچھ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلمنے بیان فرمایا اس کی طرف رجوع لائیں، تو لوگوں کو علماء کی طرف پھر علماء کو حدیث کی طرف اور حدیث کو قرآن کی طرف، اور بیشک تیرے رب ہی کی طرف انتہا ہے۔ تو جس طرح مجتہدین اگر حدیث چھوڑ دیں تو قرآن عظیم کی طرف رجوع کرتے بہک جاتے یونہی غیر مجتہد اگر مجتہدین کو چھوڑ کر حدیث کی طرف رجوع لائیں تو ضرور گمراہ ہو جائیں، اسی لئے امام سفین بن عیینہ نے کہ امام اعظم وامام مالک کے زمانہ کے

Marfat.com

قریب حدیث کے اماموں سے تھے فرمایا: کہ حدیث بہت گمراہ کردینے والی ہے مگر فقہاء کو ۔اسے امام ابن الحاج مکی نے مدخل میں نقل فرمایا ہے۔(حاشیہ فتاوی قدیم ۱۲/ ۵۶-۵۷)

﴿۸۹﴾ وَیَوْمَ نَبْعَثُ فِیْ کُلِّ اُمَّةٍ شَهِیْدًا عَلَیْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِکَ شَهِیْدًا عَلٰی هٰۤؤُلَآءِ ط وَنَزَّلْنَا عَلَیْکَ الْکِتٰبَ تِبْیَانًا لِّکُلِّ شَیْءٍ وَّهُدًی وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰی لِلْمُسْلِمِیْنَ۔☆

اور جس دن ہم ہر گروہ میں ایک گروہ انہیں میں سے اٹھائیں گے کہ ان پر گواہی دے ۔اور اے محبوب تمہیں ان سب پر شاہد بنا کر لائیں گے اور ہم نے تم پر یہ قرآن اتارا کہ ہر چیز کا روشن بیان ہے۔اور ہدایت اور رحمت اور بشارت مسلمانوں کو۔

## ﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(و نزلنا علیک الکتب تبیانا لکل شیء وھدی ورحمۃ) قرآن عظیم تھوڑا تھوڑا کر کے تیئس برس میں نازل ہوا، جتنا قرآن عظیم اترتا گیا حضور پر غیب روشن ہوتا گیا، جب قرآن عظیم پورا نازل ہو چکا روز اول سے روز آخر تک کا جمیع ما کان وما یکون کا علم محیط حضور کو حاصل ہوگیا، تمامی نزول قرآن سے پہلے اگر کوئی واقعہ کسی حکمت الہیہ کے سبب منکشف نہ ہوا ہو تو احاطہ علم اقدس کا منافی نہیں، معہذا زمانہ افک میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سکوت فرمایا جس سے یہ لازم نہیں آتا کہ حضور کو علم نہ تھا، اپنے اہل کی برائت اپنی زبان سے فرمانا یہ بہتر ہوتا یا کہ ''رب السموات والارض'' نے قرآن کریم میں سترہ آیتیں ان کی براءت میں نازل فرمائیں جو قیامت تک مساجد ومجالس وجامع میں تلاوت کی جائیں گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

(فتاوی رضویہ قدیم ۱۱/ ۴۵)

اور فرماتا ہے قرآن بناوٹ کی بات نہیں بلکہ اگلی کتابوں کی تصدیق اور ہر شئے کی تفصیل ہے اور اس کی گواہی کس قدر اعظم ہے کہ وہ ہر چیز کا تبیان ہے اور تبیان اس روشن اور واضح بیان کو کہتے ہیں جو اصلا پوشیدگی باقی نہ رکھے کہ زیادۃ لفظ زیادت معنی پر دلیل ہوتی ہے اور بیان کے لئے ایک تو بیان کرنیوالا چاہئے وہ سبحانہ وتعالیٰ ہے، اور دوسرا وہ جس کے لئے بیان کیا جائے اور وہ وہ ہیں جن پر قرآن اترا۔ ہمارے سردار رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ اور اہل

Marfat.com

سنت کے نزدیک شے ہر موجود کو کہتے ہیں تو اس میں جملہ موجودات داخل ہوگئے۔ فرش سے عرش تک اور شرق سے غرب تک ذاتیں اور حالتیں اور حرکات اور سکنات اور پلک کی جنبشیں اور نگاہیں اور دلوں کے خطرے۔ اور ارادے اور ان کے سوا جو کچھ ہے اور انہیں موجودات میں سے لوح محفوظ کی تحریر ہے، تو ضرور کہ قرآن عظیم میں ان تمام چیزوں کا بیان روشن اور تفصیل کامل ہو

(الدولۃ المکیۃ ۲۷۱ تا ۲۷۵)

(۱۱۶) وَلَا تَقُولُوا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ط اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ۔☆

اور نہ کہو اسے جو تمہاری زبانیں جھوٹ بیان کرتی ہیں یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے کہ اللہ پر جھوٹ باندھو۔ بے شک جو اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں ان کا بھلا نہ ہوگا۔

(۱۱۷) مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ص وَّلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ☆

تھوڑا برتنا ہے اور ان کے لئے دردناک عذاب۔

## ﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(بلا تحقیق کسی چیز کو حلال وحرام کہنا جائز نہیں) علماء تصریح فرماتے ہیں: ہمارے زمانہ اتقائے شبہات کا نہیں۔ غنیمت ہے کہ آدمی آنکھوں دیکھے حرام سے بچے۔

فی فتاوی الامام قاضی خاں قالوا لیس زماننا زمان اجتناب الشبہات وانما علی المسلم ان یتقی الحرام المعاین اھ۔ وفی تجنیس الامام برہان الدین عن ابی بکر ابراھم لیس ھذا زمان الشبہات ان الحرام اغنانا یعنی ان اجتنبت الحرام کفاک اھ ملخصا وعنہما فی الاشباہ نحو ذلک وفی الطریقۃ وشرحہا بعد النقل عن الامامین المعاصرین رحمہما اللہ تعالی زمانہما ای زمان قاضی خان وصاحب الھدایۃ رحمہما اللہ تعالی قبل ستمائۃ سنۃ من اللھجرۃ النبویہ وقد بلغ التاریخ الیوم ای فی زمان المصنف لہذا الکتاب رحمۃ اللہ تعالی علیہ تسعمائۃ وثمانین سنۃ من اللھجرۃ وبلغ التاریخ الیوم الی الف وثلث وتسعین سنۃ من

Marfat.com

الھجرۃ ولا خفاء ان الفساد والتغیر یزید ان بزیادۃ الزمان لبعدہ عن عھد النبوۃ اہ ملخصا وفی الغلمگیریۃ عن جواھر الفتاوی وعن بعض مشائخہ علیك بترك الحرام المحض فی ھذا لزمان فانك لا تجدشیئا لا شبۃ فیہ اہ "

فتاوی قاضی خان میں ہے: فقہاء فرماتے ہیں: ہمارا زمانہ شبہات سے اجتناب کا زمانہ نہیں، مسلمان پر لازم ہے کہ آنکھوں دیکھے حرام سے بچے اھ، امام برہان الدین کی تجنیس میں ابوبکر بن ابراہیم سے منقول ہے کہ یہ شبہات کا زمانہ نہیں ہے بیشک حرام نے ہمیں مستغنی کردیا یعنی اگر تو حرام سے بچے تو کافی ہے اھ۔

تلخیص اوران دونوں سے الاشباہ میں اسی کی مثل ہے۔ الطریقۃ المحمدیہ اور اس کی شرح میں دو معاصر ائمہ رحمہما اللہ سے نقل کرنے کے بعد فرمایا: ان دونوں یعنی قاضی خان اور صاحب ہدایہ کا زمانہ سن ہجری کے اعتبار سے چھ سو سال پہلے کا ہے اور آج اس مصنف کے زمانے میں ۹۸۰ھ ہوگئی ہے اور آج (شرح لکھتے وقت) ۱۰۹۳ھ ہے اور یہ بات مخفی نہیں کہ عہد نبوت کی دوری کی وجہ سے جوں جوں زمانہ بڑھتا جاتا ہے فساد وتغیر میں بھی اضافہ ہوتا جاتا ہے اھ ملخصا۔

فتاویٰ عالمگیری میں بحوالہ جواہر الفتاویٰ بعض مشائخ سے نقل کیا گیا ہے کہ اس زمانے میں تم پر محض حرام کا چھوڑنا واجب ہے، کیونکہ آج کوئی ایسی چیز نہیں پاؤ گے جس میں شبہ نہ ہو۔ سبحان اللہ" جب کہ چھٹی صدی بلکہ اس سے پہلے سے ائمہ دین یوں ارشاد فرماتے آئے تو ہم پسماندوں کو اس چودھویں صدی میں کیا امید ہے" فانا للہ وانا الیہ راجعون"

ایسی ہی وجوہ ہیں کہ حدیث میں آیا:

"انکم فی زمان من ترك منکم عشرما امر بہ ھلك ثم یاتی زمان من عمل منھم بعشر ما امربہ نجا اخرجہ الترمذی وغیرہ عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالی عنہ عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم "

تم (اے صحابہ کرام) اس زمانے میں ہو کہ تم میں سے جو شخص اس چیز کا دسواں حصہ بھی چھوڑ دے جس کا اسے حکم دیا گیا ہے تو ہلاک ہوگا، پھر ایک زمانہ آئے گا کہ تم میں سے جو آدمی اس چیز کے دسویں حصہ پر بھی عمل کریگا جس کا اسے حکم دیا گیا ہے تو وہ نجات پائے گا۔ ترمذی

Marfat.com

وغیرہ نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے انہوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کیا۔

ہاں جو شخص بحکم

قولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیف وقد قیل :اخرجہ خ وغیرہ عن عقبۃ بن الحارث النوفلی وقولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: من اتقی الشبھات فقد استبرأ لدینہ وعرضہ اخرجہ الستۃ عن النعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہم

رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد: جسے امام بخاری وغیرہ نے عقبہ بن حارث نوفلی سے روایت کیا کہ یہ کیسے ہوسکتا ہے (کہ تو اس سے مباشرت کرے) جب کہ کہا گیا ہے: (تو اس کا بھائی ہے) اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص شبہات سے بچا اس نے اپنا دین اور عزت بچالی۔ اس حدیث کو اصحاب صحاح ستہ نے حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کیا ہے۔

بچنا چاہئے اور ان امور کا کہ ہم مقدمہ میں ذکر کر آئے لحاظ رکھنا بہتر وافضل اور نہایت محمود عمل مگر اس کے علاوہ کا حکم صرف اسی کے نفس پر ہے کہ اس کے سبب اصل شئے ممنوع کہنے لگے یا جو مسلمان اسے استعمال کرتے ہوں ان مسلمانوں کی تشنیع وتحقیر سے تو محفوظ رہتا۔

(فتاوی رضویہ جدید ۴/۵۴۷تا۵۴۹)

کتابوں کے جھوٹے حوالے دینا کذب وافتراء اور وہ بھی علماء پر اور وہ بھی امور دین میں یہ سب سخت گناہ ہیں۔ مسائل میں علماء پر افتراء شرع پر افتراء اور شرع پر افتراء خدا پر افتراء۔

(فتاوی رضویہ جدید ۶/۳۹۵)

ایک سفیہ مغرور محبوبان خدا سے بھی نفور خود حضور پر نور اکرم المحبوبین صلوات اللہ وسلامہ علیہ وعلیہم اجمعین کی نسبت وہ ناپاک الفاظ کہے اور وہ بھی یوں کہ معاذ اللہ حضور ہی کی حدیث کا یہ مطلب ٹھہرائے۔ یعنی "میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں" قیامت میں انشاء اللہ تعالیٰ مر کر مٹی میں ملنے کا مزا الگ کھلے گا اور یہ ضرور پوچھا جائے کہ حدیث کے کون سے لفظ میں اس ناپاک معنی کی بوتھی جو تو نے محبوب اعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر افترا کیا، حضور پر افترا خدا پر افترا ہے اور خدا پر افترا جہنم کی راہ کا پرلا سرا۔

Marfat.com

(۱۱۶) خدا اور رسول جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جس چیز کو عام و مطلق رکھا دوسرا اسے مخصوص ومقید کرنے والا کون۔ خدا اور رسول عزمجدہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جس سے منع نہ فرمایا دوسرا اسے منع کرنے والا کون۔ (فتاوی رضویہ جدید ۵۳۵/۸)

Marfat.com

# سورة الاسراء

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

(۱۲) وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ؕ وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا ☆

اور ہم نے رات اور دن کو دو نشانیاں بنایا۔ تو رات کی نشانی مٹی ہوئی رکھی۔ اور دن کی نشانیاں دکھانے والی۔ کہ اپنے رب کا فضل تلاش کرو۔ اور۔ برسوں کی گنتی اور حساب جانو اور ہم نے ہر چیز خوب جدا جدا ظاہر فرمادی۔

### ﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

شریعت مطہرہ محمدیہ علی صاحبہا افضل الصلاۃ والتحیۃ نے نماز وروزہ وحج وزکوۃ وعدت وفات وطلاق ومدت حمل وایلا وتاجیل عنین ومنتہائے حیض ونفاس وغیر ذلک امور کے لئے یہ اوقات مقرر فرمائے۔ یعنی طلوع صبح وشمس وشفق ونصف النہار ومثلین وروز وماہ وسال ان سب کے ادراک کا مدار رویت ومشاہدہ پر ہے، ان میں کوئی ایسا نہیں جو بغیر مشاہدہ مجرد کسی حساب یا قانون عقلی سے مدرک ہو جاتا، ہاں رویت مشاہدہ ان سب کے ادراک کا سبب کافی ہے اور یہی اس شریعت عامہ تامہ شاملہ کاملہ کے لائق شان تھا کہ تمام جہاں کے لئے اتری اور ان میں اکثر وہ ہیں کہ دقائق حسابات ہیئت وزیج کی تکلیف انہیں نہیں دی جاسکتی۔ انا امتہ امیۃ لا نکتب ولا نحسب۔ فرماکر اپنے تمام غلاموں کے لئے ایک آسان اور واضح راستہ کھول دیا اور ان تمام اوقات کے لئے حکیم رحیم عز وجل جلالہ نے دو کھلی نشانیاں مقرر فرمادیں، چاند اور سورج، جن کے اختلاف احوال پر نظر کر کے خواص وعوام سب اوقات مطلوبہ شرعیہ کا ادراک کرسکیں۔

(فتاوی رضویہ قدیم ۴/۶۴۳)

پھران میں بعض تووہ ہیں جن کا مدارصرف رویت ہی پر رہا، وہ ہلال ہے کہ" ان اللہ امدہ لرؤیتہ"۔ اس کے ظہور وخفا کے وہ اسباب کثیرہ نامنضبط ہیں جن کے لئے آج تک کوئی قاعدہ منضبط نہ ہوسکا، ولہذا بطلیموس نے مجسطی میں باآنکہ متحیرہ خمسہ وکواکب ثوابت کے ظہور وخفا کے لئے باب وضع کئے مگر رویت ہلال سے اصلا بحث نہ کی، وہ جانتا تھا کہ یہ قابو کی چیز نہیں، اس کا میں کوئی ضابطہ کلیہ نہیں دے سکتا۔ بعد کے لوگوں نے اپنے تجارب کی بناء پر اگرچہ بلحاظ درجہ ارتفاع یابعد سواء یابعد معدل وقوس تعدیل الغرب وغیرہ ذلک کچھ باتیں بیان کیں مگر وہ خود ان میں بشدت مختلف ہیں اور باوصف اختلاف کوئی اپنے قرارداد پر جازم بھی نہیں جیسا کہ واقف فن پر ظاہر ہے، اسی لئے اہل ہیئت جدیدہ باآنکہ محض فضول باتوں میں نہایت تدقیق تعمق کرتے ہیں اور سالانہ المینک میں ہرروز کے لئے قمر کے ایک ایک گھنٹہ کا میل ومطالعہ قمراور ہر مہینہ میں آفتاب کے ساتھ اس کے جملہ انظار اجتماع واستقبال وتربیع المیمن والسیر کے وقت دیتے ہیں اور ہر ہر تاریخ پر متحیرات وثوابت کے ساتھ اس کے قرانات بیان کرتے ہیں مگر رؤیت ہلال کا وقت نہیں دیتے وہ بھی سمجھے ہوئے ہیں کہ یہ ہمارے بوتے کا نہیں، لہذا ہمارے علماء نے تصریح فرمائی کہ اس بارے میں قول اہل توقیت پر نظر نہ ہوگی۔

(فتاوی رضویہ قدیم ۶۴۴/۴)

(۱۵)مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا یَهْتَدِیْ لِنَفْسِهٖ ج وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا یَضِلُّ عَلَیْهَا ط وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ط وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِیْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا۔☆

جوراہ پر آیا وہ اپنے ہی بھلے کوراہ پر آیا۔ اور جو بہکا تو اپنے ہی برے کو بہکا اور کوئی بوجھ اٹھانے والی جان دوسرے کا بوجھ نہ اٹھائے گی۔ اور ہم عذاب کرنے والے نہیں جب تک رسول نہ بھیج لیں۔

## ﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اہل فترت جنھیں انبیاء اللہ صلوات اللہ تعالی وسلامہ علیھم کی دعوت نہ پہنچی تین قسم ہیں

اول: موحد جنہیں ہدایت ازلی نے اس اندھیرے میں بھی راہ توحید دکھائی جیسے قیس بن ساعدہ وزید بن عمرو بن نفیل وعامر بن الظرب عدوانی وقیس بن عاصم تمیمی وسفیان بن ابی امیہ ثقفی وزہیر بن ابی سلمی شاعر مشہور وغیرہم رحمۃ اللہ تعالی علیہم۔

Marfat.com

دوم: مشرک کہ اپنی جہالتوں ضلالتوں سے غیر خدا کو پوجنے لگے جیسے کہ اکثر عرب۔
سوم: غافل کہ براہ سادگی یا انہماک فی الدنیا انھیں اس مسئلہ سے کوئی بحث ہی نہ ہوئی بہائم کی مثل زندگی کی اعتقادیات میں غرض سے نظر ہی نہ رکھی، یا نظر وفکر کی مہلت نہ پائی، بہت زنان واہل بوادی کی نسبت یہی مظنون ہے۔

"قال العلامة الزرقانی: ومن جاهلية عم الجهل فيها شرقاً وغربا و فقد فيها من يعرف الشرائع ويبلغ الدعوة على وجهها الا نفرا يسيرا من احرار اهل الكتاب مفرقين فی اقطار الارض کالشام وغيرها وان كان النساء اليوم مع فشو الاسلام شرقا و غربا لا يدرين غالب احكام الشريعة لعدم مخالتطهن الفقهاء فما ظنك بزمان الجاهليته والفترة الذی رجاله لا يعرفون ذالك فضلا عن نسائه ولذا لما بعث صلى الله تعالى عليه وسلم تعجب اهل مكة قالوا ابعث الله بشرا رسولا وقالوا لو شاء ربنا لا نزل ملئكته وكانوا يظنون ان ابراهيم عليه السلام بعث بما هم عليه فانهم لم يجدوا من يبلغهم شريعته على وجهها لدثورها وفقد من يعرفها اذكان بينهم وبينه ازيد من ثلثته الاف سنته۔قاله فی مسالك الحنفاء والدرج المنيفة اه باختصار"

ایسا عہد جاہلیت جس میں مشرق ومغرب ہر طرف جہالت عام ہے۔احکام شریعت جاننے والے اور صحیح طور سے دعوت کی تبلیغ کرنے والے ناپید ہیں۔صرف چند علماء اہل کتاب ہیں جو اطراف زمین شام وغیرہ میں منتشر ہیں۔اور آج جبکہ اسلام شرق وغرب میں پھیل چکا ہے عورتوں کا یہ حال ہے کہ اکثر احکام شرع سے بے خبر رہتی ہیں، کیونکہ علماء سے ان کا ربط اور وابستگی نہیں۔

پھر عہد جاہلیت اور زمانہ فترت کی عورتوں کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے جبکہ عورتیں درکنار مرد بھی ان سب سے ناآشنا ہوتے تھے۔اسی لئے تو جب رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی تو اہل مکہ کو تعجب ہوا۔بولے: کیا اللہ نے کسی انسان کو رسول بنا کر مبعوث کیا ہے؟ اور
بولے: اگر ہمارا رب چاہتا تو فرشتہ اتارتا، وہ تو یہاں تک سمجھا کرتے تھے کہ جو کچھ وہ کر رہے

Marfat.com

ہیں ان ہی باتوں کولیکر حضرت ابراہیم علیہ السلام مبعوث ہوئے تھے، اس غلط خیال کی یہی وجہ تھی کہ شریعت ابراہیمی کو صحیح طور سے کوئی پہچاننے والا ہی ان کو نہ ملا، کیونکہ اس کے نشانات مٹ گئے تھے اور اس کے جاننے والے بھی ناپید ہو چکے تھے، اس لئے کہ ان اہل مکہ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے درمیان تین ہزار سال سے زیادہ کا عرصہ تھا۔ یہ ''مسالک الحنفاء'' اور ''الدرج المنیفہ'' میں فرمایا گیا ہے۔ باختصار

جماہیر ائمہ اشاعرہ رحم اللہ تعالیٰ علیہم کے نزدیک جب تک بعثت اقدس حضور خاتم النبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہوکر دعوت الٰہیہ انھیں نہ پہنچے۔ یہ سب فرقہ ناجی وغیر معذب تھے۔ لقولہ تعالی :وما کنا معذبین حتیٰ نبعث رسولا ۔ ہم عذاب فرمانے والے نہ تھے یہاں تک کہ بھیج لیں رسول۔

”والجواب بتعميم الرسول العقل او تخصيص العذا ب بعذاب الدنيا خلاف الظا هر فلا يصا ر الا اليه بموجب ولا موجب، اقول: بلى احا ديث صحيحة صريحة كثيرة بثيرة نا طقة بعذا ب بعض اهل الفترة كعمر و بن لحى وصا حب المحجن وغيرها وبه عمل ان ردها بجعلها معا رضة للقطعي كما صد رعن العلامة الآبى والامام السيوطي و كثير من الا شعرية لا سبيل اليه فان قطعية الدلالة غير مسلم فلايهجم بمثل ذلك على رد الصحاح والكلام ههنا طويل ليس هذا مو ضعه ولا نحن بصدده “

اشاعرہ کے جواب میں یہ کہنا کہ رسول سے مراد عام ہے خواہ انسان ہو یا عقل یا یہ کہ عذاب سے مراد صرف عذاب دنیا ہے۔ (یعنی جب تک ہم کوئی رسول نہ بھیج لیں دنیا میں عذاب نہیں دیتے اور عذاب آخرت دعوت رسول پہنچے بغیر بھی ہوسکتا ہے۔) یہ (تاویل) خلاف ظاہر ہے جس کی طرف رجوع کا کوئی موجب نہیں۔

اقول: کیوں نہیں بہت ساری صحیح صریح حدیثیں بعض اہل فترت کے عذاب (دنیاوی) پر ناطق ہیں، جیسے عمرو بن لحی اور ٹیڑھے ڈنڈے والا آدمی (جو اپنے ڈنڈے سے لوگوں کی چیزیں اچک کر چرا لیتا تھا) اور ان دونوں کے علاوہ سے متعلق بھی۔

اس بیان سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ان صحیح حدیثوں کو رد کرنے کی کوئی وجہ نہیں یہ کہتے ہو

Marfat.com

ئے کہ یہ احادیث نص قطعی کے خلاف ہیں جیسا کہ علامہ آبی، امام سیوطی اور بہت سے اشعریہ نے یہی کہہ کر رد کیا ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ اس معنی پر آیت کی دلالت قطعی ہونا مسلم نہیں تو پھر غیر قطعی الدلالہ نص سے احادیث صحیحہ کے رد کا ارتکاب نہیں کیا جا سکتا۔ کلام یہاں پر طویل ہے جس کا یہ محل نہیں اور نہ ہی یہاں پر ہمارا مقصود ہے۔ خصوصاً جہال عرب جنہیں قرآن عظیم جا بجا امی و جاہل و بے خبر و غافل بتا رہا ہے، صاف ارشاد ہوتا ہے:

تنزیل العزیز الرحیم لتنذر قو ما ما انذ ر ابآ ء ھم فھم غا فلون ۔ [یٰس ۔ ۵،۶]

اتارا ہوا زبردست مہر والے کا کہ تو ڈرائے ان لوگوں کو کہ نہ ڈرائے گئے ان کے باپ دادا تو وہ غفلت میں ہیں۔

اور خود ہی ارشاد ہوتا ہے:

ذ لک ان لم یکن ربک مھلک القری بظلم واھلھا غا فلون ۔ [الانعام ۔ ۱۳۱]

یہ اس لئے کہ تیرا رب بستیوں کو ہلاک کرنے والا نہیں ظلم سے جب کہ ان کے رہنے والے غفلت میں ہوں۔

قلت: ای وھذاو ان کا ن ظاھرافی عذا ب الدنیا وعذا ب الآ خرۃ منتف با لفحویٰ فا ن الملک الکر یم الذی لم یرض للغا فل بعذا ب منقطع لا یرض أذا ب دا ئم من با ب اولی ،اقول: لکن الغفلۃ انما ھی علی امر الرسا لۃ والنبوۃ والسمعیا ت کبعث وغیرہ ، وقد قلنا بموجبھا فی ذ لک اما التو حید فلا غفلۃ عنہ مع وضو ح الدلا ئل و کفا یۃالعقل وقد قا ل تعا لی : قل لمن الارض ومن فیھا ان کنتم تعلمون ، سیقولون للہ ، قل افلا تذ کرون ۔ قل من رب السمٰوٰت السبع ورب العرش العظیم سیقو لو ن اللہ، قل افلا تتقون ۔ قل من بیدہ ملکو ت کل شیء وھو یجیر ولا یجا ر علیہ ان کنتم تعلمون ۔ سیقو لو ن للہ قل فا نیٰ تسحرو ن [المؤمنون ۔ ۸۴تا۸۹]

وقا ل تعالی :ولئن سألتھم من خلق السمٰوٰت والا رض وسخر الشمس

والقمر لیقو لون اللہ ،فا نیٰ یؤ فکون ۳ [العنکبوت۔ ٦١] الی غیر ذلك من الآیا ت کل ذلك مع قو له عز من قا ئل ۔

ان تقو لوا: انما انز ل الکتا ب علی طا ئفتین من قبلنا و ان کنا عن درا ستهم لغا فلین ۔[الانعام ۔]فا فهم"قلت: یہ آیت اگر چہ غفلت والے سے عذاب دنیا کی نفی میں ظاہر ہے اور عذاب آخرت کی نفی مفہوم سے ہو جاتی ہے، کیونکہ جس بادشاہ کریم نے غافل کے لئے دنیا کا فانی عذاب پسند نہ کیا وہ آخرت کا دائمی عذاب بدرجہ اولی پسند نہ فرمائیگا۔

اقول: لیکن یہ وہ غفلت ہے جو رسالت .نبوت اور سمعی عقائد بعثت وغیرہ کے باب میں ہو اور اس باب میں موجب غفلت پائے جانے کے ہم قائل ہیں۔لیکن توحید سے غفلت کا کوئی موجب نہیں جب کہ اس کے دلائل واضح ہیں اور عقل اس کی رہنمائی کے لئے کافی ہے۔باری تعالی کا ارشاد ہے:تم فرماو: کس کی ہے زمین اور جو اس میں ہیں اگر تم جانتے ہو۔بولیں گے اللہ کی۔تم فرماو: پھر تم کیوں دھیان نہیں دیتے۔تم فرماؤ کون ہے ساتوں آسمان کا مالک اور بڑے عرش کا مالک۔بولیں گے یہ اللہ ہی کی شان ہے۔فرماؤ: پھر تم کیوں نہیں ڈرتے۔تم فرماؤ: کون ہے جس کے ہاتھ ہر چیز کا اقتدار ہے اور وہ پناہ دینے والا ہے اور اس کے خلاف پناہ نہیں دی جاسکتی اگر تم جانکار ہو۔بولیں گے یہ اللہ ہی کی شان ہے،فرماؤ: پھر تم کس جادو کے فریب میں پڑے ہو۔۔

اور ارشاد باری ہے: اور اگر تم ان سے پوچھو کس نے بنائے آسمان اور زمین اور کام میں لگائے سورج اور چاند،تو ضرور کہیں گے اللہ نے، پھر کہاں اوندھے جاتے ہیں؟

اور ان کے علاوہ آیات ۔اور ساتھ ہی یہ ارشاد بھی ہے، کبھی تم کہو کہ کتاب تو ہم سے پہلے دو گروہوں پر نازل کی گئی تھی اور ہم اس کے پڑھنے پڑھانے سے غافل تھے۔فافهم

ائمہ ماتریدیہ رضی اللہ تعالی عنہ سے ائمہ بخارا وغیر ہم بھی اس کے قائل ہوئے۔امام محقق کمال الدین ابن الہمام قدس سرہ نے اس کو مختار رکھا ۔

شرح فقہ اکبر میں ہے:

قا ل ائمة بخارا منا لا یجب ایمان ولا یحرم کفر قبل البعثة کقول الاشا عرة"

Marfat.com

ہم میں کے ائمہ بخارا نے اشاعرہ کی طرح فرمایا: قبل بعثت وجوب ایمان اور حرمت کفر دونوں نہیں۔

فواتح الرحموت میں ہے:

عند الاشعرية والشيخ ابن الهمام لا يؤاخذون ولوا توا بالشرك والعياذ بالله تعالى۔

اشعریہ اور شیخ ابن الھمام کے نزدیک ان سے مواخذہ نہیں اگر چہ مرتکب شرک ہوں والعیاذ باللہ تعالی۔

حاشیہ طحطاویہ علی الدر المختار میں ہے:

اهل الفترة ناجون ولو غيروا وبدلوا على ما عليه الاشاعرة و بعض المحققين من الماتريدية۔ ونقل الكمال في التحرير عن ابن عبد الدولة انه المختار لقوله تعالى: وما كنا معذبين حتىٰ نبعث رسولا [بنی اسرائیل۔۱۵]

وما في الفقه الاكبر من ان والديه صلى الله تعالى عليه وسلم ماتا على الكفر فمدسوس على الامام الخ۔

اہل فترت ناجی ہیں اگر چہ تغیر وتبدیل کے مرتکب ہوں۔اس پر اشاعرہ اور بعض محققین ماتریدیہ ہیں۔کمال ابن ہمام تحریر میں ابن عبد الدولہ سے ناقل ہیں کہ یہی مختار ہے۔کیونکہ ارشاد باری ہے: ہم عذاب فرمانے والے نہیں جب تک کہ کوئی رسول نہ بھیج لیں۔

اور فقہ اکبر میں جو ہے کہ حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے والدین نے حالت کفر میں انتقال کیا تو یہ مصنف فقہ اکبر امام اعظم پر دسیسہ کاری ہے۔

اس قول پر تو ظاہر ہے کہ اہل فترت کو تا زمان فترت کافر نہ کہا جائے گا کہ وہ ناجی ہیں اور کافر ناجی نہیں۔تو شکل ثانی نے صاف نتیجہ دیا کہ وہ کافر نہیں۔

وعلى هذا استدل به السيد العلامة على نزهة الابوين الشريفين عن الكفر ۔ ورضى الله تعالى عنهما وعن كل من احب اجلا لهما اجلالا لرسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ۔اسی بنیاد پر اس سے علامہ طحطاوی نے والدین کریمین کے کفر سے منزہ ہونے پر استدلال کیا ہے۔اللہ تعالی ان دونوں سے راضی ہوا اور ہر اس شخص سے جو

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اکرام کی خاطر ان کا اکرام پسند کرے۔

ولھذا ائمہ اشاعرہ میں کوئی انہیں مسلم کہتا ہے کوئی معنی مسلم میں۔

قال الزرقانی : ثم اختلفت عبارۃ الاصحاب فیمن لم تبلغه الدعوۃ فاحسنھا من قال انه ناج و ایاھا اختار السبکی ۔ ومنھم من قال علی الفترۃ ۔ ومنھم من قال مسلم ،قال الغزالی التحقیق ان یقال فی معنی مسلم ۔

زرقانی نے فرمایا: پھر اصحاب وائمہ رحمھم اللہ کی عبارتیں اس کے بارے میں مختلف ہو گئیں جسے دعوت نہ پہنچی۔ سب سے عمدہ عبارت اس کی ہے جس نے کہا کہ وہ ناجی ہے۔ اسی کو امام سبکی نے اختیار کیا۔ کسی نے کہا کہ وہ فترت پر ہیں، کسی نے کہا مسلم ہیں۔ امام غزالی نے کہا کہ تحقیق یہ ہے اسے معنی مسلم میں کہا جائے۔

اس طور تو خود ابو طالب پر حکم کفر اس وقت سے ہوا جب بعد بعثت اقدس تسلیم اسلام سے انکار کیا۔ اور یہ وقت وہ تھا کہ حضرت مولی کرم اللہ وجہہ الاسنی خود اسلام لاکر حکم تبعیت سے قطعاً منزہ ہو چکے تھے۔ وللہ الحمد۔

بعض علماء قائل تفصیل ہوئے کہ اہل فترت کے مشرک معاقب اور موحد وغافل مطلقا ناجی۔ یہ قول اشاعرہ سے امامین جلیلین نودی درازی رحمھما اللہ تعالی کا ہے۔

وتعقبه الامام الجلال السیوطی فی رسائله فی الابوین الکریمین رضی اللہ تعالی عنھما بما یرجع الی القول بالامتحان ۔ والعلامة ابو عبد اللہ محمد بن خلف الابی فی اکمال الاکمال شرح صحیح مسلم کمانقل کلامه فی المواھب اولا لکنه عاد ۔ آخرا الی تسلیمه حیث قال اولا : لما دلت القواطع علی انه لا تعذیب حتی تقوم الحجة علمنا انھم غیر معذبین، ثم استشعر ورود الاحادیث وقسمھم آخر الکلام الی موحد و مبدل و غافل ۔ ثم قال: فیحمل من صح تعذیبه علی اھل القسم الثانی لکفرھم بما تعدوا به من الخبائث ۔ واللہ تعالی قد سمی جمیع ھذا القسم کفارا او مشرکین ۔ فانا نجد القرآن کلما حکی حال احدھم سجل علیھم بالکفر والشرک کقوله تعالی : ماجعل اللہ من بحیرۃ ۔ثم قال تعالی : ولکن الذین کفروایفترون علی اللہ الکذب واکثرھم لا یعقلون

Marfat.com

[المائدۃ۔۱۰۳] الخ فهذا کما تری رجوع الی ما قال هذان الامامان من تعذیب من اشرك منهم اقول وفی استدلاله بالآیة خفاء ظاهر اذ لیست نصاً فی ان المرادبهم من اخترع ذلك من اهل الفترة بل الکفار لما تدینوا بتلك الاباطیل سجل علیهم بانهم یفترون علی الله الکذب ۔ وبالجملة فمفاد الآیة ان الکافرین یفترون لا ان المفترین کلهم کافرون حتی یکون تسجیلا علی کفر اهل الفترة ۔

اس قول کا امام جلال الدین سیوطی نے اسلام والدین کریمین رضی اللہ تعالی عنہما سے متعلق اپنے رسائل میں تعاقب کیا ہے جسکا مآل یہ کہ پہلے اہل فترت کا امتحان پھر فیصلہ۔علامہ ابوعبداللہ محمد بن کلف امی مالکی نے بھی اکمال الاکمال شرح مسلم میں قول مذکور کا تعاقب کیا ہے جیسا کہ مواہب لدنیہ میں ان کا کلام منقول ہے۔

اقول مگر اخیر میں چل کرانھوں نے اس قول کو تسلیم کرلیا ہے، اس طرح کہ پہلے فرمایا کہ جب قطعی نصوص نے بتایا کہ حجت قائم ہوئے بغیر عذاب نہ دیا جائے گا تو ہم نے جانا کہ ان پر عذاب نہ ہوگا۔ پھر انہیں خیال ہوا کہ تعذیب کے بارے میں حدیثیں بھی وارد ہیں تو آخر کلام میں اہل فترت کوانہوں نے تین قسمیں (۱) موحد (۲) مبدل (۳) اور غافل میں تقسیم کیا، پھر فرمایا کہ جن کی تعذیب کی صحت ثابت ہے انہیں قسم ثانی والوں پر محمول کیا جائے گا، اس لئے کہ وہ اپنے برے افکار واعمال کے ذریعہ حد سے تجاوز کرنے کے باعث کافر ہوئے ، اور اللہ تعالی نے اس قسم کے سارے لوگوں کو کفار ومشرکین کے نام سے موسوم کیا ہے، کیوں کہ ہم دیکھتے ہیں کہ قرآن ان میں سے جب کسی کا حال بیان فرماتا ہے تو صاف ان کے کافر ومشرک ہونے کا حکم ثبت فرمادیتا ہے ، جیسے یہ ارشاد باری ہے: اللہ نے مقرر نہ کیا بحیرہ ( کان چرا ہوا ) الآیۃ ۔پھر یہ ارشاد ہے: لیکن جن لوگوں نے کفر کیا وہ اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں اور ان میں سے اکثر بے عقل ہیں۔

تو یہ جیسا کہ تم دیکھ رہے ہو اسی کی طرف رجوع ہے جو امام نووی وامام رازی نے فرمایا کہ اہل فترت کے مشرکوں پر عذاب ہوگا۔

اقول: ہاں علامہ آبی نے آیت مذکورہ سے جو استدلال کیا ہے اس میں کھلا ہوا خفا ہے،

Marfat.com

کیونکہ آیت اس بارے میں نص نہیں کہ ان سے اہل فترت ہی کے (بحیرہ وغیرہ کا) اختراع کرنے والے مراد ہیں۔ بلکہ کفار نے جب ان باطل چیزوں کو اپنے دین واعتقاد میں داخل کرلیا توانکے بارے میں یہ حکم ثابت فرمایا کی وہ اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں۔ حاصل کلام یہ کہ آیت کا مفاد یہ ہے کہ کافرین افترا کرتے ہیں۔ نہ یہ کہ سارے افترا کرنے والے کافر ہیں۔ کہ اہل فترت کے کفر کی تصریح ہو۔

ردالمحتار میں یہی قول ائمہ بخارا کی طرف نسبت کیا:

علی خلاف ما قدمنا عن القاری والطحطاوی و بحر العلوم ۔ رحمهم الله تعالی ۔ حیث قال : نعم البخاریون من الماتریدیة وافقوا الاشاعرة وحملوا قول الامام : لا عذر لاحد فی الجهل بخالقه علی ما بعد البعثة ۔ واختاره المحقق ابن الهمام فی التحریر ۔ لکن هذا فی غیر من مات معتقد اللکفر ۔ فقد صرح النووی والفخر الرزی فهو فی النار ۔ وعلیه حمل بعض المالکیة ما صح من الاحادیث فی تعذیب اهل الفترة ۔ الخ ۔

اس کے برخلاف جو ہم نے پہلے مولانا علی قاری وطحطاوی اور بحرالعلوم رحمهم الله تعالی سے نقل کیا علامہ شامی نے اس طرح فرمایا کہ ہاں ماتریدیہ میں سے ائمہ بخارا اشاعرہ کے موافق ہوئے۔ انہوں نے امام اعظم کے قول: اپنے خالق سے جاہل رہنے میں کسی کے لئے کوئی عذر نہیں، کو مابعد بعثت پر محمول کیا۔ اسی کو محقق ابن الہمام نے تحریر میں اختیار کیا۔ لیکن یہ قول جولوگ کفر کا عقیدہ رکھتے ہوئے مرگئے ان کے علاوہ کے بارے میں ہے۔ امام نووی اور فخر الدین رازی نے تصریح فرمائی ہے کہ جو قبل بعثت حالت شرک میں مرگئے جہنم میں ہونگے ،اسی پر بعض مالکیہ نے فی تعذیب اہل فترت سے متعلق احادیث صحیحہ کو محمول کیا ہے۔

جمہور ائمہ ماتریدیہ قدست اسرارہم کے نزدیک اہل فترت کے مشرک، معاقب۔ موحد، ناجی۔ غافلوں میں جس نے مہلت فکر وتامل نہ پائی، ناجی۔ پائی، معاقب۔

وهو المؤید بما نقل عن امام المذهب رضی الله تعالی عنه من قوله : لا عذر لاحد الخ ۔ وحمل البخاریین لا یجری فی قوله الآخر فیما نقل عنه ۔ انه لم لم یبعث الله رسولا توجب علی الخلق معرفته بعقولهم ،، لکن اوله المحقق

Marfat.com

بحمل الوجوب على العرفى - اى لكان ينبغى لهم ذلك - اقول: ويرد على ظواهر هذه الاقوال جميعا احاديث الامتحان - وهى صحيحة كثيرة لا ترد ولا ترام - وقد عد السيوطى جملة منها قال : والمصحح منها ثلثة- الاول حديث الاسود بن سريع و ابى هريرة معا مرفوعا اخرجه احمد وابن راهويه والبيهقى وصححه وفيه : واما الذى مات فى الفترة فيقول رب ما آتانى لك رسول فيا خذ مواثيقهم ليطيعنه، فيرسل اليهم ان ادخلوا النار - فمن دخلها كانت عليه بردا و سلاما - ومن لم يدخلها سحب اليها - والثانى حديث ابى هريرة موقوفا - وله حكم الرفع لان مثله لا يقال من قبل الراى - اخرجه عبد الرزاق وابنا جرير وابى حاتم وابن المنذر فى تفاسيرهم ،واسناده صحيح على شرط الشيخين-والثالث حديث ثوبان مرفوعا اخرجه البزار والحاكم فى المستدرك وقال صحيح على شرط الشيخين واقره الذهبى - الخ - وذلك لان الامتحان يوجب الوقف والقول بشئ يخالفه بيد ان تمام وروده انما هو على الاشاعرة الذين اطلقوا القول بالنجاة اما المفصلون من اصحابنا فلهم ان يقولوا ينجو هذا ويعاقب ذلك بعد الامتحان - ولى ههنا كلام آخر فى تحقق المرام لا اذكره لخوف الاطالة وغرابة المقام - فلنرجع الى ما كنا فيه۔

یہی قول تائید یافتہ ہے اس سے جو امام مذہب رضی اللہ تعالی عنہ سے منقول ہے کہ کسی کے لئے اپنے خالق سے جاہل رہنے میں کوئی عذر نہیں۔ اور اہل بخارا کا بعد بعثت والوں پر اس قول کو محمول کرنا امام سے منقول اس دوسرے قول میں نہ چل سکے گا کہ۔ اگر اللہ تعالی کوئی رسول نہ مبعوث فرماتا تو بھی مخلوق پر اپنی عقلوں کے ذریعہ خالق کی معرفت واجب ہوتی۔

لیکن محقق ابن الہمام نے اسے وجوب عرفی پر محمول کر کے تاویل کی ہے یعنی ان کے لئے یہی مناسب ہوتا۔

اقول: ان تمام اقوال کے ظاہر پر احادیث امتحان سے اعتراض وارد ہوگا اور یہ حدیثیں صحیح بھی ہیں کثیر بھی، اس قابل نہیں کہ رد کی جائیں یا انہیں رد کرنے کا ارادہ کیا جائے۔ امام سیوطی نے ان میں کچھ حدیثیں شمار کرائی ہیں، فرمایا کہ ان میں صحیح یافتہ تین ہیں۔

Marfat.com

اول: اسود بن شریع وابو ہریرہ۔ دونوں حضرات کی حدیث مرفوع جس کی تخریج امام احمد اور ابن راہویہ اور بیہقی نے کی ہے۔ اور بیہقی نے اسے صحیح بھی کہا ہے، اس حدیث میں ہے لیکن وہ جو فترت میں مرگیا تو عرض کرے گا: خداوندا میرے پاس تیرا کوئی رسول نہ آیا تو ان سے عہد و پیمان لیگا کہ اب ضرور اس کا حکم مانیں گے تو انہیں پیغام بھیجے گا کہ دوزخ میں داخل ہو جاؤ جو داخل ہوگا اس پر ٹھنڈک اور سلامتی ہو جائے گی، جو نہ داخل ہوگا اسے گھسیٹ کر لایا جائے گا۔

دوم۔: ابو ہریرہ کی حدیث موقوف یہ بھی مرفوع کے حکم میں ہے، کیونکہ ایسی بات رائے سے نہیں کہی جاسکتی، اس کی تخریج عبدالرزاق نے کی ہے اور ابن جریر و ابن ابی حاتم و ابن المنذر نے اپنی تفاسیر میں کی ہے اس کی اسناد صحیح برشرط شیخین ہے۔

سوم: حضرت ثوبان کی حدیث مرفوع جس کی تخریج بزار نے کی ہے، حاکم نے مستدرک میں تخریج کرکے فرمایا کہ صحیح برشرط شیخین ہے اور ذہبی نے اسے مقرر رکھا، وہ اعتراض یہ ہے کہ جب فیصلہ بعد امتحان ہوگا تو ہم پر توقف لازم ہے اور کوئی صریح حکم لگادینا اس کے خلاف ہے۔

لیکن یہ سارا اعتراض ان اشاعرہ پر ہے جو مطلقا نجات کے قائل ہیں۔ لیکن ہمارے اصحاب میں سے اہل تفصیل یہ جواب دے سکتے ہیں کہ یہ ناجی ہوگا وہ معاقب لیکن فیصلہ امتحان ہوگا۔ اور یہاں تحقیق مقصود میں میرا ایک دوسرا کلام ہے جسے خوف طوالت اور اجنبیت مقام کے باعث ترک کر رہا ہوں، اب ہم اصل بحث کی طرف رجوع کریں۔

ان دونوں قولوں پر بس حکم کفر کے لئے صراحۃ اختیار شرک۔ یا برقول آخر باوصف مہلت تامل و ترک توحید کا ثبوت لازم۔ ہم پوچھتے ہیں مخالف کے پاس کیا حجت ہے کہ زمانہ فترت میں حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ تعالی عنہا موحد یا غافلہ نہ تھیں۔ حالانکہ بہت عورتوں کی نسبت یہی مظنون، "کما قدمنا عن الزرقانی عن السیوطی"۔ مخالف جو دلیل رکھتا ہو پیش کرے اور جب نہ پیش کر سکے تو رجما بالغیب حکم تبعیت پر کیوں کر منہ کھول دیا۔ کیا اطلاق کفر اور وہ بھی معاذ اللہ ایسی جگہ محض اپنے تراشیدہ اوہام پر ہو سکتا ہے؟ کیا محتمل نہیں کہ اس وقت بھی ان لوگوں میں ہوں جو بالاتفاق ناجی ہیں، تو ولد انہیں کا تابع ہوگا اور بالتبع بھی حکم کفر ہرگز صحیح نہ ہو سکے گا، علامہ شامی قدس سرہ السامی ردالمحتار میں مسلم و کافرہ سے مولود بالزنا کی نسبت

Marfat.com

فرماتے ہیں:

بظهرلی الحکم بالاسلام للحدیث الصحیح "کل مولود یو لدعلی الفطرة حتیٰ یکون ابوا ه هماالذان یهودانه او ینصرا نه فانهم قالوا انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم جعل اتفاقهما نا قلاً عن الفطرة فان لم یتفقا بقی علیٰ اصل الفطرة ۔ و ایضا حیث نظر وا الجزئیة فی تلك المسائل احتیاطا فلینظر الیها ههنا احتیاطاً ایضاً فا ن الاحتیاط فی الدین اولیٰ و لان الکفر اقبح القبیح فلا ینبغی الحکم به علی شخص بدون امر صریح ملخصاً۔

مجھے اسکے مسلمان ہونے کا حکم کرنا ہی سمجھ میں آتا ہے، اس لئے کہ حدیث صحیح ہے کہ ہر بچہ دین فطرت پر پیدا ہوتا ہے یہاں تک کہ اس کے ماں باپ دونوں ہی اس کو یہودی یا نصرانی بناتے ہیں ۔علماء نے فرمایا: کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ماں اور باپ دونوں کے اتفاق کو دین فطرت سے منتقل کرنے والا ٹھہرایا۔ تو اگر دونوں متفق ہوں تو بچہ اصلی فطرت پر رہے گا ۔دوسری وجہ یہ کہ علماء نے جب ان مسائل میں احتیاطا جزئیت کا لحاظ کیا تو یہاں بھی احتیاطا لحاظ جزئیت ہونا چاہئے، کیوں کہ دین کے معاملہ میں احتیاط ہی اولی ہے اور اس لئے بھی کہ کفر سب سے بدتر قبیح ہے تو کسی شخص پر کسی امر صریح کے بغیر حکم کفر لگانا مناسب نہیں۔

سبحان اللہ! اس جرأت کی کوئی حد ہے کہ مدعا علیہ اسد اللہ الغالب، اور دلیل گواہ مفقود وغائب۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

ثانیا: باجماع ائمہ اشاعرہ قدست اسرارھم حسن وقبح مطلقا شرعی ہیں، تو قبل شرع اصلا کسی شئی کی نسبت، ایجاب یا تحریم کچھ نہیں، بعض ائمہ ماتریدیہ تمت انوارھم بھی باآنکہ قائل عقلیت ہیں مگر تصرف عقل قبل سمع کو، مستلزم حکم وشغل ذمۂ مکلف نہیں جانتے۔ یہی مذہب امام ابن الہمام نے اختیار فرمایا اور انہیں کی تبعیت فاضل محب اللہ بہاری نے کی۔ مسلم الثبوت وفواتح الرحموت میں ہے:

(عندنا وعند المعتزله عقلی لکن عندنا) من متاخری الماتریدیة (لا یستلزم) هذا الحسن والقبح (حکما) من الله سبحانه (فی العبد) فما لم یحکم الله بارسال الرسل وانزال الخطاب لیس هناك حکم اصلا (ومن ههنا شرطنا

بلوغ الدعوۃ فی تعلق التکلیف ) فالکافر الذی لم یبلغہ الدعوۃ غیر مکلف بالایمان ایضا ولا یؤاخذ بکفرہ

(اشیاء کا حسن وقبح ہمارے نزدیک اور معتزلہ کے نزدیک عقلی ہے۔لیکن ہم متاخرین ماتریدیہ کے نزدیک یہ حسن وقبح بندے کے بارے میں اللہ سبحانہ کی طرف سے کسی حکم کو مستلزم نہیں ۔تو جب تک اللہ نے رسولوں کو بھیج کر اور خطاب نازل فرما کر کوئی حکم نہ فرمایا یہاں بالکل کوئی حکم نہیں ۔یہیں سے ہم نے کہا کہ مکلف ہونے کا تعلق اس شرط کے ساتھ ہے کہ دعوت پہنچی ہو،تو وہ کافر ہے جسے دعوت نہ پہنچی وہ ایمان کا بھی مکلف نہیں اور اس کے کفر پر بھی اس سے مواخذہ نہ ہوگا۔

نیز فواتح میں ہے:

حاصل البحث ان ھھنا ثلثۃ اقوال،الاول مذھب الاشعریۃ ان الحسن والقبح فی الافعال شرعی وکذلک الحکم ۔الثانی عقلیان وھما مناطان لتعلق الحکم ۔فاذا ادرک فی بعض الافعال کالایمان والکفر والشرک والکفران یتعلق الحکم منہ تعالی بذمۃ العبد وھو مذھب ھؤلاء الکرام والمعتزلۃ الا انہ عندنا لا یجب العقوبۃ بحسب القبح العقلی کما لا تجب بعد ورود الشرع لاحتمال العفو بخلاف ھؤلاء ۔الثالث عقلیان ولیسا موجبین ولا کاشفین عن تعلقہ وھو مختار الشیخ ابن الھمام وتبعہ المصنف ورأیت فی بعض الکتب انہ وجدت مشائخنا الذین لاقیتھم قائلین مثل قول الاشعریۃ۔ اھ

حاصل بحث یہ ہے کہ یہاں تین اقوال ہیں:

اول:مذہب اشعریہ کہ افعال کا حسن وقبح شرعی ہے۔اسی طرح حکم افعال بھی شرعی ہے

دوم:حسن وقبح عقلی ہیں اور ان پر تعلق حکم کا مدار ہے۔تو جب بعض افعال میں حکم کا ادراک ہو جائے جیسے ایمان،کفر،شرک اور کفران میں تو اللہ تعالی کی طرف سے بندے کے ذمہ حکم متعلق ہو جائے گا۔یہی ان علماء،کرام اور معتزلہ کا مذہب ہے۔مگر یہ ہے کہ ہمارے نزدیک قبح عقلی کے اعتبار سے عقوبت واجب نہیں ہو جاتی جیسا کہ ورود شرع کے بعد واجب نہیں،کیونکہ عفو کا احتمال ہے بخلاف معتزلہ کے کہ وہ واجب مانتے ہیں۔

Marfat.com

سوم: حسن وقبح عقلی ہیں اور اتنے ہی سے وہ تعلق کے موجب یا مظہر نہیں۔ یہی شیخ ابن الہمام کا مختار ہے اور مصنف نے اسی کا اتباع کیا ہے، میں نے بعض کتابوں میں پڑھا کہ میں نے اپنے ان مشائخ کو جن سے میں نے ملاقات کی ہے اشعریہ کے قول کا قائل پایا،

ان دونوں قولوں پر قبل شرع حکم اصلا نہیں۔ تو عصیان نہیں کہ عصیان مخالفت حکم کا نام ہے۔

”ولذا قال الامام ابن الهمام كيف تحقق طاعته او معصيته قبل ورود امر و نهی“

اسی لئے ابن الہمام نے فرمایا کہ امرونہی وارد ہونے سے پہلے کسی طاعت یا معصیت کا تحقق کیسے۔؟

اور جب عصیان نہیں، کفر بالاولی نہیں کہ وہ اخبث معاصی ہے۔ اور ارتفائے عام مستلزم انتفائے خاص۔ یوں بھی خود ابو طالب پر تازمان فترت حکم کفر نہ تھا۔ جب کفر کیا تبعیت کا محل نہ تھا۔

جماہیر ائمہ ماتریدیہ رضی اللہ تعالی عنہم اگرچہ عقل کو معرف حکم مانتے ہیں۔ مگر نہ مطلقا کہ یہ تو سفاہت سفہائے معتزلہ وروافض وکرامیہ وبراہمہ خذلھم اللہ تعالی ہے' بلکہ صرف امثال توحید و شکروترک کفران وکفروغیرہا امور عقلیہ غیر محتاج سمع میں۔ اس مذہب پر پھر وہی سوال ہوگا کہ حضرت فاطمہ بنت اسد کا زمان فترت میں ارتکاب شرک واجتناب توحید ثابت کرو۔ اگر نہ ثابت کرسکو تو کیا مولی المسلمین ولی رب العالمین حبیب سید المرسلین صلی اللہ تعالی علیہ وسلم پر ایسے شنیع لفظ کا اطلاق بے دلیل کردیا جائے گا؟

ثالثا: ان سب سے تنزل کیجئے اور تاظہور بعثت ان دونوں زن وشو کا کفرمان ہی لیجئے تو اب ایک ذرا انصاف درکار کہ امر دوم کا پتانہ لگا رہا، نہ رہے۔ ناسمجھ بچہ کو بہ تبعیت والدین کافر کہنے کے ہرگز ہرگز یہ معنی نہیں کہ وہ حقیقۃ کافر ہے کہ یہ تو بداہۃ باطل۔ وصف کفر یقینا اس سے قائم نہیں بلکہ اسلام فطری سے متصف ہے۔ ”کما قدمنا“ یہ اطلاق صرف ازروئے حکم ہے یعنی شرعا اس پر وہ احکام ہیں جو اس کے باپ یا اہل دار پر ہیں۔ وہ بھی نہ مطلقا بلکہ صرف دنیوی۔ مثلا وہ اپنے کافر مورث کا ترکہ پائے گا نہ مسلم کا۔ کافر وارث کو اس کا ترکہ ملے گا نہ مسلم کو۔ کافرہ سے اس کا نکاح ہوسکتا ہے نہ مسلم سے۔ وہ مرجائے تو اس کے جنازے کی نماز نہ پڑھیں

Marfat.com

گے۔ مسلمانوں کی طرح غسل وکفن نہ دیں گے مقابر مسلمین میں دفن نہ کریں گے۔ الی غیر ذلك من الا حکام الدنیویہ ۔

فتح القدیر میں ہے: تبعیة الابوین او احد هما ای فی احکام الدنیا لا فی العقبی۔

بحرالرائق میں ہے: اعلم ان المراد بالتبعیة التبعیة فی احکام الدنیا لا فی العقبی ۔

شرنبلالیہ میں ہے: التبعیة انماهی فی احکام الدنیا لا فی العقبی ۔

درمختار میں ہے: تبع له ای فی احکام الدنیا لا فی العقبی لما مر انهم خدم اهل الجنة ۔

اسی طرح عامۂ کتب میں ہے۔

اور جب یہ تبعیت صرف احکام دنیوی میں ہے تو اس کا ثبوت، احکام دنیا کے وجود پر موقوف ہے۔ اگر دنیا میں کوئی حکم ہی نہ ہو تو تبعیت کس چیز میں ہوگی؟ اور پر ظاہر کہ قبل بعثت ان امور میں کوئی حکم شرعی اصلا اجماعا متحقق نہ تھا۔ تو اس وقت کسی نا سمجھ بچے کا بہ تبعیت والدین کافر قرار پانا ہرگز وجہ صحت نہیں رکھتا۔ کہ نہ حکم نازل، نہ تبعیت حاصل۔ ھکذا ینبغی التحقیق واللہ سبحانہ ولی التوفیق۔

اس تحقیق انیق سے بتوفیق اللہ تعالی روشن ہوگیا کہ بحمدہ تعالیٰ تبعا حکما اسما وہما کسی طرح کسی نوع یہ لفظ شنیع حضرت مولی کرم اللہ تعالی وجہہ الاسنی پر صادق نہ ہوا۔ روز الست سے ابد الآباد تک ان کا دامن ایمان بامن، اس لوث سے اصلا جزما قطعا مطلقا پاک وصاف ومنزہ رہا۔ والحمد للہ رب العالمین۔　(برأت علی از شرک جاہلی ۱۵ تا ۳۱)

(۲۴) وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا۔ ☆

اور ان کے لئے عاجزی کا بازو بچھا نرم دلی سے اور عرض کر کہ اے میرے رب تو ان دونوں پر رحم کر جیسا کہ ان دونوں نے مجھے چھٹپن میں پالا۔

**﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں**

Marfat.com

والدین اگر بلا وجہ شرعی ناحق ناراض ہوں اور یہ ان کی استرضا میں حد مقدور تک کمی نہیں کرتا تو اس پر الزام نہیں، اور اس کے پیچھے نماز میں کوئی حرج نہیں اور اگر یہ ان کو ایذا دیتا ہے اس وجہ سے ناراض ہیں تو عاق ہے اور عاق سخت مرتکب کبیرہ ہے اور اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی اور امام بنانا گناہ، اور اگر ناراضی توان کی بلا وجہ شرعی تھی مگر اس نے اس کی پروانہ کی، وہ کھنچے تو یہ بھی کھنچ گیا جب تک مخالف حکم خدا ورسول ہے اسے حکم یہ نہیں دیا گیا کہ ان کے ساتھ برابری کا برتاؤ کرے بلکہ یہ حکم فرمایا گیا:

"واحفض لهما حناح الذل من الرحمة "[ ]

بچھادے ماں باپ کے لئے ذلت اور فروتنی کا باز ورحمت سے۔

اس کے خلاف واصرار سے بھی فاسق ہے اور اس کے پیچھے نماز مکروہ۔

(فتاوی رضویہ جدید ۵۵۹/۶)

**﴿۲۶﴾ وَاٰتِ ذَاالْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ۞**

اور رشتہ داروں کو ان کا حق دے اور مسکین اور مسافر کو اور فضول نہ اڑا۔

**﴿۲۷﴾ اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ ط وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ۞**

بے شک اڑانے والے شیطانوں کے بھائی ہیں اور شیطان اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے

## ﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

تبذیر کے باب میں علماء کے دو قول ہیں:

(۱) وہ اور اسراف دونوں کے معنی ناحق صرف کرنا۔

اقول: یہی صحیح ہے کہ یہی قول حضرت عبد اللہ مسعود و حضرت عبد اللہ بن عباس و عامہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنھم کا ہے، قول اول کی حدیث میں اس کی تصریح گزری اور وہی حدیث بطریق آخر ابن جریر نے یوں روایت کی: كنا اصحاب محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم نتحدث ان التبذير النفقة في غير حقه" ہم اصحاب محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تبذیر ناحق خرچ کو کہتے ہیں۔

سعید بن منصور سنن اور بخاری ادب مفرد اور ابن جریر و ابن منذر تفاسیر اور بیہقی شعب

Marfat.com

الایمان میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے راوی: المبذر المنفق فی غیرہ حقہ" ( مبذر ناحق خرچ کو کہتے ہیں۔)

ابن جریر کی ایک روایت ان سے یہ ہے:

لا تنفق فی الباطل فان المبذر هو المسرف فی غیر حقه وقال مجاهد لو انفق انسان ماله کله فی الحق ما کان تبذیرا ولو انفق مدا فی الباطل کان تبذیرا" تو باطل میں خرچ نہ کر کہ مبذر ناحق خرچ کرنے والے کو کہتے ہیں، اور مجاہد نے فرمایا کہ اگر انسان اپنا کل مال بھی حق میں خرچ کر دے تب بھی تبذیر نہیں اور اگر ایک مد بھی باطل [illegible]

نیز قتادہ سے راوی: "التبذیر النفقة فی معصیة الله تعالی وفی غیر الحق وفی الفساد "تبذیر اللہ کی نافرمانی میں خرچ کو کہتے ہیں اور اسی طرح غیر حق میں اور فساد میں خرچ کرنا تبذیر ہے۔

نہایہ و مختصر امام سیوطی میں ہے:" المباذر و المبذر المسرف فی النفقة" مبذر خرچ میں زیادتی کرنے والا۔

نیز مختصر میں ہے: ''الاسراف التبذیر "اسراف تبذیر ہے۔

قاموس میں ہے: "تبذیره اخرجه وفرته اسرافا" فضول خرچ مال کو خراب کیا یا اسراف سے جدا کیا۔

تعریفات سید میں ہے:" التبذیر تفریق المال علی وجه الاسراف" تبذیر مال کو فضول خرچی سے جدا کرنا۔

اسی طرح مختار الصحاح میں اسراف کو تبذیر اور تبذیر کو اسراف سے تفسیر کیا۔

(۲) ان میں فرق ہے۔ تبذیر خاص معاصی میں مال برباد کرنے کا نام ہے، ابن جریر عبدالرحمن بن زید بن اسلم مولائے امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی" لا تبذر تبذرا لا تعط فی المعاصی" تبذیر معاصی میں خرچ کرنا۔

اقول: اس تقدیر پر اسراف تبذیر سے عام ہوگا کہ ناحق صرف کرنا عبث میں صرف کو بھی شامل، اور عبث مطلقاً گناہ نہیں تو از آنجا کہ اسراف ناجائز ہے یہ صرف معصیت ہوگا مگر جس

Marfat.com

میں صرف کیا وہ خود معصیت نہ تھا اور عبارت " لا تعط فی المعاصی " ( اس کو نافرمانی میں مت دے۔ ) کا ظاہر یہی ہے کہ وہ کام خود ہی معصیت ہو، بالجملہ تبذیر کے مقصود و حکم دونوں معصیت ہیں اور اسراف کو صرف حکم میں معصیت لازم۔

"وهذا هو المشتهر اليوم ووقع فی التاج عن شیخه عن ائمة الاشتقاق ان التبذیر یشمل الاسراف فی عرف اللغة ، وبه صرح العلامة الشهاب فی عناية القاضی ومفاده ان التبذیر اعم ولم یفسراه۔

یہی آج کل مشہور ہے، تاج نے اپنے ائمہ اشتقاق سے نقل کیا ہے کہ لغت میں تبذیر اسراف کو بھی شامل ہے۔ اور اسی کی تصریح علامہ شہاب نے عنایت القاضی میں کی اور اس کا مفادیہ ہے کہ تبذیر اعم ہے اور دونوں نے اس کی تفسیر نہیں کی ہے۔

بعض نے یوں فرق کیا کہ مقدار میں حد سے تجاوز اسراف ہے اور بے موقع بات میں صرف کرنا تبذیر، دونوں برے ہیں اور تبذیر بدتر۔ "قال الخفاجی وفرق بینهما علی ما نقل فی الکشف بان الاسراف تجاوز فی الکمیة وهو جهل بمقادیر الحقوق والتبذیر تجاوز فی موقع الحق وهو جهل بالکیفیة وبمواقعها وکلاهما مذموم والثانی ادخل فی الذم۔

خفاجی نے کہا کہ ان دونوں میں فرق ہے۔ کشف میں ہے کہ اسراف کمیت میں حد سے تجاوز کرنا اور یہ مقدار حقوق سے جہل ہے اور تبذیر حق کے موقع سے تجاوز اور یہ کیفیت اور اس کے مقام سے جہل ہے اور یہ دونوں چیزیں مذموم ہیں، اور دوسری زائد مذموم ہے۔

اس تقدیر پر دونوں متباین ہوں گے۔ اقول: اگرچہ مقدار سے زیادہ صرف بھی بے موقع بات میں صرف ہے کہ وہ مصرف اس زیادت کا موقع ومحل نہ تھا ورنہ اسراف ہی نہ ہوتا، مگر بے موقع سے مراد یہ ہے کہ سرے سے وہ محل اصلا مصرف نہ ہو۔

بالجملہ احاطۂ کلمات سے روشن ہوا کہ وہ قطب جن پر ممانعت کے افلاک دورہ کرتے ہیں دو ہیں، ایک مقصد معصیت، دوسرا بیکار اضاعت اور حکم دونوں کا منع وکراہت۔

اقول: معصیت تو خود معصیت ہی ہے ولہذا اس میں منع مال ضائع کرنے پر موقوف نہیں، اور غیر معصیت میں جبکہ وہ فعل فی نفسہ گناہ نہیں لاجرم ممانعت میں اضاعت ملحوظ، ولہذا

Marfat.com

عام تفسیرات میں لفظ انفاق ماخوذ کہ مفید خرچ و استہلاک ہے کہ اہم بالا فادہ یہی ہے،

معاصی میں صرف معصیت ہونا تو بدیہی ہے، زید نے سونے چاندی کے کڑے اپنے ہاتھوں میں ڈالے یہ اسراف ہوا کہ فعل خود گناہ ہے اگر چہ تھوڑی دیر پہننے سے کڑے خرچ نہ ہو جائیں گے، اور بلا وجہ محض اپنی جیب میں ڈالے پھرتا ہے تو اسراف نہیں کہ نہ فعل گناہ ہے نہ مال ضائع ہوا، اور اگر دریا میں پھینک دیے تو اسراف ہوا کہ مال کی اضاعت ہوئی اور اضاعت کی ممانعت پر حدیث صحیح ناطق، صحیح بخاری و صحیح مسلم میں مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ان اللہ تعالی کرہ لکم قیل وقال و کثرۃ السوال واضاعۃ المال"۔

بے شک اللہ تعالیٰ تمہارے لئے مکروہ رکھتا ہے فضول بک بک اور سوال کی کثرت اور مال کی اضاعت،۔

یہ تحقیق معنی اسراف ہے جسے محفوظ وملحوظ رکھنا چاہئے وباللہ التوفیق۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱/۶۹۷۔۶۹۹)

یہ معلوم ہے کہ اسراف مکروہ تحریمی ہے مکروہ تنزیہی نہیں۔ بلکہ شرح شرعۃ الاسلام میں ہے: "ھو حرام وان کان فی شط النھر" اسراف حرام ہے اگر چہ نہر کے کنارے پر ہو۔ اور اس کے ساتھ نص حدیث ہے۔

حدیث اول: امام احمد وابن ماجہ وابویعلی اور بیہقی شعب الایمان میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی:

ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مر بسعد وھو یتوضأ فقال ما ھذا السرف فقال افی الوضوء اسراف قال نعم وان کنت علی نھر جار"۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر گزرے وہ وضو کر رہے تھے ارشاد فرمایا: یہ اسراف کیسا؟ عرض کی: کیا وضو میں اسراف ہے فرمایا: ہاں اگر چہ تم نہر رواں پر ہو۔

اقول: اتمام تقریب یہ کہ حدیث نے نہر جاری میں بھی اسراف ثابت فرمایا اور اسراف شرع میں مذموم ہی ہو کر آیا ہے۔ آیہ کریمہ "لا تسرفوا انہ لا یحب المسرفین" اسراف نہ کرو اللہ مسرفین کو محبوب نہیں رکھتا۔ مطلق ہے تو یہ اسراف بھی مذموم وممنوع ہی ہوگا بلکہ خود

Marfat.com

اسراف فی الوضو میں بھی صیغۂ نہی وارد اور حقیقۃً مفید تحریم۔

حدیث دوم: سنن ابن ماجہ میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے:"رأی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رجلا یتوضأ فقال لا تسرف لا تسرف" رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص کو وضو کرتے دیکھا فرمایا: اسراف نہ کر، اسراف نہ کر۔

حدیث سوم: سعید بن منصور سنن اور حاکم کنٰی اور ابن عساکر تاریخ میں ابن شہاب زہری سے مرسلا راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص کو وضو کرتے دیکھا فرمایا:۔ "عبد اللہ لا تسرف" (اللہ کے بندے اسراف نہ کر۔ت) انھوں نے عرض کی:"یا نبی اللہ فی الوضوء اسراف قال نعم (زاد الاخیران) وفی کل شیء اسراف۔ یا رسول اللہ! کیا وضو میں اسراف ہے؟ فرمایا: ہاں اور ہر شے میں اسراف کو دخل ہے۔

حدیث چہارم: ترمذی وابن ماجہ وحاکم حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ان للوضوء شیطانا یقال لہ الولھان فاتقوا وسواس الماء"

بے شک وضو کے لئے ایک شیطان ہے جس کا نام ولہان ہے تو پانی کے وسوسہ سے بچو

(فتاوی رضویہ جدید/۱۔۷۳۱۔۷۳۲)

**(۴۴) تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيهِنَّ ط وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ط اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ☆**

اس کی پاکی بولتے ہیں ساتوں آسمان اور زمین اور جو کوئی ان میں ہیں اور کوئی چیز نہیں جو اسے سراہتی ہوئی اس کی پاکی نہ بولے ہاں تم ان کی تسبیح نہیں سمجھتے بیشک وہ علم والا بخشنے والا ہے۔

## ﴿۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

**(وان من شیء الا یسبح بحمدہ)** یہ کلیہ عامہ جمیع اشیاء عالم کو شامل ہے۔ ذی روح ہو یا بے روح۔ اجسام محضہ جن کے ساتھ کوئی روح نباتی بھی مطلق نہیں، دائم التسبیح ہیں کہ "ان من شیء" کے دائرے سے خارج نہیں۔ مگر ان کی تسبیح بے منصب ولایت نہ مسموع نہ مفہوم۔ اور وہ اجسام جن سے روح انسی یا ملکی یا جنی یا حیوانی یا نباتی متعلق ہے ان کی دو تسبیحیں

Marfat.com

ہیں۔ایک تسبیح جسم، کہ اس روح مطلق کے اختیار میں نہیں، وہ اسی " ان من شیء " کے عموم میں اس کی اپنی ذاتی تسبیح ہے۔دوسری تسبیح روح، یہ ارادی اختیاری ہے اور برزخ میں ہر مسلمان کو مسموع ومفہوم۔اس تسبیح ارادی میں غفلت کی سزا حیوان ونبات کو قتل وقطع سے دی جاتی ہے۔اوراس کے بعد یا جب جانور مرجائے یا نبات خشک ہوجائے منقطع ہوجاتی ہے۔لہذا ائمۂ دین نے فرمایا: کہ تر گھاس مقابر سے نہ اکھاڑیں" فانہ ما دام رطبا یسبح اللہ فیونس المیت " کہ جب تک وہ تر ہے اللہ تعالی کی تسبیح کرتی ہے تو میت کا دل بہلتا ہے مگر قتل وقطع، اور موت ویبس کے بعد بھی وہ تسبیح کہ نفس جسم کی تھی جب تک اس کا ایک جزو لا تجزی باقی رہے گا منقطع نہ ہوگی کہ " ان من شیء الا یسبح بحمدہ "، اس روح سے متعلق نہ تھا کہ تعلق روح نہ رہنے سے منقطع ہو۔　(فتاوی رضویہ قدیم ۱۲/۱۵۶)

(۴۴)

نباتات وجمادات وتمام اجزائے عالم میں ہر ایک کے موافق ایک حیات ہے کہ اس کی بقا تک ہر شجر وحجر زبان قال سے اس رب اکبر جل جلالہ کی پاکی بولتا ہے اور سبحان اللہ سبحان اللہ یا اس کے مثل اور کلمات تسبیح الہی کہتا ہے، نہ کہ ان میں صرف زبان حال ہے جیسا کہ ظاہر بنی کا مقال ہے کہ اس تقدیر پر تر وخشک میں تفرقہ محض بے معنی تھا۔" کما لا یخفی " اور آیۂ کریمہ " ان من شیء الا یسبح بحمدہ " خود اس پر برہان قاطع کہ اس میں فرمایا: " ولکن لا تفقھون تسبیحھم " تم اس کی تسبیح نہیں سمجھتے۔ظاہر ہے کہ تسبیح حالی تو ہر شخص عاقل سمجھتا ہے یہاں تک کہ شعراء بھی کہہ گئے:

ہر گیاہے کہ از زمین روید　　　وحدہ لاشریک لہ گوید

جو گھاس بھی زمین سے اگتی ہے کہتی ہے وہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔

اور خود مذہب اہلسنت مقرر ہو چکا کہ تمام ذرات عالم کے لئے ایک نوع علم وادراک وسمع وبصر حاصل ہے۔مولوی معنوی قدس سرہ نے مثنوی شریف میں اس مضمون کو خوب مشرح ادا فرمایا اور اس پر قرآن واحادیث کی تاویل کرنا قانون عقل ونقل سے خروج بلکہ صراحۃ سفاہات مبتدعین میں ولوج ہے خصوصا جو صریح مفسر ہیں کہ تاویل کی گنجائش ہی نہیں رکھتے۔مقام اجنبی نہ ہوتا تو میں اس مسئلہ کا قدرے ایضاح کرتا۔

Marfat.com

(فتاوی رضویہ جدید ۹/۷۵۸ تا ۷۶۰)

**عن** أنس رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: مَا مِنْ صَبَاحٍ وَلَا رَوَاحٍ اِلَّا وَبِقَاعُ الْاَرْضِ یُنَادِیْ بَعْضُهَا بَعْضًا، یَاجَارَةُ! هَلْ مَرَّ بِكِ الْیَوْمَ عَبْدٌ صَالِحٌ صَلّٰی عَلَیْكِ اَوْ ذَکَرَ اللّٰهَ؟ فَاِنْ قَالَتْ: نَعَمْ، رَأَتْ اَنَّ لَهَا بِذٰلِكَ فَضْلًا۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی صبح شام ایسی نہیں ہوتی کہ زمین ٹکڑے ایک دوسرے کو پکار کرنہ کہتے ہوں کہ اے ہمسائے! آج تیری طرف کوئی نیک بندہ ہوکر نکلا جس نے تجھ پر نماز پڑھی یا ذکر الٰہی کیا۔ اگر وہ ٹکڑا جواب دیتا ہے کہ ہاں، تو پوچھنے والا ٹکڑا اعتقاد کرتا ہے کہ اسے مجھ پر فضیلت ہے۔　　فتاوی رضویہ ۶/۳۰۲

**(۵۷) اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ یَبْتَغُوْنَ اِلٰی رَبِّهِمُ الْوَسِیْلَةَ اَیُّهُمْ اَقْرَبُ وَیَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَیَخَافُوْنَ عَذَابَهٗ ط اِنَّ عَذَابَ رَبِّکَ کَانَ مَحْذُوْرًا۔☆**

وہ مقبول بندے جنہیں یہ کافر پوجتے ہیں وہ آپ ہی اپنے رب کی طرف وسیلہ ڈھونڈتے ہیں کہ ان میں کون زیادہ مقرب ہے اس کی رحمت کی امید رکھتے اور اس کے عذاب سے ڈرتے ہیں بیشک تمہارے رب کا عذاب ڈر کی چیز ہے۔

## ﴿۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

بیشک طلب وسیلہ سنت جمیلہ ہے:

تفسیر معالم التنزیل وتفسیر خازن میں ہے:

"معناہ ینظرون ایهم اقرب الی اللہ فیتوسلون به" اور بے شک اولیائے کرام دنیا وآخرت وقبر وحشر میں اپنے متوسلوں کے شفیع ومددگار ہیں۔

امام عارف باللہ سیدی عبدالوہاب شعرانی قدس سرہ "عہود محمدیہ" میں فرماتے ہیں:

"کل من کان متلقا بنبی او رسول او ولی فلا بد ان یحضرہ ویاخذ بیدہ فی الشدائد"، جوکوئی کسی نبی یا رسول یا ولی کا متوسل ہوگا ضرور ہے کہ وہ نبی وولی اس کی مشکلوں کے وقت تشریف لائیں گے اور اس کی دستگیر فرمائیں گے۔

Marfat.com

میزان الشریعۃ الکبریٰ میں فرماتے ہیں: "جمیع الائمة المجتهدین یشفعون فی اتباعهم ویلاحظونهم فی شدائدهم فی الدنیا والبرزخ ویوم القیامة حتی یجاوز الصراط " تمام ائمہ مجتہدین اپنے پیروؤں کی شفاعت کرتے ہیں اور دنیا وقبر وحشر ہر جگہ سختیوں کے وقت ان کی نگہداشت فرماتے ہیں جب تک صراط سے پار نہ ہو جائیں کہ اب سختیوں کا وقت جاتا رہا اور "لا خوف علیهم ولا هم یحزنون " کا زمانہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے آ گیا، نہ انہیں کوئی خوف ہو نہ کچھ غم۔ وللہ الحمد

نیز فرماتے ہیں: ان ائمة الفقهاء والصوفیة کلهم یشفعون فی مقلدیهم ویلاحظون احدهم عند طلوع روحه وعند سوال منکر ونکیر له وعند النشر والحشر والحساب والمیزان والصراط ولا یغفلون عنهم فی موقف من المواقف " بیشک پیشوا اولیا وعلما اپنے اپنے پیروؤں کی شفاعت کرتے ہیں اور جب ان کی پیروؤں کی روح نکلتی ہے، جب منکر نکیر اس سے سوال کرتے ہیں، جب اس کا حشر ہوتا ہے، جب اس کا نامہ اعمال کھلتا ہے، جب اس سے حساب لیا جاتا ہے، جب اس کے عمل تلتے ہیں، جب وہ صراط پر چلتا ہے، ہر وقت ہر حال میں اس کی نگہبانی کرتے ہیں اصلا کسی جگہ اس سے غافل نہیں ہوتے۔

نیز فرماتے ہیں:" ولما مات شیخنا شیخ الاسلام الشیخ ناصر الدین اللقانی رآه بعض الصالحین فی المنام فقال له ما فعل الله بك فقال لما اجلسنی الملکان فی القبر لیسألانی اتاهما الامام مالك فقال مثل هذا ایحتاج الی سوال فی ایمانه بالله ورسوله تنحیا عنه فتنحیا عنی "

یعنی جب ہمارے استاذ شیخ الاسلام امام ناصر الدین لقانی مالکی رحمہ اللہ تعالی کا انتقال ہوا، بعض صالحین نے ان کو خواب میں دیکھا پوچھا اللہ تعالی نے آپ کے ساتھ کیا کیا؟ فرمایا: جب منکر نکیر نے مجھے سوال کے لئے بٹھایا، امام مالک رضی اللہ تعالی عنہ تشریف لائے اور فرمایا :ایسا شخص بھی اس کی حاجت رکھتا ہے کہ اس سے اللہ ورسول پر ایمان کے بارے میں سوال کیا جائے، الگ ہو جاؤ اس کے پاس سے وہ فورا مجھ سے الگ ہو گئے۔

نیز فرماتے ہیں: واذا کان مشائخ الصوفیة یلاحظون اتباعهم ومریدهم فی

Marfat.com

جمیع الاھوال والشدائد فی الدنیا والآخرۃ فکیف بائمۃ المذاھب " جب اولیا ہرہول و سختی کے وقت اپنے پیرووں اور مریدوں کا دنیا وآخرت میں خیال رکھتے ہیں تو ائمہ مذاہب کا کیا کہنا، رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین۔

مولانا نورالدین جامی قدس سرہ السامی نفحات الانس شریف میں حضرت مولوی معنوی قدس سرہ القوی سے نقل کرتے ہیں کہ قریب وصال مبارک اپنے مریدوں سے فرمایا:

درحالتے کہ باشید مرایاد کنید تا من شمارا ممد باشم در ہر لباسے کہ باشم"

یعنی ہر حال میں مجھے یاد کرو کہ میں ہر لباس میں تمہاری مدد کرونگا۔

جناب مرزا مظہر جانجاناں صاحب ( کہ وہابیہ کے امام الطائفہ اسمٰعیل دہلوی کے نسباً وعلماً دادا طریقۃ پردادا) شاہ ولی اللہ صاحب ان کو قیم طریقۂ احمدیہ وداعی سنت نبویہ لکھتے ہیں اور کہتے کہ (ہند وعرب وولایت میں ایسا متبع کتاب وسنت نہیں بلکہ سلف میں بھی کم ہوئے) اپنے ملفوظات میں فرماتے ہیں:

التفات غوث الثقلین بحال متوسلاں طریقۂ علیہ ایشاں بسیار معلوم شد باہیچ کس از اہل ایں طریقہ ملاقات شد کہ توجہ مبارک آنحضرت بحالش مبذول نیست۔

نیز فرمایا: عنایت حضرات خواجہ نقشبند بحال معتقدان خود معروف ست مغلاں در صحراہا وقت خواب اسباب واسپاں خود بحمایت حضرت می سپارند وتائیدات از غیب ہمراہ ایشاں میشود۔

قاضی ثناء اللہ پانی پتی ( کہ مولوی اسحق نے مأۃ مسائل واربعین میں ان سے استناد کیا اور جناب مرزا مظہر صاحب ممدوح ان کے پیرومرشد نے مکتوب (۵) میں ان کو فضیلت وولایت مآب مروج شریعت ومنور طریقت ونور مجسم وعزیز ترین موجودات ومصدر انوار فیوض وبرکات لکھا اور منقول کہ جناب شاہ عبدالعزیز صاحب انہیں بیہقی وقت کہتے ) اپنے رسالہ تذکرۃ الموتی میں لکھتے ہیں۔

اولیا اللہ دوستاں ومعتقداں را در دنیا وآخرت مددگاری می فرمایند ودشمناں راہلاک می نمایند واز ارواح بطریق اویسیت فیض باطنی میرسد۔

زید گمراہ کی یہ شدید جہالت وضلالت قابل تماشا کہ دربار الٰہی میں محتاج ہونے کو نفی شفاعت کی دلیل ٹھہرایا حالانکہ یہ محتاجی ہی منشاء شفاعت ہے، جہاں محتاجی نہ ہو خود اپنے حکم سے

Marfat.com

جو چاہے کر دیا جائے۔شفاعت کی کیا حاجت ہو۔پھر انبیا و اولیا سب کی شفاعت سے مطلقاً انکار صریح بد دینی اور بحکم فقہا موجب اکفار ہے۔فقہائے کرام کے نزدیک وہ منکر کافر ہے۔

امام اجل ابن الہمام فتح القدیر شرح ہدایہ میں فرماتے ہیں:" لا تجوز الصلاۃ خلاف منکر الشفاعۃ لا نہ کا فر "منکر شفاعت کے پیچھے نماز نہیں ہو سکتی۔اس لئے کہ وہ کافر ہے۔اسی طرح وہ فتاویٰ خلاصہ و بحر الرائق وغیرہما میں ہے،فتاویٰ تاتارخانیہ پھر طریقہ محمدیہ میں ہے:" من انکر شفاعۃ الشافعین یوم القیٰمۃ فھو کافر " قیامت میں شفیعوں کی شفاعت کا منکر کافر ہے۔

(فتاویٰ افریقہ ۱۳۵ تا ۱۳۸)

**(۶۵) اِنَّ عِبَادِیْ لَیْسَ لَکَ عَلَیْھِمْ سُلْطٰنٌ ط وَکَفٰی بِرَبِّکَ وَکِیْلًا۔☆**

بیشک جو میرے بندے ہیں ان پر تیرا کچھ قابو نہیں اور تیرا رب کافی ہے کام بنانے کو۔

## ﴿۷﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(اس آیت میں فرمایا کہ میرے بندوں پر شیطان کا قابو نہیں چلے گا اور احتلام شیطان کے دخل سے ہوتا ہے،لہذا) فی الواقع حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور تمام انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام احتلام سے پاک و منزہ ہیں۔

(فتاویٰ رضویہ جدید ۱۵/۱۵۵)

**عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال : ما احتلم نبی قط ، وانما الاحتلام من الشیطان۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کہ کبھی کسی نبی کو احتلام نہیں ہوا ،کیونکہ احتلام تو شیطانی وساوس کی بنیاد پر ہی ہوتا ہے۔

## ﴿۸﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

کعب احبار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے جو مروی ہوا کہ یاجوج و ماجوج نطفۂ احتلام سیدنا حضرت آدم علیہ السلام سے بنے ہیں،اول کعب ہی سے اس کا ثبوت صحت کو نہ پہونچا،اس کا ناقل ثعلبی حاطب لیل ہے،نجومی نے حسب عادت ان کا اتباع کیا،پھر کعب صاحب

Marfat.com

اسرائیلیات ہیں، ان کی روایت کہ مقررات دین کے خلاف ہو، مقبول نہیں۔

(فتاوی رضویہ ۶/ ۲۷۸)

**(۷۸) اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِدُلُوْکِ الشَّمْسِ اِلٰی غَسَقِ الَّیْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِط اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ کَانَ مَشْھُوْدًا۔☆**

نماز قائم رکھو سورج ڈھلنے سے رات کی اندھیری تک اور صبح کا قرآن بے شک صبح کے قرآن میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔

## ﴿۹﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

( **ان قراٰن الفجر کان مشھودا.** سے صلاۃ رغائب پر استدلال فرمایا کہ یہ بھی ملائکہ کے حاضر ہونے کے وقت سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالی عنہ نے پڑھی تھی )

شیخ محقق اعلم علماء الہند مولانا عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ ماثبت بالسنۃ میں حدیث صلوٰۃ الرغائب پر محدثین کا کلام ذکر کرکے ارشاد فرماتے ہیں:

ھذا ما ذکرہ المحدثون علی طریقتھم فی تحقیق الاسانید ونقد الاحادیث وعجبا منھم یبالغوا فی ھذا الباب ھذہ المبالغۃ ویکفیھم ان یقولوالم یصح عندنا ذلک واعجب من الشیخ محی الدین النوری مع سلوکہ طریق الانصاف فی الابواب الفقھیۃ وعدم تعصبہ مع الحنفیۃ کما ھو داب الشافعیۃ فما نحن فیہ اولی بذلک لنسبتہ الی المشائخ العظام والعلماء الکرام قدس اسرارھم،،

یعنی وہ کلام ہے کہ محدثین نے اپنے طریقہ تحقیق اسناد وتنفید آثار پر ذکر کیا اور ان سے اس قدر مبالغہ کا تعجب ہے انہیں اتنا کہنا کافی نہ تھا کہ حدیث ہمارے نزدیک درجۂ صحت کو نہ پہنچی اور زیادہ تعجب امام محی الدین نودی سے ہے کہ وہ تو مسائل فقہ میں راہ انصاف چلتے ہیں اور دیگر شافعیہ کی طرح حنفیہ کے ساتھ تعصب نہیں رکھتے، تو یہ مسئلہ جس میں ہم بحث کررہے ہیں زیادہ انصاف وترک افراط کے لائق تھا اس لئے کہ یہ فعل اولیائے عظام وعلمائے کرام قدست اسرارہم کی طرف منسوب ہے۔

پھر شیخ محقق رحمۃ اللہ تعالی علیہ نے دربار صلوۃ الرغائب خود نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم

سے ایک حدیث بحوالہ جامع الاصول کتاب امام رزین سے نقل کی جس کی وضع اس لئے ہے کہ صحاح ستہ کی حدیثیں جمع کرے اور اس کے آخر میں ابن اثیر نے نقل کیا۔

ھذا الحدیث مما وجدته فی کتاب رزین ولم اجده فی واحد من الکتب الستة والحدیث مطعون فیه۔

یعنی یہ حدیث میں نے کتاب رزین میں پائی اور صحاح ستہ میں مجھے نہ ملی اور اس پر جرح ہے۔

پھر فرمایا: ''وقد وقع فی کتاب بهجة الاسرار ذکر لیلة الرغائب فی ذکر سیدنا وشیخنا القطب الربانی وغوث الصمدانی الشیخ محی الدین عبد القادر الحسینی الجیلانی رضی الله تعالی عنه قال اجتمع المشائخ وکانت لیلة الرغائب الی آخر ما ذکر من الحکایة وذکر ایضا انه نقل عن الشیخین القدوتین الشیخ عبد الوهاب والشیخ عبد الرزاق قالا بکر الشیخ بقا بن بطو سحر یوم الجمعة الخامسة من رجب السنة ثلث واربعین وخمسمائة الی مدرسة والدنا الشیخ محی الدین عبد القادر رضی الله تعالی عنه وقال لنا الا سئلتمونی عن سبب بکور الیوم انی رأیت البارحة نورا اضائت الافاق وعم اقطار الوجود ورایت اسرار ذوی الاسرار فمنها ما یتصل به ومنها ما یمنعه مانع من الاتصال به وما اتصل به سر الا تضاعف نوره فطلبت ینبوع ذلك النور فاذا هو صادر عن الشیخ عبد القادر فاردت الکشف عن حقیقته فاذا هو نور شهوده قابل نور قلبه وتقادح هذان النوران وانعکس ضیائوهما علی مرائه و اتصلت اشعته المتقادحات من محط جمعه الی وصف قربه فاشرق به الکون ولم یبق ملك نزل اللیلة الا اتاه وصافحه واسمه عندهم الشاهد والمشهود قالا فاتیناه رضی الله تعالی عنه وقلنا له اصلیت اللیلة صلوة الرغائب فانشد۔

اذا نظرت عینی وجوه حبائبی — فتلك صلاتی فی لیالی الرغائب

وجوه اذا ما اسفرت عن جمالها — اضائت بها الاکوان من کل جانب

ومن لم یوف الحب ما یستحقه — فذاك الذی لم یأت قط بواجب

Marfat.com

ما نقله الشیخ قدس سره والذی رأه العبد الضعیف غفر الله له فی البھجة الکریمة ھکذا ولم یبق ملک انزل اللیلة الی الارض واتاه وصافحه ،،

یعنی کتاب مستطاب بہجۃ الاسرار شریف میں حضور پرنور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالی عنہ کے ذکر اقدس میں صلوۃ الرغائب کا ذکر آیا ہے کہ شب رغائب میں اولیاء جمع ہوئے الی آخر کلماتہ، نیز امام ابوالحسن نورالدین علی قدس سرہ نے بسند خود حضرات عالیات سیدنا سیف الدین عبدالوہاب وسیدنا تاج الدین ابوبکر عبدالرزاق ابنائے حضور پرنور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کی کہ روز جمعہ پنجم رجب ۵۴۳ھ کو حضرت شیخ بقا بن بطو قدس سرہ العزیز صبح تڑکے مدرسہ انور حضور پرنور رضی اللہ تعالی عنہ میں حاضر ہوئے اور ہم سے کہا مجھ سے پوچھتے نہیں کہ اس قدر اول وقت کیوں آیا، میں نے آج کی رات ایک نور دیکھا جس سے تمام آفاق روشن ہوگئے اور جمیع اقطار عالم کو عام ہوا اور میں نے اہل اسرار کے اسرار دیکھے کہ کچھ اس نور سے متصل ہوئے ہیں اور کچھ کسی مانع کے سبب اتصال سے رک گئے ہیں، جو اس سے اتصال پاتا ہے اس کا نور دوبالا ہوجاتا ہے، تو میں نے غور کیا کہ اس نور کا خزانہ ومنبع کیا ہے؟ کہاں سے چمکا ہے ناگاہ کھلا کہ یہ نور حضور پرنور سیدنا شیخ عبدالقادر رضی اللہ تعالی عنہ سے صادر ہوا ہے، اب میں نے اس کی حقیقت پر اطلاع چاہی تو معلوم ہوا کہ یہ حضور کے مشاہدہ کا نور ہے کہ حضور کے نور قلب سے مقابل ہوکر ایک کی جوت دوسرے پر پڑی اور دونوں کی روشنی حضور کے آئینہ حال پر منعکس ہوئی اور یہ آپس میں ایک دوسرے کی جوت بڑھانے والے نوروں کے بقعے حضور کے مقام جمع سے منزلت قرب تک متصل ہوئے کہ سارا جہان اس سے جگمگا اٹھا اور جتنے فرشتے اس رات اترے تھے سب نے حضور کے پاس آکر حضور سے مصافحہ کیا۔

اور بہجۃ الاسرار شریف میں فقیر نے یوں دیکھا کہ کوئی فرشتہ باقی نہ رہا جو اس رات زمین پر نہ اترا اور حضور کے پاس آکر مصافحہ نہ کیا ہو، یعنی ملائکہ اللہ زمین پر آئے اور محبوب خدا سے مصافحے کئے، فرشتوں کے یہاں حضور کا نام پاک شاہد مشہود ہے (شاہد کی مشاہد ہوا لے ہیں اور مشہود کہ سب ملائکہ ان کے پاس آئے ”قال تعالی: ان قرآن الفجر کان مشھودا ای تشھد الملئکة“ ) دونوں شاہزادگان دوجہاں نے فرمایا ہم سنکر حضور پرنور کے پاس حاضر ہوئے اور حضور سے عرض کی: کیا آج کی رات حضور نے صلوۃ الرغائب پڑھی (یعنی جس کے

Marfat.com

انوار یہ چمکے یہ شب شب رغائب ہی تھی کہ رجب کی نوچندی شب جمعہ تھی) حضور پرنور رضی اللہ تعالی عنہ نے اس پر یہ اشعار ارشاد فرمائے۔

جب میری آنکھ میری پیاریوں کے چہرے دیکھے تو یہ شبہائے رغائب میں میری نماز ہے۔ وہ چہرے کے جب اپنے جمال کا جلوہ دکھائیں تو ہر طرف سے سارا جہان چمک اٹھے اور جس نے محبت کا حق پورا نہ کیا وہ کبھی کوئی واجب نہ لایا (پیاریاں عالم اقدس کی تجلیاں ہیں) واللہ تعالی اعلم۔　　(فتاوی رضویہ جدید ۷/۴۳۴۔۴۳۷)

**(۷۹) وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ عَسٰى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا۔☆**

اور رات کے کچھ حصہ میں تہجد کرو یہ خاص تمہارے لئے زیادہ ہے قریب ہے کہ تمہیں تمہارا رب ایسی جگہ کھڑا کرے جہاں سب تمہاری حمد کریں۔

## ﴿۱۰﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(اس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر نماز تہجد کی فرضیت پر استدلال ہے)

تو اس مسئلہ کی بنا حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم پر تہجد فرض ہونے نہ ہونے پر رہی۔ اگر حضور پر فرض نہ تھا تو بوجہ مواظبت امت کے لئے سنت ہوگا ورنہ مستحب۔

"قال قدس سرہ بقی ان صفة صلوۃ اللیل فی حقنا السنیة اوالا ستحباب یتوقف علی صفتها فی حقه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فان کانت فرضا فی حقه فهی مندوبة فی حقنا لان الادلة القولیة فیها انما تفید الندب والمواظبة الفعلیة لیست علی تطوع لتکون سنة وان کانت تطوعا فسنة لنا۔

امام ابن ہمام قدس سرہ نے فرمایا کہ باقی رہا معاملہ رات کی نماز کا کہ آیا ہمارے حق میں سنت ہے یا مستحب، تو یہ بات اس پر موقوف ہے کہ وہ سرور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے حق میں کیا تھی۔ اگر وہ آپ پر فرض تھی تو ہمارے حق میں مستحب ہے، کیونکہ ادلہ قولیہ اس کے بارے میں مستحب ہونے کا فائدہ دیتی ہیں اور مواظبت فعلیہ نفل پر نہیں کہ وہ ہمارے حق میں سنت بن جائے، اور اگر آپ کے لئے یہ نفل تو ہمارے لئے سنت ہوگی۔

اب اس منی کو دیکھئے تو اس میں بھی قول جمہور مذہب مختار و منصور حضور پرنور صلی اللہ تعالی

Marfat.com

علیہ وسلم کے حق میں فرضیت ہے، اسی پر ظاہر قرآن عظیم شاہد اور اسی طرف حدیث مرفوع وارد۔

"قا ل اللہ تعالی: یاایھا المزمل قم اللیل، وقال تعالی: ومن اللیل فتھجد بہٖ"

اللہ تعالی کا فرمان ہے اے چادر اوڑھنے والے رات کو قیام کیا کرو۔ دوسرے مقام پر فرمایا: رات کو تہجد ادا کیا کرو۔

ان آیتوں میں خاص حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو امر الٰہی مفید وجوب۔

ولا ینا فیہ قو لہ تعالی: نا فلۃ فا لنا فلۃ الزیا دۃ ای زا ئدۃ فرا ئضك او فی درجا تك بتخصیص ایجا بہ بك فا ن الفرائض اعظم درجا ت واکبر تفضیلا بل مؤیدہ قو لہ تعا لی :لك، قا ل الاما م ابن الھمام : ربما یعطی التقیید با لمجر ور ذ لك فا نہ اذا کا ن النفل المتعا رف یکو ن کذ لك لہ ولغیرہ۔

اللہ تعالی کا نافلہ فرمانا اس وجوب کے منافی نہیں، کیونکہ نافلہ کا معنی زائدہ ہے، اب معنی ہوگا کہ آپ کے فرائض یا درجات میں یہ اضافہ ہے کہ آپ پر یہ لازم وواجب ہے، کیونکہ فرائض سب سے بڑے درجہ وفضیلت پر فائز کرنے کا سبب بنتے ہیں، بلکہ اس کی تائید اللہ تعالی کے اس ارشاد :لك، سے ہورہی ہے۔ امام ابن ہمام کہتے ہیں: کہ بعض اوقات مجرور،،ک،، کے ساتھ مقید کرنا اسی بات کا فائدہ دیتا ہے (یعنی یہ فرائض میں آپ کے لئے فائدہ ہے) کیونکہ متعارف نوافل صرف آپ ہی کے لئے نہیں بلکہ اس میں آپ اور دیگر لوگ مشترک ہیں۔

طبرانی معجم اوسط اور بیہقی سنن میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے راوی حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا:

"ثلث ھن علی فر ائض وھن لکم سنۃ الوتر والسواك وقیا م اللیل"

تین چیزیں مجھ پر فرض اور تم پر واجب ہیں: وتر، مسواک، قیام شب۔

اقول: والحدیث ان لم یصلح حجۃ فقد استظھر بظا ھر الکتاب العزیز، وقد نص المحقق نفسہ فی الفتح القدیر مسئلۃ امرأ ۃ المفقو د ان الحدیث الضعیف یصلی مر جحالا مثبتا بالا صا لۃ قال ومو افقۃ ابن مسعود مرجح اخر۔

اقول: اگر چہ یہ حدیث حجت نہیں بن سکتی مگر قرآن عزیز کے ظاہر سے اس کی تائید ہو رہی ہے اور خود محقق نے فتح القدیر میں مسئلہ مفقود کی بیوی کے تحت لکھا ہے کہ حدیث ضعیف کسی

Marfat.com

شئی کی اصل کو ثابت نہیں کرسکتی البتہ مرجح بن سکتی ہے اور کہا کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ کی موافقت دوسرا مرجح ہے۔

اقول :وھھنا موافقۃ سلطان المفسرین مرجح آخر

امر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بقیام اللیل وکتب علیہ دون امتہ "حضور سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو قیام شب کا حکم تھا حضور پر فرض تھا امت پر نہیں۔

امام محی السنۃ بغوی معالم میں فرماتے ہیں:

کانت صلوۃ اللیل فریضۃ علی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی الابتداء وعلی الامۃ، ثم صار الوجوب منسوخا فی حق الامۃ، وبقی فی حق النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ابتداء قیام شب سرور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اور آپ کی امت دونوں پر فرض تھا، پھر امت کے حق میں وجوب منسوخ ہوگیا لیکن رسالتمآب صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے حق میں وجوب باقی رہا۔ اھ تلخیصا۔

فتح القدیر میں ہے: "علیہ کلام الاصولیین من مشائخنا" (ہمارے مشائخ اصولیین کی رائے یہی ہے۔

شرح مواہب زرقانی میں ہے:"ھو قول الاکثر ومالک" (اکثر علماء اور امام مالک کا یہی قول ہے)

مواہب میں ہے:

ھذا ما صححہ الرافعی ونقلہ النووی عن الجمھور" (رافعی نے اسی کی تصحیح کی اور نووی نے اسے جمہور سے نقل کیا ہے۔

شیخ محقق مولانا عبدالحق محدث دہلوی اشعۃ اللمعات میں فرماتے ہیں:

مختار آن ست کہ از امت منسوخ شد بر آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم باقی ماند تا آخر وقد حقق ذلک فی موضعہ۔

مختار یہی ہے کہ امت سے منسوخ ہے اور سرور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے حق میں یہ وجوب تمام عمر باقی رہا اور اس کی تحقیق اس کے مقام پر ہوئی ہے۔

Marfat.com

تو یوں بھی سنیت تہجد ثابت نہ ہوئی، اور وہی مذہب استحباب موید بقول جمہور ومشرب ومختار ومنصور رہا۔

اقول: شک نہیں کہ تہجد ابتدائے امر میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضور کی امت سب پر فرض تھا، "کما شهدت به سورة المزمل" صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ،، (جیسا کہ اس پر سورۂ مزمل گواہ ہے۔) تو اب ان کی فرضیت ثبوت ناسخ پر موقوف، امت کے حق میں ناسخ بدلیل اجماع امت ثابت" وان لم نعلم سند الاجماع " (اگرچہ ہم اس اجماع کی سند سے آگاہ نہیں) حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے باب میں دعویٰ کو بھی کوئی ایسی ہی روشن دلیل چاہئے جواپنے افادہ میں احتمالات سے منزہ ہوں،"فان الاحتمال یقطع الاستدلال ولا یقوم بامر محتمل حجة( کیونکہ احتمال استدلال کو ختم کردیتا ہےاورامر محتمل حجت نہیں ہوسکتا)

حدیث ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا: ان اللہ عزوجل افترض قیام اللیل فی اول هذه السورة فقام نبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم واصحابه حولا وامسك الله خاتمتها اثنی عشر شهرا فی السماء حتی انزل الله فی اٰخر هذه السورة التخفیف فصار قیام اللیل تطوعا بعد فریضة رواه مسلم وابو داؤد والنسائی۔

اللہ عزوجل نے اس سورۃ کی ابتدا میں قیام شب فرض فرمایا تو سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے ایک سال تک قیام کیا اور اس سورۃ کے آخری حصہ کو اللہ تعالیٰ نے بارہ ماہ تک آسمان پر روکے رکھا حتی کہ اس سورۃ کے آخر میں تخفیف نازل ہوئی تو فرض ہونے کے بعد اب قیام شب نفل بن گیا۔ اس کو مسلم ابوداؤد اور نسائی نے روایت کیا۔

یہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نسخ میں نص نہیں ولہذا علامہ زرقانی نے شرح مواہب میں فرمایا:

دلالته لیست بقویة لاحتماله (اس کی دلالت احتمال کی وجہ سے (حضور اکرم کے حق میں نسخ پر) قوی نہیں۔

Marfat.com

رسائل الارکان مولانا بحر العلوم میں ہے:

هذا لا يقنع به القائل بالفريضة لانه يقول لعل ام المومنين ارادت ان صلوة الليل كانت فريضة على الامة ثم نسخها الله تعالى عن الامة وصارت نفلا واما عليه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فبقيت الفريضة كما كانت يظهر من خاتمة سورة المزمل اه

اقول: كانه يريد قوله تعالى: علم ان لم تحصوه فتاب عليكم، وقوله تعالى: علم ان سيكون منكم مرضى وآخرون يضربون في الارض يبتغون من فضل الله ،فالظاهر ان الخطاب فيه للامة ـ

جوحضور پر فرضیت تہجد کا قائل ہے وہ ام المومنین رضی اللہ تعالی عنہ کے اس فرمان سے قانع نہیں ہوسکتا، کیونکہ وہ کہہ سکتا ہے آپ کا مقصد یہ بیان کرنے کا ہے کہ پہلے قیام شب امت پر فرض تھا پھر فرض منسوخ ہوکر نفل ہوگیا۔ رہا معاملہ سرور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا تو وہاں یہ فرض ہی باقی رہا جیسا کہ خاتمۂ سورۃ سے ظاہر ہورہا ہے، اھ

اقول: شاید اس سے ان کی مراد خاتمہ سورۃ کے یہ الفاظ ہوں کہ اللہ تعالی نے فرمایا: وہ جانتا ہے اے مسلمانو! تم سے رات کا شمار نہ ہوسکے گا تو اس نے اپنے کرم سے تم پر رجوع فرمایا۔ اور اللہ تعالی کا فرمان: وہ جانتا ہے کہ عنقریب تم میں کچھ بیمار ہونگے اور کچھ زمین پر سفر کریں گے ،اللہ کا فضل تلاش کریں گے۔ کیونکہ ظاہر یہی ہے کہ یہاں خطاب امت کے لئے ہے۔

ثم اقول: ہمیں احتمال کافی خصوصا جبکہ بوجہ عدیدہ اس کا پتہ چلتا ہو۔

اولاً: اسی حدیث میں لفظ ابوداؤد یوں ہیں:

قال (اى سعد بن هشام) قلت حدثيني عن قيام الليل قالت الست تقرء يا ايها المزمل ،قال قلت :بلى قالت :فان اول هذه السورة نزلت فقام اصحاب رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم حتى انتفخت اقدامهم وحبس خاتمتها في السماء اثنى عشر شهرا ثم نزل آخرها فصار قيام الليل تطوعا بعد فريضة ـ

اس (یعنی سعد بن ہشام) نے کہا: کہ میں نے عرض کیا: کہ مجھے قیام شب کے بارے میں بیان کیجئے تو ام المومنین نے فرمایا: کیا تو نے سورۃ" یا ایھا المزمل "نہیں پڑھی؟ عرض کیا

Marfat.com

کہ ہاں پڑھی ہے۔ فرمایا: اس سورۃ کا ابتدائی حصہ جب نازل ہوا تو حضور کے اصحاب نے یہاں تک قیام کیا کہ ان کے پاؤں سوج گئے، لیکن اس کا آخری حصہ بارہ ماہ تک آسمان پر روک لیا، پھر جب آخری حصہ نازل فرمایا تو قیام شب فرض ہونے کے بعد نفل بن گیا

ثانیا: خودام المومنین سے حدیث گزری کہ قیام لیل حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر فرض اور امت کے لئے سنت تھا۔

ثالثا: اسی طرح ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے نسخ ذکر فرمایا کما رواہ ابوداؤد (جیسا کہ ابوداؤد نے اسے روایت کیا ہے۔ حالانکہ وہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں فرضیت مانتے ہیں کما تقدم۔

رابعا: جب ام المومنین کا ارشاد ان تک پہنچا فرمایا: ''صدقت کما بیناہ مسلم والنسائی'' (انھوں نے سچ فرمایا، جیسا کہ اسے مسلم اور نسائی نے بیان فرمایا ہے) اور فرمایا'' ھذا واللہ ھو الحدیث کما عند ابی داؤد'' (اللہ کی قسم یہ وہی حدیث ہے جیسا کہ ابوداؤد کے یہاں ہے۔) اگر اس کے معنی وہ اپنے خلاف سمجھتے، بیان فرماتے۔

ثم اقول (پھر میں کہتا ہوں) بلکہ تحقیق یہ ہے کہ آخر سورۃ نے مطلق قیام لیل نسخ نہ فرمایا بلکہ اول سورۃ میں جو نصف شب یا قریب بہ نصف کے تقدیر تھی اسے منسوخ فرما کر مطلق قیام کی فرضیت باقی رکھی لقولہ تعالیٰ: فتاب علیکم فاقرؤا ماتیسر من القرآن۔ (کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اللہ تعالیٰ نے اپنے کرم سے تم پر رجوع فرمایا ہے کہ اب تم اتنا قرآن پڑھو جو تم پر آسان ہو۔ اس کے بعد پھر دوبارہ نسخ مطلق ہو کر استحباب رہا ہے۔

جلالین شریف میں ہے: خفف عنھم بقیام ما تیسر منہ ثم نسخ ذلک بالصلوات الخمس۔ اللہ تعالیٰ نے تخفیف فرماتے ہوئے آسانی کے ساتھ بندوں پر قیام رکھا پھر یہ قیام پانچ نمازوں کی فرضیت کے بعد منسوخ ہوگیا۔

کشاف وارشاد العقل، وغیرہما میں ہے:

عبر عن الصلاۃ بالقراۃ لانھا بعض ارکانھا کما عبر عنھا بالقیام والرکوع والسجود یرید فصلوا ما تیسر علیکم ولم یعذر من صلاۃ اللیل وھذا ناسخ للاول ثم نسخ جمیعا بالصلوات الخمس۔

Marfat.com

یہاں نماز کو قرات سے تعبیر فرمایا ہے کیونکہ قرات نماز کا رکن ہے جیسا کہ نماز کو قیام، رکوع اور سجود کے ساتھ تعبیر کیا ہے، مقصد یہ بنا کہ تم اتنی نماز پڑھتے رہو جو تم پر آسان ہو لیکن قیام شب نہیں چھوڑ سکتے، اور یہ حکم ابتدائے سورۃ کے لئے ناسخ پھر پانچ نمازوں کا حکم ان سب کے لئے ناسخ قرار پایا۔

تفسیر کرخی فتوحات الہیہ میں ہے هذا هو الاصح (یہی اصح ہے۔ام المومنین یقیناً ناسخ اول کا ذکر فرما رہی ہیں، ہم تسلیم کرتے ہیں کہ اس میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی داخل، پھر اس سے انتفائے فرضیت کہاں حاصل، ناسخ ثانی میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دخول کب ثابت ہوا، نہ ہرگز اس میں کوئی نص نازل، تو حدیث مذکور سے انتفائے وجوب پر تمسک سرے سے زائل۔

وههنا تحقيقات أخر اجل واعز آتينا بها بتوفيق الله العلى الاكبر فى رسالة لنا صنفناها بعد ورود هذا السوال فى تحقيق هذا المقال سميناها "رعاية المنة فى ان التهجد نفل ام سنة ،، فليتظر ثمه والحمد لله على كشف الغمة " یہاں دیگر نہایت اہم تحقیقات ہیں اللہ کی توفیق سے ان کا ذکر ہم نے اس سوال کے ورود کے بعد اپنے ایک رسالے (جس کو ہم نے اسی مقال کی تحقیق میں تصنیف کیا ہے) میں کیا ہے اس کا نام ،، رعاية المنة فى ان التهجد نفل ام سنة ، اس کا مطالعہ کیجئے اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے عقدے کھول دیئے۔

ثم اقول وبالله التوفيق: فقیر کے نزدیک اسی مبحث میں تحقیق یہ ہے کہ یہاں دو چیزیں ہیں، صلاۃ لیل، نماز تہجد۔صلاۃ لیل ہر وہ نماز نفل کہ جو بعد فرض عشاء رات میں پڑھی جائے۔حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

"ماكان بعد صلاة العشاء فهو من الليل رواه الطبرانى عن اياس بن معوية المزنى رضى الله تعالى عنه بسند حسن ۔ جو نماز بعد عشاء پڑھی جائے وہ سب نماز شب ہے، اسے طبرانی نے سند حسن کے ساتھ حضرت ایاس بن معاویہ المزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے۔

یہ بیشک سنت مؤکدہ ہے کہ اس میں عشاء کی سنت بعدیہ بلکہ سنت فجر بھی داخل، صحیحین

Marfat.com

میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے: کانت صلوته صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فی شهر رمضان وغیره ثلث عشرة رکعة باللیل ومنها رکعتا الفجر۔
"آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز شب رمضان وغیرہ میں تیرہ رکعتیں تھیں، ان میں دو رکعات فجر کی بھی ہیں۔

اس معنی پر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صلوۃ اللیل کو بعد فرائض ہر نماز سے افضل بتایا" کما لمسلم عن ابی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه یرفعه افضل الصلاۃ بعد الفریضة صلوۃ اللیل۔

جیسا کہ مسلم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ فرائض کے بعد افضل نماز رات کی نماز ہے۔

ورنہ جمہور علماء کا اتفاق ہے کہ سنن راتبہ سب مسنون نمازوں سے افضل ہیں، اور ہمارے ائمہ کا اجماع ہے کہ سنت فجر راتبہ سے بھی اعلیٰ واجل، اور نماز تہجد وہ نفل کے بعد فرض عشاء قدرے سو کر طلوع فجر سے پڑھی جائیں۔

طبرانی حجاج بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ہیں:

"انما تهجد المرء یصلی الصلاۃ بعد رقده ۔ قدرے سو کر آدمی جو نماز ادا کرے اسے تہجد کہا جاتا ہے۔

معالم میں ہے:

التهجد لا یکون الا بعد النوم۔ تہجد سونے کے بعد ہوتی ہے۔

حلیہ میں قاضی حسین سے ہے: "انه فی الاصطلاح صلوۃ التطوع فی اللیل بعد النوم "۔ اصطلاح میں رات میں سونے کے بعد نوافل کی ادائیگی کو تہجد کہا جاتا ہے

ولہذا ردالمحتار میں فرمایا:

صلوۃ اللیل و قیام اللیل اعم من التهجد۔ رات کی نماز اور قیام لیل سے تہجد عام ہے۔

یہ مستحب سے زائد نہیں ورنہ سونا بھی سنت موکدہ ہو جائے اور شب بیداری گناہ ٹھہرے کہ تہجد سنت موکدہ ہوئی اور وہ بے نوم حاصل نہیں ہو سکتی، اور سنت موکدہ کا حصول جس پر

Marfat.com

موقوف ہے وہ سنت موکدہ ہے۔ لا ن حکم المقدمة حکم ما هي مقدمة له" کیونکہ مقدمہ کا حکم وہی ہوتا ہے جو اس پر موقوف ہونے والے کا ہے۔ اور سنت موکدہ کا ترک مطلق یا بعد عادت هناه اور بعد اصرار کبیرہ، شب بیداری کی غایت یہ تھی کہ مستحب ہوتی مگر جب وہ ترک سنت مؤکدہ کی موجب تو مستحب کیسی ..مکروہ وممنوع ہونی لازم، کوئی مستحب کیسی ہی فضیلت والا ہو جب کسی سنت موکدہ کے فوت کا موجب ہو مستحب نہیں ہوسکتا مذموم ہوگا۔

ہمارے امام مذہب سیدنا امام اعظم رضی اللہ تعالی عنہ نے پینتالیس برس عشاء کے وضو سے صبح کی نماز پڑھی، کیا معاذ اللہ پینتالیس سال کامل ترک سنت موکدہ پر اصرار فرمایا''

فقد ظهر الحق واسفر الفلق وبقية الكلام في نمث الرسالة والحمد لله رب الجلا له " ( حق واضح ہو گیا صبح طلوع ہوگئی اور بقیہ کلام ہمارے اس مذکورہ رسالہ میں ہے، حمد ہے صاحب جلال رب کی ۔ واللہ سبحانہ وتعالی اعلم ۔

(فتاوی رضویہ جدید ۷/۴۰۲_۴۱۰)

صحیح بخاری شریف میں ہے: حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے عرض کی گئی: مقام محمود کیا چیز ہے؟ فرمایا: هو الشفاعة، وہ شفاعت ہے۔

آیت: "ولسوف يعطيك ربك فترضى" اور قریب تر ہے تجھے تیرا رب اتنا دیگا کہ تو راضی ہو جائے گا۔

دیلمی مسند الفردوس میں امیر المومنین مولی علی کرم اللہ تعالی وجہہ سے راوی، جب یہ آیت اتری حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا: اذن لا ارضى وواحد من امتي في النار" یعنی جب اللہ تعالی مجھ سے راضی کردینے کا وعدہ فرماتا ہے تو میں راضی نہ ہوں گا اگر میرا ایک امتی بھی دوزخ مین رہا، اللهم صل وسلم وبارك عليه

طبرانی اوسط اور بزار مسند اس جناب مولی المسلمین رضی اللہ تعالی عنہ سے راوی حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

"اشفع لامتي حتى ينا ديني ربي ارضيت يا محمد فا قول اى ربي رضيت ۔ "میں اپنی امت کی شفاعت کروں گا یہاں تک کہ میرا رب پکارے گا اے محمد تو راضی ہوا؟ میں عرض کروں گا اے میرے رب میں راضی ہوا۔

Marfat.com

آیت: قال اللہ تعالی واستغفر لذنبك وللمؤمنین والمؤمنات ''اس آیت میں اللہ تعالی اپنے حبیب افضل الصلوۃ والتسلیم " کوحکم دیتا ہے کہ مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کے گناہ مجھ سے بخشواؤ۔اور شفاعت کا ہے کا نام ہے؟

آیت: قال اللہ تعالی: ولو انھم اذ ظلموا انفسھم جاؤك فاستغفروا اللہ واستغفرلھم الرسول لوجدوا اللہ توابا رحیما۔" اور جب اپنی جانوں پر ظلم کریں تیرے پاس حاضر ہوں پھر خدا سے استغفار کریں اور رسول ان کی بخشش مانگے تو بے شک اللہ تعالی کوتوبہ قبول کرنے والامہربان پائیں۔

اس آیت میں مسلمانوں کوارشادفرماتا ہے: اگر گناہ ہوجائیں تواس نبی کی سرکار میں حاضر ہوں اور اس سے درخواست شفاعت کرو۔محبوب تمہاری شفاعت فرمائے گا تو یقیناً ہم تمہارے گناہ بخش دیں گے۔

آیت: "قال اللہ تعالی واذ قیل لھم تعالوا یستغفر لکم رسول اللہ لووا رؤسھم " ۔جب ان منافقوں سے کہاجائے آؤ رسول اللہ تمہاری مغفرت فرمائیں گے تو اپنے سر پھیر لیتے ہیں۔

اس آیت میں منافقوں کا حالِ بدمآل ارشاد ہوا کہ حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے شفاعت نہیں چاہتے۔پھر جو آج نہیں چاہتے وہ کل نہیں پائیں گے۔اور جو کل نہ پائیں گے وہ 'کل' نہ پائیں گے۔ اللہ دنیا اور آخرت میں ان کی شفاعت سے ہمیں بہرہ مند فرمائے۔

حشر میں ہم بھی سیر دکھیں گے　　منکر آج ان سے التجا نہ کرے

وصلی اللہ تعالی علی شفیع المذنبین وآلہ وصحبہ وحزبہ اجمعین۔

شفاعت کبریٰ کی حدیثیں جن میں صاف صریح ارشاد ہوا کہ عرصات محشر میں وہ طویل دن ہوگا کہ کاٹے نہ کٹے،اور سروں پر آفتاب اور دوزخ نزدیک،اس دن سورج میں دس برس کامل کی گرمی جمع کریں گے اور سروں سے کچھ ہی فاصلہ پرلاکر رکھیں گے،پیاس کی وہ شدت کہ خدا نہ دکھائے،گرمی وہ قیامت کی کہ اللہ بچائے،بانسوں پسینہ زمین میں جذب ہوکراوپر چڑھے گا،یہاں تک کہ گلے گلے سے بھی اونچا ہوگا،جہاز چھوڑیں تو بہنے لگیں،لوگ اس میں غو

Marfat.com

طے کھائیں گے، گھبرا گھبرا کر دل حلق میں آجائیں گے، تو ان عظیم آفتوں میں جان سے تنگ آ کر شفیع کی تلاش میں جا بجا پھریں گے، آدم و نوح و خلیل و کلیم و مسیح علیہم الصلوۃ والسلام کے پاس حاضر ہو کر جواب صاف سنیں گے، سب انبیاء فرمائیں گے ہمارا یہ مرتبہ نہیں، ہم اس لائق نہیں، ہم سے یہ کام نہ نکلے گا، نفسی نفسی۔ تم اور کسی کے پاس جاؤ، یہاں تک کہ سب حضور پرنور خاتم النبیین سید الاولین والآخرین شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہونگے، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم "انا لہا انا لہا" فرمائیں گے، یعنی میں ہوں شفاعت کے لئے۔ پھر اپنے رب کریم جل جلالہ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر سجدہ کریں گے، ان کا رب تبارک وتعالیٰ ارشاد فرمائے گا: یا محمد ارفع رأسك وقل تسمع وسل تعط واشفع تشفع۔ اے محمد اپنا سر اٹھاؤ اور عرض کرو تمہاری بات سنی جائے گی اور مانگو کہ تمہیں عطا ہوگا اور شفاعت کرو کہ تمہاری شفاعت قبول ہے۔ یہی مقام محمود ہوگا جہاں تمام اولین وآخرین میں حضور کی تعریف وحمد وثنا کا غل پڑ جائے گا اور موافق ومخالف سب پر کھل جائے گا، بارگاہ الٰہی میں جو وجاہت ہمارے آقا کی ہے کسی کی نہیں۔ اور ملک عظیم جل جلالہ کے یہاں جو عظمت ہمارے مولیٰ کے لئے ہے کسی کے لئے نہیں۔ والحمد للہ رب العالمین۔

(فتاوی رضویہ قدیم ۔۱۱/۱۳۴ تا ۱۳۶)

**عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہما قال: سئل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عن المقام المحمود فقال ہو الشفاعۃ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سوال ہوا مقام محمود کیا ہے؟ ارشاد فرمایا: شفاعت۔

**عن** أبی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: سئل عنہا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یعنی قولہ تعالیٰ "عسی ان یبعثك ربك مقاما محمودا" فقال: ہی الشفاعۃ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے آیت کریمہ عسی ان یبعثك الآیہ کی تفسیر معلوم کی گئی تو فرمایا: وہ شفاعت ہے۔

**عن** عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: ان اللہ عز وجل اتخذ ابراہیم

Marfat.com

خليلا ، وان صاحبكم صلى الله تعالىٰ عليه وسلم خليل الله واكرم الخلق على الله ،ثم قرأ عسىٰ ان يبعثك ربك مقاما محمودا ، قال : يقعده عليالعرش۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ بیشک اللہ عزوجل نے حضرت ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام کوخلیل بنایا،اور بیشک تمہارے آقا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے خلیل اورتمام خلق سے اس کے نزدیک عزیزوجلیل ہیں۔پھر یہی آیت تلاوت کرکے فرمایا:اللہ تعالیٰ انہیں روز قیامت عرش پر بٹھائیگا۔

## ﴿۱۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

امام عبدبن حمید وغیرہ مفسرین حضرت مجاہد تلمیذرشید حضرت حبر الامہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اس آیت کی تفسیر میں راوی۔

يجلسه الله تعالىٰ معه على العرش ۔ معالم التنزیل ۳/۵۲۱

اللہ تعالیٰ عرش پر انہیں اپنے ساتھ بٹھائے گا۔

یعنی معیت تشریف وتکریم ،کہ وہ جلوس ومجلس سے پاک ومتعال ہے امام قسطلانی مواہب لدنیہ میں ناقل،امام علامہ سید الحفاظ شیخ الاسلام ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

مجاہد کا یہ قول نہ ازروئے نقل مدفوع نہ ازجہت نظر ممنوع،اور نقاش نے امام ابوداؤد صاحب سنن سے نقل کیا۔

من انكر هذا القول فهو متهم

جواس قول سے انکار کرے وہ متہم ہے۔

اسی طرح امام دارقطنی نے اس قول کی تصریح فرمائی اوراس کے بیان میں چنداشعارنظم کئے۔کما فی نسیم الریاض ۲/۳۴۳وہ اشعاریہ ہیں۔

حديث الشفاعة عن احمد ☆ الى احمد المصطفى لسندة

وقدجاء الحديث باقعاده ☆ على العرش ايضا ولا نحجده

امروا الحديث على وجهه ☆ ولا تد خلوا فيه ما يفسده

ولا تنكروا انه قاعد ☆ و لا تنكرو ا انه يقعده

Marfat.com

حضور شفیع المذنبین رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت کے سلسلہ میں حدیث مسند مرفوع مروی ہے۔ نیز حدیث میں یہ بھی مروی ہوا کہ اللہ تعالیٰ عرش اعظم پر حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو متمکن فرمائیگا ہم اس کا انکار نہیں کرتے، اس سلسلہ میں حدیث شریف کو اس کے متن وسند کو درست جانو اس میں کسی طرح کا طعن مناسب نہیں نہ اس بات کا انکار کرو کہ حضور عرش بریں پر جلوس فرمائیں گے اور نہ اس بات کا انکار کرو کہ اللہ تعالیٰ انکو اس مقام رفیع پر فائز فرمائیگا۔

درحقیقت یہ امام واحدی پر ان حضرات کا رد و انکار ہے کہ انہوں نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عرش اعظم پر جلوس فرمانے کا نہایت شد و مد سے انکار کیا اور محض بطور جزاف اس کو قول فاسد کہہ کر رد کر دیا۔ پہلے تو کہا معاملہ بہت سخت ہو گیا ہے۔ پھر بولے: عرش الٰہی پر جلوس کی بات وہی کہہ سکتا ہے جس کی عقل میں فتور ہو اور دین سے ہاتھ دھو بیٹھا ہو۔ پھر اسی طرح اپنے گمان فاسد کو ثابت کرنے کے لئے بے معنی دلائل دینے کی کوشش کی۔ لیکن علمائے کرام علیہم الرحمۃ والرضوان نے ان کے اقوال، کو مردود کہا، جیسا کہ ہماری پیش کردہ تصریحات سے واضح ہے اور مزید تفصیل کے لئے مواہب لدنیہ اور اس کی عظیم وجلیل شرح زرقانی کی طرف رجوع کیجئے۔

امام واحدی کی سب سے بڑی دلیل اس مقام پر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ''مقامامحمودا'' فرمایا: ''مقعدا'' نہیں اور مقام موضع قیام کو کہا جاتا ہے نہ کہ موضع قعود کو۔

امام زرقانی نے اس کا جواب یوں دیا۔

مقام کو اسم مکان نہ مانکر مصدر میمی مانا جائے اور یہ مصدر مفعول مطلق کے قائم مقام قرار دیا جائے تو مطلب یوں ہوگا۔ عسی ان یبعثک بعثا محمودا۔

**اقول** وباللہ التوفیق: عرش اعظم پر جلوس محمدی کی رفعت و بزرگی تواضع کے بعد ہوگی۔ خود حضور فرماتے ہیں:

جس نے اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے تواضع کی اللہ تعالیٰ اس کو بلند فرمائیگا۔ تو عرش اعظم پر جلوس اس وقت ہوگا جبکہ حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گنہگاران امت کے لئے رب کے حضور قیام کرینگے اور بارگاہ رب العزت سے شفاعت کا پروانہ مل جائیگا تو وہ

Marfat.com

مکان مقام محمود ہوگا اور پھر مقعد محمود یعنی عرش الٰہی پر جلوس۔

اللہ تعالیٰ کے کلام مبارک میں اس طرح کے نظائر کثیر ہیں کہ بعض چیزوں کے ذکر پر اقتصار ہوتا ہے۔ جیسے واقعۂ معراج میں صرف مسجد حرام سے مسجد اقصی تک کا سفر مذکور ہے اور باقی سے سکوت۔ وغیرہ

نیز احادیث سے ثابت ہے کہ حضور شفیع الامم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رب العزت کے حضور ایک ہفتہ یا دو ہفتہ کی مقدار طویل سجدہ کرینگے پھر سر سجدہ سے اٹھائینگے۔ تو اللہ تعالیٰ نے اس وقت کے احوال کا نام مقام محمود تو رکھا لیکن مسجد محمود نہ رکھا۔ چنانچہ جب سجود کی نفی نہیں سمجھی گئی تو قعود و جلوس عرش بریں کی نفی کیوں سمجھی جا رہی ہے۔

امام واحدی یہ بھی کہتے ہیں کہ،

مثلا جب یہ کہا جائے کہ بادشاہ نے فلاں شخص کو بھیجا تو اس سے یہ ہی سمجھا جاتا ہے کہ اس شخص کو قوم کی مشکلات حل کرنے کے لئے بھجا گیا ہے نہ کہ یہ مفہوم لیا جائے کہ بادشاہ نے اس کو اپنے ساتھ بٹھالیا۔

امام زرقانی فرماتے ہیں: یہ قول و مثال مردود ہے۔ کہ یہ ایک عادی چیز کی مثال انہوں نے دی کیا اس سے تخلف جائز نہیں۔ علاوہ اس کے یہ بھی ہیکہ آخرت کے احوال کو دنیا کے احوال پر قیاس نہیں کیا جاتا۔

**اقول** و باللہ التوفیق: اللہ تعالیٰ کا حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بھیجنا اس لئے ہوگا کہ سب اللہ کے حضور جمع ہوں تا کہ ان کا حساب و کتاب ہو محض کسی قوم کے پاس بھیجنا مراد نہیں۔ تو ممکن کہ بھیجنا واپسی پر جلوس کے لئے ہے نہ کہ محض ارسال و بھیجنا مقصود ہے۔ ساتھ ہی یہ بات بھی پیش نظر رہے کہ بھیجنا جس طرح جلوس کا غیر ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ کے حضور قیام کا بھی مغائر ہے۔ تو کیا اس قیل و قال سے مقام محمود کی نفی کے بھی درپے ہو۔ ولکن الھوس یاتی بالعجائب۔

امام زرقانی نے فرمایا:

کہ واحدی کا یہ کہنا کہ عرش اعظم پر جلوس محمدی کا قائل کم عقل اور بے دین ہی ہو سکتا ہے'' محض جزاف و اٹکل ہے جو کسی طالب علم کو زیب نہیں دیتی چہ جائیکہ عالم و فاضل۔

Marfat.com

جبکہ یہ بات جلیل القدر تابعی حضرت مجاہد سے ثابت ہے، نیز اس کے مثل دو صحابہ کرام حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بھی مروی ہوا۔

**قلت:** بلکہ تین صحابۂ کرام سے کہ تیسرے حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالی عنہ ہیں، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت آنے والی ہے۔

یہ سب کچھ لکھنے کے بعد میں نے ایک مرفوع حدیث بھی اس سلسلہ میں دیکھی جسکو امام جلیل حضرت جلال الدین سیوطی نے درمنثور میں امام دیلمی کے حوالہ سے نقل کیا۔

**عن** عبد الله بن عمر رضى الله تعالى عنهما قال :قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: عسى ان يبعثك ربك مقاما محمودا ، قال : يجلسني معه على السرير ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آیت کریمہ عنقریب آپ کا رب آپکو مقام محمود عطا فرمائیگا، کی تفسیر یہ ہے کہ رب تبارک وتعالی مجھے عرش اعظم پر اپنے ساتھ بٹھائیگا۔

مطلب ہم نے پہلے واضح کردیا کہ یہ معیت تشریف وتکریم ہے۔

ابن تیمیہ نے اس مقام پر سچی بات کہہ دی ہے کہ ثعلبی کے ساتھی واحدی فنون عربیہ میں ان سے آگے تھے لیکن اتباع سلف میں نہایت دور تھے۔ حالانکہ ابن تیمیہ خود بھی سلف کی اتباع میں کوسوں دور رہے اور بہت کچھ مخالفت کی۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ اسی کو مانو جو ہم نے امام ابوداؤد صاحب سنن، امام دارقطنی، اور امام عسقلانی وغیرہم اکابر اہل سنت اور ائمہ دین وملت کے اقوال وارشادات سے ثابت کیا ہیں۔ ہرگز اس طرف توجہ نہ دینا جو اپنے گمان کے مطابق اس کے منکر ہیں جبکہ ان کی حیثیت بھی وہ نہیں جو ان حضرات کی ہے، والحمد للہ رب العالمین۔

**(۸۴) قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ط فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا۔☆**

تم فرماؤ سب اپنے کینڈے پر کام کرتے ہیں تو تمہارا رب خوب جانتا ہے کون زیادہ راہ پر ہے۔

Marfat.com

## ﴿۱۲۰﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(اس آیت میں ہے کہ ہر شخص اپنے ہی طریقہ پر کاربند رہتا ہے، تو جو لوگ مسلمانوں کی دن رات تکفیر کرتے ہیں ان کا بھی اشارۃ اس میں ذکر ہے کہ)

پھر ستم بر ستم یہ کہ وہ ان محرمات کا صرف ارتکاب ہی نہیں کرتے، انہیں حلال ومباحات بلکہ افضل حسنات بلکہ اہم واجبات سمجھتے ہیں۔ ہیہات اگر تاویل کا قدم درمیان نہ ہوتا تو کیا کچھ ان کے بارے میں کہنا نہ تھا، اللہ تعالی نے یہ دین پر استقلال اور کلمہ طیبہ کا ادب وجلال بمنہ وکرمہ ہم اہلسنت ہی کو عطا فرمایا ہے کہ بد مذہبان گمراہ ہماری تکفیر کریں ہم پاس کلمہ سے قدم باہر نہ دھریں، وہ ہر وقت اس فکر میں کہ کسی طرح ہم کو مشرک بنائیں، ہم ہمیشہ اس خیال میں کہ جہاں تک ممکن ہو انہیں مسلمان ہی بتائیں۔ جیسے وہ بھونکی اونٹنی جس کے پیچھے ہری بولیں رہیں اور ان میں شیر اور آگے صاف میدان پھر آباد شہر، وہ بولوں کی ہریالی پر مہاریں توڑتی اور پلٹی جاتی ہے کہ خود بھی ہلاک ہو اور سوار کو بھی مہلکہ میں ڈالے، سوار مہمیزیں کرتا تازیانے لگاتا آگے بڑھاتا کہ آپ بھی نجات پائے اور اسے بھی بچالے۔

هو ناقتي خلفي وقدامي الهوى  وانى وايا ها لمختلفان

میری سواری کی خواہش میرے پیچھے ہے اور میری خواہش آگے ہے اور میں اور وہ دونوں مختلف ہیں۔ (فتاوی رضویہ جدید ۶/۶۹۰)

(۱۰۶) وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا۔☆

اور قرآن ہم نے جدا جدا کر کے اتارا کہ تم اسے لوگوں پر ٹھہر ٹھہر کر پڑھو اور ہم نے اسے بتدریج رہ رہکر اتارا۔

## ﴿۱۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس آیت کی تفسیر سورۃ فرقان آیت ۳۲ میں ملاحظہ کریں۔۔ مرتب۔۱۲۔

Marfat.com

# سورة الكهف

بسم الله الرحمن الرحيم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

﴿۵۷﴾وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَاقَدَّمَتْ يَدٰهُ ط اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ط وَاِنْ تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ يَّهْتَدُوْٓا اِذًا اَبَدًا ۔☆

ان کی ہنسی بنالی اور اس سے بڑھکر ظالم کون جسے اس کے رب کی آیتیں یاد دلائی جائیں تو وہ ان سے منھ پھیر لے اور اس کے ہاتھ جو آگے بھیج چکے اس بھول جائے ہم نے ان کے دلوں پر غلاف کردیئے ہیں کہ قرآن نہ سمجھیں اور ان کے کانوں میں گرانی اور اگر تم انہیں ہدایت کی طرف بلاؤ تو جب بھی ہر گز کبھی راہ نہ پائیں گے۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اسی طرح وعظ علماء کو مکروہ سمجھ کے نہ سننا اور وہاں سے چلا جانا ظلم عظیم ہے۔

(فتاوی رضویہ جدید ۶/۴۴۶)

﴿۶۵﴾فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا۔☆

تو ہمارے بندوں میں ایک بندہ پایا جسے ہم نے اپنے پاس سے رحمت دی اور اسے اپنا علم لدنی عطا کیا۔

﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

سیدنا خضر علیہ السلام جمہور کے نزدیک نبی ہیں اور ان کو خاص طور سے علم غیب عطا ہوا ہے۔

**عن** عبد الله بن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما قال : حد ثنى ابى بن كعب رضى

Marfat.com

اللہ تعالیٰ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال : ان موسی ھو نبی بنی اسرائیل سأل ربہ فقال ای رب ! ان کان فی عبادك احد ھو اعلم منی فادللنی علیہ فقال لہ : نعم فی عبادی من ھو اعلم منك ، ثم نعت لہ مکانہ و اذن لہ فی لقیہ ، فخرج موسی معہ فتاہ و معہ حوت ملیح ، و قد قیل لہ اذا حی ھذا الحوت فی مکان فصاحبك ھنالك و قد ادرکت حاجتك ، فخرج موسی و معہ فتاہ ، و معہ ذلك الحوت یحملانہ ، فسار حتی جھدہ السیر ، وانتھی الی الصخرۃ و الی ذلك الماء ، ماء الحیاۃ ، ومن شرب منہ خالد ، ولا یقاربہ شئ میت الا حی ، فلما نزلا ، ومس الحوت الماء حی ، فاتخذ سبیلہ فی البحر سربا ، فانطلقا ، فلما جاوزا منقلبہ قال : موسی : آتنا غداء نا لقد لقینا من سفرنا ھذا نصبا ، قال الفتی و ذکر ، ا رأیت اذ اوینا الی الصخرۃ فانی نسیت الحوت و ما انسانیہ الا الشیطان ان اذکرہ و اتخذ سبیلہ فی البحر عجبا ، قال ابن عباس فظھر موسی علی الصخرۃ حین انتھیا الیھا ، فاذا رجل متلفف فی کساء لہ فسلم موسی فرد علیہ العالم ، ثم قال لہ : و ما جاء بك ؟ ان کان لك فی قومك لشغل ؟ قال لہ موسی : جئتك لتعلمنی مما علمت رشدا ، قال انك لن تستطیع معی صبرا و کان رجلا یعلم علم الغیب قد علّم ذلك ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ مجھ سے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حضرت موسیٰ پیغمبر بنی اسرائیل نے اللہ تبارک وتعالیٰ سے عرض کی: اے میرے رب! اگر تیرے بندوں میں مجھ سے زیادہ علم والا کوئی اس وقت ہے تو مجھے اس کی طرف ہدایت فرما، فرمایا ہاں میرا ایک بندہ ہے، پھر اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اس جگہ کی نشانی بتائی کہ جاؤ ملاقات کرو، حضرت موسیٰ اپنے ساتھ یوشع بن نون کو لے کر تشریف لے چلے، زادراہ کے لئے ایک مچھلی بھنی ہوئی ساتھ تھی، انہیں یہ نشانی بتائی گئی تھی کہ جہاں یہ مچھلی زندہ ہوجائے وہی تمہاری ملاقات کی جگہ ہے، حضرت موسیٰ کو جب سفر کی تکان محسوس ہوئی تو ایک چٹان اور ندی کے پاس قیام پذیر ہوئے، اس ندی کا پانی آب حیات تھا، کہ جو پی لے ہمیشہ زندہ رہے، اور کسی

Marfat.com

مردہ کو مس ہو جائے تو وہ بھی زندہ ہو جائے جب آپ نے وہاں قیام فرمایا اور مچھلی کو پانی مس ہوا تو وہ زندہ ہو گئی اور وہ پانی میں کود گئی پھر سفر شروع ہوا جب وہاں سے گزر گئے تو حضرت موسیٰ نے حضرت یوشع سے فرمایا: ہمیں سفر کی مشقت نے نڈھال کر دیا ہے لاؤ کھانا کھلاؤ، وہ بولے : کیا آپ کو معلوم نہیں کہ جب ہم نے اس چٹان کے پاس قیام کیا تو مچھلی زندہ ہو کر پانی میں کود گئی تھی اور میں آپ کو بتانا بھول گیا، یہ شیطان کی طرف سے تھا کہ میں یاد نہ رکھ سکا اور آپ کو نہ بتا سکا، حضرت ابن عباس فرماتے ہیں: پھر حضرت موسیٰ اسی چٹان کے پاس پہونچے تو دیکھا کہ ایک صاحب چادر اوڑھے آرام فرما ہیں، حضرت موسیٰ نے سلام پیش کیا، انہوں نے اس طرح جواب دیا گویا خوب جانتے ہیں، پھر فرمایا: آپ یہاں کیوں تشریف لائے ہیں؟ آپ کو تو آپ کی قوم میں بہت سے کام ہیں، حضرت موسیٰ نے کہا: میں اس لئے آیا ہوں کہ آپ سے وہ چیزیں حاصل کروں جن کا صحیح صحیح علم آپ کو ملا ہے، فرمایا: میرے ساتھ تم صبر نہیں کر سکو گے ۔ بات یہ تھی کہ حضرت خضر کو اللہ تعالیٰ نے علم غیب سکھایا تھا اور وہ غیب کے عالم تھے۔ ۱۲م

(فتاوی ۱۲/۲۲)

تفسیر بیضاوی میں اس آیت کے تحت ہے۔"ای مما تختص بنا و لا یعلم بتوفیقنا و ھو علم الغیوب" یعنی اللہ عزوجل فرماتا ہے: وہ علم کہ ہمارے ساتھ خاص ہے اور بے ہمارے بتائے ہوئے معلوم نہیں ہوتا وہ علم غیب ہم نے خضر کو عطا فرمایا ہے

تفسیر ابن جریر میں حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے :"قال انك لن تستطیع معی صبرا و کان رجلا یعلم علم الغیب قد علم ذلك" خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام نے موسیٰ علیہ السلام سے کہا کہ آپ میرے ساتھ نہ ٹھہر سکیں گے، خضر علم غیب جانتے تھے انہیں علم غیب دیا گیا تھا۔

اسی میں ہے: عبداللہ بن عباس نے فرمایا: خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کہا: لم تحط من علم الغیب بما اعلم "جو علم غیب میں جانتا ہوں آپکا علم اسے محیط نہیں۔

امام قسطلانی مواہب لدنیہ شریف میں فرماتے ہیں:"النبوۃ ھی الاطلاع علی الغیب "نبوت کے معنی ہی یہ ہیں کہ علم غیب جاننا۔

اسی میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم مبارک "نبی" کے بیان میں فرمایا:"النبوۃ

Marfat.com

ماخوذہ من النبأ و ھو الخبر ای ان اللہ تعالٰی اطلعه علی غیبه" حضور کو نبی اس لئے کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو اپنے غیب کا علم دیا۔

اسی میں ہے:" قد اشتھر و انتشر امرہ صلی اللہ تعالٰی علیه و سلم بین اصحابه بالاطلاع علی غیب" بے شک صحابہ کرام میں مشہور و معروف تھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو غیبوں کا علم ہے۔

اسی کی شرح زرقانی میں ہے:"اصحابه صلی اللہ علیه و سلم جازمون باطلاعه علی الغیب صحابہ کرام یقین کے ساتھ حکم لگاتے تھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو غیب کا علم ہے۔

علی قاری شرح بردہ شریف میں فرماتے ہیں:"علمه صلی اللہ تعالٰی علیه و سلم حاوی لفنون العلم "(الی ان قال) و منھا علمه بالامور الغیبیة" رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم اقسام علوم کو حاوی ہے، غیبوں کا علم بھی علم حضور کی شاخوں سے ایک شاخ ہے۔

(خالص الاعتقاد ۱۴ تا ۱۵)

**﴿۶۵﴾فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا۔☆**

تو ہمارے بندوں میں ایک بندہ پایا جسے ہم نے اپنے پاس سے رحمت دی اور اسے اپنا علم لدنی عطا کیا۔

**﴿۶۶﴾قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا۔☆**

اس سے موسیٰ نے کہا کیا میں تمہارے ساتھ رہوں اس شرط پر کہ تم مجھے سکھا دو گے نیک بات جو تمہیں تعلیم ہوئی۔

**﴿۶۷﴾قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا۔☆**

کہا آپ میرے ساتھ ہرگز نہ ٹھہر سکیں گے۔

**﴿۶۸﴾وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا۔☆**

اور اس بات پر کیوں صبر کریں گے جسے آپ کا علم محیط نہیں۔

**﴿۶۹﴾قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا۔☆**

Marfat.com

کہا عنقریب اللہ چاہے تو تم مجھے صابر پاؤ گے اور میں تمہارے کسی حکم کے خلاف نہ کرونگا۔

〈۷۰〉قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِیْ فَلَا تَسْئَلْنِیْ عَنْ شَیْءٍ حَتّٰۤی اُحْدِثَ لَکَ مِنْهُ ذِکْرًا۔

کہا تو اگر آپ میرے ساتھ رہتے ہیں تو مجھ سے کسی بات کو نہ پوچھنا جب تک میں خود اس کا ذکر نہ کروں۔

〈۷۱〉فَانْطَلَقَا قف حَتّٰۤی اِذَا رَکِبَا فِی السَّفِیْنَةِ خَرَقَهَا ط قَالَ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ج لَقَدْ جِئْتَ شَیْئًا اِمْرًا۔☆

اب دونوں چلے یہاں تک کہ جب کشتی میں سوار ہوئے اس بندہ نے اسے چیر ڈالا موسیٰ نے کہا کیا تم نے اسے اس لئے چیرا کہ اس کے سواروں کو ڈبا دو بے شک یہ تم نے بری بات کی۔

〈۷۲〉قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّکَ لَنْ تَسْتَطِیْعَ مَعِیَ صَبْرًا۔☆

کہا میں نہ کہتا تھا کہ آپ میرے ساتھ ہرگز نہ ٹھہر سکیں گے۔

〈۷۳〉قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِیْ بِمَا نَسِیْتُ وَلَا تُرْهِقْنِیْ مِنْ اَمْرِیْ عُسْرًا۔☆

کہا مجھ سے میری بھول پر گرفت نہ کرو اور مجھ پر میرے کام میں مشکل نہ ڈالو۔

〈۷۴〉فَانْطَلَقَا قف حَتّٰۤی اِذَا لَقِیَا غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ لا قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَکِیَّةً بِغَیْرِ نَفْسٍ ط لَقَدْ جِئْتَ شَیْئًا نُکْرًا۔☆

پھر دونوں چلے یہاں تک کہ جب ایک لڑکا ملا اس بندہ نے اسے قتل کر دیا موسیٰ نے کہا کیا تم نے ایک ستھری جان بے کسی جان کے بدلے قتل کر دی بیشک تم نے بہت بری بات کی۔

〈۷۵〉قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّکَ اِنَّکَ لَنْ تَسْتَطِیْعَ مَعِیَ صَبْرًا۔☆

کہا میں نے آپ سے نہ کہا تھا کہ آپ ہرگز میرے ساتھ نہ ٹھہر سکیں گے۔

〈۷۶〉قَالَ اِنْ سَاَلْتُکَ عَنْ شَیْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِیْ ج قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّیْ عُذْرًا۔☆

کہا اس کے بعد میں تم سے کچھ پوچھوں تو پھر میرے ساتھ نہ رہنا بے شک میری

Marfat.com

طرف سے تمہارا عذر پورا ہو چکا۔

﴿۷۷﴾ فَانْطَلَقَا حَتّٰی اِذَآ اَتَیَآ اَهْلَ قَرْیَةِ اسْتَطْعَمَآ اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ یُّضَیِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِیْهَا جِدَارًا یُّرِیْدُ اَنْ یَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَیْهِ اَجْرًا۔☆

پھر دونوں چلے یہاں تک کہ جب ایک گاؤں والوں کے پاس آئے ان دہقانوں سے کھانا مانگا انہوں نے انہیں دعوت دینی قبول نہ کی پھر دونوں نے اس گاؤں میں ایک دیوار پائی کہ گرا چاہتی ہے اس بندہ نے اسے سیدھا کر دیا موسیٰ نے کہا تم چاہتے تو اس پر کچھ مزدوری لے لیتے۔

﴿۷۸﴾ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَیْنِیْ وَبَیْنِكَ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِیْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَیْهِ صَبْرًا۔☆

کہا یہ میری اور آپ کی جدائی ہے اب میں آپ کو ان باتوں کا پھیر بتاؤں گا جن پر آپ سے صبر نہ ہو سکا۔

﴿۷۹﴾ اَمَّا السَّفِیْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِیْنَ یَعْمَلُوْنَ فِی الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِیْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ یَّاْخُذُ كُلَّ سَفِیْنَةٍ غَصْبًا۔☆

وہ جو کشتی تھی وہ کچھ محتاجوں کی تھی۔ کہ دریا میں کام کرتے تھے تو میں نے چاہا کہ اسے عیب دار کر دوں اور ان کے پیچھے ایک بادشاہ تھا کہ ہر ثابت کشتی زبردستی چھین لیتا۔

﴿۸۰﴾ وَاَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ مُؤْمِنَیْنِ فَخَشِیْنَآ اَنْ یُّرْهِقَهُمَا طُغْیَانًا وَّكُفْرًا۔☆

اور وہ جو لڑکا تھا اس کے ماں باپ مسلمان تھے تو ہمیں ڈر ہوا کہ وہ ان کو سرکشی اور کفر پر چڑھا دے۔

﴿۸۱﴾ فَاَرَدْنَآ اَنْ یُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَیْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّاَقْرَبَ رُحْمًا۔☆

تو ہم نے چاہا کہ ان دونوں کا رب اس سے بہتر ستھرا اور اس سے زیادہ مہربانی میں قریب عطا کرے۔

﴿۸۲﴾ وَاَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَیْنِ یَتِیْمَیْنِ فِی الْمَدِیْنَةِ وَكَانَ تَحْتَهٗ

Marfat.com

كَنْزَهُمَا وَكَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا ج فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَآ اَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا صلے رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ج وَمَا فَعَلْتُهٗ عَنْ اَمْرِیْ ط ذٰلِكَ تَاْوِيْلُ مَالَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا۔☆

رہی وہ دیوار وہ شہر کے دو یتیم لڑکوں کی تھی اور اس کے نیچے ان کا خزانہ تھا اور ان کا باپ نیک آدمی تھا تو آپ کے رب نے چاہا کہ وہ دونوں اپنی جوانی کو پہونچیں اور اپنا خزانہ نکالیں آپ کے رب کی رحمت سے اور یہ کچھ میں نے اپنے حکم سے نہ کیا یہ پھیر ہے ان باتوں کا جس پر آپ سے صبر نہ ہو سکا۔

## ﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب بندوں کا ذکر اور ان کے علم غیب کو بیان فرمایا ہے تو بلاشبہ یہ اوصاف اولیائے کرام کو بھی حاصل ہوئے، اور ان کے منکر خائب وخاسر لہذا امام احمد رضا قدس سرہ نے فرمایا)

حضرات اولیاء کرام قدست اسرارہم کی شان عظیم میں بعد وضوح حق اس کلمہ ملعونہ (حضرت ابن عربی، مولانا روم ومولانا عبدالرحمن جامی علیہم الرحمہ کی تکفیر منجانب غیر مقلدین) کہنے کا جواب جو روز قیامت ملے گا بس ہے۔

وہ حضرات جرأت شعار جسارت دثار جن کا مسلک عامۂ ائمہ وعلمائے کبار کو عیاذا باللہ مشرک بتائے ان سے مدارک دقیقہ حقائق اولیاء تک نہ پہنچنے کی کیا شکایت کی جائے، علاوہ بریں یہ مسئلہ خود اس قابل کہ اس میں ایک رسالہ مستقلہ تصنیف میں آئے اور خدا انصاف دے تو

حدیث بخاری: "حتی احببتہ فکنت سمعہ الذی یسمع بہ وبصرہ الذی یبصر بہ ویدہ التی یبطش بہا ورجلہ التی یمشی بہا (الی قولہ تعالیٰ) وما ترددت عن شیء انا فاعلہ ترددی عن قبض نفس المؤمن یکرہ الموت وانا اکرہ مساءتہ۔

جب میں بندہ کو محبوب بنالیتا ہوں تو میں اس کی سمع (کان) بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے، اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے، اس کا ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ گرفت کرتا ہے۔ اس کے پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے۔ آخر میں اللہ تعالیٰ کا یہ بھی فرمان ہے: میں کسی شئی کے بجالانے میں بھی اس طرح تردد نہیں کرتا جس طرح جان مومن قبض

Marfat.com

کرتے وقت تردد کرتا ہوں کہ وہ موت کو ناپسند کرتا ہے اور میں اس کے مکروہ سمجھنے کو برا جانتا ہوں

وحدیث مسلم: "یا ابن آدم مرضت فلم تعدنی ، یا ابن آدم استطعمتك فلم تطعمنی ۔ یا ابن آدم ! استسقیتك فلم تسقنی، اخرجھما عن ابی ھریرة رضی الله تعالی عنه ۔" اے ابن آدم! میں بیمار ہوا تھا تو نے میری عیادت نہیں کی، اے ابن آدم! میں نے تجھ سے کھانا مانگا تھا تو نے مجھے کھانا نہیں دیا، اے ابن آدم! میں نے تجھ سے پانی طلب کیا تھا تو نے مجھے پانی نہیں دیا، ان دونوں کو بخاری ومسلم نے سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا ہے۔

وحدیث مشہور: "قم الی امش الیك وامش الی اھرول الیك ۔ اخرجه احمد عن رجل من الصحابة والبخاری بمعناه عن انس وعن ابی ھریرة والطبرانی فی الکبیر عن سلمان رضی الله تعالی عنھم ۔

اے بندے! تو میری طرف اٹھ میں تیری طرف چل پڑوں گا، تو میری طرف چل میں تیری طرف دوڑ پڑوں گا۔ اس کو امام احمد نے ایک صحابی سے اور امام بخاری نے معناً اسے حضرت انس اور حضرت ابو ہریرہ سے اور امام طبرانی نے المعجم الکبیر میں حضرت سلمان رضی اللہ تعالی عنھم سے روایت کیا ہے۔

وحدیث:۔ واذا احب الله عبدا لم یضربه ذنب ، اخرجه الدیلمی والامام الاجل القشیری عن انس رضی الله تعالی عنه ۔

جب اللہ تعالی کسی بندے کو محبوب بنالیتا ہے تو اسے کوئی گناہ ضرر نہیں دیتا۔ اسے دیلمی اور امام اجل قشیری نے حضرت انس رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا ہے۔

وحدیث:۔ الدنیا والآخرة حرام علی اھل الله ،اخرجه فی مسند الفردوس عن ابن عباس رضی الله تعالی عنھما۔" دنیا وآخرت اہل اللہ پر حرام ہیں۔ اسے مسند الفردوس میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت کیا ہے۔

وحدیث:۔ انزل القرآن علی سبعة احرف ، لکل حرف منھا ظھر و بطن ولکل حرف حد ولکل حد مطلع ۔ اخرجه الطبرانی فی اکبر معاجیمه عن عبد الله بن مسعود رضی الله تعالی عنه ۔

Marfat.com

قرآن سات حروف (لغتوں) پر نازل ہوا، ہر حرف کے لئے ظاہر اور باطن ہے، ہر حرف کے لئے ایک حد (انتہائے معنی) ہے اور ہر حد کے لئے ظاہر اور باطن سے اطلاع کا مقام ہے۔ اس کو امام طبرانی نے المعجم الکبیر میں حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ سے روایت کیا ہے۔

**وحدیث:۔** "قولہ عزوجل اعطیھم من حلمی وعلمی، اخرجہ احمد والطبرانی فی الکبیر والحاکم فی المستدرک والبیھقی فی شعب الایمان باسناد صحیح عن ابی الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

اللہ عزوجل کا فرمان ہے: میں انھیں اپنا حلم وعلم عطا کرتا ہوں۔ اس کو احمد وطبرانی نے کبیر میں، حاکم نے مستدرک اور بیہقی نے شعب الایمان میں صحیح سند کے ساتھ حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے۔

**وحدیث:۔** "من زھد فی الدنیا علمہ اللہ بلا تعلم وھداہ بلا ھدایۃ وجعلہ بصیرا وکشف عنہ العمی۔ اخرجہ ابونعیم فی حلیۃ الاولیاء عن سید الاولیاء امیر المؤمنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجھہ۔

جو دنیا سے محفوظ رہا اسے اللہ تعالیٰ حصول علم اور بغیر حصول ہدایت دیتا ہے، اسے صاحب بصیرت بناتا ہے اور اس سے گمراہی اور تاریکی کو دور کر دیتا ہے۔ اسے امام ابونعیم نے حلیۃ الاولیاء میں سید الاولیاء امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے روایت کیا ہے۔

**وحدیث:۔** دع عنک قول معاذ فان اللہ یباھی الملئکۃ قالہ لرجل قال لہ معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ تعال حتی نومن ساعۃ فشکاہ الرجل الی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ، وقال او ما نحن بمؤمنین فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ذلک۔ اخرجہ سیدی محمد بن علی الترمذی عن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

قول معاذ کو چھوڑو (یعنی قول معاذ کو برا نہ جانو) کیونکہ اللہ تعالیٰ ملائکہ میں اس کے ساتھ فخر فرماتا ہے۔ یہ بات آپ نے اس شخص سے فرمائی جسے معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا تھا: کہ آؤ ہم ایک گھڑی ایمان لائیں، اس شخص نے حضور علیہ السلام کی خدمت اقدس میں

Marfat.com

شکایت کرتے ہوئے عرض کیا: کیا ہم اہل ایمان نہیں؟ اس موقع پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مذکورہ جملہ فرمایا تھا۔ سیدی محمد بن علی ترمذی نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے۔

وحدیث:۔ "کان عبد الله بن رواحة رضی الله تعالیٰ عنه اذا لقی الرجل من اصحاب النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقول تعال نومن بربنا ساعة فقال ذات یوم لرجل فغضب الرجل فجاء الی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال یا رسول الله! الا تری الی ابن رواحة یرغب عن ایمانك الی ایمان ساعة فقال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یرحم الله ابن رواحة انه یحب المجالس التی تباهی الملئكة علیهم السلام۔ رواه احمد بسند حسن عن انس بن مالك رضی الله تعالیٰ عنه۔

حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا معمول تھا، جب بھی کسی صحابی رسول سے ملاقات ہوتی تو کہتے آؤ ہم اپنے رب کے ساتھ ایک گھڑی ایمان لائیں، ایک دن آپ نے ایک شخص سے کہا تو وہ ناراض ہوگیا اور بارگاہ نبی میں حاضر ہو کر عرض کیا: یارسول اللہ! آپ نے عبداللہ بن رواحہ کے بارے میں نہیں سنا، وہ تو آپ پر ایمان لانے کے بجائے ایک گھڑی ایمان کی طرف رغبت دلاتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا عبداللہ بن رواحہ پر اللہ تعالیٰ رحم فرمائے، وہ ایسی مجالس کو پسند کرتا ہے جس پر ملائکہ بھی فخر کرتے ہیں۔ اسے امام احمد نے سند حسن کے ساتھ انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے۔

وحدیث ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ:۔ "حفظت عن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وعائین فاما احدهما فبثثته واما الآخر فلو بثثته قطع هذا البلعوم۔ اخرجه البخاری۔

میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے علم کے دو برتن حاصل کئے ہیں، ایک کو بیان کرتا ہوں اگر دوسرا کروں تو میرا یہ گلا کاٹ دیا جائے گا۔ اس کو بخاری نے روایت کیا ہے۔

(جدید ۶/ ۶۴۹ تا ۶۵۴)

Marfat.com

# سورۃ مریم

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

(۱۹) قَالَ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّکِ ﷺ لِاَھَبَ لَکِ غُلٰمًا زَکِیًّا۔☆

بولا میں تیرے رب کا بھیجا ہوا ہوں کہ میں تجھے ایک ستھرا بیٹا دوں۔

### ﴿۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اللہ اللہ، اب تو جبریل بیٹا دے رہے ہیں، بھلا نجدیہ کے یہاں اس سے بڑھ کر اور کیا شرک ہوگا،" ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم، وہابیہ تو اس کو روتے تھے کہ محمد بخش، احمد بخش نام رکھنا شرک ہے۔ یہاں قرآن عظیم سیدنا عیسی علیہ الصلوۃ والسلام کو جبریل بخش بتا رہا ہے" وللہ الحجۃ السامیۃ۔

(الامن والعلی۔۸۷)

(۲۰) قَالَتْ اَنّٰی یَکُوْنُ لِیْ غُلٰمٌ وَّلَمْ یَمْسَسْنِیْ بَشَرٌ وَّلَمْ اَکُ بَغِیًّا۔☆

بولی میرے لڑکا کہاں سے ہوگا مجھے تو کسی آدمی نے ہاتھ نہ لگایا نہ میں بدکار ہوں۔

(۲۱) قَالَ کَذٰلِکِ ج قَالَ رَبُّکِ ھُوَ عَلَیَّ ھَیِّنٌ ج وَلِنَجْعَلَہٗٓ اٰیَۃً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَۃً مِّنَّا ج وَکَانَ اَمْرًا مَّقْضِیًّا۔☆

کہا یونہی ہے تیرے رب نے فرمایا ہے کہ یہ مجھے آسان ہے اور اس لئے کہ ہم اسے لوگوں کے واسطے نشانی کریں اور اپنی طرف سے ایک رحمت اور یہ کام ٹھہر چکا ہے۔

### ﴿۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

مسیح رسول اللہ علیہ الصلوۃ والسلام کے مشہور اوصاف جلیلہ اور وہ کہ قرآن عظیم نے بیان کئے یہ تھے کہ اللہ عزوجل نے ان کو بے باپ کے کنواری بتول کے پیٹ سے پیدا کیا نشانی سارے جہان کے لئے۔

Marfat.com

(فتاوی رضویہ جدید ۱۵/۶۱۵)

رسیدنا عیسی کلمۃ اللہ علی نبینا علیہ الصلوۃ والتسلیم کی ولادت کے بعد بھی حضرت بتول طیبہ طاہرہ سیدتنا بکر تھیں، بکر ہی رہیں، اور بکر ہی اٹھیں گی، اور بکر ہی جنت النعیم میں داخل ہوں گی یہاں تک کہ حضور پرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نکاح اقدس سے مشرف ہو نگی، ان کی شان کریم۔ "لم یمسسنی بشر ولم اك بغیا" نہ مجھے کسی نے ہاتھ لگایا اور نہ میں بدکار ہوں۔

ظاہر ہے کہ بعد ولادت بھی صادق ہے۔ اور یہی معنی بکریت ہے۔ رہا بکارت بمعنی پردہ عروق کا زوال،

اولا: اس ولادت معجزہ نما میں ہونا کیا ضرور، اور اس کا کہاں ثبوت۔ جو بے باپ کے پیدا کرسکتا ہے بے زوال بکارت ولادت دینے پر بھی قادر ہے۔ بکر کے لئے بھی منفذ ہوتا ہے جس سے خون آتا ہے۔ اور بالفرض اس کا زوال ہو بھی تو وہ منافی بکریت نہیں، بہت ابکار کا یہ پردہ کسی صدمہ یا خون حیض کی حدمت وغیرہ سے جاتا رہتا ہے، مگر وہ بکر سے ثیب، نارسیدہ سے شوہر دیدہ نہیں ہوجاتیں بلکہ حقیقۃ بھی بکر ہوتی ہیں اور حکم شرع میں بھی بکر ہی رہتی ہیں۔ ان کا نکاح ابکار کی طرح ہوتا ہے اور وہ ابکار کے لئے وصیت میں داخل ہوتی ہیں

تنویر الابصار میں ہے: "من زالت بکارتها بو ثبة او ورود حیض او جراحة او کبر بکر حقیقة" جس کا پردہ بکارت کودنے، حیض آنے، یا زخم یا زیادتی عمر کی وجہ سے زائل ہوا وہ عورت حقیقۃ باکرہ ہے۔

فتاوی ظہیریہ اور رد المحتار میں ہے:

البکرا سم الامرأۃ لم تجامع بنکاح ولا غیرہ۔ "باکرہ اس عورت کو کہتے ہیں جس سے بلا نکاح یا بہ نکاح صحبت نہ کی گئی ہو

بحروشامی میں ہے:

حاصل کلامهم ان الزائل فی هذه المسائل العذرة ای الجلدة التی علی المحل لا لبکارة فکانت بکرا حقیقة وحکما ولذا تدخل فی الابکار بنی فلان ان کے کلام کا حاصل یہ ہے کہ ان مسائل میں عذرۃ زائل ہوئی ہے یعنی وہ جھلی جو شرم

Marfat.com

گاہ میں ہوتی ہے۔ تو عورت ان صورتوں میں حقیقۃ اور حکما ہر طرح باکرہ ہوتی ہے۔ اسلئے اگر کسی نے بنی فلاں کی باکرہ عورتوں کے لئے وصیت کی تو یہ بھی ان میں داخل ہوگی۔ واللہ تعالی اعلم۔

(فتاوی رضویہ قدیم ۱۲/ ۳۶ ۔ ۳۷)

**(۳۱) وَجَعَلَنِیْ مُبٰرَکًا اَیْنَ مَا کُنْتُ ص وَاَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوۃِ وَالزَّکٰوۃِ مَا دُمْتُ حَیًّا۔☆**

اور اس نے مجھے مبارک کیا میں کہیں ہوں اور مجھے نماز وزکوۃ کی تاکید فرمائی جب تک جیوں۔

## ﴿۷﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

نمازیں تمام انبیاء پر اور ہر دین الہی میں فرض تھیں۔ اللہ عزوجل نے اپنے بندے عیسی علیہ الصلوۃ والسلام کا یہ قول بیان فرمایا۔

اور حدیث میں حضور نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام سے مروی ہے: کہ اس دین میں کوئی خیر نہیں جس میں نماز نہ ہو۔ اور پہلے انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کے اوقات نماز وہی تھے جو ہمارے ہیں۔ کیونکہ حضرت جبریل نے کہا: یہ وقت ہے آپ کا اور آپ سے پہلے انبیاء کا۔

(فتاوی رضویہ جدید ۵/ ۵۰)

**(۳۵) مَا کَانَ لِلّٰہِ اَنْ یَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ سُبْحٰنَہٗ ط اِذَا قَضٰٓی اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ۔☆**

اللہ کو لائق نہیں کہ کسی کو اپنا بچہ ٹھہرائے پاکی ہے اس کو جب کسی کام کا حکم فرماتا ہے تو یونہی کہ اس سے فرماتا ہے ہو جاؤ وہ فورا ہو جاتا ہے۔

## ﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(اس آیت باری تعالی کے لئے بچہ کے محال ہونے کا بیان ہے، کہ یہ اس کے حق میں عیب ہے تو کذب بھی اسی قبیل سے ہوگا)

بعض تمسکات معتزلہ کے رد میں امام رازی فرماتے ہیں:

اجاب اصحابنا بان الکذب محال علی اللہ تعالی "

اہلسنت نے جواب دیا کہ کذب الہی محال ہے۔

Marfat.com

علامہ سعد تفتازانی شرح مقاصد میں انہیں امام ہمام سے ناقل:"

صدق کلامہ تعالی لما کان عندنا ازلیا امتنع کذبہ لان ما ثبت قدمہ امتنع عدمہ"

کلام خدا کا صدق جب کہ ہم اہلسنت کے نزدیک ازلی ہے تو اس کا کذب محال ہوا کہ جس چیز کا قدم ثابت ہے اس کا عدم محال ہے۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱۵/ ۳۲۷)

**(۵۷) وَرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا۔☆**

اور ہم نے اسے بلند مکان پر اٹھالیا۔

## ﴿۸﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

حضرت ادریس علیہ السلام کے واقعہ میں علماء کو اختلاف ہے۔ اتنا تو ایمان ہے کہ آپ آسمان پر تشریف فرما ہیں۔ یہ آیت اس کا واضح ثبوت ہے۔ بعض روایات میں یہ بھی ہے کہ بعد موت آپ آسمان پر تشریف لے گئے۔ ایک روایت میں یہ ہے، ایک بار آپ دھوپ کی شدت میں تشریف لیے جارہے تھے، دوپہر کا وقت تھا آپ کو سخت تکلیف ہوئی، خیال فرمایا کہ جو فرشتہ آفتاب پر موکل ہے اس کو کس قدر تکلیف ہوتی ہوگی، عرض کی: اے اللہ اس فرشتہ پر تخفیف فرما، فورا دعا قبول ہوئی اور اس پر تخفیف ہوگئی، اس فرشتہ نے عرض کیا: یا اللہ مجھ پر تخفیف کس طرف سے آئی؟ ارشاد ہوا میرے بندے ادریس نے تیری تخفیف کے واسطے دعا کی، میں نے اس کی دعا قبول کی، عرض کی مجھے اجازت دے کہ میں ان کی خدمت میں حاضر ہوں، اجازت ملنے پر حاضر ہوا، تمام واقعہ بیان کیا اور عرض کیا: کہ حضرت کا کوئی مطلب ہو تو ارشاد فرمائیں، فرمایا: ایک مرتبہ جنت میں لے چلو، عرض کی: یہ تو میرے قبضہ سے باہر ہے، لیکن عزرائیل ملک الموت سے میرا دوستانہ ہے ان کو لاتا ہوں، شاید کوئی تدبیر چل جائے۔ غرض عزرائیل علیہ السلام آئے، آپ نے ان سے فرمایا: انہوں نے عرض کیا کہ حضور بغیر موت کے تو جنت میں جانا نہیں ہوسکتا، فرمایا: روح قبض کرلو، انہوں نے بحکم خدا ایک آن کے لئے روح قبض کی اور فورا جسم میں ڈال دی، آپ نے فرمایا: مجھ کو جنت اور دوزخ کی سیر کراؤ، حضرت عزرائیل علیہ السلام دوزخ پر لائے، طبقات جہنم کھلوائے، آپ دیکھتے ہی بے ہوش ہو کر گر پڑے، عزرائیل علیہ السلام وہاں سے

Marfat.com

لے آئے، جب ہوش ہوا تو عرض کیا: یہ تکلیف آپ نے اپنے ہاتھوں سے اٹھائی، پھر جنت میں لے گئے، وہاں کی سیر کرنے کے بعد عزرائیل علیہ السلام نے چلنے کے واسطے عرض کیا: آپ نے التفات نہ فرمایا، پھر دوبارہ عرض کیا آپ نے جواب نہ دیا، جب پھر انھوں نے عرض کیا: تو فرمایا: اب چلنا کیسا، جنت میں آکر بھی کوئی واپس جاتا ہے، اللہ تعالٰی نے ایک فرشتہ کو ان دونوں میں فیصلہ کرنے کے واسطے بھیجا، اس نے آکر پہلے حضرت عزرائیل علیہ السلام سے سارا واقعہ سنا پھر آپ سے دریافت کیا کہ آپ کیوں نہیں تشریف لے جاتے؟ ارشاد فرمایا: اللہ تعالٰی ارشاد فرماتا ہے: "کل نفس ذائقة الموت" اور میں موت کا مزہ چکھ چکا ہوں اور فرماتا ہے۔"وان منکم الا واردھا" تم میں سے ہر ایک جہنم کی سیر کرے گا اور میں جہنم کی بھی سیر کر آیا اور فرماتا ہے: "وما ھم منھا بخارجین" اور وہ لوگ جنت سے کبھی نہیں نکلیں گے۔ اب میں جنت میں آگیا ہوں کیوں جاؤں، حکم ہوا میرا بندہ ادریس سچا ہے اس کو چھوڑ دو۔

(الملفوظ ۴/۴۶ تا ۴۷)

**(۵۹) فَخَلَفَ مِنۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ یَلْقَوْنَ غَیًّا ۔ ☆**

تو ان کے بعد ان کی جگہ وہ ناخلف آئے جنہوں نے نمازیں گنوائیں اور اپنی خواہشوں کے پیچھے ہوئے تو ان قریب وہ دوزخ میں غی کا جنگل پائیں گے۔

## ﴿۹﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں: "اخروھا عن مواقیتھا وصلوھا لغیر وقتھا" (یہ لوگ جن کی مذمت اس آیہ کریمہ میں فرمائی گئی وہ ہیں جو نمازوں کو ان کے وقت سے ہٹاتے اور غیر وقت پر پڑھتے ہیں)

"ذکرہ الامام البدر فی عمدۃ القاری باب تضییع الصلوۃ عن وقتھا والامام البغوی فی المعالم۔

افضل التابعین سیدنا سعید بن المسیب رضی اللہ تعالٰی عنھما فرماتے ہیں: "ھو ان لا یصلی الظھر حتی اتی العصر" (نماز کا ضائع کرنا یہ ہے کہ ظہر نہ پڑھی یہاں تک کہ عصر کا

Marfat.com

وقت آگیا)''اثرہ محی السنۃ ۔

تفسیر انوار التنزیل میں ہے: ''اضاعوا الصلوۃ ترکوھا او اخروھا عن وقتھا۔

(فتاوی رضویہ جدید ۵/۲۷۳)

﴿۸۷﴾ لَا یَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ۔☆

لوگ شفاعت کے مالک نہیں مگر وہی جنھوں نے رحمٰن کے پاس قرار رکھا ہے۔

## ﴿۱۰﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس آیت میں مولی تعالی اپنے محبوبوں کو شفاعت کا مالک بناتا ہے، اور عہد و پیمان مقرر ہو جانے نے تقویۃ الایمان کی اس بدلگامی کا بھی منہ سی دیا کہ، شفاعت میں کس کی خصوصیت نہیں جسے چاہے گا کھڑا کرائے گا۔

(الامن والعلی ۸۴)

Marfat.com

# سورۃ طٰہٰ

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

**(۵) اَلرَّحۡمٰنُ عَلَی الۡعَرۡشِ اسۡتَوٰی ۔☆**

وہ بڑی مہر والا اس نے عرش پر استواء فرمایا جیسا اس کی شان کے لائق ہے۔

### ﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(یہ آیات متشابہات سے ہے) اور آیات متشابہات میں اہل سنت حفظہم اللہ تعالیٰ کے دو مسلک ہیں۔

اول تفویض، کہ ہم ان کے معنی کچھ نہیں جانتے، اللہ ورسول جانتے ہیں، جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، جو معنی مراد الٰہی ہیں ہم ان پر ایمان لائے۔

۱ منا کل من عند ربنا وما یذکر الا اولو االباب ۔ یہی مسلک سلف ہے اور یہی صحیح ومعتمد۔ اس تقدیر پر تو نہ احاطہ ذاتی کہا جائے نہ صفاتی کہا جائے، معنی سے کچھ بحث ہی نہ کی جائے، حضرت ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ''الرحمن علی العرش استویٰ'' کے معنی معلوم کئے گئے تو فرمایا: الاستوی معلوم والکیف مجھول والایمان بہ واجب والسوال عنہ بدعۃ۔ یہی جواب سیدنا امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دیا۔ یہی مسلک ہمارے امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور سائر ائمہ سلف کا ہے۔ ہاں ہم ایمان لائے ہیں کہ اللہ تعالیٰ جسم وجہت ومکان سے پاک ومنزہ ہے، کسی مکان میں نہیں ہوسکتا، کسی جگہ نہیں ہوسکتا، کسی طرف نہیں ہوسکتا، جگہ اور طرف سب اس کے بنائے ہوئے ہیں اور حادث ہیں اور وہ قدیم ازلی، ازل میں کسی جگہ کسی طرف نہ تھا کہ جگہ اور طرف تھے ہی نہیں تو اب کسی جگہ اور طرف میں نہیں، جیسا تھا ویسا ہی اب ہے، جگہ اور طرف کو بنا کر بدل نہ گیا، جگہ اور طرف بدلیں گے اور وہ بدلنے سے پاک ہے۔

دوم تاویل کہ ایسی آیات کو حسب محاورہ معنی جائز پر حمل کریں جس سے نہ چین لینے والی

Marfat.com

طبیعتوں کو تسکین ہو اور ایمان سلامت رہے، یہ مسلک خلف کا ہے، اور اس طور پر احاطہ صفاتی مراد لیں گے۔ علم وقدرت الٰہی ہر شے کو محیط ہونے کے بھی یہ معنی نہیں کہ اس کے علم وقدرت متمکن ہیں، جگہ یا طرف میں ہونا جسم وجسمانیت کی شان ہے اور وہ اور اس کے صفات ان سے متعالی، بلکہ احاطہ علم کے معنی یہ ہیں کہ ہر شے واجب یا ممکن یا ممتنع معدوم یا موجود حادث یا قدیم اسے معلوم ہے، احاطہ قدرت کے معنی یہ ہیں کہ ہر ممکن پر اسے قدرت ہے، اس سے صفات کا ذات سے بڑھ جانا نہ کہے گا مگر مجنون، عمرو کا کہنا کہ کوئی مکان کوئی گوشہ ایسا نہیں جہاں ذات خدا موجود نہ ہو کلمہ کفر ہے کہ اس کی ذات کے لئے جگہ ثابت کرتا ہے، واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱۴/ ۶۱۹)

**(۵۵) مِنۡهَا خَلَقۡنٰكُمۡ وَفِيۡهَا نُعِيۡدُكُمۡ وَمِنۡهَا نُخۡرِجُكُمۡ تَارَةً اُخۡرٰى۔ ☆**

ہم نے زمین ہی سے تمہیں بنایا اور اسی میں تمہیں پھر لے جائیں گے اور اسی سے تمہیں دوبارہ نکالیں گے۔

## ﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(اس آیت میں انسان کی مٹی سے پیدائش کا بیان ہے اور اس کی وضاحت ان احادیث میں ہے)

**عن** ابی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم : مامن مولود الا وقد ذر عليه من تراب حفرته ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی بچہ پیدا نہیں ہوا جس پر اس کی قبر کی مٹی نہ چھڑکی گئی ہو۔

**عن** عبدالله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم : مامن مولود الا وفی سرته من تربته التی خلق منها حتی يدفن فيها ، وانا وابوبكر وعمر خلقنا من تربة واحدة فيها ندفن ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر بچہ کی ناف میں اس مٹی کا حصہ ہوتا ہے جس سے وہ بنایا گیا یہانتک کہ اسی میں دفن کیا جائے، اور میں اور ابو بکر وعمر ایک مٹی سے بنے اس میں دفن ہونگے۔



Marfat.com

**عن** عطاء الخراسانی رضی الله تعالیٰ عنه قال: ان الملك ينطلق فيأخذ من تراب المكان الذی يدفن فيه ،فيذره علی النطفة فيخلق من التراب ومن النطفة ، وذلك قوله تعالیٰ : منها خلقنا كم وفيها نعيد كم ومنها نخرجكم تارة اخری ۔

حضرت امام عطا خراسانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ فرشتہ جاکر اس کے مدفن کی مٹی لاکر اس نطفہ پر چھڑکتا ہے، تو آدمی اس مٹی اور اس بوند سے بنتا ہے، اور یہ ہے مولی تعالیٰ کا وہ ارشاد کہ۔ ہم نے تمہیں زمین ہی سے بنایا، اور اسی میں پھر تمہیں لیجائینگے ،اور اسی سے پھر ہم تمہیں دوبارہ نکالیں گے۔　　فتاوی افریقہ　　۱۰۰

**عن** عبادة بن الصامت رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم : ان اول ماخلق الله القلم ،قال له : اكتب ،قال: يارب ! وما اكتب ؟ قال : اكتب مقادير كل شیٔ ماكان وماهو كائن الی الابد ۔

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے قلم پیدا فرما کر اس سے فرمایا: لکھ، اس نے عرض کی: اے رب! کیا لکھوں؟ فرمایا: ہر چیز کی تقدیر، اور جو کچھ ہوا اور ابد تک ہوگا سب کچھ لکھ۔

(مالی الجیب ۶)

امام ترمذی عارف نوادر الاصول میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ سے کہ فرشتہ جو رحم زن پر موکل ہے جب نطفہ رحم میں قرار پاتا ہے اسے رحم سے لیکر اپنی ہتھیلی پر رکھ کر عرض کرتا ہے: اے میرے رب! بنے گا یا نہیں، اگر فرماتا ہے نہیں تو اس میں روح نہیں پڑتی اور خون ہوکر رحم سے نکل جاتا ہے، اور اگر فرماتا ہے: ہاں، تو عرض کرتا ہے: اے میرے رب! اس کا رزق کیا ہے؟ زمین میں کہاں کہاں چلے گا؟ کیا عمر ہے؟ کیا کیا کام کرے گا؟ ارشاد ہوتا ہے لوح محفوظ میں دیکھ کہ تو اس میں اس نطفے کا سب حال پائے گا۔

ويا خذ التراب الذی يد فن فی بقعته ونعجن به نطفته فذلك قوله تعالی :منها خلقنكم وفيها نعيدكم و منها نخرجكم تارة اُخری " فرشتہ وہاں کی مٹی لیتا ہے جہاں اسے دفن ہونا ہے، اسے نطفے میں ملاکر گوندھتا ہے، یہ ہے مولی تعالی کا وہ ارشاد کہ زمین

Marfat.com

ہی سے ہم نے تمہیں بنایا اور اسی میں ہم تمہیں پھر لے جائیں گے اور اسی سے دوبارہ تمہیں نکالیں گے۔

عبد بن حمید وابن المنذر رعطاء خراسانی سے راوی: "ان الملك ينطلق فيا خذ من تراب ومن النطفة وذلك قوله تعالى منها خلقنكم وفيها نعيدكم " کہ فرشتہ جاکر اس کے مدفن کی مٹی لاکر اس کو نطفے پر چھڑکتا ہے تو آدمی اس مٹی اور اس بوند سے بنتا ہے اور یہ ہے مولی تعالی کا وہ ارشاد کہ ہم نے تم کو زمین ہی سے بنایا اور اسی میں تمہیں پھر لے جائیں گے

دینوری نے کتاب الجالسہ میں ہلال بن یساف سے نقل کی "مامن مولود یولد الا وفی سرته من تربة الارض التی یموت " کوئی بچہ پیدا نہیں ہوتا جس کی ناف میں وہاں کی مٹی نہ ہو جہاں مرے گا۔

اقول: یہ اگر ثابت ہو تو حاصل یہ ہوگا کہ قبر کی مٹی سے نطفہ گوندھا جاتا ہے اور جب پتلا بنتا ہے تو جہاں مرے گا اس جگہ کی کچھ مٹی ناف کی جگہ رکھی جاتی ہے، مگر حدیث مرفوع میں گزرا کہ ناف میں اسی مٹی کا حصہ ہوتا ہے جہاں دفن ہوگا تو ظاہرا اس روایت میں موت سے دفن مراد ہے۔ واللہ تعالی اعلم۔ زید جاہل ہے اور اس پر بدعقل یا بدعقیدہ ہے اور اس پر بے باک۔ اجالی اندھیری میں تمام جہان کے کام ملائکہ ہی کرتے ہیں، وہ اس روشنی کے کیا محتاج ہیں۔ رحم میں جب نطفہ قرار پاتا ہے اور رحم کا منھ بند ہو جاتا ہے کہ اس میں سلائی نہیں جاسکتی اس وقت بچہ کا پتلا کون بناتا ہے؟ یہ باریک باریک رگیں اور مسام اور رونگٹے اس میں کون رکھتا ہے؟ سارا کام بحکم الہی فرشتہ ہی کرتا ہے جیسا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے احادیث میں ارشاد فرمایا کہ جن کو ہم نے اپنی کتاب مستطاب الامن والعلی میں ذکر کیا ہے۔ اندھیری رات میں کہ ہاتھ سے ہاتھ نہ سوجھے ہزار آدمی کے بیچ سے ایک ہی روح نکلتی ہے۔ وہ کون نکالتا ہے فرشتہ ہی نکالتا ہے۔ " قل يتوفكم ملك الموت الذى وكل بكم "استقرار نطفے کا وقت تمہیں معلوم نہیں یا فرشتہ کو بھی معلوم نہیں۔

(فتاوی افریقہ ۱۰۰ تا ۱۰۱)

(۱۰۸) يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ ج وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا.☆

Marfat.com

اس دن پکارنے والے کے پیچھے دوڑیں گے اس میں کجی نہ ہوگی اور سب آوازیں رحمٰن کے حضور پست ہوکر رہ جائیں گی تو تو نہ سنے گا مگر بہت آہستہ آواز۔

## ﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(وخشعت الاصوات للرحمٰن فلاتسمع الا همسا۔ سے استدلال فرمایا کہ اللہ کے حضور آوازیں پست ہوں گی تو) مسجد اللہ تبارک وتعالیٰ کا دربار عالی ہے۔ واللہ العظیم اگر آدمی مسجد کی حاضری وقت قیامت میں ہی رب العالمین کے حضور اپنا کھڑا ہونا یاد کرے اور مقام کی عظمت یاد کرکے سوچے کہ کہاں اور کس واسطے کھڑا ہے تو اجازت یافتہ انسانوں کے علاوہ (یعنی قاری اور خطیب) کسی کی آواز نہ نکلے۔ پس اصل حکم یہی ہوا کہ مسجد میں اجازت یافتہ لوگوں کے سوا کسی کی سرگوشی کے علاوہ کچھ نہ سنا جاسکے۔ اسی لئے احادیث کریمہ میں مسجد میں آواز بلند کرنے کی ممانعت آئی۔

(شمائم العنبر ۲۵۵)

**عن** واثلة بن الأسقع رضی الله تعالیٰ عنه قال : ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال : جَنِّبُوا مَسَاجِدَ كُمْ صِبْيَانَكُمْ وَمَجَانِيْنَكُمْ وَشِرَائَكُمْ وَبَيْعَكُمْ وَخُصُوْمَاتِكُمْ وَرَفْعَ أَصْوَاتِكُمْ ۔

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنی مسجدوں کو بچاؤ اپنے ناسمجھ بچوں اور مجنونوں کے جانے اور خرید وفروخت اور جھگڑوں اور آواز بلند کرنے سے۔　　فتاوی رضویہ ۶/۴۰۴

**عن** عبید الله بن حفص رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : مَنْ أَجَابَ دَاعِيَ اللّٰهِ وَأَحْسَنَ عِمَارَةَ مَسَاجِدِ اللّٰهِ كَانَتْ تُحْفَتُهُ بِذٰلِكَ مِنَ اللّٰهِ الْجَنَّةَ ، قیل : یا رسول الله ! ما احسن عمارة مساجدالله ،قال: لَا يُرْفَعُ فِيْهَا صَوْتٌ وَلَا يُتَكَلَّمُ فِيْهَا بِالرَّفَثِ ۔

شمائم العنبر　۱۹

حضرت عبید اللہ بن حفص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے اللہ عزوجل کے داعی کی آواز پر لبیک کہا اور اللہ تعالیٰ کی مسجدیں اچھے طور پر تعمیر کیں تو اس کے عوض اللہ تعالیٰ کے یہاں جنت ہے۔ عرض کیا گیا: یارسول

Marfat.com

اللہ! مسجدوں کی اچھی طرح تعمیر کیا ہے۔فرمایا: اس میں آواز بلند نہ کرنا اور کوئی بیہودہ بات زبان سے نہ نکالنا۔۱۲م

**عن** سعید بن ابراھیم عن ابیہ رضی اللہ تعالیٰ عنھما قال : سمع عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ صوت رجل فی المسجد فقال :اتدری این انت ؟تدری این انت ؟ کرہ الصوت ۔ شمائم العنبر ۱۹

حضرت سعید بن ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ امیر المومنین سیدنا حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک شخص کی بلند آواز مسجد میں سنی تو ارشاد فرمایا: تو جانتا ہے کہ کہاں ہے؟ تو جانتا ہے کہ کہاں ہے۔یعنی بلند آواز کو مسجد میں ناپسند فرمایا۔

اس حدیث کو ائمہ نے قبول کیا۔اور فقہاء نے یہاں تک تصریح فرمائی کہ مسجد میں بلند آواز سے ذکر کرنا بھی مکروہ ہے۔ہاں اہل فقہ کی دینی بات چیت کا استثناء ہے۔ایسا ہی درمختار وغیرہ کتب فقہ میں مرقوم ہے۔

تو جب ذکر الٰہی کا یہ حال ہے۔تو اذان جو خالص ذکر بھی نہیں۔کیونکہ اس میں حیعلتین تو نماز کا بلاوا ہے۔

امام عینی کی بنایہ شرح ہدایہ میں ہے: "فا ن قلت الاذان ذکر فکیف تقول انہ شبہ الذکر وشبہ غیرہ قلت ھو لیس بذکر خالص علی ما لا یخفی انما اطلق اسم الذکر علیہ باعتبار ان اکثر الفاظہ ذکر " اگر یہ شبہ ہو کہ اذان تو ذکر ہے اس کو ذکر کے مشابہ قرار دینا صحیح نہیں۔کیونکہ مشبہ اور مشبہ بہ میں مغایرت ہوتی ہے۔تو جواب یہ ہے کہ اذان ذکر خالص نہیں۔ہاں اس کے بیشتر الفاظ ضرور ذکر ہیں۔اسی کا لحاظ کر کے اسکو ذکر کہا جاتا ہے۔

کنز کے قول: کلمہ شہادت کے وقت قبلہ کا استقبال اور صلاۃ وفلاح کے وقت دائیں بائیں مڑیں، کی تشریح میں بحر الرائق نے محیط سے نقل کیا: " لا نہ حالۃ الذکر والثناء علی اللہ تعالی والشہادۃ لہ با لوحدا نیۃ ولنبیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم با لرسالۃ فا لاحسن ان یکو ن مستقبلاً فا ما الصلوۃ والفلاح دعا ء الی الصلاۃ واحسن احوال الداعی با ن یقبل علی المدعوین" اذان میں کلمہ شہادت تین حالت میں ذکر ہے

Marfat.com

کہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت کی گواہی ہے اور اس وقت استقبال قبلہ ہی مناسب ہے۔ اور صلاۃ وفلاح میں نماز کی طرف بلانا ہے۔ تو اس وقت یہی اچھا ہے کہ بلانے والا بلائے ہوؤں کی طرف متوجہ ہو۔ پس جب صورت حال یہ ہے اور شریعت مقدسہ میں مسجد کے اندر اذان دینے کا ثبوت نہیں۔ تو اذان مسجد ممنوع ہوگی، ہمارا یہ ہی کہنا ہے۔ (شمائم العنبر ۲۵۷۔ ۲۵۸)

**﴿۱۲۶﴾ قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ج وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى۔☆**

فرمائے گا یونہی تیرے پاس ہماری آیتیں آئی تھیں۔ تو نے انہیں بھلا دیا اور ایسے ہی آج تیری کوئی خبر نہ لے گا۔

## ﴿۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

جو حسب طاقت دین کی مدد نہ کرے گا اور شعائر اسلام کو نقصان پہنچنے دیگا روز قیامت سخت باز پرس میں پکڑا جائے گا۔ اور اس کی جزا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت میں اس کی شدید حاجت کے وقت اسے بے یار و مددگار چھوڑے جیسا اس نے دین کی مدد سے منہ موڑا۔

(فتاوی رضویہ قدیم ۸/ ۴۵۸)

**﴿۱۳۰﴾ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ج وَمِنْ اٰنَآءِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى۔☆**

تو ان کی باتوں پر صبر کرو اور اپنے رب کو سراہتے ہوئے اس کی پاکی بولو سورج چمکنے سے پہلے اور اس کے ڈوبنے سے پہلے، اور رات کی گھڑیوں میں اس کی پاکی بولو اور دن کے کناروں پر اس امید پر کہ تم راضی ہو۔

## ﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم معراج سے پہلے نماز یقیناً پڑھتے تھے اور اسی طرح آپ کے اصحاب بھی۔ لیکن اس میں اختلاف ہے کہ پانچ نمازیں فرض ہونے سے پہلے کوئی نماز فرض تھی بھی یا نہیں۔ بعض نے کہا کہ ایک نماز طلوع شمس سے پہلے اور ایک غروب سے پہلے فر

Marfat.com

ض تھی اور اس پر یہ آیت دلیل میں پیش کی۔

اقول: وفی الاستدلال بقولہ عز اسمہ وسبح بحمد ربک قبل طلوع الشمس وقبل غروبھا" نظر، فان تتمۃ الآیۃ من اناء اللیل فسبح واطراف النھار لعلک ترضی فان حمل التسبیح علی الصلوۃ لقول ابن عباس رضی اللہ تعالی عنھما کل تسبیح فی القرآن صلاۃ، اخرجہ الفریابی عن سعید بن جبیر وان کان ربما یفید الاستثناء من کلیتہ علی ما اقول قولہ جل ذکرہ، کل قد علم صلوتہ وتسبیحہ، وقولہ تعالی: فلولا انہ کان من المسبحین۔ للبث فی بطنہ الی یوم یبعثون ۔ فان الظاھران المراد بہ ما ذکرعنہ ربہ عزوجل بقولہ فنادی فی الظلمات ان لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین ۔ بہ فسرہ سعید بن جبیر ارشد تلامذۃ ابن عباس، الراوی عنہ تلک الکلیۃ ۔ وقد قال الحسن البصری، کما فی المعالم: ما کانت لہ صلاۃ فی بطن الحوت، ولکنہ قدم عملا صالحا ،بید ان ابن عباس ھھنا ایضا مشی علی اصلہ فقال رضی اللہ تعالی عنہ، من المسبحین، من المصلین، ویکون المعنی حینئذ ما قال الضحاک: انہ شکر اللہ تعالی لہ طاعتہ القدیمۃ، کما فی المعالم ایضا، فعلی ھذا الحمل واخذ الامر للوجوب، تدل الآیۃ باٰخرھا علی فرضیۃ اکثر من صلاتین: الا ان یقال: لم یقصد الحصر، بدلیل ان قیام اللیل کان فریضۃ من قبل قطعا، ولکن یبقی قولہ تعالی: واطراف النھار، وحملہ علی المذکورتین یستلزم التکرار۔

میں کہتا ہوں: اللہ عز اسمہ کے اس فرمان سے استدلال کرنا کہ تسبیح کہو اپنے رب کی حمد کے ساتھ طلوع آفتاب اور غروب آفتاب سے پہلے محل نظر ہے۔ کیونکہ آیت مکمل اس طرح ہوتی ہے، اور رات کے اوقات میں بھی تسبیح کہو اور دن کے اطراف میں بھی تاکہ تم راضی ہو جاؤ، اب اگر تسبیح سے مراد نماز لی جائے، کیونکہ ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما نے کہا: کہ قرآن میں تسبیح سے ہر جگہ نماز مراد ہے۔ ابن عباس کا یہ قول فریابی نے سعید بن جبیر سے روایت کیا ہے، اگر چہ ابن عباس کے اس کلیے سے استثناء کا فائدہ دیتی ہیں وہ آیات جو میں بیان کر رہا ہوں۔ اللہ جل ذکرہ فرماتا ہے: ہر (پرندہ) اپنی نماز اور تسبیح کو جانتا ہے۔ اور اللہ تعالی فرماتا

Marfat.com

ہے: اگر وہ (یونس) تسبیح کہنے والوں میں سے نہ ہوتا تو یوم بعث تک مچھلی کے پیٹ میں رہتا، کیونکہ ظاہر یہی ہے کہ اس تسبیح سے مراد وہی تسبیح ہے جو اللہ تعالی نے یونس علیہ السلام سے یوں حکایت کی ہے: پس پکارا اس نے اندھیرے میں کہ کوئی معبود نہیں ہے تیرے سوا، تو پاک ہے بیشک میں ظلم کرنے والوں میں تھا۔

سعید بن جبیر جو کہ ابن عباس کے بہترین شاگردوں میں سے ہیں اور ان سے مندرجہ بالا کلیہ کے راوی ہیں: انہوں نے یہی تفسیر بیان کی ہے۔ حسن بصری نے کہا کہ انہوں نے مچھلی کے پیٹ میں نماز نہیں پڑھی تھی بلکہ اس سے پہلے ایک صالح عمل تھا۔ البتہ ابن عباس یہاں بھی اپنے اصول پر رواں رہے ہیں اور تسبیح کہنے والوں میں سے ہونے کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ نماز پڑھنے والوں میں سے ہونا۔ اس صورت میں جیسا کہ ضحاک نے کہا ہے اس آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ اللہ تعالی نے یونس علیہ السلام کو اسی اطاعت (اور نماز وغیرہ) کے صلے میں نجات دی تھی جو وہ مچھلی کے پیٹ میں جانے سے پہلے کرتے رہتے تھے۔ معالم میں بھی اس طرح ہے۔ بہرحال اگر، فسبح بحمد ربك،، میں تسبیح سے مراد نماز لی جائے اور امر کو وجوب کے لئے قرار دیا جائے تو آیت کا آخری حصہ دو سے زیادہ نمازوں کے فرض ہونے پر دلالت کرے گا، اس کا یہ جواب تو دیا جا سکتا ہے کہ دو میں حصر مقصود نہیں ہے، کیونکہ رات کی نماز بھی بالیقین پہلے سے فرض تھی، لیکن اس صورت میں اللہ تعالی کا یہ فرمان، اور دن کے اطراف میں،، بغیر کسی مفہوم کے رہ جاتا ہے، کیونکہ اگر اس سے مراد طلوع سے پہلے اور غروب سے پہلے والی دو نمازیں لی جائیں تو تکرار لازم آئے گی۔

(فتاوی رضویہ جدید ۵/ ۷۸ تا ۸۰)

Marfat.com

# سورۃ الانبیاء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

﴿۷﴾ وَمَآ اَرۡسَلۡنَا قَبۡلَکَ اِلَّا رِجَالًا نُّوۡحِیۡۤ اِلَیۡهِمۡ فَسۡئَلُوۡۤا اَهۡلَ الذِّکۡرِ اِنۡ کُنۡتُمۡ لَا تَعۡلَمُوۡنَ ۔☆

اور ہم نے تم سے پہلے نہ بھیجے مگر مرد جنہیں ہم وحی کرتے تو اے لوگو علم والوں سے پوچھو اگر تمہیں علم نہ ہو۔

## ﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

دلیل کی دو قسمیں ہیں۔ تفصیلی اور اجمالی ۔ تفصیلی کی معرفت اہل نظر اور مجتہد کے ساتھ خاص ہے۔

اجمالی جیسا کہ فرمان الہی ہے۔" فاسئلوا اھل الذکران کنتم لا تعلمو ن" ۔تو تم اہل علم سے دریافت کرو اگر تم نہیں جانتے ہو۔ (فتاوی رضویہ جدید ۱/۱۰۳)

حضور نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ الا اسئلوا اذا لم یعلموا، فانما شفاء العی السوال۔ (السنن لابی داود ۱/۴۹)

جب ان کو معلوم نہ تھا تو انہوں نے معلوم کیوں نہ کیا، کیوں کہ جہل کی بیماری کی شفاء سوال کرنے میں ہے۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱/۱۰۳)

﴿۲۳﴾ لَا یُسۡئَلُ عَمَّا یَفۡعَلُ وَهُمۡ یُسۡئَلُوۡنَ۔

اس سے نہیں پوچھا جاتا جو وہ کرے اور ان سب سے سوال ہوگا۔

## ﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(اللہ تعالی مالک کل ہے اس کے کاموں میں کسی کو دخل کی گنجائش نہیں، یہاں دنیا میں

Marfat.com

کسی مالک مجازی سے اس کے تصرف کے بارے میں سوال نہیں ہوتا، مثلا) زید نے روپے کی ہزار اینٹیں خریدیں۔ پانچ سو مسجد میں لگائیں، پانچ سو پاخانہ کی زمین اور قدمچوں میں۔ کیا اس سے کوئی الجھ سکتا ہے کہ ایک ہاتھ کی بنائی ہوئی، ایک مٹی سے بنی ہوئی، ایک آوے سے پکی ہوئی ،ایک روپے کی مول لی ہوئی ہزار اینٹیں تھیں۔ ان پانچ سو میں کیا خوبی تھی کہ مسجد میں صرف کیں اور ان میں کیا عیب تھا کہ جائے نجاست میں رکھیں۔ اگر کوئی احمق اس سے پوچھے بھی تو وہ یہی کہے گا کہ میرے ملک میں تھیں میں نے جو چاہا کیا۔ جب مجازی جھوٹی ملک کا یہ حال ہے تو حقیقی سچی ملک کا کیا پوچھنا۔ ہمارا اور ہماری جان و مال اور تمام جہان کا مالک وہ ایک اکیلا پاک نرالا سچا ہے۔ اس کے کام اور احکام میں کسی کو مجال دم زدن کیا معنیٰ؟ کیا کوئی اس کا ہمسر یا اس پر افسر ہے جو اس سے کیوں اور کیا کہے، مالک علی الاطلاق ہے، بے اشتراک ہے، جو چاہا کیا، جو چاہے گا کرے گا، ذلیل فقیر بے حیثیت حقیر اگر بادشاہ جبار سے الجھے تو اس کا سر کھجایا ہے، شامت نے گھیرا ہے، اس سے ہر عاقل یہی کہے گا کہ او بدعقل بے ادب اپنی حد پر رہ، جب یقیناً معلوم ہے کہ بادشاہ کمال عادل اور جمیع کمال صفات میں یکتا و کامل ہے تو تجھے اس کے احکام میں دخل دینے کی کیا مجال ہے؟۔

گدائے خاک نشینی تو حافظا مخروش　　　نظام مملکت خویش خسرواں دانند

افسوس کہ دنیوی، مجازی، جھوٹے بادشاہوں کی نسبت تو آدمی کو یہ خیال ہوا، اور ملک الملوک بادشاہ حقیقی جل جلالہ کے احکام میں رائے زنی کرے۔ سلاطین اپنا برابر زئی بلکہ اپنے سے بھی کم رتبہ شخص بلکہ اپنا نوکر یا غلام جب کسی صفت کا استاد ماہر ہو اور خود یہ شخص اس سے آگاہ نہیں تو اس کے اکثر کاموں کو ہرگز نہ سمجھ سکے گا۔ یہ اتنا ادراک ہی نہیں رکھتا۔ مگر عقل سے حصہ ہے تو اس پر معترض بھی نہ ہوگا۔ جان لے گا کہ یہ اس کام کا استاذ حکیم ہے۔ میرا خیال وہاں تک نہیں پہنچ سکتا۔ غرض اپنی فہم کو قاصر جانے گا نہ کہ اس کی حکمت کو۔ پھر رب الارباب، حکیم حقیقی، عالم السر والخفی عزاسمہ وجلالہ کے اسرار میں خوض کرنا اور جو سمجھ میں نہ آئے اس پر معترض ہونا اگر بے دینی نہیں جنون ہے، اگر جنون نہیں، بے دینی ہے۔ والعیاذ باللہ رب العالمین۔

(فتاوی رضویہ قدیم ۱۱/۱۹۴)

﴿۳۳﴾ وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ط كُلٌّ فِیْ

Marfat.com

فَلَکٍ یَسْبَحُوْنَ۔☆

اور وہی ہے جس نے بنائے رات اور دن اور سورج اور چاند ہر ایک ایک گھیرے میں پیر رہا ہے۔

## ﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ہمارے نزدیک کواکب کی حرکت نہ طبعیہ ہے نہ تبعیہ۔ بلکہ خود کواکب بحکم الہی وتحریک ملائکہ آسمانوں میں دریا میں مچھلی کی طرح تیرتے ہیں۔

(فتاوی رضویہ قدیم ۱۲/۱۶۹)

(۳۵) کُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَۃُ الْمَوْتِ ط وَنَبْلُوْکُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَیْرِ فِتْنَۃً ط وَاِلَیْنَا تُرْجَعُوْنَ۔☆

ہر جان کو موت کا مزہ چکھنا ہے۔ اور ہم تمہاری آزمائش کرتے ہیں برائی اور بھلائی سے جانچنے کو۔ اور ہماری ہی طرف تمہیں لوٹ کر آنا ہے۔

## ﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اہلسنت کا مذہب یہ ہے کہ روح انسانی بعد موت بھی زندہ رہتی ہے۔ موت بدن کے لئے ہے روح کے لئے نہیں، "انما خلقتم للابد" تم ہمیشہ رہنے کے لئے بنائے گئے ہو۔ امام جلال االدین سیوطی شرح الصدور میں بعض ائمہ کرام سے نقل فرماتے ہیں کہ کسی نے ان کے سامنے موت روح کا ذکر کیا۔ "سبحان اللہ ھذا قول اھل البدعۃ۔" سبحان اللہ یہ بد مذہبوں کا قول ہے۔

اللہ عزوجل فرماتا ہے:" کل نفس ذائقۃ الموت" ہر جان موت کا مزہ چکھنے والی ہے۔

موت جب تک واقع نہ ہوئی معدوم کا مزہ کہاں سے آیا اور جب واقع ہوئی اگر روح مرجائے تو موت کا مزہ کون چکھے، یوں ہی اہلسنت وجماعت کا اجماع اور صحیح حدیثوں کی تصریح ہے کہ ہر میت اپنی قبر پر آنے والوں کو دیکھتا ہے اور اسکا کلام سنتا ہے۔ موت کے بعد سمع بصر علم ادراک سب بدستور باقی رہتے ہیں بلکہ پہلے سے بہت زیادہ ہوجاتے ہیں کہ یہ صفتیں روح کی تھیں اور روح اب بھی زندہ ہے پہلے بدن میں مقید تھی اور اب اس قید سے آزاد ہے۔

Marfat.com

(فتاوی رضویہ قدیم ۱۱/۴۲)

(۴۷) وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا ؕ وَ اِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ؕ وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ۔☆

اور ہم عدل کی ترازوئیں رکھیں گے قیامت کے دن تو کسی جان پر کچھ ظلم نہ ہوگا۔ اور اگر کوئی چیز رائی کے دانہ کے برابر ہو تو ہم اسے لے آئیں گے اور ہم کافی ہیں حساب کو،

## ﴿۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

تفسیر روح البیان میں ہے:

الظالم سفیہ خارج عن الالوھیۃ فلو صح منہ الظلم لصح خروجہ عن الالھیۃ"۔ ظالم بے وقوف ہے، خدائی سے خارج ہے۔ تو اگر خدا سے ظلم ممکن ہو تو اس کا خدائی سے نکل جانا ممکن ہو۔

(۱۰۱) اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ☆۔

بیشک وہ جن کے لئے ہمارا وعدہ بھلائی کا ہو چکا وہ جہنم سے دور رکھے گئے ہیں۔

(۱۰۲) لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ۚ وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ۔☆

وہ اس کی بھنک نہ سنیں گے اور وہ اپنی من مانتی خواہشوں میں ہمیشہ رہیں گے۔

## ﴿۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ان ارشادات الہیہ کے بعد مسلمان کی شان نہیں کہ کسی صحابی پر طعن کرے، بفرض غلط بفرض باطل طعن کرنے والا جتنی بات بتاتا ہے اس سے ہزار حصہ زائد اس سے یہ کہئے "انتم اعلم ام اللہ" کیا تم زیادہ جانو کیا اللہ کو ان باتوں کی خبر نہ تھی، بایں ہمہ وہ ان سے فرما چکا ہے کہ میں نے تم سب سے بھلائی کا وعدہ فرمالیا، تمہارے کام مجھ سے پوشیدہ نہیں۔ تو اب اعتراض نہ کرے گا مگر وہ جسے اللہ عزوجل پر اعتراض مقصود ہے۔ عمرو بن عاص رضی اللہ تعالی عنہ جلیل القدر قریشی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جد امجد کعب بن لوی رضی اللہ تعالی عنہما کی اولاد سے، اور ان کی نسبت وہ ملعون کلمہ طعن فی النسب کا اگر کہا ہوگا تو کسی رافضی نے

Marfat.com

پھر وہ صدیق وفاروق کو کب چھوڑتے ہیں، عمرو بن عاص کی کیا گنتی "رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین و سیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون "۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

(فتاوی رضویہ قدیم ۱۱/۴۱)

## (۱۰۷) وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ۔☆

اور ہم نے تمہیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لئے۔

## ﴿۷﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

عالم ماسوائے اللہ تعالیٰ کو کہتے ہیں، جس میں انبیا وملائکہ سب داخل ہیں۔ تو لاجرم حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان سب پر رحمت ونعمت رب الارباب ہوئے اور وہ سب حضور کی سرکار عالی مدار سے بہرہ مند وفیضیاب، اسی لئے اولیاء کاملین وعلمائے عاملین تصریحیں فرماتے ہیں: کہ ازل سے اب تک ارض وسما میں، اولیٰ وآخرت میں، دنیا ودین میں، روح وجسم میں، چھوٹی یا بڑی بہت یا تھوڑی جو نعمت ودولت کسی کو ملی یا اب ملتی ہے یا آئندہ ملے گی، سب حضور کی بارگاہ جہاں پناہ سے بٹی اور بٹتی ہے اور ہمیشہ بٹے گی۔ " کما بیناہ بتوفیق اللہ تعالی فی رسالتنا "سلطنة المصطفی فی ملکوت کل الوری"

امام فخر الدین رازی نے اس آیۂ کریمہ کے تحت میں لکھا:

" لما کان رحمة للعلمین لزم ان یکون افضل من کل العلمین" جب حضور تمام عالم کے لئے رحمت ہیں، واجب ہوا کہ تمام ماسوے اللہ سے افضل ہوں "قلت وادعاء التخصیص خروج عن الظاهر بلا دلیل وهو لا یجوز عند عاقل فضلا عن فاضل واللہ الهادی۔

(تجلی الیقین ۲۳۔۲۴)

(۱۰۷)

پر ظاہر کہ رحمت سبب دفع بلا وزحمت۔ (الامن والعلی ۶۳)

لا واللہ! تمام جہان میں کوئی شی ایسی نہیں جس پر اللہ کا احسان نہ ہو اور اللہ کے رسول کا احسان نہ ہو۔ جب وہ تمام عالم کے لئے رحمت ہیں تو قطعاً سارے جہان پر ان کی نعمت ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ اہل کفر واہل کفران نہ مانیں تو کیا نقصان۔

راست خواہی ہزار چشم چناں　　　　کور بہتر کہ آفتاب سیاہ

Marfat.com

**عن** السید الحسین بن علی ابی طالب رضی اللہ تعالی عنهما قال : قال لی عمر الفاروق رضی اللہ تعالی عنه :یا بنی! لو جعلت تغشا نا ، فاتیته یوما وھو خال بمعاویة وابن عمر بالباب ، فرجع ابن عمر فرجعت معه فلقینی بعد فقال : لم ارك ، فقلت:یا امیر المؤمنین ! انی جئت و انت خال بمعاویة وابن عمر فی الباب ، فرجع ابن عمر فرجعت معه قال: انت احق بالاذن من ابن عمر ، انما انبت ما فی رؤسنا اللہ عزوجل ثم انتم ۔

سیدنا حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھ سے فرمایا: اے میرے بیٹے ! میری تمنا ہے کہ آپ ہمارے پاس آیا کریں ، ایک دن میں گیا تو معلوم ہوا کہ تنہائی میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کچھ باتیں کر رہے ہیں اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما دروازے پر رکے ہیں ، عبداللہ پلٹے ان کے ساتھ میں بھی واپس آیا ، اس کے بعد امیر المؤمنین مجھے ملے تو فرمایا: جب سے پھر میں نے آپ کو نہ دیکھا یعنی تشریف نہ لائے ، میں نے کہا: یا امیر المؤمنین ! میں آیا تھا آپ حضرت امیر معاویہ کے ساتھ خلوت میں تھے ، میں آپکے صاحبزادے کے ساتھ واپس آ گیا ، امیر المؤمنین نے فرمایا: آپ ابن عمر سے مستحق تر ہیں ، یہ جو آپ ہمارے سروں پر دیکھتے ہیں یہ اللہ ہی نے تو اگائے ہیں پھر آپ حضرات (یعنی حضور اور اہل بیت ہی کی عطا کردہ عزت ہمیں ملی ہے ۔

**عن** عبید بن حنین المدنی رضی اللہ تعالی عنه قال : جاء الحسن والحسین رضی اللہ تعالی عنهما یستأذنان علی عمر الفاروق رضی اللہ تعالی عنه وجاء عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنهما فلم یوذن لعبداللہ فرجع ، قال: فقال الحسن اوالحسین : اذا لم یؤذن لعبد اللہ لا یؤذن لنا فبلغ عمر فارسل الیه فقال : یا ابن اخی ! ما ادراك ؟ قال : قلت: اذا لم یأذن لعبد اللہ بن عمر لم یؤذن لی ، قال : یا بن اخی ! فهل انبت الشعر علی الرأس غیر کم ۔

حضرت عبید بن حنین مدنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت امام حسن اور امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے کاشانۂ خلافت فاروقی پر اذن طلب کیا ، ابھی اجازت نہ

Marfat.com

آئی تھی کہ امیر المؤمنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے صاحبزادے حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دروازے پر حاضر ہوکر اذن مانگا امیر المؤمنین نے انہیں اجازت نہ دی یہ حال دیکھ کر حضرات حسنین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی واپس آگئے، امیر المؤمنین نے انہیں بلا بھیجا، انہوں نے آکر کہا: یا امیر المؤمنین! میں نے خیال کیا کہ آپنے صاحبزادے کو تو اذن دیا نہیں مجھے کیوں دینگے، فرمایا: آپ ان سے زیادہ مستحق اذن ہیں، کیا سر پر بال کسی اور نے اگائے ہیں سوا تمہارے۔

**عن** السید الحسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال لی امیر المؤمنین عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ: ھل انبت الشعر علی رؤسنا الا ابوک۔

حضرت شہزادۂ گلگوں قبا امام حسین شہید کربلا رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھے پر سر منبر گود میں لیکر فرمایا: ہمارے سروں پر بال کس نے اگائے ہیں تمہارے ہی باپ نے اگائے ہیں، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

## ﴿۹﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یعنی جو کچھ عزت، نعمت اور دولت ہے سب حضور ہی کی عطا ہے، حافظ الشان نے اس آخری حدیث کو روایت کرکے اصابہ فی تمیز الصحابہ میں فرمایا: اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

میں ڈرتا ہوں کی امیر المؤمنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ان حدیثوں کا سنانا کہیں وہابی صاحبوں کو رافضی بھی نہ کردے۔

قل موتوا بغیضکم، ان اللہ علیم بذات الصدور،

شہزادوں سے امیر المؤمنین کے اس فرمانے کا مطلب بھی وہی ہے جو لفظ اول میں تھا، کہ یہ بال تمہارے مہربان باپ ہی نے اگائے ہیں، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جس طرح اراکین سلطنت اپنے آقازادوں سے کہتے ہیں کہ جو نعمت ہے تمہاری ہی دی ہوئی ہے یعنی تمہارے ہی گھر سے ملی ہے۔ الامن والعلی ص ۱۲۶

**عن** زینب بنت ابی رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہما قالت: رأیت فاطمۃ

Marfat.com

الزھراء رضی اللہ تعالیٰ عنھا اتت بابنیھا الی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی مرضہ الذی توفی فیہ فقالت : یا رسول اللہ ! ھذان ابناك فورثھما فقال: اما حسن فان لہ ھیبتی و سؤدی ،و اما حسین فان لہ جرأتی و جودی ۔

حضرت زینب بنت ابی رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے دیکھا حضرت بتول زہراء صلی اللہ تعالیٰ علی ابیہا وعلیہا وعلی بعلہا و ابنیہا و بارک وسلم اپنے دونوں شاہزادوں کولیکر خدمت انور سید اطہر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوئیں اور عرض کی : یا رسول اللہ! یہ دونوں آپکے نور نظر ہیں انہیں اپنی میراث سے کچھ عطا فرمائیے ،ارشاد فرمایا: حسن کے لئے تو میری ہیبت وسرداری ہے اور حسین کے لئے میری جرات اور میرا کرم۔

**عن** ابی رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : ان فاطمۃ الزھراء رضی اللہ تعالیٰ عنھا اتت بابنیھا فقالت: یا رسول اللہ ! انحلھما ، قال : نعم ، اما الحسن فقد نحلتہ حلمی و ھیبتی ، واما الحسین فقد نحلتہ نجدتی و جودی ،

حضرت ابورافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوکر حضرت خاتون جنت فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! ان دونوں کوکچھ عطا فرمائیے،قاسم خزائن الٰہی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں منظور ہے، حسن کوتو میں نے اپنا حلم اور ہیبت عطا کی ،اور حسین کواپنی شجاعت اور اپنا کرم بخشا۔

**عن** ام ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنھا قالت : جاء ت فاطمۃ الزھراء رضی اللہ تعالیٰ عنھا بالحسن والحسین رضی اللہ تعالیٰ عنھما الی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقالت : یا نبی اللہ ! انحلھما ، فقال: نحلت ھذا الکبیر المھابۃ والحلم ، ونحلت ھذا الصغیر المحبۃ و الرضی ۔

حضرت ام ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت خاتون جنت فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا دونوں شاہزادوں کولیکر بارگاہ رسالت میں حاضر آئیں اور عرض کی: یا نبی اللہ! کچھ عطا ہو، فرمایا: میں نے اس بڑے کوہیبت وبردباری عطا کی ،اور اس چھوٹے کو محبت ورضا کی نعمت دی۔

Marfat.com

## ﴿۱۰﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

**اقول** وباللہ التوفیق۔ حلم ہیبت جود وشجاعت اور رضا ومحبت کچھ اشیائے محسوسہ واجسام ظاہرہ تو نہیں کہ ہاتھ میں اٹھا کردے دیئے جائیں، پھر حضرت بتول زہرا کا سوال بصیغہ عرض و درخواست تھا کہ حضور انہیں کچھ عطا فرمائیں، جسے عرف نحاۃ میں صیغہ امر کہتے ہیں، اور وہ زمان استقبال کے لئے خاص کہ جب تک یہ صیغہ زبان سے ادا ہوگا زمانہ حال منقضی ہو جائے گا، اس کے بعد قبول و وقوع جو کچھ ہوگا زمانہ تکلم سے زمانہ مستقبل میں آئے گا، اگرچہ بحالت فور واتصال اسے عرفا زمانہ حال کہیں بہرحال درخواست وقبول کو زمانہ ماضی سے اصلا تعلق نہیں، اب حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے کیا فرمایا: یعنی ہاں دوں گا، لاجرم یہ قبول زمانہ استقبال کا وعدہ ہوا۔ فان السؤال معاد فی الجواب ای نعم انحلهما

اس کے متصل ہی حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے اس شاہزادے کو یہ نعمتیں دیں، اور اس شہزادے کو یہ دولتیں بخشیں، یہ صیغے بظاہر ماضی کے ہیں، اور اس سے مراد زمان وعدہ تھا اور زمان وعدہ عطا نہیں کہ وعدہ عطا پر مقدم ہوتا ہے، لاجرم یہ صیغے اخبار کے نہیں بلکہ انشاء کے ہیں، جس طرح بائع ومشتری کہتے ہیں: بعت اشتریت، میں نے بیچی، میں نے خریدی، ۔ یہ صیغے کسی گزشتہ خرید وفروخت کی خبر دینے کو نہیں ہوتے بلکہ انہیں سے بیع وشراء پیدا ہوتی ہے، انشا کی جاتی ہے۔

یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے اس فرمانے ہی میں کہ میں نے اسے یہ دیا، اسے یہ دیا، حلم وہیبت، جود وشجاعت اور رضا ومحبت کی دولتیں شاہزادوں کو بخش دیں، یہ نعمتیں خاص خزائن ملک السموات والارض جل جلالہ کی ہیں۔

ایں سعادت بزور بازو نیست
تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

تو وہ جو زبان سے فرمادے کہ میں نے دیں اور اس فرمانے سے وہ نعمتیں حاصل ہو جائیں قطعا یقینا وہی کرسکتا ہے جس کا ہاتھ اللہ وہاب رب الارباب جل جلالہ کے خزانوں پر پہونچتا ہے، جسے اس کے رب جل وعلا نے عطا ومنع کا اختیار دے دیا ہے، ہاں وہ کون؟ ہاں واللہ! وہ محمد رسول اللہ ماذون ومختار حضرت اللہ، قاسم ومتصرف خزائن اللہ جل جلالہ وصلی

Marfat.com

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، والحمد للہ رب العالمین،

لاجرم امام اجل احمد بن حجر مکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کتاب مستطاب جوہر منظم میں فرماتے ہیں۔

ھو صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خلیفۃ اللہ الاعظم الذی جعل خزائن کرمہ و موائد نعمہ طوع یدیہ و اردتہ یعطی من یشاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اللہ عزوجل کے وہ خلیفہ اعظم ہیں کہ حق جل وعلا نے اپنے کرم کے خزانے، اپنی نعمتوں کے خوان سب ان کے ہاتھوں کے مطیع اور ان کے ارادے کے زیر فرمان کردیئے جسے چاہتے ہیں عطا فرماتے ہیں، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ان مباحث قدسیہ کے جانفزا بیان فقیر کے رسالہ سلطنت المصطفی فی ملکوت کل الوری، میں بکثرت ہیں، وللہ الحمد۔　　الامن والعلی ۱۲۹

**عن** عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: غلا السعر بالمدینۃ فاشتد الجھد، فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم: اصبروا و ابشروا، فانی قد بارکت علی صاعکم و مدکم و کلوا ولا تتفرقوا فان طعام الواحد یکفی الاثنین وطعام الاثنین یکفی الاربعۃ، وطعام الاربعۃ یکفی الخمسۃ و الستۃ. و ان البرکۃ فی الجماعۃ، فمن صبر علی لاوائھا و شدتھا کنت لہ شفیعا و شھیدا یوم القیامۃ و من خرج عنھا رغبۃ عما فیھا ابدل اللہ بہ من ھو خیر منہ فیھا۔ و من ارادھا بسوء اذا بہ اللہ کما یذوب الملح فی الماء۔

امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ مدینہ طیبہ میں غلہ گراں قیمت ہوگیا اور لوگوں کی پریشانی بڑھ گئی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صبر کرو اور بشارت سن لو کہ بیشک میں نے تمہارے رزق کے پیمانوں میں برکت کردی ہے، لہذا مل جل کر کھانا علیحدہ علیحدہ نہیں۔ کہ اجتماعی شکل میں ایک فرد کا کھانا دو کے لئے بھی کافی ہوجاتا ہے، اور دو کا کھانا چار کے لئے کفایت کرتا ہے، اور چار کا پانچ اور چھ تک کے لئے کافی ہوجاتا ہے۔ کیونکہ جماعت میں برکت ہے۔ جس نے مدینہ منورہ میں سختی پر صبر کیا میں کل قیامت میں اسکا شفیع اور گواہ ہونگا۔ اور جو شخص یہاں سے

Marfat.com

اعراض کر کے نکل بھاگا تو اللہ تعالیٰ اس سے بہتر شخص کو اس میں لا کر آباد فرمادیگا۔اور جس نے مدینہ طیبہ اور اس کے باشندگان کے ساتھ برائی کا ارادہ کیا تو اللہ تعالیٰ اس کو اس طرح پگھلائے گا جس طرح پانی میں نمک گھل جاتا ہے۔۱۲م

والحمدللہ رب العالمین۔(جامع ۲۰۳/۴ تا ۲۱۹)

Marfat.com

# سورة الحج

## بسم الله الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

﴿۲۶﴾ وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِیْمَ مَكَانَ الْبَیْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِیْ شَیْــٴًـا وَّ طَهِّرْ بَیْتِیَ لِلطَّآىٕفِیْنَ وَ الْقَآىٕمِیْنَ وَ الرُّكَّعِ السُّجُوْدِ۔☆

اور جب کہ ہم نے ابراہیم کو اس گھر کا ٹھکانا ٹھیک بتادیا اور حکم دیا کہ میرا کوئی شریک نہ کر اور میرا گھر ستھرا رکھ طواف والوں اور اعتکاف والوں اور رکوع سجدے والوں کے لئے۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس آیت کی تفسیر سے متعلق دیکھو سورۃ ال عمران کی آیت ۴۳ )

﴿۲۸﴾ لِّیَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ وَ یَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِیْۤ اَیَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِیْمَةِ الْاَنْعَامِ ۚ فَكُلُوْا مِنْهَا وَ اَطْعِمُوا الْبَآىٕسَ الْفَقِیْرَ۔☆

تاکہ وہ اپنا فائدہ پائیں اور اللہ کا نام لیں جانے ہوئے دنوں میں اس پر کہ انہیں روزی دی بے زبان چوپائے تو ان میں سے خود کھاؤ اور مصیبت زدہ محتاج کو کھلاؤ۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اطعام کے لفظ نے بتایا کہ تصدق ہی واجب نہیں اباحت کافی ہے جو محض ایک قربت ہے۔

**عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضي الله تعالىٰ عنها قالت : قالوا: يا رسول الله ! إن الناس يتخذون الأسقيه من ضحايا هم و يحملون فيها الودك ، فقال : و ماذاك ؟ قالو ا : نهيت أن تو كل لحوم الأضاحي بعد ثلث ـ قال : إِنَّمَا نَهَيْتُكُم مِنْ أَجَلِ الدَّافَّةِ فَكُلُوْا وَ ادَّخِرُوْا وَ تَصَدَّقُوْا ـ

Marfat.com

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے عرض کیا: یا رسول اللہ! لوگ اپنی قربانی کی کھالوں کے مشکیزے بنالیتے ہیں اور ان میں چربی ڈھوتے ہیں۔ فرمایا: اس میں کیا حرج ہے۔ بولے: ہمیں تو تین دن کے بعد قربانی کا گوشت کھانے سے منع کیا گیا تھا۔ فرمایا: میں نے تمہیں ذخیرہ بنانے کی وجہ سے منع کیا تھا۔ لہذا کھاؤ، ذخیرہ کرو، اور صدقہ کرو اب ہر چیز کی اجازت ہے۔۱۲م

فتاوی رضویہ ۸/۴۷۲

**عن** نبشة الهذلي رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول لله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: كُلُوْا وَ ادَّخِرُوْا وَ ائْتَجِرُوْا۔

حضرت نبشہ ہذلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کھاؤ اور اٹھا رکھو اور ہر وہ کام کرو جس سے ثواب حاصل ہو۔

فتاوی رضویہ ۸/۴۷۴

**عن** أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: مَنْ بَاعَ جِلْدَ أُضْحِيَّةٍ فَلاَ أُضْحِيَّةَ لَهُ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے قربانی کی کھال بیچ دی اسکی قربانی قبول نہیں۔۱۲م

**عن** بريدة الأسلمي رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: كُلُوْا مَا بَدَالَكُمْ وَ أَطْعِمُوْا وَ ادَّخِرُوْا۔

حضرت بریدہ اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قربانی کا گوشت جس قدر تم کھا سکتے ہو کھاؤ، باقی کھلاؤ اور جمع رکھو۔۱۲م

**عن** سلمة بن الأكوع رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: كُلُوا وَ أَطْعِمُوْا وَ ادَّخِرُوْا۔

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قربانی کا گوشت کھاؤ اور کھلاؤ اور ذخیرہ کرو۔۱۲م

Marfat.com

**عن** أبی سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنه قال ؛ قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم : کُلُوا وَ أَطْعِمُوا وَ احْبِسُوا وَ ادَّخِرُوا۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قربانی کا گوشت کھاؤ، کھلاؤ، روک رکھواور ذخیرہ کرلو۔۱۲م

فتاوی رضویہ ۸/ ۴۹۷

(۲۹) ثُمَّ لْيَقْضُوا تَفَثَهُمْ وَلْيُوفُوا نُذُورَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوا بِالْبَيْتِ الْعَتِيقِ۔☆

پھراپنا میل کچیل اتاریں اوراپنی منتیں پوری کریں۔اوراس آزادگھر کا طواف کریں

**﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں**

(اس آیت میں نذر کے پورا کرنے کا حکم ہے جس کی وضاحت ان احادیث سے ہوتی ہے)

**عن** أم المؤمنین عائشة الصدیقة رضی اللہ تعالیٰ عنها قالت: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: مَنْ نَذَرَ أَنْ يُطِيعَ اللّٰهَ فَلْيُطِعْهُ ، وَمَنْ نَذَرَ أَنْ يَعْصِيَه فَلَا يَعْصِهِ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جوکسی طاعت الٰہی (مثلا نماز وروزہ وغیرہما) کی منت مانے وہ بجالائے۔اور جوکسی گناہ کی منت مانے وہ باز رہے۔

فتاوی رضویہ ۵/ ۹۶۶

**عن** أم المؤمنین عائشة الصدیقة رضی اللہ تعالیٰ عنها قالت: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: لَا نَذْرَ فِي مَعْصِيَةٍ ، وَكَفَّارَتُهُ كَفَّارَةُ يَمِينٍ ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: معصیت کی نذر جائز نہیں۔اوراسکا کفارہ قسم کا کفارہ ہے۔

**﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں**

مسلمانوں پرلازم کہ اپنی نذریں پوری کریں۔رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نذرماننے سے منع نہیں فرمایا بلکہ اسکی وفا کا حکم دیا۔ہاں یہ سمجھنا کہ نذرماننے سے تقدیر الٰہی بدل

Marfat.com

جائیگی۔ جونعمت نصیب میں نہیں مل جائیگی۔ جو بلا مقدر میں ہے وہ ٹل جائیگی۔ یہ اعتقاد فاسد ہے۔ایسی ہی نذر سے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے۔

فتاوی رضویہ ۵/۹۶۶ ☆ جدالممتار ۲/۲۱۵

(۳۰) ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ۙ ☆

بات یہ ہے اور جو اللہ کی حرمتوں کی تعظیم کرے۔تو وہ اس کے لئے اسکے رب کے یہاں بھلا ہے اور تمہارے لئے حلال کئے گئے بے زبان چوپائے سوا ان کے جنکی ممانعت تم پر پڑھی جاتی ہے تو دور ہو بتوں کی گندگی سے اور بچو جھوٹی بات سے۔

## ﴿۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(**ومن یعظم حرمت اللہ فھو خیر لہ عند ربہ ط** سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالی کی برگزیدہ چیزوں کی تعظیم اس کو بہت محبوب ہے تو یہ اس کی ہی تعظیم ہے)

اے عزیز! اصل کار یہ ہے کہ محبوبان خدا کے لئے جو تواضع کی جاتی ہے وہ در حقیقت خدا ہی کے لئے تواضع ہے،لھذا بکثرت احادیث میں استاذ و شاگرد و علماء و عام مسلمین کے لئے تواضع کا حکم ہوا جنہیں جمع کیجئے تو دفتر طویل ہوتا ہے۔

طبرانی معجم اوسط اور ابن عدی کامل میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے راوی سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہیں: تعلموا العلم و تعلموا للعلم السکینۃ والوقار و تواضعوا لمن تعلمون منہ" علم سیکھو اور علم کے لئے سکون ومہابت (وقار) سیکھو اور جس سے علم سیکھتے ہو اس کے لئے تواضع کرو۔

اور خطیب نے کتاب الجامع لآداب الراوی والسامع میں ان سے یوں روایت کی حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا:

"تواضعوا لمن تعلمون منہ و تواضعوا لمن تعلمونہ ولا تکونوا جبابرۃ العلماء فیغلب جہلکم علمکم"

جس سے علم سیکھتے ہو اس کے لئے تواضع کرو اور جسے علم سکھاتے ہو اس کے لئے تواضع

Marfat.com

کرو اور متکبر عالم نہ بنو کہ تمہارا جہل تمہارے علم پر غالب ہو جائے۔

بایں ہمہ علمانے تصریح فرمائی کہ غیر خدا کیلئے تواضع حرام ہے، فتاوی ہندیہ میں ہے:

التواضع لغیر اللہ حرام کذا فی الملتقط۔ (غیر خدا کے لئے تواضع حرام ہے جیسا کہ ملتقط میں ہے)

تو بات وہی ہے کہ انبیا و اولیاء و مسلمین کے واسطے تواضع اس لئے ہے کہ وہ اللہ کے نبی ہیں، یہ اللہ کے ولی ہیں، وہ دین الٰہی کے قیم ہیں، یہ ملت الٰہیہ پر قائم ہیں۔ تو علت تواضع جب وہ نسبت ہے جو انہیں بارگاہ الٰہی میں حاصل، تو یہ تواضع بھی درحقیقت خدا ہی کے لئے ہوئی جیسے صحابہ کرام و اہل بیت عظام کی تعظیم و محبت بعینہ محبت و تعظیم سید عالم ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

"کما نص علیہ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی غیر ما حدیث ونحن فی غنی عن سردھا ھھنا فما ھی شوارد بل معلومۃ الموارد" جیسا کہ حضور علیہ السلوۃ والسلام نے اس پر تصریح فرمائی، ایسی بہت سی احادیث ہیں ہمیں ان کو ذکر کرنے کی ضرورت نہیں، وہ احادیث اجنبی نہیں ہیں ان کا مورد سب کو معلوم ہے،

تواضع لغیر اللہ کی شکل یہ ہے کہ عیاذ باللہ کسی کافر، یا دنیا دار غنی کے لئے اسکے سبب تواضع ہو کہ یہاں وہ نسبت موجود ہی نہیں، یا موجود ہے تو ملحوظ نہیں، اے عزیز! یا وہ احادیث کثیرہ بتیرہ جن میں صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے خشوع و خضوع بجالانا مذکور، اس درجہ اشتہار پر نہیں کہ ان کے جمع و استیعاب سے غنا ہو۔

ابوداؤد ونسائی ترمذی وابن ماجہ ابن شریک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی: "قال اتیت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم واصحابہ حولہ کأن علی رئوسھم الطیر"، فرمایا میں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، حضور کے اصحاب حضور کے گرد تھے گویا ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہیں، یعنی سر جھکائے گردنیں خم کئے بے حس و حرکت کے پرندے لکڑی یا پتھر جان کر سروں پر آبیٹھیں، اس سے بڑھ کر اور خشوع کیا ہوگا!

ہند بن ابی ہالہ وصاف النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ورضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث اقدس میں ہے:

اذا تکلم اطرق جلساءہ کأن علی رؤسھم الطیر "جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کلام فرماتے جتنے حاضران مجلس ہوتے سب گردنیں جھکا لیتے گویا ان کے سروں

Marfat.com

پر پرندے ہیں۔

عجب است باوجودت کہ وجود من ماند تو بلفتن اندر آئی ومراسخن بماند

تعجب ہے کہ تیرے وجود سے میرا وجود باقی ہے، تیری گفتگو نافذ ہے اور میری بات باقی ہے

مولانا جامی قدس سرہ السامی فحات الانس شریف میں لکھتے ہیں:

یکے از مشائخ گوید کہ من وشیخ علی ہیتی در مدرسہ شیخ عبدالقادر رضی اللہ تعالی عنہ بودیم کہ یکے از اکابر بغداد پیش آمد وگفت "یاسیدی قال جدك رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من دعی فلیجب وھا انا ادعوك الی منزلی" گفت اگر مرا اذن کنند بیایم زمانے سرور پیش انداخت پس گفت ے آیم وبراشتر سوار شد شیخ علی ہیتی رکاب راست وی گرفت ومن رکاب چپ تا بسرائے آں شخص رسیدیم ہمہ مشائخ بغداد وعلما واعیان آنجا بودند سماطے برکشیدند بروی انواع نعمتہا وسلہ بزرگ سرپوشیدہ دو کس برداشتہ پیش آوردند ودر آخر سماط نہادند بعد ازاں آں شخص کہ صاحب دعوت بود گفت الصلا وشیخ رضی اللہ تعالی عنہ سر در پیش افگندہ بود ہیچ نخوردو اذن نیز نداد ہیچ کس ہم نخورد واھل المجلس کانہ علی رؤسھم الطیر ھیبتہ۔

ایک بزرگ نے فرمایا کہ میں اور شیخ علی ہیتی حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالی عنہ کے مدرسہ میں تھے کہ اتنے میں بغداد کے ایک بزرگ تشریف لائے اور انہوں نے عرض کی اے آقا (غوث اعظم) آپ کے جد امجد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو دعوت دے اس کی دعوت قبول کی جائے، لو میں آپ کو اپنے گھر کے لئے دعوت دیتا ہوں، تو آپ نے فرمایا کہ اگر مجھے اجازت ملی تو آؤں گا، یہ فرما کر آپ نے کچھ دیر سر مبارک کو جھکایا پھر فرمایا: میں آرہا ہوں، آپ گھوڑے پر سوار ہوئے، شیخ علی ہیتی نے دایاں رکاب اور میں نے بایاں رکاب پکڑا، حتی کہ ہم سب اس شیخ کے گھر پہنچے، تو وہاں پر بغداد کے مشائخ اور علما اور خاص لوگ موجود تھے، دستر خوان بچھایا گیا جس پر مختلف قسم کی نعمتیں موجود تھیں اور ایک بھاری بوجھل تابوت کو دس آدمی اٹھائے ہوئے لائے، ایک طرف رکھ دیا گیا، اس کے بعد صاحب خانہ شیخ نے کھانا کھانے کو کہا: تو حضرت غوث اعظم نے سر مبارک جھکایا نہ خود کھانا تناول فرمایا اور نہ ہمیں کھانے کی

Marfat.com

اجازت دی اور کسی نے بھی نہ کھایا جبکہ تمام اہل مجلس ایسے خاموش سر جھکائے ہوئے تھے جیسے کہ ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہوں۔

یعنی اہل مجلس کہ تمام اولیاء وعلماء وعمائد بغداد تھے ہیبت سرکار قادریت کے سبب ایسے بیٹھے تھے گویا ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہیں۔ مقصود اسی قدر تھا مگر ایسی جانفزا بات کا ناتمام رہنا دل کو نہیں بھاتا، لہذا تفریح قلوب سنت وغیظ صدور بدعت کے لئے تتمہ روایت نقل کروں، فرماتے ہیں:

شیخ رضی اللہ تعالی عنہ بمن وشیخ علی ہیتی اشارتی کرد کہ آں سلہ را پیش آرید برخاستیم وآں را پیش برداشتیم وبس گراں بود در پیش شیخ نہا ہم فرمود تا سر آنرا بکشادیم دیدیم کہ فرزند آں شخصے بود نابینائے مادر زاد برجائے ماندہ مجزوم ومفلوج گشتہ شیخ رضی اللہ تعالی عنہ وی را گفت قم باذن اللہ معافی، آں کودک برخاست دواں وبینا وبراں ہیچ آفتے نے فریاد از حاضراں برخاست شیخ رضی اللہ تعالی عنہ درانبودہ مردم بیروں آمد وہیچ نخورد پیش شیخ ابوسعید قیلوی رفتم وآں قصہ باوے بلفتم شیخ عبدالقادر ''یبرئ الاکمہ والابرص ویحیی الموتی باذن اللہ عزوجل ست انتہی۔

حضرت نے مجھے اور شیخ علی ہیتی کو اشارہ فرمایا کہ اس تابوت کو میرے سامنے لاؤ، وہ بھاری تابوت ہم نے اٹھا کر آپ کے سامنے رکھ دیا، پھر آپ نے فرمایا: اس پر سے کپڑ ہٹاؤ، جب ہم نے دیکھا وہ اس تحض کا لڑکا تھا جو مادرزاد نابینا اور مفلوج تھا، تو حضرت نے اس لڑکے کو حکم فرمایا:

''قم باذن اللہ معافی'' (اللہ کے حکم سے کھڑے ہو جاؤ عافیت والے ہو کر) وہ لڑکا فوراً تندرست حالت میں کھڑا ہو گیا جیسا کہ اسے کوئی تکلیف ہی نہ تھی۔ اس کے بعد حضرت حاضرین میں سے اٹھ کر پوری جماعت کے ساتھ باہر تشریف لے گئے اور کچھ نہ کھایا۔ اس کے بعد میں شیخ ابو قیلوی کے پاس گیا اور ان کو میں نے یہ تمام قصہ سنایا تو انھوں نے فرمایا: شیخ عبدالقادر رضی اللہ تعالی عنہ مادرزاد اندھے اور کوڑھی کو تندرست اور مردہ کو زندہ اللہ کے اذن سے کرتے ہیں۔

قادرا قدرت تو داری ہر چہ خواہی آں کنی مردہ را جانے دہی و درد را درماں کنی

Marfat.com

اے قدرت والے تجھے قدرت ہے تو جو چاہے کرے، مردہ کو جان دیتا ہے اور درد کو آرام دیتا ہے۔

امام ابوابراہیم تجیبی رحمہ اللہ تعالی فرماتے ہیں:

واجب علی کل مومن متی ذکرہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اوذکر عندہ ان یخضع ویخشع ویتوقر ویسکن من حرکتہ و یأخذ فی ہیبتہ واجلالہ بما کان یاخذ بہ نفسہ لو کان بین یدیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ویتأدب بما ادبنا اللہ تعالی بہ،،

ہر مسلمان پر واجب ہے جب حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو یاد کرے یا اس کے سامنے حضور کا ذکر آئے خضوع وخشوع بجالائے اور باوقار ہو جائے اور اعضاء کو حرکت سے باز رکھے اور حضور کے لئے ہیبت وتعظیم کی حالت پر ہو جائے جو حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے روبرو اس پر طاری ہوتی اور ادب کرے جس طرح خدائے تعالی نے ہمیں ان کا ادب سکھایا ہے

امام علامہ شہاب الدین خفاجی نسیم الریاض میں اس قول کے نیچے لکھتے ہیں:

"یفرض ذلک ویلاحظہ ویتمثلہ فکانہ عندہ ،، یعنی یاد حضور کے وقت یہ قرار دے کہ میں حضور اقدس کا تصور باندھے گویا حضور کے سامنے حاضر ہوں۔

امام اجل سیدی قاضی عیاض رحمۃ اللہ تعالی علیہ شفا شریف میں امام تجیبی کا ارشاد نقل کر کے فرماتے ہیں:

"وھذہ کانت سیرۃ سلفنا الصالح وائمتنا الماضین رضی اللہ تعالی عنھم ،، ہمارے سلف صالح وائمہ سابقین رضی اللہ تعالی عنہم کا یہی داب وطریقہ تھا۔

اور فرماتے ہیں:

کان مالک اذا ذکر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یتغیر لونہ وینحنی ،،

امام مالک رحمۃ اللہ تعالی علیہ جب سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا ذکر کرتے تو رنگ ان کا بدل جاتا اور جھک جاتے۔

نسیم میں ہے:

لشدۃ خشوعہ،، یہ جھک جانا سبب شدت خشوع تھا۔ شفا شریف وغیرہ تصانیف

علماء میں اس قسم کی بہت روایات مذکور۔

شاہ ولی اللہ قصیدہ ہمزیہ میں لکھتے ہیں:

ینادی ضا رع لخضو ع وذل وابتهال والتجاء
رسول الله یا خیرالبرایا نوالك ابتغی یوم القضاء

حاجت مندی، دل کی ... ساری، تضرع اور التجاء کے ساتھ رسول اللہ کو ندا کرے اور عرض کرے کہ اے مخلوق سے افضل ذات! میں آپ سے قیامت کے روز عطا کا خواستگار رہوں۔

دیکھو صاف بتاتے ہیں کہ جب نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ندا اور حضور سے عرض حاجت کرے تو تضرع وخضوع قلب وتذلل والحاح وزاری سب کچھ بجالائے۔ میں کہتا ہوں واللہ ایسا ہی چاہئے مگر ان شرک فروشوں کی دوا کون کرے، غرض اس مطلب نفیس میں کلمات علماء کا استیعاب کیجئے تو دفتر چاہئے، لہذا میں یہاں ''منسک متقسط'' اور اس کی شرح ''مسلک متقسط'' کی ایک نفیس عبارت کہ بہت فوائد جلیلہ پر مشتمل، تلخیصا اور ذکر کرتا ہوں۔

مولانا رحمۃ اللہ سندی متن اور فاضل علی قاری شرح میں فرماتے ہیں:

فاذا فرغ من ذلك قصد التوجه الى القبر المقدس وفرغ القلب من كل شیء من امور الدنیا، واقبل بكلیته لما هو بصدده لیصلح قلبه للا ستمداد منه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، ولیلا حظ مع ذلك الا ستمداد من سعة عفوه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وعطفه ورأفته ( ای شدة رحمته علی سائر العباد ) ان یسامحه فیما عجز عن ازالته من قلبه، ثم توجه ( ای بالقلب والقالب ) مع رعایة غایة الادب فقام تجاه الوجه الشریف متواضعا خاضعا خاشعا مع الذلة والانكسار والخشیة والوقار والهیبة والافتقار غاض الطرف مكفوف الجوارح ( من الحركات) فارغ القلب ( عمن سوی مقصوده ومرامه ) واضعا یمینه علی شماله ( تأدبا فی حال اجلاله ) مستقبلا للوجه الكریم مستدبر اللقبلة ناظرا الی الارض متمثلا صورته الكریمة فی خیالك مستشعرا بانه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عالم بحضورك وقیامك وسلامك ( بل بجمیع افعالك واحوالك

Marfat.com

وارتحالك ومقامك ) مستحضر اعظمته وجلالتہ وشرفه وقدره صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ثم قال من غیررفع صوت (لقوله تعالی ان الذین یغضون اصواتهم عند رسول الله الایة ) ولا اخفاء ( ای بالمرة لفوت الاسماع الذی هو السنة وان کان لا یخفی شیء علی الحضرة ) بحضور( قلب واستحیاء ) السلام علیك ایها النبی ورحمة الله وبرکاته ثم یقول:یا رسول الله اسألك الشفاعة ثلثا ( لانه اقل مراتب الالحاح لتحصیل المنال فی مقام الدعاء والسوال )وصلی الله تعالی علی قاضی حاجاتنا ومعطی مواداتنا سیدنا ومولانا محمد واله وصحبه اجمعین "

یعنی جب مقدمات زیارت سے فارغ ہو قبر انور کی طرف توجہ کا قصد اور دل کو تمام خیالات دنیویہ سے فارغ کرے اور ہمہ تن اس طرف متوجہ ہو جائے تا کہ اس کا قلب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے استمداد کے لائق ہو، باینہمہ جو خیال مجبورانہ دل میں باقی رہے جس کے ازالہ پر قادر نہ ہو اس کی معافی کے لئے نبی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کمال مغفرت ومہربانی ورافت اور تمام بندوں پر حضور کی شدت رحمت سے مدد مانگے، پھر دل وبدن دونوں سے نہایت ادب کے ساتھ مواجہہ شریف میں حاضر ہو، تواضع وخشوع وخضوع وتذلل وانکسار وخوف ووقار ہیبت واحتیاج کے ساتھ آنکھیں بند کئے اعضا کو حرکت سے روکے، دل اس مقصود مبارک کے سوا سب سے فارغ کئے ہوئے ادب وتعظیم حضور کے لئے داہنا ہاتھ بائیں پر رکھے حضور کی طرف منھ اور قبلہ کو پیٹھ کرے، نگاہ زمین پر جمائے رہے، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صورت مبارکہ کا تصور باندھے اور ہوشیار ہو کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کی حاضری وقیام وسلام بلکہ تمام افعال واحوال اور منزل بمنزل کے قیام وارتحال پر مطلع ہیں اور حضور کی عظمت وجلال وشرف ومنزلت کو خوب خیال کرے، پھر نہ تو آواز بلند ہو کہ اللہ تعالیٰ ان کے حضور پست آواز کا حکم دیتا ہے، نہ بالکل آہستہ جس میں سنانے کی سنت فوت ہو اگر چہ سرکار پر کچھ پوشیدہ نہیں، اس طرح حضور قلب وشرم وحیا کے ساتھ عرض کرے '' السلام علیك ایها النبی ورحمة الله وبرکاته " پھر کہے یارسول اللہ! میں حضور سے شفاعت مانگتا ہوں، یارسول اللہ! میں حضور سے شفاعت مانگتا ہوں، یارسول اللہ! میں حضور سے شفاعت مانگتا ہوں، تین

Marfat.com

باراس لئے کہے کہ یہ دعاوسوال میں حصول مقصود کے واسطے ادنی مرتبہ الحاح کا ہے۔ اللہ تعالی ہمارے حاجت رواا ور مرادوں کو پورا کرنے والے ہمارے آقا ومولی محمد اور آل وصحابہ کرام سب پر رحمت نازل فرمائے۔

ان احادیث وروایات وکلمات طیبات سے کالشمس فی وسط السماء روشن وآشکار ہو گیا کہ ہنگام توسل محبوبان خدا کی طرف منہ کرنا چاہئے اگر چہ قبلہ کو پیٹھ ہو، اور دل کو ان کی طرف خوب متوجہ کرے یہاں تک کہ ہرایں وآں خاطر سے محو ہو جائے اور ان کے لئے خضوع وخشوع محمود ومشروع، اور اس میں ان کا زمانہ وفات ظاہری وحضور مرقد وذکر مجرد سب برابر ہے اور ان کے سوا عبارات اخیرہ سے جو فوائد جمیلہ وعوائد جلیلہ حاصل ہوئے بیان سے غنی ہیں" والحمد لله رب العالمین "پس زید منکر نے کہ توجہ قلب وخشوع وہیائت نماز وغیرہ کی قیدیں بڑھا کر گمان کیا تھا کہ اب اسے اثبات عدم جواز کی طرف راہ آسان ہو گی، بحمد اللہ ثابت ہوا کہ اس کا محض خیال ہی خیال تھا۔

"والله يحق الحق بكلمته ولو كره المجرمون"

(فتاوی رضویہ جدید ۷/۵۹۵تا۶۰۲)

(ا) اس کی نظیر مصحف شریف کا مطلا ومذہب کرنا ہے کہ اگر چہ سلف میں نہ تھا، جائز ومستحب ہے کہ دلیل تعظیم وادب ہے۔

درمختار میں ہے:

"جاز تحلية المصحف لما فيه من تعظيمه كما في نقش المسجد" مصحف شریف مطلا ومذہب کرنا جائز ہے کیونکہ اس میں اس کی تعظیم ہے جیسا کہ منقش کرنے میں۔

یوں ہی مساجد کی آرائش اس کی دیواروں پر سونے چاندی کے نقش ونگار کہ صدر اول میں نہ تھے، بلکہ حدیث میں تھا:

لتزخرفنها كما زخرفت اليهود والنصارىٰ" رواه ابو داؤد عن ابن عباس رضى الله تعالى عنهما"

تم مسجد کی آرائش کرو گے جیسے یہود ونصاریٰ نے آرائش کی۔ اسے ابوداؤد نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت کیا۔

Marfat.com

مگر ظاہری تزک واحتشام ہی قلوب عامہ پر اثر تعظیم پیدا کرتا ہے، لہٰذا ائمہ دین نے حکم جواز دیا۔ تبیین الحقائق میں ہے:

" لایکرہ نقش المسجد بالجص وماء الذھب " گچ اور سونے کے پانی سے مسجد میں نقوش بنانا مکروہ نہیں ہے۔

ردالمحتار میں ہے:

" قولہ کما فی نقش المسجد ای ما خلا محرابہ ای بالجص وماء الذھب " اس کا قول، جیسا کہ مسجد کی آرائش میں، یعنی محراب کے علاوہ۔ یعنی گچ اور سونے کے پانی سے۔

(۳) یونہی مسجدوں کے لئے کنگرے بنانا کہ مساجد کے امتیاز اور دور سے ان پر اطلاع کا سبب ہیں، اگرچہ صدر اول میں نہ تھے۔ بلکہ حدیث شریف میں ارشاد ہوا تھا:

ابنوا المساجد واتخذوھا جماً۔ رواہ ابن ابی شیبۃ والبیھقی فی السنن عن انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ۔

مسجدیں منڈی بناؤ۔ اسے ابن ابی شیبہ نے اور سنن میں بیہقی نے حضرت انس رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا۔

دوسری حدیث میں ہے:

ابنوا مساجدکم جماً وابنوا مدائنکم مشرفۃ۔ رواہ ابن ابی شیبۃ فی المصنف عن ابن عباس رضی اللہ تعالی عنھما۔

یعنی مسجدیں منڈی بناؤ ان میں کنگرے نہ رکھو، اور اپنے شہر اونچے کنگرے دار بناؤ۔ اسے مصنف نے ابن ابی شیبہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت کیا۔

مگر اب بلانکیر مسلمانوں میں رائج ہے۔

وما رآہ المسلمون حسناً فھو عند اللہ حسن " اور جسے مسلمان اچھا سمجھیں وہ خدا کے یہاں بھی اچھا ہے۔

امام ابن المنیر شرح جامع صحیح میں فرماتے ہیں:

استنبط کراھیۃ زخرفۃ المسجد لاشتغال قلب المصلی بذلک او لصرف

Marfat.com

المال فی غیر وجھہ نعم اذا وقع ذلک علی سبیل تعظیم المساجد ولم یقع الصرف علیہ من بیت المال فلا باس بہ ولو اوصی بتشبید مسجد وتحمیرہ وتصفیرہ نفذت وصیتہ لانہ قد حدث للناس فتاوی بقدر ما احدثوا وقد احدث الناس مؤمنھم وکافرھم تشیید بیوتھم وتزیینھا ولو بنینا مساجدنا باللبن وجعلنھا متطامنۃ بین الدور الشاھقۃ وربما کانت لاھل الذمۃ لکانت مستھانۃ"

یعنی حدیث سے مستنبط کیا گیا ہے کہ مسجدوں کی آرائش مکروہ ہے کہ نمازی کا خیال بٹے گا، یا اس لئے کہ مال بیجا خرچ ہوگا، ہاں اگر تعظیم مسجد کے طور پر آرائش واقع ہو اور خرچ بیت المال سے نہ ہو تو کچھ مضائقہ نہیں، اور اگر کوئی شخص وصیت کر جائے کہ اس کے مال سے مسجد کی گچ کاری اور اس میں سرخ وزرد رنگ کریں تو وصیت نافذ ہوگی کہ لوگوں میں جیسی نئی نئی باتیں پیدا ہوتی گئیں ویسے ہی ان کے لئے فتوے نئے ہوئے کہ اب مسلمانوں کافروں سب نے اپنے گھروں کی گچ کاری اور آرائش شروع کردی۔ اگر ہم ان بلند عمارتوں کے درمیان جو مسلمین تو مسلمین کافروں کی بھی ہوگی کچی اینٹ اور نیچی دیواروں کی مسجدیں بنائیں تو نگاہوں میں بے وقعتی ہوگی۔

(۴) اسی قبیل سے ہے مزارات اولیاء کرام وعلمائے عظام قدست اسرارہم پر عمارات کی بناء کہ باوصف حدیث صحیح مسلم وابوداؤد ونسائی ومسند احمد:

"عن جابر رضی اللہ تعالی نھی النبی صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم ان یقعد علی القبر وان یحصص وان یبنی علیہ"

حضرت جابر رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے قبر پر بیٹھنے، اسے گچ سے پکی کرنے اور اس پر عمارت بنانے سے منع فرمایا۔

جس میں صراحۃً اس کی ممانعت ارشاد ہوئی ہے سلفاً وخلفاً ائمۂ کرام وعلمائے اعلام نے جائز رکھی، تکملہ مجمع بحار الانوار جلد ثالث صفحہ ۱۴۰ میں ہے:

"قد اباح السلف البناء علی قبور الفضلاء والاولیاء والعلماء لیزورھم ویستریحون فیہ"

**بیشک ائمہ سلف صالحین نے اہل فضل اولیاء وعلماء کے مزارات طیبہ پر عمارت بنانا مباح**

Marfat.com

فرمادیا کہ لوگ ان کی زیارت کریں اوران میں راحت پائیں۔

جواہراخلاطی میں ہے:

ھو وان کان احداثا فھو بدعة حسنة و کم من شیئ کان احداثاً وھو بدعة حسنة و کم من شیئ یختلف با ختلاف الزمان والمکان "

یعنی یہ اگر چہ نو پیدا ہے پھر بھی بدعت حسنہ ہے،اور بہت سی چیزیں ہیں کہ نئی پیدا ہوئیں اور ہیں اچھی بدعت،اور بہت احکام ہیں کہ زمانے یا مقام کی تبدیلی سے مختلف ہو جاتے ہیں،یعنی ایسی جگہ احکام سابقہ سے سند لانا حماقت ہے،جو حاجت اب واقع ہوئی اگر زمانۂ سلف میں واقع ہوتی تو وہ بھی یہی حکم کرتے جو اس وقت ہم کرتے ہیں،جیسے ام المومنین حضرت صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہما نے فرمایا:

"لو رأی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ما احدثت النساء لمنعھن المساجد کما منعت نساء بنی اسرائیل "

یعنی اگر رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ملاحظہ فرماتے جو باتیں عورتوں نے اب نکالی ہیں تو انہیں مسجدوں سے منع فرمادیتے،جیسے بنی اسرائیل کی عورتوں کو مسجدوں سے منع کیا گیا تھا۔

اور آخر ائمہ دین نے عورات کو مسجدوں سے منع فرماہی دیا،حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا تھا:

" لا تمنعوا إماء اللہ مساجد اللہ ۔ رواہ احمد ومسلم عن ابن عمر رضی اللہ تعالی عنھما ۔"

اللہ تعالی کی باندیوں کو اللہ تعالی کی مسجدوں سے نہ روکو۔اسے امام احمد ومسلم نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت کیا۔

کیا ائمہ دین نے نظر بحال زمانہ جو حکم فرمایا اسے حدیث کی مخالفت کہا جائے گا؟ حاش للہ! ایسا نہ کہے گا مگر احمق،کج فہم۔یوں ہی یہ تازہ تعظیموں کے احکام ہیں۔سلف صالحین کے قلوب تعظیم شعائر اللہ سے مملو تھے،ظاہری تزک واحتشام کے محتاج نہ تھے۔تو ان کے وقت میں یہ باتیں عبث وبے فائدہ تھیں اور ہر عبث مکروہ۔اوراس میں مال صرف کرنا ممنوع۔اب کہ بے تزک واحتشام ظاہری قلوب عوام میں وقعت نہیں آتی ان باتوں کی حاجت ہوئی۔مصحف شریف

Marfat.com

پر سونا چڑھانے کی اجازت ہوئی، مسجدوں میں سونے کے کلس، سونے چاندی کے نقش ونگار کی اجازت ہوئی۔ مزارات پر قبہ بنانے، چادر ڈالنے، روشنی کرنے کی اجازت ہوئی۔ ان تمام افعال پر بھی احادیث واحکام سابقہ پیش نہ کرے گا مگر سفیہ وناقہم۔ یہ مختصر شرح ہے اس ارشاد امام ممدوح قدس سرہ کی اور اس کی تفصیل بازغ وتحقیق بالغ ہمارے رسالہ "طوالع النور فی حکم السراج علی القبور" میں ہے وباللہ التوفیق۔

(۴۹۵تا۴۹۲/۹)

**عن** خریم بن فاتك الأسدی قال: صلی النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم الصبح فلما انصرف قام قائما فقال: عُدِلَتْ شَهَادَةُ الزُّوْرِ بِالْإِشْرَاكِ بِاللّٰهِ ثَلاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْآيَةِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ۔

فتاوی رضویہ ۵/۱۳۴

حضرت خریم بن فاتک اسدی رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ایک دن صبح کی نماز پڑھائی۔ جب فارغ ہوئے تو تشریف فرما ہوکر ارشاد فرمایا: جھوٹی گواہی شرک کے برابر ہے۔ یہ جملہ تین بار ارشاد فرمایا۔ پھر یہ آیت مبارکہ تلاوت فرمائی، جھوٹے قول سے دور رہو اللہ تعالی کی فرمانبرداری کرتے ہوئے اسکا کسی کو شریک نہ ٹھہراتے ہوئے۔۱۲م

**عن** أبی بکرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ أن رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم قال: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَكْبَرِ الْكَبَائِرِ، قالوا: بلیٰ، یا رسول اللہ، قال: اَلْإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ، وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ أَوْ قَوْلُ الزُّوْرِ، قال: فما زال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقولها حتی قلنا: لیته سکت۔

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں کبیرہ گناہوں میں سب سے بڑے گناہ کے بارے میں نہ بتادوں، صحابہ کرام نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیوں نہیں۔ سرکار نے ارشاد فرمایا: اللہ کے ساتھ شرک، والدین کی نافرمانی، اور جھوٹی گواہی یا جھوٹی بات بڑے بڑے گناہ ہیں۔ راوی کہتے ہیں: سرکار دو عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اسی طرح مسلسل فرماتے رہے یہاں تک کہ (خوف زدہ

ہوکر) ہم کہنے لگے: کاش سرکار خاموش ہوجاتے۔

فتاویٰ رضویہ ۱۳۴/۵

**عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: لَنْ تَزُوْلَ قَدَمَا شَاهِدِ الزُّوْرِ حَتّٰى يُوْجِبَ لَهُ النَّارَ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جھوٹی گواہی دینے والا اپنے پاؤں ہٹانے نہیں پاتا کہ اللہ تعالیٰ اسکے لئے جہنم واجب کردیتا ہے۔ فتاویٰ رضویہ ۱۳۴/۵

**عن** النواس بن سمعان الأنصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اَلْاِثْمُ مَاحَاكَ فِي صَدْرِكَ۔

حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: گناہ وہ ہے جو تیرے دل میں کھٹکے۔

فتاویٰ رضویہ حصہ دوم ۱۹۶/۹

**(۳۴) وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ؕ فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗۤ اَسْلِمُوْا ؕ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ☆**

اور ہر امت کے لئے ہم نے ایک قربانی مقرر فرمائی کہ اللہ کا نام لیں اس کے دیئے ہوئے بے زبان چوپایوں پر تو تمہارا معبود ایک معبود ہے تو اسی کے حضور گردن رکھو اور اے محبوب خوشی سنادو ان تواضع والوں کو۔

## ﴿۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہاں فرمایا کہ چوپایوں کو اللہ تعالیٰ نے قربانی کے لئے بنایا ہے، اور آٹھویں پارہ چھٹی سورہ انعام کے ۱۷ استرھویں رکوع میں چوپایوں کی تفصیل یہ بیان فرمائی:

"ثمنیة ازواج من الضان ومن المعز اثنین (الی قولہ تعالی) ومن الابل اثنین ومن البقر اثنین قل ء الذکرین حرم ام الانثیین اما اشتملت علیہ ارحام الانثیین"

چوپائے آٹھ نر و مادہ میں بھیڑ سے دو، اور بکری سے دو، اور گائے سے دو، تو کہہ کیا اللہ تعالیٰ نے دونوں نر حرام کئے ہیں یا دونوں مادہ، یا وہ جسے اپنے پیٹ میں رکھا دونوں مادہ نے؟

Marfat.com

ان آیتوں سے صاف معلوم ہوا کہ اونٹ، گائے، بھیڑ، بکری سب کی قربانی اللہ تعالی نے بتائی ہے، اسی لئے تفسیر مذکور فرمائشی منشی نولکشور کی جلد دوم (ص ۸/۷ سطر ۱۱ و ۱۲) میں چوپایوں پر اللہ کا نام لینے کی تفسیر میں لکھا:

بے زبان چوپایوں میں سے یعنی اونٹ گائے بکری، اس سے قربانی مراد ہے کہ خدا کے نام پر ذبح کریں۔

اور پچھلی آیت سے یہ بھی کھل گیا کہ گائے، بچھیا، بچھڑا اس کا کھانا حلال ہے۔ جس کی حلت خود قرآن شریف میں صراحۃً مذکور ہے۔

(فتاوی رضویہ جدید ۵۶۲/۱۴)

(۳۶) وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ۚ كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ۔☆

اور قربانی کے ڈیل دار جانور اونٹ اور گائے ہم نے تمہارے لئے اللہ کی نشانیوں سے کئے۔ تمہارے لئے ان میں بھلائی ہے تو ان پر اللہ کا نام لو ایک پاؤں بندھے تین پاؤں سے کھڑے پھر جب ان کی کروٹیں گر جائیں تو ان میں سے خود کھاؤ اور صبر سے بیٹھنے والے اور بھیک مانگنے والے کو کھلاؤ ہم نے یونہی ان کو تمہارے بس میں دیدیا کہ تم احسان مانو۔

## ﴿۷﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

گائے کی قربانی خاص ہمارے شعائر دین سے ہے۔ اور یقیناً معلوم کہ ہمارے ملک میں اونٹ ہماری غذا و ادائے واجب قربانی کے لئے کفایت نہیں کر سکتے، اول تو سخت گراں، دوسرے بہ نسبت گاؤ نہایت قلیل الوجود، اور اگر گاؤ کشی موقوف کر کے اونٹ پر کفایت کی جائے تو چند روز میں اونٹ کی قیمت دہ چند ہو جائے گی، اور یہ نفع عام جو ہمارے غرباء کو پہنچتا ہے ہرگز مقصود نہ رہے گا، اور عجب نہیں کہ رفتہ رفتہ بوجہ قلت اونٹ حکم عنقا کا پیدا کرے، تو رفع حاجت دائمہ اس سے متوقع نہیں، اور بکری کا گوشت کھانے کے لئے بھی تھوڑے لوگوں کو ملتا ہے، اور قربانی کے واسطے بھی ہر شخص ایک بکری جدا گانہ کرے کہ سال بھر سے کم کی نہ ہو، اور اس کے اعضاء بھی عیب و نقصان سے پاک ہوں بخلاف اس غریب پرور جانور یعنی گائے کے کہ ہمارے

Marfat.com

مسئلہ شرعیہ ہے اس میں سات شخص شریک ہو سکتے ہیں، اور بیشک سات بکریاں ایک گائے سے ہمیشہ گراں رہتی ہے۔

معہذا ہمارے مذہب میں اس کا جواز اور ہنود کے یہاں ممانعت ایک پلہ میں نہیں، ہماری اصل شریعت میں اس کا جواز موجود، قرآن مجید میں ہے: "ان اللہ یامرکم ان تذبحوا بقرۃ" و شرائع من قبلنا اذا قصھا اللہ تعالی علینا من دون انکار شرائع لنا (ملتقطا) کما نص علیہ فی کتب الاصول" بیشک اللہ تمھیں حکم دیتا ہے کہ گائے ذبح کرو ۔ہم سے پہلے شریعتوں کو جب اللہ تعالی بیان فرما کر منع نہ فرمائے تو وہ ہماری شریعت ہو جاتی ہے (ملتقطا) جیسا کہ کتب اصول میں منصوص ہے۔

اور ہنود کے اصل مذہب میں کہیں اس کی ممانعت نہیں، متاخرین نے خواہ مخواہ اس کی تحریم اپنے سر باندھ لی، بلکہ کتب ہنود گواہی دیتی ہیں کہ پیشوایان ہنود بھی گائے کا مزہ چکھنے سے محروم نہ گئے، جسے اس کی تفصیل دیکھنی ہو سوط اللہ الجبار وغیرہ کتب رد ہنود کا مطالعہ کرے علاوہ بریں ہم دریافت کرتے ہیں اس کی تحریم ہنود کے یہاں دو ہی وجہ سے معقول: ایک یہ کہ جانور کی ناحق ایذا اور ہتھیا ہے، ہم کہتے ہیں اکثر اقوام ہنود بکری، مرغی، مچھلی کھاتے ہیں؟ کیا وہ جانور نہیں، کیا ان کی جان جان نہیں؟ کیا ان کی ایذا حرام نہیں؟ کیا ان کا قتل ہتھیا نہیں؟ اور خود کتب ہنود سے جو رام و پچھمن و کرشن کا شکاری ہونا ثابت، اس ہتھیا کا کیا علاج؟ اور ایسا ہی ناراضی ہنود کا خیال کیجئے تو اگر وہ ہتھیا کے حکم کو عام کر دیں تو کیا شرع مطہر ہمیں ہر جانور کے ذبح وقتل سے باز رکھے گی، اور سانپ کہ انسان کی جان کا دشمن اور ہندوؤں کا دیوتا ہے ہرگز نہ مارا جائیگا، اور مسلمانوں کا اسباب و معشیت مفقود اور انسانوں کے ابواب عافیت مسدود کر دئے جائیں گے ؟ حاشا وکلا! ہماری شرع ہرگز ایسا حکم نہیں فرماتی، نہ حکام وقت ان خرافات کو روا رکھیں، کیا مزے کی بات ہے: ہندوں میں بعض قومیں ایسی ہیں کہ مطلقاً ہر جانور کا قتل حرام اور ہتھیا جانتی ہیں ، بلکہ بعض کو تو اس قدر غلو و تشدد ہے کہ ہر وقت منہ پر کپڑا باندھے رہتے ہیں کہ مکھی یا بھنگا حلق میں جا کر مر نہ جائے، اور باقی طوائف ہنود ان لوگوں کا خیال اور ان کے مذہب کا لحاظ نہیں کرتے، مزے سے بکری، مرغی، مچھلی وغیرہ وغیرہ نوش جان کرتے اور مسلمانوں کی دیکھا دیکھی دیگچیوں کا بگھار کا لطف اڑاتے ہیں، جب ان کے آپس میں یہ کیفیت ہے تو ہم پر کیوں ہنود کا

لحاظ اوران کے مذہب کا ایسا خیال واجب کرے، گاؤکشی بند کرنے کا فتوی دیا جاسکتا ہے: "ان هذا الاظلم صريح او جهل قبيح۔

دوسری وجہ یہ کہ گائے ان کے یہاں معظم ہے اور اپنے معظم کا ہلاک نہیں چاہتے، ہم کہتے ہیں کہ:

اولا: گئو ماتا کی آنکھیں بند ہوتے ہی ان سعادت مندوں کی تعظیم کا حال کھل جاتا ہے، اپنے ہاتھوں چماروں کے حوالے کرتے ہیں کہ چیریں پھاڑیں اور چرسا اپنے لئے ٹھہرا لیتے ہیں کہ کھال کی جوتیاں بنا کر پہنیں، جو جوتوں سے بچی وہ ڈھول پر کھنچی کہ شادی بیاہ میں کام آئے، رات بھر تیا پنچے کھائے۔

ثانیا: بفرض غلط اگر تعظیم ہے بھی تو صرف گائے پر مقتصر ہے،، ہم بچشم خود دیکھتے ہیں کہ ہنود آپ بیل کی ہر تعظیم نہیں کرتے بلکہ اس پر سخت تشدد کرتے ہیں، ہل میں جوتیں، گاڑی میں چلائیں، سواریاں لیں، بوجھ لدوائیں، وجہ بے وجہ سخت ماریں کہ ان کے جسم زخمی ہو جاتے ہیں، ہم نے خود دیکھا ہے کہ بعض ہنود نے بار برداری کی گاڑیوں میں اس قدر بوجھ بھرا کہ بیلوں کا جگر پھٹ گیا اور خون ڈال کر مر گئے، تو معلوم ہوا کہ بیل ان کے یہاں معظم نہیں۔ اگر یہ ممانعت بر بنائے تعظیم ہے تو چاہئے کہ بخوشی بیلوں کے ذبح کی اجازت دیں، ورنہ ان کا صریح مکابرہ اور ہٹ دھرمی ہے۔

باقی رہا سائل کا یہ کہنا کہ "اس فعل کے ارتکاب سے ثوران فتنہ وفساد ہو" ہم کہتے ہیں جن مواضع میں مثل بازار وشارع عام وغیرہما گاؤکشی کی قانوناً ممانعت، ہے وہاں جو مسلمان گائے ذبح کرے گا البتہ اثارت فتنہ وفساد اس کی طرف منسوب ہوسکتی ہے اور قانوناً مجرم قرار پائے گا۔ اور اس امر کو ہماری شریعت مطہرہ بھی روانہیں رکھتی کہ ایسی وجہ سے مسلمانوں پر مواخذے یا انہیں سزا ہونے کا باعث ہونا بیشک توہین اسلام ہے جس کا مرتکب یہ شخص ہوا، نظیر اس کی سب وشتم آلہہ باطلہ مشرکین ہے کہ شرع نے اس سے ممانعت فرمائی، اگرچہ اکثر جگہ فی نفسہ حرج متحقق نہ تھا۔

" ولا تسبوا الذين يدعو ن من دو ن الله فيسبوا الله عدوا بغير علم " اور انہیں گالی نہ دو جنہیں وہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں کہ وہ اللہ کی شان میں بے ادبی کریں گے زیادتی

Marfat.com

اور جہالت ہے۔

اور جہاں قانوناً ممانعت نہیں وہاں اگر ثوران فتنہ وفساد ہوگا تو لاجرم ہنود کی جانب سے ہوگا، اور جرم انہیں کا ہے کہ جہاں ذبح کرنے کی اجازت ہے وہاں بھی ذبح نہیں کرنے دیتے، کیاان کے جرم کے سبب ہم اپنی رسوم مذہبی ترک کرسکتے ہیں، یہ حکم بعینہ ایسا ہوا کہ کوئی شخص اغنیاء سے کہے تمہارا مال جمع کرنا باعث ثوران فتنہ وفساد وایذائے خلق اللہ ہے، کہ نہ تم مال جمع کرو، نہ چور چرانے آئیں، نہ وہ قید و بند کی سخت سخت سزائیں پائیں، اس احمق کے جواب میں یہی کہا جائے گا کہ چوری چور کا جرم ہے، اس کے سبب ہمیں جمع مال سے کیوں ممانعت ہونے لگی ، اور اگر ایسا ہی خیال ہنود کے فتنہ وفساد کا شرع ہم پر واجب کرے گی تو ہر جگہ ہنود کو قطعاً اس رسم کے اٹھادینے کی سہل تدبیر ہاتھ آئے گی، جہاں چاہیں فتنہ وفساد برپا کریں گے اور بزعم جہال شرع ہم پر ترک واجب کردے گی ، اور اس کے سوا ہماری جس رسم مذہبی کو چاہیں گے اپنے فتنہ وفساد کی بنا پر بند کرادیں گے، اور یہی واقعہ اس کے لئے نظیر ہو جائے گا، ایسی صورت میں تم پر اپنی رسم کا ترک شرعاً واجب ہوتا ہے۔

بالجملہ خلاصہ جواب یہ ہے کہ بازار وشارع عالم میں جہاں قانوناً ممانعت ہے، براہ جہالت ذبح گاؤ کا مرتکب ہونا بیشک اسلام کو توہین وذلت کے لئے پیش کرنا ہے کہ شرعاً حرام، اور اس کے سوا جہاں ممانعت نہیں وہاں سے بھی باز رہنا اور ہنود کی بیجا ہٹ بجا رکھنے کے لئے یک قلم اس رسم کو اٹھادینا، ہرگز جائز نہیں بلکہ انہیں مضرات وہذلات کا باعث ہے جن کا ذکر ہم اول کر آئے جنہیں شرع مطہر ہرگز گوارا نہیں فرماتی، نہ کوئی ذی انصاف حاکم پسند کرسکے، واللہ تعالی اعلم۔ (فتاوی رضویہ جدید ۱۴/ ۵۵۵تا۵۵۸)

قربانی کے ڈیل دار جانور اونٹ اور گائے ہیں، تفسیر قادری جو ہنود کے ایک معزز رئیس منشی نولکشور سی آئی ای نے اپنی فرمائش سے منجانب مطبع تصنیف کرائی اور داخل رجسٹری کراکر اپنے مطبع میں چھ بار چھاپی ، بیچی، اس کی جلد دوم طبع ششم سطر اخیر ص ۷۹ وسطر اول ص ۸۰ میں آیت کے ان لفظوں کا ترجمہ یوں لکھا، والبدن ، اور اونٹ اور گائے جو قربانی کے لئے ہانکے لئے جاتے ہیں جعلنا ھا لکم ، کر دیا ہم نے انہیں یعنی ان کے ذبح کو تمہارے واسطے من شعائر اللہ دین الہی کی نشانیوں میں سے۔

Marfat.com

اور بیشک ہم حنفی مذہب والوں کے تینوں امام یعنی امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف اور امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اور ان کے سب پیروؤں کا یہی مذہب ہے کہ بدنہ یعنی قربانی کے ڈیل دار جانور میں اونٹ اور گائے دونوں داخل ہیں۔ ہدایہ، درمختار، قاضی خاں، عالمگیری وغیرہا مشہور کتابیں اسی مذہب کی ہیں،

درمختار میں ہے:بدنة هي الابل والبقر سميت به لضخامتها ـ

(فتاوی رضویہ جدید۱۴/۵۶۱)

﴿۳۷﴾ لَنۡ یَّنَالَ اللّٰہَ لُحُوۡمُہَا وَ لَا دِمَآؤُہَا وَ لٰکِنۡ یَّنَالُہُ التَّقۡوٰی مِنۡکُمۡ ؕ کَذٰلِکَ سَخَّرَہَا لَکُمۡ لِتُکَبِّرُوا اللّٰہَ عَلٰی مَا ہَدٰىکُمۡ ؕ وَ بَشِّرِ الۡمُحۡسِنِیۡنَ۔☆

اللہ کو ہرگز نہ ان کے گوشت پہونچتے ہیں نہ ان کے خون ہاں تمہاری پرہیزگاری اس تک باریاب ہوتی ہے۔ یونہی ان کو تمہارے بس میں کردیا کہ تم اللہ کی بڑائی بولو اس پر کہ تم کو ہدایت فرمائی۔ اور اے محبوب خوشخبری سناؤ نیکی والوں کو۔

## ﴿۸﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(لتکبروا اللہ علیٰ ما ھدٰکم ط میں تکبیر کا ذکر اور اس سے مراد نماز عید میں تکبیر کہنا ہے)

نماز عید ہجرت کے سال اول میں شروع ہوئی، درمختار میں ہے کہ نماز عید ہجرت کے پہلے سال شروع ہوئی، اور وہ شرع میں معروف نہ ہوئی تھی مگر اسی اسلوب وطریقہ پر۔ اور تکبیرات میں حکمت دینی سرور کا اظہار اور اللہ تعالیٰ کے اس فرمان پر عمل ہے کہ تم اس مدت (رمضان) کو مکمل کرو اور اللہ کی عطا کردہ ہدایت پر اللہ کو بڑا بیان کرو، یہ عید الفطر میں ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ تم اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ ہدایت پر تکبیر کہو اور محسنین کو بشارت دو۔ یہ عید الاضحیٰ کے بارے میں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(فتاوی رضویہ جدید ۸/۵۷۲)

﴿۴۰﴾ اَلَّذِیۡنَ اُخۡرِجُوۡا مِنۡ دِیَارِہِمۡ بِغَیۡرِ حَقٍّ اِلَّاۤ اَنۡ یَّقُوۡلُوۡا رَبُّنَا اللّٰہُ ؕ وَ لَوۡ لَا دَفۡعُ اللّٰہِ النَّاسَ بَعۡضَہُمۡ بِبَعۡضٍ لَّہُدِّمَتۡ صَوَامِعُ وَ بِیَعٌ وَّ صَلَوٰتٌ وَّ مَسٰجِدُ یُذۡکَرُ فِیۡہَا اسۡمُ اللّٰہِ کَثِیۡرًا ؕ وَ لَیَنۡصُرَنَّ اللّٰہُ مَنۡ یَّنۡصُرُہٗ ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَقَوِیٌّ عَزِیۡزٌ۔☆

Marfat.com

وہ جو اپنے گھروں سے ناحق نکالے گئے صرف اتنی بات پر کہ انہوں نے کہا ہمارا رب اللہ ہے اور اللہ اگر آدمیوں میں ایک کو دوسرے سے دفع نہ فرماتا تو ضرور ڈھادی جاتیں خانقاہیں اور گرجا اور کلیسے اور مسجدیں جن میں اللہ کا بکثرت نام لیا جاتا ہے اور بے شک اللہ ضرور مدد فرمائے گا اس کی جو اس کے دین کی مدد کرے گا بیشک ضرور اللہ قدرت والا غالب ہے

## ﴿۹﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

معلوم ہوا کہ مجاہدین آلہ و واسطہ دفع بلا ہیں۔　　(الامن والعلی ۹۳)

(۴۷) وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ؕ وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۔☆

اور یہ تم سے عذاب مانگتے ہیں جلدی کرتے ہیں اور اللہ ہرگز اپنا وعدہ جھوٹا نہ کرے گا۔ اور بیشک تمہارے رب کے یہاں ایک دن ایسا ہے جیسے تم لوگوں کی گنتی میں ہزار برس۔

Marfat.com

# سورة المؤمنون

## بسم الله الرحمن الرحيم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

﴿۵﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ۔ ☆

اور وہ جو اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیں۔

﴿۶﴾ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْمَامَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ۔ ☆

مگر اپنی بیویوں یا شرعی باندیوں پر جو ان کے ہاتھ کی ملک ہیں کہ ان پر کوئی ملامت نہیں۔

﴿۷﴾ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ۔ ☆

تو جو ان دو کے سوا کچھ اور چاہے وہی حد سے بڑھنے والے ہیں۔

### ﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ظاہر ہے کہ زن ممتوعہ (جس سے متعہ کا عقد کیا جائے) نہ اس کی بیوی ہے نہ کنیز شرعی۔ تو وہی تیسری راہ ہے جو خدا کی باندھی ہوئی حد سے جدا اور حرام وگناہ ہے، رب تبارک تعالی مردوں سے فرماتا ہے: "محصنين غير مسافحين ولا متخذی اخدان" نکاح کرو بی بی بنا کر قید میں رکھنے کو نہ پانی گرانے اور نہ آشنا بنانے کو۔

عورتوں سے فرماتا ہے: "محصنت غير مسافحات ولا متخذات اخدان" قید میں آتیاں نہ مستی نکالتیاں نہ یار بناتیاں۔ ظاہر ہے کہ متعہ بھی مستی نکالنے پانی گرانے کا صیغہ ہے، نہ قید میں رکھنے بی بی بنانے کا۔

(فتاوی رضویہ قدیم ۵/۲۴۲)

**عن** سبرة بن معبد الجهنی رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله

Marfat.com

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : یَا اَیُّهَا النَّاسُ ! اِنِّی کُنْتُ اَذِنْتُ لَکُمْ فِی الْاِسْتِمْتَاعِ مِنَ النِّسَآءِ ، وَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ قَدْ حَرَّمَ ذٰلِکَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ ۔

حضرت سبرہ بن معبد جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! میں نے تمہیں متعہ کی اس سے پہلے اجازت دی تھی ۔ اور اب بیشک اللہ تعالیٰ نے متعہ قیامت تک کیلئے حرام فرمادیا۔

**عن** أمیر المؤمنین علی المرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجهه الکریم قال : ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم نهی عن نکاح المتعة یوم خیبر وعن لحوم الحمر الاهلیة ۔

امیر المؤمنین حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے متعہ سے غزوۂ خیبر کے دن منع فرمایا اور گدھے کے گوشت سے بھی۔

**عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال : انما المتعة فی اول الاسلام ، کان الرجل یقدم البلد لیس له بها معرفة ، فیتزوج المرأة بقدر مایری أنه یقیم فتحفظ له متعة وتصلح له شیئه حتی اذا نزلت الآیه . اِلَّا عَلٰی اَزْوَاجِهِمْ اَوْمَامَلَکَتْ اَیْمَانُهُمْ ،قال ابن عباس : فکل فرج سواهما فهو حرام ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ متعہ ابتدائے اسلام میں جائز تھا۔ مرد کسی شہر میں جاتا جہاں کسی سے جان پہچان نہ ہوتی تو کسی عورت سے اتنے دنوں کیلئے عقد کر لیتا جتنے روز اسکے خیال میں وہاں ٹھہرنا ہوتا۔ وہ عورت اسکے اسباب کی حفاظت ،اسکے کاموں کی درستگی کرتی ۔ جب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ’’سب سے اپنی شرمگاہیں محفوظ رکھو سوا بیویوں اور کنیزوں کے‘‘ اس دن سے ان دو کے سوا تمام شرمگاہیں حرام ہوگئیں۔

**عن** جابر بن عبد اللہ الانصاری رضی اللہ تعالیٰ عنه قال : تمتعنا نسوة فی غزوة تبوك ، فجاء رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فنظر الیهن وقال : من هؤلاء النسوة ؟ قلنا : یارسول اللہ ! نسوة تمتعناهن، قال : فغضب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم حتی احمرت وجنتاه وتمعر وجهه وقام فینا خطیبا،فحمد اللہ

Marfat.com

واثنی علیه ،ثم نهی عن المتعة ۔

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ غزوہ تبوک میں ہم نے کچھ عورتوں سے متعہ کیا۔ اسی درمیان سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہم میں تشریف لائے اور ان عورتوں کو دیکھ کر ارشاد فرمایا: یہ عورتیں کون ہیں؟ ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! ان سے ہم نے متعہ کیا ہے۔ یہ سن کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غضب فرمایا یہاں تک کہ دونوں رخسار مبارک سرخ ہوگئے اور چہرۂ مبارک کا رنگ بدل گیا۔ اسی وقت ہمارے درمیان کھڑے ہو کر خطبہ شروع کر دیا اور حمد وثنا کے بعد متعہ کا حرام ہونا بیان فرمایا۔

فتاوی رضویہ ۵/۳۴۳

**﴿۹﴾وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ۔☆**

اور وہ جو اپنی نمازوں کی نگہبانی کرتے ہیں۔

**﴿۱۰﴾اولٰئک هم الوارثون۔☆**

یہی لوگ وارث ہیں۔

**﴿۱۱﴾اَلَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ۔ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ۔☆**

کہ فردوس کی میراث پائیں گے وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

## ﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

معالم شریف امام بغوی شافعی میں ہے:

یحافظون ، ای یداومون علی حفظها ویراعون اوقاتها ، کرر ذکر الصلاۃ لیتبین ان المحافظة علیها واجبة " محافظت کرتے ہیں یعنی ہمیشہ نگہبانی کرتے ہیں اور ان کے اوقات کا خیال رکھتے ہیں۔ نماز کا ذکر مکرر کیا ہے تاکہ واضح ہو جائے کہ اس کی محافظت واجب ہے۔

(فتاوی رضویہ جدید ۵/۲۷۱۔۲۷۲)

**﴿۱۲﴾وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ۔☆**

اور بے شک ہم نے آدمی کو چنی ہوئی مٹی سے بنایا۔

**﴿۱۳﴾ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ۔☆**

پھر اسے پانی کی بوند کیا ایک مضبوط ٹھہراؤ میں۔

Marfat.com

(۱۴) ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ق ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ط فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ۔☆

پھر ہم نے اس پانی کی بوند کو خون کی پھٹک کیا پھر خون کی پھٹک کو گوشت کی بوٹی پھر گوشت کی بوٹی کو ہڈیاں پھر ان ہڈیوں پر گوشت پہنایا پھر اسے اور صورت میں اٹھان دی۔تو بڑی برکت والا ہے اللہ سب سے بہتر بنانے والا۔

## ﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

قرآن واحادیث ونصوص شرعیہ ومحاررات عرفیہ سب میں ان کی طرف روح وجسم دونوں نسبت کی جاتی ہے۔

"قال اللہ تعالی: ولقد خلقنا الا نسا ن من سللة من طین ۔ ثم جعلنا ہ نطفة فی قرار مکین ،الی قولہ سبحا نہ: فتبار ك اللہ احسن الخالقین۔ وقال عزو جل :و اذ قا ل ربك للملئکة: انی خا لق بشرا من صلصال من حمأ مسنو ن ۔ فاذا سویتہ و نفخت فیہ من رو حی فقعوا لہ سا جدین ۔ وقال تبا رك اسمہ انا خلقنا ھم من طین لا ذ ب۔ وقال جل جلا لہ: یا ایھاالنا س ان کنتم فی ریب من البعث فانا خلقنا کم من تراب ثم من نطفة ثم من علقة ثم من مضغة مخلقة وغیر مخلقة لنبین لکم و نقر فی الارحام ما نشا ء الی اجل مسمی۔ الآیة"

اللہ تعالی فرماتا ہے: بیشک ہم نے انسان کو مٹی کے خلاصہ سے پیدا فرمایا، پھر اسے ایک عزت والی قرارگاہ میں ٹھہرایا، تا ارشاد باری تعالی: تو بڑی برکت والا ہے اللہ سب سے بہتر بنانے والا۔اور فرماتا ہے: یاد کرو جب تمہارے رب نے فرشتہ سے فرمایا: بیشک میں بد بودار گارے کی بجتی ہوئی مٹی سے ایک انسان بنانے والا ہوں، تو جب میں اسے ٹھیک کرلوں اور اس میں اپنی طرف کی معزز روح پھونک دوں تو تم اس کے لئے سجدے میں گر جانا۔اور فرماتا ہے: بیشک ہم نے ان کو چپکتی ہوئی مٹی سے بنایا۔اور فرماتا ہے: اگر تمہیں بعث سے متعلق کچھ شک ہے تو بیشک ہم نے تم کو مٹی سے بنایا، پھر پانی کی بوند سے، پھر خون بستہ سے، پھر پارۂ گوشت سے نقشہ بنی اور بے بنی، تاکہ تم پر ہم روشن کردیں، اور جسے چاہیں ایک مقررہ میعاد تک رحموں میں

Marfat.com

ٹھہرائیں۔الآیۃ۔

اور پر ظاہر کہ کھنکھناتی چکنی خمیر کی ہوئی مٹی، پھر پانی کے قطرے، پھر خون کی بوند، پھر گوشت کے لوتھڑے سے بننا رحم میں ایک مدت معین تک ٹھہرنا ٹھیک ہونے کے بعد اس میں روح پھونکا جانا یہ سب احوال واطوار بدن کے ہیں اور انسان کی طرف نسبت فرمائی۔

"وقال عز مجده: وحملها الانسان، انه كان ظلوما جهولا، وقال تعالى شانه: ايحسب الانسان ان لن نجمع عظامه، بلى قادرين على ان نسوى بنانه، بل يريد الانسان ليفجر امامه، يسئل ايان يوم القيمة" الى قوله جل ذكره" يقول الانسان :يومئذ اين المفر"الى قوله جلت عظمة" ينبأ الانسان يومئذ بما قدم واخره ،بل الانسان على نفسه بصيرة ولو القى معاذيرة۔

خدائے عزوجل فرماتا ہے: اور انسان نے اس امانت کو اٹھالیا بے شک وہ اپنی جان کو مشقت میں ڈالنے والا بڑا نادان ہے۔

اور فرماتا ہے: کیا انسان گمان کرتا ہے کہ ہم اس کی ہڈیاں جمع نہ کریں گے، کیوں نہیں، ہم قادر ہیں کہ اس کا پور برابر کردیں، بلکہ انسان چاہتا ہے کہ اس کے آگے بے حکمی کرے، پوچھتا ہے کب ہے قیامت کا دن ( تا ارشاد: ) انسان کہتا ہے اس دن مفر کہاں ( تا ارشاد ربانی: ) اس دن انسان کو بتادیا جائے گا جو اس نے آگے کیا اور پیچھے کیا، بلکہ انسان اپنے نفس کو خوب دیکھنے والا ہے اگر چہ اپنے عذر سامنے لائے۔

واضح رہے کہ تکالیف شرعیہ سے مخاطب ہونا اور ظلم وجہل وحسبان وارادہ وسوال وکلام و اعلام ومعرفت ومعذرت یہ صفات وافعال روح سے ہیں، یونہی فجور بھی۔

"قال عز مجده ،ونفس وما سوٰها فالهمها فجورها وتقوٰها"

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: قسم نفس کی اور اس کی جس نے اسے ٹھیک بنایا، پھر اس کے دل میں اس کی نافرمانی اور پرہیزگاری ڈالی۔

انہیں بھی انسان کی جانب اضافت فرمایا بلکہ ایک ہی آیت میں دونوں قسم کے امور اس کے لئے مذکور۔

قال عز شانه: انا خلقنا الانسان من نطفة امشاج نبتليه فجعلنه سميعا

Marfat.com

بصیرا۔

باری تعالی فرماتا ہے: بیشک ہم نے انسان کو ملے ہوئے نطفہ سے بنایا کہ اسے آزمائیں، پھر ہم نے اسے سننے والا دیکھنے والا بنایا۔

مردوزن کے ملے ہوئے نطفہ سے بدن بنا اور تکلیف وآزمائش روح کی ہے اور وہی شنوا و بینا۔

قال تعالی جل ذکرہ: اولم یر الانسان انا خلقناہ من نطفة فاذا ھو خصیم مبین۔ وضرب لنا مثلا ونسی خلقہ، الآیة۔

ارشاد باری ہے: کیا انسان نے دیکھا کہ ہم نے اسے نطفہ سے پیدا کیا پھر وہ کھلا جھگڑنے والا ہے اور اس نے ہمارے لئے مثل بنائی اور اپنی تخلیق کو بھول گیا۔

رویت وعلم، شان روح ہے اور نطفے سے پیدائش بدن کی، پھر خصومت ومثل زنی ونسیان احوال روح اور ضمیر اخیر نے پھر تخلیق نطفہ سے جانب بدن مراجعت کی۔ یہی سب محاورات عرف عام میں شائع۔ اب چار حال سے خالی نہیں، یا تو انسان محض بدن ہے، یا مجرد روح، یا ہر ایک یا مجموع۔ احتمال ثالث تو بداہۃً مدفوع، ہر عاقل جانتا ہے کہ اسکے بنی نوع کا ہر فرد اور وہ خود ایک ہی انسان ہے۔ نہ یہ کہ ہر شخص میں دو انسان ہوں، ایک روح ایک بدن، ولہذا اسکی طرف کسی کا ذہاب معلوم نہیں، ثلثہ باقیہ مذاہب معروفہ ہیں، اول اکثر متکلمین کا خیال ہے اور ثانی امام رازی وغیرہ کا مفاد مقال، اور ثالث خود انہیں امام جلیل ودیگر اجلہ اکابر کا ارشاد جمیل۔ تفسیر کبیر میں ہے:

" اما القائلون بان الانسان عبارة عن ھذہ البنیة المخصوصة وعن ھذا الجسم المحسوس فھو جمھور المتکلمین، وھذا القول عندنا باطل (وذکر علیہ حججا الی ان قال) الحجة الخامسة ان الانسان قد یکون حیا حال ما یکون البدن میتا والدلیل قولہ تعالی: ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا، بل احیاء، فھذا النص صریح فی ان اولئك المقتولین احیاء والحس یدل علی ان ھذا الجسد میت، الحجة السادسة قولہ تعالی: النار یعرضون علیھا، وقولہ: اغرقوا فادخلوا نارا، وقولہ علیہ الصلاة والسلام: القبر روضة من ریاض

Marfat.com

الجنة او حفرة من حفر النار ، كل هذا النصوص تدل على ان الانسان يبقى بعد موت الجسد ، الحجة السابعة قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : اذا حمل الميت على نعشه رفرف روحه فوق النعش ويقول: يا اهلي يا ولدي (الحديث) ان النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم صرح بان حال ما يكون حال الجسد على النعش بقي هناك شئ ينادي ويقول جمعت المال من حله وغير حله ، ومعلوم ان الذي كان الاهل اهلا له وكان جامعا للمال وبقي في رقبته الوبال ليس الاذلك الانسان ، فهذا التصريح بان في الوقت الذي كان الجسد ميتا كان الانسان حيا باقيافاهما ، الحجة الثامنة قول تعالى: يا يتها النفس المطمئنة ! ارجعي الى ربك راضية مرضية ، والخطاب انما هو حال الموت فدل ان الذي يرجع الى الله بعد موت الجسد يكون حيا راضيا وليس الا الانسان فهذا يدل ان الانسان بقي حيا بعد موت الجسد ، الحجة العاشرة جميع فرق الدنيا من الهند والروم والعرب والعجم وجميع ارباب الملل والنحل من اليهود والنصارى والمجوس والمسلمين يتصدقون عن موتاهم ويدعون لهم بالخير ويذهبون الى زياراتهم ، ولو لا انهم بعد موت الجسد بقوا احياء لكان التصدق والدعاء والزيارة عبثا ، فيدل عن فطرتهم الاصلية شاهدة بان الانسان لا يموت بل يموت الجسد . والحجة السابعة عشرة ان الانسان يجب ان يكون عالما ، والعلم لا يحصل الا في القلب فيلزم ان يكون الانسان عبارة عن الشئ الموجود في القلب او شئ له تعلق بالقلب ـ ملتقطاملخصا"

اس مخصوص ساخت اور اس محسوس جسم کو انسان بتانے والے جمہور متکلمین ہیں اور یہ قول ہمارے نزدیک باطل ہے (اس پر دلائل ذکر کئے، یہاں تک کہ فرمایا:

پانچویں دلیل یہ ہے کہ انسان کبھی زندہ ہوتا ہے جبکہ بدن مردہ ہوتا ہے اور اس کی دلیل یہ ارشاد باری ہے: کہ انہیں جو اللہ کی راہ میں مارے گئے ہرگز مردہ نہ سمجھنا بلکہ وہ زندہ ہیں ۔ یہ صریح نص ہے کہ وہ شہید زندہ ہیں، اور احساس یہ بتاتا ہے کہ بدن مردہ ہے۔

چھٹی دلیل: باری تعالی کا ارشاد ہے: فرعون اور اس کے ساتھی آگ پر پیش کیے جاتے

Marfat.com

ہیں۔اور یہ ارشاد: وہ غرق کئے گئے پھر آگ میں ڈالے گئے۔اور رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان: قبر جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے یا دوزخ کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا ہے۔یہ تمام نصوص اس پر دلیل ہیں کہ انسان بدن کی موت کے بعد بھی باقی رہتا ہے۔

ساتویں دلیل: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ ارشاد ہے: جب میت کواس کی چارپائی پر اٹھایا جاتا ہے اس کی روح جنازہ کے اوپر پھڑ پھڑاتی ہے اور کہتی ہے اے میرے لوگو! اے میری اولاد! (الحدیث) نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صراحت فرمادی کہ جس وقت بدن چارپائی پر ہوتا ہے اس وقت ایک شئ باقی رہتی ہے جو ندا دیتی ہے اور کہتی ہے: میں نے مال جائز و ناجائز طریقوں سے جمع کیا،اور معلوم ہے کہ اہل جس کے اہل تھے،اور جو مال جمع کرنے والا تھا اور جس کی گردن پر وبال رہ گیا وہ نہیں مگر وہی انسان۔تو یہ اس بات کی تصریح ہے کہ جس وقت بدن مردہ ہے اسی وقت انسان زندہ، باقی اور سمجھنے والا ہے۔

آٹھویں دلیل: اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:۔اے اطمینان والی جان! اپنے رب کی طرف لوٹ جا اس حالت میں کہ تو اس سے راضی وہ تجھ سے راضی۔یہ خطاب بعد موت ہی ہے۔تو معلوم ہوا کہ بدن کی موت کے بعد جو اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹنے والا ہے وہ زندہ، راضی ہوتا ہے۔اور وہ انسان ہی ہے۔تو معلوم ہوا کہ انسان جسم کی موت کے بعد بھی زندہ رہا۔

دسویں دلیل: ہندوستان، روم، عرب، عجم کے رہنے والے تمام اہل عالم اور یہی یہود، نصاریٰ، مجوس، مسلمان، تمام ادیان و مذاہب والے اپنے مردوں کی طرف سے صدقہ کرتے ہیں، ان کے لئے دعائے خیر کرتے ہیں اور انکی زیارت کے لئے جاتے ہیں، اور وہ جسم کی موت کے بعد زندہ نہ رہتے تو صدقہ، دعا اور زیارت ایک عبث اور بے فائدہ کام ہوتا۔اس میں دلیل ہے کہ ان کی اصل فطرت اس پر شاہد ہے کہ انسان نہیں مرتا بلکہ جسم مرتا ہے۔

سترہویں دلیل: ضروری ہے کہ انسان علم رکھنے والا ہو،اور علم کا حصول قلب ہی میں ہوتا،تو لازم ہے کہ انسان اس شئ سے عبارت ہو جو قلب میں موجود ہے یا اس شئ سے جو قلب سے متعلق ہے۔

امام الطریقہ سیدنا شیخ اکبر محی الدین ابن عربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فتوحات مکیہ شریف میں فرماتے ہیں:

Marfat.com

لیس فی العلوم اصعب تصورا من هذه المسألة فا ن الارواح طا هرة بحکم الا صل والاجسام وقواها کذلك طا هرة بما فطرت علیه من تسبیح خالقها، وتوحیده ،ثم با جتماع الجسم والروح حدث اسم الانسان وتعلق به التکالیف وظهر منه الطاعات والمخالفات "

علوم میں اس مسئلہ سے زیادہ عسیراُ ہم کوئی نہیں، اس لئے کہ ارواح بحکم اصل پاک ہیں، اسی طرح اجسام اوران کے قوای اپنے خالق کی تسبیح وتوحید کی جس فطرت پر پیدا ہوئے ہیں ، پاک ہیں۔ پھر جسم اور روح کے ملاپ سے نام انسان رونما ہوا، اس سے تکلیفات واحکام وابستہ ہوئے اوراس سے فرمانبرداری وخلاف ورزی ظہور پذیر ہوئی۔

امام عارف باللہ سیدی عبدالوہاب شعرانی قدس سرہ الربانی کتاب الیواقت والجواہر میں امام ابوطاہر رحمہ اللہ تعالی سے نقل فرماتے ہیں:

"الانسان عند اهل البصائر هذا المجموع من الجسد والروح بما فیه من المعانی" ارباب بصیرت کے نزدیک انسان جسم وروح کا یہ مجموعہ ہے ان معانی کے ساتھ جو اس میں ہیں۔

امام فخرالدین رازی تفسیر کبیر میں زیر قولہ تعالی فی سورۃ النحل "خلق الانسان من نطفة فاذاهو خصیم مبین"

فرماتے ہیں:

اعلم ان الانسان مرکب من بدن و نفس فقوله تعالی ( خلق الانسان من نطفة ) اشارة الی الاستدلال ببدنه علی وجود الصانع الحکیم وقوله تعالی ( فاذا هو خصیم مبین ) اشارة الی الاستدلال با حوال نفسه علی وجود الصانع الحکیم "

معلوم ہوا کہ انسان بدن اور روح سے مرکب ہے، تو ارشاد باری (انسان کو نطفے سے پیدا کیا) بدن انسان سے صانع کے وجود پر استدلال کی جانب اشارہ ہے۔اور ارشاد باری (پھر جبھی وہ کھلا جھگڑنے والا ہے) روح انسان کے احوال سے صانع حکیم کے وجود پر استدلال کی جانب اشارہ ہے۔

Marfat.com

اقول وباللہ التوفیق: آیات کریمہ قرآن عظیم ومحاورات عامہ شائعہ تمام عالم کے ملاحظہ سے بہ نگاہ اولین میں منقوش ہوتا ہے کہ جسے انسان کہتے ہیں اور زید وعمرو اعلام، یامن وتو ضمائر، یا این وآن اسمائے اشارہ سے تعبیر کرتے ہیں، اس میں روح وبدن دونوں ملحوظ ہیں، ایک یکسر معزول ہوا ایسا ہرگز نہیں، اب خواہ یوں ہو کہ ہر یک نخ حقیقت انسانی میں داخل وجز وحقیقی ہو، یا یوں کہ ایک سے تجوہر حقیقت اور دوسرے کو معیت وشرطیت مگر ساتھ ہی عقل ونقل کی طرف نظر کیجئے تو ان کا اجماع واطباق دیکھتے ہیں کہ از ان ایک شئ مدرک عاقل فاہم مرید مکلف مخاطب من اللہ تعالی ہے، اور یہ صفات اس کے ۔ئے حقیقۃ ثابت ہیں نہ کہ موصوف بالذات کوئی شئ غیر ہو اور اس کی طرف بالتبع بالعرض نسبت کئے جاتے ہوں، اس بین وواضح امر کی طرف التفات کرتے ہی منجلی ہوگیا کہ جس طرح قولین اولین میں تجرد محض بہ معنی بشرط لاشئ مراد لینا کسی عاقل سے معقول نہیں، اگر ہے تو لابشرط، اور یہ بھی منقول نہیں کہ روح بدن میں کوئی لحاظ سے بالکل معزول نہیں، اور قول اول تو اس کا قابل قبول نہیں، کہ انسان عاقل ہے اور ابدان ذوی العقول نہیں، انسان مالک ومتصرف ہے بد ، کی طرح آلہ ومعمول نہیں، یوں ہی یہ بھی روشن ہوگیا کہ قول اخیر میں مجموع سے مراد بشرط شئ ہے نہ ترک نفس حقیقت، ورنہ انسان عاقل ومدرک نہ رہے کہ مجموع مدرک ونامدرک نامدرک ہے اور لازم آئے آیات ومحاورات عامہ خواہ مدنیات ہوں جن میں موصوف بصفات جسم کو انسان کہا گیا، یا روحیات جن میں صفات نفس سے انسان کو متصف کیا، خواہ جامعات جن میں دونوں کو اجتماع دیا، سب یکسر حقیقت سے معزول اور مجاز پر محمول ہوں کہ اب انسان نہ روح ہے نہ بدن بلکہ شئ ثالث ہے، لاجرم مجموع کا محمل اول مراد نہیں ہوسکتا۔

ومن الدليل عليه قول الامام ابی طاهر "بما فيه من المعانی" فما كان لعاقل ان يتوهم دخول الاعراض فی قوام جوهر وانما المراد الدخول فی اللحاظ وكذا تنصيص الامام الرازی علی التركيب مع اعطائه مرارا كثيرة ان الانسان هو الروح"

اس کی ایک دلیل امام ابوطاہر کے یہ الفاظ ہیں (ان تمام معانی کے ساتھ جو اس میں ہیں) کہ اس سے کوئی عاقل یہ وہم نہیں کرسکتا کہ اعراض ایک جوہر کی حقیقت میں داخل ہیں

Marfat.com

، مراد صرف لحاظ میں داخل ہونا ہے۔ اسی طرح مرکب ہونے پر امام رازی کی تصریح، جب کہ ان کے کلام سے بہت سی جگہ مستفاد ہے کہ انسان۔ وہی روح ہے۔

رہا محمل دوم اس میں بھی دو احتمال ہیں، قوام روح سے ہو اور بدن شرط، یعنی انسان روح متعلق بالبدن کا نام ہو، یا بالعکس یعنی بدن تعلق بالروح کا، ثانی بھی اس مقدمہ مذکورہ واضحہ سے مدفوع کہ انسان عاقل مخاطب بالاصالۃ ہے، نہ بالتبع، تو بفضل تعالی عرش تحقیق مستقر ہوگیا کہ مختار و منصور وہی قول اخیر بایں معنی و تفسیر ہے، اور قول ثانی بھی اس سے بعید نہیں کہ جب قوام جوہر میں صرف روح انسان ہے تو انسان روح ہی کا نام ہوا، ملحوظ بلحاظ تعلق ہونا اسے روح ہونے سے خارج نہیں کرتا، نہ اس عبارات میں لحاظ تعلق سے قطع نظر مذکور، تو اس کا اسی قول منصور کی طرف ارجاع میسور، ولہذا امام اجل فخر الدین رازی نے باآنکہ بار بار روح ہی کے انسان ہونے پر تجلیل و تنقیح فرمائی، خود ہی انسان کے روح و بدن سے مرکب ہونے کی تصریح فرمائی۔ اسی طرح شاہ عبد العزیز صاحب نے تفسیر عزیزی میں جہاں وہ عبارت لکھی کہ جان آدمی کہ در حقیقت آدمی عبارت ازان است (آدمی کی جان کہ حقیقت میں آدمی اس سے عبارت ہے)

وہیں اس کی شرح یوں ارشاد کی:

''تفصیل ایں اجمال آنکہ آدمی مرکب از دو چیز است جان و بدن، جزو اعظم جان است کہ تبدل و تغیر دراں راہ نمی یابد و بدن بمنزلہ لباس است کہ اختلاف بسیار دروے راہ می یابد اھ مختصراً''

اس اجمال کی تفسیر یہ ہے کہ آدمی دو چیزوں سے مرکب ہے، جان اور بدن۔ جزو اعظم جان ہے جس میں تبدل و تغیر کو راہ نہیں۔ اور بدن بمنزلۂ لباس ہے کہ اس میں بہت تبدیلی ہوا کرتی ہے۔

پھر روح کا جسم سے تعلق چار قسم ہے: ایک تعلق دنیوی بحال بیداری، دوسرا بحال خواب کہ من وجہ متعلق من وجہ مفارق، تیسرا برزخی، چوتھا اخروی،

وجعلها فی شرح الصدور عن ابن القیم خمسۃ قال للروح بالبدن خمسۃ انواع من التعلق متغائرۃ، الاول فی بطن الام، الثانی بعد الولادۃ، الثالث فی حال

Marfat.com

النو م فلها به تعلق من وجه و مفا رقة من وجه ، الرابع فی البرزخ فا نها وان کا نت قد فا رقته با لموت فا نها لم تفا رق فرا قا کلیا بحیث لم یبق لها الیه التفات، الخامس من تعلقها به یو م البعث وهو اکمل انوا ع التعلقات ولا نسبة لما قبله الیه اذلا یقبل البدن معه مو تا ولا نو م ولا فسا دا وتبعه القا ری فی منح الروض ۔

اقول :الکلام فی الانواع المتغائرة ولا یظهر للتعلق الرحمی تغا یرمع الذی بعد الولا دة فان کلیهما تعلق الاتصال النو می فلا یتمحض للا تصال ، والبرزخی فلیس مع ذلک تعلق التدبیر والاخروی فلا نقص فیه اصلا فیتحصل التقسیم هکذا ،التعلق اما متمحض للا تصال اولا، الاول ان کمل بحیث لا یقبل الفراق فا خروی ، والافد نیوی، یقظی ، والثانی ان کا ن تعلق تدبیر فنو می اولا فبرزخی۔

فا ن قیل لیس یستعمل الجنین الاته وجوا رحه فی الاعما ل والادراک مثل المو لو د قلت لا یستعملها المو لو د من ساعة کا لفطیم ولا الفطیم کا لیافع ولا الیافع کمن بلغ اشده ولا کمثله لشیخ الهرم ثم الفانی ، فلیجعل عامة ذلک تعلقات متغائرة، فافهم"

اور شرح الصدور میں ابن قیم کے حوالہ سے پانچ قسم قرار دی۔ عبارت یہ ہے: بدن سے روح کے پانچ الگ الگ قسم کے تعلق ہیں۔ پہلا شکم مادر میں۔ دوسرا بعد ولادت۔ تیسرا حالت خواب میں کہ ایک طرح سے روح بدن سے تعلق ہے اور دوسری طرح سے جدا ہے۔ چوتھا برزخ میں کہ روح موت کے باعث اگر چہ بدن سے جدا ہو چکی ہے مگر بالکل جدا نہیں ہوئی ہے کہ بدن کی طرف اسے کوئی التفات نہ رہ گیا ہو۔ پانچواں روز بعث کا تعلق۔ وہ سب سے زیادہ کامل تعلق ہے جس سے ماقبل کے تعلقات کو کوئی نسبت نہیں۔ اس لئے کہ اس تعلق کے ساتھ بدن، موت، خواب اور فساد و تغیر قبول نہیں کرتا۔ اور منح الروض میں علامہ علی قاری نے بھی اس کا اتباع کیا۔

اقول: گفتگو الگ الگ اور جداگانہ تعلقات کے بارے میں ہے۔ جب کہ شکم مادر والے تعلق کی، بعد ولادت والے تعلق سے کوئی مغایرت ظاہر نہیں۔ اس لئے کہ دونوں صورتیں میں خالص اتصال اور تدبیر و تصرف کا ناقص تعلق ہے۔ اس کے برخلاف حالت خواب کے تعلق

Marfat.com

میں خالص اتصال نہیں، من وجہ افراق بھی ہے۔اور برزخ والے تعلق میں اس کے ساتھ یہ بھی کہ تدبیر کا تعلق نہیں۔اور آخرت والے تعلق میں بالکل کوئی نقص نہیں۔تو تقسیم اس طرح حاصل ہوگی: تعلق یا تو خالص اتصال رکھتا ہے یا نہیں۔اول اگر ایسا کامل ہے کہ جدائی قبول نہ کرے تو اخروی۔ورنہ دنیوی جو بیداری میں ہو۔اور ثانی اگر تدبیر والا نہیں تو برزخی ہے۔

اگر یہ اعتراض ہو کہ شکم کا بچہ افعال اور ادراک میں اپنے آلات وجوارح کو پیدا شدہ بچے کی طرح استعمال نہیں کرتا (اس فرق کی وجہ سے دونوں کو دو شمار کیا گیا) ہمارا جواب یہ ہوگا کہ اسوقت مولود بچہ بھی اپنے اعضاء وجوارح کو اس بچے کی طرح استعمال نہیں کرتا جو دودھ چھوڑ چکا ہو،اور دودھ چھوڑنے والا نوجوان یا قریب البلوغ کی طرح،اور یہ بھرپور جوانی والے کی طرح استعمال نہیں کرتا،نہ ہی اس کی طرح بہت بوڑھا،پھر مزید بڑھاپے سے فنا کو پہنچ جانے والا شخص استعمال کرتا ہے۔تو چاہئے کہ ان سب کو جداگانہ ومتغائر تعلقات قرار دیا جائے۔تو اسے سمجھو۔

ان میں جس طرح اعلی واکمل تعلق اُخروی ہے جس کے بعد فراق کا احتمال ہی نہیں،یوں ہی ادون واقل تعلق برزخی ہے کہ باوصف فراق ایک اتصال معنوی ہے مگر قرآن عظیم وحدیث کریم کے نصوص قاطعہ شاہد عدل ہیں کہ اس قدر تعلق بھی بقائے انسانیت کے لئے بس ہے۔ بداہتہً معلوم کہ قبر میں تنعیم یا معاذ اللہ تعذیب جو کچھ ہے اسی انسان ہی کے واسطے ہے جو اپنی حیات دنیوی میں مومن ومطیع یا معاذ اللہ کافر وعاصی تھا،نہ یہ کہ طاعت وایمان تو انسان نے کیے اور نعمت مل رہی ہے کسی غیر انسان کو،یا کفر وعصیان انسان سے ہوئے اور عذاب ہوتا ہو کسی غیر انسان پر،اسی طرح وہ تمام حجج واضحہ کہ ابھی تفسیر کبیر سے بعد موت بقاوحیات انسان پر گزریں مع اپنے نظائر کثیرہ کی اس مدعا کی کفیل ہیں تو ثابت ہوا کہ حقیقت انسانیہ میں جو تعلق ملحوظ ہے مطلق ومرسل ہے کسی طرح کا ہو۔

اما ما قال الامام ابو طاهر بعد ما اسلفنا نقله ، من انه اذا بطلت صورة جسده بالموت وزالت عنه المعانی بقبض روحه لا یسمی انسانا ، فاذا جمعت هذه الاشیاء الیه بالاعادة ثانیا کان هو ذلك الانسان بعینه، الا تری ان الجسد الفارغ من الروح والمعانی یسمی شبحا وجثة ولا یسمی انسانا وکذلك الروح

Marfat.com

المجرد لا یسمی انسانا "الخ

رہا وہ جو امام ابو طاہر نے سابقاً نقل شدہ عبارت کے بعد فرمایا کہ: جب موت سے آدمی کے جسم کی صورت باطل ہو جاتی ہے اور روح قبض ہو جانے کی وجہ سے معانی اس سے زائل ہو جاتے ہیں تو اسے انسان نہیں کہا جاتا۔ پھر جب دوبارہ یہ چیزیں اس کے ساتھ جمع کر دی جاتی ہیں تو بعینہ وہی انسان ہو جاتا ہے۔ دیکھو کہ روح اور معانی سے خالی جسم کو شبح اور جثہ، ڈھانچہ اور لاشہ کہا جاتا ہے، انسان نہیں کہا جاتا۔ اسی طرح مجرد روح کو انسان نہیں کہا جاتا۔

فاقول: لیس یرید رحمہ اللہ تعالی ان الانسان یبطل بالموت وان الذی فی البرزخ من لدن الموت الی حین البعث لیس بانسان، ومعاذ اللہ ان یریدہ وہو قول اہل البدع ومصادم للقواطع وکیف یجوز ان لا یکون الروح البرزخی المتصل بالبدن اتصالا فی فراق انسانا، ومعلوما قطعا ان الانسان ہو الذی کان امن وکفر واحسن وفجر وبدیہی اذ غیر الانسان غیر الانسان افینعم من لم یعمل ویعذب من لم یعص واللہ تعالی یقول عنہم: یویلنا من بعثنا من مرقدنا فادان المبعوثین فی الحشرہم الراقدون فی قبر ومعلوم ان المحشورین فی العقبی ہم الکائنون فی الدنیا فالانسان ہو وفی الدور الثلث لم یزل عن انسانیۃ ولم ینسلخ عن حقیقۃ، وقال تعالی النار یعرضون علیہا، وانما اعاد الضمیر الی الناس المذکورین فہم المعرضون علی النار لا غیرہم وقال تعالی: قتل الانسان ما اکفرہ الی قولہ عزوجل ثم اماتہ فاقبرہ، فالاقبار بعد الاماتۃ وقد ارجع الکنایۃ فیہ الی الانسان فثبت ان المیت المقبور لیس الاانسانا، وبالجملۃ ففی الدلائل علی ہذا اکثرۃ لا مطمع فی احاطتہا۔

وانما اراد التنبیہ علی ان الانسان لیس بمعزول اللحاظ عن شئ من الروح والبدن فالجسد اذا بطلت صورتہ بالموت وزالت عنہ المعانی لخروج الروح عنہ لایسمی ذلک الجسد الفارغ انسانا وقد کان یسمی قبلہ المجرد من حیث ہو مجرد لا یسمی انسانا وانما الانسان المجموع اعنی ان یکون دنیویا او اخرویا او برزخیا، ھکذا ینبغی ان یفہم ہذا المقام، واللہ سبحانہ ولی الانعام"

Marfat.com

فاقول: امام موصوف رحمہ اللہ تعالیٰ کی مراد یہ نہیں کہ انسان موت سے نیست ونابود ہو جاتا ہے اور عالم برزخ میں از دم موت تا وقت بعث جو ہوتا ہے وہ انسان نہیں، اللہ کی پناہ کہ یہ ان کی مراد ہو، جب کہ یہ بد مذہبوں کا قول ہے، اور قطعی دلائل سے متصادم ہے، اور یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ وہ روح برزخی انسان نہ ہو جو بدن سے فراق کے ساتھ ایک اتصال بھی رکھتی ہے، اور یہ قطعاً معلوم ہے کہ انسان وہی ہے جس سے ایمان وکفر اور نیکی وبدی کا صدور ہوا، اور بدیہی ہے کہ غیر انسان، غیر انسان ہے تو کیا انعام اسے ہوتا ہے جس نے عمل نہ کیا، اور عذاب اسے ہوتا ہے جس نے معصیت نہ کی؟ حالانکہ اللہ تعالیٰ ان کے متعلق بیان فرماتا ہے: کہ وہ کہیں گے ہائے ہماری خرابی! کس نے ہماری خواب گاہ سے ہم کو اٹھایا: اس سے افادہ ہوا کہ حشر میں جو اٹھائے جانے والے ہیں وہی قبر میں سونے والے ہیں، اور معلوم ہے کہ آخرت میں جو اٹھائے جائیں وہ وہی ہیں جو دنیا میں تھے۔ تو انسان تینوں مقامات میں وہی انسان ہے، کسی وقت وہ انسانیت سے جدا اور اپنی حقیقت سے خارج نہ ہوا۔ اور باری تعالیٰ فرماتا ہے: وہ آگ پر پیش کیے جاتے ہیں۔ ضمیر ان ہی لوگوں کی طرف لوٹائی جو مذکور ہوئے تو آگ پر پیش کیے جانے والے وہی ہیں، غیر نہیں۔ اور ارشاد باری ہے: انسان مارا جائے کتنا بڑا ناشکرا ہے (تا ارشاد باری: ) پھر اسے موت دی، پھر اسے قبر میں رکھا۔ تو قبر میں رکھنا موت دینے کے بعد ہوا، اور ضمیر اس میں بھی انسان ہی کی طرف لوٹائی تو ثابت ہوا کہ میت جو قبر میں ہوتا ہے وہ انسان ہی ہے۔ بالجملہ دلائل اس بارے میں بہت ہیں جن کا احاطہ کرنے کی طمع نہیں۔

امام موصوف نے بس اس بات پر تنبیہ فرمانا چاہی ہے کہ روح اور بدن دونوں میں کسی سے بھی انسان لحاظ میں جدا نہیں۔ تو جسم کی صورت جب موت کی وجہ سے باطل ہو جائے اور اس سے روح نکل جانے کے باعث معانی اس سے زائل ہو جائیں تو اس خالی جسم کو انسان نہیں کہا جاتا، جبکہ اس سے پہلے عرفاً کہا جاتا تھا کیونکہ اتصال تھا جیسا کہ آگے آرہا ہے۔ اسی طرح روح مجرد کو، اس حیثیت سے کہ وہ مجرد ہے انسان نہیں کہا جاتا۔ انسان تو مجموعہ روح وبدن ہے۔ یعنی وہ روح جس کے ساتھ بدن سے اتصال دنیوی ہو یا اخروی یا برزخی۔ اسی طرح اس مقام کو سمجھنا چاہئے، اور خدائے پاک ہی مالک انعام ہے۔

یہ تحقیق حقیقت ومصداق انسان میں کلام تھا، اب آیات ومحاورات مذکورہ کی طرف

Marfat.com

چلئے، جب انسان و روح ہر ایک کا انسان جدا گانہ ہونا بداہتہً باطل ہو چکا، تو اب اقوال ثلاثہ سے کوئی قول لیجئے آیات و محاورات بدنیہ و روحیہ سے ایک میں تجوز اور جامعہ میں استخدام ماننے سے گریز ہو گی کما لا یخفی۔ مگر ہم دیکھتے ہیں کہ نہ مفسرین ان میں کہیں استخدام مانتے ہیں نہ اہل عرف ان میں کسی کلام کو حقیقت سے جدا

جانتے ہیں، تو وجہ یہ ہے کہ بوجہ شدت اختلاط، گویا روح و بدن شئے واحد ہیں بلکہ روح خفی و نظری ہے اور بدن محسوس مرئی اور اشراق نفس روح نے بدن پر حیات کی شعاعیں ڈال کر اسے اپنے رنگ میں رنگ لیا، جس طرح دہکتے لوئلے کو کہ اس کے ہر ذرے میں آگ کی سرایت نے "انا النار" کہنے کا مستحق کر دیا، اب اسے آگ ہی کہا جاتا ہے، یونہی جسم کو "انا الانسان" کا دعوی پہنچتا ہے۔ ہم سنتا، دیکھتا، بولتا، چلتا پھرتا، کام کرتا بدن ہی کو دیکھتے ہیں حالانکہ مدرک و فاعل روح ہے اور بدن آلہ۔ لہذا بدن پر اطلاق انسان حقیقت عرفیہ قرار پایا اور وہی تمام صفات و افعال کا منسوب الیہ ٹھہرا اور قرآن عظیم بھی بمطابقت عرف پر اترا،

قال تعالی: انہ لحق مثل ما انکم تنطقون" باری تعالی فرماتا ہے: بیشک وہ حق ہے اسی کے مثل جو تم بولتے ہو۔

اب نہ تجوز ہے نہ استخدام، نظیر اس کی "رأیت زیدا" زید را دیدم، زید کو دیکھا، حالانکہ زید کو اگر چہ اس سے بدن ہی مراد لیجئے ہرگز ہمیں مرئی نہیں، مرئی صرف رنگ و سطح بالائی ہے اور وہ قطعاً نہ روح زید ہے نہ بدن، مگر شدت اتصال کے باعث اسے رویت زید کہتے ہیں اور ہرگز اس میں تجوز و مخالفت حقیقت کا تو ہم بھی نہیں کرتے، یہاں تک کہ اگر کوئی زید کے رنگ و سطح کو یونہی دیکھے اور قسم کھائے میں نے زید کو نہ دیکھا قطعاً کاذب سمجھا جائے گا، لاجرم تفسیر کبیر میں روح کے غیر جسم ہونے پر کلام واسع و مشبع لکھ کر فرماتے ہیں:

" اعلم ان اکثر العارفین المکا شفین من اصحاب الریاضات و ارباب المکا شفات و المشاھدات مصرون علی ھذاالقول جا زمون بھذاا لمذھب ، واحتج المنکرون بقولہ تعالی :من ای شیٔ خلقہ من نطفۃ خلقہ ،ھذاتصریح با ن الانسان مخلو ق من النطفۃ و انہ یموت ویدخل القبر ولو لم یکن عبا رۃ عن ھذہ الجثۃ لم تکن الاحوال المذکورۃ صحیحۃ والجواب انہ لما کا ن الانسان فی العرف

Marfat.com

والظاهر عبارة عن هذه الجثة اطلق عليه اسم الانسان في العرف اه مختصراً"

معلوم ہو کہ اہل ریاضت اور ارباب کشف ومشاہدہ میں سے اکثر عرفاء مکاشفین اس قول پر اصرار اور اس مذہب پر جزم رکھتے ہیں۔اور منکرین نے باری تعالی کے اس ارشاد سے استدلال کیا ہے۔اسے کس چیز سے پیدا کیا نطفہ سے۔یہ اس بات کی تصریح ہے کہ انسان نطفہ سے پیدا کیا گیا ہے اور وہی مرنے والا ہے،اور قبر میں جانے والا ہے۔اگر انسان جسم جثہ سے عبارت نہ ہو تو مذکورہ احوال صحیح نہ ہوں گے۔جواب یہ ہے کہ عرف اور ظاہر میں انسان اس بدن سے عبارت تھا تو عرفاً اس پر لفظ انسان کا اطلاق ہوا۔

اقول وهذا الجواب احسن مما قدم قبله حيث قال فان قالوا هذه الآية حجة عليكم لانه تعالى قال: "ولقد خلقنا الانسان من سللة من طين" وكلمة من للتبعيض وهذا يدل على ان الانسان بعض من ابعاض الطين، قلنا كلمة' من' اصلها لابتداء الغاية كقولك خرجت من البصرة الى الكوفة فقوله تعالى: ولقد خلقنا الانسان من سللة من طين، يقتضى ان يكون ابتداء تخليق الانسان حاصلا من هذه السلالة ونحن نقول بموجبه لانه تعالى يسوى المزاج اولا ثم ينفخ فيه الروح فيكون ابتداء تخليقه من السلالة" قلت: وقد يستأنس له بقوله تعالى: وبدأ خلق الانسان من طين، فافهم۔

اقول: یہ جواب اس سے بہتر ہے جو اس سے پہلے ذکر فرمایا ہے کہ اگر وہ کہیں کہ یہ آیت تمہارے خلاف حجت ہے،اس لیے کہ اللہ تعالی نے فرمایا: بیشک ہم نے انسان کو پیدا کیا ایک خلاصہ سے،جو مٹی سے ہے۔کلمہ 'من' تبعیض کے لئے ہے۔اور یہ بتاتا ہے کہ انسان مٹی کا ایک جز اور بعض ہے۔ہم جواب دیں گے کہ کلمہ ''من'' کی اصل ابتدائے غایت کے لئے ہے، جیسے تم کہتے ہو میں بصرہ سے کوفہ گیا،تو ارشاد باری (ہم نے انسان کو پیدا کیا ایک خلاصہ سے جو ایک مٹی سے ہے) اس کا مقتضی ہے کہ تخلیق انسان کی ابتداء اس خلاصے سے ہو،اور ہم اس کے مقتضا کے قائل ہیں،اس لئے کہ اللہ تعالی پہلے مزاج استوار فرماتا ہے،پھر اس میں روح پھونکتا ہے،تو تخلیق انسان کی خلاصے سے ہوتی ہے۔قلت:اس جواب کے لئے اس ارشاد سے استیناس ہوتا ہے:اور انسان کی تخلیق مٹی سے شروع کی۔

Marfat.com

بالجملہ خلاصہ مبحث یہ ہوا کہ اطلاق انسان کے لئے دو حقیقتیں ہیں: ایک حقیقت اصلیہ دقیقہ یعنی روح متعلق بالبدن اگرچہ بعلق برزخی، دوم حقیقت مشہورہ عرفیہ یعنی بدن، اور اکثر متکلمین کے زعم میں یہی حقیقت اصلیہ ہے، اور اگر غرابت فن سے قطع نظر کر کے ان کا کلام انسان عرفی پر محمول کریں تو وہ بھی صحیح۔

اقول: صفات بدن دو قسم ہیں۔(۱) اصلیہ کے خود بدن کے لئے حاصل۔(۲) تبعیہ کہ حقیقۃً صفات روح ہیں، اور بوجہ اتحاد مذکور بدن کی طرف منسوب، جیسے علم وسمع وبصر وارادہ وفاعلیت افعال اختیار یہ وغیر ہا، عرفاً اگر چہ انسان نام بدن ٹھہرا مگر صفات تبعیہ کی اس کی طرف اضافت مشروط بشرط حیات ہے، بعد موت بے عود حیات بدن خالی کو عرفاً لغۃً کسی طرح سمیع وبصیر مرید فاعل عامل نہیں کہتے کہ یہ نسبتیں اسی اتصال سریانی پر مبنی تھیں جس نے روح وبدن کو عرفاً امر وحدانی کر دیا تھا: جب وہ مسلوب ہوا کشف محجوب ہوا، صفات تبعیہ حق بہ حقدار رسید ہو کر اپنے مرکز کو گئیں اور اس تو دہ خاک کو اپنی اصلی حالتیں ظاہر ہوئیں، نظیر اس کی وہی صحبت آتش وانگشت ہے، کوئلہ کالا ٹھنڈا تاریک تھا اور نار دخانی گرم وسرخ وروشن، جب تک آگ کی سرایت سے دہک رہا تھا اس کے نیچے اپنے عیوب چھپے ہوئے تھے، آگ ہی کے اوصاف سے موصوف ہوتا، جب آگ جدا و برکران ہوئی اصل حقیقت عیان ہوئی، تو ایمان اگر چہ عرف پر مبنی ہیں اور عرفاً انسان خواہ بلفظ انسان وبشر وآدمی تعبیر کیا جائے، یا اعلام وضمائر واسمائے اشارہ سے اس کا معبر عنہ یہی بدن ہوتا ہے، مگر بنظر تقسیم مذکور امور محلوف علیہا کی طرف نظر ضرور، اگر صفات اصلیہ پر مقصور ہو، جیسے اٹھانا، بٹھانا، نہلانا وغیر ہا تو کچھ حالت حیات کی تخصیص نہ ہوگی کہ نفس بدن ان کا صالح ہے، اور اگر صفات تبعیہ پر موقوف ہو، جیسے خطاب واعلام وافہام وکلام، تو ضرورۃً متقید بحال حیات رہے گا کہ بغیر ان کے بدن ان کا صالح نہیں۔

بالجملہ انسان کا عرفاً بدن میں حقیقت ہونا اور معنی حقیقی عرفی میں استعمال کیا جانا زنہار اسے مقتضی نہیں کہ وہ کلام بدن کی ہر حالت کو مشتمل رہے یا بعض احوال پر اقتصار کے باعث حقیقت عرفیہ سے منسوخ ہو کر کسی اور معنی پر محمول بنے بلکہ وہی مراد ہو کر بات جس حال کے قابل ہوگی اسی قدر کو شامل ہوگی۔ مثلاً اگر کہے زید نے کوئلے سے بدن جلالیا تو قطعاً اس سے وہی دہکتا ہوا کوئلہ مراد ہوگا کہ جلانے کی صلاحیت اسی میں ہے، اس سے نہ یہ لازم کہ مطلق کوئلہ اس سے مفہوم ہو

Marfat.com

،نہ یہ کونکہ اپنے معنی حقیقی سے محروم ہو" وهذا كله ظاهرا جدا "بحمدہ تعالی یہ معنی ہیں اس ضا بطے کے جو علماء نے یہاں ارشاد فرمایا، اور تنویر الابصار و درمختار و شروح کنز و غیرہا میں مذکور ہوا کہ

ما شارك الميت فيه الحي يقع اليمين فيه على الحالتين، وما اختص بحالة الحياة تقيدبها"

جس امر میں میت زندہ کا شریک ہواس میں قسم دونوں حالتوں پر واقع ہوگی اور جو حالت حیات سے خاص ہواس میں قسم حالت زیست سے مقید رہے گی۔

اقول: مناظرات میں وقت واطالت کی راہ پاتی ہے، بیشتر اصل مقصد ومورد نزاع سے غفلت کے باعث منہ دکھاتی ہے، فریقین اس کے پابند رہیں، یہ تو معلوم کہ اہل باطل کہ اکثر اصل مطلب سے فرار ہی میں مفر، مگر اہل حق پر اس کا خیال لازم، ہر وقت پیش نظر رکھیں کہ بحث کیا تھی اور چلے کدھر، اس میں باذن اللہ تعالی تخفیف مؤنت اور مخالف کے عجز وسکوت جلد ظاہر ہونے پر معونت ہوتی ہے، اس مسئلہ دائرہ سماع موتی میں مقصود اہلسنت کچھ اس پر موقوف نہیں کہ تمام اموات کے بدن ہی قبر میں ہمیشہ زندہ رہیں، زائروں کے سلام وکلام وہ انہی کانوں کے ذریعہ سے سنیں، ہوائے متموج متکیف بالصوت انہی کے پٹھوں کو کرے، اسی طریقے پر سماع ہو۔ یونہی رؤیت عامۂ اموات میں، ہماری اس سے کوئی غرض متعلق نہیں کہ وہ انہی آنکھوں سے دیکھے، انہیں سے خروج شعاع یا انہیں کے لوح میں صورت کا انطباع ہو، یہ نہ واقع نہ ہمارا دعوی اس پر موقوف۔ آخر اہلسنت کے نزدیک جس طرح ابھی کا مردہ سنتا دیکھتا ہے یونہی برسوں کا، جبکہ کان آنکھ جسم کا کوئی ذرہ سلامت نہ رہا سب خاک وغبار ہو کر مٹی میں مل گیا، جس طرح مسلمان قبر میں سنتا ہے یونہی ہندو کافر مرگھٹ میں جس وقت اس کے کان آنکھ کو آگ دیتے ہیں وہ ان آگ دینے والوں کو دیکھتا اور ان کی باتیں سنتا اس آگ کی اذیت کا احساس کرتا ہے، جو سلام وکلام مدفون امروزہ کے لئے شرع مطہر میں ہے وہی مدفون ہزار سالہ کے واسطے، دونوں سے وہی کہا جائے گا کہ سلام تم پر اے ایمان والو! اللہ تعالی تمہیں اور ہمیں بخشے، تم ہمارے اگلے ہو اور ہم تمہارے پچھلے، خدا چاہے تو ہم تم سے ملنے والے ہیں۔

حضور سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ان صحابی اعرابی رضی اللہ تعالی عنہ کو جب یہ حکم

Marfat.com

دیا کہ" جہاں کسی کافر کی قبر پر گزرو اسے دوزخ جانے کا مژدہ دو" تو ارشاد اقدس میں تخصیص تا زہ مرے ہوئے کی نہ تھی بلکہ صاف تعمیم تھی اور تعمیم ہی پر ان صحابی نے کاربندی کی، غرض دلائل مطلق ہیں اور عقیدہ مطلق اور آلات جسمانیہ کی تخصیص ناحق، ہمیں اتنی بات سے کام ہے کہ مردے زندوں کی طرح صورت وصوت کا ادراک کرتے ہیں، اور اوپر روشن ہو چکا کہ ادراک کا رروح ہے اور روح نہ موت سے مرتی ہے نہ تغیر ہوتی ہے، مگر اس پر بھی لفظ میت کا اطلاق آتا ہے، ہم انہیں ارواح موتی کے سماع وابصار کا عقیدہ رکھتے ہیں اور اسی کو اموات کا دیکھنا سننا کہتے ہیں، اس سے کچھ غرض نہیں کہ وہاں بھی ذرائع وآلات یہی ہوں یا غیر۔ فصل پانزدہم میں امام شیخ الاسلام خاتمہ المجتہدین تقی الملۃ والدین ابوالحسن علی سبکی قدس سرہ الملکی کا ارشاد گزرا کہ ہم نہیں کہتے کہ مردہ بدن سنتا ہے بلکہ روح سنتی ہے خواہ تنہا جبکہ بدن مردہ رہے، یا جسم سے مل کر جبکہ حیات جانب جسم عود کرے، آخر اس قدر سے حضرات منکرین بھی منکر نہیں کہ اموات جنت ونار وملائکہ ثواب وعذاب کو دیکھتے ان کی بات سنتے سمجھتے، کہ آنے نہ آنے کی دعائیں کرتے ہیں، تو اس کی تسلیم انہیں بھی ضرور کہ دیکھنا سننا بولنا انہیں آلات جسمانیہ پر غیر مقصور۔

(فتاوی رضویہ جدید ۹/۸۵۸تا۸۷۳)

(۴۶) اِلٰی فِرْعَوْنَ وَمَلَائِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِیْنَ ۔☆

فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف تو انہوں نے غرور کیا اور وہ لوگ غلبہ پائے ہوئے تھے۔

## ﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

عالی بمعنی متکبر ہے۔ " قال اللہ تعالی: ثم ارسلنا موسی واخاہ ھارون باٰیتنا وسلطن مبین ۔ الی فرعون وملاۂ فاستکبروا وکانوا قوما عالین " پھر ہم نے موسی اور اس کے بھائی ھارون کو اپنی نشانیون اور روشن حجت کے ساتھ فرعون اور اس کے جتھے کی طرف بھیجا تو انہوں نے تکبر کیا اور وہ تھے ہی متکبر لوگ۔

تو معنی آیت یہ ہوئے کہ رب عزوجل نے شیطان لعین سے فرمایا کہ تو نے جو آدم کو سجدہ نہ کیا یہ ایک تکبر تھا کہ اس وقت تجھے پیدا ہوا، یا تو قدیم سے ہی متکبر تھا۔

تفسیر ابن جریر میں ہے:

Marfat.com

یقول تعالیٰ لابلیس: تعظمت عن السجود لآدم فترکت السجود له استکبارا علیه ولم تکن من المتکبرین العالین قبل ذلك ام کنت من العالین یقول ام کنت کذلك من قبل ذا علو وتکبر علی ربك "

اللہ تعالیٰ نے ابلیس سے فرمایا: تونے آدم کے سجدہ سے اپنے کو بڑا سمجھا اوران پر بڑائی ظاہر کرتے ہوئے تونے سجدہ ترک کیا دراصل تو متکبرین میں سے نہ تھا، یا یہ کہ پہلے ہی سے اپنے رب پر علو وتکبر ظاہر کرنے والا تھا۔

یا یہ کہ تکبر خاص تجھ ہی میں پیدا ہوا، یا تیری قوم ہی متکبر ہے۔ معالم میں ہے:

ام کنت من العالین المتکبرین ستکبرت بنفسك ام کنت من القوم الذین یتکبرون فتکبرت عن السجود لکونك منهم " یا تو عالین متکبرین میں سے تھا۔ فرماتا ہے: کہ تونے خود ہی تکبر کیا، یا تو متکبر بن کے گروہ میں سے تھا تو سجدہ نے تکبر کیا۔

یا عالین کو بمعنی بلند درفیع المرتبت بں، اور معنی یہ ہوں کہ تونے جو سجدہ نہ کیا، یہ تیرا تکبر تھا کہ واقع میں تجھے آدم پر بڑائی نہیں۔ او براہ غرور آپ کو بڑا ٹھہرایا۔ یا واقع میں تجھے اس پر فضیلت، بیضاوی میں ہے:

استکبرت ام کنت من العالین تکبرت من غیر استحقاق او کنت ممن علی واستحق التفوق "

تونے تکبر کیا، یا عالین میں سے تھا۔ مطلب یہ کہ بے استحقاق کے تو غرور میں مبتلا ہوا ، یا ان میں سے تھا جن کو بلندی اور تفوق حاصل ہے۔

اور یہ معنی نہیں کہ ملائکہ میں کوئی گروہ عالین ہے کہ وہ حکم سجود سے مستثنی تھا۔ " وان وقع فی کلام سیدنا الشیخ الاکبر رضی اللہ تعالی عنہ " رب عزوجل نے متعدد تاکیدوں سے مؤکد فرمایا۔ " فسجد الملائکۃ کلهم اجمعون " تمام جمیع، سب ملائکہ نے سجدہ کیا۔ فاللام للاستغراق واکدت بکل واکباجمعون ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(فتاوی رضویہ قدیم ۱۲/ ۳۵ تا ۳۶)

**(۵۷) اِنَّ الَّذِیْنَ هُمْ مِّنْ خَشْیَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ☆**

**بے شک وہ جو اپنے رب کے ڈر سے سہمے ہوئے ہیں۔**

Marfat.com

## ﴿۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ معاملہ خاص حبیب کا ہے۔ اللہ کو کون ایذا دے سکتا ہے مگر وہاں تو جو معاملہ رسول کے ساتھ برتا جائے اپنے ہی ساتھ قرار پایا ہے۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱۵/۱۷۱)

(۱۱۵) اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ۔☆

تو کیا یہ سمجھتے ہو کہ ہم نے تمہیں بیکار بنایا اور تمہیں ہماری طرف پھرنا نہیں۔

## ﴿۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

علماء نے اس آیت کریمہ میں عبث کو معنی دوم پر لیا، یعنی کیا ہم نے تم کو بیکار بنایا، تمہاری آفرینش میں کوئی حکمت نہ تھی، یونہی بے معنی پیدا ہوئے، بیہودہ مر جاؤ گے، نہ حساب نہ کتاب، نہ عذاب نہ ثواب، جیسے وہ خبیثہ کہا کرتے تھے:

ان ھی الا حیا تنا الدنیا نموت ونحیا وما نحن بمبعوثین۔ تو صرف ہماری یہ دنیوی زندگی ہی ہے، ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں اور ہم دوبارہ نہیں اٹھائے جائیں گے

اس کے رد میں یہ آیت اتری: (فتاوی رضویہ جدید ۱/۷۵۰)

فاقول وباللہ التوفیق: فائدہ، تحقیق معنی وحکم عبث میں تتبع کلمات سے اس کی تعریف وجوہ عدیدہ پر ملے گی۔

(۱) جس فعل میں غرض صحیح نہ ہو وہ عبث ہے اور اصلا غرض نہ ہو تو سفہ۔ یہ تفسیر امام بدر الدین کردری ہے۔ امام نسفی نے مستصفی پھر علامہ حلبی نے غنیہ میں اسی طرح ان سے نقل فرما کر اس پر اعتماد کیا، اور محقق علی الاطلاق نے فتح القدیر اور علامہ طرابلسی نے برہان شرح مواہب الرحمن اور دیگر شراح نے شروح ہدایہ وغیرہا میں اسی کو اختیار فرمایا، حلبیہ میں ہے:

فی المستصفی قال الامام بدرالدین یعنی الکردری: العبث الفعل الذی فیہ غرض غیر صحیح والسفہ ما لا غرض فیہ اصلا" مستصفی میں ہے کہ امام بدر الدین عینی کردری فرماتے ہیں: عبث وہ فعل ہے جس میں کوئی صحیح غرض نہ ہو، اور سفہ وہ ہے جس میں سرے سے کوئی غرض نہ ہو۔

Marfat.com

غنیۃ شرنبلالیہ میں ہے:

فی البرهان هو فعل الغرض غیر صحیح " عبث اس فعل کو کہتے ہیں جو غرض غیر صحیح کے لئے ہو۔

فتح میں ہے:

العبث الفعل لغرض غیر صحیح " عبث غیر صحیح غرض کے لئے کام کو کہتے ہیں

(۲) جس میں غرض غیر شرعی ہو۔

اقول: یہ اول سے اعم ہے کہ ہر غرض غیر صحیح غیر شرعی ہے اور ضرور نہیں کہ ہر غرض غیر شرعی صحیح ہو، جیسے ٹھنڈ کے لئے زیادہ پانی ڈالنا کہ غرض صحیح ہے مگر شرعی نہیں۔ علامہ اجمل اور ان کی تبعیت سے حلیہ و بحر نے امام بدر الدین سے اسی طرح نقل کیا، غنیۃ میں ہے:

قال بدر الدین الکردری: العبث الفعل الذی فیه غرض لکنه لیس بشرعی والسفه ما لا غرض فیه اصلا "

بدر الدین کردری فرماتے ہیں: عبث اس فعل کو کہتے ہیں جس میں غرض تو ہو مگر یہ غرض شرعی نہ ہو، اور سفہ اس کو کہتے ہیں جس میں سرے سے کوئی غرض ہی نہ ہو۔

(۳) جس میں غرض صحیح نہ ہو۔

اقول: یہ ان دونوں سے اعم ہے کہ اصلا عدم غرض کو بھی شامل اور ثانی سے اخص بھی، کہ اگر غرض غیر شرعی صحیح کو بھی شامل، یہ تفسیر امام حمید الدین کی ہے۔ عنایہ میں بعد عبارت مذکورہ ہے: " وقال حمید الدین العبث کل عمل لیس فیه غرض صحیح "

حمید الدین نے کہا جس چیز کی کوئی غرض صحیح نہ ہو اس کو عبث کہتے ہیں۔

مفردات راغب میں ہے:

یقال لما لیس له غرض صحیح عبث " جس کی غرض صحیح نہ ہو وہ عبث ہے۔

تفسیر رغائب الفرقان میں ہے:

هو الفعل الذی لا غایة له صحیحة " عبث وہ فعل ہے جس کی کوئی غایت صحیح نہ ہو۔

(۴) جس میں غرض شرعی نہ ہو۔

Marfat.com

اقول: یہ اول، ثانی، ثالث سب سے اعم مطلقا ہے کہ انتفائے غرض صحیح انتفائے غرض شرعی کو مستلزم ہے اور عکس نہیں، اور انتفائے غرض شرعی انتفائے مطلق غرض سے بھی حاصل۔

امام نسفی اپنی وافی کی شرح کافی میں فرماتے ہیں: "العبث ما لا غرض فیہ شرعا فانما کرہ لانہ غیر مفید" عبث بلاضرورت شرعی مکروہ ہے، اس لئے کہ یہ بے فائدہ ہے۔

(۵) جس میں فاعل کے لئے کوئی غرض صحیح نہ ہو۔

اقول: یہ اول اور ثالث سے اعم مطلقا ہے، کہ ممکن کہ فعل غرض صحیح رکھتا ہو اور فاعل بے غرض، یا غرض غیر صحیح کے لئے کرے، اور دوم؛ چہارم سے اعم من وجہ، کہ غرض فاسد میں تینوں صادق اور غرض صحیح غیر شرعی مقصود فاعل ہے تو وہ دو صادق خامس منتفی، اور غرض شرعی میں مقصود فاعل ہے تو بالعکس۔

تعریفات السید میں ہے:

وقیل ما لیس فیہ غرض صحیح لفاعلہ "جس میں فاعل کے لئے غرض صحیح نہ ہو

اقول اشار الی ضعفہ وسیاتیک ان شاء اللہ تعالی انہ الحق"

اس کی ضعف کی طرف اشارہ ہے، اس کی تحقیق ان شاءاللہ تعالی آئے گی۔

(۶) بے فائدہ کام۔

بحرالرائق میں نہایہ امام سغناقی سے ہے:

ما لیس بمفید فھو العبث "غیر مفید عبث ہے۔

امام سیوطی کی درنثیر میں ہے:

عبثا ای لا لمنفعۃ " عبث غیر نافع ہے۔

مراقی الفلاح میں ہے:

العبث عملا لا فائدۃ فیہ ولا حکمۃ تقتضیہ " عبث عمل غیر مفید و حکمت کا کرنا،

جلالین میں ہے:

عبثا لا حکمۃ" عبث غیر حکمت۔

غنیہ میں ہے:

"الفرقعۃ فعل لا فائدۃ فیہ فکان کالعبث " انگلیاں چٹخانا غیر مفید فعل ہے، لہذا

Marfat.com

یہ عبث ہے۔

اقول: عبدالملک بن جریج تابعی نے کہ عبث کو باطل سے تفسیر کیا اسی معنی کی طرف مشیر ہے: "فان الشیئ اذا خلا عن الثمرة بطل" شی بے ثمر باطل ہے۔

تفسیر ابن جریر میں ان سے مروی: "عبثا قال باطلا" عبث کو باطل کہا۔

(۷) جس میں فائدہ معتد بہا نہ ہو۔

تاج العروس میں ہے:

قیل العبث ما لا فائدة فیه یعتدبها " عبث عادة غیر مفید۔

اقول: اسی طرف کلام علامہ ابوالسعود ناظر کہ ارشاد العقل میں فرمایا: " عبثا بغیر حکمة بالغة اه فافهم" حکمت بلیغ کے بغیر عبث ہے۔

(۸) اس کام کے قابل فائدہ نہ ہو یعنی اس میں جتنی محنت ہو نفع اس سے کم ہو۔

اقول: اسے ہفتم سے عموم وخصوص من وجہ ہے، کہ اگر کام نہایت سہل ہوا جس میں کوئی محنت معتد بہا نہیں تو فائدہ غیر معتد بہا اس کے قابل ہوگا، اس تقدیر پر ہفتم صادق ہوگا نہ ہشتم، اور اگر فائدہ فی نفسھا معتد بہا ہے مگر اس کام کے لائق نہیں تو ہشتم صادق ہوگا نہ ہفتم۔

علامہ شہاب کی عنایۃ القاضی میں ہے:

العبث کاللعب ما خلا عن الفائدة مطلقا او عن الفائدة المعتد بها او عمایقاوم الفعل کما ذکره الاصولیون"

عبث جیسے بلا فائدہ کھیلنا، یا فائدہ تو ہو مگر معتد بہ نہ ہو، یا جو فعل کے مقابل نہ ہو، جیسا کہ اصولیوں نے ذکر کیا ہے۔

اقول: مقابلہ مشعر مغایرت ہے، یوں یہ قول اضعف الاقوال ہوگا کہ خاص مشقت طلب کاموں سے خاص رہے گا، ہاں اگر معتد بہ سے معتد بہ بنظر مراد لیں تو ہفتم و ہشتم ایک ہو جائیں گے اور اعتراض نہ رہے گا اور کہہ سکتے ہیں کہ تغیر تعبیر مجوز مقابلہ ہے۔

(۹) وہ کام جس کا فائدہ معلوم نہ ہو۔

اقول اولا: مراد عدم علم فاعل ہے، تو حکیم کے دقیق کام جن کا فائدہ عام لوگوں کے فہم سے وراء ہو عبث نہیں ہو سکتے۔

Marfat.com

ثانیا: حکمت وغایت میں فرق ہے، احکام تعبدیہ غیر معقولۃ المعنے کی حکمت ہمیں معلوم نہیں، فائدہ معلوم ہے کہ "الاسلام" گردن نہادن۔

ثالثا: عدم علم مستلزم عدم نہیں، تو یہ تفسیر ان تینوں سے اعم ہے۔

تعریفات السید میں ہے:

العبث ارتکاب امر غیر معلوم لفائدۃ" غیر مفید کام کا ارتکاب۔

اقول: مگر علم بے قصد کیا مفید، بلکہ اس کی شناعت اور مزید تو یہ حد جامع نہیں۔

(۱۰) وہ کام جس سے فائدہ مقصود نہ ہو۔

اقول یہ نہم سے بھی اعم کہ عدم علم عدم قصد کو مستلزم ولا عکس۔ تاج العروس میں ہے:"

وقیل ما لا یقصد بہ فائدۃ" عبث وہ ہے جس میں کسی فائدہ کا ارادہ نہ ہو۔

اقول: اوما الی تزییفہ وستسمع بعونہ تعالی انہ ھو الصحیح" سید مرتضی زبیدی صاحب تاج نے اس کے کھوٹے ہونے کی طرف اشارہ کیا ہے، بعونہ تعالی عنقریب تو سنے گا کہ یہ صحیح ہے۔

(۱۱) بے لذت کام عبث ہے اور لذت ہو تو لعب۔

جوہرہ نیرہ میں ہے:

العبث کل فعل لا لذۃ فیہ فا ما الذی فیہ لذت فھو لعب" ہر بے لذت کام عبث اور بالذت لعب ہے۔

اقول: یہ اپنے اس ارسال پر بدیہی البطلان ہے، نہ ہر بے لذت کام عبث، جیسے دوائے تلخ پینا، نہ ہر لذت والا لعب، جیسے درود شریف ونعت مقدس کا ورد۔ تو بعض تعریفات مذکورہ سے اسے مقید کرنا لازم، مثلا: یہ کہ جس فعل میں غرض صحیح نہ ہو۔

(۱۲) عبث ولعب ایک شی ہے۔ یہ تفسیر سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے ہے، اور کثرت اقوال بھی اسی طرف ہیں۔

ابن جریر اس جناب مشرف بہ تشریف اللھم علمہ الکتاب سے راوی:

تعبثون وتلعبون" عبث کلام کرتے ہیں اور کھیلتے ہیں۔

بعینہ اسی طرح ان کے تلمیذ ضحاک سے روایت کیا:

Marfat.com

نہایہ واثیر ومختار الصحاح میں ہے:

العبث اللعب" عبث لعب ہے۔

اسی طرح سمین وجمل میں ہے وسیاقی، مصباح المنیر میں ہے:

عبث کفرح لعب" عبث لعب بافرح ہے۔

تاج العروس میں ہے:

عابث لاعب بما یعنیه ولیس من باله " عابث لاعب بے معنی بے فائدہ۔

صراح میں ہے:

عبث بازی۔ درر شرح غرر میں ہے: "عبثه ای لعبه" عبث یعنی لعب۔

مفرادات راغب میں ہے:

العبث ان یخلط بعمله لعبا " عبث لعب کے ساتھ مخلوط ہو۔

اقول: وانما صار عبثا لما خلط لا لذاته فالعبث حقیقه ماخلط لا ما خلط لاحق کی وجہ سے عمل عبث ہے۔ لذاتہ عمل نہیں، لہذا حقیقۃً خالط عبث ہے مخلوط بہ عبث نہیں۔

طحطاوی علی الدر میں ہے:

العبث اللعب وقیل ما لا لذة فیه واللعب ما فیه لذة " عبث بے لذت لعب با لذت۔

تفسیر ابن جریر میں ہے:

عبثا لعبا وباطلا " عبث لعب وباطل ہے۔

یہ بارہ تعریفیں ہیں اور بعونہ تعالی بعد تنقیح سب کا مآل ایک، اگر چہ (۹) و(۱۱) کی عبارت میں تقصیر واقع ہوئی، اس کی تحقیق چند امور سے ظاہر۔

فاقول وباللہ التوفیق اولا: لعب ولہو وہزل ولغو وباطل وعبث سب کا محصل متقارب ہے کہ بے ثمر ونامفید ہونے کے گرد دورہ کرتا ہے۔ نہایہ ابن اثیر میں ہے: یقال لکل من عمل عملا لا یجدی علیه نفعا انما انت لاعب "

بے فائدہ عمل لعب ہے۔

Marfat.com

علامہ خفاجی سے گزرا: العبث کاللعب ما خلا عن الفائدۃ " عبث مثل لعب کے جو بے فائدہ ہو۔

تعریفات علامہ شریف میں ہے:

اللعب هو فعل الصبیان یعقب التعب من غیر فائدة " اھ لعب بچوں کی حرکتیں ہیں کہ ان کے پیچھے تھکن کے بغیر کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔

اقول: وتعقیب التعب خرج نظرا الی الغالب ولیس شرطا لازما کما لا یخفی " تعقیب التعب کی قید غالب کی طرف نظر کرتے ہوئے لگائی ہے، یہ اس کی شرط لازم نہیں ہے، کمالایخفی۔

اصول امام فخر الاسلام بزدوی قدس سرہ میں ہے:

اما الهزل فتفسیره اللعب وهو ان یراد بالشیٔ ما لم یوضع له وضده الجد " ہزل لعب کی تفسیر ہے وہ کار بے کار، اس کی ضد جد ہے۔

اس کی شرح کشف الاسرار میں ہے:

لیس المراد من الوضع ههنا وضع اللغة لا غیر بل وضع العقل او الشرع فان الکلام موضوع عقلا لافادة معناه حقیقة کان او مجازا او التصرف الشرعی موضوع لافادة حکمه فاذا اریدبالکلام غیر موضوعه العقلی وهو عدم افادة معناه اصلا واریدبالتصرف غیر موضوعه الشرعی وهو عدم افادة الحکم اصلا فهو الهزل ولهذا فسره الشیخ باللعب اذ اللعب ما لا یفید فائدة اصلا وهو معنی ما نقل عن الشیخ ابی منصور رحمه الله تعالی ان الهزل ما لا یراد به معنی "

وضع سے مراد یہاں وضع لغوی نہیں بلکہ عقلی یا شرعی وضع ہے، کیونکہ کلام اس لئے ہوتا ہے کہ وہ اپنے معنی دے، خواہ حقیقی ہوں یا مجازی، اور تصرف شرعی اس لئے ہوتا ہے کہ اپنے حکم کا فائدہ دے، اب جب کلام سے اس کے عقلی موضوع کے علاوہ کچھ اور ارادہ کیا جائے اور وہ اپنے معنی کا فائدہ بالکل نہ دیتا ہے، اور تصرف سے اس کے موضوع شرعی کے غیر کا ارادہ کیا جائے یعنی حکم کا فائدہ بالکل نہ دینا، تو یہ چیز "ھـــزل" کہلاتی ہے، اس لئے شیخ نے اس کے تفسیر "لعب" سے کی ہے، کیونکہ "لعب" اس چیز کو کہتے ہیں جس میں کوئی فائدہ نہ ہو، اور شیخ ابو منصور

Marfat.com

نے جو کہا ہے کہ "ھزل" وہ ہے جس کے کوئی معنی نہ ہوں۔ اس سے یہی مراد ہے، جو ہم نے ذکر کیا۔

تو تفسیر (۶) و (۱۲) کا حاصل ایک ہے، ولہذا مصباح میں "عبث من باب تعب لعب وعمل ما لا فائدۃ فیہ" عبث باب تعب ولعب سے ہے اور وہ عمل جس کا کوئی فائدہ نہ ہو۔ اور منتخب میں عبث بفتحتین بازی و بے فائدہ بطور عطف تفسیر لکھا۔

ثانیاً اقول: جس طرح عاقل سے کوئی فعل اختیاری صادر نہ ہوگا جب تک تصور بوجہ ما وتصدیق بفائدۃ ما نہ ہو، یونہی انسان کے، ہوش وحواس جب تک حاضر ہیں بے کسی شغل کے نہیں رہتا، خواہ عقلی ہو۔ جیسے کسی قسم کا تصور، یا عملی۔ جیسے جوارح سے کوئی حرکت، تو کسی قسم کا شغل ہو نفس کے لئے اس میں اپنی عادت کا حصول اور اپنے مقتضی کا تیسر ہے اور یہ خود اس کے لئے ایک نوع نفع ہے اگرچہ دین ودنیا میں سوا ایک عادت بے معنی کی تحصیل کے اور کوئی ثمر ونفع اس پر مترتب نہ ہوں، بایں معنی کوئی فعل اختیاری فاعل کے لئے اصلا فائدہ سے عاری محض نہ ہوگا ،ہاں یہ ممکن کہ وہ فائدہ قضیہ شرع بلکہ قضیۂ مرضیۂ عقل سلیم کے نزدیک بھی مثلا لا فائدہ ومحض غیر معتد بہا ہو، بلکہ ممکن کہ اس کا مآل ضرر رساں ہو، جیسے کفار کی عبادات شاقہ "عاملۃ ناصبۃ تصلی نارا حامیہ" عمل کریں مشقت جھلیں اور نتیجہ یہ کہ بھڑکتی آگ میں غرق ہوں گے، تو (۶) سے مقصود وہی (۷) ہے۔

ثالثاً: یہ بھی ظاہر کہ کوہ کندن وکاہ برآوردن ہر عاقل کے نزدیک حرکت عبث ہے، تو مقدار فائدہ وفعل میں اگرچہ تساوی درکار نہیں تفاوت فاحش بھی نہ ہو ضرور (۸) سے یہی مراد، اور معتد بہ بنظر فعل ہونے سے یہی ہفتم کا مفاد۔ فائدہ کا فی نفسہا کوئی امر عظیم مہتم بالشان ہونا ہرگز ضرور نہیں، بلکہ جیسا کام اسی کے قابل فائدہ معتد بہا ہے۔ "وھذا ما کنا اشرنا الیہ"

رابعاً: لذت ولعب شرع کریم وعقل سلیم کے نزدیک فائدہ معتد بہا نہیں مگر جبکہ لہو مباح ہو اور تعب کے بعد اس سے ترویح قلب مقصود، اب نہ وہ عبث رہے گا نہ حقیقۃ لعب اگرچہ صورت لعب ہو، ولھذا حدیث میں ہے، حضور سید اکرم رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

الھوا والعوافانی اکرہ ان یری فی دینکم غلظۃ رواہ البیھقی فی شعب

Marfat.com

الایمان عن المطلب بن عبد اللہ المخز و می رضی اللہ تعالی عنہ " لھوولعب کروکیو نکہ مجھ کو یہ ناپسند ہے کی تمہارے دین میں سختی دیکھی جائے، بیہقی نے اس کو شعب الایمان میں مطلب بن عبداللہ مخزومی سے روایت کیا۔رضی اللہ تعالی عنہ۔

امام ابن حجر مکی کف الرعاع پھر سیدی عبدالغنی نابلسی حدیقہ ندیہ میں فرماتے ہیں:

اللھو المباح ماذون فیہ منہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وانہ فی بعض الاحوال قد لا ینافی الکمال وقولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم :الھوا والعبوا دلیل لطلب ترویح النفوس اذا سئمت وجلا ئھا اذا صدئت باللھو واللعب المباح " حضوراکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے مباح لہو کی اجازت دی ہے اور یہ لہو بعض اوقات منافی کمال نہیں ہوتا ہے اور حضوراکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا ارشاد " الھوا والعبوا "یہ اس امر کی دلیل ہے کہ جب لوگ تھک جائیں تو تفریح خاطر کے لئے مباح لہو ولعب کر سکتے ہیں۔

تو (۱۱) بھی ان تفاسیر سے جدا نہیں کہ نہ لعب میں بوجہ لذت فائدہ معتد بہا ہوا، نہ عبث سے بسبب عدم لذت فائدہ نامعتبرہ منتفی۔

خامسا: بلاشبہ فاعل سے دفع عبث کے لئے صرف فعل فی نفسہ مفید ہونا کافی نہیں بلکہ ضرور ہے کہ یہ بھی اس فائدہ معتد بہا بمعنی مذکور کا قصد کرے، ورنہ اس نے اگر کسی قصد فضول و بے معنی سے کیا تو اس پر الزام عبث ضرور لازم " فانما الاعمال بالنیات وانما لکل امرء مانوی " عمل کا دارومدار نیت پر ہے، اس کا انجام نیت پر ہے۔

اور قصد کے لئے علم درکار کہ مجہول کا ارادہ نہیں ہوسکتا۔ زید سرراہ بیٹھا تھا، ایک کھاتا پیتا ناآشنا گھوڑے پر سوار جارہا تھا، اس نے ہزار روپیہ اٹھا کر اسے دے دیے کہ نہ صدقہ، نہ صلہ رحم، نہ محتاج کی اعانت، نہ دوست کی امداد کوئی نیت صالحہ نہ تھی، نہ ریا یا نام وغیرہ کسی مقصد بد کا محل تھا، تو اسے ضرور حرکت عبث کہیں گے اگرچہ واقع میں وہ اس کا کوئی ذی رحم ہو جسے یہ نہ پہچانتا تھا، مقاصد شرعیہ پر نظر کرنے سے یہ حکم خوب منجلی ہوتا ہے۔ رب عزوجل فرماتا ہے:

"وما اتیتم من ربا لیربوا فی اموال الناس فلا یربوا عند اللہ وما اتیتم من زکوۃ تریدون وجہ اللہ فاولئک ھم المضعفون "جوفزونی تم دوکہ لوگوں کے مال میں

Marfat.com

زیادت ہو وہ خدا کے نزدیک نہ بڑھے گی اور جو صدقہ دو خدا کی رضا چاہتے تو انھیں لوگوں کے دونے ہیں۔

عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

الم تر الی الرجل یقول للرجل لا مو لنك فیعطیه فهذالا یربو عند الله لا نه یعطیه لغیر الله لیثری ماله "

کیا تو نے نہ دیکھا کہ ایک شخص دوسرے شخص سے کہتا ہے میں تجھے مالدار کردوں گا پھر اسے دیتا ہے تو یہ دینا خدا کے یہاں نہ بڑھے گا کہ اس نے غیر خدا کے لئے صرف اس نیت سے دیا کہ اس کا مال بڑھا دوں۔

امام ابراہیم نخعی فرماتے ہیں:

کان هذا فی الجاهلیة یعطی احدهم ذا القرابة المال یکثر به ماله " یہ زمانہ جاہلیت میں تھا، اپنا عزیز کا مال بڑھانے کو اسے مال دیا کرتے۔ رواهما ابن جریر

دیکھو فعل فی نفسہ مثمر ثمرہ شرعیہ ہونے کا صالح فائدہ شرعیہ یعنی صلۂ رحم ومواسات پر مشتمل تھا مگر جبکہ اس نے اس کا قصد نہ کیا بے ثمر رہا، تو حاصل یہ ٹھہرا کہ دفع عبث کو فائدہ معتد بہا بنظر فعل معلومہ مقصودہ للفاعل درکار ہے، تو ان تفاسیر کا وہی مآل ہوا جو (۹) و (۱۰) میں ملحوظ تھا

مفردات راغب میں ہے:

لعب فلان اذا کان غیر قاصد مقصد اصحیحا " جب کوئی اپنے فعل میں مقصد صحیح کا ارادہ نہ رکھتا ہو تو کہا جاتا ہے: لعب فلان ۔

سادسا: غرض وہی فائدہ مقصودہ ہے اور صحیح یہی کہ معتد بہا ہو تو (۳) و (۵) بھی اسی معنی کو ادا کر رہی ہیں، اور غرض میں جبکہ قصد ملحوظ ہے تو تعریف سوم ودہم اوضح واخصر تعریفات ہیں، اور یہیں سے واضح ہوا کہ قول سمین وجمل " العبث اللعب وما لا فائدة فیه وکل ما لیس فیه غرض صحیح " عبث لعب بے فائدہ جس میں غرض صحیح نہ ہو، میں سب عطف تفسیری ہیں۔

سابعا: ہم بیان کر آئے کہ فعل اختیاری بے غرض محض صادر نہ ہوگا تو جو بے غرض صحیح ہے ضرور بغرض صحیح ہے، تو (۱) و (۳) کا مفاد واحد ہے اور اس تقدیر پر سفہ کا مصداق افعال جنون

Marfat.com

ہوں گے۔

ثامناً: شرعی سے اگر مقبول شرع مراد لیں تو وہی حاصل غرض صحیح ہے کہ ہر غرض صحیح کو اگر چہ مطلوب فی الشرع نہ ہو شرع قبول فرماتی ہے جبکہ اپنے اقوی سے معارض نہ ہو، اور ہنگام معارضہ عدم قبول قبول فی نفسہ کا منافی نہیں۔ جیسے حدیث احاد و قیاس کہ بجائے خود حجت شرعیہ ہیں اور معارضہ کتاب کے وقت نامقبول۔ امام نسفی کا عدم غرض شرعی سے تعریف فرما کر تعلیل کرا ہت میں "لا نہ غیر مفید" ارلئے کہ یہ غیر مفید ہے۔ فرمانا اس کی طرف مشعر ہوسکتا ہے ،اس تقدیر پر (۲) اول اور (۴) دم کی طرف عائد ،اور ظاہر ہوا کہ بارہ کی بارہ تعریفوں کا حاصل واحد۔

اقول: مگر غیر شرعی سے متبادر تر غرض مطلوب فی الشرع ہے ،اب یہ تخصیص بحسب مقام ہوگی کہ ان کا کلام عبث فی الصلاۃ میں ہے تو وہاں غرض مطلوب شرعی ہی غرض صحیح ہے نہ غیر ۔آخر نہ دیکھا کہ مٹی سے بچانے کے لئے دامن اٹھانا غرض صحیح ہے اور نماز میں مکروہ کہ غرض شرعی نہیں ،اور پیشانی سے پسینہ پونچھنا باآنکہ غرض مطلوب فی الشرع نہیں نماز میں بلا کراہت روا جبکہ ایذا دے اور شغل خاطر کا باعث ہو کہ اب اس کا ازالہ مطلوب شرع ہو گیا۔

عنایہ و نہایہ و بحر وغیرہا میں ہے:

کل عمل یفید المصلی لا باس بہ لما روی انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عرق فی صلاتہ لیلۃ فسلت العرق عن جبینہ ای مسحہ لانہ کان یؤذیہ فکان مفید اواذا قام من سجودہ فی الصیف نفض ثوبہ یمنۃ ویسرۃ کیلا تبقی صورۃ"

ہر وہ کام جو نمازی کو مفید ہو اس میں حرج نہیں ،مروی ہے کہ ایک رات دوران نماز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پسینہ آگیا تو آپ نے اپنی پیشانی سے وہ پسینہ صاف کرلیا۔ کیونکہ اس سے آپ کو تکلیف ہوتی تھی ،تو یہ کام مفید ہوا ،اور جب سجدہ سے اٹھتے تو دائیں بائیں کپڑے کو جھاڑ لیتے تھے تاکہ صورۃ باقی نہ رہے۔

حاشیہ سعدی آفندی میں ہے:

یعنی حکایۃ صورۃ الالیۃ۔ یعنی صورت سے مراد سرینوں کا نقش ہے۔

فلیس نفضہ للتراب فلا یرد ما فی البحر عن الحلیۃ انہ اذا کان بکرہ رفع

Marfat.com

الثو ب کیلا یتترب لا یکو ن نفضه من التراب عملا مفید ا ورائیتنی کتبت علیه اقول الذی فی الحلیة هکذا ثم فی الخلا صة والنها یة وحاصله ان کل عمل مفید للمصلی فلا با س بفعله کسلت العرق عن جبینه ونفض ثو به من الترا ب وما لیس بمفید یکره للمصلی الا شتغا ل به واعتر ض علیه بثلثة وجوه فقا ل قلت: لکن اذا کا ن یکره رفع الثو ب کیلا یتترب کما تقدم وانه قد وقع الخلا ف فی انه یکره مسح الترا ب عن جبهته فی الصلا ة کما سند کره وانه قد وقع الند ب الی تتریب الوجه فی السجو د فضلا عن الثو ب فکو ن نفض الثو ب من الترا ب عملا مفید او انه لا با س به مطلقا، فیه نظر ظا هر، وانت تعلم ان اعتراضه علی ما نقل عن الخلا صة والنها یة صحیح الی الغا یة للتصریح فیه ان النفض من التراب "

تو یہ جھاڑنا مٹی دور کرنے کے لئے نہ تھا، تو بحر نے حلیہ سے جو نقل کیا ہے وہ اس کے مخالف نہ ہوگا، اس میں ہے: جب کپڑے کا اس لئے اٹھانا مکروہ کہ اس پر مٹی نہ لگ جائے تو اس کا مٹی سے صاف کرنا بھی عمل مفید نہ ہوگا ، اقول: حلیہ کی عبارت اس طرح ہے، خلاصہ اور نہایہ میں بھی یہی ہے اور اس کا حاصل یہ ہے کہ ہر وہ کام جو نمازی کو مفید ہو اس میں حرج نہیں، جیسے پیشانی سے پسینہ پونچھ لینا اور کپڑوں سے مٹی کا جھاڑنا، اور جو مفید نہیں ہے نمازی کے لئے اس میں مشغول ہونا مکروہ ہے اھ۔ اس پر تین طریقوں سے اعتراض کیا گیا ہے، فرمایا: میں کہتا ہوں: جب کپڑے کا مٹی میں ملوث ہونے سے بچانے کے لئے اٹھانا مکروہ ہے جیسا کہ گزرا، اور یہ کہ اس میں اختلاف ہے کہ نماز کی حالت میں پیشانی سے مٹی کا پونچھنا مکروہ ہے، جیسا کہ ہم ذکر کریں گے، اور یہ کہ سجدہ میں پیشانی کا خاک آلود کرنا بجائے خود مندوب ہے تو پھر کپڑے کا خاک آلود ہونا کیا مضر ہے، ایسی صورت میں کپڑوں سے مٹی کا جھاڑنا کیسے عمل مفید اور اس کے بارے میں کیونکر کہا جا سکتا ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں، ان کا اعتراض جیسا کہ خلاصہ اور نہایہ میں ہے اس حد تک درست ہے کہ اس میں مٹی جھاڑنے کی صراحت ہے۔

اقول: وانما قید بقو له مطلقا لا ن الثو ب ان کان مما یفسده التراب کأن یکو ن من الحریر المخلو ط للرجل او الخا لص للمراة وکا ن فی الترا ب ندا وة فلو لم یغسل بقی متلوثا ولو غسل فسد فحینئذ ینبغی ان لا ینهی التو قی فا ن

Marfat.com

الضرورات تبیح المحظورات واللہ تعالی اعلم۔ولکن الشان ان لیس لفظ التراب لا فی الخلاصۃ ولا فی النہایۃ فنص نسختی الخلاصۃ ولا یعبث بشیء من جسدہ وثیابہ والحاصل ان کل عمل ہو مفید لا باس بہ للمصلی وقد صح عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہ سلت العرق عن جبینہ وکان اذا قام من سجودہ نفض ثوبہ یمنۃ ویسرۃ ومالیس بمفید یکرہ کاللعب ونحوہ اثرتہ عن العنایۃ بمعناہ وقد صرح فیہ بالمراد اذ قال کیلا تبقی صورۃ ولا توجہ علیہ لشیء من الایرادات بیدان الامام الحلبی ثقۃ حجۃ امین فی النقل فالظاہر انہ وقع ہکذا فی نسختی الخلاصۃ والنہایۃ ولکن العجب من البحر نقل عبارۃ النہایۃ مصرحۃ بالصواب ثم عقبہا بالاعتراضات الواردۃ علی لفظ من التراب واقرہا کانہ لیس عنہا جواب“

اورانہوں نے ”مطلقا“ کی قیداس لئے لگائی کہ اگر کپڑاایسا ہے جس کومٹی کا لگنامضر ہے جیسا کہ مخلوط ریشم کا کپڑامرد کے لئے،یا خالص ریشم عورت کے لئے،یامٹی تر ہو،اورنہ دھونے کی شکل میں وہ ملوث رہے گااور دھونے کی صورت میں کپڑاہی خراب ہوجائے گا،ایسی صورت میں کپڑے کومٹی سے بچانے کی اجازت مناسب ہے،کیونکہ ضرورتیں محظورات کومباح کردیتی ہیں واللہ تعالی اعلم،مگر ”التراب“ کالفظ نہ خلاصہ میں ہےاورنہ نہایہ میں،میرے نسخہ میں یہ ہے(خلاصہ کے) ( ولا یعبث بشیء من جسدہ وثیابہ ) اور حاصل یہ ہے کہ ہروہ عمل جومفید ہووہ نمازی کرسکتاہےاور بروایت صحیحہ منقول ہے کہ حضوراکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی پیشانی سے پسینہ پونچھتے تھےاور جب اپنے سجدہ سے اٹھتے تواپنے کپڑوں کودائیں اور بائیں جھاڑلیتے تھے،اور جوعمل مفید نہ ہووہ مکروہ ہے،جیسے کھیل وغیرہ اھ

اور بحر کے بقول نہایہ کی عبارت وہی ہے جومیں نے عنایہ سے نقل کی،دونوں معنی ایک ہی ہیں اوراس میں اس کی وجہ بھی بیان کردی ہے،اوروہ یہ کہ صورت باقی نہ رہے۔اس عبارت پرکوئی اعتراض واردنہیں ہوتا ہے،علاوہ ازیں امام حلبی نقل کے بارے میں مستند اورثقہ ہیں توبظاہر یہی ہے کہ خلاصہ اورعنایہ کے نسخوں میں وہی ہے جوانہوں نے ذکر کیا ہے،مگر بحر پر تعجب ہے کہ انہوں نے نہایہ کی عبارت نقل کی اوراس کے درست ہونے کی تصریح کی پھرلفظ ”تراب“

پر اعتراضات کئے اور یہ ثابت کیا کہ اس کا جواب نہیں ہے۔

یہ نہایت کلام ہے تحقیق معنی عبث میں، اب تنقیح حکم کی طرف چلئے وباللہ التوفیق۔

اقول بیان سابق سے واضح ہوا کہ عبث کا مناط فعل میں فائدہ معتد بہا مقصود نہ ہونے پر ہے اور وہ اپنے عموم سے قصد مضر وارادۂ شرکو بھی شامل، تو بظاہر مثل اسراف اس کی بھی دو صورتیں، ایک فعل بقصد شنیع دوسری یہ کہ نہ کوئی ـری نیت ہو نہ اچھی۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱/۷۳۵ تا ۷۵۰)

Marfat.com

# سورۃ النور

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

(۳) اَلزَّانِیْ لَایَنْکِحُ اِلَّا زَانِیَۃً اَوْ مُشْرِکَۃً ز وَّالزَّانِیَۃُ لَایَنْکِحُھَا اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِکٌ ج وَحُرِّمَ ذٰلِکَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ ☆

بدکار مرد نکاح نہ کرے مگر بدکار عورت یا شرک والی سے اور بدکار عورت سے نکاح نہ کرے مگر بدکار مرد یا مشرک اور یہ کام ایمان والوں پر حرام ہے۔

### ﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس آیت کا حکم منسوخ ہے۔ ''قالہ سعید بن المسیب وجماعۃ'' یا نکاح سے یہاں جماع مراد ہے۔

''کما قالہ حبر الامۃ عبد اللہ بن عباس وسعید بن جبیر ومجاھد والضحاک وعکرمۃ وعبد الرحمن بن اسلم ویزید بن ھارون''

(قدیم ۵/۱۵۴)

(۱۲) لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْہُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِھِمْ خَیْرًا لا وَّقَالُوْا ھٰذَآ اِفْکٌ مُّبِیْنٌ ☆

کیوں نہ ہوا جب تم نے اسے سنا تھا کہ مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں نے اپنوں پر نیک گمان کیا ہوتا اور کہتے یہ کھلا بہتان ہے۔

### ﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

قیاسات وسوئے ظن کا شرع میں اعتبار نہیں بلکہ ان وجوہ پر کبیرہ گناہ کی نسبت کرنے والے خود ہی مرتکب کبیرہ ہوتے ہیں۔

(فتاوی رضویہ جدید ۶/۵۶۰)

Marfat.com

(۱۷) یَعِظُکُمُ اللّٰہُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِہٖۤ اَبَدًا اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ۔☆

اللہ تمہیں نصیحت فرماتا ہے کہ اب کبھی ایسا نہ کہنا اگر ایمان رکھتے ہو۔

## ﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(یعنی کسی پر بغیر ثبوت شرعی تہمت نہ لگانا) معاذ اللہ رافضی قاذف باجماع مسلمین کافر ملعون ہے یہاں تک کہ جو اسے کافر نہ جانے وہ خود کافر ہے۔

ردالمحتار میں ہے:

لا شك فی تکفیر من قذف السیدۃ عائشۃ رضی اللہ تعالی عنہا الخ '

اسی کے باب البغاۃ میں ہے:

لان ذلك تکذیب صریح للقرآن۔

جو شخص اپنی دختر یا خواہر ایسے کے نکاح میں دے وہ یقیناً دیوث ہے، وہ اپنی بہن بیٹی کو صریح زنا کے لئے دینے والا ہے، حدیث ارشاد فرماتی ہے:

(فتاوی رضویہ قدیم ۵/۲۷۹)

(۱۹) اِنَّ الَّذِیْنَ یُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِیْعَ الْفَاحِشَۃُ فِی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَھُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ ؕ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ۔☆

وہ لوگ جو چاہتے ہیں کہ مسلمانوں میں برا چرچا پھیلے ان کے لئے دردناک عذاب ہے دنیا اور آخرت میں اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

## ﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اہل سنت سے بتقدیر الہی جو ایسی لغزش فاحش واقع ہو اس کا اخفا واجب ہے کہ معاذ اللہ لوگ ان سے برے اعتقاد ہوں گے۔ تو جو نفع ان کی تقریر اور تحریر سے اسلام وسنت کو پہنچتا تھا اس میں خلل واقع ہوگا۔ اس کی اشاعت فاحشہ ہے اور اشاعت فاحشہ بنص قطعی قرآن عظیم حرام ۔ قال اللہ تعالی:

"ان الذین یحبون ان تشیع الفاحشۃ فی الذین امنوا لهم عذاب الیم فی الدنیا والآخرۃ"

جو لوگ یہ پسند کرتے ہیں کہ مومنوں میں فاحشہ کی اشاعت ہو ان کے لئے دنیا اور

آخرت میں دردناک عذاب ہے۔

خصوصا جبکہ وہ بندگان خداحق کی طرف بے کسی عذر وتامل کہ رجوع فرما چکے۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

من عیر اخاہ بذنب لم یمت حتی یعملہ قال ابن المنیع وغیرہ: المراد ذنب تاب عنہ قلت: وقد جاء کذا مقیدا فی الروایۃ فی الشرعۃ ثم فی الحدیقۃ الندیۃ "

جس نے اپنے بھائی کو کسی گنا. کی وجہ سے عار دلایا وہ مرنے سے قبل اسی گناہ میں ضرور مبتلا ہوگا۔ ابن منیع کہتے ہیں کہ گناہ . ے مراد وہ ہے کہ اس سے توبہ کرلی گئی ہو۔ میں کہتا ہوں شرعہ اور حدیقہ میں روایت میں ہی تو . لی قید لگی ہوئی ہے۔

ولہذا ابتا کید اکید گزارش ک لما ئد ومشاہیر علماء اہلسنت وجماعت جس امر میں متفق ہیں یعنی عقائد مشہورہ متداولہ ان میں ہمارے عام بھائی بلا دغدغہ ان کے ارشادات پر عامل ہوں۔ یوں ہی وہ فرعیات جو اہلسنت اور ان کے مخالفین میں مابہ الامتیاز ہورہے ہیں، جیسے مجلس مبارک وفاتحہ وعرس واستمد اد ونداء امثالھا۔ باقی رہیں فروعات فقہیہ جن میں دو مختلف ہوسکتے ہیں، خواہ بسبب اختلاف روایات، خواہ بوجہ خطاء فی الفکر، یا بسبب عجلت وقلت تدبر، یا بوجہ عدم ممارست ومشادلت فقہ۔ ان میں فقیر کیا عرض کرے۔

مرا سوزیست اندر دل اگر گویم زباں سوزد وگر دم در کشم ترسم کہ مغز استخواں سوزد

آہ آہ، آہ آہ! ہندستان میں میرے زمانہ ہو ش میں دو بندۂ خدا تھے جن پر اصول وفروغ وعقائد وفقہ سب میں اعتماد کلی کی اجازت تھی۔

اول اقدس حضرت خاتم المحققین سیدنا الوالد قدس سرہ الماجد، حاش للہ نہ اس لئے کہ وہ میرے والد ووالی ولی نعمت تھے۔ بلکہ اس لئے کہ " الحق والحق اقول : الصدق واللہ یحب الصدق " میں نے اس طبیب صادق کا برسوں مطلب پایا اور وہ دیکھا کہ عرب وعجم میں جس کا نظیر نظر نہ آیا ۔ اس جناب رفیع قدس سرہ البدیع کو اصول حنفی سے استنباط فروع کا ملکہ حاصل تھا اگرچہ کبھی اس پر حکم نہ فرماتے، مگر یوں ظاہر ہوتا تھا کہ نادر ودقیق ومعضل مسئلہ پیش نہ ہوا وہ کتب متداولہ میں جس کا پتہ نہیں۔ خادم کمینہ کو مراجعت کتب واستخراج جزئیہ کا حکم ہوتا اور

Marfat.com

ارشاد فرماتے "ظاہر اً حکم یوں ہونا چاہئے" جو وہ فرماتے وہی نکلتا۔ یا بعض کتب میں اس کا خلاف نکلتا تو زیادت مطالعہ نے واضح کردیا کہ دیگر کتب میں ترجیح اسی کو دی جو حضرت نے ارشاد فرمایا تھا۔ عجم کی حالت تو آپ ملاحظہ ہی فرماتے ہیں، عرب کا حال یہ ہے اس جناب قدس سرہ کا یہ ادنی خوشہ چیں دزلہ رہا، جو مکہ معظمہ میں اس بار حاضر ہوا۔ وہاں کے اعلم العلما وافقہ الفقہا سے ۶۔۶ گھنٹے مذاکرۂ علمیہ کی محفل گرم رہتی۔ جب انہوں نے ملاحظہ فرمایا کہ یہ فقہ حنفی کے دو حرف جانتا ہے، اپنے زمانہ کو عہد فناء کے مسائل کثیرہ جن میں وہاں کے علماء سے اختلاف پڑا، یا اشتباہ رہا، اس ہیچ میرز پر پیش فرمانا شروع کیے، جس مسئلہ حکم میں اس احقر نے ان کی موافقت عرض کی آثار بشاشت ان کے چہرۂ نورانی پر ظاہر ہوئے۔ اور جس میں عرض کردیا کہ فقیر کی رائے میں حکم اس کے خلاف ہے، سماع دلیل سے پہلے آثار حزن نمایاں ہوتے اور خیال فرمالیتے کہ ہم لغزش واقع ہوئی۔ یہ اسی طبیب حاذق کہ کفش برداری کا صدقہ ہے۔

دوم والا حضرت تاج الفحول محب رسول مولانا مولوی عبد القادر صاحب قادری بدایونی قدس سرہ الشریف۔ پچیس برس فقیر کو اس جناب سے بھی صحبت رہی، ان کی سی وسعت نظر وقوت حفظ وتحقیق انیق ان کے بعد کسی میں نظر نہ آئی۔ ان دونوں آفتاب وماہتاب کے غروب کے بعد ہندوستان میں کوئی ایسا نظر نہیں آتا جس کی نسبت عرض کروں کہ آنکھیں بند کر کے اس کے فتوی پر عمل ہو۔

فقیر نے جواب میں عمائد ومشاہیر علماء اہلسنت کی تخصیص کی اور جناب نے فیض یافتوں سے بھی سوال فرمایا، فیض کے لئے عرض عریض ہے۔ میں یہاں مطلقا اتنا بھی عرض نہیں کرسکتا جو حضرات عمائد کی نسبت گزارش کیا۔

مولانا! اس تقریر فقیر کو اصول کے ایک اختلافی مسئلہ میں اس قول پر محمول نہیں فرمائیں کہ متکلم اپنے عمومی کلام میں داخل نہیں ہوتا۔ حاشا فقیر تو ایک ناقص، قاصر، ادنی طالب العلم ہے۔ کبھی خواب میں بھی اپنے لئے کوئی مرتبہ علم قائم نہ کیا۔ اور بحمدہ تعالی بظاہر اسباب یہی ایک وجہ ہے کہ رحمت الہی میری دستگیر فرماتی ہے۔ میں اپنی بے بضاعتی جانتا ہوں۔ اس لئے پھونک پھونک کر قدم رکھتا ہوں۔ مصطفی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اپنے کرم سے میری مدد فرماتے ہیں اور مجھ پر علم حق کا افاضہ فرماتے ہیں۔ اور انہیں کے رب کریم کے لئے حمد ہے۔ اور ان پر ابدی صلاۃ

Marfat.com

وسلام۔

(فتاوی رضویہ قدیم ۲/۱۳۰۔۱۳۱)

(۲۷) یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتًا غَیْرَ بُیُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَ تُسَلِّمُوْا عَلٰۤى اَهْلِهَاؕ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ☆

اے ایمان والو اپنے گھروں کے سوا اور گھروں میں نہ جاؤ جب تک کہ اجازت نہ لے لو اور ان کے ساکنوں پر سلام نہ کرلو یہ تمہارے لئے بہتر ہے کہ تم دھیان کرو۔

## (۵) امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اللہ تبارک وتعالی نے دوسرے انسانوں کے گھر میں بے اذن وانس داخلہ منوع فرمایا، اور مسجدیں بلاشبہ اللہ رب العزت جل مجد کا گھر ہیں۔

(شمائم العنبر/۲۶۲)

**عن** عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه قال :قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم :اِنَّ بُیُوْتَ اللّٰهِ فِی الْاَرْضِ الْمَسَاجِدُ، وَاِنَّ حَقًّا عَلَی اللّٰهِ تَعَالیٰ اِنْ یُکْرِمَ مَنْ زَارَ فِیْهِ۔ (شمائم العنبر ۲۰)

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: زمین میں مسجدیں اللہ تعالی کا گھر ہیں، اور بیشک اللہ تعالی نے اپنے ذمہ کرم پر لے لیا ہے کہ اسکو بزرگی عطا فرمائے جو اسکی بارگاہ میں حاضری کیلئے مسجد میں آئے۔

۱۲م

اس موضوع پر حدیثیں بہت ہیں، بے اجازت داخل ہونے کی ایک صورت بھی ہے کہ اجازت کسی اور کام کہ ہو اور داخل ہونے والا کسی اور کام کی غرض سے داخل ہوا۔ مثلاً گمشدہ چیز کی تلاش میں، اور یہ اس صورت کو بھی شامل ہے کہ تلاوت کے لئے مصحف شریف کو ڈھونڈے۔ یا کسی کی امانت جو اس کے پاس تھی کھو جانے پر مسجد میں تلاش کرے، حالانکہ ایسی چیز کا تلاش کرنا واجب ہے۔ ارشاد باری ہے: " اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰۤى اَهْلِهَا" اللہ تعالی تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانت والوں کی امانت واپس کرو۔

تلاش پانے کا مقدمہ ہے، اور پا نا دینے کا ذریعہ۔ اور جو واجب کا ذریعہ ہو وہ خود واجب ہے۔ فقہاء نے اس عموم میں ہر گمشدہ چیز کی تلاش کو داخل کیا اور کسی خاص گمشدہ کا استثناء

Marfat.com

نہیں کیا، رمز یہ ہے کہ واجب کی ادائیگی ہر چند کہ عمل آخرت ہے، پر ہر عمل آخرت کے لئے مسجد نہیں بنائی گئی۔ (شمائم العنبر/۲۶۴)

یہ پہلے معلوم ہو چکا ہے کہ اذان خالص ذکر الٰہی نہیں، اگر مسجد اس کے لئے بنی ہوتی تو شرع شریف مسجد کے اندر اذان کا حکم فرماتی وراس پر عمل درآمد ایک بار ہی سہی مروی ضرور ہوتا۔ بھلا یہ سمجھنے والی بات ہے کہ جس کام کے۔ لئے مسجد کی تعمیر ہوئی وہی مسجد میں کبھی نہیں ہوا، نہ تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد میں نہ خلفائے راشدین کے عہد میں، تو یہی کہا جائے گا کہ مسجد اس کیلئے بنائی ہی نہیں گئی۔ اور ایسا ہوتا بھی کیسے یہ تو دربار الٰہی کی حاضری کا اعلان ہے، اور دربار اعلان کے لئے نہیں ہوتا، اعلان تو دربار کے باہر ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ توفیق دینے والا ہے۔ اس ضعیف بندے پر کلام مجید، حدیث مقدس اور فقہ مبارکہ سے یہی ظاہر ہوا۔ باتیں سب کے سب ظاہر ہیں اگر چہ اخیر میں ہم نے شواہد اور متابعات سے کام لیا، لیکن یہ سب بھی اہل انصاف کے نزدیک قطع مکابرہ اور دفع زیادتی کیلئے کافی ہے۔

میں اللہ تعالیٰ سے عفو و عافیت، رحمت کاملہ، اور نعمت متکاثرہ اور عیش صافیہ کا طالب ہوں۔ اللہ تعالیٰ کے لئے ہی حمد ہے اور ہمارے سردار محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور انکے آل و اصحاب اور ان کے گروہ سب پر درود و سلام ہو۔ (شمائم العنبر/۶۲۵)

(۳۲) وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ؕ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ☆

اور نکاح کردو اپنوں میں ان کا جو بے نکاح ہوں اور اپنے لائق بندوں اور کنیزوں کا اگر وہ فقیر ہوں تو اللہ انہیں غنی کردے گا اپنے فضل کے سبب اور اللہ وسعت والا علم والا ہے۔

## ﴿۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہاں مولیٰ عزوجل ہمارے غلاموں کو ہمارا بندہ فرما رہا ہے۔ اللہ کی شان زید کا بندہ، عمرو کا بندہ، اس کا بندہ، اللہ فرمائے، رسول فرمائیں اور صحابہ فرمائیں، مگر آج کسی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بندہ کہا، اور شرک فروشوں نے حکم شرک جڑا، شاید ان کے نزدیک زید و عمرو خدا کے شریک ہو سکتے ہونگے، لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

(الامن والعلی ص ۸۰)

Marfat.com

(۳۳) وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا ۖ وَّاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْۤ اٰتٰىكُمْ ؕ وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ. ☆

اور چاہئے کہ بچے رہیں وہ جو نکاح کا مقدور نہیں رکھتے یہاں تک کہ اللہ مقدور والا کردے اپنے فضل سے اور تمہارے ہاتھ کی ملک باندی غلاموں میں سے جو یہ چاہیں کہ کچھ مال کما نیکی شرط پر انہیں آزادی لکھدو تو لکھ دو اگر ان میں کچھ بھلائی جانو۔ اور اس پر ان کی مدد کرو اللہ کے مال سے جوتم کو دیا اور مجبور نہ کرو اپنی کنیزوں کو بدکاری پر جبکہ وہ بچنا چاہیں تا کہ تم دنیوی زندگی کا کچھ مال چاہو اور جو انہیں مجبور کرے گا تو بیشک اللہ بعد اس کے کہ وہ مجبوری ہی کی حالت پر رہیں بخشنے والا مہربان ہے۔

## ﴿۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

(جو نکاح کی وسعت نہ رکھتا ہو وہ کیا کرے اس کو اس آیت نے بیان فرمایا اور یہ احادیث اس کی خوب وضاحت کرتی ہیں)

**عن** عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: یَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ! مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ، وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ، فَاِنَّهٗ لَهٗ وِجَاءٌ۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے جوانوں کے گروہ تم میں سے جو بھی نکاح کی قدرت رکھتا ہے تو وہ نکاح کرے، اور جسکو یہ قدرت نہیں اسکو روزہ رکھنا چاہئے کہ روزہ خواہشات نفسانی کو توڑتا ہے۔

فتاوی رضویہ ۳۱۵/۶

**عن** ام المؤمنین عائشة الصدیقة رضی اللہ تعالیٰ عنہا قالت: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اَلنِّكَاحُ مِنْ سُنَّتِيْ فَمَنْ لَّمْ يَعْمَلْ بِسُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ وَتَزَوَّجُوْا فَاِنِّيْ مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْاُمَمَ، وَمَنْ كَانَ ذَا طَوْلٍ فَلْيَنْكِحْ وَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَعَلَيْهِ

Marfat.com

بِالصِّيَامِ ، فَإِنَّ الصَّوْمَ لَهُ وِجَاءٌ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نکاح میری سنت ہے تو جس شخص نے میری سنت پر عمل نہیں کیا وہ مجھ سے نہیں۔ اور تم لوگ شادیاں کرو کہ میں تمہارے سبب باقی امتوں پر کثرت کا اظہار کرونگا۔ اور جو شادی کی طاقت رکھتا ہے وہ شادی کرے۔ اور جس میں اتنی وسعت نہیں وہ روزہ رکھے۔ کہ اس سے شہوت ختم ہوتی ہے۔

**عن** عبد الله بن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ ! مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ ، فَإِنَّهُ أَغَضُّ لِلْبَصَرِ وَأَحْصَنُ لِلْفَرْجِ وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ ، فَإِنَّهُ لَهُ وِجَاءٌ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے گروہ جواناں تم میں سے جسے نکاح کی طاقت ہو وہ نکاح کرے، کہ نکاح پریشان نظری وبدکاری سے روکنے کا سب سے بہتر طریقہ ہے، اور جسے ناممکن ہو اس پر روزے لازم ہیں۔ کہ کسر شہوت نفسانی کردیں گے۔

**﴿۳۶﴾ فِي بُيُوتٍ أَذِنَ اللّٰهُ أَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيهَا اسْمُهُ ۙ يُسَبِّحُ لَهُ فِيهَا بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ۔☆**

ان گھروں میں جنہیں بلند کرنے کا اللہ نے حکم دیا ہے اور ان میں اس کا نام لیا جاتا ہے اللہ کی تسبیح کرتے ہیں ان میں صبح اور شام۔

## ﴿۷﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ہر شہر میں ایک مسجد جامع بنانا واجب ہے اور ہر محلّہ میں ایک مسجد بنانے کا حکم ہے حدیث شریف میں ہے:

"امر رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ببناء المسجد فى الدور وان ينظف "رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر محلّہ میں مسجدیں بنوائی جائیں، اور یہ کہ وہ ستھری رکھی جائیں۔ (فتاوی رضویہ جدید ۸/۸۸)

**عن** أمير المومنين على المرتضى كرم الله تعالىٰ وجهه الاسنى قال: قال رسول

Marfat.com

اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : مَنْ بَنٰی لِلّٰہِ مَسْجِدًا بَنَی اللّٰہُ لَہٗ بَیْتًا فِی الْجَنَّۃِ وفی روایۃ من در و یاقوت ۔ فتاوی رضویہ ۳/۵۹۱

امیر المومنین حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے اللہ کیلئے مسجد بنائی اللہ عزوجل اسکے لئے جنت میں موتی اور یاقوت کا گھر بناتا ہے۔

**عن** أبی قرصافۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : اُبْنُو الْمَسَاجِدَ وَاَخْرِجُوا الْقُمَامَۃَ مِنْھَا، فَمَنْ بَنٰی لِلّٰہِ بَیْتًا بَنَی اللّٰہُ لَہٗ بَیْتًا فِی الْجَنَّۃِ ۔ شمائم العنبر ۲۱

حضرت ابو قرصافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسجدیں بناؤ اور ان سے کوڑا کرکٹ صاف کرو۔ کیونکہ جس نے اللہ تعالیٰ کیلئے گھر بنایا اللہ اسکے لئے جنت میں گھر بناتا ہے۔

**عن** أمیر المومنین عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول : مَنْ بَنٰی مَسْجِدًا لِلّٰہِ بَنَی اللّٰہُ لَہٗ فِی الْجَنَّۃِ مِثْلَہٗ ۔ فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/۲۰۸

امیر المومنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا۔ جو اللہ تعالیٰ کے لئے مسجد بنائے اللہ اس کے لئے جنت میں گھر بنائے۔

**(۴۴) یُقَلِّبُ اللّٰہُ الَّیْلَ وَالنَّھَارَ ط اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَعِبْرَۃً لِّاُولِی الْاَبْصَارِ ۔☆**

اللہ بدلی کرتا ہے رات اور دن کی بیشک اس میں سمجھنے کا مقام ہے نگاہ والوں کو۔

**﴿۸﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں**

وہ لوگ جن کو نفع عاجل کی امید دلانا زیادہ مؤید ہے ان کے لئے فرمایا۔

(فتاوی رضویہ جدید ۵/۶۴۵)

Marfat.com

(۶۱) لَيْسَ عَلَى الْأَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَّلَا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اٰبَآئِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗٓ اَوْ صَدِيْقِكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا اَوْ اَشْتَاتًا ؕ فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۔☆

نہ اندھے پر تنگی اور نہ لنگڑے پر مضائقہ اور نہ بیمار پر روک اور نہ تم میں کسی پر کہ کھاؤ اپنی اولاد کے گھر یا اپنے باپ کے گھر یا اپنی ماں کے گھر یا اپنے بھائیوں کے گھر یہاں یا اپنی بہنوں کے گھر یا اپنے چچاؤں کے یہاں یا اپنی پھپیوں کے گھر یا اپنے ماموؤں کے یہاں یا اپنی خالاؤں کے گھر یا جہاں کی کنجیاں تمہارے قبضہ میں ہیں یا اپنے دوست کے یہاں تم پر کوئی الزام نہیں کہ ملکر کھاؤ یا الگ الگ پھر جب کسی گھر میں جاؤ تو اپنوں کو سلام کرو ملتے وقت کی اچھی دعا اللہ کے پاس سے مبارک پاکیزہ اللہ یونہی بیان فرماتا ہے تم سے آیتیں کہ تمہیں سمجھ ہو۔

## ﴿۹﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس اجازت میں جیسے ایک وقت کا کھانا ہے یوں ہی بشرط رضا وعدم بار چند وقت کا خصوصا جبکہ بہن یا ساس یا ان لوگوں کا مکان دوسرے شہر میں ہو اور یہ بعد مدت ملنے کو جائے جب تک یہ جانے کہ ان پر بار ونا گوار نہو گا جہان تک ایسے تعلقات ہیں ایسے بعد سے اتنے دنوں بعد مہمانداری معروف ہے بلاشبہہ رہ سکتا ہے ہاں اتنا رہنا کہ اکتا جائے اور ناگوار ہونا جائز اور وہ کھانا بھی جائز اگر ماں باپ ہی کا گھر ہو ہاں ماں باپ جبکہ محتاج ہوں مالدار اولاد کے یہاں جتنے دن چاہیں رہ سکتے ہیں اگر چہ اسے ناگوار ہو کہ اس کے مال میں اتنا ان کا حق ہے اس کی بے مرضی بھی لے سکتے ہیں، یہ سب عارضی طور پر رہنے میں کلام تھا، اسے جو لوگ معیوب جانتے ہوں ان کا زعم بالکل مردود واتباع کفار ہنود ہے۔ رہا دوسرے کے یہاں سکونت اختیار کرنا یہ سوا محتاج ماں باپ کے کسی کے گھر بے اس کی رضا کے اصلا حلال نہیں، اگر چہ بھائی یا باپ کے یہاں ہو، اگر چہ فقط سکونت ہو کھائے اپنا، مگر وہ کسب سے عاجز محتاج جس کا نفقہ

Marfat.com

شرع نے اس صاحب مکان پر واجب کیا یہ رہ سکے گا اور کھانا بھی اسی کے سر کھائے گا، اسے گوارہ ہو خواہ ناگوار، بھائی ہو خواہ بہن، ساس اس میں داخل نہیں کہ اس کے ذمہ اس کا نفقہ نہیں ہو سکتا، ہاں عاجز محتاج کا نفقہ جس پر شرعا لازم ہے اگر نہ وہ اس کی اولاد میں ہے، نہ یہ اس کی اولاد میں تو بے اس کی رضا کے جبرا اس کا بار اس پر ڈالنا بحکم حاکم ہوگا، خود یہ اس کا اختیار نہیں رکھتا۔

ردالمحتار میں ہے:

نفقة قرابة غیر الاولاد وجوبها لا یثبت الا بالقضاء او الرضاء " حکم شرع یہ ہے اس کے خلاف جو کچھ ہو باطل ہے، ظاہرا یہ تخصیص اس خیال سے ہو کہ بہن کا اپنا گھر اور مال غالبا نہیں ہوتا بلکہ اسکے شوہر کا، اور اگر وہ ناگواری نہ ظاہر کرے تو غالبا مروت اور اپنی زوجہ کی رعایت سے، اور ساس جو کچھ کرے گی اپنی بیٹی کے دباؤ سے اور یہ جائز نہیں۔ لھذا اس سے احتراز چاہئے اگر چہ ناگواری ظاہر نہ ہو کہ ظاہر ناگواری ہے اور بہن فقط مثال ہے، بیٹی بھتیجی بھانجی کا بھی یہی حال ہے جبکہ مال و مکان ان کے شوہروں کا ہو، شرعا بھائی بھتیجے بھانجے کا بھی یہی حکم ہے جبکہ مروت و خاطر مع ناگواری باطن ہو مگر یہاں مروت خود اسکی ذات کے باعث ہے اور وہاں دی ہوئی بیٹی کے ذریعہ سے، لہذا اسے زیادہ معیوب سمجھا۔ واللہ تعالی اعلم

(فتاوی رضویہ قدیم ۹/ ۱۸۷۔۲۔)

Marfat.com

# سورۃ الفرقان

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

(۱) تَبٰرَکَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِہٖ لِیَکُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرًا۔☆

بڑی برکت والا ہے وہ کہ جس نے اتارا قرآن اپنے بندہ پر جو سارے جہان کو ڈر سنانے والا ہو۔

### ﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

جو یہ کہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے بندہ نہیں (وہ اس آیت کا منکر اور) قطعاً کافر ہے۔ اور جو یہ کہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صورت ظاہری بشری ہے حقیقت باطنی شریعت سے ارفع واعلیٰ ہے، یا یہ کہ حضور اوروں کی مثل بشر نہیں وہ سچ کہتا ہے اور جو مطلقاً حضور سے بشریت کی نفی کرے وہ کافر ہے۔

(فتاوی رضویہ جدید ۱۴/ ۳۴۸)

(۳۲) وَقَالَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَوْ لَا نُزِّلَ عَلَیْہِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَۃً وَّاحِدَۃً ج کَذٰلِکَ ج لِنُثَبِّتَ بِہٖ فُؤَادَکَ وَرَتَّلْنٰہُ تَرْتِیْلًا۔☆

اور کافر بولے قرآن ان پر ایک ساتھ کیوں نہ اتار دیا ہم نے یونہی بتدریج اتارا ہے کہ اس سے تمہارا دل مضبوط کریں اور ہم نے اسے ٹھہر ٹھہر کر پڑھا۔

### ﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ترتیل کی تین حدیں ہیں، ہر حد اعلیٰ میں اس کے بعد کی حد ماخوذ وملحوظ ہے۔

حد اول: یہ کہ قرآن عظیم ٹھہر ٹھہر کر بہ آہستگی تلاوت کرے کہ سامع چاہے تو ہر کلمہ کو جدا جدا گن سکے۔

کما قال تعالٰی: ورتلناہ ترتیلا ای انزلناہ نجما نجما علی حسب ما تجددت الیہ حاجات العباد ومثلہ قولہ تعالٰی: وقرأنا فرقناہ لتقرأ علی الناس

Marfat.com

علی مکث و نزلناہ تنزیلا"

جیسا کہ اللہ تعالی کا ارشاد ہے: "ورتلناہ ترتیلا" یعنی ہم نے اسے بندوں کی ضروریات کے مطابق تھوڑا تھوڑا نازل فرمایا ہے، اسی طرح اللہ تعالی کا یہ فرمان ہے: ہم نے قرآن کو تھوڑا تھوڑا کر کے نازل فرمایا تا کہ آپ لوگوں پر پڑھیں ٹھہر ٹھہر کر اور ہم نے اسے تدریجا نازل فرمایا۔

الفاظ بہ تجیم ادا ہوں، حروف کو ان کی صفات شدت و جہر و امثال کے حقوق پورے دیے جائیں، اظہار و اخفا و تجیم و ترقیق وغیرہا محسنات کا لحاظ رکھا جائے، یہ مسنون ہے اور اس کا ترک مکروہ و ناپسند اور اس کا اہتمام فرائض و واجبات میں، تراویح اور تراویح میں نفل مطلق سے زیادہ۔

جلالین میں ہے:

"رتل القرآن تثبت فی تلاوتہ" رتل القرآن، کا معنی قرآن کی ٹھہر ٹھہر کر تلاوت کرنا ہے۔

کمالین میں ہے:

" ای تان واقرء علی تؤدة من غیر تعجل بحیث یتمکن السامع من عدایاتہ وکلماتہ"

یعنی قرآن مجید کو اس طرح آہستہ اور ٹھہر کر پڑھو کہ سننے والا اس کی آیات والفاظ گن سکے۔

اتقان امام سیوطی میں برہان امام زرکشی سے ہے:

" کمال الترتیل تفخیم الفاظہ والا بانۃ عن حروفہ وان لا یدغم حرف فی حرف وقیل ھذا اقلہ" کمال ترتیل یہ ہے الفاظ میں تجیم (حرف کو پر کر کے پڑھنا) اور حروف کو جدا جدا کر کے پڑھا جائے، ایک حرف کو دوسرے حرف میں نہ ملایا جائے۔ بعض نے کہا کہ یہ ترتیل کا کم درجہ ہے۔

اسی میں ہے:

"یسن الترتیل فی قراءۃ القرآن قال اللہ تعالی: ورتل القرآن ترتیلا"

Marfat.com

وروی ابو داؤد وغیرہ عن ام سلمۃ رضی اللہ تعالی عنہا تعت قراءۃ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قرائۃ مفسرۃ حرفا حرفا "قرأت قرآن میں ترتیل سنت ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: قرآن کو خوب ترتیل کے ساتھ پڑھو، اور ابوداؤد وغیرہ نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حوالے سے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قراءۃ کی صفات کے بارے میں یوں بیان کیا ہے کہ آپ اس طرح تلاوت فرماتے کہ قرات مفسر ہوتی اور ایک ایک حرف جدا معلوم ہوتا تھا۔

حدیث میں ہے:

لا تنثروہ نثر الدقل ولا تھذوہ ھذا الشعر قفوا عند عجائبہ و حرکوہ بہ القلوب ولا یکون ھم احدکم اخر السورۃ " یعنی قرآن کے سوکھے چھواروں کی طرح نہ جھاڑو جس طرح ڈالیاں ہلانے سے خشک کھجوریں جلد جلد جھڑ پڑتی ہیں اور شعر کی طرح گھاس نہ کاٹو، عجائب کے پاس ٹھہرتے جاؤ اور اپنے دلوں کو اس سے تدبر سے جنبش دو اور یہ نہ ہو کہ سورت شروع کی تو اب دھیان اسی میں لگا ہے کہ کہیں جلد اسے ختم کریں۔

"رواہ ابو بکر الآجری فی کتاب حملۃ القرآن وعن طریقہ البغوی فی المعالم عن ابن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ من قولہ والدیلمی مثلہ عن ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ والعسکری فی المواعظ من حدیث امیر المؤمنین علی کرم اللہ تعالی وجہہ انہ سئل النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عن قولہ ورتل القرآن ترتیلا قال فذکرہ "

اسے امام ابوبکر آجری نے "کتاب حملۃ القرآن" میں نقل کیا ہے، اور امام بغوی نے معالم میں اسے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا، عسکری نے المواعظ میں حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے حوالے سے بیان کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اللہ تعالیٰ کے ارشاد گرامی "ورتل القرآن ترتیلا" کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے مذکورہ الفاظ میں تشریح فرمائی۔

درمختار میں ہے:

یقرأ فی الفرض بالترتیل حرفا حرفا وفی التراویح بین بین وفی النفل لیلا

Marfat.com

له ان یسرع بعد ان یقرأ کما یفهم "

فرض نماز میں اسی طرح تلاوت کرے کہ جدا جدا ہر حرف سمجھ میں آئے، تراویح میں متوسط طریقہ پر اور رات کے نوافل میں اتنی تیز پڑھ سکتا ہے جسے وہ سمجھ سکے۔

اس کے بیان تراویح میں ہے: " ویجتنب هذرمة القرأة " اور جلدی جلدی قرات سے اجتناب کرے۔

دوم: مد و وقف و وصل کے ضروریات اپنے اپنے مواقع پر ادا ہوں، کھڑے پڑے کا لحاظ رہے، حروف مذکورہ جن کے قبل نون یا میم ہو ان کے بعد غنہ نہ نکلے "انا کنا" کو "ان کن " یا "اناں کناں" نہ پڑھا جائے، با و جیم ساکنین جن کے بعد، ت، ہو بشدت ادا کئے جائیں کہ 'پ' اور 'چ' کی آواز نہ دیں۔ جہال جلدی میں 'ابتر' اور 'تجتنبوا' کو اپتر اور تچتنبوا پڑھتے ہیں، حروف مطبقہ کا کسرہ ضمہ کی طرف مائل نہ ہونے پائے۔ جہال جب 'صراط' و 'قاطعه' میں 'ص' 'ط' کا اطباق کرتے ہیں حرکت تابع حرف ہو کر کسرہ مشابہ ضمہ ہو جاتا ہے۔ کوئی حرف بے محل اپنے مجاور کی رنگت نہ پکڑے، 'ت' 'ط' کے اجتماع میں مثلاً "یستطیعون "لا تطع" بے خیالی کرنے والوں سے حرف 'تا' بھی مشابہ 'طا' ادا ہوتا ہے بلکہ بعض سے ''عتو'' میں بھی بوجہ تفخیم عین وضمہ 'تا' آواز مشابہ 'طا' پیدا ہوتی ہے۔ بالجملہ کوئی حرف و حرکت بے محل دوسرے کی شان اخذ نہ کرے، نہ کوئی حرف چھوٹ جائے، نہ کوئی اجنبی پیدا ہو، نہ محدود مقصور ہو نہ ممدود، اسی زیادت اجنبی کے قبیل سے ہے وہ الف جو بعض جہال " واستبقا الباب " " دعوا الله " " وقال الحمد لله " " ذاقا الشجرة " کے قیاس پر "کلتا الجنتين'' " قيل ادخلوا النار "میں نکالتے ہیں حالانکہ یہ محض فاسد اور زیادت باطل و کاسد، واجب واجماعی مد متصل ہے، منفصل کا ترک جائز ولهذا اس کا نام ہی مد جائز رکھا گیا، اور جس حرف مدہ کے بعد سکون لازم ہو جیسے '' ضآلین " الم " وہاں بھی مد بالاجماع واجب اور جس کے بعد سکون عارض ہو جیسے " العالمين ، الرحيم ، العباد ، يوقنون بحالت وقف یا " قال اللهم "بحالت ادغام وہاں مد و قصر دونوں جائز۔ اس قدر ترتیل فرض و واجب ہے اور اس کا تارک گنہگار، مگر فرائض نماز سے نہیں کہ ترک مفسد صلاۃ ہو۔

مدارک التنزیل میں ہے:

Marfat.com

"ورتل القرآن ترتیلا ای اقرأ علی تؤدۃ یتبین الحروف وحفظ الوقوف واشباع الحرکات ترتیلا ھوتا کید فی ایجاب الامر بہ وانہ لا بد منہ للقاری،

قرآن کو آہستہ اور ٹھہر کر پڑھو، اس کا معنی یہ ہے کہ اطمینان کے ساتھ حروف جدا جدا، وقف کی حفاظت اور تمام حرکات کی ادائیگی کا خاص خیال رکھنا ہے "ترتیلا" اس مسئلہ میں تاکید پیدا کر رہا ہے کہ یہ بات تلاوت کرنے والے کے لئے نہایت ضروری ہے۔

ردالمختار میں ہے:

"یمد اقل مد قال بہ القراء والاحرم لترک الترتیل المامور بہ شرعا"

اسے تھوڑا لمبا کر کے پڑھا جائے، قرآن کا یہی قول ہے ورنہ مامور بہ ترتیل کی خلاف ورزی ہو گی اور یہ شرعا حرام ہے۔

سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ ایک شخص کو قرآن عظیم پڑھا رہے تھے اس نے "انما الصدقت للفقراء" کو بغیر مد کے پڑھا، فرمایا: "ما ھکذا اقرأ نیھا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم" مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یوں نہ پڑھایا، عرض کی: آپ کو کیا پڑھایا؟ فرمایا: "انما صدقت للفقرآء" مد کے ساتھ ادا کر کے بتایا" رواہ سعید بن منصور فی سننہ والطبرانی فی الکبیر بسند صحیح" (اسے سعید بن منصور نے اپنی سنن اور امام طبرانی نے المعجم الکبیر میں صحیح سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔

اتقان میں ہے:

قد اجمع القراء علی مد نوعی المتصل وذی الساکن اللازم وان اختلفوا فی مقدارہ واختلفوا فی النوعین الاخرین وھما المنفصل وذو الساکن العارض وفی قصرھما۔"

تمام قراء مد متصل کی دونوں انواع مد متصل اور ساکن لازم پر متفق ہیں اگرچہ ان کی مقدار میں انہوں نے اختلاف کیا ہے، مد کی آخری دو انواع میں اور وہ مد منفصل اور ساکن عارض میں اور ان دونوں کی قصر میں بھی ان کا اختلاف ہے۔

جب کسی نے غیر وصف کی جگہ وقف کیا یا مقام ابتدا کے غیر سے ابتدا کی تو اگر معنی میں فحش تبدیلی نہیں ہوئی، مثلاً پڑھنے والے نے "ان الذین امنوا وعملوا الصلحت" پڑھ کر

Marfat.com

وقف کیا، پھر "اولئك هم خير البرية" سے ابتداء کی تو ہمارے علماء کا اتفاق ہے کہ نماز فاسد نہ ہوگی، محیط میں اسی طرح ہے، اسی طرح اگر وصل کی جگہ کے علاوہ میں وصل کر لیا جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے قول "اصحب النار" پر وقف نہ کیا بلکہ اسے "الذين يحملون العرش" کے ساتھ ملا لیا نماز فاسد نہ ہوئی، لیکن ایسا کرنا سخت ناپسند ہے، خلاصہ میں اسی طرح ہے، اور اگر معنی میں فحش تبدیلی ہو، مثلاً کسی نے "اشهد ان لا اله" پر وقف کر کے پڑھا "الا هو" تو ہمارے اکثر علماء کے نزدیک نماز فاسد نہ ہوگی اور بعض کے یہاں فاسد ہو جائے گی، اور فتویٰ اس پر ہے کہ ہر صورت میں نماز فاسد نہ ہوگی۔ محیط میں اسی طرح ہے۔

جو شخص اس قسم ترتیل کی مخالفت کرے اس کی امامت نہ چاہئے مگر نماز ہو جائے گی اگر چہ بکراہت۔

عالمگیری میں ہے:

"من يقف في غير موضعه ولا يقف في مواضعه له ان يؤم و كذا من يتنحنح عند القراة كثيرا"

جو شخص مقامات وقف میں وقف نہیں کرتا بلکہ مقامات وقف کے غیر میں وقف کرتا ہے تو اسے امام نہ بنایا جائے، اسی طرح اس کو امام نہ بنایا جائے جو اکثر کھانستا رہتا ہو۔

سوم: جو حروف و حرکات کی تصحیح ا ع، ت ط، ح ہ، ذ ز ظ، وغیرہا میں تمیز کرے، غرض ہر نقص و زیادت و تبدیل سے کہ مفسد معنی ہو احتراز، یہ بھی فرض ہے اور علی التفصیل فرائض نماز سے بھی ہے کہ اس کا ترک مفسد نماز ہے، جو شخص قادر ہے اور بے خیالی یا بے پروائی یا جلدی کے باعث اسے چھوڑتا ہے، یا سیکھے تو آ جائے مگر نہیں سیکھتا، ہمارے ائمہ کرام مذہب رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے نزدیک اس کی نماز باطل اور اس کی امامت کے بطلان اور اس کے پیچھے اوروں کی نماز فاسد ہونے میں تو کلام ہی نہیں، علمائے متاخرین نے بنظر تیسیر جو توسیعیں کیں وہ عند التحقیق صورت لغزش و خطا سے متعلق ہیں کہ صحیح جانتا ہے اور صحیح پڑھ سکتا ہے مگر زبان سے بہک کر غلط ہو گیا، نہ کہ معاذ اللہ فتویٰ بے پروائی و اجازت غلط خوانی و ترک تعلم و کوشش، جیسا کہ عوام زمانہ بلکہ اکثر خواص میں بھی وبائے عالمگیر کی طرح پھیلا ہوا ہے، اور نہ بھی ہی تو وہ عوام کی نمازیں ہیں نہ کہ غلط خوانوں کو امام بنانے کے لئے، وہی علماء جو وہ توسیعات لکھتے ہیں بطلان امامت کی

Marfat.com

تصریح فرماتے ہیں، اور جو قادر ہی نہیں، کوشش کرتا ہے، محنت کرتا ہے مگر نہیں نکلتا، جیسے بچی زبان والے گنوار کہ قاف کو کاف، ذال کو جیم پڑھیں۔ صحیح خواں کی نماز ان کے پیچھے بھی نہیں ہو سکتی، تفصیل اس مسئلہ جلیلہ کی جس سے آج کل نہ صرف عوام بلکہ بہت علماء و مشائخ تک غافل ہیں۔ فقیر غفر اللہ تعالیٰ لہ کے فتاویٰ میں ہے۔ درمختار میں ہے:

" لا یصح اقتداء غیر الالثغ بہ ای بالالثغ علی الاصح کما فی البحر عن المجتبی وحرر الحلبی وابن الشحنۃ انہ بعد بذل جھدہ دائما حتما کالامی فلا یؤم الا مثلہ ولا تصح صلاتہ اذا امکنہ الاقتداء بمن یحسنہ او ترک جھدہ او وجد قدر الفرض مما لا لثغ بہ فیہ ھذا ھو الصحیح المختار فی حکم الالثغ وکذا من لا یقدر علی التلفظ بحرف من الحروف۔"

اور غیر توتلے کی اقتداء توتلے کے پیچھے اصح قول کے مطابق درست نہیں ہے جیسا کہ البحر الرائق میں مجتبیٰ سے منقول ہے، (الثغ بروزن افضل اس شخص کو کہتے ہیں جس کی زبان سے ایک حرف کی جگہ دوسرا نکلے، مثلاً ' ر' کی جگہ ' ل' بولے) حلبی اور ابن شحنہ نے تنقیح کی ہے کہ توتلا پن رکھنے والا شخص ہمیشہ صحت حروف کے لئے کوشاں رہے، اس کے بعد وہ امی کی طرح ہے یعنی وہ اپنے ہم مثل کا امام بن سکتا ہے اور اس کی نماز صحیح نہ ہوگی، جب اسے صحیح پڑھنے والے کی اقتدا ممکن ہو یا اس نے کوشش ترک کر دی ہو یا بقدر فرض قرأت کی وہ آیتیں حاصل کر لے جن میں توتلا پن نہ ہو، تو توتلا پن رکھنے والے شخص کے بارے میں یہی صحیح ومختار قول ہے، اسی طرح حکم ہے اس شخص کا جو حروف تہجی میں سے کسی حرف پر صحیح تلفظ کی قدرت نہ رکھتا ہو۔

(فتاوی رضویہ جدید ۲۷۵/۶ تا ۲۸۲)

**(۴۸) وَهُوَ الَّذِیٓ اَرْسَلَ الرِّیٰحَ بُشْرًا بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِهٖ ۚ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا۔☆**

اور وہی ہے جس نے ہوائیں بھیجیں اپنی رحمت کے آگے مژدہ سناتی ہوئیں اور ہم نے آسمان سے پانی اتارا پاک کرنے والا۔

## ﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اللہ تعالیٰ نے آیہ مبارکہ میں پانی کو مطلق ذکر فرمایا۔ یہاں مطلق ومقید کی تعریف میں

Marfat.com

عبارات علماء مختلف آئیں۔

اول: مطلق وہ کہ شئی کی نفس ذات پر دلالت کرے کسی صفت سے غرض نہ رکھے نہ نفیا نہ اثباتا، اور پانیوں کا مطلق نام ان پانیوں پر بولا جاتا ہے۔ یعنی آسمان، وادیوں، چشموں اور کنوؤں کے پانیوں پر۔

میں کہتا ہوں: کہ اصولی مطلق ہے اور وہ یہاں قطعا مراد نہیں کیونکہ وہ مقیدات کا مقسم ہے اور یہ ان کا قسیم ہے اور یہ تمام مقیدات پر جاری ہے تو ان تمام سے وضو کا جواز لازم آتا ہے بلکہ مطلق یہاں بقید اطلاق مقید ہے اور بشرط لاشئی کے مرتبہ میں ہے، یعنی اس کو جب تک ایسی چیز لاحق نہ ہو جو اس سے مطلق پانی کا نام سلب کرلے، اور اس پر شک نہیں کہ یہ نفس ذات پر ایک زائد وصف کی طرف اشارہ ہے، یوں مطلق یہاں مقید کی قسم ہے اور باقی مقیدات کا قسیم ہے۔

علامہ شامی نے اس کو محسوس کرتے ہوئے فرمایا ''جاننا چاہئے کہ مائے مطلق مطلق ماء سے اخص ہے، کیونکہ اس میں اطلاق کی قید ہے، اس لئے مقید کا اس سے خارج کرنا درست ہے، اور مطلق ماء کے معنی ہیں کوئی بھی پانی ہو، تو اس میں مذکور مقید بھی داخل ہوگا، اور یہاں اس کا ارادہ صحیح نہیں ہے، ..بحر میں مطلق کی تعریف کے بعد ہے ''مطلق اصولی میں معترض ذات کو بیان کرتا ہے نہ کہ صفات کو، نہ نفی سے نہ اثبات سے، جیسے آسمان، چشمہ اور دریا کا پانی۔ مقابلہ سے معلوم ہوتا کہ وہ یہاں مراد نہیں ہے لیکن مطلق پانیوں کی اس کی مثال بنانا کلام میں ایہام پیدا کرتا ہے تو احسن وہی ہے جو کافی، بنایہ اور مجمع الانہر میں ہے، ان سب نے اصولی مطلق کا ذکر کیا ہے، پھر فرمایا ہے، یہاں وہی مراد جو ذہنوں کی طرف سبقت کرتا ہے۔

(فتاوی رضویہ جدید ۲/۶۵۲ تا ۶۵۴)

دوم: مطلق وہ کہ اپنی تعریف ذات میں دوسری شئی کا محتاج نہ ہو اور مقید وہ کہ جس کی ذات بے ذکر قید نہ پہچانی جائے۔

سوم: مطلق وہ ہے کہ اپنے پیدائشی اوصاف پر باقی ہو۔

چہارم: مطلق وہ ہے کہ اپنی رقت وسیلان پر باقی ہو۔

پنجم: مطلق وہ کہ جس کے لئے کوئی نیا نام نہ پیدا ہوا ہو۔

Marfat.com

ششم: مطلق وہ جسے دیکھنے والا دیکھ کر پانی کہے۔

ہفتم: مطلق وہ ہے جسے بے کسی قید کے بڑھائے پانی کہہ سکیں۔

ہشتم: مطلق وہ ہے کہ جس سے پانی کی نفی نہ ہو سکے یعنی یہ نہ کہہ سکیں کہ یہ پانی نہیں

نہم:۔ مطلق وہ جس سے پانی کا نام زائل نہ ہو۔

دہم: مطلق وہ ہے کہ پانی کا نام لینے سے جس کی طرف ذہن سبقت کرے بشرطیکہ اس کا کائی اور نام نہ پیدا ہوا ہو، اور جس کی طرف لفظ آب سے ذہن سبقت نہ کرے یا اس کا کوئی نیا نام ہو وہ مقید ہے۔

یازدہم: مطلق وہ ہے جس کی طرف نام آب سے ذہن سبقت کرے اور اس میں نہ کوئی نجاست ہو اور نہ اور کوئی بات مانع جواز نماز۔ یہ قیدیں بحر میں اضافہ کیں تاکہ آب نجس و مستعمل کو خارج کر دیں۔

دوازدہم: مطلق صرف وہ ہے کہ پانی کا نام لینے سے جس کی طرف ذہن کیا جاتا ہے۔

(فتاوی رضویہ جدید۲/ ٦٦٧)

اقول: یہی اصح واحسن تعریفات ہے" کما قال فی الحلیۃ لو لا ما زاد " (جیسا کہ حلیہ میں کہا ہے اگر وہ نہ ہوتا تو زیادتی ہوتی۔) مگر محتاج توضیح وتنقیح ہے۔

اقول وباللہ التوفیق: عوارض نہ تو عند الاطلاق مفہوم ہوتے ہیں اور نہ مطلقا سلب ہوتے ہیں۔ کیونکہ عند الاطلاق ذات ہی مفہوم ہوتی ہے، جیسے آپ انسان کا لفظ بولتے ہیں تو ذہن رومی، حبشی، عالم، جاہل، لمبے، چھوٹے، حسین، بدشکل وغیرہ کی طرف منتقل نہیں ہوتا ہے، مگر اس سے یہ بھی لازم نہیں آتا کہ یہ لوگ مطلق انسان کے زمرے سے خارج ہیں، کیونکہ ان کی ذات وہی ہے جو لفظ انسان سے مفہوم ہے اور ان کو کوئی ایسا مانع درپیش نہیں کہ یہ لوگ اس مفہوم میں داخل نہ ہوں جو لفظ انسان سنتے ہی ذہن میں آجاتا ہے، اور اگر عوارض مطلقا خود سے مانع ہوتے ہیں تو مطلق کے تحت اس کے افراد میں سے کوئی شئی داخل نہ ہوتی، کیونکہ ہر ایک فرد کے لئے تشخص ہے جس کی طرف مطلق نام کے ذکر کرنے سے ذہن منتقل نہیں ہوتا ہے، تو یہ تقاضا کرتا ہے کہ مطلق ماء اور ماء مطلق کے درمیان مساواۃ ہے، لیکن وہاں ایسے عوارض موجود ہیں جو ان کے ذوات کو مطلق شی کے تحت داخل ہونے سے مانع ہیں، اور ان میں کہا جاتا

Marfat.com

ہے کہ مطلق اسم ان کو شامل نہیں ہے، کیونکہ ذہن ان کی طرف تیزی سے منتقل نہیں ہوتا ہے، جیسے کہ رقبہ میں مقطوع الیدین والرجلین، کیونکہ مفہوم ذات کاملہ ہے۔ اور نبیذ تمر اور عصفر کا پانی جو رنگائی کے لائق ہو، کیونکہ ماء مطلق ان دونوں پر نہیں بولا جاتا اور اطلاق کے وقت ذہن ان دونوں کی طرف منتقل نہیں ہوتا ہے باوجود اس کے کہ ان عوارض والے ان کی ذات نہیں ہیں، مگر جو اطلاق کے وقت مفہوم ہو اور عوارض کا مفہوم نہ ہونا ہر عارض میں مشترک ہے، تو فرق ہونا ضروری ہے، مگر میں نے نہیں دیکھا کہ کسی نے یہ فرق بتایا ہو۔

پھر میں علمی بے بضاعتی کے باوجود کہتا ہوں: اسماء کی وضع حقائق کے مقابلہ میں ہوتی ہے، اور حقائق میں امتیاز مقاصد کے اعتبار سے ہوتا ہے، اسی لئے بعض اوصاف اجزاء کے قائم مقام ہوتے ہیں، جیسے حیوانات کے اعضاء اور درختوں کی ٹہنیاں کیونکہ ان چیزوں کے خاتمہ سے ذات کی منفعتیں بھی ختم ہو جاتی ہیں، اور جب کسی چیز کا مقصود ہی فوت ہو جائے تو وہ چیز باطل ہوتی ہے، اور اس طرح ذات بھی متغیر ہو جاتی ہے جس پر اسماء کے ذریعہ عرفاً دلالت کی جاتی ہے، اور یہ معلوم ہے کہ جو چیز کسی چیز اور اس کے غیر سے مرکب ہوتی ہے وہ اس کا غیر ہوتی ہے، لیکن عرف، شریعت اور لغت سب ہی میں غلبہ کا اعتبار ہوتا ہے، تو جب ملنے والی چیز اصلی شئی سے مقدار میں زیادہ ہو تو مرکب پر وہ نام پڑنا چاہئے جو اس ملنے والی اکثر شئی کا ہے نہ کہ اصلی شے کا، اور اگر دونوں میں برابری ہو تو تساقط ہوگا، تو ان میں سے جب کسی شئی کا اطلاق ہوگا تو مرکب مفہوم نہ ہوگا، کیونکہ نام تو ہر ایک کے مقابل مستقلاً ہے، مجموعہ کے مقابل نہیں، ہاں اگر وہ کم ہو تو معتبر نہ ہوگا، ہاں اگر اس کے ملنے سے ایک نئی حقیقت عرفیہ وجود میں آجائے جو مرکب اور ممتاز ہو، اور خاص مقاصد کے لئے ہو تو مرکب عرفاً ایک نئی ذات ہوگا۔ اس لئے کہ مقاصد مختلف ہو گئے، تو وہ اطلاق سے عرفاً مفہوم کے تحت داخل نہ ہوگا، پس ثابت ہوا کہ لفظ کے اطلاق سے وہی ذات مراد ہوتی ہے جس کے لئے لفظ وضع کیا گیا ہو، اس میں نہ تو کوئی کمی ہو نہ زیادتی جس کی وجہ سے ذات میں کوئی تغیر آتا ہو، تو ہر وہ عارض جس کی وجہ سے ذات میں کوئی تغیر نہ ہو خواہ کسی خارجی امر میں کمی بیشی ہو تو یہ چیز معروض کے مطلق شئی کے تحت آنے میں مخل نہ ہوگی ورنہ مانع ہوگی۔ اسی سے یہ بھی معلوم ہوا کہ حقیقت کا مرکب میں باطل ہونا مساوی اور غالب کے ساتھ ہے، لغۃً، عرفاً، شرعاً، مطلقاً، اور قلیل مذکور کے ساتھ عرفاً مع حقیقت لغویہ کے

Marfat.com

باقی رہنے کے اس لئے مقید، مطلق ماء کی قسم ہوتا ہے، اور نقص کی جہت میں بھی حقیقت مطلقاً باطل و جاتی ہے جبکہ وصف وضع لغوی اعتبار سے بھی رکن کے قائم مقام ہو، جیسے پانی کے لئے سیلان، اور بھی حقیقت لغتہً تو باقی رہتی ہے اور عرفاً باطل ہو جاتی ہے یعنی نام کو بولے جانے کے وقت عرف کے فہم میں نہیں آتی، اور یہ اسی وقت ہوتا ہے جب مقاصد عرفیہ بدل جائیں، جیسے ''رقبتہ'' اقطع پر۔ کیونکہ یہ اس میں حقیقت ہے لغۃً، لیکن عرفاً اس سے نہیں سمجھا جاتا ہے ۔ جب آپ نے یہ جان لیا تو پانی میں نقص کی صورت یہ ہوگی کہ اس کا سیلان یا اس کی رقت ختم ہو جائے، تو گاڑھے کو پانی نہیں کہیں گے چہ جائیکہ جامد کو، اور اس میں زیادتی کی صورت یہ ہوگی کہ وہ کسی ایسی چیز میں مخلوط ہو جائے جو مقدار میں اس سے زیادہ یا اس کے برابر ہو یا اس چیز سے جس سے مرکب ہو کر وہ ممتاز ہو جائے اور مقصد کے اعتبار سے بالکل مختلف ہو جائے، جیسے وہ پانی جس میں کھجوریں بھگوئی جائیں تو وہ نبیذ بن جائے، اور جس میں گوشت پکایا جائے اور وہ شوربہ ہو جائے اور جس میں زعفران ملایا جائے اور وہ رنگ بن جائے، اور جس کو دودھ میں ملایا جائے یہاں تک کہ وہ لسی ہو جائے، اسی اصل پر قاضی شرق وغرب کے مذہب پر تمام فروع متفرع ہوتی ہیں، جیسا کہ ہدایہ اور خانیہ میں ہے، اور اس میں شک نہیں کہ ان چاروں صورتوں میں ذات حقیقۃً یا عرفاً تبدیل ہو جاتی ہے، اور امام محمد نے ایک پانچویں صورت کا اضافہ فرمایا ہے اور وہ، وہ پانی ہے جو اس سیال شئے سے مشابہ ہو جو اس میں ملائی گئی ہے اور وہ ایسا ہو جائے کہ ناواقف حال اس کو وہی شئے سمجھے پانی نہ سمجھے، اس قسم کی چیز ان کے نزدیک مطلق ماء کے مفہوم میں داخل نہیں، تو ابو یوسف کے نزدیک منع کا دارومدار اس پر ہے کہ وہ پانی کا غیر ہو جائے خواہ عرفاً ہی۔ اور امام محمد کے نزدیک اس پر ہے کہ اس کو استعمال کرنیوالا پانی کے علاوہ کوئی اور مائع سمجھنے لگے خواہ صرف گمان ہی ہو، خلاصہ یہ کہ وہ اس پانی کے ہونے میں شک کرے، اور اسی پر ضابطہ مبنی ہے، یہ ضابطہ امام اسبیجابی اور ملک العلماء نے بیان کیا ہے، یہ وہی ضابطہ ہے جس کا مقابلہ ہم نے ضابطہ زیلعیہ سے کیا ہے اور پہلی دو قسموں میں بیان کیا ہے کہ ان کا اتفاق جواز اور منع میں ہے اور تیسرے میں وہ جس میں ان کا اختلاف ہے اس کا بیان ان شاء اللہ تعالیٰ آئے گا۔

اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ اس بنا پر ناپاک اور مستعمل پانی کا ماء مطلق سے خارج ہونا

Marfat.com

لازم آتا ہے، کیونکہ پانی کا سب سے بڑا مقصد پاکی کا حصول ہے، فرمان الٰہی ہے: وہ آسمان سے تم پر پانی نازل فرماتا ہے تاکہ اس سے تم کو پاک کرے" اور یہ وصف ان دونوں پانیوں سے ختم ہوگیا، تو جانب نقص میں زوال سیلان ورقت پر صفت طہوریت کے زوال کا اضافہ کیا جائے گا۔

میں کہتا ہوں: حقائق شرعیہ مقاصد شرعیہ کے لئے ہوتے ہیں، تو جب مقاصد شرعیہ فوت ہوجائیں تو حقائق بھی فوت ہوجاتے ہیں، جیسا روزہ اور نماز۔ اور پانی حقیقت عینیہ ہے اور اسی کی بقا میں مقاصد عرفیہ ہیں۔ کیا تم نہیں دیکھتے ہو کہ انسان کا بڑا مقصود عبادت ہے، فرمان الٰہی ہے: اور میں نے انس وجن وعبادت ہی کے لئے پیدا کیا ہے۔ اور یہ چیزیں کافر میں نہیں پائی جاتی ہیں کیونکہ وہ عبادت کا اھل نہیں۔ اس کے باوجود جب لفظ انسان کا اطلاق کیا جاتا ہے تو مفہوم انسان سے خارج نہیں ہوتا ہے۔ فرمان الٰہی ہے: بلاشبہ انسان خسارے میں ہے سوائے ایمان والوں کے۔ فرمان الٰہی ہے: لعنت ہو انسان پر کتنا ناشکرا ہے۔

بالجملہ تحقیق فقیر غفرلہ میں ماء مطلق کی تعریف یہ ہے کہ وہ پانی کہ اپنی رقت طبعی پر باقی ہے اور اس کے ساتھ کوئی ایسی شئی مخلوط وممتزج نہیں جو اس سے مقدار میں زائد یا مساوی ہے، نہ ایسی جو اس کے ساتھ ملکر مجموع ایک دوسری شئی کی جدا مقصد کے لئے کہلائے۔ ان تمام مباحث بلکہ فہیم کے لئے جملہ فروع مذکورہ وغیر مذکورہ کو ان دو بیت میں منضبط کریں۔

مطلق آبے ست کہ بر رقت طبعی خود است　　نہ در و مزج دگر چیز مساوی یا بیش
نہ مخلطے کہ بترکیب کند چیز دگر　　کہ بود ز آب جدا در لقب و مقصد خویش

(فتاوی رضویہ جدید ۲/۶۷۳ تا ۶۷۹)

**(۵۳) وھو الذی مرج البحرین ھذا عذب فرات وھذا ملح اجاج ج وجعل بینھما برزخا وحجرا محجورا۔☆**

اور وہی ہے جس نے ملے ہوئے رواں کئے دو سمندر یہ میٹھا ہے نہایت شیریں اور یہ کھاری ہے نہایت تلخ اور ان کے بیچ میں پردہ رکھا اور روکی ہوئی آڑ۔

**﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں**

یہ پاکیزہ شیریں دریا جو اس برکت والے منبع سے نکل کر اس دارالالتباس کی وادیوں

Marfat.com

میں لہریں لے رہا ہے یہاں اس کے ساتھ ایک ناپاک سخت کھاری دریا بھی بہتا ہے۔وہ دریائے شور کیا ہے؟ شیطان ملعون کے وسوسے دھوکے،تو دریائے شریں سے نفع لینے والوں کو ہر آن احتیاج ہے ہرنئی لہر پر اس کی رنگت مزے بو کو اصل منبع کے لون وطعم وریح سے ملاتے رہیں کہ یہ لہر اسی منبع سے آئی ہوئی ہے،یا شیطانی پیشاب کی بدبو کھاری دھار دھوکا دے رہی ہے سخت دقت یہ ہے کہ اس پاک مبارک منبع کی کمال لطافت سے اس کا مزہ جلد زبان سے اتر جاتا ہے۔رنگت بو کچھ یاد نہیں رہتی اور ساتھ ہی ذائقہ شامہ باصرہ کا معنوی حس فاسد ہو جاتا ہے کہ آدمی منبع سے جدا ہوا اور پھرا سے گلاب و پیشاب میں تمیز نہیں رہتی۔ابلیس کا کھاری بدبو بدرنگ موت غٹ غٹ چڑھاتا او گمان کرتا ہے کہ دریا طریقت کا شیریں خوش رنگ پانی پی رہا ہوں۔

(شریعت وطریقت ص ۶)

**(۷۰) الا من تاب واٰمن وعمل عملاً صالحاً فاولٰئک یبدل اللہ سیاٰتھم حسنٰت ط وکان اللہ غفور رحیما۔☆**

● مگر جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور اچھا کام کرے تو ایسوں کی برائیوں کو اللہ بھلائیوں سے بدل دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

## ﴿۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہاں ایک نکتہ بدیعہ ہے،ظاہر ہے کہ نماز تنہا ناقص اور جماعت میں کامل ہے۔جس نے فرض اکیلے پڑھ لئے پھر نادم ہو کر جماعت میں ملا تو قضیۂ اصل وحکم عدل یہ ہے کہ اس کے فرض ناقص اور نفل کامل ہوئے،مگر اس کی ندامت اور جماعت کی برکت نے یہ کیا کہ سرکار فضل نے اس کامل کو اس کی فہرست فرائض میں داخل فرمالیا اور ناقص کو نفل کی طرف پھیر دیا،تو یہ نفل کامل فرض لکھے گئے اور فرض ناقص نفل میں محسوب ہوئے کہ کمال فرض کا جمال فضول پائے اور یہ اس کی رحمت سے بعید نہیں جو فرماتا ہے:

"اولٰئک یبدل اللہ سیاٰتھم حسنٰت" اللہ تعالیٰ لوگوں کے گناہوں کو نیکیوں کے ساتھ بدل دیتا ہے۔

جب اس کا کرم گناہوں کو نیکیوں سے بدل لیتا ہے نفل کو فرض میں گن لینا کیا دشوار ہے۔اب حاصل یہ رہا کہ ہے تو پہلی ہی فرض اور دوسری نفل مگر رحمت الٰہی اس نفل کو فرض میں شمار

Marfat.com

فرمائے گی، اسی طرف مشیر ہے عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہما کا ارشاد جب ان سے پوچھا گیا میں ان دونوں میں کس کو اپنی نماز یعنی فرض تصور کروں؟ فرمایا:

" و ذلك البك انما ذلك الى الله عزوجل يجعل ايتهما شاء " رواه الامام مالك هذا ما عندي، العلم بالحق عند ربي - یہ کیا تیرے ہاتھ ہے، یہ تو اللہ کے اختیار میں ہے ان میں سے جسے چاہے فرض شمار فرمائے گا۔

(فتاوی رضویہ جدید ۷/۱۸۳)

Marfat.com

# فہرست آیات جلد نہم

نمبر شمار نمبر آیات آیات جلد و صفحہ

## سورۃ المائدہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم


۱۳۳ ﴿۱﴾ یا ایھا الذین اٰمنوا اوفوا بالعقود ط احلت لکم بھیمۃ الانعام الا ما یتلی علیکم غیر محلی الصید وانتم حرم ط ان اللہ یحکم ما یرید ۔ ☆ ---------------------------- ۸/۳

۱۳۴ ﴿۲﴾ یا ایھا الذین اٰمنوا لا تحلوا شعائر اللہ ولا الشھر الحرام ولا الھدی ولا القلائد ولا آمین البیت الحرام یبتغون فضلا من ربھم ورضوانا ط واذا حللتم فاصطادوا ط ولا یجر منکم شنان قوم ان صدوکم عن المسجد الحرام ان تعتدوا م وتعاونوا علی البر والتقوی ص ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان ج واتقوا اللہ ط ان اللہ شدید العقاب ۔ ☆ ---------------------------- ۸/۳

۱۳۵ ﴿۳﴾ حرمت علیکم المیتۃ والدم ولحم الخنزیر وما اھل لغیر اللہ بہ والمنخنقۃ والموقوذۃ والمتردیۃ والنطیحۃ وما اکل السبع الا ما ذکیتم قف وما ذبح علی النصب وان تستقسموا بالازلام ط ذلکم فسق ط الیوم یئس الذین کفروا من دینکم فلا تخشوھم واخشونی ط الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا ط فمن اضطر


Marfat.com

فی مخمصة غیر متجانف لاثم لا فان الله غفور رحیم ۔☆ ـ۸/۳
۱۳۶ ﴿۴﴾یسئلونک ماذا احل لهم ط قل احل لکم الطیبٰت وما علمتم من الجوارح مکلبین تعلمونهن مما علمکم الله ز فکلوا مما امسکن علیکم واذکروا اسم الله علیه ص واتقوا الله ط ان الله سریع الحساب ۔☆ ـــــــ ۸/۵
۱۳۷ ﴿۵﴾الیوم احل لکم الطیبٰت ط وطعام الذین اوتوا الکتب حل لکم ط وطعامکم حل لهم ز والمحصنٰت من المؤمنٰت والمحصنات من الذین اوتوا الکتب من قبلکم اذا آتیتموهن اجورهن محصنین غیر مسفحین ولا متخذی اخدان ط ومن یکفر بالایمان فقد حبط عمله ز وهو فی الاخرة من الخاسرین۔☆ـ ۸/۷
۱۳۸ ﴿۶﴾یا ایها الذین اٰمنوا اذا قمتم الی الصلوٰة فاغسلوا وجوهکم وایدیکم الی المرافق وامسحوا برؤسکم وارجلکم الی الکعبین ط وان کنتم جنبا فاطهروا ط وان کنتم مرضی او علی سفر اوجاء احد منکم من الغائط او لمستم النساء فلم تجدوا ماء فتیمموا صعیدا طیبا فامسحوا بوجوهکم وایدیکم منه ط ما یرید الله لیجعل علیکم من حرج ولکن یرید لیطهرکم ولیتم نعمته علیکم لعلکم تشکرون ۔☆ ـــــــ ۸/۹
۱۳۹ ﴿۱۵﴾یا اهل الکتب قد جاءکم رسولنا یبین لکم کثیرا مما کنتم تخفون من الکتب ویعفوا عن کثیر ط قد جاءکم من الله نور و کتب مبین ۔☆ ـــــــ ۸/۱۷
۱۴۰ ﴿۳۲﴾من اجل ذلک ج کتبنا علی بنی اسرائیل انه من قتل نفسا بغیر نفس او فساد فی الارض فکانما قتل الناس جمیعا ط ومن احیاها فکانما احیا الناس جمیعا ط ولقد جاءتهم رسلنا بالبینت ز ثم ان کثیرا منهم بعد ذلک فی الارض

Marfat.com

لمسرفون ۔☆ ________ ۸/۴۷

۱۴۱　(۳۵) یا ایھا الذین اٰمنو اتقو اللہ وابتغو االیہ الوسیلۃ وجاھدوا فی سبیلہ لعلکم تفلحون ۔☆ ________ ۸/۴۷

۱۴۲　(۴۳) وکیف یحکمونک وعندھم التورۃ فیھا حکم اللہ ثم یتولون من بعد ذلک ط وما اولئک بالمئو منین ۔☆ __ ۸/۴۷.

انا انزلنا التورۃ فیھا ھدی و نور ج یحکم النبیون الذین اسلموا للذین ھادوا والربنیون والاحبار بما استحفظوا من کتب اللہ وکانوا علیہ شھداء ج فلا تخشوا الناس واخشون ولا تشتروا بایتی ثمنا قلیلا ط ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ھم الکفرون ۔☆ ________ ۸/۴۷

وکتبنا علیھم فیھا ان النفس بالنفس لا والعین بالعین والانف بالانف والاذن بالاذن والسن بالسن لا والجروح قصاص ط فمن تصدق بہ فھو کفارۃ لہ ط ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ھم الظلمون۔☆ ________ ۸/۴۸

وقفینا علیٰ اٰثارھم بعیسی ابن مریم مصدقا لما بین یدیہ من التورۃ واٰتینہ الانجیل فیہ ھدی ونور لا ومصدقا لما بین یدیہ من التوراۃ وھدی وموعظۃ للمتقین۔☆ ________ ۸/۴۸

ولیحکم اھل الانجیل بما انزل اللہ فیہ ط ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ھم الفاسقون ۔☆ ________ ۸/۴۸

وانزلنا الیک الکتب بالحق مصدقا لما بین یدیہ من الکتب ومھیمنا علیہ فاحکم بینھم بما انزل اللہ ولا تتبع اھواء ھم عما جاءک من الحق ط لکل جعلنا منکم شرعۃ ومنھاجا ط ولو شاء اللہ لجعلکم امۃ واحدۃ ولکم لیبلوکم فی ما اٰتکم فاستبقو االخیرات ط الی اللہ مرجعکم جمیعا فینبئکم بما کنتم

Marfat.com

فیه تختلفون۔☆ ۴۸/۸

وان احکم بینهم بما انزل الله ولا تتبع اهواء هم واحذ رهم ان یفتنو ک عن بعض ما انزل الله الیک ۔ فان تولوا فاعلم انما یرید الله ان یصیبهم ببعض ذنوبهم ۔ وان کثیرا من الناس لفسقون۔☆ ۴۸/۸

افحکم الجا هلیة یبغون ۔ ومن احسن من الله حکما لقوم یوقنون ۔☆ ۴۸/۸

۱۴۳ (۵۱) یا ایها الذین اٰمنو الا تتخذ وا الیهو د و النصری اولیاء ۔ بعضهم اولیاء بعض ۔ ومن یتولهم منکم فانه منهم ۔ ان الله لا یهدی القوم الظالمین ۔☆ ۵۸/۸

۱۴۴ (۵۵) انما ولیکم الله ورسوله الذین اٰمنو االذین یقیمون الصلوٰة ویؤتون الزکوٰة وهم را کعون ☆ ۶۸/۸

۱۴۵ (۵۷) یا ایها الذین اٰمنو لا تتخذ واالذین اتخذ وا دینکم هزوا ولعبا من الذین اوتوالکتب من قبلکم والکفار اولیاء ۔ واتقوا الله ان کنتم مؤمنین ۔☆ ۷۷/۸

۱۴۶ (۷۸) لعن الذین کفر وا من بنی اسرا ئیل علی لسان دا ود وعیسی ابن مریم ۔ ذلک بما عصوا و کا نوا یعتد ون ۔☆ ۷۹/۸

۱۴۷ (۸۰۔۸۱) تر ی کثیرا منهم یتو لو ن الذین کفروا ۔ لبئس ما قد مت لهم انفسهم ان سخط الله علیهم وفی العذاب هم خلدون۔☆ ۷۹/۸

ولو کا نوا یؤ منو ن با لله والنبی وما انزل الیه ما اتخذوهم اولیاء ولکن کثیرا منهم فسقون ۔ ☆ ۷۹/۸

۱۴۸ (۸۹) لا یؤ اخذ کم الله با للغو فی ایما نکم ولکن یو ا خذ کم بما عقد تم الا یما ن ۔ فکفار ته اطعام عشرة مسکین من

Marfat.com

اوسط ما تطعمون اهليكم او كسوتهم او تحرير رقبة ط فمن لم يجد فصيام ثلثة ايام ط ذلك كفارة ايمانكم اذا حلفتم ط واحفظوا ايمانكم ط كذلك يبين الله لكم آيته لعلكم تشكرون۔☆ ۸/۸۰

۱۴۹ (۹۶)احل لكم صيد البحر وطعامه متاعا لكم وللسيارة ج وحرم عليكم صيد البر ما دمتم حرما واتقوا الله الذى اليه تحشرون۔☆ ۸/۸۱

۱۵۰ (۱۰۱)يا ايها الذين آمنوا لا تسئلوا عن اشياء ان تبد لكم تسوكم ج وان تسئلوا عنها حين ينزل القرآن تبد لكم ط عفا الله عنها والله غفور حليم۔☆ ۸/۸۲

۱۵۱ (۱۰۳)ما جعل الله من بحيرة ولا سائبة ولا وصيلة ولا حام ولكن الذين كفروا يفترون على الله الكذب ط واكثرهم لا يعقلون۔☆ ۸/۸۳

۱۵۲ (۱۱۰)اذ قال الله يعيسى ابن مريم اذكر نعمتى عليك وعلى والدتك م اذ ايدتك بروح القدس قف تكلم الناس فى المهد وكهلا ج واذ علمتك الكتب والحكمة والتورة والانجيل ج واذ تخلق من الطين كهيئة الطير باذنى فتنفخ فيها فتكون طيرا باذنى وتبرئ الاكمه والابرص باذنى ج واذ تخرج الموتى باذنى ج واذ كففت بنى اسرائيل عنك اذ جئتهم بالبينت فقال الذين كفروا منهم ان هذا الا سحر مبين۔☆ ۸/۸۴

# سورة الانعام

بسم الله الرحمن الرحيم

۱۵۳ (۱۹)قل اى شئ اكبر شهادة ط قل الله قف شهيد بينى

وبينكم قف واوحى الى هذا القرآن لانذركم به ومن بلغ ۭ ائنكم
لتشهدون ان مع الله آلهة اخرى ۭ قل لا اشهد ج قل انما هو اله
واحد واننى برئ مما تشركون ۔☆ ―――――― ٨/٨٦

١٥٤ ﴿٢٦﴾ وهم ينهون عنه وينئون عنه ج وان يهلكون الا انفسهم وما
يشعرون۔☆ ―――――― ٨/٨٧

١٥٥ ﴿٣٨﴾ وما من دابة فى الارض ولا طائر يطير بجناحيه الا
امم امثالكم ۭ ما فرطنا فى الكتب من شئ ثم الىٰ ربهم
يحشرون۔☆ ―――――― ٨/٩٨

١٥٦ ﴿٥٧﴾ قل انى على بينة من ربى وكذبتم به ط ماعندى ما
تستعجلون به ۭ ان الحكم الا لله ۭ يقص الحق وهو خير
الفاصلين ۔☆ ―――――― ٨/١٠١

١٥٧ ﴿٥٩﴾ وعنده مفاتح الغيب لايعلمها الا هو ۭ ويعلم مافى
البر والبحر ۭ وما تسقط من ورقة الا يعلمها ولا حبة فى ظلمت
الارض ولا رطب ولا يابس الا فى كتب مبين۔☆ ―――――― ٨/١٠١

١٥٨ ﴿٦١﴾ وهو القاهر فوق عباده ويرسل عليكم حفظة ۭ حتى
اذا جاء احدكم الموت توفته رسلنا وهم لا يفرطون۔☆ ―――――― ٨/١٠٢

١٦٩ ﴿٦٨﴾ واذا رايت الذين يخوضون فى آيتنا فاعرض عنهم
حتى يخوضوا فى حديث غيره ۭ واما ينسينك الشيطن فلا
تقعد بعد الذكرى مع القوم الظلمين ۔☆ ―――――― ٨/١٠٣

١٧٠ ﴿٧٥﴾ واذ قال ابراهيم لابيه آزر اتتخذ اصناما آلهة ج انى
ارىك وقومك فى ضلل مبين۔☆ ―――――― ٨/١٠٦

۱۷۱ ﴿۷۹﴾ فلما راٰ الشمس بازغةً قال هذا ربی هذا اکبر ج فلما افلت قال یقوم انی بریٓ ء مما تشرکون۔☆ ۸/۱۰۸

۱۷۲ ﴿۹۲﴾ وهذا کتب انزلنه مبرک مصدق الذی بین یدیه ولتنذر ام القری ومن حولها ط والذین یؤمنون بالاخرة یؤمنون به وهم علی صلاتهم یحافظون۔☆ ۸/۱۱۱

۱۷۳ ﴿۱۰۲﴾ بدیع السموات والارض ط انیٰ یکون له ولد ولم تکن له صاحبة ط وخلق کل شیءٍ ج وهو بکل شیءٍ علیم ۔☆ ۸/۱۱۲

۱۷۴ ﴿۱۱۲﴾ ولو اننا نزلنا الیهم الملئکة وکلمهم الموتیٰ وحشرنا علیهم کل شیءٍ قبلا ما کانوا لیؤمنوا الا ان یشآء الله ولکن اکثرهم یجهلون۔☆ ۸/۱۱۲

۱۷۵ ﴿۱۱۳﴾ وکذلک جعلنا لکل نبی عدوا شیٰطین الانس والجن یوحی بعضهم الی بعض زخرف القول غروراً ط ولو شآء ربک ما فعلوه فذرهم وما یفترون۔☆ ۸/۱۱۳

۱۷۶ ﴿۱۱۴﴾ ولتصغی الیه افئدة الذین لایؤمنون بالاٰخرة ولیرضوه ولیقترفوا ما هم مقترفون۔☆ ۸/۱۱۴

۱۷۷ ﴿۱۱۵﴾ افغیر الله ابتغی حکما وهو الذی انزل الیکم الکتب مفصلاً ط والذین اتینهم الکتب یعلمون انه منزل من ربک بالحق فلاتکونن من الممترین۔☆ ۸/۱۱۵

۱۷۸ ﴿۱۱۶﴾ وتمت کلمت ربک صدقا وعدلاً ط لامبدل لکلمته ج وهو السمیع العلیم ۔☆ ۸/۱۱۵

۱۷۹ ﴿۱۱۷﴾ وان تطع اکثر من فی الارض یضلوک عن سبیل

Marfat.com

الله ؕ ان يتبعون الا الظن وان هم الا يخرصون۔☆ ــــــ ۱۱۵/۸

۱۸۰ ﴿۱۱۹﴾ فكلوا مما ذكر اسم الله عليه ان كنتم بأيته مؤمنين۔☆ ــــــ ۱۲۰/۸

۱۸۱ ﴿۱۴۱﴾ وهو الذى انشا جنت معروشت وغير معروشت والنخل والزرع مختلفاً اكله والزيتون والرمان متشابهاً وغير متشابه ؕ كلوا من ثمره اذآ اثمر واٰتوا حقه يوم حصاده ﺯ ولا تسرفوا ؕ انه لايحب المسرفين۔☆ ــــــ ۱۲۱/۸

۱۸۲ ﴿۱۴۳﴾ ثمٰنية ازواج ج من الضان اثنين ومن المعز اثنين ؕ قل ءآلذكرين حرم ام الانثيين اما اشتملت عليه ارحام الانثيين ؕ نبؤنى بعلم ان كنتم صٰدقين۔☆ ــــــ ۱۲۱/۸

۱۸۳ ﴿۱۶۲﴾ قل ان صلاتى ونسكى ومحياى ومماتى لله رب العلمين۔☆ ــــــ ۱۲۲/۸

۱۸۴ ﴿۱۶۳﴾ لاشريك له ج وبذلك امرت وانا اول المسلمين۔☆ ــــــ ۱۲۳/۸

# سورة الاعراف

بسم الله الرحمن الرحيم

۱۸۵ ﴿۲۲﴾ فدلهما بغرور ج فلما ذاقا الشجرة بدت لهما سوأتهما وطفقا يخصفن عليهما من ورق الجنة ط وناداهما ربهما الم انهكما

Marfat.com

عن تلكما الشجرة واقل لكما ان الشيطن لكما عدو مبين .☆___۸/۱۲۴

۱۸۶ ﴿۳۱﴾يبنى ادم خذوا زينتكم عند كل مسجد و كلوا واشربوا ولاتسرفوا ط انه لايحب المسرفين .☆___۸/۱۲۵

۱۸۷ ﴿۵۴﴾ان ربكم الله الذى خلق السموت والارض فى ستة ايام ثم استوى على العرش قف يغشى اليل النهار يطلبه حثيثا لا والشمس والقمر والنجوم مسخرات بامره ط الا له الخلق والامر ط تبرك الله رب العلمين .☆___۸/۱۳۴

۱۸۸ ﴿۵۵﴾ادعوا ربكم تضرعا وخفية ط انه لا يحب المعتدين .☆۸/۱۴۰

۱۸۹ ﴿۱۵۵﴾ واختار موسى قومه سبعين رجلا لميقاتنا ج فلما اخذتهم الرجفة قال رب لو شئت اهلكتهم من قبل واياى ط اتهلكنا بما فعل السفهاء منا ج ان هى الا فتنتك ط تضل بها من تشاء وتهدى من تشاء ط انت ولينا فاغفرلنا وارحمنا وانت خير الغافرين .☆___۸/۱۴۰

۱۹۰ ﴿۱۵۷﴾الذين يتبعون الرسول النبى الامى الذى يجدونه مكتوبا عندهم فى التوراة والانجيل ز يامرهم بالمعروف وينههم عن المنكر ويحل لهم الطيبت ويحرم عليهم الخبئث ويضع عنهم اصرهم والاغلل التى كانت عليهم ط فالذين امنوا به وعزروه ونصروه واتبعو النور الذى انزل معه لا اولئك هم المفلحون.☆___۸/۱۴۱

۱۹۱ ﴿۱۵۸﴾ قل يايها الناس انى رسول الله اليكم جميعا الذى له ملك السموات والارض ج لا اله الا هو يحى ويميت ص فامنوا بالله ورسوله النبى الامى الذى يؤمن بالله و كلمته واتبعوه لعلكم تهتدون.☆___۸/۱۴۲

Marfat.com

۱۹۲ ﴿۱۶۴﴾واذقالت امة منهم لم تعظون قوما لا الله مهلكهم اومعذبهم عذابا شديدا ط قالوا معذرة الى ربكم ولعلهم يتقون .☆.۸/۱۴۲

۱۹۳ ﴿۱۷۵﴾واتل عليهم نبا الذى آتينه اٰيتنا فانسلخ منها فاتبعه الشيطن فكان من الغوين .☆______۸/۲۳۱

۱۹۴ ﴿۱۷۶﴾ولو شئنا لرفعنه بها ولكنه اخلد الى الارض واتبع هوٰه ج فمثله كمثل الكلب ج ان تحمل عليه يلهث او تتركه يلهث ط ذلك مثل القوم الذين كذبوا بايتنا فاقصص القصص لعلهم يتفكرون .☆______۸/۱۴۳

۱۹۵ ﴿۱۸۸﴾ قل لا املك لنفسى نفعا ولاضرا الا ماشاء الله ط ولو كنت اعلم الغيب لاستكثرت من الخير ج وما مسنى السوء ج ان انا الا نذير وبشير لقوم يومنون.☆______۸/ ۱۴۴

۱۹۶ ﴿۱۹۵﴾الهم ارجل يمشون بهاز ام لهم ايد يبطشون بهاز ام لهم اعين يبصرون بهاز ام لهم اٰذان يسمعون بها ط قل ادعوا شركآءَ كم ثم كيد ون فلا تنظرون .☆______۸/۱۴۷

۱۹۷ ﴿۲۰۱﴾ان الذين اتقوا اذا مسهم طٰئف من الشيطٰن تذكروا فاذاهم مبصرون .☆______۸/۱۵۲

۱۹۸ ﴿۲۰۴﴾ واذا قرئ القراٰن فاستمعوا له وانصتوا لعلكم ترحمون.☆______۸/۱۵۳

# سورة الأنفال

بسم الله الرحمن الرحيم

۱۹۹ ﴿۸﴾ ليحق الحق ويبطل الباطل ولو كره المجرمون.☆___۸/۱۶۳

Marfat.com

۲۰۰ ﴿۱۲﴾ اذیوحی ربک الی الملٰئکة انی معکم فثبتوا الذین اٰمنوا ط سالقی فی قلوب الذین کفروا الرعب فاضربوا فوق الاعناق واضربوا منهم کل بنان ۔☆ ۸/۱۶۳

۲۰۱ ﴿۲۴﴾ یاایها الذین اٰمنوا استجیبوا لله وللرسول اذا دعاکم لما یحییکم ج واعلموآ ان الله یحول بین المرء وقلبه وانه الیه تحشرون ۔☆ ۸/۱۶۵

۲۰۲ ﴿۴۵﴾ یاأیها الذین اٰمنوا اذا لقیتم فئة فاثبتوا واذکروا الله کثیرا لعلکم تفلحون۔☆ ۸/۱۶۵

۲۰۳ ﴿۶۴﴾ یاایها النبی حسبک الله ومن اتبعک من المؤمنین۔☆ ۸/۱۶۶

۲۰۴ ﴿۷۵﴾ والذین اٰمنوا من بعد وهاجروا جاهدوا معکم فالئک منکم ط واولوا الارحام بعضهم اولی ببعض فی کتب الله ط ان الله بکل شیء علیم ۔☆ ۸/۱۶۷

# سورة التوبة

۲۰۵ ﴿۶﴾ وان احد من المشرکین استجارک فاجره حتیٰ یسمع کلٰم الله ثم ابلغه مامنه ط ذلک بانهم قوم لایعلمون۔☆ ۸/۱۶۷

۲۰۶ ﴿۱۱﴾ فان تابوا واقاموا الصلوٰة واٰتوا الزکوٰة فاخوانکم فی الدین ط ونفصل الاٰیٰت لقوم یعلمون۔☆ ۸/۱۶۷

۲۰۷ ﴿۱۲﴾ وان نکثوآ ایمانهم من بعد عهدهم وطعنوا فی دینکم فقاتلوا ائمة الکفر لا انهم لآ ایمان لهم لعلهم ینتهون ۔☆ ۸/۱۶۸

Marfat.com

۲۰۷ (۱۸) انما یعمر مسٰجد الله من اٰمن بالله والیوم الاٰخر واقام الصلوٰة واٰتی الزکوٰة ولم یخش الا الله فعسیٰ اولٰئک ان یکونوا من المهتدین۔☆ ________ ۱۷۸/۸

۲۰۹ (۲۳) یٰاَیها الذین اٰمنوا لاتتخذوآ اٰبآء کم واخوانکم اولیآء ان استحبوا الکفر علی الایمان ط ومن یتولهم منکم فاولٰٓئک هم الظٰلمون۔☆ ________ ۱۸۱/۸

۲۱۰ (۲۴) قل ان کان اٰبآؤ کم وابنآؤ کم واخوانکم وازواجکم وعشیرتکم واموال ن اقترفتموها وتجارة تخشون کساد ها ومسٰکن ترضونها احب الیکم من الله ورسوله وجهادٍ فی سبیله فتربصوا حتیٰ یاتی الله بامره ط والله لایهدی القوم الفٰسقین۔☆ ________ ۱۸۱/۸

۲۱۱ (۲۴) قل ان کان اٰبآؤ کم وابنآؤ کم واخوانکم وازواجکم وعشیرتکم واموال ن اقترفتموها وتجارة تخشون کساد ها ومسٰکن ترضونها احب الیکم من الله ورسوله وجهادٍ فی سبیله فتربصوا حتیٰ یاتی الله بامره ط والله لایهدی القوم الفٰسقین۔☆ ________ ۱۸۱/۸

۲۱۲ (۲۹) قاتلوا الذین لایؤمنون بالله ولا بالیوم الاٰخر ولایحرمون ماحرم الله ورسوله ولایدینون دین الحق من الذین اوتوا الکتاب حتیٰ یعطوا الجزیة عن یدٍ وهم صاغرون۔☆ ________ ۱۸۴/۸

۲۱۳ (۳۴) یٰایها الذین اٰمنوآ ان کثیراً من الاحبار والرهبان لیاکلون اموال الناس بالباطل ویصدون عن سبیل الله ط والذین یکنزون الذهب والفضة ولاینفقونها فی سبیل الله لا فبشرهم بعذاب الیم۔☆ ـ ۲۲۰/۸

۲۱۴ (۳۵) یوم یحمی علیها فی نار جهنم فتکوٰی بها جباههم وجنوبهم وظهورهم ط هذا ما کنزتم لانفسکم فذوقوا ما کنتم تکنزون۔☆ ___ /۲۲۰

Marfat.com

وظهورهم ط هذا ما كنزتم لانفسكم فذوقوا ما كنتم تكنزون .☆ــ ./۲۲۰

۲۱۵ 〈۳۶〉ان عدة الشهور عندالله اثنا عشر شهراً فى كتٰب الله يوم خلق السمٰوٰت والارض منهآ اربعة حرم ط ذلك الدين القيم لا فلا تظلموا فيهن انفسكم قف وقاتلوا المشركين كآفةً كما يقاتلونكم كافةً ط واعلموٓا ان الله مع المتقين .☆ــــــــــــــــ ۸/۲۴۹

۲۱۶ 〈۵۴〉ومامنعهم ان تقبل منهم نفقٰتهم الآ انهم كفروا بالله وبرسوله ولاياتون الصلوة الا وهم كسالىٰ ولاينفقون الآ وهم كٰرهون. ☆ــ ۸/۲۵۱

۲۱۷ 〈۵۹〉ولو انهم رضوا مآ اٰتٰهم الله ورسوله لا وقالوا حسبنا الله سيؤتينا الله من فضله ورسوله لا اناآلى الله راغبون.☆ــــــ ۸/۲۵۲

۲۱۸ 〈۶۰〉انما الصدقت للفقراء والمسكين والعملين عليها و المولفة قلوبهم وفى الرقاب والغرمين وفى سبيل الله وابن السبيل ط فريضة من الله ط والله عليم حكيم .☆ــــــــــــــــ ۸/۲۵۲

۲۱۹ 〈۶۱〉ومنهم الذين يؤذون النبى ويقولون هو اذن ط قل اذن خيرلكم يؤمن بالله ويؤمن للمؤمنين ورحمة للذين اٰمنوا منكم ط والذين يؤذون رسول الله لهم عذاب اليم.☆ــــــــــــــــ ۸/۲۵۴

۲۲۰ 〈۶۵〉ولئن سالتهم ليقولن انما كنا نخوض ونلعب ط قل ابالله واٰيٰته ورسوله كنتم تستهزء ون.☆ــــــــــــــــ ۸/۲۵۵

۲۲۱ 〈۶۶〉لاتعتذروا قد كفرتم بعد ايمانكم ط ان نعف عن طآئفة منكم نعذب طآئفة بانهم كانوا مجرمين.☆ــــــــــــــــ ۸/۲۵۶

۲۲۲ 〈۷۴〉يحلفون بالله ماقالوا ط ولقد قالوا كلمة الكفر وكفروا بعد اسلامهم وهموا بمالم ينالوا ج ومانقموٓا الآ ان اغنٰهم الله ورسوله من فضله ج فان يتوبوا يك خيراً لهم ج وان يتولوا يعذبهم الله عذابا اليما لا

Marfat.com

فی الدنیا والاٰخرۃ ج وما لھم فی الارض من ولی ولا نصیر۔☆ ۸/۲۵۹

۲۲۳ ﴿۷۷﴾فاعقبھم نفاقا فی قلوبھم الیٰ یوم یلقونہ بمآ اخلفوا اللہ ماوعدوہ وبما کانوا یکذبون۔☆ ۸/۲۶۵

۲۲۴ ﴿۸۴﴾ولا تصل علیٰ احد منھم مات ابدا ولا تقم علی قبرہ ط انھم کفروا باللہ ورسولہ وماتوا وھم فٰسقون۔☆ ۸/۲۶۷

۲۲۵ ﴿۹۵﴾سیحلفون باللہ لکم اذا انقلبتم الیھم لتعرضوا عنھم ط فاعرضوا عنھم ط انھم رجس ز وماوٰھم جھنم ج جزآء بما کانوا یکسبون۔☆ ۸/۲۶۸

۲۲۶ ﴿۹۶﴾یحلفون لکم لترضوا عنھم ج فان ترضوا عنھم فان اللہ لا یرضیٰ عن القوم الفٰسقین۔☆ ۸/۲۶۸

۲۲۷ ﴿۹۹﴾ومن الاعراب من یؤمن باللہ والیوم الاٰخر ویتخذ ماینفق قربٰت عند اللہ وصلوٰت الرسول ط الآ انھا قربۃ لھم ط سیدخلھم اللہ فی رحمتہ ط ان اللہ غفور رحیم۔☆ ۸/۲۶۸

۲۲۸ ﴿۱۰۳﴾خذ من اموالھم صدقۃ تطھرھم وتزکیھم بھا وصل علیھم ط ان صلٰوتک سکن لھم ط واللہ سمیع علیم۔☆ ۸/۲۷۳

۲۲۹ ﴿۱۰۷﴾والذین اتخذوا مسجدا ضرارا وکفرا وتفریقا بین المؤمنین وارصادا لمن حارب اللہ ورسولہ من قبل ط ولیحلفن ان اردنآ الا الحسنیٰ ط واللہ یشھد انھم لکٰذبون۔☆ ۸/۲۷۳

۲۳۰ ﴿۱۰۸﴾لا تقم فیہ ابدا ط لمسجد اسس علی التقوٰی من اول یوم احق ان تقوم فیہ ط فیہ رجال یحبون ان یتطھروا واللہ یحب المطھرین۔☆ ۸/۲۷۴

۲۳۱ ﴿۱۰۹﴾افمن اسس بنیانہ علی تقوٰی من اللہ ورضوان خیر ام من

اسس بنیانه علی شفا جرفٍ هار فانهار به فی نار جهنم ط والله لایهدی القوم الظّٰلمین۔☆ــــــــــــــــــــــــــ/۲۶۴

۲۳۲ ﴿۱۱۳﴾ ماکان للنبی والذین اٰمنوا ان یستغفروا للمشرکین ولو کانوا اولی قربیٰ من بعد ماتبین لهم انهم اصحٰب الجحیم۔☆ــــ۸/۲۷۶

۲۳۳ ﴿۱۱۷﴾ لقد تاب الله علی النبی والمهٰجرین والانصار الذین اتبعوه فی ساعة العسرة من بعد ماکاد یزیغ قلوب فریق منهم ثم تاب علیهم انه بهم رؤف رحیم۔☆ــــــــــــــ۸/۲۷۹

۲۳۴ ﴿۱۱۸﴾ وعلی الثلٰثة الذین خلفوا ط حتیٰ اذا ضاقت علیهم الارض بمارحبت وضاقت علیهم انفسهم وظنوا ان لا ملجا من الله الا الیه ط ثم تاب علیهم لیتوبوا ط ان الله هو التواب الرحیم۔☆ــــ/۲۷۹

۲۳۵ ﴿۱۲۰﴾ ماکان لاهل المدینة ومن حولهم من الاعراب ان یتخلفوا عن رسول الله ولایرغبوا بانفسهم عن نفسه ط ذلک بانهم لایصیبهم ظما ولانصب ولامخمصة فی سبیل الله ولایطئون موطئا یغیظ الکفار ولاینالون من عدو نیلا الا کتب لهم به عمل صالح ط ان الله لایضیع اجرالمحسنین۔☆ــــــــــــــ۸/۲۹۲

۲۳۶ ﴿۱۲۲﴾ وماکان المؤمنون لینفروا کآفة ط فلولا نفر من کل فرقة منهم طائفة لیتفقهوا فی الدین ولینذروا قومهم اذا رجعوا الیهم لعلهم یحذرون۔☆ــــــــــــــ۸/۲۹۳

۲۳۷ ﴿۱۲۳﴾ یٰایها الذین اٰمنوا قاتلوا الذین یلونکم من الکفار ولیجدوا فیکم غلظة ط واعلموا ان الله مع المتقین۔☆ــــــــــــ۸/۲۹۴

۲۳۸ ﴿۱۲۸﴾ لقد جآء کم رسول من انفسکم عزیز علیه ماعنتم حریص علیکم بالمؤمنین رؤف رحیم۔☆ــــــــــــ۸/۲۹۵

Marfat.com

# سورة يونس

بسم الله الرحمن الرحيم

۲۳۹ ﴿۲۶﴾ للذين احسنوا الحسنىٰ وزيادة ط ولا يرهق وجوههم قتر ولاذلة ط اولٰئك اصحٰب الجنة ج هم فيها خٰلدون .☆______۸/۲۹۶

۲۴۰ ﴿۳۱﴾ قل من يرزقكم من السمآء والارض امن يملك السمع والابصار ومن يخرج الحي من الميت ويخرج الميت من الحي ومن يدبر الامر ط فسيقولون الله ج فقل افلا تتقون .☆______۸/۲۹۸

# سورة هود

بسم الله الرحمن الرحيم

۲۴۱ ﴿۴﴾ الى الله مرجعكم ج وهو على كل شئٍ قدير .☆______۸/۳۰۰

۲۴۲ ﴿۱۸﴾ ومن اظلم ممن افترىٰ على الله كذباً ط اولٰئك يعرضون على ربهم ويقول الاشهاد هٰؤلآء الذين كذبوا على ربهم ج الا لعنة الله على الظٰلمين.☆______۸/۳۰۱

۲۴۳ ﴿۳۱﴾ ولآ اقول لكم عندي خزآئن الله ولآ اعلم الغيب ولآ اقول اني ملك قف ولآ اقول للذين تزدريٓ اعينكم لن يؤتيهم الله خيراً ط الله اعلم بما في انفسهم ج انيٓ اذاً لمن الظٰلمين .☆______۸/۳۰۲

۲۴۴ ﴿۱۱۱﴾ وان كلاً لما ليوفينهم ربك اعمالهم ط انه بما يعملون خبير.☆______۸/۳۰۶

# سورة يوسف

بسم الله الرحمن الرحيم

Marfat.com

۲۴۵ ﴿۲۳﴾ وراودته التی هو فی بیتها عن نفسه وغلقت الابواب وقالت هیت لک ط قال معاذالله انه ربی احسن مثوایَ ط انه لایفلح الظّٰلمون.☆ ________ ۸/۳۰۸

۲۴۶ ﴿۴۲﴾ وقال للذی ظن انه ناج منهما اذکرنی عند ربک فانسٰه الشیطٰن ذکر ربه فلبث فی السجن بضع سنین .☆ ________ ۸/۳۰۸

۲۴۷ ﴿۵۹﴾ ولما جهزهم بجهازهم قال ائتونی باخ لکم من ابیکم ج الا ترون انیّ اوفی الکیل وانا خیر المنزلین .☆ ________ ۸/۳۰۹

۲۴۸ ﴿۱۰۳﴾ ومآ اکثر الناس ولو حرصت بمؤمنین .☆ ________ ۸/۳۱۰

۲۴۹ ﴿۱۰۹﴾ ومآ ارسلنا من قبلک الا رجالا نوحیٓ الیهم من اهل القرٰی ط افلم یسیروا فی الارض فینظروا کیف کان عاقبة الذین من قبلهم ط ولدار الاٰخرة خیر للذین اتقوا ط افلا تعقلون.☆ ________ ۸/۳۱۱

# سورة الرعد

بسم الله الرحمن الرحیم

۲۵۰ ﴿۱۱﴾ له معقبٰت من بین یدیه ومن خلفه یحفظونه من امر الله ط ان الله لایغیر مابقوم حتیٰ یغیروا ما بانفسهم ط واذآ اراد الله بقوم سوٓءً فلامرد له ج وما لهم من دونه من وال .☆ ________ ۸/۳۱۳

# سورة ابراهیم

بسم الله الرحمن الرحیم

۲۵۱ ﴿۴۸﴾ یوم تبدل الارض غیر الارض والسمٰوٰت وبرزوا لله الواحد القهار.☆ ________ ۸/۳۱۵

Marfat.com

# سورة الحجر

## بسم الله الرحمن الرحیم

۲۵۲ ﴿۹﴾انا نحن نزلنا الذکروانالہ لحفظون۔☆ــــــــــــ ۸/۳۱۷

﴿۲۱﴾وان من شیء الا عندنا خزآئنہ زوما ننزلہ الا بقدرمعلوم۔☆ــــــــــــ /۳۲۸

۲۵۳ ﴿۳۰﴾فسجد الملئکۃ کلھم اجمعون۔☆ــــــــــــ ۸/۳۲۸

۲۵۴ ﴿۷۲﴾لعمرک انھم لفی سکرتھم یعمھون۔☆ــــــــــــ ۸/۳۲۹

# سورة النحل

## بسم الله الرحمن الرحیم

۲۵۵ ﴿۴۳﴾وما ارسلنا من قبلک الا رجالا نوحیٓ الیھم فسئلوٓا اھل الذکر ان کنتم لاتعلمون۔☆ ﴿۴۴﴾ بالبینٰت والزبر ط وانزلنآ الیک الذکر لتبین للناس مانزل الیھم ولعلھم یتفکرون۔☆ــــــــــــ ۸/۱۳۱

۲۵۶ ﴿۴۴﴾ بالبینٰت والزبر ط وانزلنآ الیک الذکر لتبین للناس مانزل الیھم ولعلھم یتفکرون۔☆ــــــــــــ ۸/۳۳۲

۲۵۷ ﴿۸۹﴾ویوم نبعث فی کل امۃ شھیدا علیھم من انفسھم وجئنا بک شھیدا علی ھٰٓؤلآء ط ونزلنا علیک الکتٰب تبیانا لکل شیء وھدی ورحمۃ وبشرٰی للمسلمین۔☆ــــــــــــ ۸/۳۳۳

۲۵۸ ﴿۱۱۶﴾ولاتقولوا لما تصف السنتکم الکذب ھذا حلٰل وھذا حرام لتفتروا علی الله الکذب ط ان الذین یفترون علی الله الکذب لایفلحون۔☆ــــــــــــ ۸/۳۳۴

Marfat.com

۲۵۹　(۱۱۶)ولاتقولوا لما تصف السنتکم الکذب ھذا حلٰل وھذا حرام لتفتروا علی اللہ الکذب ط ان الذین یفترون علی اللہ الکذب لایفلحون۔☆ ــــــــ ۸/۳۳۳

۲۶۰　(۱۱۷)متاع قلیل ص ولھم عذاب الیم۔☆ ــــــــ ۸/۳۳۳

# سورۃ الاسراء

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

۲۶۱　(۱۲)وجعلنا الیل والنھار اٰیتین فمحونآ اٰیۃ الیل وجعلنآ اٰیۃ النھار مبصرۃ لتبتغوا فضلا من ربکم ولتعلموا عدد السنین والحساب ط وکل شیء فصلنٰہ تفصیلاً۔☆ ــــــــ ۸/۳۳۸

۲۶۲(۱۵)من اھتدٰی فانما یھتدی لنفسہ ج ومن ضل فانما یضل علیھا ط ولاتزر وازرۃ وزراخرٰی ط وما کنا معذبین حتیٰ نبعث رسولاً۔☆ــ ۸/۳۳۹

۲۶۳(۲۴)واخفض لھما جناح الذل من الرحمۃ وقل رب ارحمھما کماربینی صغیراً۔☆ ــــــــ ۸/۳۵۳

۲۶۴　(۲۶)واٰت ذالقربیٰ حقہ والمسکین وابن السبیل ولاتبذر تبذیراً۔☆

............................................ ۸/۳۵۴

۲۶۵　(۲۷)ان المبذرین کانوآ اخوان الشیٰطین ط وکان الشیطٰن لربہ کفوراً۔☆ ــــــــ ۸/۳۵۴

۲۶۶(۴۴)تسبح لہ السمٰوٰت السبع والارض ومن فیھن ط وان من شیء الا یسبح بحمدہ ولٰکن لاتفقھون تسبیحھم ط انہ کان حلیما غفوراً۔☆ ــــــــ ۸/۳۵۸

۲۶۷(۵۷)اولٰئک الذین یدعون یبتغون الیٰ ربھم الوسیلۃ ایھم اقرب ویرجون رحمتہ ویخافون عذابہ ط ان عذاب ربک کان محذوراً۔☆ ــــــــ ۸/۳۶۰

Marfat.com

۲۶۸ (۶۵) ان عبادی لیس لک علیھم سلطٰن ط وکفی بربک وکیلا۔☆ ۸/۳۶۳
۲۶۹ (۷۸) اقم الصلوٰۃ لدلوک الشمس الیٰ غسق الیل وقرآن الفجر ط ان قراٰن الفجر کان مشھوداً۔☆ ۸/۳۶۴
۲۷۰ (۷۹) ومن الیل فتھجدبه نافلۃ لک عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محموداً۔☆ ۸/۳۶۷
۲۷۱ (۸۴) قل کل یعمل علیٰ شاکلته ط فربکم اعلم بمن ھو اھدیٰ سبیلا۔☆ ۸/۳۸۱
۲۷۲ (۱۰۶) وقراٰنا فرقنٰه لتقراهٗ علی الناس علی مکث ونزلنٰه تنزیلا۔☆ ۸/۳۸۲

# سورۃ الکھف

## بسم الله الرحمن الرحیم

۲۷۳ (۵۷) ومن اظلم ممن ذکر بایٰت ربه فاعرض عنھا ونسی ماقدمت یدٰہ ط انا جعلنا علیٰ قلوبھم اکنۃ ان یفقھوه وفیٓ اٰذانھم وقراً ط وان تدعھم الیٰ الھدیٰ فلن یھتدوٓا اذًا ابداً۔☆ ۸/۳۸۳
۲۷۴ (۶۵) فوجدا عبدًا من عبادنآ اٰتینٰه رحمۃً من عندنا وعلمنٰه من لدنا علماً۔☆ ۸/۳۸۳
۲۷۵ (۶۵) فوجدا عبدًا من عبادنآ اٰتینٰه رحمۃً من عندنا وعلمنٰه من لدنا علماً۔☆ ۸/۳۸۶
۲۷۶ (۶۶) قال له موسیٰ ھل اتبعک علیٰ ان تعلمن مماعلمت رشداً۔☆ ۸/۳۸۶
۲۷۷ (۶۷) قال انک لن تستطیع معی صبراً۔☆ ۸/۳۸۶
۲۷۸ (۶۸) وکیف تصبر علیٰ ما لم تحط به خبرا۔☆ ۸/۳۸۶
۲۷۹ (۶۹) قال ستجدنیٓ ان شآء الله صابراً ولآ اعصی لک امراً

.☆________________________________ ۸/۳۸۶
۲۸۰ ﴿۷۰﴾قال فان اتبعتنی فلاتسئلنی عن شیء حتّٰی احدث لک منه ذکراً.☆________________________________ ۸/۳۸۷
۲۸۱ ﴿۷۱﴾فانطلقا قف حتّٰی اذا رکبا فی السفینة خرقها ط قال اخرقتها لتغرق اهلها ج لقد جئت شیئا امراً.☆________________ ۸/۳۸۷
۲۸۲ ﴿۷۲﴾قال الم اقل انک لن تستطیع معی صبراً.☆________ ۸/۳۸۷
۲۳۸ ﴿۷۳﴾قال لاتؤخذنی بما نسیت ولاترهقنی من امری عسراً.☆۳۸۷
۲۸۴ ﴿۷۴﴾ فانطلقا قف حتی اذا لقیا غلٰماً فقتله لا قال اقتلت نفساً زکیة بغیر نفس ط لقد جئت شیئا نکراً.☆________________ ۸/۳۸۷
۲۸۵ ﴿۷۵﴾قال الم اقل لک انک لن تستطیع معی صبراً.☆___ ۸/۳۸۷
۲۸۶ ﴿۷۶﴾قال ان سالتک عن شیء بعدها فلاتصٰحبنی ج قد بلغت من لدنی عذراً.☆________________________ /۳۸۷
۲۸۷ ﴿۷۷﴾فانطلقا قف حتّٰی اذآ اتیآ اهل قریة استطعمآ اهلها فابوا ان یضیفوهما فوجدا فیها جداراً یرید ان ینقض فاقامه ط قال لوشئت لتخذت علیه اجراً.☆________________________ ۸/۳۸۸
۲۸۸ ﴿۷۸﴾قال هذا فراق بین وبینکج سانبئک بتاویل مالم تستطع علیه صبراً.☆________________________ /۳۸۸
۲۸۹ ﴿۷۹﴾اما السفینة فکانت لمسٰکین یعملون فی البحر فاردت ان اعیبها وکان ورآءهم ملک یاخذ کل سفینة غصبا.☆________ /۳۸۸
۲۹۰ ﴿۸۰﴾ واما الغلٰم فکان ابوٰه مؤمنین فخشینآ ان یرهقهما طغیاناً وکفراً.☆________________________________ ۸/۳۸۸
۲۹۱ ﴿۸۱﴾فاردنا ان یبدلهما ربهما خیرامنه زکوٰة واقرب رحماً.☆________________________________ ۸/۳۸۸
۲۹۲ ﴿۸۲﴾واما الجدار فکان لغلٰمین یتیمین فی المدینة وکان تحته

Marfat.com

کنزلهما وکان ابوهما صالحًا ج فاراد ربک ان یبلغآ اشدهما
ویستخرجا کنزهما سے رحمةً من ربک ج وما فعلته عن امری ط ذلک
تاویل مالم تستطع علیه صبرًا.☆__________ ۸/۳۸۹

# سورة مریم

بسم الله الرحمن الرحیم

۲۹۳ (۱۹)قال انمآ انا رسول ربک سے لاهب لک غلٰمًا زکیًا.☆۸/۲۹۳

۲۹۴ (۲۰)قالت انیٰ یکون لی غلٰم ولم یمسسنی بشرو لم اک
بغیًا.☆__________ ۸/۲۹۳

۲۹۵ (۲۱) قال کذلک ج قال ربک هو علی هین ج ولنجعلهٗ اٰیةً للناس
ورحمةً منا ج وکان امرًا مقضیًا.☆__________ ۸/۲۹۳

۲۹۶ (۳۱)وجعلنی مبٰرکًا این ما کنت ص واوصٰنی بالصلوٰة والزکوٰة ما
دمت حیًا.☆__________ ۸/۲۹۵

۲۹۷ (۳۵)ما کان الله ان یتخذ ولدا سبحنه ط اذا قضیٰ امرا فانما یقول
له کُن فیکون.☆__________ ۸/۲۹۵

۲۹۸ (۵۷)ورفعنه مکانًا علیًا.☆__________ ۸/۲۹۶

(۵۹)فخلف من بعد هم خلف اضاعوا الصلو ةواتبعوا الشهوت
فسوف یلقون غیا .☆---------------- /۲۹۷

۲۹۹ (۸۷)لایملکون الشفاعة الا من اتخذ عند الرحمٰن
عهدًا.☆__________ ۸/۲۹۸

# سورة طه

بسم الله الرحمن الرحیم

۳۰۰ (۵)الرحمٰن علی العرش استوٰی .☆__________ ۸/۲۹۹

۳۰۱ (۵۵)منها خلقنٰکم وفیها نعیدکم ومنها نخرجکم تارةً

Marfat.com

اخرٰی۔☆ ____________________ ۸/۲۰۰

۳۰۲ 〈۱۰۸〉یومئذ یتبعون الداعی لاعوج له ج وخشعت الاصوات للرحمٰن فلاتسمع الا همسًا۔☆ ____________________ ۸/۲۰۲

۳۰۳ 〈۱۲۶〉قال کذٰلک اتتک اٰیٰتنا فنسیتها ج وکذٰلک الیوم تنسٰی۔☆ ____________________ ۸/۲۰۵

۳۰۴ 〈۱۳۰〉فاصبر علٰی ما یقولون وسبح بحمدربک قبل طلوع الشمس وقبل غروبها ج اٰناء الیل فسبح واطراف النهار لعلک ترضٰی۔☆ ____________________ ۸/۲۰۵

# سورۃ الانبیاء

بسم الله الرحمن الرحیم

۳۰۵ 〈۷〉ومآ ارسلنا قبلک الا رجالا نوحیٓ الیهم فسئلوٓا اهل الذکر ان کنتم لاتعلمون۔☆ ____________________ ۸/۲۰۸

۳۰۶ 〈۲۳〉لایسئل عما یفعل وهم یسئلون۔☆ ____________________ /۲۰۸

۳۰۷ 〈۳۳〉وهو الذی خلق الیل والنهار والشمس والقمر ط کل فی فلک یسبحون۔☆ ____________________ ۸/۲۰۹

۳۰۸ 〈۳۵〉کل نفس ذآئقة الموت ط ونبلوکم بالشر والخیر فتنةً ط والینا ترجعون۔☆ ____________________ ۲۱۰

۳۰۹ 〈۴۷〉ونضع الموازین القسط لیوم القیٰمة فلاتظلم نفس شیئًا ط و ان کان مثقال حبةٍ من خردلٍ اتینا بها ط وکفٰی بنا حاسبین۔☆ ____________________ ۲۱

۳۱۰ 〈۱۰۱〉ان الذین سبقت لهم منا الحسنٰی لا اولٰٓئک عنها مبعدون۔☆ ____________________ ۸/۲۱۱

۳۱۱ 〈۱۰۲〉لایسمعون حسیسها ج وهم فی ما اشتهت انفسهم خٰلدون۔☆ ____________________ ۸/۲۱۱

Marfat.com

۳۱۲ 〈۱۰۷〉وما ارسلنٰک الا رحمةً للعٰلمین۔☆ ——— ۳۱۲/

۳۱۳ 〈۲۶〉واذ بوانا لابرٰھیم مکان البیت ان لاتشرک بی شیئًا وطھر بیتی للطآئفین والقآئمین والرکع السجود۔☆ ——— ۳۱۹/

۳۱۴ 〈۲۸〉لیشھدوا منافع لھم ویذکروا اسم اللہ فیٓ ایام معلومٰت علٰی مارزقھم من بھیمة الانعام ج فکلوا منھا واطعموا البآئس الفقیر۔☆ ——— ۸/۳۱۹

۳۱۵ 〈۲۹〉ثم لیقضوا تفثھم ولیوفوا نذورھم ولیطوفوا بالبیت العتیق۔☆ ——— ۸/۳۲۱

۳۱۶ 〈۳۰〉ذٰلک ق ومن یعظم حرمٰت اللہ فھو خیر لہ عند ربہ ط واحلت لکم الانعام الا مایتلٰی علیکم فاجتنبوا الرجس من الاوثان واجتنبوا قول الزور۔☆ ——— ۳۲۲/

۳۱۷ 〈۳۴〉ولکل امة جعلنا منسکًا لیذکروا اسم اللہ علٰی مارزقھم من بھیمة الانعام ط فالٰھکم الٰہ واحد فلہٗ اسلموا ط وبشر المخبتین۔☆ ——— ۸/۳۲۷

۳۱۸ 〈۳۶〉والبدن جعلنٰھا لکم من شعآئر اللہ لکم فیھا خیر ے فاذکروا اسم اللہ علیھا صوآف ج فاذا وجبت جنوبھا فکلوا منھا واطعموا القانع والمعتر ط کذٰلک سخرنٰھا لکم لعلکم تشکرون۔☆ ——— ۳۳۵/

۳۱۹ 〈۳۷〉لن ینال اللہ لحومھا ولا دمآؤھا ولٰکن ینالہ التقوٰی منکم ط کذٰلک سخرھا لکم لتکبروا اللہ علٰی ما ھدٰکم ط وبشر المحسنین۔☆ ——— ۸/۳۳۹

۳۲۰ 〈۴۰〉الذین اخرجوا من دیارھم بغیر حق الآ ان یقولوا ربنا اللہ ط ولو لا دفع اللہ الناس بعضھم ببعض لھدمت صوامع وبیع وصلوٰت ومسٰجد یذکر فیھا اسم اللہ کثیرًا ط ولینصرن اللہ من ینصرہٗ ط ان اللہ لقوی عزیز۔☆ ——— ۸/۳۳۹

Marfat.com

۳۲۱ ﴿۴۷﴾ويستعجلونك بالعذاب ولن يخلف الله وعدهٗ ط وان يوما عند ربك كالف سنة مما تعدون ۔☆ ۸/۴۲

۳۲۲ ﴿۵﴾والذين هم لفروجهم حٰفظون۔☆ ۸/۴۲۱

۳۲۳ ﴿۶﴾الا علٰی ازواجهم اوما ملكت ايمانهم فانهم غير ملومين ۔☆ ۸/۴۲۱

۳۲۴ ﴿۷﴾فمن ابتغیٰ ورآء ذٰلك فاولٰئك هم العٰدون۔☆ /۴۲۱

۳۲۵ ﴿۹﴾والذين هم علی صلوٰتهم يحافظون۔☆ /۴۲۳

۳۲۶ ﴿۱۰﴾اولٰئك هم الوارثون۔☆ ۸/۴۲۳

۳۲۷ ﴿۱۱﴾الذين يرثون الفردوس ط هم فيها خٰلدون۔☆ ۸/۴۲۳

۳۲۸ ﴿۱۲﴾ولقد خلقنا الانسان من سلٰلة من طين۔☆ ۸/۴۲۳

۳۲۹ ﴿۱۳﴾ثم جعلنٰه نطفة فی قرار مكين۔☆ ۸/۴۲۳

۳۳۰ ﴿۱۴﴾ثم خلقنا النطفة علقة فخلقنا العلقة مضغة فخلقنا المضغة عظٰما فكسونا العظٰم لحما ق ثم انشانٰه خلقا اٰخر ط فتبٰرك الله احسن الخالقين ۔☆ ۸/۴۲۳

۳۳۱ ﴿۴۶﴾الٰی فرعون وملائه فاستكبروا وكانوا قوما عالين ۔☆ ۸/۴۶۰

۳۳۲ ﴿۵۷﴾ان الذين هم من خشية ربهم مشفقون۔☆ ۸/۴۶۱

۳۳۳ ﴿۱۱۵﴾افحسبتم انما خلقنٰكم عبثا وانكم الينا لا ترجعون۔☆ ۸/۴۶۱

# سورة النور

بسم الله الرحمن الرحيم

۳۳۴ ﴿۳﴾الزانی لاينكح الا زانية اور مشركة ز والزانية لاينكحها الا زان او مشرك ج وحرم ذلك علی المؤمنين۔☆ /۴۷۶

۳۳۵ ﴿۱۲﴾لولآ اذ سمعتموه ظن المؤمنون والمؤمنٰت بانفسهم خيرا لا وقالوا هٰذآ افك مبين۔☆ ۸/۴۷۶

٣٣٦　(١٧) يعظكم الله ان تعودوا لمثلهٖ ابدًا ان كنتم مؤمنين۔☆ ٨/٢٧٧

٣٣٧　(١٩) ان الذين يحبون ان تشيع الفاحشة فى الذين اٰمنوا لهم عذاب اليم ۙ فى الدنيا والاٰخرة ط والله يعلم وانتم لا تعلمون۔☆ ٨/٢٧٧

٣٣٨　(٢٧) يٰايها الذين اٰمنوا لاتدخلوا بيوتا غير بيوتكم حتّٰى تستانسوا وتسلموا علىٰ اهلها ط ذٰلكم خيرلكم لعلكم تذكرون۔☆ ـــــ ٨/٢٨٠

٣٣٩　(٣٢) وانكحوا الايامىٰ منكم والصٰلحين من عبادكم وامآئكم ط ان يكونوا فقرآء يغنهم الله من فضلهٖ ط والله واسع عليم۔☆ ـــــ ٨/٢٨١

٣٤٠　(٣٣) وليستعفف الذين لايجدون نكاحا حتّٰى يغنيهم الله من فضلهٖ ط والذين يبتغون الكتٰب مماملكت ايمانكم فكاتبوهم ان علمتم فيهم خيرًا ۖ واٰتوهم من مال الله الذىٓ اٰتٰكم ط ولا تكرهوا فتيٰتكم على البغآء ان اردن تحصنا لتبتغوا عرض الحيٰوة الدنيا ط ومن يكرههن فان الله من بعد اكراههن غفور رحيم ـــــ ٨/☆٢٨٢

٣٤١　(٣٦) فى بيوت اذن الله ان ترفع ويذكر فيها اسمه ۙ يسبح له فيها بالغدو والاٰصال۔☆ ـــــ ٨/٢٨٣

٣٤٢　(٤٤) يقلب الله اليل والنهار ط ان فى ذلك لعبرة لاولى الابصار۔☆ ـــــ ٨/٢٨٤

٣٤٣　(٦١) ليس على الاعمىٰ حرج ولا على الاعرج حرج ولا على المريض حرج ولا على انفسكم ان تاكلوا من بيوتكم او بيوت اٰبآءكم او بيوت امهاتكم او بيوت اخوانكم او بيوت اخوٰتكم او بيوت اعمامكم او بيوت عمٰتكم او بيوت اخوالكم او بيوت خٰلٰتكم او ماملكتم مفاتحه او صديقكم ط ليس عليكم جناح ان تاكلوا جميعا او اشتاتا ط فاذا دخلتم بيوتا فسلموا على انفسكم تحية من عند الله مبٰركة طيبةً ط كذلك يبين الله لكم الاٰيٰت لعلكم تعقلون۔☆ ـــــ ٨/٢٨٥

Marfat.com

# سورة الفرقان

## بسم الله الرحمن الرحيم

۳۴۴ ﴿۱﴾ تبٰرک الذی نزل الفرقان علی عبده لیکون للعٰلمین نذیرًا۔☆ ________ ۸/۲۸۷

۳۴۵ ﴿۳۲﴾ وقال الذین کفروا لو نزل علیه القراٰن جملة واحدة ج کذلک ج لنثبت به فؤادک ورتلنٰه ترتیلا۔☆ ________ ۸/۲۸۷

۳۴۶ ﴿۴۸﴾ وهو الذیٓ ارسل الریٰح بشرًا بین یدی رحمته ج وانزلنا من السمآء مآءً طهورا۔☆ ________ ۸/۲۹۳

۳۴۷ ﴿۵۳﴾ وهو الذی مرج البحرین هٰذا عذب فرات وهٰذا ملح اجاج ج وجعل بینهما برزخا وحجرا محجورا۔☆ ________ /۲۹۸

۳۴۸ ﴿۷۰﴾ الا من تاب واٰمن وعمل عملًا صالحاً فاولٰٓئک یبدل الله سیاٰتهم حسنٰت ط وکان الله غفور رحیما۔☆ ________ ۸/۲۹۹

Marfat.com

# قصص الانبیاء علیہم السلام

شیخ الاسلام الامام الحافظ عماد الدین محمد بن اسماعیل رحمہ اللہ تعالیٰ

المعروف

## امام ابنِ کثیر

مترجم

ابو ثوبان سید محمد اسد اللہ اسد

(فاضل جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور)


ناشر:

شبیر برادرز

۴۰۔ اردو بازار لاہور



Marfat.com

**خواتین کے لیے**

# بارہ تقریریں

مرتبہ: نسیم فاطمہ نگران: محمد منشا تابش قصوری

# تذکرۃ الواعظین

المعروف

## خطبات الناصحین

مصنف: مولانا محمد جعفر قریشی حنفی

ترتیب و تدوین: محمد عبدالستار طاہر مسعودی

---

# انیس الواعظین

ترجمہ تلخیص انیس الواعظین

مصنف حضرت ابوبکر بن محمد بن علی بدر القریشی

مترجم مولانا محمد منشا تابش قصوری مدظلہ

# کتابُ الرّوح

علامہ حافظ ابن قیم

مترجم

مولانا محمد شریف نوری نقشبندی

---

# سیرتِ محمدیہ

ترجمہ: مواہب لدنیہ

تصنیف: شیخ المحدثین حضرت امام احمد بن محمد بن ابی بکر الخطیب القسطلانی الشافعی

ترتیب و تدوین: محترم جناب محمد عبدالستار طاہر مسعودی زید مجدہ

2 جلدیں RS:500

# جامعُ الاحادیث

مجدد اعظم امام احمد رضا بریلوی

مولانا محمد حنیف خاں رضوی بریلوی

6 جلدیں — RS:1500

---

# قصص الانبیاء

شیخ الاسلام الامام الحافظ عماد الدین ابو الفداء اسماعیل

المعروف

ابن کثیر

مترجم: ابوثوبان سید اسد اللہ اسعد

# زینۃ المحافل

ترجمہ

# نزہۃ المجالس

مصنف: امام عبدالرحمن بن عبدالسلام الصفوری

مترجم: علامہ محمد منشا تابش القصوری

2 جلدیں

---

# الاربعین للغزالی

موسوم بہ

## خطباتِ غزالی

مؤلف

حجۃ الاسلام حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم: ڈاکٹر سید عامر گیلانی

# نزہۃ الواعظین

ترجمہ

# درۃ الناصحین

مصنف: حضرت العلام الشیخ عثمان بن حسن احمد الشاکر الخوبوی

مترجم: مولانا علامہ محبوب احمد چشتی

2 جلدیں

Marfat.com

علماء۔ خطباء۔ واعظین۔ مقررین کے لیے بے مثال تحفہ

پورے سال کے خطبات جمعہ سے بے نیاز کر دینے والی کتاب

مقبول

# اسرار خطابت

مصنف

جانشین امام خطابت

حضرت صاحبزادہ

پیر محمد مقبول احمد سرور

فیصل آباد

(سمندری والے)

**اسرار خطابت**
**جلد اول 13 خطبات**

فضائل اہلبیت از قرآن کریم۔ فضائل اہلبیت از حدیث پاک۔ فلسفہ شہادت دو خطبات۔ قافلے کی واپسی
شان ولایت۔ فوز عظیم۔ اعلیٰ حضرت۔ حیات اولیاء۔ ثبوت میلاد۔ میلاد شریف۔ ولادت رسولؐ۔ خلیفۃ اللہ الاعظم

**اسرار خطابت**
**جلد دوم خطبات**

اچھی نسبت۔ سرکار غوث اعظم۔ وسیلہ۔ برکات تبرکات۔ صراط مستقیم۔ توحید کی دلیل ناطق
سراپا معجزہ۔ شان صحابہؓ۔ حضرت بلالؓ۔ اولیت صدیق اکبرؓ۔ خلیل الٰہی۔ محسن رسول

**اسرار خطابت**
**جلد سوم 12 خطبات**

تفسیر آیت اسریٰ۔ فلسفہ معراج النبیؐ۔ مسجد اقصیٰ تک۔ مسجد اقصیٰ سے آگے۔ محدث اعظم پاکستان۔ شب برات کی برکات
حضرت امام اعظم۔ فضائل ماہ رمضان۔ ماہ صیام کی برکات۔ فضائل ذی الحجہ۔ عیدین۔ غزوہ بدر۔ دولہے کائنات

**اسرار خطابت**
**جلد چہارم 13 خطبات**

عظمت بلد الحبیب۔ فلاح کا راستہ۔ بے مثال بشر۔ عظمت مصطفےٰ۔ حسن بے مثال۔ حاضر و ناظر رسول
حدیث جبرائیل۔ دستگیر عالمین۔ عظمت والدین۔ نبی صدیق۔ ذبح عظیم۔ حضرت عثمان غنیؓ۔ حضرت فاروق اعظم

**اسرار خطابت**
**جلد پنجم 12 خطبات**

مودت اہلبیت۔ محبت رسولؐ۔ حیات النبیؐ۔ فضائل درود شریف۔ روضۃ من ریاض الجنۃ۔ حق چار یار
ذائقۃ الموت۔ نور مبین۔ صدیق اکبر سراپا حسنات۔ ایصال ثواب۔ سیدہ عائشہ صدیقہؓ۔ لیلۃ القدر

**اسرار خطابت**
**جلد ششم**

مخدومہ کائنات حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا کی سوانح طیبہ جس سے علماء محققین اور واعظین ومقررین
بیک وقت مستفید ہو سکتے ہیں فصاحت وبلاغت اور مستند حوالہ جات سے مزین خوبصورت تحفہ

**اسرار خطابت**
**جلد ہفتم**

حضرت مولائے کائنات سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی سوانح طیبہ
علماء وخطباء کے لیے یکساں مفید لاجواب کتاب

**شبیر برادرز** ۴۰۔ اردو بازار، زبیدہ سنٹر لاہور

Marfat.com




سلوک صوفیاء
فقر فخر محمدی


زینۃ المحافل
نزہۃ المجالس


نفحات الانس




سیف الملوک

# شبیر برادرز